تعلیم القرآن لغت

اس لغت میں قرآن کے تمام الفاظ کو حروف تہجی کے لحاظ سے بمع حوالہ قرآن جمع کیا گیا ہے اور ہر لفظ کا
مکمل ترجمہ ومفہوم مادہ ومصدر اور صرفی تشریح (گرامر کے قواعد) کے ساتھ دیا گیا ہے،
نیز بلحاظ مادہ ومصدر بھی تمام الفاظ قرآنی کو جمع کیا گیا ہے۔

(جلد چہارم)

[بسلسلۂ تعلیم القرآن مجلد سیٹ، لغت ایک ہی جلد میں کامل ہے]

مرتبہ

صابر قرنی ؒ

ترتیب وتدوین

حافظ جنید احسن

ادارہ تعلیم القرآن

19-C منصورہ ملتان روڈ لاہور

فہرست تعلیم القرآن لغت

تعلیم القرآن لغت

مرتبین: عبدالرحمان صابر قرنیؒ، حافظ جنید احسن

نظر ثانی وتصحیح: حافظ جنید احسن

ناشر: ادارہ تعلیم القرآن

19-C منصورہ، ملتان روڈ، لاہور

فون: 04235252376 042-35412949

0300-4890192

Email: italeemulquran@yahoo.com

Web: www.italeemulquran.net

ایڈیشن: 2016 چھٹا (نظر ثانی شدہ)

NHP-HBB-1016-06

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

تعارف

یہ لغت اصل میں تعلیم القرآن مجلد سیٹ کا تتمہ یعنی اس کا چوتھا حصہ ہے۔ آغاز میں بنیادی طور پر خیال یہ تھا کہ تعلیم القرآن کے سلسلے میں شائع شدہ پاروں کے آخر میں درج لغت کو ایک مکمل لغات القرآن کی شکل میں یکجا کر کے ایک ہی جلد میں مرتب کرلیا جائے، جیسا کہ تعلیم القرآن مجلد سیٹ مرتب کیا گیا ہے۔ لیکن جب کام کا آغاز کیا تو دو باتیں فوراً سامنے آگئیں؛ ایک یہ کہ اس سے ملتی جلتی کم از کم دو یا تین لغات القرآن کی کتب پہلے سے شائع شدہ موجود ہیں، لہٰذا کام میں کچھ جدت لانی چاہیے، دوسرا یہ کہ جب ہم نے الفاظ کو ترتیب دیا تو کم از کم دو سے ڈھائی ہزار الفاظ کی تحقیق وتدوین پہلے سے پاروں میں موجود نہیں تھی۔ اب اس کام میں کسی قدر طوالت لازمی تھی۔ ہماری نظر سے جو معاصر اردو لغات القرآن کی کتب گزریں ان میں کچھ باتوں میں ہم نے کمی محسوس کی۔

لغات القرآن کے سلسلے میں کچھ کتابیں ایسی ہیں جو جامع اور مختصر ہیں اور ان میں صرف ترجمہ درج کیا گیا ہے، ان کی اصل خامی یہ ہے کہ بعض جگہ تجنیس خطی کی وجہ سے دو مختلف صیغے جو بظاہر ایک ہی محسوس ہوتے ہیں، علیٰحدہ ہونے سے رہ گئے ہیں، اور بعض جگہ ان کا ترجمہ علیٰحدہ علیٰحدہ لکھا ہے تاہم ایک عام قاری کیلئے اس کی پہچان مشکل ہو جاتی ہے اور یہ پریشانی کا باعث بنتا ہے۔ دیگر کچھ کتب ایسی ہیں جن میں صرفی تشریح بھی ترجمے کے ساتھ ساتھ لکھی گئی ہے اور کچھ تحقیقی نوٹس بھی، لیکن ان میں بھی یا تو کچھ الفاظ چھوٹ گئے ہیں یا ان کی صرفی تشریح برائے نام ہے، صحیح استفادے کیلئے نامکمل اور غیر مفید۔ ان سب کے بعد صرف ایک کتاب بچتی ہے جو اوپر بیان کی گئی خامیوں سے کافی حد تک بچی ہوئی ہے، وہ ہے لغات القرآن از مولانا عبدالرشید نعمانیؒ و عبدالدائم جلالیؒ کی۔ اس لغات کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں الفاظ کو قرآن سے بعینہٖ چن کر حروف تہجی کے اعتبار سے جمع کرلیا گیا ہے، یعنی جیسے کہ وہ قرآن میں لکھے ہوئے ہیں، ضمائر متصلہ کے ساتھ اور ضروری مرکبات بھی، پھر ان کی مکمل صرفی تشریح کی گئی ہے، جہاں ضروری ہوا مادہ کے حوالے سے تحلیل و تجزیہ کیا گیا ہے، کسی جگہ تحقیقی نوٹ کی ضرورت ہے یا متعلقہ کوئی تاریخی واقعہ ہے وہ درج کیا گیا ہے، پھر آخر میں ہر لفظ کا مکمل حوالہ کہ وہ قرآن میں کہاں کہاں وارد ہوا ہے، پارہ نمبر اور رکوع نمبر کے ساتھ۔ ہمارے پیش نظر بھی بنیادی طور پر شروع سے لغت القرآن کا یہی ماڈل رہا ہے۔ تاہم اس لغات کا ایک مسئلہ یہ ہے کہ اس میں بعض جگہ ضرورت سے زیادہ طوالت اختیار کی گئی ہے اور چھ جلدوں پر مشتمل ہونے کی وجہ سے عام لوگوں کیلئے اس سے استفادہ کرنا قدرے مشکل ہو جاتا ہے، دوسری بات یہ کہ حوالوں کا طریقۂ کار غلط ہے، پورے رکوع میں سے کوئی لفظ تلاش کرنے کی بجائے ایک آیت میں سے نکالنا کہیں آسان ہے۔ اس میں بھی بہت سے الفاظ درج ہونے سے رہ گئے ہیں اور غالباً نظر ثانی نہ ہونے کی وجہ سے بہت سے الفاظ کے اعراب اور ان کے حوالوں میں اغلاط موجود ہیں، نیز بعض الفاظ کو تلاش کرنے میں

بھی دقت پیش آتی ہے اور بہت سارے الفاظ کا مادہ نا معلوم ہے۔
تعلیم القرآن لغت کی ترتیب و تدوین میں اوپر بیان کی گئی تمام باتوں کو پیش نظر رکھا گیا ہے اور کوشش کی گئی ہے کہ ہر طبقہ بالخصوص قرآنی عربی سیکھنے کے خواہش مند عام پڑھے لکھے لوگ اس سے استفادہ کر سکیں۔ الفاظ کو جمع کرنے اور ان کو حروف تہجی کے اعتبار سے ترتیب دینے کیلئے کمپیوٹر سے مدد لی گئی ہے اور کوشش کی گئی ہے کہ نہ ہی کوئی لفظ چھوٹے اور نہ ہی کسی لفظ کا کوئی حوالہ غلط درج ہو، اور لفظ بعینہٖ ویسا ہی درج ہو جیسا قرآن میں آیا ہے۔ ہر لفظ کا سیاق کے مطابق نیز عربی لغت کے مطابق بھی ترجمہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ تمام مشتقات کا مادہ و مصدر نیز مکمل صرفی تشریح لکھی گئی ہے۔ ہر لفظ کا مادہ معلوم کیا جا سکتا ہے۔ کسی مادے کے ذیل میں کون کون سے الفاظ آئے ہیں دیکھے جا سکتے ہیں۔ تمام مصادر القرآن کو بذیل مادہ لکھ دیا گیا ہے۔ ہر مصدر کے ذیل میں کون کون سے مشتقات آئے ہیں درج کر دیے گئے ہیں۔ ایک اہم خصوصیت جو اسے دیگر تمام لغات کی کتب سے ممتاز کرتی ہے وہ ہر مصدر کی صرف صغیر ہے، یعنی کسی بھی مشتق کے مصدر و مادہ کی مدد سے اس کی صرف صغیر معلوم کی جا سکے اس کا لغت میں ایک نہایت آسان طریقہ کار وضع کیا گیا ہے۔ پس تعلیم القرآن لغت ایک ایسی کتاب ہے، جس میں تمام الفاظ قرآنی کو مع صرفی تشریح و افادات (ضروری تحقیقی و تاریخی نوٹس) و مکمل حوالہ جات حروف تہجی کے اعتبار سے بھی اکٹھا کیا گیا ہے اور مادہ کے لحاظ سے بھی، بذیل مادہ مصادر کے لحاظ سے بھی، نیز عربی سیکھنے کی غرض سے صرف صغیر معلوم کرنے کا طریقہ بھی بیان کر دیا گیا ہے۔
الحمدللہ، تعلیم القرآن لغت ایک ایسی کتاب تیار ہوئی ہے جس سے ہر طبقہ اور ہر مکتبۂ فکر کا راہی استفادہ کر سکتا ہے، اپنے اپنے ظرف اور ذوق کے مطابق۔ معلمین و مدرسین تیاری کرتے ہوئے کسی بھی تفسیر کے ساتھ اس سے استفادہ کر سکتے ہیں تا کہ اپنی بات میں مادہ و مصدر کے صحیح مفہوم اور باریکیوں کے ساتھ زور پیدا کر سکیں۔ طلباء، بالخصوص مدارس دینیہ کے متعلمین الفاظ قرآنی کا صرفی تحلیلات، نیز الفاظ کے تقابلی جائزوں کے ساتھ احاطہ کر سکتے ہیں اور اس سے 'مُعْجم الْمُفَهْرس' کا فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اور عوام محض ترجمے اور یہ جاننے کے ساتھ کہ یہ لفظ فعل ہے، اسم ہے یا حرف، مطالعہ کر سکتے ہیں۔

تعلیم القرآن لغت کے بارے میں چند ضروری باتیں:

۱) تعلیم القرآن لغت بنیادی طور پر تین حصوں پر مشتمل ہے: پہلا قواعد و اصطلاحات عربی پر مشتمل ہے جس میں تمام ضروری اصطلاحات کا احاطہ کیا گیا ہے۔ دوسرا اصل لغت (جسے ہم لغات کہیں گے) پر محیط ہے جو حروف تہجی کے اعتبار سے ترتیب دیا گیا ہے اور تمام تفصیلات اس میں جمع کر دی گئی ہیں۔ تیسرے حصے میں کچھ ضمیمے ہیں، ضمیمہ ۱؛ اس میں تمام الفاظ کو بلحاظ مادہ و مصدر جمع کیا گیا ہے، ضمیمہ ۲؛ اس میں جو الفاظ بذیل مادہ نہیں لکھے گئے انہیں ایک الگ فہرست کی شکل میں جمع کر دیا گیا ہے، ضمیمہ ۳؛ اس میں تمام ابواب (مجرد و غیر مجرد) کے تمام بنیادی الفاظ کی صرف صغیر درج کی گئی ہے۔

۲) لغات میں تمام الفاظ کے ساتھ مصدر و مادہ درج کر دیا گیا ہے۔ تقابلی جائزوں و دیگر فائدوں کیلئے ضمیمہ ۱ میں درج بذیل مادہ الفاظ سے مدد لی جا سکتی ہے جہاں تمام مشتق الفاظ کو افعال اور اسماء کی شکل میں ان کے مصادر کے ذیل میں الگ الگ لکھا گیا ہے اور دیگر الفاظ (اسماء و مصادر) کو متفرق اسماء کے ذیل میں۔ لغات میں ہر مصدر کے ساتھ اس کا ماضی

مضارع یا تو درج ہے یا ضمیمہ ا کی مدد سے اسے معلوم کیا جا سکتا ہے۔

۳) اسی طرح لغات میں تمام افعال اور اسماء مشتقہ و مصادر کے ساتھ ان کے باب بھی لکھے گئے ہیں، ہر باب کے نام کے ساتھ ایک نمبر لکھا گیا ہے، یہ نمبر اصل میں اس لفظ یا اس کے مصدر کی صرف صغیر کا اشاریہ ہے جو ضمیمہ ۳ یعنی ''ضمیمہ برائے صرف صغیر'' میں ہر باب کے ذیل میں لکھی گئی ہے، مثلاً جہاں افعال ۵ لکھا ہوا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ باب افعال کے جدول میں نمبر ۵ پر دیکھئے۔

۴) لغات میں ہر لفظ کے ساتھ اس کا مکمل حوالہ درج کیا گیا ہے، یعنی (سورۃ نمبر: آیت نمبر)۔ یہ حوالے دیگر لغات کے برعکس مؤثر اور واضح ہیں، اور کمپیوٹر کی مدد سے جمع کیے جانے کی وجہ سے کامل ہیں (الّا ماشاءاللہ)۔ اگر کوئی لفظ کسی آیت میں ایک سے زیادہ مرتبہ آیا ہے تو اسے اتنی ہی دفعہ لکھا گیا ہے جتنی دفعہ وہ اصل میں آیا ہے کہ تجنیس خطی کی وجہ سے دو مختلف صیغوں کا غیر یکساں ہونا واضح ہو جائے، مثلاً اَعۡلَمُ (۱۱:۳۱، ۳۱) یا تَأۡتِيَهُمۡ (۱۲:۱۰۷، ۱۰۷) وغیرہ۔ البتہ حروف وغیرہ کے حوالے جو بہت کثرت سے ہیں مکمل درج نہیں کیے۔ ایسے مقامات جہاں نامکمل حوالے ہیں...... سے واضح کیے گئے ہیں۔

۵) ضمیمہ ا میں بعض الفاظ کو [] کے ساتھ ممتاز کیا گیا ہے۔ یہ وہ الفاظ ہیں جہاں صرفی تشریح و مصدری معنی کے لحاظ سے زیادہ تفصیل ملے گی۔ یہاں نہ صرف مصدر کا معنی ملے گا بلکہ ایک ہی مصدر کے ذیل میں اگر کچھ الفاظ مختلف معانی میں آئے ہیں تو یہ بریکٹ اسے واضح کرے گی۔ اس ضمیمے میں تمام مصادر القرآن درج ہیں () یعنی چھوٹی قوسین کے اندر یا متفرق اسماء کے ذیل میں، ان کا ترجمہ و مفہوم ان کے متعلقہ مشتقات سے یا خود ان کے ترجمے سے، اگر وہ علیحدہ سے درج ہے، معلوم کیا جا سکتا ہے۔

۶) ضمیمہ ۲ میں تمام حروف، ضمائر، اسماء الاستفہام، اسم فعل، اسماء موصولہ، ایسے اسماء جو دو حرفی ہیں، اسماء الاشارۃ، حروف مقطعات، اور ان تمام کے مختلف مرکبات، نیز ایسے الفاظ جو غیر عربی ہیں جمع کیے گئے ہیں۔

۷) لغات میں اکثر ترجمہ سیاق کے مطابق کیا گیا ہے تاہم اکثر جگہ ساتھ ساتھ عام لغوی ترجمہ بھی درج کیا گیا ہے، اور بعض جگہ عام لغوی ترجمہ ملے گا۔ سیاق کے لحاظ سے صحیح ترجمہ خاص طور پر زمانی تغیر جو ظرفیت کے وجہ سے ہو یا فعلی تغیر جو اسم فعل ہونے کی وجہ سے ہو، تعلیم القرآن کے سیاق میں ہی ملے گا۔ اصل معنی کے لحاظ سے لغات میں ترجمہ بہر حال درست ہو گا۔

۸) تعلیم القرآن لغت کو مرتب کرنے کیلئے جن لغات، تفاسیر و کتب سے استفادہ کیا گیا ہے ان کی تفصیل درج ذیل ہے:

لغات:

☆ مفردات امام راغب ☆ لغات القرآن از عبدالرشید نعمانی و عبدالدائم جلالی

☆ قاموس از قاضی زین العابدین ☆ قاموس از پروفیسر عبدالرزاق ☆ المنجد

تفاسیر و تراجم:

☆ تعلیم القرآن از صابر قرنی ☆ تفہیم القرآن از مولانا مودودی

☆ تفسیر عثمانی ☆ ترجمان القرآن از ابوالکلام آزاد

دیگر کتب:

☆عربی کا معلم از مولانا عبدالستار ☆قواعد زبانِ قرآن از خلیل الرحمٰن چشتی

☆دائرۂ معارف اسلامیہ، جامعہ پنجاب

لغت میں حوالے نہیں ملیں گے جو کچھ بھی ترتیب دیا گیا ہے انہی کتب کے حوالوں سے ہے۔ جو کچھ بھی دیا گیا ہے اکثر معروف اور مشہور ہے، بالخصوص تحقیقی یا تاریخی نوٹس میں۔ (اگر کسی صاحب کو کوئی حوالہ درکار ہو تو وہ ادارہ سے رجوع کر سکتے ہیں)۔

۹) ذیل میں کوئی لفظ تلاش کرنے کے حوالے سے ہدایات درج کی جائیں گی:

☆ لغات میں کوئی لفظ تلاش کرنے کیلئے عربی حروف تہجی کی ترتیب ذہن میں رکھئے اور کسی بھی لفظ کے تمام اعراب ہٹا کر اصل لفظ اور اس کی آواز کو پیش نظر رکھتے ہوئے دیکھئے۔

☆ کھڑا زبر جہاں آئے گا وہاں ایک الف زائد تصور کیا جائے گا۔

☆ شد(ّ) کا کوئی وزن نہیں، مشدد حرف ایک ہی مانا گیا ہے۔

☆ اَلْ کا کوئی وزن نہیں، یعنی کوئی لفظ اگر معرف بالام ہے تو اسے اَلْ ہٹا کر تلاش کیا جائے۔

☆ بعض الفاظ میں واؤ نہیں پڑھا جاتا مثلاً اُولٰٓئِكَ، اُولَاءِ، اُولُوْا وغیرہ تاہم ان میں واؤ کا وزن مانا گیا ہے اس لیے انہیں الف واؤ میں تلاش کیا جائے، البتہ اُورِیْکُمْ اس سے مستثنٰی رکھا گیا ہے اسے الف را میں دیکھئے۔

☆ ذیل میں حروف اور مثالیں دیکھئے:

ء	=	ا (مادہ میں جہاں بھی الف لکھا گیا ہے اس سے مراد ہمزہ ہے)
أ	=	اا
ة	=	ت
ؤ	=	او
ئ	=	ای
ىٰ	=	ای
ـٖ	=	ی (ضمائر کے علاوہ)

مثالیں:

اِتَّقٰی	=	اَلْاَتْقٰی	= اتقای (تلاش کرنے کیلئے یہ خاکہ ہے)
اَلَّذِیْنَ	=	الذین	
اٰنِیَةٌ	=	اانیت	
اَللّٰه	=	الاہ	
ہٖ	=	ہ	

استدعاء

تعلیم القرآن لغت کی یہ مکمل کتاب اپنی ساخت و بناوٹ کے اعتبار سے کسی قدر پیچیدگی اختیار کرگئی ہے۔لیکن یہ پیچیدگی استفادہ کرنے والوں کیلئے ہرگزنہیں! جیسا کہ ہم نے پہلے عرض کیا کہ ہر شخص اپنے ظرف اور ذوق کے مطابق اس کا مطالعہ کرسکتا ہے، اگر کسی کو کوئی چیز پیچیدہ محسوس ہو وہ اسے چھوڑ دے اور دوسری چیز سے فائدہ اٹھالے۔تاہم تیاری کے اعتبار سے، غلطی اور تسامح سے پاک ہونے کے اعتبار سے یہ مشکل اور پیچیدہ ہے! اس لیے متعلمین قرآن سے ہماری گزارش ہے کہ وہ اس میں کوئی بھی چیز محسوس کریں تو ہمیں ضرور مطلع کریں تا کہ اس کی تصحیح کرلی جائے۔اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمارے اس کام کو قبول فرمائے اور اسے صدقۂ جاریہ بنادے (آمین)۔

جنید قرنی

قواعد و اصطلاحاتِ عربی

(ایک مختصر جائزہ)

۱۔ **کلمہ:** ہر بامعنی لفظ کو کہتے ہیں۔کلمہ کی تین قسمیں ہیں: اسم، فعل، حرف۔

ا۔ **اسم:** وہ ہے جو کسی چیز کا نام ظاہر کرے۔مثلاً رَجُلٌ (مرد)، کِتَابٌ (کتاب)، خُبْزٌ (روٹی)، مَاءٌ (پانی)۔

ب۔ **فعل:** جو کسی کام کے گزشتہ، موجودہ یا آئندہ ہونے کے معنی ظاہر کرے۔یعنی ماضی (گزرا ہوا زمانہ)، حال (موجودہ زمانہ)، مستقبل (آنے والا زمانہ) پایا جائے۔جیسے ذَهَبَ (وہ گیا)، يَذْهَبُ (وہ جاتا ہے یا جائے گا)، اَكَلَ (اس نے کھایا)، يَاْكُلُ (وہ کھاتا ہے یا کھائے گا)۔ **فعل کی چار قسمیں ہیں:** ماضی، مضارع (حال و مستقبل)، امر و نہی۔

ج۔ **حرف:** جو **اسم** اور **فعل** کے درمیان رابطہ کا کام دے یا دو اسموں کو ملا کر ان کے معانی پورے کرتا ہو۔کسی بھی حرف کے معنی دوسرے الفاظ سے مل کر واضح ہوتے ہیں، عربی کے چند حروف اور انکے عمومی معانی: فِیْ (میں)، مِنْ (سے)، كَ (مانند)، عَلٰی (پر)، اِلٰی (طرف)، عَنْ (سے)، حَتّٰی (تک، یہاں تک)، بِ (ساتھ، بسبب)، لِ (لیے) وغیرہ۔ الفاظ کے ساتھ مثالیں: اِلَی الْبَیْتِ (گھر تک)، عَلَی الْمَلٰٓئِكَةِ (فرشتوں پر)، فِی الْجَنَّةِ (جنت میں) وغیرہ۔

۲۔ **حرکاتِ عربی اور اعراب:** زبر (ـَ)، زیر (ـِ) اور پیش (ـُ) میں سے ہر ایک کو **حرکت** کہتے ہیں۔دو پیش (ـٌ)، دو زبر (ـً) اور دو زیر (ـٍ) کو **تنوین** کہتے ہیں اور وہ حرف جس پر تشدید (ـّ) ہو **مُشَدَّد** کہلاتا ہے، مثلاً مُحَمَّدٌ میں دوسرا مْ مشدد ہے۔

ا۔ **رَفع (یاضَمَّہ):** پیش کو کہتے ہیں، وہ حرف جس پر پیش ہو **مضموم** کہلاتا ہے، اور وہ لفظ جسکے آخری حرف پر پیش ہو **مرفوع** کہلاتا ہے، مثلاً كِتَابُ یا كِتَابٌ، قَوْلٌ۔اس میں بُ، بٌ مضموم ہیں اور كِتَابُ یا كِتَابٌ دونوں مرفوع (یا **بحالتِ رفع**) ہیں۔

ب۔ **نَصب (یافَتحہ):** زبر کو کہتے ہیں، اور **مفتوح** وہ حرف جس پر، اور **مَنصُوب** وہ لفظ جسکے آخری حرف پر زبر ہو، رَحْمَةَ، رَحْمَةً، عِلْمًا، عِلْمَ۔ رَحْمَةً میں ر، م اور ة مفتوح ہیں اور رَحْمَةً منصوب (یا **بحالتِ نصب**) ہے کیونکہ آخری حرف پر زبر یا دو زبر ہیں۔

ج۔ **جَر (یا کسرہ):** زیر کو کہتے ہیں، اور **مکسور** وہ حرف جس پر، اور **مَجرُور (یابحالتِ جر)** وہ لفظ جسکے آخری حرف پر زیر ہو، مثلاً نَفْسٍ، قَرْيَةٍ۔

د۔ **جَزْم (یاسُکون):** جزم (ـْ) کو کہتے ہیں، اور **ساکن (یامَجزُوم)** وہ حرف جس پر، اور **مَجزُوم** وہ لفظ جس کے آخری حرف پر جزم ہو، مثلاً يَفْتَحْ میں ف اور ح ساکن ہیں اور يَفْتَحْ پورا مجزوم کہلاتا ہے۔

تنبیہ: یہاں الفاظ کی اعرابی حالتوں کی پہچان کا (یعنی مرفوع، منصوب، مجرور اور مجزوم کا) صرف سادہ اور آسان بیان کیا گیا ہے۔تثنیہ، جمع سالم اور بعض دیگر صورتوں میں ان کی پہچان (یا ان کو بنانے کا طریقہ) مختلف ہو جاتا ہے۔

۳۔ **مذکر اور مؤنث** :ہر اسم ان دو حالتوں میں ہوتا ہے، یامذکر یا مؤنث، مثلاً
ا۔**مذکر**: رَجُلٌ (مرد)، اِبنٌ (بیٹا)، اَخٌ (بھائی)، عَمٌّ (چچا)، اَحْسَنُ (خوبصورت مرد)
ب۔ **مؤنث**: اِمْرَاَةٌ (عورت)، بِنتٌ (بیٹی)، اُخْتٌ (بہن)، عَمَّةٌ (چچی، پھوپھی)، حُسْنٰی (خوبصورت عورت)۔مذکر کے برعکس مؤنث کی چند نشانیاں ہیں؛لفظ کے آخر میں عموماً 'ۃ' آتی ہے، آخر میں ی آئے گی جیسے حُسْنٰی میں ہے(اسے **الف مقصورہ** کہتے ہیں)، آخر میں اء (**الف ممدودہ**) جیسے بَیْضَاءُ، اس کے علاوہ عورتوں کے نام اوران کیلئے مخصوص اسماء جیسے اُخْتٌ، اُمٌّ وغیرہ، اورشہروں اورقبیلوں کے نام بھی مؤنث ہوتے ہیں۔

۴۔ **واحد، تثنیہ اور جمع**: ایک کوواحد، دوکوتثنیہ اوردو سے زائد کوجمع کہتے ہیں۔
واحد مذکر کی مثالیں: عَبْدٌ (بندہ، غلام)، عَابِدٌ (عبادت گزار)، مُؤْمِنٌ (ایمان والا)، مُسْلِمٌ (مسلمان)
واحد مؤنث کی مثالیں: اَمَةٌ (لونڈی)، عَابِدَةٌ (عبادت گزار)، مُؤْمِنَةٌ (ایمان والی)، مُسْلِمَةٌ (مسلمان عورت)

ا۔ **تثنیہ بنانے کاطریقہ**: واحد کے آخر میں انِ (بحالت رفع) یا یْنِ (بحالت نصب وجر) لگانے سے تثنیہ بن جاتا ہے۔ان دونوں سے پہلے والاحرف **مفتوح** ہوناچاہئے۔مثلاً عَبْدٌ سے عَبْدَیْنِ، اَمَةٌ سے اَمَتَانِ یا اَمَتَیْنِ (دو لونڈیاں)۔

ب۔ **جمع بنانے کاطریقہ ‹یعنی جمع سالم›**: اسم واحد مذکر کے آخر میں وْنَ (بحالت رفع) یا یْنَ (بحالت نصب و جر) بڑھانے سے جمع بن جاتا ہے، اسے جمع سالم کہتے ہیں کیونکہ اس میں واحد کی صورت سلامت رہتی ہے، مثلاً مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ (**بحالت رفع**) یامُسْلِمِیْنَ (**بحالت نصب و جر**)، مُؤْمِنٌ سے مُؤْمِنُوْنَ یامُؤْمِنِیْنَ۔
اسم واحد مؤنث کی صورت میں اس کے آخر میں ات لگتا ہے(ۃ یعنی **علامت مؤنث** کوحذف کرکے، اگر پہلے سے موجود ہو)۔جیسے: مُسْلِمَةٌ سے (پہلے مُسْلِمَ پھرات) مُسْلِمَاتٌ۔اسی طرح مُؤْمِنَةٌ سے مُؤْمِنَاتٌ، زَیْنَبُ سے زَیْنَبَاتٌ۔

ج۔ **جمع مکسر**: یہ جمع کی وہ قسم ہے جس کے بنانے کاکوئی خاص قاعدہ نہیں، یہ صرف سننے پریاچند مخصوص اوزان پر آتی ہے، اسے جمع مکسر کہتے ہیں کیونکہ اس میں واحد کی صورت ٹوٹ جاتی ہے۔مثلاً رُسُلٌ، رَسُوْلٌ کی جمع، قُبُوْرٌ، قَبْرٌ کی جمع، رِجَالٌ، رَجُلٌ کی، کُتُبٌ، کِتَابٌ کی، بِلَادٌ (شہر) کی بَلْدَةٌ جمع، اَنْبِیَاءُ، نَبِیٌّ کی جمع، مَسَاجِد، مَسْجِد کی جمع۔

تنبیہ ۱: بہت سارے الفاظ کی تذکیروتانیث اوروحدت وجمع **غیر قیاسی** ہوتی ہے یعنی انکا کوئی قاعدہ نہیں ہوتا جس کی رو سے وہ بنیں، ایسے الفاظ کو **سماعی** کہتے ہیں یعنی جو اہل زبان سے سنے گئے ہوں مثلاً خَلِیْفَةٌ واحد مذکر ہے اسکی ۃ تانیث کی نہیں ہے، اسی طرح سَنَةٌ (سال) جومؤنث ہے اسکی جمع سِنُوْنَ آتی ہے(جوخلاف **قیاس** ہے)، اِمْرَاَةٌ کی جمع نِسَاءٌ ہے، اَرْضٌ مؤنث ہے(جو بظاہر مذکر لگتا ہے)۔

۵۔ **قیاسی اور سماعی الفاظ:** جو الفاظ کسی قاعدہ کی رو سے بنیں انہیں **قیاسی** کہتے ہیں اور جو بغیر کسی قاعدہ کے یعنی اہل زبان کی گفتگو کے مطابق بولے جائیں انہیں **سماعی** کہتے ہیں۔

۶۔ **مرکبات**: دو، یا زیادہ کلمات مل کر **مرکب** بنتے ہیں۔ مرکب کی دو قسمیں ہیں۔

ا۔ **مرکب تام**: ایسا مرکب جس میں کوئی بات پوری طرح سمجھ میں آجائے۔ جیسے اَللّٰہُ لَطِیْفٌ (اللہ مہربان ہے)، اَلرَّجُلُ حَسَنٌ (مرد اچھا ہے)۔

ب۔ **مرکب ناقص**: وہ مرکب ہے جس سے پوری بات سمجھ میں نہ آسکے بلکہ وہ ایک ادھوری بات ہو مثلاً رَجُلٌ حَسَنٌ (کوئی ایک اچھا مرد)، کِتَابُ رَجُلٍ (کسی ایک مرد کی کتاب)۔ مرکب ناقص کی کئی قسمیں ہیں، مثلاً توصیفی، اضافی، عددی وغیرہ

ا۔ **مرکب توصیفی**: جس مرکب میں دوسرا لفظ پہلے کی صفت بتائے وہ مرکب توصیفی ہے۔ مثلاً رَجُلٌ صَالِحٌ (کوئی ایک نیک مرد)، اس میں لفظ صالح لفظ رجل کی نیکی کی صفت ظاہر کرتا ہے۔ پہلے لفظ کو **موصوف** اور دوسرے کو **صفت** کہتے ہیں۔ اردو میں عربی کے برعکس صفت پہلے اور موصوف بعد میں آتا ہے۔ جیسے لَیْلٌ طَوِیْلٌ (لمبی رات)، عَذَابٌ عَظِیْمٌ (بڑا عذاب)۔ اگر موصوف واحد ہو تو صفت بھی واحد ہوگی۔ یہی صورت تثنیہ اور جمع کی ہے مثلاً اٰیٰتٌ بَیِّنٰتٌ (روشن آیات)، اَلْمُعَلِّمَتَانِ الصَّالِحَتَانِ (دو صالح معلمات) یعنی اعراب میں اور تذکیر و تانیث میں بھی صفت اپنے موصوف کے مطابق ہوتی ہے۔

۲۔ **مرکب اضافی**: وہ مرکب ہے جس کے دونوں جزو **اسم** ہوں اور پہلا دوسرے کی طرف منسوب ہو، جب اردو میں اس کا ترجمہ کیا جاتا ہے تو بالعموم اس میں (کا، کے، کی) میں سے کوئی لفظ آتا ہے، جیسے رَسُوْلُ اللّٰہِ (اللہ کا رسول)۔ کِتَابُ اللّٰہِ (اللہ کی کتاب): اس میں پہلا لفظ رَسُوْلُ یا کِتَابُ **مضاف** ہے اور اَللّٰہِ **مضاف الیہ**۔ عربی میں پہلے مضاف آتا ہے اور مضاف الیہ بعد میں، مضاف الیہ ہمیشہ **مجرور** ہوتا ہے، اور مضاف پر نہ اَلْ (دیکھو **حروف**) اور نہ **تنوین** آتی ہے۔

۷۔ **اسم ضمیر**: وہ **اسم** جو دوسرے **اسم (ظاھر)** کی جگہ آئے اسم ضمیر کہلاتا ہے۔ مثلاً یٰاٰدَمُ اسْکُنْ اَنْتَ وَ زَوْجُكَ (اے آدم تو اپنی بیوی کیساتھ رہ): اس میں اَنْتَ (تو) اور كَ (تیری/ اپنی) ضمیریں ہیں اور انکا **مرجع** (یعنی جسکی طرف ضمیر لوٹے) اٰدَمُ ہے جو اسم **ظاھر** ہے۔ **ضمائر** (ضمیریں) دو قسم کی ہوتی ہیں:

ا۔ **منفصل**: جو فقرے میں الگ تھلگ استعمال ہوں۔ جیسے اَنْتَ اوپر کی مثال میں۔

ب۔ **متصل**: جو کسی اسم یا فعل کے ساتھ مل کر ایک کلمہ کی شکل اختیار کر لیں۔ جیسے زَوْجُكَ میں كَ۔

		ضمائر منفصلہ: غائب	ضمائر منفصلہ: حاضر/مخاطب	ضمائر منفصلہ: متکلم	ضمائر متصلہ: غائب	ضمائر متصلہ: حاضر/مخاطب	ضمائر متصلہ: متکلم
مذکر	واحد	هُوَ وہ ایک مرد	اَنْتَ تو ایک مرد	اَنَا میں ایک مرد	ـه اس/اسکا	كَ تیرا	ى میرا/مجھ/مجھ کو
مذکر	تثنیہ	هُمَا وہ دو مرد	اَنْتُمَا تم دو مرد	نَحْنُ ہم دو مرد	هُمَا ان دو مردوں کا	كُمَا تم دو مردوں کا	نَا ہم دو کا/ ہمارا
مذکر	جمع	هُمْ وہ سب مرد	اَنْتُمْ تم سب مرد	نَحْنُ ہم سب مرد	هُمْ ان سب مردوں کا	كُمْ تم سب مردوں کا	نَا ہم سب کا/ ہمارا
مؤنث	واحد	هِيَ وہ ایک عورت	اَنْتِ تو ایک عورت	اَنَا میں ایک عورت	هَا اس عورت/ اسکا	كِ تیرا	ى میرا/ مجھ
مؤنث	تثنیہ	هُمَا وہ دو عورتیں	اَنْتُمَا تم دو عورتیں	نَحْنُ ہم دو عورتیں	هُمَا ان دو عورتوں کا	كُمَا تم دو عورتوں کا	نَا ہمارا/ ہم دو کا
مؤنث	جمع	هُنَّ وہ سب عورتیں	اَنْتُنَّ تم سب عورتیں	نَحْنُ ہم سب عورتیں	هُنَّ ان سب عورتوں کا	كُنَّ تم سب عورتوں کا	نَا ہم سب عورتوں کا

۲.۷۔ **اسماء الاشارۃ**: یعنی جن سے کسی چیز کی طرف اشارہ کیا جائے، یہ دو قسم کے ہوتے ہیں: ۱) قریب کیلئے، مثلاً هٰذَا كِتَابٌ (یہ ایک کتاب ہے)؛ ۲) بعید کیلئے، مثلاً ذٰلِكَ الْكِتَابُ (وہ کتاب)؛ ان دونوں مثالوں میں هٰذَا اور ذٰلِكَ اسماء اشارہ ہیں اور كِتَاب **مشارٌ الیہ** ہے۔ یہ درج ذیل ہیں:

	اسم اشارہ قریب: واحد	اسم اشارہ قریب: تثنیہ	اسم اشارہ قریب: جمع	اسم اشارہ بعید: واحد	اسم اشارہ بعید: تثنیہ	اسم اشارہ بعید: جمع
مذکر	هٰذَا یہ ایک	هٰذَانِ یہ دونوں	هٰٓؤُلَآءِ یہ سب	ذٰلِكَ وہ ایک	ذٰنِكَ وہ دونوں	اُولٰٓئِكَ وہ سب
مؤنث	هٰذِهٖ یہ ایک	هَاتَانِ یہ دونوں	هٰٓؤُلَآءِ یہ سب	تِلْكَ وہ ایک	تَانِكَ وہ دونوں	اُولٰٓئِكَ وہ سب

نوٹ: اسم اشارہ بعید کے آخر میں كَ کو مخاطب کے لحاظ سے بدلا بھی جاتا ہے، یعنی ذٰلِكُمْ یا ذٰلِكِ یا ذٰلِكُمَا یا تِلْكُمَا، اُولٰٓئِكُمْ وغیرہ بھی لکھتے ہیں لیکن انکے معنی میں فرق نہیں پڑتا۔ ان کے علاوہ هٰكَذَا (ایسا ہی)، هٰهُنَا یا هُنَا (یہاں) اور هُنَالِكَ (اور ثَمَّ) (وہاں) بھی بطور اسماء اشارہ مستعمل ہیں۔

۸۔ **اسم موصول**: اسم موصول وہ ہے جس سے کسی خاص چیز کا پتہ چلتا ہو اور جس کا مفہوم اس کے بعد آنے والے جملہ سے مکمل ہو، اس جملہ کو اسکا **صلہ** کہتے ہیں، مثلاً بَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اسمیں الَّذِيْنَ اسم موصول ہے اور اٰمَنُوْا اسکا صلہ۔ اسماء موصولہ کے عمومی معانی جو، جس، جن، جنہوں/جنہوں نے، جسکا/جس کی وغیرہ ہوتے ہیں، لیکن ان کے ساتھ ترجمہ میں وہ، ان یا

اس بھی بڑھا لیتے ہیں، مثلاً رَبُّكَ الَّذِىْ خَلَقَ: تیرا رب وہ جس نے پیدا کیا، يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا: اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو۔ اسماء موصولہ (جو بالعموم مستعمل ہیں):

مَنْ: جو شخص، **عاقل** (یعنی انسان، جن، فرشتے وغیرہ) کیلئے مخصوص ہے، واحد، تثنیہ، جمع اور مذکر، مؤنث سب کیلئے۔ (یہ **استفهام** کیلئے بھی آتا ہے، بمعنی کون، کیسا وغیرہ)۔
مَا: جو چیز، غیر **عاقل** کیلئے، واحد، تثنیہ، جمع اور مذکر، مؤنث سب کیلئے۔ (یہ **استفهام** کیلئے بھی آتا ہے، بمعنی کیا، کیسا وغیرہ، نیز بطور حرف بھی مستعمل ہے، دیکھو **حروف**، نیز مَا اسمیہ ظرفیہ بمعنی 'جب تک' بھی مستعمل ہے)۔

الَّذِىْ: وہ ایک مرد جو، وہ جو وغیرہ، اسکی گردان حسب ذیل ہے:

مؤنث	مذکر	
اَلَّتِىْ (جو ایک عورت/ وہ جو ایک)	اَلَّذِىْ (جو ایک مرد/ وہ جو ایک)	واحد
اَللَّتَانِ، اَللَّتَيْنِ (جو دو عورتیں/ وہ جو دو)	اَلَّذَانِ، اَلَّذَيْنِ (جو دو مرد/ وہ جو دو)	تثنیہ
اَللَّاتِىْ، اَللَّوَاتِىْ، اَللَّائِىْ (جو سب عورتیں)	اَلَّذِيْنَ (جو سب مرد/ وہ جو سب)	جمع

۹۔ **مادہ**: عربی زبان میں بنیادی حروف یا **حروف اصلی** کو مادہ کہتے ہیں، یہ مختلف افعال اور اسماء میں تین سے پانچ تک ہوتے ہیں۔ ان بنیادی حروف سے مزید افعال اور اسماء بنائے جاتے ہیں۔ جن الفاظ میں تین حرف اصلی ہوں وہ **ثلاثی مُجَرّد** اور جن میں چار اصلی ہوں وہ **رُباعی مُجَرّد** کہلاتے ہیں۔ تمام افعال اور اسماء مشتقات کے حروف اصلی اپنے صیغۂ ماضی (واحد غائب مذکر) سے پہچانے جاتے ہیں، مثلاً نَاصِرٌ **اسم مشتق** ہے جسکا مادہ نصر (نَصَرَ) ہے جو دراصل صیغۂ ماضی واحد غائب مذکر ہے یعنی نَصَرَ (اس نے مدد کی) سے نَاصِرٌ 'الف' کے اضافے کے ساتھ اسم بنا لیا بمعنی 'مدد کرنے والا'۔

ا۔ **ثلاثی مجرد**: یعنی وہ جس میں مادہ تین حروف پر مشتمل ہوتا ہے اور اسی مادہ کو اہل عرب ماضی (واحد غائب مذکر) کہتے ہیں۔ اس مادہ یا تین حروف کو بلحاظ حرکاتِ اعراب چھ ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے:

۶۔ باب کرم	۵۔ باب حسب	۴۔ باب سمع	۳۔ باب فتح	۲۔ باب ضرب	ا۔ باب نصر
كَرُمَ. يَكْرُمُ. اُكْرُمْ	حَسِبَ. يَحْسِبُ. اِحْسِبْ	سَمِعَ. يَسْمَعُ. اِسْمَعْ	فَتَحَ. يَفْتَحُ. اِفْتَحْ	ضَرَبَ. يَضْرِبُ. اِضْرِبْ	نَصَرَ. يَنْصُرُ. اُنْصُرْ ماضی، مضارع، امر

یہاں پر ماضی، مضارع اور امر کے وہ بنیادی صیغے اعراب کی مختلف حرکات (یعنی اوزان) کیساتھ درج کر دیئے گئے ہیں جو **سماعی** ہیں، انکے **مصادر** بھی **سماعی** یا **غیر قیاسی** ہیں اور انکے علاوہ تمام ماضی کے صیغے (مادہ یا تین حرفی الفاظ) جو ان ابواب میں رکھے جاتے ہیں (جو مختلف معانی رکھتے ہیں) وہ سب بھی **سماعی** ہیں۔ اب

ان ہی کو بنیاد بنا کر ثلاثی مجرد کے تمام افعال کے مختلف صیغے اور اسماء مشتقات مختلف ابواب سے **قیاس** کیے جاتے ہیں۔ مثلاً کتب مادہ ہے جو باب نصر میں کَتَبَ (اس ایک مرد نے لکھا) صیغۂ ماضی ہے اور اسی سے یَکْتُبُ (وہ ایک مرد لکھتا ہے/ لکھے گا) مضارع اور اُکْتُبْ (تو لکھ) صیغۂ امر ہے۔ نیچے فعل ماضی، مضارع اور امر کی گردانیں درج ہیں ان کی مدد سے افعال کے تمام صیغے قیاس کیے جاسکتے ہیں۔

تنبیہ ۲: سہولت کی خاطر **فعل** (ف . ع . ل) کو مادۂ ثلاثی مجرد کی جگہ استعمال کیا جاتا ہے یعنی اگر مادہ باب نصر سے ہے مثلاً نصر یا کتب تو ف کو ن پر قیاس کیا جاتا ہے اور ع کو ص پر اور ل کو ر پر، اسی طرح کتب کیلئے ف کو ك، ع کو ت اور ل کو ب پر، اور یہاں پر **فعل** کا ع کلمہ **مفتوح** ہوگا۔ اسی طرح **فعل** کو اگر باب سمع پر قیاس کیا جائے تو اسکا ع کلمہ **مکسور** اور باب کرم کیلئے **مضموم**۔

ثلاثی مزیدفیہ: یعنی مادۂ ثلاثی مجرد کے ساتھ مزید حروف لگا کر نئے الفاظ بنائے جاتے ہیں جو ثلاثی مزید فیہ کہلاتے ہیں۔ یہ تمام **قیاسی** ہوتے ہیں اور انکے **مصادر** بھی قیاسی ہوتے ہیں۔ ان کے مصادر کے اوزان یوں ہیں (جو قرآن میں بالعموم مستعمل ہیں): **اِفْعَال، تَفْعِیل، مُفَاعَلَة، تَفَعُّل، تَفَاعُل، اِفْتِعَال، اِسْتِفْعَال، اِنْفِعَال، اِفْعِلَال، اِفْعِیْلَال** (ان تمام میں ف . ع . ل مادۂ ثلاثی ہے)۔ ان تمام ابواب سے مخصوص اوزان میں افعال اور اسماء قیاس کیے جاتے ہیں اور بلحاظ باب ہر ایک کا ایک مخصوص معنی ہوتا ہے یعنی ہر باب اپنے چند خواص رکھتا ہے مثلاً باب تفعیل کا ماضی **فَعَّلَ** اور مضارع **یُفَعِّلُ** کے وزن پر آتا ہے اور اس باب کی ایک خاصیت یہ ہے کہ یہ ماخذ کی کثرت کو ظاہر کرتا ہے مثلاً **قَطَّعْتُ الْحَبْلَ** (میں نے رسی کے ٹکڑے کر دیئے)۔

ب۔ **رباعی مجرد و مزید فیہ:** رباعی مجرد یعنی جس میں **حروف اصلی** چار ہوں اور اگر انہی میں مزید اضافہ کر کے مزید الفاظ بنائے جائیں تو انہیں **رباعی مزید فیہ** کہتے ہیں۔ رباعی مجرد کا صرف ایک باب ہے جسکا **مصدر فَعْلَلَةٌ** کے وزن پر آتا ہے مثلاً **دَحْرَجَةٌ** (دَحْرَجَ. یُدَحْرِجُ. دَحْرِجْ)۔ مزید فیہ کے تین ابواب ہیں انکے مصادر ان اوزان پر آتے ہیں: **تَفَعْلُل، اِفْعِنْلَال، اِفْعِلَّال** (یعنی انکا مادہ **فعلل** (ف . ع . ل . ل))۔ (یہ بالعموم بہت کم مستعمل ہیں)۔

تنبیہ ۳: بہت سارے صیغے ان اوزان پر نہیں آتے جو اوپر دیئے گئے ہیں بلکہ انکے لیے الگ ضمنی اوزان کے ابواب انہی ابواب کے ساتھ لکھے جاتے ہیں، مثلاً (قَوْلٌ (کہنا) **مصدر** اور قول مادہ سے) قَالَ یَقُوْلُ قُلْ یہ باب نصر کے ضمنی باب (اجوف واوی) سے ہے، یہاں و کو الف سے بدل دیا گیا ہے اور اعراب میں بھی کچھ تبدیلی ہے یعنی اصل میں یہ قَوَلَ یَقْوُلُ اُقْوُلْ تھا۔ اس طرح کی تبدیلی بالعموم زبان میں خوبصورتی اور آسانی پیدا کرنے کیلئے کی جاتی ہے۔ اوپر دیئے گئے اوزان وغیرہ اوزان **صحیح** کہلاتے ہیں، **غیر صحیح** (**مہموز، مضاعف** اور **معتل**) کے بارے میں کسی قدر تفصیل آخر میں آئے گی۔

۹.۲۔ **مصدر** یعنی جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا (بغیر زمانے کے) معلوم ہو۔ **ثلاثی مجرد** کے مصادر **سماعی** ہیں جبکہ دیگر ابواب کے **قیاسی**۔ کسی بھی **مادہ** کے معنی (یا معانی) کا صدور اسکے **مصدر** (یا **مصادر**) سے ہوتا ہے، مثلاً **عبد مادہ** ہے جبکہ عِبَادَةٌ (عبادت کرنا) اور تَعْبِيْدٌ (غلام بنانا) اسکے مصادر ہیں (بعض ایسے بھی ہیں، عَبَدٌ؛ غضب ناک ہونا!)، اسی طرح **دعو** مادہ اور دَعْوَةٌ (دعوت دینا/ بلانا) اور دُعَاءٌ (دعا کرنا/ پکارنا) مصادر، یا **نصر** مادہ اور نَصْرٌ (مدد کرنا) مصدر ہے، وغیرہ۔

۱۰۔ **فعل ماضی**: فعل ماضی کے مختلف صیغوں کی تبدیلی ان حروف کی رہین منت ہے۔ ا، و، ت، م، ن (اوتمن)۔

ا۔ **ماضی (مطلق) معروف کی گردان**: یعنی وہ جسکا فاعل معلوم ہو، اس کو بالعموم صرف ماضی لکھتے ہیں۔

		واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	فَعَلَ اس ایک مرد نے کیا	فَعَلاَ ان دو مردوں نے کیا	فَعَلُوْا ان سب مردوں نے کیا
غائب	مؤنث	فَعَلَتْ اس عورت نے کیا	فَعَلَتَا ان دو عورتوں نے کیا	فَعَلْنَ ان سب عورتوں نے کیا
مخاطب/ حاضر	مذکر	فَعَلْتَ تو ایک مرد نے کیا	فَعَلْتُمَا تم دو مردوں نے کیا	فَعَلْتُمْ تم سب مردوں نے کیا
خاطب/ حاضر	مؤنث	فَعَلْتِ تو ایک عورت نے کیا	فَعَلْتُمَا تم دو عورتوں نے کیا	فَعَلْتُنَّ تم سب عورتوں نے کیا
متکلم	مذکر و مؤنث	فَعَلْتُ میں نے کیا	فَعَلْنَا ہم نے کیا	فَعَلْنَا ہم نے کیا

نوٹ: فعل کے ع کلمہ کو **مضموم** (یعنی فَعُلَ) اور **مکسور** (فَعِلَ) کر کے اوپر **ثلاثی مجرد** کے ماضی کے صیغوں کی گردان کی جا سکتی ہے۔ اسی طرح (کسی بھی باب سے) کوئی بھی بنیادی ماضی کا صیغہ (واحد غائب مذکر) لگا کر گردان بنائی جا سکتی ہے۔

ب۔ **ماضی مجهول**: یعنی وہ جسکا فاعل نامعلوم ہو، ماضی کے پہلے حرف پر پیش اور **ماقبل آخر** (آخری سے پہلے) پر زیر لگانے سے ماضی معروف، ماضی مجہول بن جاتا ہے یعنی فُعِلَ۔ (اسکی گردان اوپر **ماضی معروف** کی گردان میں معمولی تبدیلی سے بن سکتی ہے یعنی ف پر پیش اور ع پر زیر لگا کر)۔ ابواب غیر **ثلاثی مجرد** کیلئے اگر پہلے حرف اور ماقبل آخر کے درمیان کوئی الف ہے تو اسے و سے بدلا جاتا ہے یا درمیان میں اگر کوئی **حرکت** والا حرف (یعنی جس پر زبر، زیر یا پیش) ہے تو اس پر بھی پیش لگانے سے ماضی مجہول بن جاتا ہے، مثلاً (باب افعال اَفْعَلَ سے اُفْعِلَ) اَکْرَمَ سے اُکْرِمَ، عَلَّمَ ؛ عُلِّمَ، قَاتَلَ ؛قُوْتِلَ، تَقَبَّلَ ؛ تُقُبِّلَ وغیرہ۔

۱۱۔ **فعل مضارع**: اس میں حال اور مستقبل کے دونوں معنی آتے ہیں۔ ماضی سے پہلے ی، ت، ا (الف) یا ن لگا کر (اور اس میں کچھ تبدیلی کر کے) مضارع بنایا جاتا ہے اور انہی کو **علامت مضارع** کہتے ہیں۔

ا۔ **مضارع معروف کی گردان:** یعنی جسکا فاعل معلوم ہو، اس کو بھی بالعموم صرف مضارع ہی لکھا جاتا ہے۔

		واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	یَفْعَلُ وہ کرتا ہے/کریگا	یَفْعَلَانِ وہ دو کرتے ہیں/کرینگے	یَفْعَلُوْنَ وہ کرتے ہیں/کرینگے
غائب	مؤنث	تَفْعَلُ وہ کرتی ہے/کریگی	تَفْعَلَانِ وہ دو کرتی ہیں/کریں گی	یَفْعَلْنَ وہ کرتی ہیں/کریں گی
مخاطب/حاضر	مذکر	تَفْعَلُ تو کرتا ہے/کریگا	تَفْعَلَانِ تم دو کرتے ہو/کرو گے	تَفْعَلُوْنَ تم کرتے ہو/کرو گے
خاطب/حاضر	مؤنث	تَفْعَلِیْنَ تو کرتی ہے/کریگی	تَفْعَلَانِ تم دو کرتی ہو/کرو گی	تَفْعَلْنَ تم کرتی ہو/کرو گی
متکلم	مذکر و مؤنث	اَفْعَلُ میں کرتا/کرتی ہوں/کرونگا	نَفْعَلُ ہم دو کرتے/کرتی ہیں	نَفْعَلُ ہم کرتے ہیں/کرینگے

نوٹ: صیغوں میں جو ن آخر میں ہیں (ماسوائے جمع مؤنث کے) یہ ساتوں ن **نون اعرابی** کہلاتے ہیں۔ ع کلمہ پر زیر اور پیش کے ساتھ، اور باقی تمام مضارع (واحد غائب مذکر) کے صیغوں سے یعنی ابواب غیر **ثلاثی مجرد** سے بھی اسی طرح گردان بنائی جاسکتی ہے۔

ب۔ **مضارع مجہول:** یعنی جسکا فاعل نامعلوم ہو، مضارع معروف میں **علامت مضارع** کو پیش اور ماقبل آخر کو زبر دینے سے مضارع مجہول بن جاتا ہے، تمام ابواب **ثلاثی مجرد** کا مضارع مجہول ایک ہی طرح کا ہوتا ہے یعنی یُفْعَلُ۔ اسی طرح (دیگر ابواب سے) یُعَلِّمُ (وہ سکھاتا ہے) سے یُعَلَّمُ (وہ سکھایا جاتا ہے)، یَتَقَبَّلُ (وہ قبول کرتا ہے) سے یُتَقَبَّلُ (وہ قبول کیا جاتا ہے) وغیرہ۔

۱۲۔ **فعل امر و نہی:** امر کے معنی حکم کے ہیں، فعل امر وہ ہے جس میں کسی کام کے کرنے کا حکم دینا ظاہر ہو۔ فعل نہی، جس میں کسی کام سے روکا جائے۔

ا۔ **امر حاضر:** یعنی جس میں مخاطب کو کوئی حکم دیا جائے، فعل **مضارع کی علامت** ہٹا کر اسکی جگہ 'ا' (**همزة الوصل:** یعنی جو وصل کے وقت پڑھنے میں نہیں آتا مثلاً وَانْصُرْ اس میں 'ا' نہیں پڑھا جاتا) لگادیا جاتا ہے اور آخری حرف پر جزم آجاتا ہے۔ باب نصر اور کرم میں 'ا' پر پیش ہوتا ہے باقی ابواب میں زیر ہوتی ہے۔ اسکی گردان یوں ہے:

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	اِفْعَلْ تو ایک مرد کر	اِفْعَلَا تم دو مرد کرو	اِفْعَلُوْا تم سب مرد کرو
مؤنث	اِفْعَلِیْ تو ایک عورت کر	اِفْعَلَا تم دو عورتیں کرو	اِفْعَلْنَ تم سب عورتیں کرو

ب۔ **نہی حاضر**: یعنی جس میں مخاطب کو کسی کام سے روکا جائے، مضارع کے تمام حاضر کے صیغوں کو **مجزوم** کر کے شروع میں لَا نہی داخل کرنے سے نہی حاضر بن جاتا ہے۔ مضارع کو جب **مجزوم** کرتے ہیں تو تمام **نون اعرابی** گر جاتے ہیں۔

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	لَاتَفْعَلْ تو ایک مرد نہ کر	لَاتَفْعَلَا تم دو مرد نہ کرو	لَاتَفْعَلُوْا تم سب مرد نہ کرو
مؤنث	لَاتَفْعَلِیْ تو ایک عورت نہ کر	لَاتَفْعَلَا تم دو عورتیں نہ کرو	لَاتَفْعَلْنَ تم سب عورتیں نہ کرو

۱۳۔ **مُعرَب و مَبنی**: جن الفاظ کے آخر میں اعراب یا حروف بدلتے رہتے ہیں وہ معرب کہلاتے ہیں؛ اور یہ اعراب یا حروف کا بدلنا **قیاسی** ہوتا ہے۔ جبکہ اس کے علاوہ جو الفاظ ہیں وہ مبنی کہلاتے ہیں۔ مثلاً عِلْمٌ کو بعض اوقات جملے میں عِلْمًا بھی لکھتے ہیں، رَحْمَةٌ یا رَحْمَةً وغیرہ اسم معرب ہیں۔ اکثر اسماء معرب ہوتے ہیں اور بہت کم مبنی ہوتے، بالعموم **ضمیریں، اسماء اشارہ، اسم موصول** وغیرہ مبنی ہوتے ہیں۔ جبکہ افعال میں صرف **مضارع** معرب ہے (ماسوائے جمع مؤنث غائب و مخاطب کے صیغوں کے) اور **حروف (المعانی)** بھی مبنی ہوتے ہیں۔

۱۴۔ **فعل ماضی کی قسمیں**: ماضی کے شروع میں مَا لگانے سے **ماضی منفی** بنتا ہے۔ ذیل میں چند ماضی کی قسمیں درج کی جاتی ہیں:

ا۔ **ماضی قریب**: ماضی پر قَدْ بڑھا دینے سے اکثر ماضی قریب کے معنی ہو جاتے ہیں، مثلاً قَدْ جَآءَ (وہ آیا ہے)۔
ب۔ **ماضی بعید**: كَانَ ماضی پر لگانے سے ماضی بعید بن جاتا ہے؛ كَانَ ذَهَبَ (وہ گیا تھا)۔ (كَانَ اور ماضی کے صیغے ایک جیسے ہونے چاہئیں یعنی كَانُوْا ذَهَبُوْا ، كَانَتْ ذَهَبَتْ، كَانَتَا ذَهَبَتَا وغیرہ)۔
ج۔ **ماضی استمراری**: كَانَ مضارع پر لگانے سے یہ ہو جاتا ہے؛ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (وہ کرتے تھے)۔ (یہاں بھی كَانَ اور مضارع میں مطابقت ہونی چاہئے)۔

۱۵۔ **مضارع کی قسمیں**: مضارع پر لَا داخل کرنے سے **مضارع منفی** بن جاتا ہے۔

ا۔ **مضارع مجزوم و منصوب**: افعال میں صرف مضارع کا صیغہ ہی **مُعرب** ہے (جمع مؤنث غائب و حاضر کے صیغوں کے علاوہ)، اس طرح مضارع تین طرح کا ہوتا ہے؛ مضارع **مرفوع** (یعنی جو اصل شکل ہے)، **مجزوم** اور **منصوب**، اگر مضارع مجزوم یا منصوب ہو تو **نون اعرابی** گر جاتا ہے۔ مضارع میں یہ تغیر اکثر بعض **حروف** کی وجہ سے ہوتا ہے جنہیں **حروف العاملة** (**یاجازم: جزم** دینے والا، اور **ناصب: نصب** دینے والا بھی) کہتے ہیں۔ اس تغیر سے اسکے اصل معنی میں تو کوئی فرق نہیں آتا بلکہ اکثر زمانہ کے لحاظ سے معنی میں تبدیلی آجاتی ہے، مثلاً

۱) **مضارع منفی بہ لم**: مضارع پر لَمْ داخل کرنے سے **مضارع مجزوم** ہو جاتا ہے اور ماضی منفی کے معنی دینے لگتا ہے، مثلاً يَفْعَلُ (وہ کرتا ہے) سے لَمْ يَفْعَلْ (اس نے نہیں کیا)، اس میں لَمْ حرف **عامل (یاجازم)** کہلاتا ہے۔

۲) **مضارع منفي به لن:** مضارع پر لَنْ داخل کرنے سے **مضارع منصوب** ہو جاتا ہے اور زمانہ مستقبل میں تاکیدی معنی دینے لگتا ہے، مثلاً یَفْعَلُ (وہ کرتا ہے) سے لَنْ یَّفْعَلَ (وہ ہرگز نہیں کریگا)، اس میں لَنْ حرف **عامل** (یا **ناصب**: یعنی **نصب** دینے والا) کہلاتا ہے۔

ب۔ **مضارع بانون تاکید ثقیله و خفیفه:** مضارع پر لام (لَ) جسے لام تاکید کہتے ہیں، لگا کر آخر میں نون مشدد (جسے نون ثقیلہ کہتے ہیں) یا نون ساکن (یعنی نون خفیفہ) بڑھایا جاتا ہے، اس سے مضارع میں تاکیدی معنی پیدا ہو جاتے ہیں، مثلاً لَیَکْتُبَنَّ یا لَیَکْتُبَنْ (وہ ایک مرد ضرور لکھتا ہے/ لکھے گا)، لَیَکْتُبُنَّ یا لَیَکْتُبُنْ (وہ سب مرد ضرور لکھیں گے)۔

ج۔ **امر غائب و نهی غائب:** مضارع غائب کے صیغوں پر لام (لِ) جسے لام الامر کہتے ہیں، بڑھا کر مضارع کو **مجزوم** کریں تو امر غائب کا صیغہ بن جاتا ہے، مثلاً لِیُضْرَبْ (وہ ایک مرد مارا جائے)، اسی طرح **مضارع مجزوم** غائب پر لَا نہی لگانے سے نہی غائب بن جاتا ہے: لَا یَضْرِبْ (وہ نہ مارے)۔

۱۶۔ **اسم مشتق وجامد:** وہ اسم جو **مادہ و مصدر** سے بنایا جائے اسم مشتق کہلاتا ہے، جبکہ جامد وہ ہے جو کسی دوسرے لفظ سے نہ نکالا گیا ہو بلکہ اپنا الگ مستقل وجود رکھتا ہو۔ ذیل میں اسم مشتق کی چند اہم اقسام درج ہیں:

ا۔ **اسم فاعل:** یہ اس ذات کو بتاتا ہے جو کام کرنے والا ہو یا جس سے کسی فعل کا صدور رہا ہو۔ یہ **ثلاثی مجرد** سے فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے، مثلاً نَصَرَ سے نَاصِرٌ (مدد کرنے والا) اور دیگر ابواب سے **مضارع معروف** کے صیغے میں **علامت مضارع** کو م (میم) **مضموم** سے بدل کر **ماقبل آخر** کو **کسرہ** دیا جاتا ہے، مثلاً یُکْرِمُ سے مُکْرِمٌ (عزت دینے والا)۔

ب۔ **اسم مفعول:** یعنی وہ ذات جس پر فعل واقع ہوا ہو، یہ **ثلاثی مجرد** سے مَفْعُوْلٌ کے وزن پر جیسے نَصَرَ سے مَنْصُوْرٌ (مدد کیا ہوا) اور دیگر ابواب سے **مضارع مجهول** کی **علامت مضارع** کو م **مضموم** سے بدل کر **ماقبل آخر** کو **فتح** دے کر بنتا ہے جیسے یُکْرَمُ سے مُکْرَمٌ (عزت دیا ہوا)۔

ج۔ **صفت مشبه:** یہ اسم اس ذات کو بتاتا ہے جس میں مصدری معنی (یعنی کوئی وصف) پائیداری کے ساتھ پایا جاتا ہو۔ اسکے بہت سارے اوزان ہیں مثلاً **ثلاثی مجرد** سے کَرِیْمٌ، حَسَنٌ، اَفْعَلُ وغیرہ اور دیگر ابواب سے بالعموم **اسم فاعل** کے وزن پر آتا ہے۔ مثلاً حَسَنٌ (اچھا، نیکی کرنے والا، خوبصورت)، کرم سے کَرِیْمٌ (بزرگ، سخی)۔

د۔ **افعل تفضیل (اسم تفضیل):** اس ذات کو بتاتا ہے جس میں مصدری معنی اوروں کی نسبت زیادتی کیساتھ پائے جاتے ہوں، یہ مذکر کیلئے اَفْعَلُ کے وزن پر آتا ہے اور مؤنث کیلئے فُعْلٰی کے: یہ بالعموم **ثلاثی مجرد** سے بنتا ہے، جیسے حَسَن سے اَحْسَنُ (زیادہ اچھا/ خوبصورت)۔

ذ۔ **اسم مبالغه:** وہ جو کسی فاعل میں کوئی صفت زیادتی، کثرت اور شدت کے ساتھ بتائے، اسکے مختلف اوزان ہیں جیسے فَعَّالٌ، فَعِیْلٌ وغیرہ۔ مثلاً رحم سے رَحِیْمٌ (بہت زیادہ رحم کرنے والا)۔

ر۔ **اسم ظرف زمان ومکان:** ظرف مکان وہ ہے جو وقوع فعل کی جگہ کو اور ظرف زمان وقوع فعل کے وقت کو بتاتا ہے، یہ مَفْعَلٌ اور مَفْعِلٌ کے وزن پر آتے ہیں جیسے سجد سے مَسْجِدٌ (سجدہ کرنے کی جگہ)، طبخ سے مَطْبَخٌ (کھانا پکانے کی جگہ)۔

ز۔ **اسم آله:** یہ اس آلہ یا اس آواز کو بتاتا ہے جس سے کوئی کام کیا جائے، یہ مِفْعَالٌ، مِفْعَلٌ اور مِفْعَلَةٌ کے اوزان پر آتا ہے۔ مثلاً فتح سے مِفْتَاحٌ (چابی)، برد سے مِبْرَدٌ (ریتی)، کنس سے مِکْنَسَةٌ (جھاڑو)۔

۱۷۔ **اسم صفت:** اوپر بیان کیے گئے اسماء مشتقات میں سے پہلے پانچ کو **اسماء الصّفة** بھی کہا جاتا ہے یعنی اسم فاعل، اسم مفعول،

صفت مشبہ، اسم تفضیل اور اسم مبالغہ، کیونکہ ان میں صفتی معنی موجود ہیں (اور انکے بعض اوزان بھی آپس میں ملتے ہیں)۔

۱۸۔ **کلمات الاستفہام:** یعنی وہ حروف یا اسماء جن کے ذریعے سے سوال یا کوئی چیز دریافت کی جا سکے۔ اَ اور ھَلْ حروف الاستفہام کہلاتے ہیں (دیکھو **حروف**)، انکے علاوہ اسماء الاستفہام یہ ہیں: مَنْ (کون؛ عاقل جانداروں کیلئے)، مَا (کیا؛ غیر عاقل اور چیزوں کیلئے)، مَاذَا (کیا ہے، کیا چیز)، اَیٌّ (کونسا)، اَیَّۃٌ (کونسی؛ مؤنث کیلئے)، کَمْ (کتنا، کتنی)، کَیْفَ (کیسا، کیسی)، لِمَ (کیوں، کس لیے)، اَیْنَ (کہاں)، اَیَّانَ (کب، کس وقت)، مَتٰی (کب)، اَنّٰی (کہاں سے، کس طرح سے)۔

۱۹۔ **حروف:** یہ **حروف** جو کچھ معانی رکھتے ہیں **حروف المعانی** کہلاتے ہیں اور **حروف الھجاء** (ا، ب، ت وغیرہ) **حروف المبانی** (بنیادی حروف) کہلاتے ہیں۔ ذیل میں قرآن مجید میں مستعمل قریباً تمام حروف کی فہرست مع عمومی تفصیل و ترجمہ دی جاتی ہے: (نوٹ: 'عمومی تفصیل' کے اندر دیئے گئے الفاظ کے ساتھ لفظ 'حرف' لگا کر پڑھیں یعنی اگر 'ندا' لکھا ہے تو اسے 'حرف ندا' پڑھا جائے، نیز فہرست دائیں سے بائیں اور پھر نیچے کی طرف ہے۔ **مشبہ بالفعل**: اسکا مطلب ہے کہ یہ حرف بعض باتوں میں فعل سے مشابہت رکھتا ہے اور اسی بنیاد پر یہ خاص حروف سے تعلق رکھتا ہے جو حروف مشبہ بالفعل کہلاتے ہیں اور ان سب کا 'عمل' مشترکہ ہوتا ہے، یہ تعداد میں چھ ہیں۔)

حرف	عمومی تفصیل	عمومی معانی	حرف	عمومی تفصیل	عمومی معانی
اَ	استفہام، ندا	کیا، خواہ، اے	اِذَا	مفاجات	اچانک، ناگہاں، یہ اسم ظرف بھی ہے
اِذًا	**ناصب** مضارع	اس وقت، تب تو	اَلْ	تعریف	نکرہ کو معرفہ کرتا ہے، اسم فاعل اور مفعول کیساتھ یہ بالعموم **موصولہ** ہوتا ہے، یہ بعض اوقات زائد بھی ہوتا ہے مثلاً اسم علم پر
اِلٰی	جر (جارّہ)	تک، طرف (**تعدیہ** کیلئے بھی آتا ہے)	اِلَّا	استثناء	مگر
اَلَا	تحضیض، تنبیہ	کیوں نہیں، تم خبردار ہو جاؤ، جان لو، سن رکھو	اَلَّا	تحضیض	کیوں نہیں، یہ کہ نہیں
اَمْ	عطف، استفہام	یا، خواہ، کیا	اِمَّا	عطف، تردید	یا، خواہ، اگر
اَمَّا	تفصیل، تاکید	سو، لیکن، مگر، اور وہ جو			
اِنْ	**جازم** مضارع، شرط	اگر، اِنَّ کا مخفف یعنی 'بیشک' کے معنی میں بھی ہے اور یہ کبھی زائد بھی ہوتا ہے	اِنْ	نفی	نہیں، جیسے اِنْ ھٰذَا اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ اِنْ کے بعد اگر اِلَّا آئے تو بالعموم نفی ہوتا ہے
اَنْ	**ناصب** مضارع	کہ، یہ کہ، اَنَّ کا مخفف بھی ہے اور بمعنی 'یعنی' بھی آتا ہے اور زائد بھی ہوتا ہے	اِنَّ، اَنَّ	مشبہ بالفعل، تاکید	بیشک، یقیناً، کہ تحقیق
اَوْ	عطف	یا، خواہ	اَوَ	تردید، توضیح	اگرچہ، مگر، یہاں تک، کیا (استفہام)
اِیْ	ایجاب	ہاں، کیوں نہیں، ہرگز نہیں بلکہ	بِ	جر (جارہ)	سے، میں، پر، بسبب، ساتھ وغیرہ، یہ زائد بھی ہوتا ہے یا کلمہ میں زور پیدا کرنے کیلئے اور **تعدیہ** یعنی لازم کو متعدی☆ بنانے کیلئے بھی آتا ہے

بَلْ	عطف	بلکہ	بَلٰی	ایجاب	ہاں کیوں نہیں، ہرگز نہیں بلکہ
تَ	جر	قسم کیلئے لفظ اللہ کیساتھ مخصوص ہے	ثُمَّ	عطف	پھر، اسکے بعد، تب
حَتّٰی	جر، عطف	تک، تاکہ، یہاں تک کہ، جب تک کہ، یہ **ناصب** مضارع بھی ہے	سَ، سَوْفَ	التقریب	عنقریب، یہ مضارع کو مستقبل قریب سے مخصوص کر دیتے ہیں
عَلٰی	جر	پر، اوپر، باوجود، یہ **تعدیہ** کیلئے بھی آتا ہے	عَنْ	جر	سے، طرف سے، بدلے میں، بسبب
فَ	عطف	پھر، پس، تو، کیونکہ، اس لیے کہ	فِیْ	جر	میں، بارے میں، بسبب
قَدْ	تحقیق و تاکید	تحقیق، بیشک، (دیکھو: **ماضی قریب**)	کَ	جر، تشبیہ	مانند، جیسے
کَاَنَّ	مشبہ بالفعل	گویا کہ	کَلَّا	الردع	ہرگز نہیں، بیشک
کَیْ	ناصب مضارع	تاکہ	لِ	جر	واسطے، لیے، طرف، کو، کا وغیرہ
لِ	لام الامر	چاہئے کہ، یہ **جازم** مضارع ہے اور مضارع کو امر غائب بنانے میں مستعمل ہے	لِ	لام کَیْ	تاکہ، یہ **ناصب** مضارع ہے
لَ	لام تاکید	البتہ، ضرور، بیشک	لَا	نفی، لائے نہی	نہیں، نہ، لائے نہی **جازم** مضارع ہے
لٰکِنَّ	استدراک، مشبہ بالفعل	لیکن، مگر، پر، یہ لٰکِنْ بھی لکھا جاتا ہے (لٰکِنْ الگ سے **غیر عامل** ہے)	لَعَلَّ	مشبہ بالفعل	شاید، امید ہے کہ
لَنْ	ناصب مضارع	ہرگز نہیں (دیکھو مضارع منفی بہ لن)	لَمْ	**جازم** مضارع	نہیں (دیکھو: **مضارع منفی بہ لم**)
لَمَّا	جازم مضارع، شرطیہ، استثناء	اب تک نہیں، مگر، جب، چونکہ، بوجہ	لَوْ	شرط، تمنا	اگر، کاش، کیا اچھا ہوتا، وَلَوْ: اگرچہ، لَوْلَا، لَوْمَا: اگر نہ ہوتا، کیوں نہیں
لَیْتَ	مشبہ بالفعل، تمنا	کاش کہ	مَا	نفی	نہیں، زائد بھی ہوتا ہے جیسے اِنَّمَا میں
مِنْ	جر	سے، میں سے، بعض/کچھ، زائد بھی ہوتا ہے	نَعَمْ	ایجاب	ہاں
وَ	جر	قسم کیلئے آتا ہے، بہتیرے، بعض	وَ	عطف، حالیہ، استیناف، زائدہ	اور، حالانکہ، یہ بعض اوقات زائدہ ہوتا ہے اور تاکید کیلئے آتا ہے۔
هَلْ	استفہام	کیا، کیا ہے، یہ قَدْ (بیشک) اور نفی کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے هَلْ جَزَاءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ یعنی جب بعد میں اِلَّا آئے تو بالعموم نفی ہوتا ہے	یَا	ندا	اے

☆ متعدی وہ فعل ہے جسے جملہ مکمل کرنے کیلئے فاعل کیساتھ مفعول کی بھی ضرورت ہوتی ہے جبکہ فعل لازم صرف فاعل کیساتھ جملہ مکمل کرتا ہے، یعنی تعدیہ کا مطلب یہ ہوا کہ ہم فاعل کیساتھ مفعول بھی لانا چاہتے ہیں۔

۲۰۔مصادر کی قسمیں:

ا۔**مصدر میمی**: یہ وہ **مصدر** ہے جو میم سے شروع ہوتا ہے اور عام طور پر **ثلاثی مجرد** سے مَفْعَلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ بعض صورتوں میں مَفْعِلٌ، مَفْعَلَةٌ اور مَفْعِلَةٌ کے وزن پر بھی آتا ہے۔ دیگر ابواب سے **اسم مفعول** کے وزن پر آتا ہے۔

ب۔**مصدر (یااسم) مرۃ**: یہ کام یا فعل کے ہونے کو ایک دفعہ ظاہر کرنے کیلئے آتا ہے۔ **ثلاثی مجرد** سے فَعْلَةٌ کے وزن پر آتا ہے، مثلاً ضَرْبَةٌ (ایک دفعہ مارنا)، نَظْرَةٌ (ایک نظر/ایک دفعہ دیکھنا)۔ دیگر ابواب میں اصل مصدر پر ایک تاء بڑھانے سے یہ بنتا ہے، مثلاً اِنْطِلَاقَةٌ (ایک دفعہ چلنا)۔

ج۔**مصدر (یااسم) نوع**: یہ کام یا فعل کی نوعیت اور ہیئت وقوع بتانے کے لیے آتا ہے۔ **ثلاثی مجرد** سے فِعْلَةٌ کے وزن پر آتا ہے، مثلاً سِيرَةٌ (چال چلن)، قِبْلَةٌ (نماز پڑھنے کا رخ)۔ دیگر ابواب سے یہ **مصدر مرۃ** کے وزن پر ہی آتا ہے، سیاق و سباق میں اس کا تعین کیا جاتا ہے۔

۲۱۔اسم مقصور و منقوص:

ا۔**اسم مقصور**: اس اسم کو کہتے ہیں جس کے آخری حصے میں زبر (یا دوزبر) الف آئے یا کھڑی زبر (یا دوزبر) ی آئے، مثلاً دُنْيَا، حُسْنٰى، رِضًى وغیرہ، اسے **الف مقصورہ** کہتے ہیں۔ تمام اعرابی حالتوں یعنی **بحالت رفع، نصب و جر** میں یہ یکساں آتا ہے جبکہ یہ مفرد ہو۔

ب۔**اسم منقوص**: اس اسم کو کہتے ہیں جس کے آخری حصے میں زیر کے بعد ی آئے، مثلاً اَلْبَاقِيْ، اَلْهَادِيْ وغیرہ۔ جب یہ معرفہ ہوں (یعنی **مُعَرَّف بِالّام**؛ جس پر اَلْ آئے یا جب **مضاف** ہوں) تو بحالت رفع وجر اَلْهَادِيْ یا هَادِيْ کی شکل میں لکھے جاتے ہیں اور جب نکرہ ہوں تو هَادٍ کی شکل میں تنوین کے ساتھ لکھے جاتے ہیں، اور بحالت نصب بالترتیب اَلْهَادِيَ یا هَادِيَ، اور (نکرہ) هَادِيًا کی شکل میں تنوین (اور الف) کے ساتھ لکھے جاتے ہیں۔ پس **اسم منقوص** کی **بحالت رفع و جر** میں یکساں صورت ہوگی، اسے سیاق میں پہچانا جائے گا، اور **بحالت نصب** علیحدہ زبر کے ساتھ آئے گا جبکہ وہ مفرد ہو۔

۲۲۔غیر صحیح الفاظ: جیسا کہ اوپر تنبیہ ۳ میں ذکر ہے یہاں ہم **مهموز، مضاعف** اور **معتل** کا مختصر تعارف پیش کریں گے۔ الف (ا)، واؤ (و) اور یا (ی) **حروف علت** کہلاتے ہیں۔ جب الف **متحرّک** ہو یعنی اس پر کوئی **اعراب یا جزم** ہو تو وہ **همزہ** کہلاتا ہے۔ پس جب کسی لفظ کے **مادہ** میں نہ کوئی **حرف علت** ہو اور نہ کوئی **همزہ** ہو اور نہ ہی کوئی حرف مکرر آئے تو ایسے لفظ کو **صحیح یاسالم** کہتے ہیں۔ اس کے برعکس کسی لفظ کے **مادہ** میں ان تینوں میں سے کوئی ایک یا زائد علامت پائی جائے تو وہ **غیر صحیح یاغیر سالم** کہلاتا ہے۔ اس کی تین قسمیں ہیں: (تمام کی مثالوں کیلئے ملاحظہ ہو آخر میں ضمیمہ ۳)

ا۔**مَهْمُوز**: ایسے الفاظ (**مشتق** افعال و اسماء) جن کے **مادہ** میں کسی جگہ **همزہ** آئے **مهموز** کہلاتے ہیں۔ مثلاً اَكَلَ۔ يَاْكُلُ، اَكْلٌ، یہ **مهموز الفا** ہے کیونکہ فا کلمہ (دیکھو تنبیہ ۲) پر **همزہ** آیا ہے، اسی طرح عین اور لام کلمہ پر **همزہ** آئے تو اسے بالترتیب **مهموز العین** اور **مهموز الّام** کہتے ہیں۔

۲۔**مُضَاعَف**: وہ الفاظ جن کا عین اور لام کلمہ ایک جیسا ہو (**حرف علت** نہ ہو)، مثلاً مَدَدٌ، مَدَّ۔ يَمُدُّ۔

۳۔**مُعْتَلّ**: ایسے الفاظ جن کے **مادہ** میں کسی جگہ **حرف علت** آجائے (ایک یا دو جگہ) وہ **معتل** کہلاتے ہیں۔ حرف علت کے سلسلے میں یہ واضح رہے کہ **اصلی حروف علت** صرف و اور ی ہی ہیں، الف و یا ی سے بدلا ہوا ہوتا ہے۔ اس لیے ایسے الفاظ کا جب مادہ لکھتے ہیں تو اس میں و اور ی ہی لکھا جاتا ہے یا یہ اصل میں ہوتے ہیں، الف صرف ابدال کی وجہ سے بعض لغات میں لکھا

ہوتا ہے، ہم نے کہیں نہیں لکھا۔ **معتل** کی قسمیں:

ا۔ **مثال**: اسے کہتے ہیں جب فا کلمہ کی جگہ **حرف علت** آئے، مثلاً وَعْدٌ، وَعَدَ.یَعِدُ۔ جب و آئے تو اسے **مثال واوی** اور ی آئے تو **مثال یائی** کہتے ہیں۔

ب۔ **اَجْوَف**: جب عین کلمہ پر **حرف علت** آئے، مثلاً قَوْلٌ، قَالَ.یَقُوْلُ۔ و اور ی کے ساتھ بالترتیب **اجوف واوی** اور **اجوف یائی** کہلاتا ہے۔

ج۔ **ناقص**: جب لام کلمہ پر **حرف علت** آئے، مثلاً رَمْیٌ، رَمٰی.یَرْمِیْ۔ و اور ی کے ساتھ بالترتیب **ناقص واوی** اور **ناقص یائی** کہلاتا ہے۔

ح۔ **لفیف**: جس میں دو **حرف علت** ہوں وہ **لفیف** کہلاتا ہے، فا اور لام کلمہ پر حروف علت آئیں تو **لفیف مفروق** کہلاتا ہے مثلاً وَقْیٌ، اور جب عین اور لام کلمہ پر آئیں تو **لفیف مقرون** کہلاتا ہے مثلاً طَیٌّ، طوی مادہ۔

۲۳۔ **اسم غیر مُنْصَرِف**: بعض اسماء ایسے ہوتے ہیں جن کے آخر میں نہ تو زیر آتی ہے اور نہ ان پر تنوین، ایسے اسماء **غیر منصرف** کہلاتے ہیں۔ مثلاً اَحْکَمُ جو اسم تفضیل ہے **غیر منصرف** ہے۔ یہ حالت رفع میں ضمہ (پیش) کے ساتھ یعنی اَحْکَمُ، اور حالت نصب و جر میں فتحہ (زبر) کے ساتھ آتے ہیں، جیسے اَحْکَمَ۔ مگر جب **معرف بلام** ہو یا **مضاف** ہو تو استثناء ہو جاتا ہے یعنی **مجرور** آ جاتا ہے، جیسے بِاَحْکَمِ الْحَاکِمِیْنَ (یہاں مضاف ہے)۔ لیکن تنوین عام طور پر نہیں آتی۔ اسم صفت کے چند اوزان، بہت سارے نام وغیرہ یعنی اسم علم، کچھ اسماء جو فعل کی طرح ہوں، منتہی الجموع یعنی **جمع مکسر** کے کچھ اوزان، ایسے جمع اور مؤنث کے صیغے جن کے آخر میں الف ہمزہ زائد ہو یا وہ **الف مقصورہ** کے ساتھ ہوں، اور اسم معدول، یہ تمام **غیر منصرف** ہوتے ہیں۔ ان کی پہچان کے مختلف طریقے عربی صرف و نحو کی کتب میں درج ہیں۔

لغات کے بارے میں چند ضروری گزارشات

۱) ذیل میں کوئی لفظ تلاش کرنے کے حوالے سے ہدایات درج کی جائیں گی:

☆ لغات میں کوئی لفظ تلاش کرنے کیلئے عربی حروف تہجی کی ترتیب ذہن میں رکھئے اور کسی بھی لفظ کے تمام اعراب ہٹا کر اصل لفظ اور اس کی آواز کو پیش نظر رکھتے ہوئے دیکھئے۔

☆ کھڑا زبر جہاں آئے گا وہاں ایک الف زائد تصور کیا جائے گا۔

☆ شد(ّ) کا کوئی وزن نہیں، مشدد حرف ایک ہی مانا گیا ہے۔

☆ اَلْ کا کوئی وزن نہیں، یعنی کوئی لفظ اگر معرف باللام ہے تو اسے اَلْ ہٹا کر تلاش کیا جائے۔

☆ بعض الفاظ میں واؤ نہیں پڑھا جاتا مثلاً اُولٰٓئِکَ، اُولَآء، اُولُوا وغیرہ تاہم ان میں واؤ کا وزن مانا گیا ہے اس لیے انہیں الف واؤ میں تلاش کیا جائے، البتہ اُورِیْکُمْ اس سے مستثنیٰ رکھا گیا ہے اسے الف را میں دیکھئے۔

☆ ذیل میں حروف اور مثالیں دیکھئے:

ء	=	ا (مادہ میں جہاں بھی الف لکھا گیا ہے اس سے مراد ہمزہ ہے)			
أ	=	اا،	ۃ	=	ت
ؤ	=	او،	ئ	=	ای
ئٰی	=	ای،	ـٖ	=	ی (ضمائر کے علاوہ)

مثالیں:

اِتَّقٰی	=	الْاَتْقٰی	=	اتقای (تلاش کرنے کیلئے یہ خاکہ ہے)	
الَّذِیْنَ	=	الذین،	اُنِیَۃٌ	=	اانیت
اَللّٰہ	=	الاہ،	ہٖ	=	ہ

☆ ہر صفحے پر ہیڈر پر دائیں یا بائیں طرف صفحے کے پہلے لفظ کو اعراب ہٹا کر اور تخفیف کر کے اوپر دیئے گئے اصولوں کے مطابق لکھا گیا ہے تاکہ لفظ تلاش کرنے میں آسانی ہو۔

۲) بعض مقامات پر ایک سے زائد تراجم میں اختصار کیلئے '/' کا نشان استعمال کیا گیا ہے، اسے 'یا' پڑھا جائے، یعنی؛ / = یا۔ مثلاً **عَلَّمْتُکَ**: میں نے تجھے سکھایا/ تجھے تعلیم دی، یہ اس طرح پڑھا جائے گا؛ میں نے تجھے سکھایا یا میں نے تجھے تعلیم دی۔

۳) بعض جگہ ترجمے کے آخر میں / تھے یا (تھے) لکھا ہوتا ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ سیاق میں اصل ترجمہ ماضی کا ہے لہٰذا ''ہیں'' یا ''ہے'' کے بجائے ''تھے'' یا ''تھا'' پڑھا جائے۔

'ا'

اَ (یاءَ): کیا، خواہ، بھلا، حرف ہے زیادہ تر استفہام کے لیے آیا ہے یا تسویہ کے لیے جیسے ءَ اَنْذَرْتَھُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْھُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ (آپ ان کو ڈرائیں یا نہ ڈرائیں ایمان نہیں لائیں گے)۔(۲:۶، ۱۳، ۳۰، ۳۳، ۴۴، ۴۴، ۶۱، ۶۷، ۷۵، ۷۶، ۷۶، ۸۰، ۸۵، ۸۷، ۱۰۶، ۱۰۷، ۱۳۹، ۱۴۰، ۲۴۳، ۲۴۶، ۲۵۸، ۲۶۶) (۳:۱۵، ۲۰، ۲۳، ۶۵، ۸۰، ۸۱، ۸۳، ۱۰۶، ۱۲۴، ۱۴۴، ۱۶۲) (۴:۲۰، ۴۴، ۴۹، ۵۱، ۶۰، ۷۷، ۸۲، ۸۸، ۹۷، ۱۳۹، ۱۴۱، ۱۴۱، ۱۴۴) (۵:۳۱، ۴۰، ۵۰، ۵۳، ۷۴، ۷۶، ۱۱۶) (۶:۶، ۱۴، ۱۹، ۳۰، ۳۲، ۴۰، ۴۰، ۴۶، ۴۷، ۵۰، ۵۳، ۵۳، ۷۱، ۷۴، ۸۰، ۸۰، ۱۱۴، ۱۳۰، ۱۴۳، ۱۴۴، ۱۶۴) (۷:۲۲، ۲۸، ۴۹، ۶۵، ۷۰، ۷۱، ۷۵، ۸۰، ۹۷، ۹۹، ۱۲۷، ۱۴۰، ۱۴۸، ۱۵۰، ۱۵۵، ۱۶۹، ۱۶۹، ۱۷۲، ۱۷۳، ۱۹۱، ۱۹۳، ۱۹۵) (۹:۱۳، ۱۳، ۱۹، ۳۸، ۶۳، ۶۵، ۷۰، ۷۸، ۱۰۴، ۱۰۹) (۱۰:۲، ۳، ۱۶، ۱۸، ۳۱، ۳۵، ۴۲، ۴۳، ۵۰، ۵۱، ۵۱، ۵۳، ۵۹، ۵۹، ۶۸، ۷۷، ۷۷، ۷۸، ۹۱، ۹۹) (۱۱:۱۷، ۲۴، ۲۸، ۲۸، ۳۰، ۵۱، ۶۲، ۶۳، ۷۲، ۷۳، ۷۸، ۸۱، ۸۷، ۸۸، ۹۲) (۱۲:۳۹، ۵۹، ۸۰، ۹۰، ۹۶، ۱۰۷، ۱۰۹، ۱۰۹) (۱۳:۵، ۵، ۱۶، ۱۹، ۳۱، ۳۳) (۱۴:۹، ۱۰، ۱۹، ۲۱، ۲۴، ۲۸) (۱۵:۵۴) (۱۶:۱۷، ۱۷، ۴۵، ۵۲، ۵۹، ۷۱، ۷۲، ۷۹) (۱۷:۴۰، ۴۹، ۴۹، ۶۱، ۶۲، ۶۸، ۹۴، ۹۸، ۹۸) (۱۸:۳۷، ۵۰، ۶۳، ۷۱، ۷۲، ۷۴، ۷۵، ۱۰۲) (۱۹:۴۶، ۶۶، ۷۷، ۷۸، ۸۳) (۲۰:۵۷، ۸۶، ۸۶، ۸۹، ۹۳، ۱۲۸) (۲۱:۳، ۶، ۱۰، ۳۰، ۳۴، ۳۶، ۴۴، ۴۴، ۵۰، ۵۵، ۶۲، ۶۶، ۶۷، ۱۰۹) (۲۲:۱۸، ۴۶، ۶۳، ۶۵، ۷۰، ۷۲) (۲۳:۲۳، ۳۲، ۳۵، ۴۷، ۵۵، ۶۸، ۸۰، ۸۲، ۸۲، ۸۵، ۸۷، ۱۰۵، ۱۱۵) (۲۴:۲۲، ۴۱، ۴۳، ۵۰) (۲۵:۱۵، ۱۷، ۲۰، ۴۰، ۴۱، ۴۳، ۴۳، ۴۵، ۶۰) (۲۶:۱۸، ۴۱، ۷۵، ۱۱۱، ۱۲۸، ۱۳۶، ۱۴۶، ۱۶۵، ۲۰۴، ۲۰۵، ۲۲۵) (۲۷:۲۷، ۳۶، ۴۰، ۴۱، ۴۲، ۵۴، ۵۵، ۵۹، ۶۰، ۶۱، ۶۲، ۶۳، ۶۴، ۶۷، ۶۷، ۸۴، ۸۶) (۲۸:۱۹، ۶۰، ۶۱، ۷۱، ۷۱، ۷۲، ۷۲) (۲۹:۲، ۲۹، ۶۷، ۶۸) (۳۱:۲۰، ۲۹، ۳۱) (۳۲:۴، ۱۰، ۱۰، ۱۸، ۲۶، ۲۷) (۳۴:۸، ۹، ۳۲، ۴۰) (۳۵:۸، ۲۷، ۴۰) (۳۶:۱۰، ۱۹، ۲۳، ۳۱، ۳۵، ۴۷، ۶۰، ۶۲، ۶۸، ۷۳) (۳۷:۱۱، ۱۶، ۱۶، ۳۶، ۵۲، ۵۳، ۵۳، ۵۸، ۶۲، ۸۶، ۹۵، ۱۲۵، ۱۳۸، ۱۴۹، ۱۵۳، ۱۵۵، ۱۷۶) (۳۸:۵، ۸، ۶۳، ۷۵) (۳۹:۱۹، ۱۹، ۲۱، ۲۲، ۲۴، ۳۲، ۳۶، ۳۷، ۳۸، ۶۰، ۶۴، ۷۱) (۴۰:۲۸، ۶۹، ۸۲) (۴۱:۹، ۴۰، ۴۴، ۵۲) (۴۳:۵، ۱۹، ۳۲، ۴۰، ۴۵، ۵۱، ۵۱، ۵۸) (۴۴:۳۷) (۴۵:۲۳، ۲۳، ۳۱) (۴۶:۴، ۱۰، ۱۷، ۲۲، ۳۴) (۴۷:۱۰، ۱۴، ۲۴) (۴۹:۱۲، ۱۶) (۵۰:۳، ۶، ۱۵) (۵۱:۲۱، ۲۷، ۵۳) (۵۲:۱۵) (۵۳:۱۲، ۱۹، ۲۱، ۳۳، ۳۵، ۵۹) (۵۴:۲۴، ۲۵، ۴۳) (۵۶:۴۷، ۴۷، ۵۸، ۵۹، ۶۳، ۶۴، ۶۸، ۶۹، ۷۱، ۷۲، ۸۱) (۵۷:۱۴، ۱۶) (۵۸:۷، ۸، ۱۳، ۱۴) (۵۹:۱۱) (۶۳:۶) (۶۴:۵، ۶) (۶۷:۸، ۱۶، ۲۲، ۲۸، ۳۰) (۶۸:۲۸، ۳۵) (۷۰:۳۸) (۷۱:۱۵) (۷۲:۱۰، ۲۵) (۷۵:۳، ۳۶، ۳۷، ۴۰) (۷۷:۱۶، ۲۰، ۲۵) (۷۸:۶) (۷۹:۱۰، ۱۱، ۲۷) (۸۳:۴) (۸۸:۱۷) (۸۹:۶) (۹۰:۵، ۷، ۸) (۹۳:۶) (۹۴:۱) (۹۵:۸) (۹۶:۹، ۱۱، ۱۳، ۱۴) (۱۰۰:۹) (۱۰۵:۱، ۲) (۱۰۷:۱).

اٰبَآءِ: باپ دادا اور چچا، اَبٌ کی جمع ہے جس کے معنی باپ کے ہیں۔ جمع میں اس کے مفہوم میں دادا اور چچا بھی داخل ہوتے ہیں جبکہ مفرد میں اس سے مراد عام طور پر صلبی باپ ہی ہوتا ہے۔ اس کا مادہ [ابو] ہے، اَبٌ اسے کہتے ہیں جو کسی چیز کی ایجاد یا اصلاح کا

سبب ہو۔ اَبٌ ان اسمائے ستہ میں سے ہے جو حالت اضافت میں بحالت رفع ونصب و جر بالترتیب واوٗ، الف اور یا کے ساتھ لکھے جاتے ہیں، یعنی اَبُوْ (بحالت رفع)، اَبَا (بحالت نصب) اور اَبِیْ (بحالت جر) جبکہ یہ مضاف ہو۔ (۳۱:۲۴).

اٰبَآئِكَ: (اٰبَآءِ.كَ) تیرے آباؤ اجداد/ باپ دادا، اٰبَآءِ (اَبٌ واحد) مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۳۳:۲).

اٰبَآؤُكُمْ و (اٰبَآئَكُمْ و اٰبَآئِكُمْ): (اٰبَآء.كُمْ) تمہارے آباؤ اجداد، تمہارے باپ دادا، اٰبَآء (اَبٌ کی جمع) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ اٰبَآؤُكُمْ (۱۱:۴، ۲۲) (۹۱:۶)(۷۱:۷)(۲۴:۹)(۴۰:۱۲)(۵۴:۲۱)(۷۶:۲۶) (۴۳:۳۴)(۲۳:۵۳)، اٰبَآئَكُمْ (۲۰۰:۲)(۲۳:۹)(۲۴:۴۳)، اٰبَآئِكُمْ (۶۱:۲۴) (۲۶:۲۶) (۱۲۶:۳۷) (۸:۴۴).

اٰبَآؤُنَا و (اٰبَآءَنَا و اٰبَآئِنَا): (اٰبَآء.نَا) ہمارے باپ دادا، اٰبَآء مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ اٰبَآؤُنَا (۱۴۸:۶) (۷۰:۷، ۱۷۳) (۶۲:۱۱، ۸۷) (۱۰:۱۴) (۳۵:۱۶) (۸۳:۲۳) (۶۷:۲۷، ۶۸) (۱۷:۳۷) (۴۸:۵۶)، اٰبَآءَنَا (۱۷۰:۲) (۱۰۴:۵) (۲۸:۷، ۹۵) (۷۸:۱۰) (۵۳:۲۱) (۷۴:۲۶) (۲۱:۳۱) (۲۲:۴۳، ۲۳)، اٰبَآئِنَا (۲۴:۲۳)(۳۶:۲۸) (۳۶:۴۴) (۲۵:۴۵).

اٰبَآؤُهُمْ و (اٰبَآءَهُمْ و اٰبَآئِهِمْ): (اٰبَآء.هُمْ) ان کے باپ دادا، اٰبَآء مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ اٰبَآؤُهُمْ (۱۷۰:۲)(۱۰۴:۵)(۱۰۹:۱۱)(۶:۳۶)، اٰبَآءَهُمْ (۲۲:۴۴)(۶۸:۲۳)(۱۸:۲۵)(۵:۳۳)(۶۹:۳۷) (۲۹:۴۳)(۲۲:۵۸)، اٰبَآئِهِمْ (۸۷:۶)(۲۳:۱۳)(۵:۱۸) (۵:۳۳) (۸:۴۰).

اٰبَآئِهِنَّ: (اٰبَآءِ.هِنَّ) ان عورتوں کے باپ دادا، اٰبَآءِ مضاف، هِنَّ (ضمیر جمع غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۳۱:۲۴) (۵۵:۳۳).

اٰبَآءِیْ: (اٰبَآءِ.یْ) میرے باپ دادا، اٰبَآءِ مضاف، ی

(ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔ (۳۸:۱۲).

اٰتٍ: آنے والا، (ضرب۲+۹: اَتٰی.یَاْتِیْ) اِتْیَانٌ (آنا) سے، اسم فاعل واحد مذکر (بحالت رفع و جر)، یہاں محلًا مرفوع ہے، یہ اسم منقوص ہے، اصل میں اٰتِیٌ ہونا چاہیے تھا، تعلیل کے بعد اٰتٍ ہو گیا، [مادہ: اتی]۔ (۱۳۴:۶) (۵:۲۹).

اِئْتِ: تو آ، تو لا، (ضرب: اَتٰی.یَاْتِیْ) اِتْیَانٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، [مادہ: اتی]۔ (۱۵:۱۰) (۱۰:۲۶)، فَاْتِ (فَ.اِئْتِ): (۲۵۸:۲) (۱۰۶:۷) (۳۱:۲۶، ۱۵۴)

اٰتِ: تو دے، (افعال۲+۱۱: اٰتٰی.یُؤْتِیْ) اِیْتَاءٌ (کوئی چیز دینا) سے، امر واحد حاضر مذکر، [مادہ: اتی]۔ (۲۶:۱۷) (۳۸:۳۰).

اٰتٰی: اس نے دیا، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۱۷۷:۲، ۱۷۷) (۱۸:۹).

اٰتٰـكَ: (اٰتٰی.كَ) اس نے تجھ کو دیا، اٰتٰی، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (۷۷:۲۸).

اٰتٰـكُمْ: (اٰتٰی.كُمْ) اس نے تم کو دیا، اٰتٰی، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۲۰:۵، ۴۸) (۱۶۵:۶) (۳۴:۱۴) (۳۳:۲۴) (۳۶:۲۷) (۲۳:۵۷) (۷:۵۹).

اٰتٰـنَا: (اٰتٰی.نَا) اس نے ہم کو دیا، اٰتٰی، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔ (۷۵:۹).

اٰتٰـنِیْ: (اٰتٰی.نِیْ) اس نے مجھ کو دیا، اٰتٰی، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔ (۲۸:۱۱، ۶۳)، اٰتٰـنِیَ (۳۰:۱۹) (۳۶:۲۷).

اٰتٰـهُ: (اٰتٰی.هُ) اس نے اس کو دیا، اٰتٰی، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۲۵۱:۲، ۲۵۸) (۷:۶۵).

اٰتٰـهَا: (اٰتٰی.هَا) اس نے اس کو دیا، اٰتٰی، (افعال) اِیْتَاءٌ سے،

ماضی واحد غائب مذکر، ھَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۷:٦۵).

اٰتٰـھُمْ: (اٰتٰی.ھُمْ) اس نے ان کو دیا، اٰتٰی، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ھُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۱٤۸:۳، ۱۷۰، ۱۸۰) (۳۷:٤، ۵٤) (۵۹:۹، ۷٦) (۱۷:٤۷) (۱٦:۵۱) (۱۸:۵۲).

اٰتٰـھُمَا: (اٰتٰی.ھُمَا) اس نے ان دونوں کو دیا، اٰتٰی، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ھُمَا ضمیر مفعول (تثنیہ غائب مذکر)۔(۷:۱۹۰، ۱۹۰).

اٰتَتْ: وہ لائی، اس نے دیا، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔(۲:۲٦۵) (۳۱:۱۲) (۳۳:۱۸).

اِئْتَمِرُوْا: تم سکھاؤ، مشورہ دو، حکم منواؤ، (افتعال۲: اِئْتَمَرَ.یَاْتَمِرُ) اِئْتِمَارٌ سے جسکے معنی حکم ماننے اور مشورہ کرنے کے ہیں، امر جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ امر]۔(٦:٦۵).

اِئْتِنَا: (اِئْتِ.نَا) تو ہمارے پاس آ، تو ہمارے لیے لا، تو ہم پر لے آ، اِئْتِ، (ضرب؛ اَتٰی.یَاْتِیْ) اِتْیَانٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)، [مادہ؛ اتی]۔ (۷۱:٦) (۷۷:۷) (۳۲:۸) (۲۹:۲۹)، فَاْتِنَا (فَ.اِئْتِنَا): (۷۰:۷) (۳۲:۱۱) (۲۲:٤٦).

اٰتِنَا: (اٰتِ.نَا) ہم کو عطا فرما، تو ہمیں دے، اٰتِ، (افعال؛ اٰتٰی.یُؤْتِیْ) اِیْتَاءٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)، [مادہ؛ اتی]۔ (۲:۲۰۰، ۲۰۱) (۱۹٤:۳) (۱۸:۱۰، ٦۲).

اٰتَوْا: انہوں نے دیا، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۲۷۷:۲) (۹:۵، ۱۱) (٤۱:۲۲) (۲۳:٦۰).

اٰتُوْا: تم دو، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(۲:٤۳، ۸۳، ۱۱۰) (۲:٤، ٤، ۷۷) (۱٤۱:٦) (۷۸:۲۲) (۵٦:۲٤) (۱۳:۵۸) (۱۱:٦۰) (۲۰:۷۳).

اِئْتُوْا: تم آؤ، تم لاؤ، (ضرب۲+۹؛ اَتٰی.یَاْتِیْ) اِتْیَانٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ اتی]۔ اِتْیَانٌ کے معنی اصل میں 'آنے' کے ہیں (جو فعل لازم کے معنی دیتا ہے) جب اس کے تعدیہ میں (یعنی جب متعدی بنایا جائے تو) مفعول کے ساتھ باء لاتے ہیں تو معنی 'لانے' کے ہو جاتے ہیں، فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ: لاؤ کوئی سورۃ، یہ اصل میں فَ اِئْتُوْا بِ سُوْرَةٍ ہے (جیسا کہ سیاق میں لفظی ترجمے سے واضح ہے)، اس میں اِئْتُوْا بِ کا معنی ہے 'تم لاؤ'۔ (وَاْتُوْا اصل میں وَ.اِئْتُوْا، اسی طرح فَاْتُوْا اصل میں فَ.اِئْتُوْا)(۲:۲۳، ۱۸۹، ۲۲۳) (۹۳:۳) (۳۸:۱۰) (۱۳:۱۱) (٦٤:۲۰) (٦۱:۲۱)(٤۹:۲۸) (۱۵۷:۳۷)(۳٦:٤٤)(۲۵:٤۵).

اِئْتُوْنَا: (اِئْتُوْا.نَا) تم ہمارے پاس لاؤ، اِئْتُوْا، (ضرب؛ اَتٰی.یَاْتِیْ) اِتْیَانٌ بِـ(لانا) سے، امر جمع حاضر مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔(فَاْتُوْنَا) (۱٤:۱۰).

اِءْتُوْنِیْ: (اِءْتُوْا.نِیْ) تم میرے پاس آؤ، اِءْتُوْا (ضرب) اِتْیَانٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔ (وَاْتُوْنِیْ اصل میں وَ.اِئْتُوْا.نِیْ)۔ (۷۹:۱۰) (۱۲:۵۰، ۵٤، ۵۹، ۹۳) (۳۱:۲۷).

اٰتُوْنِیْ: (اٰتُوْا.نِیْ) تم مجھے دو، اٰتُوْا، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)، [مادہ؛ اتی]۔(۱۸:۹٦، ۹٦).

اٰتَوْهُ: (اٰتَوْا.هُ) انہوں نے اس کو دیا، اٰتَوْا، (افعال) اِیْتَاءٌ (دینا) سے، ماضی جمع غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (٦٦:۱۲).

اٰتَوْهَا: (اٰتَوْا.هَا) وہ اس کو مان لیں/ اسے لا ڈالیں، وہ اسے کرنے لگیں، اٰتَوْا، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، ھَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۱٤:۳۳).

اٰتُوْهُمْ: (اٰتُوْا.هُمْ) تم ان کو دو، اٰتُوْا، (افعال) اِیْتَاءٌ (کوئی چیز دینا) سے، امر جمع حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب

مذکر)۔ (۳۳:٤) (۳۳:۲٤) (۱۰:٦۰).

اٰتُوْهُنَّ: (اٰتُوْا.هُنَّ) تم ان کو دو، اٰتُوْا، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، هُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)۔ (٤:٤، ۲۵) (٦:٦۵).

اِئْتُوْهُنَّ: (اِئْتُوْا.هُنَّ) تم ان کے پاس آؤ، اِئْتُوْا، (ضرب: اَتٰی.یَاْتِیْ) اِتْیَانٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، هُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)۔ فَاْتُوْهُنَّ اصل میں فَ.اِئْتُوْا.هُنَّ (۲:۲۲۲).

اٰتِهِمْ: (اٰتِ.هِمْ) تو ان کو دے، اٰتِ، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، هِمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۷:۳۸) (۳۳:٦۸).

اٰتِیْ: آنے والا، (ضرب: اَتٰی.یَاْتِیْ) اِتْیَانٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر (مضاف)، دیکھو اٰتٍ۔ (۱۹:۹۳).

اِئْتِیَا: تم دونوں آؤ، تم دونوں پہنچو، (ضرب) اِتْیَانٌ سے، امر تثنیہ حاضر مذکر، (فَاْتِیَا اصل میں فَ.اِئْتِیَا)۔ (۲٦:۱٦) (٤۱:۱۱).

اِئْتِیَاهُ: (اِئْتِیَا.هُ) تم دونوں اس کے پاس آؤ/ اس کے پاس پہنچو، اِئْتِیَا، (ضرب) اِتْیَانٌ سے، امر تثنیہ حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۲۰:٤۷).

اٰتِیَةٌ: آنے والی، (ضرب) اِتْیَانٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔ (۱۵:۸۵) (۲۰:۱۵) (۲۲:۷) (٤۰:۵۹).

اٰتَیْتَ: تو نے دیا، (افعال: اٰتٰی.یُؤْتِیْ) اِیْتَاءٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر، [مادہ: اتی]۔ (۱۰:۸۸) (۳۳:۵۰).

اٰتَیْتُكَ: (اٰتَیْتُ.كَ) میں نے تجھ کو دیا، اٰتَیْتُ، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی واحد متکلم، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (۷:۱٤٤).

اٰتَیْتُكُمْ: (اٰتَیْتُ.كُمْ) میں نے تم کو دیا، اٰتَیْتُ، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی واحد متکلم، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۳:۸۱).

اٰتَیْتُمْ: تم نے دیا، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (۲:۲۳۳) (٤:۲۰) (۵:۱۲) (۳۰:۳۹، ۳۹).

اٰتَیْتُمُوْهُنَّ: تم نے ان کو دیا، اس میں اٰتَیْتُمُوْ (اصل میں اٰتَیْتُمْ، واؤ اشباعی ہے)، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر، هُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)۔ (۲:۲۲۹) (٤:۱۹) (۵:۵) (٦۰:۱۰).

اٰتَیْتَنَا: (اٰتَیْتَ.نَا) تو نے ہمیں دیا، اٰتَیْتَ، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔ (۷:۱۸۹).

اٰتَیْتَنِیْ: (اٰتَیْتَ.نِیْ) تو نے مجھے دیا، اٰتَیْتَ، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔ (۱۲:۱۰۱).

اٰتَیْتَهُنَّ: (اٰتَیْتَ.هُنَّ) تو نے ان عورتوں کو دیا، اٰتَیْتَ، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر، هُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)۔ (۳۳:۵۱).

اٰتِیْكَ: (اٰتِیْ.كَ) میں تیرے پاس لاؤں گا، اٰتِیْ، (ضرب) اِتْیَانٌ (بِ) سے، مضارع واحد متکلم، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)، [مادہ: اتی]۔ (۲۷:۳۹، ٤۰).

اٰتِیْكُمْ: (اٰتِیْ.كُمْ) میں تمہارے پاس لاؤں گا، (شاید) میں تمہارے پاس لے آؤں، اٰتِیْ، (ضرب) اِتْیَانٌ (بِ) سے، مضارع واحد متکلم، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۲۰:۱۰) (۲۷:۷، ۷) (۲۸:۲۹).

اٰتِیْكُمْ: (اٰتِیْ.كُمْ) تمہارے پاس لانے والا، اٰتِیْ (اسم فاعل واحد مذکر، دیکھو اٰتِیْ و اٰتٍ) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٤٤:۱۹).

اٰتِیْنَ: تم دو، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، امر جمع حاضر مؤنث، [مادہ: اتی]۔ (۳۳:۳۳).

اٰتَیْنَا: ہم نے دیا، ہم نے عطا کیا/ بخشا، ہم نے دی/ دیں، ہم نے عطا کی/ عطا کیں، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (٥٣:٢، ٨٧، ٨٧، ٢٥٣) (٥٤:٤، ١٥٣، ١٦٣) (١٥٤:٦) (١١٠:١١) (٢:١٧، ٥٥، ٥٩، ١٠١) (٤٨:٢١، ٥١، ٧٩) (٤٩:٢٣) (٣٥:٢٥) (١٥:٢٧) (٤٣:٢٨) (١٢:٣١) (١٣:٣٢، ٢٣) (١٠:٣٤) (٥٣:٤٠) (٤٥:٤١) (١٦:٤٥) (٢٧:٥٧).

اٰتَیْنٰكَ: (اٰتَیْنَا.كَ) ہم نے تجھ کو دیا، اٰتَیْنَا، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (٨٧:١٥) (٩٩:٢٠).

اٰتَیْنٰكُمْ: (اٰتَیْنَا.كُمْ) ہم نے تم کو دیا، اٰتَیْنَا، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (٦٣:٢، ٩٣) (١٧١:٧).

اٰتَیْنٰهُ: (اٰتَیْنَا.هُ) ہم نے اس کو دیا، ہم نے اسے دیں، اٰتَیْنَا، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (٤٦:٥) (١٧٥:٧) (٢٢:١٢) (١٢٢:١٦) (٦٥:١٨، ٨٤) (١٢:١٩) (٧٤:٢١، ٨٤) (١٤:٢٨، ٧٦) (٢٧:٢٩) (٢٠:٣٨) (٢٧:٥٧).

اٰتَیْنٰهَا: (اٰتَیْنَا.هَا) ہم نے اسے دیا، ہم نے وہ دی، اٰتَیْنَا، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (٨٣:٦).

اٰتَیْنٰهُمْ: (اٰتَیْنَا.هُمْ) ہم نے ان کو دیا، اٰتَیْنَا، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (١٢١:٢، ١٤٦، ٢١١) (٥٤:٤، ٦٧) (٢٠:٦، ٨٩، ١١٤) (٣٦:١٣) (٨١:١٥) (٥٥:١٦) (٥٢:٢٨) (٤٧:٢٩، ٦٦) (٣٤:٣٠) (٤٤:٣٤، ٤٥) (٤٠:٣٥) (٢١:٤٣) (٣٣:٤٤) (١٧:٤٥).

اٰتَیْنٰهُمَا: (اٰتَیْنَا.هُمَا) ہم نے ان دونوں کو دی، اٰتَیْنَا، (افعال) اِیْتَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُمَا ضمیر مفعول (تثنیہ غائب مذکر)۔ (١١٧:٣٧).

اٰتِیَنَّهُمْ: (لَاٰتِیَنَّ.هُمْ) میں ان پر ضرور آؤں گا، لَاٰتِیَنَّ، (ضرب) اِتْیَانٌ سے، مضارع با نون تاکید ثقیلہ واحد متکلم، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)، [مادہ: اتی]۔ (١٧:٧).

اٰتِیْهِ: (اٰتِیْ.هِ) اس کے پاس آنے والا، اٰتِیْ مضاف، هِ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ دیکھو اٰتٍ و اٰتِیْ۔ (٩٥:١٩).

اٰتِیْهِمْ: (اٰتِیْ.هِمْ) ان کے پاس آنے والا، اٰتِیْ مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ دیکھو اٰتِیْ۔ (٧٦:١١).

اٰثَار: نشانیاں، علامتیں، اَثَرٌ کی جمع۔ (٥٠:٣٠)، اٰثَارًا (٢١:٤٠، ٨٢).

اٰثٰرِهِمْ: (اٰثٰرِ.هِمْ) ان کے نشانات، ان کے نشاناتِ قدم، ان کے پیچھے پیچھے، اٰثٰرِ (اَثَرٌ کی جمع) مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٤٦:٥) (٦:١٨) (٧٠:٣٧) (٢٢:٤٣، ٢٣) (٢٧:٥٧)، اٰثٰرِهِمْ (١٢:٣٦).

اٰثٰرِهِمَا: (اٰثٰرِ.هِمَا) ان دونوں کے نشانات، ان کے نشاناتِ قدم، اٰثٰرِ مضاف، هِمَا (ضمیر تثنیہ غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٦٤:١٨).

اٰثَرَ: اس نے پسند کیا/ بہتر سمجھا، (افعال۲: اٰثَرَ. یُؤْثِرُ) اِیْثَارٌ (کسی چیز کو دوسری پر ترجیح دینا اور پسند کرنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ: اثر]۔ (٣٨:٧٩).

اٰثَرَكَ: (اٰثَرَ.كَ) اس نے تجھے پسند کر لیا، اس نے تجھے فضیلت بخشی، اٰثَرَ، (افعال) اِیْثَارٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (٩١:١٢).

اٰثِمٌ: گنہگار، (سمع ۲) اِثْمٌ سے جسکے معنی ناجائز کام کرنے کے ہیں، اسم فاعل واحد مذکر۔ (٢٨٣:٢)، اٰثِمًا (٢٤:٧٦).

الْاٰثِمِیْنَ: بہت سے گنہگار، (سمع: اَثِمَ. یَأْثَمُ) اِثْمٌ (گنہگار رہونا) سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، اٰثِمٌ واحد۔ (١٠٦:٥).

آخِذٌ: لینے والا، پکڑنے والا، (نصر۲؛ اَخَذَ۔یَاْخُذُ) اَخْذٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(٥٦:١١).

اٰخِذِیْنَ: لینے والے، پکڑنے والے، (نصر) اَخْذٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، اٰخِذٌ واحد۔(١٦:٥١).

اٰخِذِیْہِ: (اٰخِذِیْ۔ہِ) اسے لینے والے، اس کو پکڑنے والے، اٰخِذِیْ (اصل میں اٰخِذِیْنَ، بسبب اضافت نون گر گیا) مضاف، ہِ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(٢٦٧:٢).

اٰخِرُ، (الْاٰخِرِ، الْاٰخِرَ): پچھلا، آخری، (ان کے کلام کا) خاتمہ، پچھلا دن یعنی قیامت، اَوَاخِرُ جمع۔ جس جگہ یہ لفظ اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر آتا ہے وہاں تمام مخلوق کے فنا ہونے کے بعد باقی رہنے والی ذات مراد ہے، [مادہ؛ اخر]۔ اٰخِرُ (١٠:١٠)، الْاٰخِرِ (٨:٢، ٦٢، ١٢٦، ١٧٧، ٢٢٨، ٢٣٢، ٢٦٤) (١١٤:٣) (٣٨:٤، ٣٩، ٥٩، ١٣٦، ١٦٢) (٦٩:٥) (١٨:٩، ١٩، ٢٩، ٤٤، ٤٥، ٩٩) (٢:٢٤) (٢٢:٥٨) (٢:٦٥)، الْاٰخِرَ (٣٦:٢٩) (٢١:٣٣) (٦:٦٠)، الْاٰخِرُ (٣:٥٧).

اٰخَرُ، (اٰخَرَ، الْاٰخَرُ): دوسرا، اور شخص، کوئی اور، [مادہ؛ اخر]۔ اٰخَرَ (١٠٢:٩) (٩٦:١٥) (٢٢:١٧، ٣٩) (١٤:٢٣، ١١٧) (٦٨:٢٥) (٢١٣:٢٦) (٨٨:٢٨) (٢٦:٥٠) (٥١:٥١)، اٰخَرُ (٥٨:٣٨)، الْاٰخَرِ (٢٧:٥)، الْاٰخَرُ (٣٦:١٢، ٤١).

اٰخَرٰنِ: دو دوسرے، دو کوئی اور، اٰخَرُ کا تثنیہ۔(١٠٦:٥، ١٠٧).

الْاٰخِرَۃُ، الْاٰخِرَۃِ: آخرت، پچھلی، عقبیٰ، عالم بقا، یہ اٰخِرٌ کی مؤنث ہے۔ الْاٰخِرَۃِ (٤:٢، ٨٦، ١٠٢، ١١٤، ١٣٠، ٢٠٠، ٢٠١، ٢١٧، ٢٢٠) (٢٢:٣، ٤٥، ٥٦، ٧٧، ٨٥، ١٤٥، ١٤٨، ١٧٦) (٧٤:٤، ١٣٤) (٥:٥، ٣٣، ٤١) (٩٢:٦، ١١٣، ١٥٠) (٤٥:٧، ١٤٧، ١٥٦) (٣٨:٩، ٣٨، ٦٩، ٧٤) (٦٤:١٠) (١٦:١١، ١٩، ٢٢، ١٠٣) (٣٧:١٢، ٥٧، ١٠١، ١٠٩) (٢٦:١٣، ٣٤) (٣:١٤، ٢٧) (٢٢:١٦، ٣٠، ٤١، ٦٠، ١٠٧، ١٠٩، ١٢٢) (٧:١٧، ١٠، ٤٥، ٧٢، ١٠٤) (١٢٧:٢٠) (١٥:٢٢) (٣٣:٢٣، ٧٤) (١٤:٢٤، ١٩، ٢٣) (٣:٢٧، ٤، ٥، ٦٦) (٧٠:٢٨) (٢٧:٢٩) (٧:٣٠، ١٦) (٤:٣١) (٥٧:٣٣) (١:٣٤، ٨، ٢١) (٧:٣٨) (٢٦:٣٩، ٤٥) (٤٣:٤٠) (٧:٤١، ١٦، ٣١) (٢٠:٤٢، ٢٠) (٢٧:٥٣) (٢٠:٥٧) (٣:٥٩) (١٣:٦٠) (٣٣:٦٨) (٢٥:٧٩)، الْاٰخِرَۃَ (١٥٢:٣) (٦٧:٨) (١٩:١٧) (١١:٢٢) (٧٧:٢٨) (٢٠:٢٩، ٦٤) (٢٩:٣٣) (٩:٣٩) (٣٩:٤٠) (٥٣:٧٤) (٢١:٧٥) (١٣:٩٢)، الْاٰخِرَۃُ (٩٤:٢) (٧٧:٤) (٣٢:٦) (١٦٩:٧) (٢١:١٧) (٨٣:٢٨) (٣٥:٤٣) (٢٥:٥٣) (١٧:٨٧) (٤:٩٣).

اٰخِرِنَا: (اٰخِرِ۔نَا) ہمارا پچھلا، ہمارا آخر، اٰخِرِ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔(١١٤:٥).

اٰخَرُوْنَ: دوسرے، اور لوگ، اٰخَرُ کی جمع (بحالت رفع)۔ (١٠٢:٩، ١٠٦) (٤:٢٥) (٢٠:٧٣، ٢٠).

اٰخِرَہٗ: (اٰخِرَ۔ہٗ) اس کا آخر، اٰخِرَ مضاف، ہٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(٧٢:٣).

اٰخَرِیْنَ: دوسرے، اٰخَرُ کی جمع (بحالت نصب وجر)۔(٩١:٤، ١٣٣) (٤١:٥) (٦:٦، ١٣٣) (٦٠:٨) (١١:٢١) (٣١:٢٣، ٤٢) (٣٨:٣٨) (٢٨:٤٤) (٣:٦٢)، الْاٰخَرِیْنَ (٦٤:٢٦، ٦٦، ١٧٢) (٨٢:٣٧، ١٣٦).

الْاٰخِرِیْنَ: پچھلے/ بعد والے، اٰخِرٌ کی جمع۔ (٨٤:٢٦) (٧٨:٣٧، ١٠٨، ١١٩، ١٢٩) (٥٦:٤٣) (١٤:٥٦، ٤٠، ٤٩) (١٧:٧٧).

اٰدَم: سب سے پہلا تذکرہ قرآن میں ابو البشر حضرت آدمؑ کا ہے، یہ عربی نام ہے (اور بعض کے نزدیک عجمی ہے)، اَدِیْم سے نکلا ہے، ادیم الارض یعنی سطح زمین سے پیدا کیے گئے، اللہ تعالیٰ نے زمین کے ہر چپہ سے مشت خاک لے کر حضرت آدمؑ کو پیدا کیا، اسی وجہ سے بنی آدم مختلف رنگ و روپ کے ہیں۔ حضرت آدمؑ پہلے نبی اور رسول تھے۔ حضورؐ کے ارشاد کے مطابق اللہ نے ان کو اپنے ہاتھ سے پیدا

کیا، پھر ان میں روح پھونکی، پھر ان کو درست کیا۔ حضرت آدمؑ کی کنیت ابو محمد ہے، جنت میں اسی نام سے یاد کیے جائیں گے، آپ کو اللہ نے نبوت کے ساتھ خلافت الٰہی سے سرفراز فرمایا، ابلیس لعین نے آپ کو سجدہ نہ کیا اور آپ کا دشمن ہو گیا، آپ نے جمعہ کے دن وفات پائی، آپ کی عمر قریباً ایک ہزار برس تھی۔ اٰدَمَ (۲:۳۱، ۳٤) (۳:۳۳، ٥۹) (٥:۲۷) (۷:۱۱، ۲٦، ۲۷، ۳۱، ۳٥، ۱۷۲) (۱۷:٦۱، ۷۰) (۱۸:٥۰) (۱۹:٥۸) (۲۰:۱۱٥، ۱۱٦) (۳٦:٦۰)، اٰدَمُ (۲:۳۳، ۳٥، ۳۷) (۷:۱۹) (۲۰:۱۱۷، ۱۲۰، ۱۲۱).

اٰذَانَ: کان، (مضاف)، اُذُنٌ کی جمع۔ (٤:۱۱۹)، اٰذَانٌ (۷:۱۷۹، ۱۹٥) (۲۲:٤٦).

اٰذَانِنَا: (اٰذَانِ. نَا) ہمارے کان، اٰذَانِ (اُذُنٌ واحد) مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (٤۱:٥).

اٰذَانِهِمْ: (اٰذَانِ. هِمْ) ان کے کان، اٰذَانِ مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۲:۱۹) (٦:۲٥) (۱۷:٤٦) (۱۸:۱۱، ٥۷) (٤۱:٤٤) (۷۱:۷).

اٰذَنَ: میں اجازت دوں، (سمع ۲؛ اَذِنَ. یَاْذَنُ) اِذْنٌ سے جسکے معنی اجازت دینے کے ہیں، مضارع واحد متکلم۔ (۷:۱۲۳) (۲۰:۷۱) (۲٦:٤۹).

اِئْذَنْ: تو اجازت دے، (سمع) اِذْنٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (۹:٤۹)، فَاْذَنْ (فَ. اِئْذَنْ) (۲٤:٦۲).

اٰذَنّٰكَ: (اٰذَنّٰا. كَ) ہم نے تجھ کو کہہ سنایا، اٰذَنّٰا، (افعال۲؛ اٰذَنَ. یُؤْذِنُ) اِیْذَانٌ (اطلاع دینا/آگاہ کرنا) سے، ماضی جمع متکلم، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)، [مادہ؛ اذن]۔ (٤۱:٤۷).

اٰذَنْتُكُمْ: (اٰذَنْتُ. كُمْ) میں نے تم کو خبر دی/تمہیں اطلاع دی، اٰذَنْتُ، (افعال) اِیْذَانٌ سے، ماضی واحد متکلم، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۲۱:۱۰۹).

اِئْذَنُوْا: تم سن لو، (سمع) اَذَنٌ سے جسکے معنی سننے اور کان لگانے کے ہیں، امر جمع حاضر مذکر۔ فَاْذَنُوْا (فَ. اِئْذَنُوْا) (۲:۲۷۹).

اٰذَوْا: انہوں نے ستایا، (افعال۲+۱۱؛ اٰذٰی. یُؤْذِیْ) اِیْذَاءٌ (ایذا دینا، ستانا) سے، ماضی جمع غائب مذکر، [مادہ؛ اذی]۔ (۳۳:٦۹).

اٰذُوْهُمَا: (اٰذُوْا. هُمَا) تم ان دونوں کو ایذا دو، اٰذُوْا، (افعال) اِیْذَاءٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، هُمَا ضمیر مفعول (تثنیہ غائب)۔ یہاں مارنے پیٹنے کی طرف اشارہ ہے۔ (٤:۱٦).

اٰذَیْتُمُوْنَا: (اٰذَیْتُمُوْ. نَا) تم نے ہم کو ایذا دی، اٰذَیْتُمُوْ، (افعال) اِیْذَاءٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔ اٰذَیْتُمُوْ اصل میں اٰذَیْتُمْ، واوٗ اشباعی ہے۔ (۱٤:۱۲).

اٰزَرَ: یہ عبرانی لفظ ہے، حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کا نام ہے، تورات میں ان کا نام تارخ ہے۔ قیاس یہ ہے کہ اٰزر تارخ کی تعریب ہے، جس طرح اسحٰق اسحٰک یا اصحاق کا معرّب ہے، یا یہ دو نام ہیں، جیسے یعقوب و اسرائیل۔ بعض علماء کا خیال ہے کہ یہ حضرت ابراہیمؑ کا چچا تھا۔ چونکہ اس نے ان کی پرورش کی تھی اس لیے قرآن نے اسے باپ کہا۔ اور عربی میں چچا کے لیے بھی اب کا لفظ بولا جاتا ہے۔ لیکن یہ خیال غلط ہے، کیونکہ اب کا لفظ جب مفرد استعمال ہو اور کوئی قرینہ مجاز بھی موجود نہ ہو جو اسے حقیقی معنی میں استعمال سے روکتا ہو تو ہمیشہ باپ کے معنی میں ہوگا۔ قرآن میں لفظ آزر کے ساتھ ایسا کوئی قرینہ مجاز موجود نہیں، نیز صحیح بخاری کی حدیث میں بھی آپؑ کے والد کا نام آزر ہی بیان کیا گیا ہے۔

اٰزَرَهٗ: (اٰزَرَ. هٗ) اس کی کمر مضبوط کی، اٰزَرَ، (مفاعلہ۲؛ اٰزَرَ. یُؤَازِرُ) مُؤَازَرَةٌ (کمر مضبوط کرنا، قوی کرنا، معاونت کرنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)، [مادہ؛ ازر]۔ (٤۸:۲۹).

الْاٰزِفَةُ: نزدیک آنے والی، قریب آ لگنے والی جس کے آنے کا وقت بہت تنگ ہو گیا ہو، مراد قیامت ہے، (سمع ۲) اَزَفٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔ (٥۳:٥۷)، الْاٰزِفَةِ (٤۰:۱۸).

اٰسٰی: میں افسوس کروں، (سمع ۲+۱۱؛ اَسِیَ. یَاْسٰی) اَسًی (سخت غمگین ہونا) سے، مضارع واحد متکلم۔ (۷:۹۳).

اَسَفُوْنَا: (اَسَفُوْا. نَا) انہوں نے ہم کو غصہ دلایا یعنی وہ کام کیے جن پر عادۃً خدا کا غضب نازل ہوتا ہے، اَسَفُوْا، (افعال۲: اَسَفَ. يُؤْسِفُ) اِيْسَافٌ (غصہ دلانا) سے، ماضی جمع غائب مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)، [مادہ: اسف]۔ (٤٣:٥٥).

اٰسِنٍ: سخت بدبودار، سڑنے والا، بدمزہ ہونے والا، (نصر۲: اَسَنَ. يَاْسُنُ) اَسْنٌ سے جسکے معنی سخت بدبودار ہونے کے ہیں، اسم فاعل واحد مذکر۔ **غَيْرِ اٰسِنٍ**: جو نہیں سڑتا، بو نہیں دیگا، غیر متغیر، نتھرا ہوا۔ (٤٧:١٥).

الْاٰصَالِ: شام، شام کے اوقات، اَصِيْلٌ کی جمع، [مادہ: اصل]۔ (٧:٢٠٥) (١٣:١٥) (٢٤:٣٦).

الْاٰفَاقِ: دنیا، اطراف عالم، آسمان کے کنارے، اُفُقٌ واحد۔ (٤١:٥٣).

الْاٰفِلِيْنَ: غائب ہوجانے والے، غروب ہوجانے والے، (نصر، ضرب، سمع۲) اُفُوْلٌ سے جسکے معنی ڈوبنے/غروب ہونے کے ہیں، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، اٰفِلٌ واحد۔ (٦:٧٦).

اٰكِلُوْنَ: کھانے والے، (نصر۲) اَكْلٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، اٰكِلٌ واحد۔ (٣٧:٦٦) (٥٦:٥٢).

الْاٰكِلِيْنَ: کھانے والے، (نصر) اَكْلٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، اٰكِلٌ واحد۔ (٢٣:٢٠).

اٰلُ: گھر کے لوگ، اہل و عیال، قوم، دوست، متبعین، [مادہ: اول]۔ اصل میں اَوْلٌ کے معنی لوٹنے کے ہیں، واؤ کو الف سے بدلا گیا تو اٰلٌ ہو گیا، جو لوگ دوستی اور قرابت میں کسی کی طرف لوٹیں وہ اٰلٌ سے موسوم ہوئے۔ اٰل کا لفظ کسی قابل تعظیم یا صاحب حیثیت کیلئے استعمال کیا جاتا ہے، مثلاً اٰلُ الْمَلِكِ یا اٰلُ الْقَاضِيْ کہا جاتا ہے اٰلُ الْحَجَّامِ یا اٰلُ الْاِسْكَافِ نہیں کہتے۔ اٰلِ (٢:٤٩) (٣:١١) (٧:١٤١) (٨:٥٢، ٥٤) (١٢:٦) (١٤:٦) (١٩:٦) (٤٠:٢٨، ٤٥)، اٰلَ (٢:٥٠) (٣:٣٣، ٣٣) (٤:٥٤) (٧:١٣٠) (٨:٥٤) (١٥:٥٩، ٦١) (٢٧:٥٦) (٣٤:١٣) (٤٠:٤٦) (٥٤:٣٤، ٤١)، اٰلُ (٢:٢٤٨، ٢٤٨) (٢٨:٨).

اٰلَآءِ: احسانات، نعمتیں، اِلًى کی جمع۔ (٥٣:٥٥) (٥٥:١٣، ١٦، ١٨، ٢١، ٢٣، ٢٥، ٢٨، ٣٠، ٣٢، ٣٤، ٣٦، ٣٨، ٤٠، ٤٢، ٤٥، ٤٧، ٤٩، ٥١، ٥٣، ٥٥، ٥٧، ٥٩، ٦١، ٦٣، ٦٥، ٦٧، ٦٩، ٧١، ٧٣، ٧٥، ٧٧)، اٰلَآءَ (٧:٦٩، ٧٤).

اُلُوْفٍ: ہزاروں، اَلْفٌ کی جمع۔ (٣:١٢٤، ١٢٥).

اٰلِهَةٌ: (مقرر کیے ہوئے) معبود، معبودانِ باطل، اِلٰهٌ کی جمع، [مادہ: اله]۔ (٧:١٣٨) (١٧:٤٢) (٢١:٢٢، ٤٣)، اٰلِهَةً (٦:١٩، ٧٤) (١٨:١٥) (١٩:٨١) (٢١:٢١، ٢٤، ٩٩) (٢٥:٣) (٣٦:٢٣، ٧٤) (٣٧:٨٦) (٤٣:٤٥) (٤٦:٢٨)، الْاٰلِهَةَ (٣٨:٥).

اٰلِهَتَكَ: (اٰلِهَةَ. كَ) تیرے (مقرر کیے ہوئے) معبود، اٰلِهَةَ (اِلٰهٌ کی جمع) مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٧:١٢٧).

اٰلِهَتَكُمْ: (اٰلِهَةَ. كُمْ) تمہارے معبود، اٰلِهَةَ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٢١:٣٦، ٦٨) (٧١:٢٣)، اٰلِهَتِكُمْ (٣٨:٦).

اٰلِهَتِنَا: (اٰلِهَةِ. نَا) ہمارے معبود، اٰلِهَةِ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (١١:٥٣، ٥٤) (٢١:٥٩، ٦٢) (٢٥:٤٢) (٣٧:٣٦) (٤٦:٢٢)، اٰلِهَتُنَا (٤٣:٥٨).

اٰلِهَتُهُمْ: (اٰلِهَةُ. هُمْ) ان کے معبود، اٰلِهَةُ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (١١:١٠١)، اٰلِهَتِهِمْ (٣٧:٩١).

اٰلِهَتِيْ: (اٰلِهَةِ. ىْ) میرے معبود، اٰلِهَةِ مضاف، ى (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔ (١٩:٤٦).

اَىِٕمَّةً: امام، پیشوا، رہنما، اِمَامٌ کی جمع، [مادہ: امم]۔ (٢١:٧٣) (٢٨:٥، ٤١) (٣٢:٢٤)، اَىِٕمَّةَ (٩:١٢).

اُءْمُرْ: تو حکم دے، تو مشورہ دے، (نصر۲) اَمْرٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔(۱۴۵:۷، ۱۹۹) (۱۳۲:۲۰) (۱۷:۳۱)۔

اٰمُرَنَّھُمْ: (لَاٰمُرَنَّ.ھُمْ) میں انہیں ضرور حکم دوں گا، لَاٰمُرَنَّ، (نصر) اَمْرٌ سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ واحد متکلم، ھُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۱۱۹:۴، ۱۱۹)۔

اَلْاٰمِرُوْنَ: حکم دینے والے، (نصر) اَمْرٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، اٰمِرٌ واحد۔(۱۱۲:۹)۔

اٰمُرُہٗ: (اٰمُرُ.ہٗ) میں اسے حکم کرتی ہوں، میں اس کو کہتی ہوں، اٰمُرُ، (نصر) اَمْرٌ سے، مضارع واحد متکلم، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۳۲:۱۲)۔

اٰمَنَ: وہ ایمان لایا، وہ ایمان لائے، (افعال۲: اٰمَنَ.یُؤْمِنُ) اِیْمَانٌ سے جسکے معنی ایمان لانے اور ماننے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ: امن]۔عربی کا قاعدہ ہے کہ جب فعل اپنے فاعل (اسم ظاہر) سے پہلے آئے تو ہمیشہ واحد ہوگا (اور یہی وجہ ہے کہ فعل کا ترجمہ فاعل کے مطابق واحد یا جمع کا کیا جاتا ہے) جیسا کہ آیت میں ہے، اٰمَنَ السُّفَھَآءُ: بیوقوف لوگ ایمان لائے، اس میں السُّفَھَاءُ جمع کا صیغہ ہے اور اٰمَنَ کا ترجمہ اسکے مطابق ہے۔اب یہ فعل کبھی واحد مذکر ہوتا ہے اور کبھی واحد مؤنث، جب فاعل غیر عاقل (انسانوں، جنوں اور فرشتوں کے علاوہ) جمع مکسر ہو تو فعل بالعموم واحد مؤنث لاتے ہیں۔(اسکی بہت سی مثالیں قرآن میں ملیں گی، مثلاً دیکھو تُکِنُّ)۔اسی طرح جب ضمیر کا مرجع غیر عاقل جمع ہو تو ضمیر بھی بالعموم واحد ہی لائی جاتی ہے، مثلاً جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِھَا الْاَنْھٰرُ (جنتیں جن کے تلے نہریں بہتی ہیں)، اس میں تَحْتِھَا (اسکے نیچے) کی ھَا کا مرجع یعنی اشارہ جَنّٰت (جنتیں) کی طرف ہے اور ھَا (اسکی/ اسکے) ضمیر واحد مؤنث ہے اور جَنّٰت جمع ہے جَنَّۃ کی (یہاں پر بھی ترجمہ مرجع کے مطابق کیا جاتا ہے یعنی ھَا: ان کے/جن کے)۔اور الْاَنْھٰرُ (نہریں) جمع مکسر کا صیغہ ہے اور تَجْرِیْ (بہتی ہے/ ہیں) کا فاعل ہے جو واحد مؤنث ہے۔ (۱۳:۲، ۱۳، ۶۲، ۱۲۶، ۱۷۷، ۲۵۳، ۲۸۵، ۲۸۵) (۹۹:۳، ۱۱۰) (۵۵:۴) (۶۹:۵) (۴۸:۶) (۷۵:۷، ۸۶) (۱۸:۹، ۱۹) (۸۳:۱۰، ۹۹) (۳۶:۱۱، ۴۰، ۴۰) (۸۸:۱۸) (۶۰:۱۹) (۸۲:۲۰) (۷۰:۲۵) (۶۷:۲۸، ۸۰) (۲۶:۲۹) (۳۷:۳۴) (۳۰:۴۰، ۳۸) (۱۰:۴۶)۔

اٰمِنْ: تو ایمان لا، (افعال) اِیْمَانٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (۱۷:۴۶)۔

اٰمَنَّا: ہم ایمان لائے، (افعال) اِیْمَانٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (۸:۲، ۱۴، ۷۶، ۱۳۶) (۷:۳، ۱۶، ۵۲، ۵۳، ۸۴، ۱۱۹، ۱۹۳) (۴۱:۵، ۵۹، ۶۱، ۸۳، ۱۱۱) (۱۲۱:۷، ۱۲۶) (۷۰:۲۰، ۷۳) (۱۰۹:۲۳) (۴۷:۲۴) (۴۷:۲۶) (۵۳:۲۸) (۲:۲۹، ۱۰، ۴۶) (۵۲:۳۴) (۸۴:۴۰) (۱۴:۴۹) (۲۹:۶۷) (۲:۷۲، ۱۳)۔

اٰمِنًا: امن والا، پرامن، (سمع ۲: اَمِنَ.یَاْمَنُ) اَمْنٌ (مطمئن ہونا، امن میں ہونا) سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(۱۲۶:۲) (۹۷:۳) (۳۵:۱۴) (۵۷:۲۸) (۶۷:۲۹) (۴۰:۴۱)۔

اٰمِنَۃً: امن والی، پرامن، (سمع) اَمْنٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔(۱۱۲:۱۶)۔

اٰمَنَتْ: وہ ایمان لائی، اس نے مانا، (افعال۲: اٰمَنَ.یُؤْمِنُ) اِیْمَانٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث، [مادہ: امن]۔(۱۵۸:۶) (۹۰:۱۰، ۹۸) (۶:۲۱) (۱۴:۶۱)۔

اٰمَنْتُ: میں ایمان لایا، میں نے مانا، میں نے یقین کر لیا، (افعال) اِیْمَانٌ سے، ماضی واحد متکلم۔(۹۰:۱۰) (۲۵:۳۶) (۱۵:۴۲)۔

اٰمَنْتُمْ: تم ایمان لائے، تم نے مانا/ یقین کیا، (افعال) اِیْمَانٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (۱۳۷:۲) (۱۴۷:۴) (۱۲:۵) (۷۶:۷، ۱۲۳) (۴۱:۸) (۵۱:۱۰، ۸۴) (۷۱:۲۰) (۴۹:۲۶)۔

اٰمَنُکُمْ: (اٰمَنُ.کُمْ) میں تمہارا اعتبار کروں، اٰمَنُ، (ضرب، سمع ۲) اَمْنٌ (اعتبار کرنا، کسی پر اعتماد و بھروسا کرنا) سے، مضارع

واحد متکلم، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(٦٤:١٢).

اٰمِنُوْا: تم ایمان لاؤ، (افعال) اِیْمَانٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (١٣:٢، ٤١، ٩١) (٧٢:٣، ١٧٩، ١٩٣) (٤٧:٤، ١٣٦، ١٧٠، ١٧١) (١١١:٥) (١٥٨:٧) (٨٦:٩) (١٠٧:١٧) (٣١:٤٦) (٧:٥٧، ٢٨) (٨:٦٤).

اٰمَنُوْا: وہ ایمان لائے، (افعال) اِیْمَانٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(٩:٢، ١٤، ٢٥، ٢٦، ٦٢، ٧٦، ٨٢، ١٠٣، ١٠٤، ١٣٧، ١٥٣، ١٦٥، ١٧٢، ١٧٨، ١٨٣، ٢٠٨، ٢١٢، ٢١٣، ٢١٤، ٢١٨، ٢٤٩، ٢٥٤، ٢٥٧، ٢٦٤، ٢٦٧، ٢٧٧، ٢٧٨، ٢٨٢) (٥٧:٣، ٦٨، ٧٢، ١٠٠، ١٠٢، ١١٨، ١٣٠، ١٤٠، ١٤١، ١٤٩، ١٥٦، ٢٠٠) (١٩:٤، ٢٩، ٣٩، ٤٣، ٥١، ٥٧، ٥٩، ٦٠، ٧١، ٧٦، ٩٤، ١٢٢، ١٣٥، ١٣٦، ١٣٧، ١٣٧، ١٤٤، ١٥٢، ١٧٣، ١٧٥) (١:٥، ٢، ٦، ٨، ٩، ١١، ٣٥، ٥١، ٥٣، ٥٤، ٥٥، ٥٦، ٥٧، ٦٥، ٦٩، ٨٢، ٨٢، ٨٧، ٩٠، ٩٣، ٩٣، ٩٣، ٩٤، ٩٥، ١٠١، ١٠٥، ١٠٦) (٨٢:٦) (٣٢:٧، ٤٢، ٨٧، ٨٨، ٩٦، ١٥٣، ١٥٧) (١٢:٨، ١٥، ٢٠، ٢٤، ٢٧، ٢٩، ٤٥، ٧٢، ٧٢، ٧٤، ٧٥) (٢٠:٩، ٢٣، ٢٨، ٣٤، ٣٨، ٦١، ٨٨، ١١٣، ١١٩، ١٢٣، ١٢٤) (٢:١٠، ٤، ٩، ٦٣، ٩٨، ١٠٣) (٢٣:١١، ٢٩، ٥٨، ٦٦، ٩٤) (٥٧:١٢) (٢٨:١٣، ٢٩، ٣١) (٢٣:١٤، ٢٧، ٣١) (٩٩:١٦، ١٠٢) (١٣:١٨، ٣٠، ١٠٧) (٧٣:١٩، ٩٦) (١٤:٢٢، ١٧، ٢٣، ٣٨، ٥٠، ٥٤، ٥٦، ٧٧) (١٩:٢٤، ٢١، ٢٧، ٥٥، ٥٨، ٦٢) (٢٢٧:٢٦) (٥٣:٢٧) (٧:٢٩، ٩، ١١، ١٢، ٥٢، ٥٦، ٥٨) (١٥:٣٠، ٤٥) (٨:٣١) (١٩:٣٢) (٩:٣٣، ٤١، ٤٩، ٥٣، ٥٦، ٦٩، ٧٠) (٤:٣٤) (٧:٣٥) (٤٧:٣٦) (١٤٨:٣٧) (٢٤:٣٨، ٢٨) (١٠:٣٩) (٧:٤٠، ٢٥، ٣٥، ٥١، ٥٨) (٨:٤١، ١٨، ٤٤) (١٨:٤٢، ٢٢، ٢٣، ٢٦، ٣٦، ٤٥) (٦٩:٤٣) (١٤:٤٥، ٢١، ٣٠) (١١:٤٦) (٢:٤٧، ٢، ٣، ٧، ١١، ١٢، ٢٠، ٣٣) (٢٩:٤٨) (١:٤٩، ٢، ٦، ١١، ١٢، ١٥) (٢١:٥٢) (٧:٥٧، ١٣، ١٦، ١٩، ٢١، ٢٧، ٢٨) (٩:٥٨، ١٠، ١١، ١١، ١٢) (١٠:٥٩، ١٨) (١:٦٠، ١٠، ١٣) (٢:٦١، ١٠، ١٤، ١٤) (٩:٦٢) (٣:٦٣، ٩) (١٤:٦٤) (١٠:٦٥، ١١) (٦:٦٦، ٨، ٨، ١١) (٣١:٧٤) (٢٩:٨٣، ٣٤) (٢٥:٨٤) (١١:٨٥) (١٧:٩٠) (٦:٩٥) (٧:٩٨) (٣:١٠٣).

اٰمِنُوْنَ: امن والے، بے خوف، مطمئن، (سمع ۲) اَمْنٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، اٰمِنٌ واحد۔(٨٩:٢٧) (٣٧:٣٤).

اٰمَنَهُمْ: (اٰمَنَ.هُمْ) اس نے انہیں امن میں رکھا، اٰمَنَ، (افعال) اِیْمَانٌ سے جسکے معنی امن دینے کے بھی آتے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٤:١٠٦).

اٰمِنِیْنَ: مطمئن، بے خوف، (سمع) اَمْنٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، اٰمِنٌ واحد۔(٩٩:١٢) (٤٦:١٥، ٨٢) (١٤٦:٢٦) (١٨:٣٤) (٥٥:٤٤) (٢٧:٤٨)، الْاٰمِنِیْنَ (٣١:٢٨).

اٰمِّیْنَ: قصد کرنے والے، جانے والے، (نصر۲+۵؛ اَمَّ.یَؤُمُّ) اَمٌّ (قصد کرنا) سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، اٰمٌّ واحد، [مادہ؛امم]۔(٢:٥).

اٰنٍ: کھولنے والا، کھولتا پانی، (ضرب۲+۹؛ اَنٰی.یَاْنِیْ) اَنْیٌ (کھولنا، پکنا) سے، اسم فاعل واحد مذکر، اصل میں اٰنِیٌ تھا، تعلیل و تنقیص کے بعد اٰنٍ ہو گیا (یعنی اسم منقوص بحالت رفع و جر)۔ (٤٤:٥٥).

الْاٰنَ: اب/ اس وقت، اسم ظرف زمان ہے (الف لام تعریف کا ہے)۔(٧١:٢، ١٨٧) (١٨:٤) (٦٦:٨) (٥١:١٠، ٩١) (٥١:١٢) (٩:٧٢).

اٰنَآءَ: وقت/ اوقات، گھڑیاں، اَنًی واحد، [مادہ؛انی]۔(١١٣:٣) (٩:٣٩)، اٰنَآئِ (مجرور مضاف) (١٣٠:٢٠).

اٰنَسَ: اس نے دیکھا/ محسوس کیا، (افعال۲؛ اٰنَسَ.یُؤْنِسُ) اِیْنَاسٌ سے جسکے معنی دیکھنے اور محسوس کرنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛انس]۔(٢٩:٢٨).

اٰنَسْتُ: میں نے دیکھا/ محسوس کیا، (افعال) اِیْنَاسٌ سے، ماضی واحد متکلم۔(١٠:٢٠) (٧:٢٧) (٢٩:٢٨).

اٰنَسْتُمْ: تم نے دیکھا/محسوس کیا، (اگر) تم محسوس کرو، (افعال) اِیْنَاسٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(٤:٦).

اٰنِفًا: ابھی، اسی وقت، اب، اسم ظرف، اَنْفٌ سے ماخوذ ہے جس کے معنی سرے کے آتے ہیں، چونکہ سرے سے شے کی ابتداء ہوتی ہے اس لحاظ سے اٰنِفًا کے معنی اول وقت کے ہوئے۔(٤٧:١٦).

اٰنِيَـةٍ: برتن، باسن، اِنَاءٌ کی جمع، [مادہ؛ انی]۔ (٧٦:١٥) (٨٨:٥).

اٰوٰى: اس نے ٹھکانا دیا، اس نے جگہ دی، (افعال۲+۱۴؛ اٰوٰی.یُؤْوِیْ) اِیْوَاءٌ سے جسکے معنی فروکش کرنے اور جگہ دینے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ اوی]۔ (١٢:٦٩، ٩٩) (٩٣:٦).

اٰوٰىكُمْ: (اٰوٰی.كُمْ) اس نے تمہیں ٹھکانا دیا/تم کو جگہ دی، اٰوٰی، (افعال) اِیْوَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(٨:٢٦).

اُؤْتُمِنَ: وہ امین بنایا گیا، (افتعال۲؛ اِئْتَمَنَ.یَاْتَمِنُ) اِئْتِمَانٌ (کسی چیز پر امین بنانا) سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر، [مادہ؛ امن]۔(٢:٢٨٣).

اٰوَوْا: انہوں نے جگہ دی، (افعال) اِیْوَاءٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، [مادہ؛اوی]۔(٨:٧٢، ٧٤).

اِئْـوٗا: تم جا بیٹھو، تم فروکش ہو جاؤ، تم پناہ لو، (ضرب۲+۱۱؛ اَوٰی.یَاْوِیْ.اِئْوِ) اَوِیٌّ و اِوَاءٌ سے جسکے معنی اترنے، فروکش ہونے اور پناہ لینے کے ہیں سے، امر جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ اوی]۔(١٨:١٦).

اٰوِیْ: میں جا بیٹھوں گا، فروکش ہو جاؤں گا، (ضرب: اَوٰی.یَاْوِیْ) اَوِیٌّ و اِوَاءٌ سے، مضارع واحد متکلم۔(١١:٤٣، ٨٠).

اٰوَيْنٰهُمَا: (اٰوَیْـنَا.هُمَا) ہم نے ان دونوں کو ٹھکانا دیا، اٰوَیْنَا، (افعال؛ اٰوٰی.یُؤْوِیْ) اِیْوَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُمَا ضمیر مفعول (تثنیہ غائب مذکر)، [مادہ؛اوی]۔(٢٣:٥٠).

اٰيٰت: نشانیاں، آیتیں، اٰیَةٌ کی جمع، [مادہ؛ اوی یا ا.ی.ی]۔ اٰیٰتٍ (٢:٩٩، ١٦٤) (٣:١٩٠) (٦:٩٩) (٧:١٣٣) (١٠:٦، ٦٧) (١٣:٣، ٤) (١٤:٥) (١٥:٧٥) (١٦:١٢، ٧٩) (١٧:١٠١) (٢٠:٥٤، ١٢٨) (٢٢:١٦) (٢٣:٣٠) (٢٤:١، ٣٤، ٤٦) (٢٧:١٢، ٨٦) (٢٩:٢٤) (٣٠:٢١، ٢٢، ٢٣، ٢٤، ٣٧) (٣١:٣١) (٣٢:٢٦) (٣٤:١٩) (٣٩:٤٢، ٥٢) (٤٢:٣٣) (٤٥:٣، ١٣) (٥٧:٩) (٥٨:٥)، اٰیٰتِ (٢:٦١، ٢٣١) (٣:٤، ١٩، ٢١، ٧٠، ٩٨، ١١٢، ١١٣، ١٩٩) (٤:١٤٠، ١٥٥) (٦:٤، ٢٧، ٣٣، ١٥٧، ١٥٨، ١٥٨) (٧:٢٦، ١٢٦) (٨:٥٢، ٥٤) (٩:٩) (١٠:٧١، ٩٥) (١١:٥٩) (١٦:١٠٤، ١٠٥) (١٨:١٧، ٥٧، ١٠٥) (٢٠:١٢٧) (٢٣:٥٨) (٢٥:٧٣) (٢٨:٨٧) (٢٩:٢٣) (٣٠:١٠) (٣٢:٢٢) (٣٣:٣٤) (٣٦:٤٦) (٣٩:٦٣، ٧١) (٤٠:٤، ٣٥، ٥٦، ٦٣، ٦٩، ٨١) (٤٥:٨، ١١، ٣٥) (٤٦:٢٦) (٥٣:١٨) (٦٢:٥) (٦٥:١١)، اٰیٰتُ (٢:٢٥٢) (٣:١٠١، ١٠٨) (١٠:١) (١٢:١) (١٣:١) (١٥:١) (١٩:٥٨) (٢٦:٢) (٢٧:١) (٢٨:٢) (٣١:٢) (٤٥:٦)، اٰیٰتٌ (٣:٧، ٩٧) (١٢:٧) (٢٩:٤٩، ٥٠) (٤٥:٤، ٥) (٥١:٢٠)، الْاٰیٰتِ (٢:١١٨، ٢١٩، ٢٦٦) (٣:٥٨، ١١٨) (٥:٧٥) (٦:٤٦، ٥٥، ٦٥، ٩٧، ٩٨، ١٠٥، ١٢٦) (٧:٣٢، ٥٨، ١٧٤) (٩:١١) (١٠:٥، ٢٤) (١٢:٣٥) (١٣:٢) (١٧:٥٩، ٥٩) (٢٤:١٨، ٥٨، ٦١) (٣٠:٢٨) (٤٤:٣٣) (٤٦:٢٧) (٥٧:١٧)، الْاٰیٰتُ (٦:١٠٩) (١٠:١٠١) (٢٩:٥٠).

اٰيٰتِكَ: (اٰیٰتِ.كَ) تیری نشانیاں، اٰیٰتِ (اٰیَةٌ کی جمع) مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٢:١٢٩) (٢٠:١٣٤) (٢٨:٤٧).

اٰيٰتِنَا: (اٰیٰتِ.نَا) ہماری نشانیاں، اٰیٰتِ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (٢:٣٩، ١٥١) (٣:١١) (٤:٥٦) (٥:١٠، ٨٦) (٦:٣٩، ٤٩، ٥٤، ٦٨، ١٥٠، ١٥٧

(٩:٧، ٣٦، ٤٠، ٥١، ٦٤، ٧٢، ١٠٣، ١٣٦، ١٤٦، ١٤٧، ١٥٦، ١٧٥، ١٧٦، ١٧٧، ١٨٢) (٧:١٠، ٢١، ٧٣، ٧٥، ٩٢) (٩٦:١١) (٥:١٤) (٨١:١٥) (١:١٧، ٩٨) (٩:١٨) (٧٧:١٩) (٢٣:٢٠، ٥٦) (٧٧:٢١) (٥١:٢٢، ٥٧، ٧٢) (٤٥:٢٣) (٣٦:٢٥) (١٥:٢٦) (٨١:٢٧، ٨٢، ٨٣) (٣٥:٢٨، ٣٦، ٤٥، ٥٩) (٤٧:٢٩، ٤٩) (١٦:٣٠، ٥٣) (٣٢:٣١) (١٥:٣٢، ٢٤) (٥:٣٤، ٣٨) (٢٣:٤٠) (١٥:٤١، ٢٨، ٤٠، ٥٣) (٣٥:٤٢) (٤٦:٤٣، ٤٧، ٦٩) (٩:٤٥) (٤٢:٥٤) (١٩:٥٧) (١٠:٦٤) (١٦:٧٤) (٢٨:٧٨) (١٩:٩٠)، اٰيٰتُنَا (٣١:٨) (١٥:١٠) (٧٣:١٩) (١٢٦:٢٠) (٧٢:٢٢) (١٣:٢٧) (٧:٣١) (٤٣:٣٤) (٢٥:٤٥) (٧:٤٦) (١٥:٦٨) (١٣:٨٣).

اٰيٰتِهٖ: (اٰيٰتِ. ہٖ) اس کی نشانیاں، اٰیٰتِ مضاف، ہٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٧٣:٢، ١٨٧، ٢٢١، ٢٤٢) (١٠٣:٣، ١٦٤) (٨٩:٥) (٢١:٦، ٩٣، ١١٨) (٣٧:٧) (٦٥:٩) (١٧:١٠) (٥٢:٢٢) (٥٩:٢٤) (٩٣:٢٧) (٢٠:٣٠، ٢١، ٢٢، ٢٣، ٢٤، ٢٥، ٤٦) (٣١:٣١) (٢٩:٣٨) (١٣:٤٠، ٨١) (٣٩:٤١) (٢٩:٤٢)(٦:٤٥)(٢:٦٢)، اٰيٰتِهٖ (٣٧:٤١) (٣٢:٤٢)، اٰيٰتُهٗ (٢:٨) (١:١١) (٣:٤١، ٤٤).

اٰيٰتِهَا: (اٰيٰتِ. هَا) اس کی نشانیاں، اٰیٰتِ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (٣٢:٢١).

اٰيٰتِيْ: (اٰيٰتِ. ی) میری نشانیاں، اٰیٰتِ مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔ (٤١:٢) (٤٤:٥) (١٣٠:٦) (٣٥:٧) (٥٦:١٨، ١٠٦) (٤٢:٢٠) (٣٧:٢١) (٦٦:٢٣، ١٠٥) (٨٤:٢٧) (٥٩:٣٩) (٣١:٤٥)، اٰيٰتِيَ (١٤٦:٧).

اٰيَةٌ: آیت، نشانی، حکم، معجزہ، اٰیَاتٌ جمع، [مادہ؛ اوی یا ا.ی.ی]۔ (١١٨:٢) (١٣:٣) (٣٧:٦، ١٠٩، ١٢٤) (٢٠:١٠) (٧:١٣، ٢٧) (١٥:٣٤) (٣٣:٣٦، ٣٧، ٤١)، اٰيَةٍ (١٠٦:٢، ١٤٥، ٢١١) (٤٩:٣، ٥٠) (٤:٦، ٢٥، ٣٥) (١٠٦:٧، ١٣٢، ١٤٦، ٢٠٣) (٩٧:١٠) (١٠٥:١٢) (٣٨:١٣) (١٠١:١٦) (٤٧:٢٠، ١٣٣) (٥:٢١) (١٥٤:٢٦) (٥٨:٣٠)(٤٦:٣٦)(٧٨:٤٠)(٤٨:٤٣)، اٰيَةَ (٢٤٨:٢) (١٢:١٧، ١٢)، اٰيَةً (٢٤٨:٢، ٢٥٩) (٤١:٣، ٤٩) (١١٤:٥) (٣٧:٦) (٧٣:٧) (٩٢:١٠) (٦٤:١١، ١٠٣) (٧٧:١٥) (١١:١٦، ١٣، ٦٥، ٦٧، ٦٩، ١٠١) (١٠:١٩، ٢١) (٢٢:٢٠) (٩١:٢١) (٥٠:٢٣) (٣٧:٢٥) (٤:٢٦، ٨، ٦٧، ١٠٣، ١٢١، ١٢٨، ١٣٩، ١٥٨، ١٧٤، ١٩٠، ١٩٧) (٥٢:٢٧) (١٥:٢٩، ٣٥، ٤٤) (٩:٣٤) (١٤:٣٧) (٢٠:٤٨) (٣٧:٥١) (٢:٥٤، ١٥)، الْاٰيَةَ (٢٠:٧٩).

اٰيَتُكَ: (اٰيَةُ. كَ) تیری نشانی، اٰیَةُ مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٤١:٣) (١٠:١٩).

اٰيَتَيْنِ: دو نشانیاں، اٰیَةٌ کا تثنیہ۔ (١٢:١٧).

اَبَا: باپ، اَبٌ کا بحالت نصب مضاف، [مادہ؛ ابو]۔ (٤٠:٣٣).

اَبًا: باپ، (اسم منصوب مفرد)۔ (٧٨:١٢).

اَبًّا: گھاس خشک وتر، گھاس اور چارہ جو جانوروں کے کھانے میں استعمال ہوتا ہے، اَبٌّ کی جمع اَوُبٌّ آتی ہے، [مادہ؛ ابب]۔ (٣١:٨٠).

اَبَابِيْلَ: جھنڈ کے جھنڈ، پرے کے پرے، اسی طرح متفرق گروہ کو بھی اَبَابِیْل کہتے ہیں، یہ جمع ہے اور اسکا واحد نہیں آتا، بعض لوگوں کے مطابق اس کا واحد اِبَّالَةٌ یا اِبَالَةٌ ہے، [مادہ؛ ابل]۔ (٣:١٠٥).

اَبَارِيْقَ: لوٹے، جگ، اِبْرِيْقٌ واحد، [مادہ؛ برق]۔ (١٨:٥٦).

اَبَاكُمْ: (اَبَا. كُمْ) تمہارا باپ، اَبَا مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٨٠:١٢).

اَبَانَا: (اَبَا.نَا) ہمارا باپ، اَبَا مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔(۱۲:۸، ۱۱، ۱۷، ۶۳، ۶۵، ۸۱، ۹۷).

اَبَاهُ: (اَبَا.هُ) اس کا باپ، اَبَا مضاف، هُ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۱۲:۶۱).

اَبَاهُمْ: (اَبَا.هُمْ) ان کا باپ، اَبَا مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۱۲:۱۶).

اَبٰی: اس نے سختی سے انکار کیا، ناپسند کیا، (فتح ۲+۷؛ اَبٰی.یَاْبٰی) اِبَاءٌ (سختی سے انکار کرنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ ابی]۔ اگر انکار میں سختی نہ ہوتو اِبَاء نہیں ہے۔ (۲:۳۴) (۱۵:۳۱) (۱۷:۸۹، ۹۹) (۲۰:۵۶، ۱۱۶) (۲۵:۵۰).

اَبَتِ: (اے) میرے باپ، اصل میں یَااَبِیْ تھا، ترخیم کے بعد یائے متکلم کو تاء سے بدل کر یَااَبَتِ کر دیا گیا، [مادہ؛ ابو]۔ (۱۲:۴، ۱۰۰) (۱۹:۴۲، ۴۳، ۴۴، ۴۵) (۲۸:۲۶) (۳۷:۱۰۲).

اِبْتَدَعُوْهَا: (اِبْتَدَعُوْا.هَا) انہوں نے اس کو اپنے آپ گھڑ لیا، اِبْتَدَعُوْا، (افتعال ا) اِبْتِدَاعٌ (نئی بات نکالنا) سے، ماضی جمع غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(۵۷:۲۷).

اَلْاَبْتَرُ: دم کٹا، یعنی جس کی اولاد نہ ہو، یہ (نصر، سمع ا) بَتْرٌ سے صفت مشبہ (واحد مذکر) کا صیغہ ہے۔(۱۰۸:۳).

اِبْتَغِ: تو تلاش کر/ ڈھونڈ، (افتعال ا؛ اِبْتَغٰی.یَبْتَغِیْ) اِبْتِغَاءٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، [مادہ؛ بغی]۔ (۱۷:۱۱۰) (۲۸:۷۷).

اِبْتِغَآءَ: تلاش کرنا، طلب کرنا، چاہنا، مصدر ہے (باب افتعال؛ اِبْتَغٰی.یَبْتَغِیْ کا)، [مادہ؛ بغی]۔ یہ سخت مشقت کیلئے خاص ہے۔ اِبْتِغَآءِ (۴:۱۰۴)، اِبْتِغَآءَ (۲:۲۰۷، ۲۶۵، ۲۷۲) (۳:۷، ۷) (۴:۱۱۴) (۱۳:۱۷، ۲۲) (۱۷:۲۸) (۵۷:۲۷) (۶۰:۱) (۹۲:۲۰).

اِبْتِغَآءُکُمْ: (اِبْتِغَآءُ.کُمْ) تمہارا تلاش کرنا، اِبْتِغَاءُ (مصدر، باب افتعال) مضاف، کُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۳۰:۲۳).

اِبْتَغٰی: اس نے چاہا، تلاش کیا، (افتعال) اِبْتِغَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۲۳:۷) (۷۰:۳۱).

اِبْتَغَوْا: انہوں نے چاہا، انہوں نے تلاش کیا، (افتعال) اِبْتِغَاءٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۹:۴۸) (۱۷:۴۲).

اِبْتَغُوْا: تم تلاش کرو/ چاہو، (افتعال) اِبْتِغَاءٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(۲:۱۸۷) (۵:۳۵) (۲۹:۱۷) (۶۲:۱۰).

اَبْتَغِیْ: میں تلاش کروں/ چاہوں، (افتعال) اِبْتِغَاءٌ (طلب کرنا) سے، مضارع واحد متکلم۔(۶:۱۱۴).

اِبْتَغَیْتَ: تو نے چاہا/ تلاش کیا، (افتعال) اِبْتِغَاءٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر۔(۳۳:۵۱).

اِبْتَلٰی: اس نے آزمایا، امتحان لیا، (افتعال ۱۰؛ اِبْتَلٰی.یَبْتَلِیْ) اِبْتِلَاءٌ (جانچنا، آزمانا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ بلو]۔ ابتلاء و آزمائش کے دو مقصد ہیں، ایک یہ کہ امتحان لینے والا کسی کی قابلیت سے واقف ہو جائے، دوسرا یہ کہ دوسروں کی نظر میں بھی اس کی قابلیت اجاگر ہو جائے۔(۲:۱۲۴).

اِبْتَلٰـهُ: (اِبْتَلٰی.هُ) اس نے اس کو آزمایا، اِبْتَلٰی، (افتعال) اِبْتِلَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۸۹:۱۵، ۱۶).

اِبْتَلُوْا: تم جانچو، تم آزماؤ، (افتعال) اِبْتِلَاءٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(۴:۶).

اُبْتُلِیَ: وہ آزمایا گیا، (افتعال) اِبْتِلَاءٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔(۳۳:۱۱).

اَبْحُرٍ: سمندر، بَحْرٌ کی جمع۔(۳۱:۲۷).

اَبَدًا: ہمیشہ، زمانہ غیر محدود، اٰبَادٌ جمع۔ بطور ظرف زمان مستقبل

میں نفی واثبات کی تاکید کیلئے آتا ہے، بمعنی: کبھی نہیں ضرور، کبھی بھی وغیرہ۔ (٩٥:٢)(٥٧:٤، ١٢٢، ١٦٩) (٢٤:٥، ١١٩) (٢٢:٩، ٨٣، ٨٤، ١٠٠، ١٠٨) (٣:١٨، ٢٠، ٣٥، ٥٧) (٤:٢٤، ١٧، ٢١) (٥٣:٣٣، ٦٥) (١٢:٤٨) (١١:٥٩) (٤:٦٠) (٧:٦٢) (٩:٦٤) (١١:٦٥) (٢٣:٧٢) (٨:٩٨).

اُبَــدِّلَــهٗ: (اُبَــدِّلَ.هٗ) میں اس کو بدل دوں، اُبَــدِّلَ، (تفعیل ا) تَبْدِیْلٌ سے جسکے معنی بدل ڈالنے کے ہیں، مضارع واحد متکلم، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (١٥:١٠).

اَلْاَبْــرَارَ: نیک لوگ، بَرٌّ و بَارٌّ کی جمع جسکے معنی نیک کے ہیں، یہ (نصر، ضرب، سمع ۵) بِـرٌّ (نیکی کرنا) سے صفت کے صیغے ہیں، [مادہ: برر]۔ اَلْاَبْرَارِ (١٩٣:٣، ١٩٨) (١٨:٨٣)، اَلْاَبْرَارَ (٥:٧٦) (١٣:٨٢) (٢٢:٨٣).

اِبْــرٰهِــم: خلیل اللہ علیہ السلام، اللہ کے مقدس رسول اور حضور ﷺ کے جدامجد ہیں۔ آپ حضرت عیسیٰؑ سے ۲ ہزار سال قبل بابل (عراق) کے شہر اُور میں پیدا ہوئے، آپ کا سلسلہ نسب آٹھویں پشت میں حضرت سام بن نوح سے ملتا ہے، اسی طرح نیچے کو آپ کا سلسلہ حضورؐ سے ملتا ہے۔ حضورؐ کا ارشاد ہے کہ اگر ابراہیمؑ کو دیکھنا چاہو تو اپنے صاحب (یعنی حضورؐ) کو دیکھو۔ اس وقت کے بادشاہ نمرود سے آپ کا مناظرہ ہوا، اللہ تعالیٰ نے آپ کو کامیاب کیا لیکن بت پرستوں نے کوئی بات نہ مانی۔ آپ کو زندگی کی بہت سی آزمائشوں سے گزرنا پڑا، آپ کی زوجہ محترمہ حضرت سارہؓ اور آپ کے بھتیجے حضرت لوطؑ کے سوا آپ پر کوئی ایمان نہ لایا، بالآخر آپ نے ہجرت کی اور تبلیغ کرتے کرتے فرات آئے، وہاں سے حران اور فلسطین پہنچے۔ پھر مصر آئے، آپ کے ہمراہ حضرت سارہؓ اور حضرت لوطؑ تھے، یہاں کے بادشاہ نے اپنی بیٹی ہاجرہؓ کو آپ کی زوجیت میں دے دیا جن کے بطن سے حضرت اسمٰعیلؑ پیدا ہوئے، پھر حضرت ہاجرہؓ اور اسمٰعیلؑ کو موجودہ خانہ کعبہ کی جگہ پر جہاں چاہ زمزم ہے ایک درخت کے نیچے چھوڑ دیا اور خود فلسطین چلے گئے اور وہاں سے یہاں برابر آتے رہے، جب حضرت ابراہیمؑ ۱۰۰ سال کے ہوئے تو اللہ نے حضرت سارہؓ کے بطن سے حضرت اسحاقؑ کو پیدا کیا۔ آپ نے ۱۷۵ برس کی عمر میں وفات پائی اور مدینۃ الخلیل میں دفن کیے گئے۔ اِبْرٰهِمَ (١٢٤:٢، ١٢٥، ١٢٥، ١٣٠، ١٣٣، ١٣٥، ١٣٦، ١٤٠، ٢٥٨)، اِبْرٰهِمُ (١٢٦:٢، ١٢٧، ١٣٢، ٢٥٨، ٢٥٨، ٢٦٠)، اِبْرٰهِيْمَ (٣٣:٣، ٦٥، ٦٨، ٨٤، ٩٥، ٩٧) (٥٤:٤، ١٢٥، ١٢٥، ١٦٣) (٧٥:٦، ٨٣، ١٦١) (٧٠:٩، ١١٤، ١١٤) (٦٩:١١، ٧٤، ٧٥) (٦:١٢، ٣٨) (٥١:١٥) (١٢٠:١٦، ١٢٣) (٤١:١٩، ٥٨) (٥١:٢١، ٦٩) (٢٦:٢٢، ٤٣، ٧٨) (٦٩:٢٦) (١٦:٢٩، ٣١) (٧:٣٣) (٨٣:٣٧، ١٠٩) (٤٥:٣٨) (١٣:٤٢) (٢٤:٥١) (٣٧:٥٣) (٢٦:٥٧) (٤:٦٠، ٤) (١٩:٨٧)، اِبْرٰهِيْمُ (٦٧:٣) (٧٤:٦) (٧٦:١١) (٣٥:١٤) (٤٦:١٩) (٦٠:٢١، ٦٢) (١٠٤:٣٧) (٢٦:٤٣).

اُبْرِئُ: میں اچھا کرتا ہوں، میں تندرست کرتا ہوں، (افعال۴؛ اَبْرَءَ. يُبْرِئُ) اِبْرَاءٌ (بری کرنا/ بری کرانا، شفا دینا) سے، مضارع واحد متکلم، [مادہ: برا]۔ (٤٩:٣).

اُبَــرِّئُ: میں بری کرتا ہوں/ بری کروں گا، (تفعیل۴؛ بَرَّاَ. يُبَرِّئُ) تَبْرِئَـةٌ سے جسکے معنی بری کرنے کے ہیں، مضارع واحد متکلم، [مادہ: برا]۔ (٥٣:١٢).

اَبْــرَحُ: میں (نہیں) پھروں گا، میں (نہیں) ہٹوں گا، (سمع ا) بَرْحٌ سے جسکے معنی کسی جگہ سے ہٹنے اور پلٹنے کے ہیں، مضارع (منفی) واحد متکلم۔ (٦٠:١٨).

لَنْ اَبْــرَحَ: میں ہرگز نہ پھروں گا، میں ہرگز نہ چھوڑوں گا، (سمع) بَرْحٌ سے، مضارع منفی بہ لن واحد متکلم۔ (٨٠:١٢).

اَلْاَبْــرَصَ: کوڑھی، برص کے مرض والا، (سمع ا) بَرَصٌ سے، صفت مشبہ واحد مذکر۔ (٤٩:٣) (١١٠:٥).

اَبْــرَمُوْا: انہوں نے مضبوط ارادہ کیا، (افعال ا) اِبْرَامٌ سے جسکے معنی کسی کام کے مضبوط کرنے کے ہیں، ماضی جمع غائب مذکر۔ (٧٩:٤٣).

اُبْسِلُوْا: گرفتار کیے گئے/ پکڑے گئے، (افعال ا) اِبْسَالٌ (جبراً کسی کو پکڑنا/محروم کرنا، ہلاکت کے سپرد کر دینا) سے، ماضی مجہول جمع غائب مذکر۔(۶: ۷۰).

اَبْشِرُوْا: تم کو خوش خبری ہو، تم خوش ہو جاؤ، (افعال ا) اِبْشَارٌ (بشارت پانا) سے، امر جمع حاضر مذکر۔(۴۱: ۳۰).

اَبْصَار: آنکھیں، بینائیاں، بَصَرٌ کی جمع ہے، یہ لفظ آنکھ یا دل کی بینائی کیلئے بولا جاتا ہے۔ اَبْصَارُ (۲۱: ۹۷)، الْاَبْصَارِ (۳: ۱۳) (۲۴: ۴۳، ۴۴) (۳۸: ۴۵) (۵۹: ۲)، الْاَبْصَارَ (۶: ۱۰۳) (۱۰: ۳۱) (۱۶: ۷۸) (۲۳: ۷۸) (۳۲: ۹) (۶۷: ۲۳)، الْاَبْصَارُ (۶: ۱۰۳) (۱۴: ۴۲) (۲۲: ۴۶) (۲۴: ۳۷) (۳۳: ۱۰) (۳۸: ۶۳)، اَبْصَارًا (۴۶: ۲۶).

اَبْصَارُكُمْ: (اَبْصَارُ. كُمْ) تمہاری آنکھیں، اَبْصَارُ (بَصَرٌ کی جمع) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۴۱: ۲۲)، اَبْصَارَكُمْ (۶: ۴۶).

اَبْصَارُنَا: (اَبْصَارُ. نَا) ہماری نگاہیں، اَبْصَارُ (بَصَرٌ واحد) مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔(۱۵: ۱۵).

اَبْصَارُهَا: (اَبْصَارُ. هَا) ان کی بینائیاں/ آنکھیں، اَبْصَارُ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۷۹: ۹).

اَبْصَارِهِمْ: (اَبْصَارِ. هِمْ) ان کی آنکھیں، اَبْصَارِ مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۲: ۷، ۲۰) (۱۶: ۱۰۸) (۲۴: ۳۰) (۶۸: ۵۱)، اَبْصَارَهُمْ (۲: ۲۰) (۶: ۱۱۰) (۴۷: ۲۳)، اَبْصَارُهُمْ (۷: ۴۷) (۴۱: ۲۰) (۴۶: ۲۶) (۵۴: ۷) (۶۸: ۴۳) (۷۰: ۴۴).

اَبْصَارِهِنَّ: (اَبْصَارِ. هِنَّ) ان (عورتوں) کی آنکھیں، ان کی نگاہیں/ نظریں، اَبْصَارِ مضاف، هِنَّ (ضمیر جمع غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۲۴: ۳۱).

اَبْصَرَ: اس نے دیکھا، بصیرت حاصل کی، (افعال ا) اِبْصَارٌ سے جس کے معنی دیکھنے اور دکھانے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔ اِبْصَار کا استعمال زیادہ تر دل سے دیکھنے کے متعلق ہوتا ہے۔ (۶: ۱۰۴).

اَبْصِرْ: دیکھتا رہ/ (انتظار کر)، (افعال) اِبْصَارٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔(۳۷: ۱۷۹).

اَبْصِرْ بِهٖ: کیا خوب دیکھتا ہے، فعل تعجب ہے، [مادہ؛ بصر]۔ (۱۸: ۲۶)، اَبْصِرْ بِهِمْ: کیا خوب دیکھنے والے ہوں گے۔ (۱۹: ۳۸).

اَبْصَرْنَا: ہم نے دیکھ لیا، ہم نے بصیرت حاصل کر لی، (افعال) اِبْصَارٌ سے، ماضی جمع متکلم۔(۳۲: ۱۲).

اَبْصِرْهُمْ: (اَبْصِرْ. هُمْ) تو ان کو دیکھتا رہ/ ان کا انتظار کر، اَبْصِرْ، (افعال) اِبْصَارٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۳۷: ۱۷۵).

اِبْعَثْ: تو بھیج، (فتح ا) بَعْثٌ سے جس کا مفہوم یہ ہے کہ کسی چیز کو اٹھا کھڑا کرنا، امر واحد حاضر مذکر۔ (۲: ۱۲۹، ۲۴۶) (۲۶: ۳۶).

اُبْعَثُ: مجھے اٹھایا جائے گا، (فتح) بَعْثٌ سے، مضارع مجہول واحد متکلم۔(۱۹: ۳۳).

اِبْعَثُوْا: تم بھیجو/ مقرر کرو، (فتح) بَعْثٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۴: ۳۵) (۱۸: ۱۹).

اَبْغِيْ: میں تلاش کروں، میں چاہتا ہوں، (ضرب ۹؛ بَغٰی. یَبْغِیْ) بَغْیٌ سے جسکے معنی میانہ روی سے بڑھنے کی خواہش کرنے کے ہیں، مضارع واحد متکلم۔ اس کی دو قسمیں ہیں: ۱) ایک قسم محمود ہے، جیسے عدل سے بڑھ کر احسان کرنا، فرائض کے علاوہ نوافل بھی ادا کرنا ۲) دوسری مذموم، یعنی حق سے تجاوز کر کے باطل کو اختیار کرنا یا شبہات میں پڑنا۔ قرآن مجید میں اکثر یہ مذموم معنی میں آیا ہے۔(۶: ۱۶۴).

اَبْغِيْكُمْ: (کیا) میں تمہارے لیے تلاش کروں/ تمہارے لیے چاہوں، اَبْغِيْ، (ضرب) بَغْیٌ (طلب کرنا، خواہش کرنا) سے،

مضارع واحد متکلم، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(٧:١٤٠).

اَبَقَ: وہ بھاگا، (نصر، ضرب٢) اِبَاقٌ سے جس کے معنی غلام کے بھاگنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔(٣٧:١٤٠).

اَبْقٰی: (کسی کو) باقی (نہ) چھوڑا، اس نے باقی رکھا، (افعال١١؛ اَبْقٰی۔یُبْقِیْ) اِبْقَاءٌ (باقی چھوڑنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛بقی]۔(٥٣:٥١).

اَبْقٰی: سدا باقی رہنے والا، بہت پائیدار، (سمع١١؛ بَقِیَ۔یَبْقٰی) بَقَاءٌ سے جسکے معنی باقی رہنے اور ثابت رہنے کے ہیں، افعل التفضیل واحد مذکر کا صیغہ۔(٢٠:٧١، ٧٣، ١٢٧، ١٣١) (٢٨:٦٠) (٤٢:٣٦) (٨٧:١٧).

الْاِبْکَارِ: صبح، دن کا پہلا حصہ، صبح سویرے کرنا/ جلدی کرنا، بروزن افعال مصدر ہے، بطور اسم استعمال ہوا ہے۔ (٣:٤١) (٤٠:٥٥).

اَبْکَارًا: کنواریاں، (مذکر و مؤنث)، بِکْرٌ کی جمع۔ (٥٦:٣٦) (٦٦:٥).

اَبْکٰی: اس نے رلایا، (افعال١١؛ اَبْکٰی۔یُبْکِیْ) اِبْکَاءٌ سے جسکے معنی رلانے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ بکی]۔(٥٣:٤٣).

اَبْکَمُ: گونگا، مادرزاد گونگا، (سمع١) بَکَمٌ سے، صفت مشبہ واحد مذکر، بُکْمٌ جمع۔(١٦:٧٦).

الْاِبِلِ: اونٹ، اسم جنس جو واحد اور جمع (نیز مذکر و مؤنث) دونوں کیلئے بولا جاتا ہے۔(٦:١٤٤) (٨٨:١٧).

اِبْلَعِیْ: تو نگل جا، (فتح١) بَلْعٌ (نگلنا) سے، امر واحد حاضر مؤنث۔(١١:٤٤).

اَبْلُغُ: میں پہنچ جاؤں، (نصر١) بُلُوْغٌ سے، مضارع واحد متکلم۔ (٤٠:٣٦)، اَبْلُغَ (١٨:٦٠).

اَبْلَغْتُکُمْ: (اَبْلَغْتُ۔کُمْ) میں نے پہنچا دیا، اَبْلَغْتُ، (افعال١) اِبْلَاغٌ سے جسکے معنی پہنچانے کے ہیں، ماضی واحد متکلم، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(٧:٧٩، ٩٣) (١١:٥٧).

اُبَلِّغُکُمْ: (اُبَلِّغُ۔کُمْ) میں پہنچاتا ہوں، اُبَلِّغُ، (تفعیل١) تَبْلِیْغٌ (تبلیغ کرنا، پہنچانا) سے، مضارع واحد متکلم، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(٧:٦٢، ٦٨) (٤٦:٢٣).

اَبْلَغُوْا: انہوں نے پہنچایا، (افعال) اِبْلَاغٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(٧٢:٢٨).

اَبْلِغْهُ: (اَبْلِغْ۔هُ) تو اسے پہنچا دے، اَبْلِغْ، (افعال) اِبْلَاغٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (٩:٦).

اِبْلِیْسَ: شیطان، شیاطین کے سردار (عزازیل) کا لقب یعنی وہ جس نے حضرت آدمؑ کو سجدہ کرنے سے انکار کر دیا تھا، یہ (افعال) اِبْلَاسٌ سے ہے جس کے معنی سخت مایوس ہو کر غمگین اور متحیر ہو جانے کے ہیں، چونکہ شیطان رحمت حق سے محروم اور ناامید ہے لہٰذا اس کا نام ابلیس ہوا۔ روایات کے مطابق اس کا تخت سمندر میں ہے، وہ روزانہ اپنے لشکر بھیجتا ہے جو لوگوں کو فتنہ میں ڈالتے رہتے ہیں۔ (٢:٣٤) (٧:١١) (١٥:٣١) (١٧:٦١) (١٨:٥٠) (٢٠:١١٦) (٢٦:٩٥) (٣٨:٧٤)، اِبْلِیْسُ (١٥:٣٢) (٣٤:٢٠) (٣٨:٧٥).

اِبْنِ: تو بنا، (ضرب٩؛ بَنٰی۔یَبْنِیْ) بِنَاءٌ سے جسکے معنی بنانے اور تعمیر کرنے کے ہیں، امر واحد حاضر مذکر۔ (٤٠:٣٦) (٦٦:١١).

اِبْنُ، اِبْنَ: بیٹا، اَبْنَاءٌ جمع، [مادہ؛ بنو]۔ اِبْنُ (٣:٤٥) (٤:١٧١) (٥:١٧، ٧٢، ٧٥، ١١٤) (٩:٣٠، ٣٠) (١٩:٣٤) (٤٣:٥٧) (٦١:٦، ١٤)، اِبْنَ (٢:٨٧، ١٧٧، ٢٥٣) (٤:١٥٧) (٥:١٧، ١١٠، ١١٢، ١١٦) (٩:٣١) (١٧:٢٦) (٢٣:٥٠) (٣٠:٣٨)، اِبْنِ (٢:٢١٥) (٤:٣٦) (٥:٤٦، ٧٨) (٨:٤١) (٩:٦٠) (٣٣:٧) (٥٧:٢٧) (٥٩:٧).

اِبْنَ اُمَّ، يَبْنَؤُمَّ: (اصل میں یَا۔اِبْنَ۔اُمِّ۔یْ) اے میری ماں کے بیٹے، یَا حرف ندا، ی ضمیر (واحد متکلم) مضاف الیہ محذوف ہیں۔(١٥٠:٧) (٩٤:٢٠).

اِبْنَ السَّبِيْلِ: مسافر، اس کے لفظی معنی ''راستے کے بیٹے'' کے ہیں، کیونکہ مسافر راہ نوردی کرتا ہے اس لیے اسے ابن السبیل کہا جاتا ہے، اِبْن (بیٹا) مضاف، السَّبِیْلِ (راستہ) مضاف الیہ۔

اَبْنَآؤُا: بیٹے، اِبْنٌ کی جمع۔ (١٨:٥)، اَبْنَآءِ (٣١:٢٤) (٥٥:٣٣، ٥٥)، اَبْنَآءَ (٢٥:٤٠).

اَبْنَآءَكُمْ: (اَبْنَآءَ۔كُمْ) تمہارے بیٹے، اَبْنَآءَ (اِبْنٌ کی جمع) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(٤٩:٢) (٦١:٣) (١٤١:٧) (٦:١٤) (٤:٣٣)، اَبْنَآؤُكُمْ (١١:٤) (٢٤:٩)، اَبْنَآئِكُمْ (٢٣:٤).

اَبْنَآءِنَا: (اَبْنَآءِ۔نَا) ہمارے بیٹے، اَبْنَآءِ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔(٢٤٦:٢)، اَبْنَآءَنَا (٦١:٣).

اَبْنَآءَهُمْ: (اَبْنَآءَ۔هُمْ) ان کے بیٹے، اَبْنَآءَ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (١٤٦:٢) (٢٠:٦) (١٢٧:٧) (٤:٢٨) (٢٢:٥٨).

اَبْنَآئِهِنَّ: (اَبْنَآءِ۔هِنَّ) ان عورتوں کے بیٹے، اَبْنَآءِ مضاف، هِنَّ (ضمیر جمع غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(٣١:٢٤) (٥٥:٣٣).

اِبْنَتَ: بیٹی، (مضاف)، اِبْنٌ کی مؤنث، بَنَاتٌ جمع، [مادہ؛ بنو]۔(١٢:٦٦).

اِبْنَتَيَّ: (اِبْنَتَیْ۔یَ) میری دو بیٹیاں، اِبْنَتَیْ (اصل میں اِبْنَتَیْنِ، اِبْنَةُ کا تثنیہ [مادہ؛ بنو]) مضاف، یَ (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔(٢٧:٢٨).

اِبْنَكَ: (اِبْنَ۔كَ) تیرا بیٹا، اِبْنَ مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(٨١:١٢).

اِبْنُوْا: تم بناؤ، (ضرب؛ بَنٰی۔يَبْنِیْ) بِنَاءٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ بنی]۔(٢١:١٨) (٩٧:٣٧).

اِبْنَهٗ: (اِبْنَ۔هٗ) اس کا بیٹا، اِبْنَ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(٤٢:١١)، اِبْنِهٖ (١٣:٣١).

اِبْنَهَا: (اِبْنَ۔هَا) اس کا بیٹا، اِبْنَ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(٩١:٢١).

اِبْنِيْ: (اِبْنِ۔یْ) میرا بیٹا، اِبْنِ مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔(٤٥:١١).

اِبْنَيْ: دو بیٹے، اِبْنٌ کا تثنیہ مضاف، اصل میں اِبْنَيْنِ (بحالت نصب وجر) تھا، اضافت کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا۔(٢٧:٥).

اَبٰوْا: انہوں نے سختی سے انکار کر دیا، (فتح: اَبٰی۔يَاْبٰی) اِبَاءٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، [مادہ؛ ابی]۔(٧٧:١٨).

اَبْوَاب: دروازے، بَابٌ کی جمع، [مادہ؛ بوب]۔ اَبْوَابٍ (٦٧:١٢) (٤٤:١٥)، اَبْوَابَ (٤٤:٦) (٢٩:١٦) (٧٢:٣٩) (٧٦:٤٠) (١١:٥٤)، اَبْوَابُ (٤٠:٧)، الْاَبْوَابَ (٢٣:١٢)، الْاَبْوَابُ (٥٠:٣٨)، اَبْوَابًا (٣٤:٤٣) (١٩:٧٨).

اَبْوَابُهَا: (اَبْوَاب۔هَا) اس کے دروازے، اَبْوَابِ (بَابٌ کی جمع) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (١٨٩:٢)، اَبْوَابُهَا (٧١:٣٩، ٧٣).

اَبَوٰهُ: (اَبَوَا۔هُ) اس کے ماں باپ، اَبَوَا (اَبٌ کا تثنیہ بحالت رفع، اصل میں اَبَوَانِ، [مادہ؛ ابو]) مضاف، هُ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(١١:٤) (٨٠:١٨).

اَبُوْكِ: (اَبُوْ۔كِ) تیرا باپ، اَبُوْ مضاف، كِ (ضمیر واحد حاضر مؤنث) مضاف الیہ۔ اَبُوْ، اَبٌ کی حالت رفع ہے جبکہ وہ مضاف ہو۔(٢٨:١٩).

اَبُوْنَا: (اَبُوْ۔نَا) ہمارا باپ، اَبُوْ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔(٢٣:٢٨).

اَبُوْهُمْ: (اَبُوْ. هُمْ) ان کا باپ، اَبُوْ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۲: ۶۸، ۹۴)۔

اَبُوْهُمَا: (اَبُوْ. هُمَا) ان دونوں کا باپ، اَبُوْ مضاف، هُمَا (ضمیر تثنیہ غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۸: ۸۲)۔

اَبَوَيْكَ: (اَبَوَىْ. كَ) تیرے دونوں باپ دادا، اَبَوَىْ (اَبٌ کا تثنیہ بحالت نصب و جر، اصل میں اَبَوَيْنِ تھا، بسبب اضافت نون گر گیا، [مادہ: ابو]) مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۲: ۶)۔

اَبَوَيْكُمْ: (اَبَوَىْ. كُمْ) تمہارے ماں باپ، اَبَوَىْ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۷: ۲۷)۔

اَبَوَيْهِ: (اَبَوَىْ. هِ) اس کے ماں باپ، اَبَوَىْ مضاف، هِ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۴: ۱۱) (۱۲: ۹۹، ۱۰۰)۔

اَبِىْ: (اَبِ. ىْ) میرا باپ، اَبِ مضاف، ى (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔ اَبٌ جب یائے متکلم کی طرف مضاف ہوتا ہے تو اسی طرح لکھا جاتا ہے اور اس کے ساتھ کوئی زائد حروف نہیں آتے (دیکھئے اَبَآءِ)۔ (۱۲: ۸۰، ۹۳) (۲۶: ۸۶) (۲۸: ۲۵)۔

الْاَبْيَضُ: سفید، (ضرب ۸: بَاضَ. يَبِيْضُ) بَيَاضٌ سے جسکے معنی سفید ہونے یا سفیدی کے ہیں، صفت مشبہ واحد مذکر، [مادہ: بیض]۔ (۲: ۱۸۷)۔

اِبْيَضَّتْ: سفید ہوئی/ سفید ہوئیں، دمکنے لگے، (افعلال ۳) اِبْيِضَاضٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث، [مادہ: بیض]۔ یہ حضرت یوسفؑ کے قصہ میں آنکھوں کے سفید ہونے کے معنی میں ہے، دوسری جگہ معنی چہروں کے دمکنے اور روشن ہونے کے ہیں۔ (۳: ۱۰۷) (۱۲: ۸۴)۔

اَبِيْكُمْ: (اَبِىْ. كُمْ) تمہارا باپ، اَبِىْ (اَبٌ کی بحالت جر، [مادہ: ابو]) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۲: ۹، ۵۹، ۸۱) (۲۲: ۷۸)۔

اَبِىْ لَهَبٍ: یہ عبد العزیٰ بن عبد المطلب کا لقب ہے، اس کی کنیت ابو عتبہ ہے، ابولہب کا معنی ہے 'شعلہ کا باپ'، اَبِىْ (بحالت جر) مضاف، لَهَبٍ (شعلہ) مضاف الیہ۔ یہ نام اس لیے مشہور ہوا کہ نہایت سرخ و سفید ہونے کی وجہ سے بہت خوبصورت تھا اس لیے قریش نے اس کو ابولہب کہا، جو بعد میں اسلام دشمنی کی بنا پر جہنمی بن گیا۔ یہ حضور ﷺ کا حقیقی چچا تھا اور سرداران قریش میں شمار ہوتا تھا، لیکن کفر اور مخالفت میں حد درجہ بڑھنے کی وجہ سے حضورؐ کا بدترین دشمن بن گیا۔ جب حضورؐ کسی قبیلہ کو اسلام کی دعوت دیتے تو یہ بدبخت آپ پر پتھر پھینکتا اور آپ کے پائے مبارک لہولہان ہو جاتے، لوگوں سے کہتا کہ آپؐ کی بات نہ سنو کیونکہ یہ تم سے لات و عزیٰ اور دیوتاؤں کو چھڑانا چاہتا ہے۔ جب یہ آیت نازل ہوئی، وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ (اور ڈر سنا دیجئے اپنے قریب کے رشتہ داروں کو) اور حضورؐ نے کوہ صفا پر چڑھ کر قریش کے مختلف خاندانوں کو بلایا، لوگ جمع ہوئے، ان میں ابولہب بھی تھا۔ آپ نے ارشاد فرمایا: میں تم سب کو آخرت کے عذاب سے ڈرانے والا ہوں۔ اس پر ابولہب غصے میں بولا، تو سدا برباد رہے، کیا تم نے ہمیں اسی لیے بلایا تھا۔ غرض اس کی شقاوت اور بدبختی اپنے عروج پر پہنچ چکی تھی۔ جب حضورؐ نے ہجرت فرمائی تو جنگ بدر کے بعد اس کے ایک زہریلی قسم کا دانہ نکلا۔ مرض کے متعدی ہونے کے خوف سے گھر والوں نے اس کو الگ سے ڈال دیا اور یہ اسی حالت میں مر گیا۔ تین دن تک اس کی لاش سڑتی رہی، آخر اس کے وارثوں نے حبشی مزدوروں سے اُجرت پر گڑھا کھدا کر لکڑی سے اس میں لڑھکا دیا اور اوپر سے پتھروں سے بھروا دیا۔ (۱۱۱: ۱)۔

اَبَيْنَ: انہوں نے انکار کیا، (فتح: اَبٰى. يَاْبٰى) اِبَاءٌ سے، ماضی جمع غائب مؤنث، [مادہ: ابی]۔ (۳۳: ۷۲)۔

اُبَيِّنَ: میں بیان کروں، (تفعیل ۹: بَيَّنَ. يُبَيِّنُ) تَبْيِيْنٌ سے جسکے معنی بیان کرنے اور ظاہر کرنے کے ہیں، مضارع واحد متکلم، [مادہ: بین]۔ (۴۳: ۶۳)۔

اَبِيْنَا: (اَبِىْ. نَا) ہمارا باپ، اَبِىْ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم)

مضاف الیہ۔(۸:۱۲).

اَبِیْهِ: (اَبِیْ. هِ) اس کا باپ، اَبِیْ مضاف، هِ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(٧٤:٦) (١١٤:٩) (٤:١٢) (٤٢:١٩) (٥٢:٢١) (٧٠:٢٦) (٨٥:٣٧) (٢٦:٤٣) (٤:٦٠) (٣٥:٨٠).

اَبِیْهِمْ: (اَبِیْ. هِمْ) ان کا باپ، اَبِیْ مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(٦٣:١٢).

اَتٰی: وہ آیا، وہ آ پہنچا، (ضرب: اَتٰی. یَاْتِیْ) اِتْیَانٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(١:١٦، ٢٦) (٦٠:٢٠، ٦٩) (٨٩:٢٦) (٥٢:٥١) (١:٧٦).

اَتٰـكَ: (اَتٰی. كَ) وہ تیرے پاس آیا، (کیا وہ خبر) تیرے پاس آئی، اَتٰی، (ضرب) اِتْیَانٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (٩:٢٠) (٢١:٣٨) (٢٤:٥١) (١٥:٧٩) (١٧:٨٥) (١:٨٨).

اَتٰـكُمْ: (اَتٰی. كُمْ) وہ تمہارے پاس آیا، تم پر آ جائے، اَتٰی، (ضرب) اِتْیَانٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(٤٠:٦، ٤٧) (٥٠:١٠).

اَتٰـنَا: (اَتٰی. نَا) وہ ہمارے پاس آیا، ہم پر آ پہنچی، اَتٰی، (ضرب) اِتْیَانٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔ (٤٧:٧٤).

اَتٰـهَا: (اَتٰی. هَا) وہ اس کے پاس آیا، اس کو پہنچا، اَتٰی، (ضرب) اِتْیَانٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(٢٤:١٠) (١١:٢٠) (٣٠:٢٨).

اَتٰـهُمْ: (اَتٰی. هُمْ) وہ ان کے پاس آیا، ان کو پہنچا، اَتٰی، (ضرب) اِتْیَانٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (٣٤:٦) (٢٦:١٦) (٤٦:٢٨) (٣:٣٢) (٢٥:٣٩) (٣٥:٤٠، ٥٦) (٢:٥٩).

اِتِّبَاعٌ: تابعداری کرنا، پیروی کرنا، مصدر ہے (افتعال: اِتَّبَعَ. یَتَّبِعُ کا)۔(١٧٨:٢)، اِتِّبَاعَ (١٥٧:٤).

اَتْـبَعَ: وہ پیچھے پڑ گیا، پیچھے لگ گیا، (افعال) اِتْبَاعٌ سے جس کے معنی پیچھے لگ جانے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔ (٨٥:١٨، ٨٩، ٩٢).

اِتَّـبَعَ: وہ پیچھے لگا، وہ تابع ہوا، (افتعال: اِتَّبَعَ. یَتَّبِعُ) اِتِّبَاعٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ: تبع]۔ (١٦٢:٣) (١٢٥:٤) (١٦:٥) (١٧٦:٧) (١١٦:١١) (٢٨:١٨) (١٦:٢٠، ٤٧، ١٢٣) (٧١:٢٣) (٥٠:٢٨) (٢٩:٣٠) (١١:٣٦).

اِتَّبِعْ: تو پیروی کر، (افتعال) اِتِّبَاعٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (١٠٦:٦) (١٠٩:١٠) (٦٥:١٥) (١٢٣:١٦) (١٥:٣١) (٢:٣٣) (١٨:٧٥).

اَتَّـبِعُ: میں پیروی کرتا ہوں، اتباع کرتا ہوں، (افتعال) اِتِّبَاعٌ سے، مضارع واحد متکلم۔ (٥٠:٦، ٥٦) (٢٠٣:٧) (١٥:١٠) (٩:٤٦).

اِتَّـبَعْتَ: تو نے پیروی کی، (افتعال) اِتِّبَاعٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر۔(١٢٠:٢، ١٤٥) (٣٧:١٣).

اِتَّـبَعْتُ: میں نے پیروی کی، (افتعال) اِتِّبَاعٌ سے، ماضی واحد متکلم۔(٣٨:١٢).

اِتَّـبَعْتُمْ: تم نے پیروی کی، (افتعال) اِتِّبَاعٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(٨٣:٤) (٩٠:٧).

اِتَّـبَعْتَنِیْ: (اِتَّـبَعْتَ. نِیْ) تو نے میری اتباع کی، (اگر) تو نے میری پیروی کرنی ہے/ میرے ساتھ رہنا ہے، اِتَّبَعْتَ، (افتعال) اِتِّبَاعٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔(٧٠:١٨).

اِتَّـبَعَتْهُمْ: (اِتَّبَعَتْ. هُمْ) اس نے ان کی پیروی کی، اِتَّبَعَتْ، (افتعال) اِتِّبَاعٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٢١:٥٢).

اِتَّبَعَكَ: (اِتَّبَعَ. كَ) اس نے تیری پیروی کی، اِتَّبَعَ، (افتعال) اِتِّبَاعٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (٦٤:٨) (٢٧:١١) (٤٢:١٥) (١١١:٢٦، ٢١٥).

اَتَّبِعُكَ: (اَتَّبِعُ. كَ) میں تیری پیروی کروں، میں تیرے ساتھ چلوں، اَتَّبِعُ، (افتعال) اِتِّبَاعٌ سے، مضارع واحد متکلم، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (٦٦:١٨).

اِتَّبَعَكُمَا: (اِتَّبَعَ. كُمَا) وہ تم دونوں کے پیچھے لگا، تمہارے تابع ہوئے، اِتَّبَعَ، (افتعال) اِتِّبَاعٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كُمَا ضمیر مفعول (تثنیہ حاضر مذکر)۔ (٣٥:٢٨).

اِتَّبَعَنِ: (اِتَّبَعَ. نِ) اس نے میری پیروی کی، (جو) میرے پیرو ہوئے، اِتَّبَعَ، (افتعال) اِتِّبَاعٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، نِ (اصل میں نِیْ) میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف۔ (٢٠:٣)، اِتَّبَعَنِیْ (یائے متکلم غیر محذوف ہے) (١٠٨:١٢).

اِتَّبَعْنَا: ہم نے پیروی کی، ہم تابع ہوئے، (افتعال) اِتِّبَاعٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (٥٣:٣).

اَتْبَعْنَا: ہم نے پیچھے لگا دیا، (افعال) اِتْبَاعٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (٤٤:٢٣).

اِتَّبَعْنٰكُمْ: (اِتَّبَعْنَا. كُمْ) ہم نے تمہاری پیروی کی، ہم تمہارے تابع ہوتے، اِتَّبَعْنَا، (افتعال) اِتِّبَاعٌ سے، ماضی جمع متکلم، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (١٦٧:٣).

اَتْبَعْنٰهُمْ: (اَتْبَعْنَا. هُمْ) ہم نے ان کے پیچھے لگا دی، اَتْبَعْنَا، (افعال) اِتْبَاعٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (٤٢:٢٨).

اِتَّبَعَنِیْ: دیکھو اِتَّبَعَنِ۔

اِتَّبِعْنِیْ: (اِتَّبِعْ. نِیْ) تو میری پیروی کر، اِتَّبِعْ، (افتعال) اِتِّبَاعٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔ (٤٣:١٩).

اِتَّبِعُوْا: تم پیروی کرو، (افتعال) اِتِّبَاعٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (١٧٠:٢) (٩٥:٣) (٣:٧) (١٢:٢٩) (٢١:٣١) (٢٠:٣٦، ٢١) (٥٥:٣٩).

اِسْئَلْهُ: (اِسْئَلْ. هُ) تو اس سے پوچھ، اِسْئَلْ، (فتح) سُؤَالٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۵۰:۱۲).

اِسْئَلْهُمْ: (اِسْئَلْ. هُمْ) تو ان سے پوچھ، اِسْئَلْ، (فتح) سُؤَالٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۱۶۳:۷).

اَسَاوِرَ: کنگن، پہنچیاں، سِوَارٌ کی جمع، [مادہ؛ سور]۔ (۳۱:۱۸) (۲۳:۲۲) (۳۳:۳۵) (۲۱:۷۶).

اَلْاَسْبَابُ: رسیاں، ذرائع، سَبَبٌ کی جمع۔ سبب اصل میں اس

رسی کو کہتے ہیں جس کے ذریعے درخت یا کسی اونچی جگہ پر چڑھا جاتا ہے۔ اسی مناسبت سے ہر اس شے کا نام سبب ہوا جو کسی دوسری شے کے توصل کا ذریعہ ہو۔ (۲:۱۶۶)، اَسۡبَابَ (۴۰:۳۷)، الْاَسْبَابِ (۳۸:۱۰)، الْاَسْبَابَ (۴۰:۳۶).

الْاَسْبَاطِ: اولاد، بیٹے پوتے، قبیلے، ایک دادا کی اولاد، یہاں پر مراد حضرت یعقوبؑ کی اولاد یعنی بنی اسرائیل ہے، سِبْطٌ کی جمع جسکے معنی پوتے اور نواسے دونوں کے آتے ہیں، مگر زیادہ تر نواسے کیلئے مخصوص ہے۔ (۲:۱۳۶) (۳:۸۴) (۴:۱۶۳)، الْاَسْبَاطَ (۲:۱۴۰)، اَسْبَاطًا (۷:۱۶۰).

اَسْبَغَ: اس نے پورا کر دیا، (افعال ا) اِسْبَاغٌ سے جس کے معنی کامل کرنے اور پورا کر دینے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۳۱:۲۰).

اِسْتَاْجَرْتَ: تو نے اجرت پر نوکر رکھا، (استفعال ۲؛ اِسْتَاْجَرَ۔یَسْتَاْجِرُ) اِسْتِیْجَارٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر، [مادہ؛ اجر]۔(۲۸:۲۶).

اِسْتَاْجِرْهُ: (اِسْتَاْجِرْ۔هُ) تو اسے اجرت پر رکھ، اِسْتَاْجِرْ، (استفعال) اِسْتِیْجَارٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۲۸:۲۶).

اِسْتَاْذَنَ: اس نے اجازت طلب کی، (استفعال ۲؛ اِسْتَاْذَنَ۔یَسْتَاْذِنُ) اِسْتِئْذَانٌ (اجازت چاہنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ اذن]۔(۲۴:۵۹).

اِسْتَاْذَنَكَ: (اِسْتَاْذَنَ۔كَ) اس نے تجھ سے اجازت چاہی، اِسْتَاْذَنَ، (استفعال) اِسْتِئْذَانٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔(۹:۸۶).

اِسْتَاْذَنُوْكَ: (اِسْتَاْذَنُوْا۔كَ) انہوں نے تجھ سے اجازت طلب کی، اِسْتَاْذَنُوْا، (استفعال) اِسْتِئْذَانٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔(۹:۸۳) (۲۴:۶۲).

اِسْتِبْدَالَ: بدلنا/تبدیلی چاہنا، مصدر ہے (باب استفعال ا)۔ (۴:۲۰).

اِسْتَبْرَقٍ: ریشم کا زریں موٹا کپڑا، دیبا۔ (۱۸:۳۱) (۴۴:۵۳) (۵۵:۵۴)، اِسْتَبْرَقٌ (۷۶:۲۱).

اِسْتَبْشِرُوْا: خوشیاں مناؤ، بشارت پاؤ، (استفعال ا) اِسْتِبْشَارٌ (بشارت پانا) سے، امر جمع حاضر مذکر۔(۹:۱۱۱).

اِسْتَبَقَا: وہ دونوں دوڑے، ان دونوں نے ایک دوسرے پر سبقت کی، (افتعال ا) اِسْتِبَاقٌ سے، ماضی تثنیہ غائب مذکر۔ (۱۲:۲۵).

اِسْتَبَقُوْا: وہ دوڑے، انہوں نے ایک دوسرے پر سبقت کی، (افتعال) اِسْتِبَاقٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۳۶:۶۶).

اِسْتَبِقُوْا: تم سبقت کرو، (افتعال) اِسْتِبَاقٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(۲:۱۴۸) (۵:۴۸).

اِسْتَجَابَ: اس نے قبول کیا/ مانا، (استفعال ۸؛ اِسْتَجَابَ۔یَسْتَجِیْبُ) اِسْتِجَابَةٌ سے جسکے معنی قبول کرنے اور ماننے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ جوب]۔ (۳:۱۹۵) (۸:۹) (۱۲:۳۴).

اِسْتَجَابُوْا: انہوں نے قبول کیا، انہوں نے مانا، (استفعال) اِسْتِجَابَةٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۳:۱۷۲) (۱۳:۱۸) (۳۵:۱۴) (۴۲:۳۸).

اِسْتَجَارَكَ: (اِسْتَجَارَ۔كَ) اس نے تجھ سے پناہ مانگی، (اگر کوئی) تجھ سے پناہ طلب کرے، اِسْتَجَارَ، (استفعال ۸؛ اِسْتَجَارَ۔یَسْتَجِیْرُ) اِسْتِجَارَةٌ سے جسکے معنی پناہ مانگنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)، [مادہ؛ جور]۔(۹:۶).

اَسْتَجِبْ: میں قبول کروں گا، میں قبول کرتا ہوں، (استفعال) اِسْتِجَابَةٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد متکلم، [مادہ؛ جوب]۔ (۴۰:۶۰).

اِسْتَجَبْتُمْ: تم نے مان لیا/قبول کیا، (استفعال) اِسْتِجَابَةٌ

سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(۱۴:۲۲).

اِسْتَجَبْنَا: ہم نے (اس کی) فریاد سن لی/ دعا قبول کر لی، (استفعال) اِسْتِجَابَۃٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (۲۱:۷۶، ۸۴، ۸۸، ۹۰).

اُسْتُجِیْبَ: وہ مان لیا گیا، وہ قبول کر لیا گیا، (استفعال) اِسْتِجَابَۃٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔(۴۲:۱۶).

اِسْتَجِیْبُوْا: تم قبول کرو/حکم مانو، (استفعال) اِسْتِجَابَۃٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(۸:۲۴) (۴۲:۴۷).

اِسْتَحَبُّوْا: انہوں نے عزیز رکھا/ پسند کیا، (استفعال۵: اِسْتَحَبَّ.یَسْتَحِبُّ) اِسْتِحْبَابٌ سے جسکے معنی عزیز رکھنے کے ہیں، ماضی جمع غائب مذکر، [مادہ؛ حبب]۔ (۹:۲۳) (۱۶:۱۰۷) (۴۱:۱۷).

اُسْتُحْفِظُوْا: وہ نگہبان مقرر کیے گئے،(استفعال۱) اِسْتِحْفَاظٌ سے جسکے معنی نگہبان بنانے کے ہیں، ماضی مجہول جمع غائب مذکر۔(۵:۴۴).

اِسْتَحَقَّ: وہ حقدار ہوا، لائق ہوا/حق ثابت ہوا، (استفعال۵: اِسْتَحَقَّ.یَسْتَحِقُّ) اِسْتِحْقَاقٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛حقق]۔(۵:۱۰۷).

اِسْتَحَقَّا: وہ دونوں حقدار ہوئے، (استفعال) اِسْتِحْقَاقٌ سے، ماضی تثنیہ غائب مذکر۔(۵:۱۰۷).

اِسْتَحْوَذَ: اس نے قابو میں کر لیا، (استفعال۸: اِسْتَحْوَذَ.یَسْتَحْوِذُ) اِسْتِحْوَاذٌ (غلبہ پانا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ حوذ]۔ اجوف واوی ہے مگر گردان صحیح کی طرح ہے۔ (۵۸:۱۹).

اِسْتِحْیَآءٍ: شرمانا، حیا کرنا، مصدر ہے (استفعال۱۳: اِسْتَحْیٰی.یَسْتَحْیِیْ کا)، [مادہ؛حیی]۔(۲۸:۲۵).

اِسْتَحْیُوْا: جیتی رکھو، تم زندہ چھوڑ دو، (استفعال۱۳: اِسْتَحْیٰی.یَسْتَحْیِیْ) اِسْتِحْیَاءٌ سے جسکے معنی جیتا رکھنے اور زندہ چھوڑ دینے کے ہیں، امر جمع حاضر مذکر۔(۴۰:۲۵).

اِسْتَخْرَجَهَا: (اِسْتَخْرَجَ.هَا) اس نے اس کو نکالا، اس کو نکلوایا، اِسْتَخْرَجَ، (استفعال۱) اِسْتِخْرَاجٌ سے جسکے معنی نکلوانے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، ھَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(۱۲:۷۶).

اِسْتَخَفَّ: اس نے عقل کھو دی، (استفعال۵: اِسْتَخَفَّ. یَسْتَخِفُّ) اِسْتِخْفَافٌ سے جس کے معنی ہلکا کرنے، جاہل بنانے اور راہِ حق سے ہٹانے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ خفف]۔(۴۳:۵۴).

اَسْتَخْلِصْهُ: (اَسْتَخْلِصْ.هُ) میں اس کو خالص کر رکھوں، اَسْتَخْلِصْ، (استفعال۱) اِسْتِخْلَاصٌ سے جسکے معنی پسند کرنے اور خالص کر رکھنے کے ہیں، مضارع واحد متکلم، ہُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۱۲:۵۴).

اِسْتَخْلَفَ: اس نے حاکم کیا، اس نے خلیفہ بنایا، (استفعال۱) اِسْتِخْلَافٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۲۴:۵۵).

اِسْتَرَقَ: اس نے چرایا، (افتعال۱) اِسْتِرَاقٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۱۵:۱۸).

اِسْتَرْهَبُوْهُمْ: (اِسْتَرْهَبُوْا.هُمْ) انہوں نے ان کو ڈرایا، اِسْتَرْهَبُوْا، (استفعال۱) اِسْتِرْهَابٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، ھُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۷:۱۱۶).

اِسْتَزَلَّهُمْ: (اِسْتَزَلَّ.هُمْ) اس نے انہیں بہکا دیا، اِسْتَزَلَّ، (استفعال۵: اِسْتَزَلَّ.یَسْتَزِلُّ) اِسْتِزْلَالٌ (لغزش دینا، بہکانا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، ھُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)، [مادہ؛زلل]۔(۳:۱۵۵).

اِسْتَسْقٰی: اس نے پانی مانگا، (استفعال۱۱: اِسْتَسْقٰی. یَسْتَسْقِیْ) اِسْتِسْقَاءٌ (پانی مانگنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛سقی]۔(۲:۶۰).

اِسْتَسْقٰـهُ: (اِسْتَسْقٰی. ہٗ) اس نے اس سے پانی مانگا، اِسْتَسْقٰی، (استفعال) اِسْتِسْقَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۷: ۱۶۰).

اِسْتَشْهِدُوْا: تم گواہ کرو، تم شہادت لو، (استفعال ا) اِسْتِشْهَادٌ (گواہی طلب کرنا) سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۲: ۲۸۲) (٤: ۱۵).

اُسْتُضْعِفُوْا: وہ ضعیف سمجھے گئے/کمزور خیال کیے گئے، (استفعال ا) اِسْتِضْعَافٌ (کمزور شمار کرنا) سے، ماضی مجہول جمع غائب مذکر۔ (۷: ۷۵) (۲۸: ۵) (۳٤: ۳۱، ۳۲، ۳۳).

اِسْتَضْعَفُوْنِیْ: (اِسْتَضْعَفُوْا. نِیْ) انہوں نے مجھے کمزور سمجھا، اِسْتَضْعَفُوْا، (استفعال) اِسْتِضْعَافٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔ (۷: ۱۵۰).

اِسْتَطَاعَ: اس نے استطاعت رکھی، وہ کر سکا، (استفعال ۸: اِسْتَطَاعَ. یَسْتَطِیْعُ) اِسْتِطَاعَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ: طوع]۔ ان تمام باتوں کا با کمال موجود ہونا جن کی وجہ سے کوئی کام سرانجام دیا جاسکے، استطاعت کہلاتا ہے۔ (۳: ۹۷).

اِسْتَطَاعُوْا: وہ کر سکے، ان سے ہو سکا، (استفعال) اِسْتِطَاعَةٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۲: ۲۱۷) (۱۸: ۹۷) (۳٦: ٦۷) (۵۱: ٤۵).

اِسْتَطَعْتَ: تجھ سے ہو سکا، تو کر سکا، (استفعال) اِسْتِطَاعَةٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر۔ (٦: ۳۵) (۱۷: ٦٤).

اِسْتَطَعْتُ: میں کر سکا، مجھ سے ہو سکا، (استفعال) اِسْتِطَاعَةٌ سے، ماضی واحد متکلم۔ (۱۱: ۸۸).

اِسْتَطَعْتُمْ: تم نے طاقت رکھی، (جو) تم سے ہو سکے/تم کر سکو، (استفعال) اِسْتِطَاعَةٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (۸: ٦۰) (۱۰: ۳۸) (۱۱: ۱۳) (۵۵: ۳۳) (٦٤: ۱٦).

اِسْتَطْعَمَا: ان دونوں نے کھانا مانگا، (استفعال ا) اِسْتِطْعَامٌ سے جس کے معنی کھانا طلب کرنے کے ہیں، ماضی تثنیہ غائب مذکر۔ (۱۸: ۷۷).

اِسْتَطَعْنَا: ہم کر سکے، ہم سے ہو سکا، (استفعال) اِسْتِطَاعَةٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (۹: ٤۲).

اِسْتِعْجَالَهُمْ: (اِسْتِعْجَالَ. هُمْ) ان کا جلدی مانگنا، ان کا عجلت کرنا، اِسْتِعْجَالَ (مصدر ہے، باب استفعال ا) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۰: ۱۱).

اِسْتَعْجَلْتُمْ: تم نے جلدی کی، (استفعال ا) اِسْتِعْجَالٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (٤٦: ۲٤).

اِسْتَعِذْ: تو پناہ مانگ، (استفعال ۸: اِسْتَعَاذَ. یَسْتَعِیْذُ) اِسْتِعَاذَةٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، [مادہ: عوذ]۔ (۷: ۲۰۰) (۱٦: ۹۸) (٤۰: ۵٦) (٤۱: ۳٦).

اِسْتَعْصَمَ: اس نے تھام رکھا/ بچالیا، (استفعال ا) اِسْتِعْصَامٌ سے جس کے معنی تھام رکھنے اور روک رکھنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۱۲: ۳۲).

اِسْتَعْلٰی: اس نے غلبہ چاہا/ بلندی چاہی، (استفعال ۱۰: اِسْتَعْلٰی. یَسْتَعْلِیْ) اِسْتِعْلَاءٌ سے جس کے معنی بلندی چاہنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ: علو]۔ (۲۰: ٦٤).

اِسْتَعْمَرَكُمْ: (اِسْتَعْمَرَ. كُمْ) اس نے تمہیں آباد کیا، اِسْتَعْمَرَ، (استفعال ا) اِسْتِعْمَارٌ سے جسکے معنی آباد کرنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۱۱: ٦۱).

اِسْتَعِیْنُوْا: تم مدد طلب کرو، (استفعال ۸: اِسْتَعَانَ. یَسْتَعِیْنُ) اِسْتِعَانَةٌ (مدد چاہنا) سے، امر جمع حاضر مذکر، [مادہ: عون]۔ (۲: ٤۵، ۱۵۳) (۷: ۱۲۸).

اِسْتَغَاثَـهُ: (اِسْتَغَاثَ. ہٗ) اس نے اس سے فریاد کی، اِسْتَغَاثَ، (استفعال ۸: اِسْتَغَاثَ. یَسْتَغِیْثُ) اِسْتِغَاثَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)، [مادہ:

غوث]۔(۱۵:۲۸).

اِسْتَغْشَوْا: انہوں نے اپنے اوپر لپیٹ لیا، (استفعال ۱۱؛ اِسْتَغْشٰی.یَسْتَغْشِیْ) اِسْتِغْشَاءٌ (اپنے اوپر پردہ ڈالنا/ لپیٹ لینا) سے، ماضی جمع غائب مذکر، [مادہ:غشی]۔(۷:۷۱).

اِسْتِغْفَارٌ: بخشش چاہنا، مغفرت مانگنا(قول وفعل دونوں طرح سے) مصدر ہے(باب استفعال ۱)۔(۹:۱۱۴).

اِسْتَغْفَرَ: اس نے بخشش چاہی، (استفعال ۱) اِسْتِغْفَارٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۴:۶۴) (۳۸:۲۴).

اِسْتَغْفِرْ: تو بخشش چاہ، تو مغفرت طلب کر، (استفعال) اِسْتِغْفَارٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (۳:۱۵۹) (۴:۱۰۶) (۹:۸۰) (۱۲:۹۷) (۲۴:۶۲) (۴۰:۵۵) (۴۷:۱۹) (۴۸:۱۱) (۶۰:۱۲).

اَسْتَغْفِرُ: میں بخشش چاہوں گا/ معافی مانگوں گا، (استفعال) اِسْتِغْفَارٌ سے، مضارع واحد متکلم۔(۱۲:۹۸) (۱۹:۴۷).

اَسْتَغْفَرْتَ: (اصل میں اَ.اِسْتَغْفَرْتَ) خواہ تو نے بخشش مانگی/ معافی چاہی، اِسْتَغْفَرْتَ، (استفعال) اِسْتِغْفَارٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر، اَ ہمزۂ استفہام یا تسویہ ہے۔(۶۳:۶).

اَسْتَغْفِرَنَّ: (لَاَسْتَغْفِرَنَّ) میں ضرور بخشش چاہوں گا/ معافی مانگوں گا، (استفعال) اِسْتِغْفَارٌ سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ واحد متکلم۔(۶۰:۴).

اِسْتَغْفَرُوْا: انہوں نے بخشش مانگی/ مغفرت چاہی، (استفعال) اِسْتِغْفَارٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۳:۱۳۵) (۴:۶۴).

اِسْتَغْفِرُوْا: تم بخشش چاہو، تم مغفرت طلب کرو، (استفعال) اِسْتِغْفَارٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۲:۱۹۹) (۱۱:۳، ۵۲، ۹۰) (۷۱:۱۰) (۷۳:۲۰).

اِسْتَغْفِرُوْهُ: (اِسْتَغْفِرُوْا.هُ) تم اس سے بخشش چاہو، تم اس سے مغفرت طلب کرو، اِسْتَغْفِرُوْا، (استفعال) اِسْتِغْفَارٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۱۱:۶۱) (۴۱:۶).

اِسْتَغْفِرْهُ: (اِسْتَغْفِرْ.هُ) تو اس سے بخشش چاہ، تو اس سے معافی مانگ/ مغفرت طلب کر، اِسْتَغْفِرْ، (استفعال) اِسْتِغْفَارٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۱۱۰:۳).

اِسْتَغْفِرِیْ: تو گناہ بخشوا، تو مغفرت طلب کر، (استفعال) اِسْتِغْفَارٌ سے، امر واحد حاضر مؤنث۔(۱۲:۲۹).

اِسْتَغْلَظَ: وہ موٹا ہوا، گاڑھا ہوا، (استفعال ۱) اِسْتِغْلَاظٌ سے جسکے معنی موٹے ہونے کیلئے تیار ہونے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔(۴۸:۲۹).

اِسْتَغْنٰی: اس نے بے پروائی کی، (استفعال ۱۱؛ اِسْتَغْنٰی. یَسْتَغْنِیْ) اِسْتِغْنَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛غنی]۔ (۶۴:۶) (۸۰:۵) (۹۲:۸) (۹۶:۷).

اِسْتَفْتَحُوْا: انہوں نے فیصلہ مانگا/ فتح چاہی، (استفعال ۱) اِسْتِفْتَاحٌ سے جسکے معنی فتح چاہنے اور فیصلہ مانگنے کے ہیں، ماضی جمع غائب مذکر۔(۱۴:۱۵).

اِسْتَفْتِهِمْ: (اِسْتَفْتِ.هِمْ) تو ان سے پوچھ، اِسْتَفْتِ، (استفعال ۱۱؛ اِسْتَفْتٰی.یَسْتَفْتِیْ) اِسْتِفْتَاءٌ (حکم دریافت کرنا، فتویٰ پوچھنا) سے، امر واحد حاضر مذکر، هِمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)، [مادہ؛فتی]۔(۳۷:۱۱، ۱۴۹).

اِسْتَفْزِزْ: تو بے چین کردے/ پریشان کردے، (استفعال ۵؛ اِسْتَفَزَّ.یَسْتَفِزُّ) اِسْتِفْزَازٌ (پریشان کرنا/ بہکانا، دھوکا دینا، بے دخل کرنا) سے، امر واحد حاضر مذکر، [مادہ؛فزز]۔(۱۷:۶۴).

اِسْتَقَامُوْا: وہ سیدھا رہے، وہ قائم رہے/ ثابت قدم رہے، (استفعال ۸؛ اِسْتَقَامَ.یَسْتَقِیْمُ) اِسْتِقَامَةٌ سے جسکے معنی سیدھا راستہ پکڑنے اور قائم رہنے کے ہیں، ماضی جمع غائب مذکر، [مادہ؛ قوم]۔(۹:۷) (۴۱:۳۰) (۴۶:۱۳) (۷۲:۱۶).

اِسْتَقَرَّ: وہ ٹھہرا رہا، (استفعال۵؛ اِسْتَقَرَّ.یَسْتَقِرُّ) اِسْتِقْرَارٌ سے جسکے معنی ٹھہرے رہنے اور قرار پکڑنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ: قرر]۔(۱۴۳:۷).

اِسْتَقِمْ: تو سیدھا چلا جا، تو قائم رہ، تو ثابت قدم رہ، (استفعال) اِسْتِقَامَةٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔(۱۱۲:۱۱) (۱۵:۴۲).

اِسْتَقِيمَا: تم دونوں ثابت قدم رہو، (استفعال) اِسْتِقَامَةٌ سے، امر تثنیہ حاضر مذکر۔(۸۹:۱۰).

اِسْتَقِيمُوْا: تم قائم رہو، تم سیدھا راستہ اختیار کیے رہو، (استفعال) اِسْتِقَامَةٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(۷:۹) (۶:۴۱).

اِسْتَكَانُوْا: وہ دب گئے، انہوں نے عاجزی کی، (استفعال۹؛ اِسْتَكَانَ.یَسْتَكِيْنُ) اِسْتِكَانَةٌ سے جسکے معنی دبنے اور عاجزی کرنے کے ہیں، ماضی جمع غائب مذکر، [مادہ: کین]۔(۱۴۶:۳) (۷۶:۲۳).

اِسْتِكْبَارًا: غرور کرنا، بڑائی چاہنا، مصدر ہے (باب استفعال ا)۔(۴۳:۳۵) (۷:۷۱).

اِسْتَكْبَرَ: اس نے غرور کیا، اس نے گھمنڈ کیا، (استفعال ا) اِسْتِكْبَارٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۳۴:۲) (۳۹:۲۸) (۷۴:۳۸) (۲۳:۷۴).

اِسْتَكْبَرْتَ: تو نے غرور کیا، (استفعال) اِسْتِكْبَارٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر۔(۵۹:۳۹).

اَسْتَكْبَرْتَ: (اَ.اِسْتَكْبَرْتَ) کیا تو نے غرور کیا، اس میں دوسری ہمزہ جو وصلی تھی حذف ہوگئی، پہلی ہمزہ استفہامیہ ہے، اِسْتَكْبَرْتَ، (استفعال) اِسْتِكْبَارٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر۔ (۷۵:۳۸).

اِسْتَكْبَرْتُمْ: تم نے غرور کیا، تم نے تکبر کیا، (استفعال) اِسْتِكْبَارٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (۸۷:۲) (۳۱:۴۵) (۱۰:۴۶).

اِسْتَكْبَرُوْا: انہوں نے غرور کیا، انہوں نے گھمنڈ کیا، (استفعال) اِسْتِكْبَارٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۱۷۳:۴) (۳۶:۷، ۴۰، ۷۵، ۷۶، ۸۸، ۱۳۳) (۷۵:۱۰) (۲۱:۱۴) (۴۶:۲۳) (۲۱:۲۵) (۳۹:۲۹) (۳۱:۳۴، ۳۲، ۳۳) (۴۷:۴۰، ۴۸) (۱۵:۴۱، ۳۸) (۷:۷۱).

اِسْتَكْثَرْتُ: میں نے بہت زیادہ (کام/ جمع) کر لیا، (تو) میں بہت کچھ سمیٹ لیتا، (استفعال ا) اِسْتِكْثَارٌ (بہت ہونا، کسی کام کو بہت زیادہ کرنا) سے، ماضی واحد متکلم۔(۱۸۸:۷).

اِسْتَكْثَرْتُمْ: تم نے بہت زیادہ (تابع) کر لیا، (استفعال) اِسْتِكْثَارٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(۱۲۸:۶).

اِسْتَمْتَعَ: اس نے فائدہ اٹھایا/ کام نکالا، (استفعال ا) اِسْتِمْتَاعٌ سے جسکے معنی فائدہ اٹھانے اور برتنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔(۱۲۸:۶) (۶۹:۹).

اِسْتَمْتَعْتُمْ: تم نے فائدہ اٹھایا، تم کام میں لائے، (استفعال) اِسْتِمْتَاعٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (۲۴:۴) (۶۹:۹) (۲۰:۴۶).

اِسْتَمْتَعُوْا: انہوں نے فائدہ اٹھایا، (استفعال) اِسْتِمْتَاعٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۶۹:۹).

اِسْتَمْسَكَ: اس نے مضبوط پکڑا، (استفعال ا) اِسْتِمْسَاكٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۲۵۶:۲) (۲۲:۳۱).

اِسْتَمْسِكْ: تو پکڑے رہ، مضبوطی سے تھامے رکھ، (استفعال) اِسْتِمْسَاكٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔(۴۳:۴۳).

اِسْتَمَعَ: اس نے سن لیا، (افتعال ا) اِسْتِمَاعٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۱:۷۲).

اِسْتَمِعْ: تو سنتا رہ، کان لگا، (افتعال) اِسْتِمَاعٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔(۱۳:۲۰) (۴۱:۵۰).

اِسْتَمِعُوْا: تم کان لگا کر سنو، (افتعال) اِسْتِمَاعٌ سے، امر جمع

حاضر مذکر۔(۲۰٤:۷) (۷۳:۲۲).

اِسْتَمَعُوْهُ: (اِسْتَمَعُوْا.هُ)انہوں نے اس کو سن لیا، اِسْتَمَعُوْا، (افتعال) اِسْتِمَاعٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول(واحد غائب مذکر)۔ (۲:۲۱).

اِسْتَنْصَرُوْكُمْ: (اِسْتَنْصَرُوْا.كُمْ)انہوں نے تم سے مدد مانگی، اِسْتَنْصَرُوْا، (استفعال ا) اِسْتِنْصَارٌ (مدد چاہنا) سے، ماضی جمع غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۷۲:۸).

اِسْتَنْصَرَهُ: (اِسْتَنْصَرَ.هُ)اس نے اس سے مدد مانگی، اِسْتَنْصَرَ، (استفعال) اِسْتِنْصَارٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۱۸:۲۸).

اِسْتَنْكَفُوْا: انہوں نے عار کی، (استفعال ا) اِسْتِنْكَافٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۱۷۳:٤).

اِسْتَوٰى: اس نے قصد کیا، اس نے قرار پکڑا، وہ سیدھا بیٹھا، قائم ہوا، متوجہ ہوا، (افتعال ۱۳: اِسْتَوٰى.يَسْتَوِىْ)اِسْتِوَآءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛سوی]۔ اِسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ہے، انسانوں کی صفات میں اس کا قیاس نہیں ہو سکتا، اللہ تعالیٰ مخلوق کے خواص سے مبرا ہے، عَرْش کے معنی تخت اور بلند مقام کے ہیں، اِسْتِوَاءٌ (علی) کا ترجمہ تَمَكُّن و اِسْتِقْرَار' یعنی قرار پکڑنا اور قائم ہونا ہے، بادشاہوں کی مثال اس پر صادق نہیں آتی، لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَىْءٌ یعنی اس جیسا اور کوئی نہیں۔(۲۹:۲) (٥٤:۷)(۳:۱۰)(۲:۱۳) (٥:۲۰) (٥۹:۲٥) (۱٤:۲۸) (٤:۳۲) (۱۱:٤۱) (۲۹:٤۸) (٦:٥۳) (٤:٥۷).

اِسْتَوَتْ: وہ ٹھہر گئی، (افتعال) اِسْتِوَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔(٤٤:۱۱).

اِسْتَوْقَدَ: اس نے آگ جلائی، (استفعال ٦: اِسْتَوْقَدَ. يَسْتَوْقِدُ)اِسْتِيْقَادٌ (آگ روشن کرنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛وقد]۔(۱۷:۲).

اِسْتَوَيْتَ: (جب) تو چڑھ چکے، (افتعال) اِسْتِوَاءٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر۔(۲۸:۲۳).

اِسْتَوَيْتُمْ: تم بیٹھ چکے، تم سوار ہوئے، تم سیدھے ہوئے، (افتعال) اِسْتِوَاءٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(۱۳:٤۳).

اُسْتُهْزِئَ: اس سے تمسخر کیا گیا، (استفعال ٤: اِسْتَهْزَءَ. يَسْتَهْزِءُ) اِسْتِهْزَاءٌ سے جسکے معنی تمسخر/ٹھٹھا کرنے کے ہیں، ماضی مجہول واحد غائب مذکر، [مادہ؛ ھزا]۔ (۱۰:٦) (۳۲:۱۳) (٤۱:۲۱).

اِسْتَهْزِءُوْا: تم ٹھٹھے کرتے رہو، (استفعال) اِسْتِهْزَاءٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(٦٤:۹).

اِسْتَهْوَتْهُ: (اِسْتَهْوَتْ.هُ)اس نے اس کو راستہ بھلا دیا، اِسْتَهْوَتْ، (استفعال ۱۳: اِسْتَهْوٰى.يَسْتَهْوِىْ)اِسْتِهْوَاءٌ سے جس کے معنی فریفتہ کرنے، راستہ بھلا دینے کے ہیں، ماضی واحد غائب مؤنث، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)، [مادہ؛ھوی]۔ (۷۱:٦).

اِسْتَيْئَسَ: وہ ناامید ہو گیا، (استفعال ۳+۷: اِسْتَيْئَسَ. يَسْتَيْئِسُ) اِسْتِيْئَاسٌ (ناامید ہونا، مایوس ہونا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛یاس]۔ (۱۱۰:۱۲).

اِسْتَيْئَسُوْا: وہ ناامید ہو گئے، (استفعال) اِسْتِيْئَاسٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۸۰:۱۲).

اِسْتَيْسَرَ: وہ میسر ہوا، وہ آسان ہوا، (استفعال ۷) اِسْتِيْسَارٌ سے ہے جس کے معنی آسان ہونے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛یسر]۔(۱۹٦:۲، ۱۹٦).

اِسْتَيْقَنَتْهَا: (اِسْتَيْقَنَتْ.هَا)اس نے اس کا یقین کیا، (ان کے دل) اسے مان گئے تھے، اِسْتَيْقَنَتْ، (استفعال ۷: اِسْتَيْقَنَ.يَسْتَيْقِنُ) اِسْتِيْقَانٌ (یقین کرنا) سے، ماضی واحد غائب مؤنث، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)، [مادہ؛یقن]۔ (۱٤:۲۷).

اَسْجُدُ: (کیا) میں سجدہ کروں، (نصرا) سُجُوْدٌ (سجدہ کرنا) سے، مضارع واحد متکلم۔ (۶۱:۱۷).

اَسْجُدَ: (کہ) میں سجدہ کروں، (نصر) سُجُوْدٌ سے، مضارع (منصوب) واحد متکلم۔ (۳۳:۱۵).

اُسْجُدْ: تو سجدہ کر، (نصر) سُجُوْدٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (۲۶:۷۶) (۱۹:۹۶).

اُسْجُدُوْا: تم سجدہ کرو، (نصر) سُجُوْدٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۳٤:۲) (۱۱:۷) (۶۱:۱۷) (۵۰:۱۸) (۱۱۶:۲۰) (۷۷:۲۲) (۶۰:۲۵) (۳۷:٤۱) (۶۲:۵۳).

اُسْجُدِیْ: تو سجدہ کر، (نصر) سُجُوْدٌ سے، امر واحد حاضر مؤنث۔ (٤۳:۳).

اَلْاَسْحَارِ: صبح کے اوقات، سَحَرٌ واحد جس کے معنی رات کی تاریکی کے ساتھ دن کی روشنی کے ملنے کے ہیں اور اسی وجہ سے سحر صبح کے اول وقت کو کہتے ہیں۔ (۱۷:۳) (۱۸:۵۱).

اِسْحٰقَ: حضرت سارہؓ کے بطن سے حضرت ابراھیمؑ کے بیٹے، اللہ کے برگزیدہ نبی تھے، عجمی نام ہے۔ حضرت ابراہیمؑ کو بڑھاپے میں آپؑ کی پیدائش کی بشارت دی گئی۔ آپؑ کے بیٹے حضرت یعقوبؑ کی اولاد بنی اسرائیل کہلاتی ہے۔ (۱۳۳:۲، ۱۳۶، ۱٤۰) (۸٤:۳) (۱۶۳:٤) (۸٤:۶) (۷۱:۱۱، ۷۱) (۶:۱۲، ۳۸) (۳۹:۱٤) (٤۹:۱۹) (۷۲:۲۱) (۲۷:۲۹) (۱۱۲:۳۷، ۱۱۳) (٤۵:۳۸).

اَسْخَطَ: اس نے بیزار کر دیا/ خفا کیا، (افعال۱) اِسْخَاطٌ سے جسکے معنی بیزار کرنے اور غصہ دلانے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۲۸:٤۷).

اَسْرِ: تو رات کو لے کر چل، (افعال۱۱؛ اَسْرٰی. یُسْرِیْ) اِسْرَاءٌ سے جسکے معنی رات کو لے کر چلنے اور سفر کرنے کے ہیں، امر واحد حاضر مذکر، [مادہ؛ سری]۔ (۸۱:۱۱) (۶۵:۱۵) (۷۷:۲۰) (۵۲:۲۶) (۲۳:٤٤).

اَسَرَّ: اس نے چھپایا، آہستہ بات کی، چھپا کر کہا، (افعال۵؛ اَسَرَّ. یُسِرُّ) اِسْرَارٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ سرر]۔ (۳:۶۶) (۱۰:۱۳).

اِسْرَآءِیْلَ: (عبرانی میں) اللہ کا بندہ، اللہ کا برگزیدہ، یہ حضرت یعقوبؑ کا لقب ہے اور انہی کی اولاد بنی اسرائیل کہلاتی ہے۔ (٤۰:۲، ٤۷، ۸۳، ۱۲۲، ۲۱۱، ۲٤۶) (٤۹:۳، ۹۳) (۱۲:۵، ۳۲، ۷۰، ۷۲، ۷۸، ۱۱۰) (۱۰۵:۷، ۱۳٤، ۱۳۷، ۱۳۸) (۹۰:۱۰، ۹۰، ۹۳) (۲:۱۷، ٤، ۱۰۱، ۱۰٤) (۵۸:۱۹) (٤۷:۲۰، ۸۰، ۹٤) (۱۷:۲۶، ۲۲، ۵۹، ۱۹۷) (۷۶:۲۷) (۲۳:۳۲) (۵۳:٤۰) (۵۹:٤۳) (۳۰:٤٤) (۱۶:٤۵) (۱۰:٤۶) (۶:۶۱، ۱٤)، اِسْرَآءِیْلُ (۹۳:۳).

اِسْرَارًا: چھپانا، آہستہ سے کوئی بات کہنا، مصدر ہے (باب افعال۵؛ اَسَرَّ. یُسِرُّ کا)۔ (۹:۷۱).

اِسْرَارَهُمْ: (اِسْرَارَ. هُمْ) ان کا چھپا کر سرگوشیاں کرنا، اِسْرَارَ (مصدر، افعال؛ اَسَرَّ. یُسِرُّ کا) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۲۶:٤۷).

اِسْرَافًا: زیادتی کرنا، ضرورت سے زیادہ خرچ کرنا، مصدر ہے (باب افعال۱)۔ اسراف انسان کے ہر کام میں حد سے تجاوز کرنے کا نام ہے مگر عام طور پر خرچ کے بارے میں مشہور ہے۔ (۶:٤).

اِسْرَافَنَا: (اِسْرَافَ. نَا) ہمارا حد سے تجاوز کرنا، ہماری زیادتی، اِسْرَافَ (مصدر) مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (۱٤۷:۳).

اَسْرٰی: وہ رات کو لے گیا، (افعال؛ اَسْرٰی. یُسْرِیْ) اِسْرَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ سری]۔ (۱:۱۷).

اَلْاَسْرٰی: قیدی، اَسِیْرٌ کی جمع، [مادہ؛ اسر]۔ (۷۰:۸)، اَسْرٰی (۶۷:۸).

اُسَرِّحْکُنَّ: (اُسَرِّحْ. کُنَّ) میں تم کو رخصت کر دوں،

اُسَرِّحْ، (تفعیل ا)تَسْرِيْحٌ (چھوڑنا/ رخصت کرنا) سے، مضارع واحد متکلم، كُنَّ ضمیر مفعول (جمع حاضر مؤنث)۔(۲۸:۳۳).

اَسْرَرْتُ: میں نے چھپایا/ پوشیدہ طور پر کہا، (افعال؛ اَسَرَّ.يُسِرُّ)اِسْرَارٌ سے، ماضی واحد متکلم۔(۹:۷۱).

اَسْرَعُ: بہت جلدی کرنے والا، سب سے تیز، (سمع، کرم ا) سُرْعَةٌ سے جسکے معنی جلدی کرنے کے ہیں، افعل التفضیل واحد مذکر۔(۶۲:۶) (۲۱:۱۰).

اَسْرَفَ: وہ حد سے تجاوز کر گیا، (افعال ا)اِسْرَافٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۱۲۷:۲۰).

اَسْرَفُوْا: انہوں نے زیادتی کی، (افعال)اِسْرَافٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۵۳:۳۹).

اَسَرُّوْا: انہوں نے چھپایا/ پوشیدہ کیا، (افعال؛اَسَرَّ.يُسِرُّ) اِسْرَارٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، [مادہ؛ سرر]۔ (۵۲:۵) (۵٤:۱۰) (۶۲:۲۰) (۳:۲۱) (۳۳:۳٤).

اَسِرُّوْا: تم چھپاؤ، تم چھپا کر کہو، (افعال)اِسْرَارٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(۱۳:۶۷).

اَسَرُّوْهُ:(اَسَرُّوْا.هُ)انہوں نے اسے چھپایا، اَسَرُّوْا، (افعال)اِسْرَارٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، ہُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۱۹:۱۲).

اَسَرَّهَا:(اَسَرَّ.هَا)اس نے اسے چھپایا، اَسَرَّ، (افعال) اِسْرَارٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(۷۷:۱۲).

اَسْرَهُمْ:(اَسْرَ.هُمْ)ان کی جوڑ بندی، ان کی قید/ بندش، اَسْرَ مضاف، هُمْ(ضمیر جمع غائب مذکر)مضاف الیہ۔(۲۸:۷۶).

اَسَّسَ:اس نے بنیاد رکھی، (تفعیل۲+۵؛ اَسَّسَ.يُؤَسِّسُ) تَاْسِيْسٌ (بنیاد رکھنا)سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ اسس]۔ (۱۰۹،۱۰۹:۹).

اُسِّسَ: اس کی بنیاد رکھی گئی، (تفعیل)تَاْسِيْسٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔(۱۰۸:۹).

اِسْطَاعُوْا:(اصل میں اِسْتَطَاعُوْا)وہ کر سکے، (استفعال؛ اِسْتَطَاعَ.يَسْتَطِيْعُ)اِسْتِطَاعَةٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، [مادہ؛ طوع]۔(۹۷:۱۸).

اِسْعَوْا: تم دوڑو/ جلدی کرو، کوشش کرو، (فتح ۷؛سَعٰى.يَسْعٰى) سَعْيٌ سے جسکے معنی اصل میں تیز روی کے ہیں اور اسی مناسبت سے کوشش کرنے کو سعی کہتے ہیں، امر جمع حاضر مذکر۔(۹:۶۲).

اَسِفًا: حالت افسوس میں، افسوس کرنا، پچھتانا، مصدر ہے (سمع ۲؛ اَسِفَ.يَاْسَفُ کا)۔(۱۵۰:۷) (۸۶:۲۰).

اَسَفًا: غمگین ہونا، افسوس کرنا، یہ بھی مصدر ہے (سمع ۲؛ اَسِفَ.يَاْسَفُ کا)۔ (۶:۱۸).

اَسْفَارًا: کتابیں، سِفْرٌ کی جمع جسکے معنی اس کتاب کے ہیں جو حقائق کو واضح کرتی ہے۔(۵:۶۲).

اَسْفَارِنَا:(اَسْفَارِ.نَا)ہمارے سفر، اَسْفَارِ (سَفَرٌ کی جمع جس کے معنی قطع مسافت کے ہیں) مضاف، نَا(ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔(۱۹:۳٤).

اَسَفٰى: افسوس، اہل عرب حسرت وغم کے موقع پر کہتے ہیں يَااَسَفٰى (ہائے افسوس)۔ یہ اصل میں مرکب اضافی ہے؛ اَسَفَ (مصدر باب سمع سے جسکا معنی ہے غمگین ہونا، افسوس کرنا) مضاف اوری ضمیر (واحد متکلم) مضاف الیہ۔(۸٤:۱۲).

اَسْفَرَ: وہ روشن ہوا، (افعال ا) اِسْفَارٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۳٤:۷٤).

اَسْفَلَ: سب سے نیچا، یہ اَعْلٰى کی ضد ہے، (نصر، سمع، کرم ا) سُفُوْلٌ (اوپر سے نیچے اترنا، نیچا ہونا) سے، اسم تفضیل واحد مذکر۔ (٤۲:۸) (۱۰:۳۳) (۵:۹۵)، الْاَسْفَلِ (۱٤۵:٤).

الْاَسْفَلِيْنَ: سب سے نیچے، (نصر، سمع، کرم ا)سُفْلٌ و سُفُوْلٌ

(گھٹیا ہونا، پست ہونا) سے، افعل التفضیل کا صیغہ جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، اَسْفَلُ واحد۔(۹۸:۳۷) (۴۱:۲۹)۔

اَسْقِطْ: تو گرا دے، (افعال ا) اِسْقَاطٌ سے جس کے معنی گرا دینے کے ہیں، امر واحد حاضر مذکر۔(۲۶:۱۸۷)۔

اَسْقَيْنٰكُمْ: (اَسْقَيْنَا. كُمْ) ہم نے تم کو پلایا، اَسْقَيْنَا، (افعال ا: اَسْقٰى. يُسْقِيْ) اِسْقَاءٌ (سیراب کرنا، پلانا) سے، ماضی جمع متکلم، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)، [مادہ؛ سقی]۔ (۷۷:۲۷)۔

اَسْقَيْنٰكُمُوْهُ: (اَسْقَيْنَا. كُمْ. هُ) ہم نے اسے تم کو پلایا، اَسْقَيْنَا، (افعال) اِسْقَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم، كُمُوْ اصل میں كُمْ ضمیر مفعول اول (جمع حاضر مذکر)، ہٗ ضمیر مفعول دوم (واحد غائب مذکر)۔(۱۵:۲۲)۔

اَسْقَيْنٰهُمْ: (اَسْقَيْنَا. هُمْ) ہم نے ان کو پلایا، اَسْقَيْنَا، (افعال) اِسْقَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۷۲:۱۶)۔

اُسْكُنْ: تو رہا کر، تو رہ، (نصر ا) سُكُوْنٌ (ٹھہر جانا) سے، امر واحد حاضر مذکر۔(۲:۳۵) (۷:۱۹)۔

اَسْكَنَّهٗ: (اَسْكَنَّا. هُ) ہم نے اس کو ٹھہرا دیا، اَسْكَنَّا، (افعال ا) اِسْكَانٌ سے، ماضی جمع متکلم، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۲۳:۱۸)۔

اَسْكَنْتُ: میں نے بسایا، (افعال) اِسْكَانٌ سے، ماضی واحد متکلم۔(۱۴:۳۷)۔

اُسْكُنُوْا: تم رہو/ بسو، (نصر) سُكُوْنٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۷:۱۶۱) (۱۷:۱۰۴)۔

اَسْكِنُوْهُنَّ: (اَسْكِنُوْا. هُنَّ) تم ان عورتوں کو گھر رہنے کیلئے دو/ ان کو رہنے بسنے دو/ ان کو جگہ دو، اَسْكِنُوْا، (افعال) اِسْكَانٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، هُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)۔ (۶۵:۶)۔

اَلْاِسْلَامُ: حکم برداری کرنا، فرمانبردار ہونا، مسلمان ہونا، دین اسلام، اسلام لانا، امن و سلامتی والا ہونا، بروزن افعال امصدر ہے۔ اَلْاِسْلَامِ (۳:۸۵) (۶:۱۲۵) (۳۹:۲۲) (۶۱:۷)، اَلْاِسْلَامَ (۵:۳)، اَلْاِسْلَامُ (۳:۱۹)۔

اِسْلَامَكُمْ: (اِسْلَامَ. كُمْ) تمہارا اسلام لانا، اِسْلَامَ (مصدر، باب افعال) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۴۹:۱۷)۔

اِسْلَامِهِمْ: (اِسْلَامِ. هِمْ) ان کا اسلام لانا، اِسْلَامِ مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۹:۷۴)۔

اَسْلِحَتِكُمْ: (اَسْلِحَةِ. كُمْ) تمہارے ہتھیار، اَسْلِحَةِ (سِلَاحٌ کی جمع، مذکر و مؤنث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے، [مادہ؛ سلح]) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۴:۱۰۲)، اَسْلِحَتَكُمْ (۴:۱۰۲)۔

اَسْلِحَتَهُمْ: (اَسْلِحَةَ. هُمْ) ان کے ہتھیار، اَسْلِحَةَ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۴:۱۰۲، ۱۰۲)۔

اَسْلَفَتْ: وہ پہلے کر چکی، (افعال ا) اِسْلَافٌ (کسی کام کا پہلے یا پرانے وقت میں کرنا) سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔ (۱۰:۳۰)۔

اَسْلَفْتُمْ: تم آگے بھیج چکے، تم پہلے کر چکے، (افعال) اِسْلَافٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(۶۹:۲۴)۔

اُسْلُكْ: تو ڈال لے/ داخل کر، تو چل، (نصر ا) سُلُوْكٌ سے جسکے معنی چلنے اور داخل ہونے کے ہیں، امر واحد حاضر مذکر۔(۲۳:۲۷) (۲۸:۳۲)۔

اُسْلُكُوْهُ: (اُسْلُكُوْا. هُ) تم اس کو داخل کرو، اس کو جکڑ دو، اُسْلُكُوْا، (نصر) سَلْكٌ و سُلُوْكٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۶۹:۳۲)۔

اُسْلُكِيْ: تو چل، (نصر) سُلُوْكٌ سے، امر واحد حاضر مؤنث۔ (۱۶:۶۹)۔

اَسْلَمَ: وہ فرمانبردار رہا، (افعال ا) اِسْلَامٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۲:۱۱۲)(۳:۸۳)(۴:۱۲۵)(۶:۱۴)(۷۲:۱۴)۔

اُسْلِمَ: میں فرمانبردار رہوں، تابع فرمان رہوں، (افعال) اِسْلَامٌ سے، مضارع واحد متکلم۔(۴۰:۶۶)۔

اَسْلِمْ: تو حکم بردار رہ، تو فرمانبرداری کر، (افعال) اِسْلَامٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (۲:۱۳۱)۔

اَسْلَمَا: دونوں نے حکم مانا، (افعال) اِسْلَامٌ سے، ماضی تثنیہ غائب مذکر۔(۳۷:۱۰۳)۔

اَسْلَمْتُ: میں حکم بردار ہوا/حکم بردار ہوئی، (افعال) اِسْلَامٌ سے، ماضی واحد متکلم۔ (۲:۱۳۱) (۳:۲۰) (۲۷:۴۴)۔

اَسْلَمْتُمْ: تم تابع ہوئے، تم اسلام لائے، (افعال) اِسْلَامٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (۳:۲۰)۔

اَسْلَمْنَا: ہم مسلمان ہوئے، (افعال) اِسْلَامٌ سے، ماضی جمع متکلم۔(۴۹:۱۴)۔

اَسْلَمُوْا: وہ فرمانبردار ہوئے، (افعال) اِسْلَامٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۳:۲۰) (۵:۴۴) (۴۹:۱۷)۔

اَسْلِمُوْا: حکم بردار رہو، (افعال) اِسْلَامٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(۲۲:۳۴) (۳۹:۵۴)۔

اَسَلْنَا: ہم نے بہا دیا، (افعال۹؛ اَسَالَ.یُسِیْلُ) اِسَالَۃٌ (بہانا) سے، ماضی جمع متکلم،[مادہ؛سیل]۔(۳۴:۱۲)۔

اِسْمٌ: نام، جس سے کسی شے کی شناخت کی جاسکے یا ذات معلوم کی جا سکے، [مادہ؛سمو]۔ اِسْمِ (۱:۱) (۱۱:۴۱) (۲۷:۳۰) (۵۶:۷۴، ۹۶) (۶۹:۵۲) (۹۶:۱)، اِسْمَ (۵:۴) (۶:۱۳۸) (۲۲:۲۸، ۳۴، ۳۶) (۷۳:۸) (۷۶:۲۵) (۸۷:۱، ۱۵)، اِسْمُ (۶:۱۱۸، ۱۱۹، ۱۲۱) (۲۲:۴۰) (۵۵:۷۸)، اَلْاِسْمُ (۴۹:۱۱)۔

اَسْمَآءٌ: نام، یہ اِسْمٌ کی جمع ہے۔ اَسْمَآءٍ (۷:۷۱)، اَسْمَآءٌ (۵۳:۲۳)، اَسْمَآءً (۱۲:۴۰)، اَلْاَسْمَآءَ (۲:۳۱)، اَلْاَسْمَآءُ (۷:۱۸۰) (۱۷:۱۱۰) (۲۰:۸) (۵۹:۲۴)۔

اَسْمَآئِهِمْ: (اَسْمَآءِ.هِمْ) ان کے نام، اَسْمَآءِ مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۲:۳۳، ۳۳)۔

اَسْمَآئِهٖ: (اَسْمَآءِ.ہٖ) اس کے نام، اَسْمَآءِ مضاف، ہٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۷:۱۸۰)۔

اِسْمٰعِیْلُ: اللہ کے سچے نبی اور رسول تھے، آپ کو قرآن نے صادق الوعد کے نام سے پکارا ہے، آپ حضرت ہاجرہؓ کے بطن سے پیدا ہوئے، حضرت ابراہیمؑ نے ایک نیک بیٹے کیلئے اللہ سے دعا کی جو قبول ہوئی، اسماعیل دو کلموں سے مرکب ہے؛ اِسْمَعْ اِیْل، جس کے معنی ہیں، میری دعا سن، اے اللہ ('ایل' عبرانی لفظ ہے جس سے مراد 'اللہ' ہے)۔ دعا کے وقت حضرت ابراہیمؑ نے یہی الفاظ کہے تھے، اس لیے اسی نام سے موسوم کیے گئے۔ حضرت ابراہیمؑ حضرت اسماعیلؑ اور ان کی والدہ ہاجرہ کو ہمراہ لے کر جبکہ وہ ابھی بچے ہی تھے، مکہ پہنچے اور ایک درخت کے نیچے انہیں چھوڑ کر واپس چلے گئے۔ اس وقت وہاں کوئی آبادی نہ تھی اور ایک لق و دق صحرا تھا جبکہ ان کے پاس کھانے کیلئے کچھ کھجوریں اور پانی کا ایک مشکیزہ تھا۔ حضرت ہاجرہؓ بار بار کہتی رہیں کہ آپ ہمیں اس وادی میں چھوڑ کر کیوں جا رہے ہیں، لیکن حضرت ابراہیمؑ نے کوئی جواب نہ دیا، آخر میں پوچھا کہ کیا اللہ تعالیٰ نے ایسا کرنے کا حکم دیا ہے؟ تو فرمایا، ہاں۔ کہنے لگیں، اللہ تعالیٰ ہمیں ضائع نہیں کرے گا۔ اس کے بعد جب حضرت ابراہیمؑ روانہ ہونے لگے تو ایک ٹیلے پر کھڑے ہو کر بیت اللہ کی طرف رخ کر کے اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کی: رَبَّنَآ اِنِّیْٓ اَسْکَنْتُ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ ....

(دعا کیلئے سورۃ الابراہیم، رکوع ۶)۔ وہ خوراک خود اور اپنا دودھ حضرت اسماعیلؑ کو پلاتی رہیں اور وہی پانی پیتی رہیں، آخر وہ سب کچھ ختم ہو گیا اور بچہ پیاس سے بے تاب ہو گیا۔ چنانچہ اسی بے چینی میں حضرت ہاجرہؓ وادی میں اِدھر اُدھر گھومیں، اور صفا اور مروہ کے درمیان تیزی سے دوڑیں، یہاں تک کہ سات چکر کاٹے۔ حضورﷺ نے فرمایا، یہی وہ سعی ہے جو صفا اور مروہ کے درمیان کی جاتی ہے۔ پھر

جب آپ مروہ پر چڑھیں تو ایک آواز سنی۔ کہنے لگیں، تم اگر کچھ مدد کر سکتے ہو تو کرو۔ اب ان کو زمزم کے مقام پر فرشتہ نظر آیا، اس نے اپنی ایڑی سے اس جگہ کو کھودا تو پانی جاری ہو گیا۔ یہ اس کے چاروں طرف باڑ بنانے لگیں اور مشکیزہ بھر لیا، لیکن پانی برابر ابلتا رہا۔ حضورؐ نے فرمایا، اللہ تعالیٰ اسماعیل کی والدہ پر رحم کرے، اگر وہ زمزم کو اسی حالت میں چھوڑ دیتیں تو زمزم بہتا چشمہ بن جاتا۔ اب انہوں نے خود بھی پانی پیا اور بچے کو بھی پانی پلایا۔ فرشتہ نے کہا، تم ضائع ہونے سے نہ ڈرو، یہ مقام بیت اللہ کا ہے، اس کی تعمیر اس لڑکے اور اس کے باپ کے ہاتھوں ہو گی۔ پھر ایک خاندان اس طرف سے گزرا، انہیں پانی کی تلاش تھی۔ ان کے ایک آدمی نے پانی دیکھا اور پھر وہ سب ہاجرہؓ کی اجازت سے یہاں جمع ہو گئے۔ بنی جرہم کے متعدد خاندان یہاں آباد ہو گئے۔ پھر حضرت اسماعیلؑ جوان ہوئے تو ان کی شادی اسی خاندان کی ایک لڑکی سے کر دی گئی، اسی اثناء میں آپ کی والدہ حضرت ہاجرہؓ فوت ہو گئیں۔ ایک مرتبہ حضرت ابراہیمؑ اپنے اہل و عیال کی خبر لینے کے لیے آئے مگر آپؑ کو موجود نہ پایا تو آپکی اہلیہ سے گزران اور گھر کا حال وغیرہ دریافت کیا تو اس نے کہا ہم تکلیف اور تنگی میں ہیں۔ آپ جاتے ہوئے اس سے کہہ گئے کہ جب تمہارا خاوند آئے تو اسے کہہ دینا کہ اپنے دروازے کی چوکھٹ بدل ڈالے۔ حضرت اسماعیلؑ گھر آئے تو پوچھا، کیا یہاں کوئی آیا تھا؟ وہ (توہین آمیز لہجہ میں) کہنے لگی، ہاں! ایک بڑے میاں آئے تھے انہوں نے حکم دیا ہے کہ تمہیں ان کا سلام پہنچا دوں اور یہ بھی فرما گئے ہیں کہ اپنے دروازے کی چوکھٹ بدل ڈالو۔ آپ نے فرمایا، وہ میرے والد ماجد تھے جو یہ حکم دے گئے ہیں کہ میں تمہیں چھوڑ دوں، لہٰذا تم اپنے گھر چلی جاؤ۔ پھر اسے طلاق دے دی اور دوسری شادی کر لی۔ پھر حضرت ابراہیمؑ دوبارہ تشریف لائے اور حضرت اسماعیلؑ کو نہ پا کر ان کی اہلیہ سے حال دریافت کیا۔ انہوں نے کہا، اللہ کا شکر ہے اور خوب گزر بسر ہو رہی ہے۔ چنانچہ آپ نے فرمایا کہ جب تمہارے شوہر آئیں تو انہیں سلام کہنا اور کہنا کہ اپنی چوکھٹ کو محفوظ رکھے۔ جب حضرت اسماعیلؑ واپس لوٹے اور حال پوچھا تو انہوں نے جو پیغام دیا تھا پہنچا دیا۔ تب آپ نے فرمایا کہ وہ میرے والد تھے اور کہہ گئے ہیں کہ میں تمہیں کسی حال میں بھی جدا نہ کروں۔ کچھ مدت کے بعد حضرت ابراہیمؑ پھر تشریف لائے، حضرت اسماعیلؑ اس وقت زمزم کے قریب اسی درخت کے نیچے بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ کو دیکھ کر کھڑے ہو گئے، آپ نے حضرت اسماعیلؑ کو گلے لگا لیا اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں یہاں بیت اللہ کی تعمیر کروں۔ چنانچہ دونوں نے مل کر بیت اللہ کی تعمیر کی اور دعا بھی کرتے جاتے تھے (دعا: سورۃ البقرۃ، رکوع ۱۵، آیت ۱۲۷)۔ (۲:۱۲۷)، اِسْمٰعِیْلَ (۲:۱۲۵، ۱۳۳، ۱۳۶، ۱۴۰) (۳:۸۴) (۴:۱۶۳) (۶:۸۶) (۱۴:۳۹) (۱۹:۵۴) (۲۱:۸۵) (۳۸:۴۸).

اِسْمَعْ: تو سن، (سمع ا) سَمْعٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (۴:۴۶، ۴۶).

اَسْمَعُ: میں سنتا ہوں، (سمع) سَمْعٌ سے، مضارع واحد متکلم۔ (۲۰:۴۶).

اَسْمِعْ (بِہٖ): کیا خوب سنتا ہے، فعل تعجب ہے، [مادہ: سمع]۔ (۱۸:۲۶)، **اَسْمِعْ بِھِمْ**: کیا خوب سنتے ہیں۔ (۱۹:۳۸).

اِسْمَعُوْا: تم سنو، سنتے رہو، (سمع) سَمْعٌ و سَمَاعٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۲:۹۳، ۱۰۴) (۵:۱۰۸) (۶۴:۱۶).

اِسْمَعُوْنِ: (اِسْمَعُوْا. نِ) مجھ سے سن لو، اِسْمَعُوْا، (سمع) سَمْعٌ و سَمَاعٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، نِ (اصل میں نِیْ) میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف۔ (۳۶:۲۵).

اَسْمَعَھُمْ: (اَسْمَعَ. ھُمْ) اس نے ان کو سنا دیا، اَسْمَعَ، (افعال) اِسْمَاعٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ھُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۸:۲۳، ۲۳).

اِسْمُہٗ: (اِسْمُ. ہٗ) اس کا نام، اِسْمُ [مادہ: سمو] مضاف، ہٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۲:۱۱۴) (۱۹:۷) (۲۴:۳۶) (۶۱:۶)، اِسْمُہٗ (۳:۴۵).

اَسْوَءَ: سب سے برا، (نصر۴+۶: سَاءَ. یَسُوْءُ) سَوْءٌ سے، افعل التفضیل کا صیغہ (واحد مذکر)۔ (۳۹:۳۵) (۴۱:۲۷).

اَلْاَسْوَاقِ: بازاریں، سُوْقٌ کی جمع۔(۲۵:۷، ۲۰).

اُسْوَةٌ: چال، ڈھنگ، نمونہ عمل، اسم ہے [مادہ؛ اسو]۔ غیر کی پیروی واتباع میں انسان جس چال پر ہوتا ہے اس کا نام اُسْوَة ہے، خواہ وہ اچھی ہو یا بری، منفعت پہنچانے والی ہو یا ضرر رساں۔ (۲۱:۳۳) (۶۰:۴، ۶).

اَلْاَسْوَدِ: سیاہ، (سمع ۸؛ سَوِدَ.یَسْوَدُ یا سَادَ.یَسَادُ) سَوَادٌ (سیاہ ہونا) سے، صفت مشبہ واحد مذکر، [مادہ؛ سود]۔ (۱۸۷:۲).

اِسْوَدَّتْ: وہ سیاہ ہوئے، (افعلال۲) اِسْوِدَادٌ (سیاہ ہونا) سے، ماضی واحد غائب مؤنث، [مادہ؛سود]۔(۱۰۶:۳).

اَسْوِرَةٌ: کنگن، سِوَارٌ واحد، [مادہ؛سور]۔(۵۳:۴۳).

اَسِیْرًا: قیدی، اَسْرٰی و اُسَارٰی جمع، [مادہ؛اسر]۔(۸:۷۶).

اَشَآءُ: میں چاہوں، میں چاہتا ہوں، (سمع ۴+۹؛ شَاءَ.یَشَاءُ) مَشِیْـئَةٌ سے، مضارع واحد متکلم، [مادہ؛شیا]۔(۱۵۶:۷).

اَشَارَتْ: اس نے اشارہ کیا/ ہاتھ سے بتایا، (افعال۸؛ اَشَارَ.یُشِیْرُ) اِشَارَةٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث، [مادہ؛ شور]۔(۲۹:۱۹).

اَشْتَاتًا: جدا جدا، الگ الگ، منتشر، شَتٌّ کی جمع۔(۶۱:۲۴) (۶:۹۹).

اِشْتَدَّتْ: وہ سخت ہوگئی، تیز ہوگئی، (افتعال۵؛ اِشْتَدَّ.یَشْتَدُّ) اِشْتِدَادٌ سے جسکے معنی سخت اور قوی ہونے کے ہیں، ماضی واحد غائب مؤنث، [مادہ؛شدد]۔(۱۸:۱۴).

اِشْتَرٰی: اس نے خریدا، (افتعال۱۱؛ اِشْتَرٰی.یَشْتَرِیْ) اِشْتِرَاءٌ سے جسکے معنی خریدنے اور بیچنے دونوں کے آتے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛شری]۔(۱۱۱:۹).

اِشْتَرٰهُ: (اِشْتَرٰی.هُ) اس نے اس کو خریدا، اِشْتَرٰی، (افتعال) اِشْتِرَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ہُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۱۰۲:۲) (۲۱:۱۲).

اِشْتَرَوْا: انہوں نے خریدا، انہوں نے بیچا، (افتعال) اِشْتِرَاءٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۱۶:۲، ۸۶، ۹۰، ۱۷۵) (۱۷۷:۳، ۱۸۷) (۹:۹).

اِشْتَعَلَ: شعلہ نکلا، وہ چمک اٹھا، وہ روشن ہوا، (افتعال۱) اِشْتِعَالٌ سے جس کے معنی شعلہ بھڑکنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔ یہاں مراد بڑھاپے سے سر سفید ہونا ہے۔(۱۹:۴).

اِشْتَمَلَتْ: وہ مشتمل ہے، گھیرے ہوئے ہے، لپیٹے ہوئے ہے، (افتعال۱) اِشْتِمَالٌ سے جسکے معنی مشتمل ہونے کے ہیں، ماضی واحد غائب مؤنث۔(۱۴۳:۶، ۱۴۴).

اِشْتَهَتْ: اس نے خواہش کی/ رغبت کی، (افتعال۱۰؛ اِشْتَهٰی.یَشْتَهِیْ) اِشْتِهَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث، [مادہ؛ شهو]۔ (۱۰۲:۲۱).

اَشِحَّةً: حریص لوگ، کسی چیز پر ٹوٹ پڑنے والے، شَحِیْحٌ کی جمع، (نصر، ضرب، سمع ۵) شُحٌّ (بخل کرنا، لالچ کرنا) سے، صیغۂ صفت (مذکر)۔(۱۹:۳۳، ۱۹).

اَشَدّ: نہایت سخت، زیادہ سخت، (نصروضرب۵؛ شَدَّ.یَشِدُّ) شَدٌّ و شِدَّةٌ سے جسکے معنی مضبوط کرنے، اور سخت اور قوی ہونے کے ہیں، افعل التفضیل واحد مذکر۔ اَشَدِّ (۲:۸۵)، اَشَدَّ (۲:۲۰۰) (۶۶:۴، ۷۷) (۸۲:۵) (۶۹:۹) (۳۰:۹) (۳۵:۴۴) (۲۱:۴۰، ۴۶، ۸۲) (۴۳:۸)، اَشَدُّ (۲:۷۴، ۱۶۵، ۱۹۱) (۸۴:۴، ۸۴) (۸۱:۹، ۹۷) (۶۹:۱۹) (۷۱:۲۰، ۱۲۷) (۷۸:۲۸) (۱۱:۳۷) (۱۵:۴۱، ۱۵) (۱۳:۴۷) (۳۶:۵۰) (۱۳:۵۹) (۶:۷۳) (۲۷:۷۹).

اَشِدَّآءُ: زور آور، سخت گیر، (نصروضرب؛ شَدَّ.یَشِدُّ) شَدٌّ و شِدَّةٌ سے، صفت مشبہ (جمع مذکر)، شَدِیْدٌ واحد۔(۲۹:۴۸).

اُشْدُدْ: تو سخت کر دے، تو مضبوط کر، (نصر۵؛ شَدَّ.یَشُدُّ) شَدٌّ سے جسکے معنی باندھنے، قوی اور مضبوط کرنے کے ہیں، امر واحد حاضر

مذکر۔(۸۸:۱۰) (۳۱:۲۰)۔

اَشُدَّكُمْ: (اَشُدَّ. كُمْ) تمہارا زور، تمہاری جوانی، اَشُدَّ (قوت عقل وتمیز کا پورا ہونا، [مادہ: شدد]) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۵:۲۲) (۶۷:۴۰)۔

اَشُدَّهٗ: (اَشُدَّ. هٗ) اس کی قوت، اس کی جوانی، اس کی عقل وتمیز کا مکمل ہونا، اَشُدَّ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۵۲:۶) (۲۲:۱۲) (۳۴:۱۷) (۱۴:۲۸) (۱۵:۴۶)۔

اَشُدَّهُمَا: (اَشُدَّ. هُمَا) ان دونوں کا جوان ہونا، ان کی عقل و تمیز کا مکمل ہونا، اَشُدَّ مضاف، هُمَا (ضمیر تثنیہ غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۸۲:۱۸)۔

اَشِرٌ: بڑائی مارنے والا، بہت زیادہ اترانے والا، (سمع ۲) اَشَرٌ سے جسکے معنی بہت زیادہ اترانے اور بڑائی مارنے کے ہیں، صفت مشبہ (واحد مذکر)۔(۲۵:۵۴)، الْاَشِرُ (۲۶:۵۴)۔

الْاَشْرَارِ: برے لوگ، (نصر، ضرب، سمع ۵) شَرٌّ سے صیغۂ صفت جمع، شَرِيْرٌ واحد مذکر۔(۶۲:۳۸)۔

اَشْرَاطُهَا: (اَشْرَاطُ. هَا) اس کی نشانیاں، اَشْرَاطُ (شَرْطٌ واحد) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۱۸:۴۷)۔

الْإِشْرَاقِ: صبح، اِشْرَاقٌ (باب افعال ا) کے اصل معنی تو روشن ہونے کے ہیں یہاں صبح کا وقت مراد ہے۔(۱۸:۳۸)۔

اِشْرَبُوْا: تم پیو، (سمع ا) شُرْبٌ (پینا) سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۱۸۷،۶۰:۲)(۳۱:۷)(۱۹:۵۲)(۲۴:۶۹)(۴۳:۷۷)۔

اُشْرِبُوْا: ان کو پلایا گیا، (افعال ا) اِشْرَابٌ (پلانا) سے، ماضی مجہول جمع غائب مذکر۔ (۹۳:۲)۔

اِشْرَبِيْ: تو پی، (سمع) شُرْبٌ سے، امر واحد حاضر مؤنث۔ (۲۶:۱۹)۔

اِشْرَحْ: کشادہ کر، تو کھول دے، (فتح ا) شَرْحٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔(۲۵:۲۰)۔

اَشْرَقَتْ: وہ چمک اٹھی، (افعال ا) اِشْرَاقٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔(۶۹:۳۹)۔

اَشْرَكَ: اس نے شرک کیا/ شرک نکالا، (افعال ا) اِشْرَاكٌ (شریک بنانا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۱۷۳:۷)۔

اُشْرِكُ: میں شرک (نہیں) کرتا ہوں، میں شریک (نہیں) ٹھہراتا ہوں، (افعال) اِشْرَاكٌ سے، مضارع (منفی) واحد متکلم۔ (۳۸:۱۸) (۷۲:۲۰)، **اُشْرِكَ**: میں شریک بناؤں (مضارع منصوب)۔(۳۶:۱۳) (۴۲:۴۰)۔

لَمْ اُشْرِكْ: میں نے شرک نہیں کیا، (کاش) میں شرک نہ کرتا، (افعال) اِشْرَاكٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد متکلم۔ (۴۲:۱۸)۔

اَشْرَكْتَ: تو نے شرک کیا، (افعال) اِشْرَاكٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر۔(۶۵:۳۹)۔

اَشْرَكْتُمْ: تم نے شرک کیا/ شریک بنایا، (افعال) اِشْرَاكٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(۸۱،۸۱:۶)۔

اَشْرَكْتُمُوْنِ: (اَشْرَكْتُمُوْ. نِ) تم نے مجھے شریک بنایا، اَشْرَكْتُمُوْ، (افعال) اِشْرَاكٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر، نِ (اصل میں نِیْ) میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف۔ اَشْرَكْتُمُوْ اصل میں اَشْرَكْتُمْ، واوِ اشباعی ہے۔(۲۲:۱۴)۔

اَشْرَكْنَا: ہم نے شریک ٹھہرایا، (افعال) اِشْرَاكٌ سے، ماضی جمع متکلم۔(۱۴۸:۶)۔

اَشْرَكُوْا: انہوں نے شرک کیا، (افعال) اِشْرَاكٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۹۶:۲) (۱۸۶،۱۵۱:۳) (۸۲:۵) (۲۲:۶، ۸۸، ۱۰۷، ۱۴۸) (۲۸:۱۰) (۳۵:۱۶، ۸۶) (۱۷:۲۲)۔

اَشْرِكْهُ: (اَشْرِكْ. هُ) تو اسے شریک کر، اَشْرِكْ، (افعال) اِشْرَاكٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔

(۳۲:۲۰).

اَشْعَارِهَا: (اَشْعَارِ.هَا) ان کے بال، اَشْعَارِ (شَعْرٌ کی جمع) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۸۰:۱۶).

اَشْفَقْتُمْ: تم ڈر گئے، (افعال ۱) اِشْفَاقٌ سے جو اصل میں اس توجہ کو کہتے ہیں جس میں ڈر موجود ہو، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (۱۳:۵۸).

اَشْفَقْنَ: وہ ڈر گئیں، (زمین و آسمان اور پہاڑ) ڈر گئے، (افعال) اِشْفَاقٌ سے، ماضی جمع غائب مؤنث۔ (۷۲:۳۳).

اَشَقُّ: بہت ہی سخت، بہت تکلیف دینے والا، (نصر ۵: شَقَّ.یَشُقُّ) شَقٌّ (سخت ہونا، مشقت میں ڈالنا، تکلیف دینا) سے، اسم تفضیل واحد مذکر، [مادہ؛ شقق]۔ (۳٤:۱۳).

اَشُقَّ: میں تکلیف دوں/ مشقت میں ڈالوں، (نصر: شَقَّ.یَشُقُّ) شَقٌّ سے، مضارع واحد متکلم۔ (۲۷:۲۸).

اَلْاَشْقٰی: بڑا بدبخت/ بدقسمت، (سمع ۱۰: شَقِیَ.یَشْقٰی) شَقَاوَةٌ (بدبخت ہونا) سے، اسم تفضیل واحد مذکر، [مادہ؛ شقو]۔ (۱۱:۸۷) (۱۵:۹۲).

اَشْقٰـهَا: (اَشْقٰی.هَا) اس کا بڑا بدبخت، اَشْقٰی (اسم تفضیل) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ مراد قوم ثمود کا وہ بڑا بدبخت جس نے حضرت صالحؑ کی اونٹنی کی کونچیں کاٹ ڈالی تھیں۔ (۱۲:۹۱).

اَشْکُرُ: میں شکر کرتا ہوں، (نصر ۱) شُکْرٌ سے، مضارع واحد متکلم۔ شکر کے معنی ہیں نعمت کو یاد رکھنا اور اس کا اظہار کرنا۔ کفر کی ضد ہے جس کے معنی نعمت کو بھولنے اور اس کو چھپانے کے ہیں۔ شکر کی تین قسمیں ہیں: ۱) شکر قلب یعنی دل میں نعمت کا دھیان رکھنا، ۲) شکر لسان یعنی زبان سے نعمت دینے والے کی ثنا کرنا، ۳) بقیہ تمام اعضاء وجوارح کا شکر یعنی بقدر استحقاق نعمت کی مکافات کرنا۔ (٤۰:۲۷)، اَشْکُرَ: میں شکر کروں۔ (۱۹:۲۷) (۱۵:٤٦).

اُشْکُرْ: تو حق مان، تو شکر کر، (نصر) شُکْرٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (۱٤،۱۲:۳۱).

اُشْکُرُوْا: تم احسان مانو، تم شکر کرو، (نصر) شُکْرٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۱۵۲:۲، ۱۷۲) (۱۱٤:۱٦) (۱۷:۲۹) (۱۵:۳٤).

اَشْکُوْا: میں کھولتا ہوں، میں بیان کرتا ہوں، شکوہ کرتا ہوں، (نصر ۷: شَکَا.یَشْکُوْ) شَکْوٌ سے جسکے معنی اضطراب وغم کے اظہار اور بیان کرنے کے ہیں، مضارع واحد متکلم۔ (۸٦:۱۲).

اِشْمَاَزَّتْ: وہ رک گئی، اس نے نفرت کی، (افعلال ۲) اِشْمِئْزَازٌ (غصہ سے اس طرح بھر جانا کہ چہرے سے نفرت کا اظہار ہو) سے، ماضی واحد غائب مؤنث، [مادہ؛ شماز]۔ (٤۵:۳۹).

اَلْاَشْهَادُ: گواہی دینے والے، گواہ، شَاهِدٌ یا شَهِیْدٌ کی جمع، [مادہ؛ شهد]۔ (۱۸:۱۱) (۵۱:٤۰).

اِشْهَدْ: تو گواہ رہ، (سمع ۱) شَهَادَةٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (۵۲:۳) (۱۱۱:۵).

اَشْهَدُ: میں گواہی دیتا ہوں/ گواہی دوں گا، (سمع) شَهَادَةٌ سے، مضارع واحد متکلم۔ (۱۹:٦).

اُشْهِدُ: میں گواہ کرتا ہوں، میں گواہ بناتا ہوں، (افعال ۱) اِشْهَادٌ سے، مضارع واحد متکلم۔ (۵٤:۱۱).

اَشْهَدْتُّهُمْ: (اَشْهَدْتُّ.هُمْ) میں نے ان کو شاہد بنایا/ ان کو دکھلایا، اَشْهَدْتُّ، (افعال) اِشْهَادٌ سے، ماضی واحد متکلم، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۵۱:۱۸).

اِشْهَدُوْا: تم گواہی دو، تم گواہ رہو، (سمع) شَهَادَةٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۸۱،٦٤:۳) (۵٤:۱۱).

اَشْهِدُوْا: تم گواہ بناؤ، گواہ کر لیا کرو، (افعال) اِشْهَادٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۲۸۲:۲) (٦:٤) (۲:٦۵).

اَشْهَدَهُمْ: (اَشْهَدَ.هُمْ) اس نے ان سے اقرار کرایا/ ان کو

گواہ بنایا، اَشْهَدَ، (افعال) اِشْهَادٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (٧:١٧٢).

اَشْهُرٌ: مہینے، شَهْرٌ کی جمع۔ (٢:١٩٧)، اَشْهُرٍ (٢:٢٢٦، ٢٣٤) (٩:٢) (٦٥:٤)، اَلْاَشْهُرُ (٩:٥).

اَشْيَآءَ: چیزیں، باتیں، شَیْءٌ کی جمع۔ (٥:١٠١).

اَشْيَآءَهُمْ: (اَشْيَآءَ.هُمْ) ان کی چیزیں، اَشْيَآءَ (شَیْءٌ کی جمع) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٧:٨٥) (١١:٨٥) (٢٦:١٨٣).

اَشْيَاعَكُمْ: تمہارے ساتھ والے، تمہارے طریقے والے، اَشْيَاعَ (شِيْعَةٌ کی جمع، [مادہ؛ شیع]) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٥٤:٥١).

اَشْيَاعِهِمْ: (اَشْيَاعِ.هِمْ) ان کے طریقے والے، ان کے ساتھی/ہم مذہب، اَشْيَاعِ (شِيْعَةٌ کی جمع) مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٣٤:٥٤).

اَصَابَ: وہ پہنچا، وہ آ پڑا، اس نے پا لیا، (افعال٨؛ اَصَابَ.يُصِيْبُ) اِصَابَةٌ سے جسکے معنی پا لینے، پہنچنے اور آ پڑنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ صوب]۔ (١١:٨٩) (٣٠:٤٨) (٣٨:٣٦) (٥٧:٢٢) (٦٤:١١).

اَصَابَتْ: وہ جا لگی/ پہنچی، (افعال) اِصَابَةٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔ (٣:١١٧).

اَصَابَتْكُمْ: (اَصَابَتْ.كُمْ) وہ تمہیں پہنچی، اَصَابَتْ، (افعال) اِصَابَةٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (٣:١٦٥) (٤:٧٢) (٥:١٠٦).

اَصَابَتْهُ: (اَصَابَتْ.هُ) وہ اس کو پہنچے، اَصَابَتْ، (افعال) اِصَابَةٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (٢٢:١١).

اَصَابَتْهُمْ: (اَصَابَتْ.هُمْ) ان کو پہنچی، اَصَابَتْ، (افعال) اِصَابَةٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (٢:١٥٦) (٤:٦٢).

اَصَابِعَهُمْ: (اَصَابِعَ.هُمْ) ان کی انگلیاں، اَصَابِعَ (اِصْبَعٌ واحد، [مادہ؛ صبع]) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٢:١٩) (٧١:٧).

اَصَابَكَ: (اَصَابَ.كَ) وہ تجھے پہنچا، (جو) تجھے پہنچے، اَصَابَ، (افعال) اِصَابَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (٤:٧٩، ٧٩) (٣١:١٧).

اَصَابَكُمْ: (اَصَابَ.كُمْ) وہ تمہیں پہنچا، تم کو پہنچے، اَصَابَ، (افعال) اِصَابَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (٣:١٥٣، ١٦٦) (٤:٧٣) (٤٢:٣٠).

اَصَابَهُ: (اَصَابَ.هُ) وہ اس پر پہنچا، اس پر برسے، اَصَابَ، (افعال) اِصَابَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (٢:٢٦٤) (٢٢:١١)، اَصَابَهُ (٢:٢٦٦).

اَصَابَهَا: (اَصَابَ.هَا) وہ اس پر پہنچا، اس پر آ پڑا، اَصَابَ، (افعال) اِصَابَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (٢:٢٦٥، ٢٦٦).

اَصَابَهُمْ: (اَصَابَ.هُمْ) وہ ان پر پہنچا، ان پر آ پڑا، اَصَابَ، (افعال) اِصَابَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (٣:١٤٦، ١٧٢) (١١:٨١) (١٦:٣٤) (٢٢:٣٥) (٣٩:٥١) (٤٢:٣٩).

اَصْبُ: میں مائل ہو جاؤں گا، (نصر؛ صَبَا.يَصْبُوْ) صَبْوَةٌ سے جسکے معنی مائل ہونے اور مشتاق ہونے کے ہیں، مضارع (مجزوم) واحد متکلم۔ (١٢:٣٣).

اَلْاِصْبَاحِ: صبح کی روشنی، صبح کرنا، مصدر ہے (افعال١؛ اَصْبَحَ.يُصْبِحُ کا)۔ اس سے افعال ناقصہ کا صدور ہوتا ہے۔ (٦:٩٦).

اَصَبْتُمْ: تم پہنچا چکے، (افعال) اِصَابَةٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر،

[مادہ:صوب]۔(۳:۱۶۵)۔

اَصْبَحَ: وہ ہوگیا، اس نے صبح کی، (افعال ا) اِصْبَاحٌ (صبح کرنا، کسی چیز کا وقوع پذیر ہونا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ افعال ناقصہ میں سے ہے۔ (۵:۳۰، ۳۱) (۱۸:۴۲، ۴۵) (۲۸:۱۰، ۱۸، ۸۲) (۶۷:۳۰)۔

اَصْبَحَتْ: وہ ہوگئی، اس نے صبح کی، (افعال) اِصْبَاحٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔(۶۸:۲۰)۔

اَصْبَحْتُمْ: تم ہوگئے، تم نے صبح کی، (افعال) اِصْبَاحٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(۳:۱۰۳) (۴۱:۲۳)۔

اَصْبَحُوْا: وہ ہو گئے، انہوں نے صبح کی، (افعال) اِصْبَاحٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۵:۵۳، ۱۰۲) (۷:۷۸، ۹۱) (۱۱:۶۷، ۹۴) (۲۶:۱۵۷) (۲۹:۳۷) (۴۶:۲۵) (۶۱:۱۴)۔

اِصْبِرْ: تو صبر کر، تو اپنے تئیں روکے رکھ، (ضرب ا) صَبْرٌ سے جسکے معنٰی کسی کے اپنے آپ کو عقل وشرع کے مطابق روکے رکھنے کے ہیں، امر واحد حاضر مذکر۔ (۱۰:۱۰۹) (۱۱:۴۹، ۱۱۵) (۱۶:۱۲۷) (۱۸:۲۸) (۲۰:۱۳۰) (۳۰:۶۰) (۳۱:۱۷) (۳۸:۱۷) (۴۰:۵۵، ۷۷) (۴۶:۳۵) (۵۰:۳۹) (۵۲:۴۸) (۶۸:۴۸) (۷۰:۵) (۷۳:۱۰) (۷۴:۷) (۷۶:۲۴)۔

اِصْبِرُوْا: تم صبر کرو، تم اپنے تئیں روکے رکھو، (ضرب) صَبْرٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(۳:۲۰۰) (۷:۸۷، ۱۲۸) (۸:۴۶) (۳۸:۶) (۵۲:۱۶)۔

اَصْبَرَهُمْ: (مَآ اَصْبَرَهُمْ) ان میں کتنا صبر ہے، وہ کیسے حوصلے والے ہیں، افعال تعجبیہ سے ہے، [مادہ:صبر]۔(۲:۱۷۵)۔

اَصَبْنٰهُمْ: (اَصَبْنَا.هُمْ) ہم نے ان کو آ لیا، اَصَبْنَا، (افعال) اِصَابَةٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)، [مادہ:صوب]۔(۷:۱۰۰)۔

اَصْحٰبُ: ساتھی، دوست، صَاحِبٌ کی جمع جو (سمع ا) صُحْبَةٌ و صَحَابَةٌ سے اسم فاعل واحد مذکر ہے۔ اَصْحٰبِ (۲:۱۱۹) (۵:۲۹) (۷:۴۷) (۹:۷۰) (۳۵:۶) (۳۹:۸) (۴۶:۱۶) (۵۶:۳۸، ۹۰، ۹۱)(۶۰:۱۳)(۶۷:۱۰، ۱۱)(۱۰۵:۱)، اَصْحٰبَ (۴:۴۷) (۷:۴۴، ۴۶، ۵۰) (۱۸:۹) (۲۵:۳۸) (۲۹:۱۵) (۳۶:۱۳، ۵۵) (۶۸:۱۷) (۷۴:۳۱، ۳۹)، اَصْحٰبُ (۲:۳۹، ۸۱، ۸۲، ۲۱۷، ۲۵۷، ۲۷۵) (۳:۱۱۶) (۵:۱۰، ۸۶) (۷:۳۶، ۴۲، ۴۴، ۴۸، ۵۰) (۹:۱۱۳)(۱۰:۲۶، ۲۷)(۱۱:۲۳) (۱۳:۵) (۱۵:۷۸، ۸۰) (۲۰:۱۳۵) (۲۲:۴۴، ۵۱) (۲۵:۲۴) (۲۶:۶۱، ۱۷۶) (۳۸:۱۳) (۴۰:۶، ۴۳) (۴۶:۱۴) (۵۰:۱۲، ۱۴) (۵۶:۸، ۸، ۹، ۹، ۲۷، ۲۷، ۴۱، ۴۱) (۵۷:۱۹) (۵۸:۱۷) (۵۹:۲۰، ۲۰، ۲۰) (۶۴:۱۰) (۸۵:۴) (۹۰:۱۸، ۱۹)، اَصْحٰبٌ (۶:۷۱)۔

اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ: کھائی والے، گہرے گڑھے والے، اَصْحٰبُ (صَاحِبٌ کی جمع) مضاف، الْاُخْدُوْدِ مضاف الیہ۔ اس سے مراد وہ لوگ ہیں جنہوں نے گڑھوں اور کھائیوں میں آگ دھکا کر اللہ کے بندوں کو نذر آتش کیا تھا۔ اس طرح کے تاریخ میں کئی واقعات ملتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ مفسرین نے مختلف واقعات نقل کیے ہیں۔ ایک مشہور واقعہ جو احادیث کی کتب میں بھی موجود ہے، یہاں اختصار کے ساتھ نقل کیا جاتا ہے۔ ایک کافر بادشاہ نے ایک جادوگر کے پاس، جو قریب المرگ تھا اور بادشاہ کے مقربین میں سے تھا، ایک لڑکے کو بطور شاگرد مقرر کیا تاکہ جادوگر اپنا علم اسے منتقل کر دے۔ لڑکا جس راستے سے جادوگر کے پاس جاتا تھا اس میں ایک راہب رہتا تھا۔ لڑکا اس راہب کے پاس بھی بیٹھتا اور اس سے دین کی باتیں سنتا اور پسند کرتا۔ اس زمانے میں ایک بہت بڑے اژدھا نے لوگوں کا ناطقہ بند کر رکھا تھا، ایک دن لڑکے نے کہا کہ آج معلوم ہو جائے گا کہ راہب سچا ہے یا جادوگر۔ اس نے ایک پتھر ہاتھ میں لے کر کہا کہ اگر راہب کا دین سچا ہے تو اے اللہ اس اژدھا کا کام تمام کر دے۔ چنانچہ اللہ نے اس کا کام تمام کر دیا، جس کے بعد اس لڑکے پر راہب کے دین کی حقانیت آشکار ہوگئی حتیٰ کہ وقت گزرنے

کے ساتھ ساتھ وہ صاحب کرامت ہو گیا اور اس کی دعا سے بیمار شفا یاب ہونے لگے۔ بادشاہ کا ایک مصاحب نابینا تھا، اسے علم ہوا تو وہ بھی بہت سارے تحفے لے کر اس کے پاس آیا اور کہا کہ اگر تو مجھے شفا دے دے تو یہ سارے تحائف تجھے دے دوں گا۔ لڑکے نے کہا کہ میں شفا نہیں دیتا بلکہ میرا رب شفا دیتا ہے، اگر تو ایمان لے آئے تو میں اللہ سے دعا کروں اور وہ تجھے شفا دے دے، چنانچہ وہ ایمان لے آیا اور اسے شفا ہو گئی۔ بادشاہ کو علم ہوا تو اس نے اپنے مصاحب سے پوچھا کہ تو کس طرح ٹھیک ہو گیا؟ اس نے جواب دیا کہ اللہ نے مجھے شفا دی۔ بادشاہ بہت غضب ناک ہوا اور اسے گرفتار کر کے طرح طرح کی اذیتیں دینے لگا، آخر کار اسے اس لڑکے کا علم ہوا اور وہ لڑکا اس کے سامنے لایا گیا۔ لڑکے نے بھی اللہ کی توحید بادشاہ کے سامنے پیش کی، اس پر اسے بھی پکڑ کر ستانے لگا۔ راہب کا علم ہوا تو اسے پکڑ کر آرے سے چروا دیا اور یہی حال اپنے مصاحب کا بھی کیا، ان دونوں نے دین حق چھوڑنے سے صاف انکار کر دیا تھا۔ اب لڑکے کی باری آئی تو اسے بھی پہلے دین چھوڑنے پر آمادہ کیا گیا، انکار پر بادشاہ نے حکم دیا کہ اسے کسی اونچے پہاڑ سے گرا کر ہلاک کر دیا جائے، مگر اللہ کی قدرت جو لوگ اسے ہلاک کرنے گئے وہ پہاڑ سے گر کر ہلاک ہو گئے اور لڑکا صحیح و سالم بچ کر نکل آیا۔ بادشاہ نے اسے کئی طرح ہلاک کرنے کی کوشش کی لیکن ہر دفعہ ناکام ہوا۔ آخر کار لڑکے نے بادشاہ سے کہا کہ میں خود اپنے مرنے کی ترکیب بتلاتا ہوں، تو سب لوگوں کو ایک کھلے میدان میں جمع کر اور بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْغُلَامِ (اللہ کے نام سے جو اس لڑکے کا رب ہے) کہہ کر مجھ پر تیر چلا۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا اور لڑکا سب لوگوں کے سامنے شہید ہو گیا۔ لوگوں نے جو یہ دیکھا تو سب پکار اٹھے اٰمَنَّا بِرَبِّ الْغُلَامِ (ہم اس لڑکے کے رب پر ایمان لائے)۔ بادشاہ بہت غضب ناک ہوا اس نے بڑے بڑے گڑھے کھدوائے اور ان کو آگ سے دہکا دیا، اور اعلان کیا کہ جو دین اسلام سے نہیں پھرے گا اسے ان گڑھوں میں جھونک دیا جائے گا۔ مومنین نے صاف انکار کر دیا اور اس بدبخت بادشاہ نے سب کو اس آگ میں جھونک دیا۔ (۸۵:۴)۔

اَصْحٰبُ الْاَعْرَافِ: اعراف والے، اونچی جگہوں والے، اَصْحٰبُ (صَاحِبٌ کی جمع) مضاف، الْاَعْرَافِ (عُرْفٌ کی جمع جسکے معنی اونچی جگہ کے ہیں) مضاف الیہ۔ یہ کون لوگ ہیں؟ ان کے بارے میں مفسرین کے مختلف اقوال ہیں، بعض ان کو اللہ کے برگزیدہ اور ممتاز بندے مراد لیتے ہیں، بعض ان کو فرشتے قرار دیتے ہیں جو اہل جنت اور دوزخ کو پہچانتے ہیں، بعض ان کو انبیاءؑ مراد لیتے ہیں، یہ اس لیے کہ ان کے مقام علو و شرف کے لحاظ سے قیامت کے روز ان کو ممتاز کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ انہیں اعراف کے مقام پر متمکن کرے گا اور وہ وہاں سے جنتیوں اور دوزخیوں کے حالات کا مشاہدہ کریں گے، بعض کے نزدیک ہرامت کے وہ نیک لوگ ہیں جو قیامت کے روز لوگوں کے بارے میں شہادت دیں گے۔ جمہور مفسرین کی رائے میں وزنِ اعمال کے بعد جن کی نیکیاں زیادہ ہوں گی وہ جنت میں اور جن کی برائیاں زیادہ ہوں گی وہ دوزخ میں ڈالے جائیں گے، اور جن کی نیکیاں اور برائیاں برابر ہوں گی وہ اصحابِ اعراف ہیں۔ یہ لوگ جنتیوں اور دوزخیوں کو ان کے چہروں سے پہچان لیں گے، جنتیوں کو السلام علیکم کہیں گے، اگرچہ خود ابھی جنت میں نہیں گئے لیکن جنت میں جانے کی توقع رکھتے ہوں گے، آخر یہ بھی جنت میں جائیں گے۔ (۷:۴۸)۔

اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ: بن کے رہنے والے، گھنے جنگلوں میں رہنے والے، ایکہ کے لوگ، اَصْحٰبُ مضاف، الْاَيْكَةِ مضاف الیہ۔ یہ یا تو شہر کا نام ہے یا بن کا، چونکہ اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ اس مقام پر بسنے والے لوگ تھے اس لیے اس کی طرف منسوب ہوئے۔ ان لوگوں میں شرک اور بت پرستی کے علاوہ ڈنڈی مارنے اور کم تولنے کا بڑا رواج تھا۔ ان ہی خرابیوں کی اصلاح کے لیے حضرت شعیبؑ بھیجے گئے لیکن انہوں نے ان کی ایک نہ سنی اور بالآخر عذابِ الٰہی سے ہلاک ہو کر رہے۔ (۱۵:۷۸)، (۲۶:۱۷۶)، (۳۸:۱۳)، (۵۰:۱۴)۔

اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ: دوزخ میں رہنے والے، دوزخی لوگ، اَصْحَابُ مضاف، الْجَحِيْمِ مضاف الیہ۔

اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ: جنت میں رہنے والے، جنتی، اَصْحَابُ

مضاف، الْجَنَّةِ مضاف الیہ۔

اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ: باغ والے، اَصْحَابَ مضاف، الْجَنَّةِ مضاف الیہ۔(۶۸:۱۷)۔

اَصْحٰبُ الْحِجْرِ: حجر والے، حجر کے رہنے والے، اَصْحٰبُ مضاف، الْحِجْرِ مضاف الیہ۔ تمام مفسرین ومورخین اس پر متفق ہیں کہ اصحاب الحجر سے مراد قوم ثمود ہے، لیکن ارض القرآن میں سید سلمان ندوی نے قدرے اختلاف کیا ہے۔ اصحاب الحجر ''حجر والے'' اور ثمود کا تذکرہ جہاں جہاں قرآن میں ہوا ہے اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ثمود اور اصحاب الحجر دو علیحدہ علیحدہ قومیں نہیں، کیونکہ دونوں جگہ ان کے حالات بیان کرنے میں طرزِ کلام ایک ہی ہے۔ ان مقامات پر ان کی تعمیر اور طرز تعمیر، اور عذاب اور طریقہ عذاب ایک ہی بیان کیا گیا ہے۔ علامہ علی بن محمد خازن اپنی تفسیر لباب التاویل میں حجر کی تفسیر میں لکھتے ہیں، ''مفسرین کا بیان ہے کہ حجر اس وادی کا نام ہے جس میں ثمود رہتے تھے۔ یہ وادی مدینہ منورہ اور شام کے درمیان ہے۔ اس کے جملہ آثار باقی ہیں۔ شام کے کاروان حجاز کی طرف اور اہل حجاز شام کی طرف اسی پر سے گزرتے ہیں''۔ احادیث میں بھی ''ارض ثمود الحجر'' کے الفاظ ہیں جس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ اصحاب الحجر سے ثمود ہی مراد لیے جاتے تھے۔(۱۵:۸۰)۔

اَصْحٰبَ الرَّسِّ: کنویں والے، اَصْحٰبَ مضاف، الرَّسِّ مضاف الیہ۔ یہ کون تھے، کہاں تھے، اس کے متعلق احادیث سے فیصلہ کرنا مشکل ہے۔ قرآن حکیم میں دو مقامات پر ان کا ذکر ملتا ہے لیکن کوئی حال نہیں بیان کیا گیا بلکہ صرف گنہگار اور معذب قوموں کی فہرست میں ان کا بھی شمار کیا گیا۔(۲۵:۳۸)، (۵۰:۱۲)۔

اَصْحٰبَ السَّبْتِ: ہفتہ کے دن والے، اَصْحٰبَ مضاف، السَّبْتِ مضاف الیہ۔ اصحاب السبت کا قصہ سورۃ الاعراف (۷:۱۶۳تا۱۶۶) میں تفصیل کے ساتھ مذکور ہے۔ حضرت داؤدؑ کے عہد میں اَیلہ (بحر قلزم کے کنارے مدین اور کوہ طور کے درمیان) کے مقام پر بنی اسرائیل (میں سے کچھ یہودی) آباد تھے۔ وہ لوگ سمندر جو وہاں دریا کی شکل اختیار کر جاتا ہے، کے قرب کی وجہ سے مچھلی کے شکار پر گزر بسر کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اہل یہود پر ہفتہ کے دن کام کاج کرنا منع کیا ہوا تھا۔ ان میں سے اکثر لوگ فسق و فجور میں مبتلا تھے۔ اللہ کی طرف سے باشندگانِ ایلہ کی سخت آزمائش ہونے لگی کہ ہفتہ کے دن تو مچھلیاں خوب کثرت سے آتی تھیں اور دریا کے اوپر تیرتی رہتی تھیں جبکہ دیگر دنوں میں غائب رہتیں اور شکار کیلئے بڑی سخت مشقت اٹھانی پڑتی۔ اس صورت حال میں ان میں سے کچھ لوگوں سے صبر نہ ہوا اور انہوں نے مختلف حیلوں سے ہفتہ کے دن شکار شروع کر دیا۔ انہوں نے دریا کے کنارے تالاب اور گڑھے بنالیے، جب ہفتے کے دن مچھلیاں ان میں آ جاتیں تو واپسی کا راستہ بند کر دیتے اور اتوار کو پکڑ لیتے اور کہتے ہم نے ہفتہ کو تو شکار نہیں کیا۔ وہ لوگ تین گروہوں میں تقسیم ہو گئے، ایک وہ جو مختلف حیلوں سے شکار کرتے تھے، دوسرے وہ لوگ تھے جو ان کو منع کرتے اور عذاب الٰہی سے ڈراتے تھے، تیسرے کچھ ایسے لوگ بھی تھے جو خود تو غلط کام نہیں کرتے تھے لیکن وہ نصیحت بھی نہیں کرتے تھے بلکہ نصیحت کرنے والوں کو کہتے تھے کہ تم ایسے لوگوں کے ساتھ کیوں مغز ماری کرتے ہو جنہیں خدا عذاب دینے والا ہے۔ اللہ نے فرمایا کہ صرف وہی لوگ بچے جو نصیحت کرنے والے تھے جبکہ ظالموں کو بندر بنا دیا گیا۔(۴:۴۷)۔

اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ: دوزخ والے، اَصْحٰبِ مضاف، السَّعِيْرِ مضاف الیہ۔ سَعِيْرٌ: دہکتی آگ، (فتح ا) سَعْرٌ (آگ جلانا/ بھڑکانا) سے، صیغۂ صفت مفرد۔ قرآن میں یہ دوزخ (یا دوزخ کے ایک طبقے) کیلئے آیا ہے۔(۳۵:۶)، (۶۷:۱۰، ۱۱)۔

اَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ: کشتی والے، جہاز والے، اَصْحٰبَ مضاف، السَّفِيْنَةِ (جہاز/ کشتی، [مادہ: سفن]) مضاف الیہ۔ اصحاب السّفینہ سے مراد وہ لوگ ہیں جو حضرت نوحؑ پر ایمان لائے اور طوفان کے وقت ان کے ساتھ جہاز پر سوار ہوئے۔ ان کو اللہ تعالیٰ نے طوفان کے عذاب سے نجات دے کر سرفراز فرمایا تھا۔(۲۹:۱۵)۔

اَصْحٰبُ الشِّمَالِ: بائیں طرف والے، اَصْحٰبُ مضاف،

الشِّمَالِ (بائیں طرف، بایاں، [مادہ: شمل]) مضاف الیہ۔ ان سے مراد وہ لوگ ہیں جو روزِ جزا کو عرش کے بائیں جانب کھڑے ہوں گے، ان کا نامۂ اعمال ان کے بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا اور فرشتے ان کو بائیں طرف سے پکڑ کر جہنم میں ڈالیں گے۔ (۵۶:۴۱، ۴۱)۔

اَصْحٰبِ الْفِيْلِ: ہاتھی والے، اَصْحٰبِ مضاف، الْفِيْلِ مضاف الیہ۔ ۵۷۱ء میں ابرہہ نے، جو یمن کا حاکم تھا، بیت اللہ کو گرانے کے لیے مکہ مکرمہ پر فوج کشی کی۔ اس مہم میں وہ ہاتھیوں کو ساتھ لے کر آیا تھا، اسی لیے عرب میں اس مہم کو وقعۃ الفیل اور اس سال کو عام الفیل کہتے ہیں، اور اسی مناسبت سے انہیں اصحاب الفیل کہا گیا ہے۔ ابرہہ نے صنعاء میں جو یمن کا دارالحکومت تھا، ایک نہایت عظیم الشان گرجا تعمیر کرایا اور اسے کعبہ کے نام سے موسوم کیا۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ لوگ اصلی کعبہ کو چھوڑ کر ادھر جمع ہوں، لیکن عربوں میں کعبۂ ابراہیمی کی ہمیشہ سے بڑی عظمت تھی اور وہ اس کا بڑا احترام کرتے تھے۔ جب انہوں نے اس نئے کعبہ کی خبر سنی تو ان کے دلوں میں اس کے خلاف نفرت کا جذبہ پھیل گیا اور قریش میں سے کسی نے اس کی بے حرمتی بھی کر دی۔ جب ابرہہ کو اس بات کا علم ہوا اور اسے یقین ہو گیا کہ لوگ اس کے بنائے ہوئے کعبہ کی طرف متوجہ نہیں ہوں گے تو اس نے انتقام لینے کی غرض سے بیت اللہ پر چڑھائی کا منصوبہ بنایا اور ہاتھیوں کا بہت بڑا لشکر لے کر مکہ پر چڑھ دوڑا۔ اس وقت حضور ﷺ کے دادا عبدالمطلب خانہ کعبہ کے متولی تھے، وہ اتنے بڑے لشکر سے ٹکر لینے کے لیے تیار نہ تھے، انہوں نے اللہ سے دعا کی اور معاملہ اللہ پر چھوڑ دیا۔ جب وہ حملہ کیا ہی چاہتے تھے کہ یکایک سمندر کی طرف سے پرندوں کے جھنڈ کے جھنڈ نمودار ہوئے، ان کی چونچوں اور پنجوں میں کنکریاں تھیں، وہ ایسی کنکریاں تھیں کہ جس پر پڑتیں اس کو تباہ و برباد کر دیتیں، چنانچہ کچھ ہی دیر میں سارا لشکر کھائے ہوئے بھس کی طرح ہو کر رہ گیا۔ (۱۰۵:۱)۔

اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ: گاؤں کے لوگ، گاؤں والے، اَصْحٰبَ مضاف، الْقَرْيَةِ (گاؤں/بستی) مضاف الیہ۔ اصحاب القریہ کا قصہ سورۃ یٰسٓ میں تفصیل سے مذکور ہے، لیکن نہ تو قریہ کے نام کی صراحت ہے نہ ان تین پیغمبروں کے نام بیان کیے گئے ہیں جو ان کی طرف بھیجے گئے تھے، نہ اس شخص کا نام ہے جو شہر کی پرلی طرف سے دوڑتا ہوا آیا تھا اور نہ اس کے شہید کیے جانے کا ذکر ہے۔ (۱۳:۳۶)۔

اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَ الرَّقِيْمِ: غار اور رقیم والے، اَصْحٰبَ مضاف، الْكَهْفِ و الرَّقِيْمِ مضاف الیہ۔ بعض کی رو سے اصحاب الکہف اور لوگ ہیں اور اصحاب الرقیم دوسرے لوگ۔ اصحاب الرقیم کا قصہ قرآن میں نہیں ہے، محض عجیب ہونے کی وجہ سے اصحاب الکہف کے تذکرہ میں ان کا حوالہ دے دیا گیا ہے۔ بعض اصحاب الرقیم کو وہ اصحاب الغار بیان کرتے ہیں جن کے تذکرۂ سخن میں ہے کہ تین افراد جا رہے تھے اور بارش کی وجہ سے ایک غار میں پناہ گزین ہو گئے، اوپر سے ایک بڑا پتھر آ پڑا اور غار کا منہ بند ہو گیا، ان میں سے ہر ایک نے اپنے بہترین عمل کا حوالہ دے کر دعا مانگی، چنانچہ تینوں کی دعاؤں سے غار کا دہانہ کھل گیا۔ بظاہر قرآن مجید سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ ان دونوں سے ایک ہی جماعت مراد ہے اور یہی جمہور علماء کی رائے ہے۔ الرقیم اس شہر کا نام تھا جہاں یہ واقعہ پیش آیا۔ (۱۸:۹)۔

اَصْحٰبِ الْمُؤْتَفِكٰتِ: الٹی ہوئی بستیوں والے، اَصْحٰبِ مضاف، الْمُؤْتَفِكٰتِ مضاف الیہ۔ ان سے مراد قوم لوط کی بستیاں ہیں جو عذابِ الٰہی کے بعد گویا اس طرح ہو گئی تھیں جیسے کسی آبادی کو اٹھا کر الٹا دیا گیا ہو۔ (۹:۷۰)۔

اَصْحٰبُ الْمَشْـَٔمَةِ: کم بختی والے، بائیں طرف والے، اَصْحٰبُ مضاف، الْمَشْـَٔمَةِ (بائیں طرف، نحوست، [مادہ: شام]) مضاف الیہ۔ قرآن میں دوسری جگہ ان کو اصحاب الشِّمَال کہا گیا ہے۔ (۵۶:۹، ۹)، (۹۰:۱۹)۔

اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ: داہنے والے، بڑے نصیب والے، اَصْحٰبُ مضاف، الْمَيْمَنَةِ (دائیں طرف، برکت، [مادہ: یمن]) مضاف الیہ۔ یہ وہ خوش نصیب لوگ ہیں جن کو عہدِ الست کے دن حضرت آدمؑ کے داہنے پہلو سے نکالا گیا، جو روزِ حشر عرشِ الٰہی کے

داہنی جانب ہوں گے، ان کا اعمالنامہ دائیں ہاتھ میں ہوگا اور فرشتے ان کو دائیں طرف سے ملیں گے۔(۸،۸:۵۶)، (۱۸:۹۰)۔

اَصْحٰبُ النَّارِ: دوزخ والے، آگ کے ساتھی، اس سے مراد دوزخ کا داروغہ بھی ہے، اَصْحَابُ مضاف، النَّارِ مضاف الیہ۔

اَصْحٰبُ الْیَمِیْنِ: داہنے ہاتھ والے/ دائیں طرف والے، اَصْحٰبُ مضاف، الْیَمِیْنِ (دایاں، دائیں طرف، [مادہ؛ یمن]) مضاف الیہ۔ اس کی تفصیل وہی ہے جو اَصْحٰبُ الْمَیْمَنَةِ کی ہے۔(۲۷:۵۶، ۲۷، ۳۸، ۹۰، ۹۱)، (۳۹:۷۴)۔

اَصْحٰبِهِمْ: (اَصْحٰبِ.هِمْ) ان کے ساتھی، اَصْحٰبِ (صَاحِبٌ کی جمع جسکے معنی رفیق اور ساتھی کے ہیں) مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۵۹:۵۱)۔

اِصْدَعْ: تو کھول کر سنا دے، (فتح ۱) صَدْعٌ (پھاڑنا، ظاہر کرنا) سے، امر واحد حاضر مذکر۔(۹۴:۱۵)۔

اَصَّدَّقَ: میں خیرات کروں، (تفعل ۱) تَصَدُّقٌ سے جسکے معنی صدقہ دینے اور خیرات کرنے کے ہیں، مضارع واحد متکلم، اصل میں اَتَصَدَّقَ، تاء کو صاد سے بدل کر صاد کو صاد میں مدغم کر دیا گیا۔(۱۰:۶۳)۔

اَصْدَقُ: زیادہ سچا، (نصر ۱) صِدْقٌ سے، اسم تفضیل واحد مذکر۔(۸۷:۴، ۱۲۲)۔

اِصْرًا: بوجھ، ذمہ داری، ذمہ۔(۲۸۶:۲)۔

اِصْرِفْ: ہٹا دے، پھیر دے، (ضرب ۱) صَرْفٌ (پھیرنا/ بدلنا) سے، امر واحد حاضر مذکر۔(۶۵:۲۵)۔

اَصْرِفُ: میں پھیر دوں گا، (ضرب) صَرْفٌ سے، مضارع واحد متکلم۔(۱۴۶:۷)۔

اَصَرُّوْا: انہوں نے ضد کی/ اصرار کیا، (افعال ۵؛ اَصَرَّ.یُصِرُّ) اِصْرَارٌ سے جسکے معنی کسی چیز پر سختی سے جمے رہنے اور مصر ہونے کے ہیں، ماضی جمع غائب مذکر، [مادہ؛ صرر]۔(۷:۷۱)۔

اِصْرَهُمْ: (اِصْرَ.هُمْ) ان کے بوجھ، اِصْرَ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۱۵۷:۷)۔

اِصْرِیْ: (اِصْرِ.یْ) میرا بوجھ، میرا ذمہ، میرا عہد، میری ذمہ داری، اِصْرِ مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔(۸۱:۳)۔

اِصْطَادُوْا: تم شکار کر لو، (افتعال ۹؛ اِصْطَادَ.یَصْطَادُ) اِصْطِیَادٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ صید]۔(۲:۵)۔

اِصْطَبِرْ: تو قائم رہ، سہتا رہ، تو صبر کر، (افتعال ۱) اِصْطِبَارٌ (صبر کے ساتھ قائم رہنا) سے، امر واحد حاضر مذکر۔(۶۵:۱۹) (۱۳۲:۲۰) (۲۷:۵۴)۔

اِصْطَفٰی: اس نے چن لیا، اس نے پسند کیا/ منتخب کیا، (افتعال ۱۰؛ اِصْطَفٰی.یَصْطَفِیْ) اِصْطِفَاءٌ سے جس کے معنی چن لینے/ برگزیدہ کرنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ صفو]۔ (۱۳۲:۲) (۳۳:۳) (۵۹:۲۷) (۴:۳۹)، اَصْطَفٰی: (اَ.اِصْطَفٰی) کیا اس نے پسند کیں، (۱۵۳:۳۷)۔

اِصْطَفٰكِ: (اِصْطَفٰی.كِ) اس نے تجھے پسند فرمایا، اِصْطَفٰی، (افتعال) اِصْطِفَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كِ ضمیر مفعول (واحد حاضر مؤنث)۔(۴۲:۳، ۴۲)۔

اِصْطَفٰهُ: (اِصْطَفٰی.هُ) اس کو پسند فرمایا، اِصْطَفٰی، (افتعال) اِصْطِفَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۲۴۷:۲)۔

اِصْطَفَیْتُكَ: (اِصْطَفَیْتُ.كَ) میں نے تجھے امتیاز دیا/ تجھ کو برگزیدہ کیا، اِصْطَفَیْتُ، (افتعال) اِصْطِفَاءٌ سے، ماضی واحد متکلم، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔(۱۴۴:۷)۔

اِصْطَفَیْنَا: ہم نے چن لیا/ برگزیدہ کیا، (افتعال) اِصْطِفَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم۔(۳۲:۳۵)۔

اِصْطَفَیْنٰهُ: (اِصْطَفَیْنَا.هُ) ہم نے اس کو منتخب کر لیا ہے، اِصْطَفَیْنَا، (افتعال) اِصْطِفَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُ ضمیر مفعول

(واحد غائب مذکر)۔(۲: ۱۳۰).

اِصْطَنَعْتُكَ: (اِصْطَنَعْتُ. كَ) میں نے تجھے بنایا، اِصْطَنَعْتُ، (افتعال ا) اِصْطِنَاعٌ سے، ماضی واحد متکلم، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔(۲۰: ۴۱).

اَصْغَرُ: زیادہ چھوٹا، (نصر، سمع ا) صَغْرٌ سے، اسم تفضیل واحد مذکر۔(۳۴: ۳)، اَصْغَرَ (۱۰: ۶۱).

الْاَصْفَادِ: زنجیریں، بیڑیاں، صَفَدٌ کی جمع۔ (۱۴: ۴۹) (۳۸: ۳۸).

اَصْفٰكُمْ: (اَصْفٰی. كُمْ) تم کو چن لیا، تم کو منتخب کر لیا، اس نے تمہیں پسند کیا، اَصْفٰی، (افعال ۱۰؛ اَصْفٰی. یُصْفِیْ) اِصْفَاءٌ سے جس کے معنی برگزیدہ کرنے اور منتخب کرنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)، [مادہ: صفو]۔ (۱۷: ۴۰) (۴۳: ۱۶).

اِصْفَحْ: تو درگزر کر، تو اعراض کر، (فتح ا) صَفْحٌ سے جسکے معنی درگزر کرنے اور اعراض کرنے کے ہیں، امر واحد حاضر مذکر۔ (۵: ۱۳) (۱۵: ۸۵) (۴۳: ۸۹).

اِصْفَحُوْا: درگزر کرو، تم اعراض کرو، (فتح) صَفْحٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(۲: ۱۰۹).

اَصْلِ: جڑ، اُصُوْلٌ جمع۔(۳۷: ۶۴).

اَصْلَابِكُمْ: (اَصْلَاب. كُمْ) تمہاری پشتیں، اَصْلَابِ (صُلْبٌ کی جمع) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۴: ۲۳).

اِصْلَاحٌ: صلح کرانا، سنوارنا، اصلاح کرنا، مصدر ہے (باب افعال ا)۔ (۲: ۲۲۰)، اِصْلَاحٍ (۴: ۱۱۴)، الْاِصْلَاحَ (۱۱: ۸۸)، اِصْلَاحًا (۲: ۲۲۸) (۴: ۳۵).

اِصْلَاحِهَا: (اِصْلَاحِ. هَا) اس کی اصلاح، اِصْلَاحِ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۷: ۵۶، ۸۵).

اُصَلِّبَنَّكُمْ: (لَاُصَلِّبَنَّ. كُمْ) میں ضرور تم کو سولی پر چڑھاؤں گا، لَاُصَلِّبَنَّ، (تفعیل ا) تَصْلِیْبٌ (سولی دینا) سے، مضارع بانونِ تاکید ثقیلہ واحد متکلم، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۷: ۱۲۴) (۲۰: ۷۱) (۲۶: ۴۹).

اَصْلَحَ: اس نے صلح کرا دی، وہ سنور گیا، وہ نیک ہو گیا، (افعال ا) اِصْلَاحٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۲: ۱۸۲) (۵: ۳۹) (۶: ۴۸، ۵۴) (۷: ۳۵) (۴۲: ۴۰) (۴۷: ۲).

اَصْلِحْ: تو اصلاح کر، تو نیک بنا، (افعال) اِصْلَاحٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔(۷: ۱۴۲) (۴۶: ۱۵).

اَصْلَحَا: ان دونوں نے اپنی اصلاح کر لی، (افعال) اِصْلَاحٌ سے، ماضی تثنیہ غائب مذکر۔(۴: ۱۶).

اَصْلَحْنَا: ہم نے اچھا کر دیا/ درست کر دیا، (افعال) اِصْلَاحٌ سے، ماضی جمع متکلم۔(۲۱: ۹۰).

اَصْلِحُوْا: تم صلح کرو، صلح کرادو، ملاپ کرادو، تم اصلاح کرو، (افعال) اِصْلَاحٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(۸: ۱) (۴۹: ۹، ۹، ۱۰).

اَصْلَحُوْا: انہوں نے اپنے کام کو درست کیا/ نیک کام کیے، انہوں نے اصلاح کی، وہ سنور گئے، (افعال) اِصْلَاحٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۲: ۱۶۰) (۳: ۸۹) (۴: ۱۴۶) (۱۶: ۱۱۹) (۲۴: ۵).

اِصْلَوْهَا: (اِصْلَوْا. هَا) اس میں جا پڑو، اس کے اندر چلے جاؤ/ اس میں جلو، اِصْلَوْا، (سمع اا؛ صَلِیَ. یَصْلٰی) صَلْیٌ و صُلِیٌّ (آگ میں داخل ہونا، جلنا) سے، امر جمع حاضر مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(۳۶: ۶۴) (۵۲: ۱۶).

اَصْلُهَا: (اَصْلُ. هَا) اس کی جڑ، اَصْلُ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۱۴: ۲۴).

اُصْلِیْهِ: (اُصْلِیْ. هِ) میں اس کو آگ میں ڈالوں گا، اُصْلِیْ،

(افعال ۱۱؛ اَصْلٰی. یُصْلِیْ) اِصْلَاءٌ سے، مضارع واحد متکلم، ہٖ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)، [مادہ: صلی]۔ (۲۶:۷۴).

اَلْاَصَمِّ: بہرا، (سمع ۵؛ صَمَّ. یَصَمُّ) صَمٌّ سے، صفت مشبہ (واحد مذکر)، صُمٌّ جمع۔ (۱۱:۲۴).

اَصَمَّهُمْ: (اَصَمَّ. هُمْ) اس نے ان کو بہرا کر دیا، اَصَمَّ، (افعال ۵؛ اَصَمَّ. یُصِمُّ) اِصْمَامٌ سے جسکے معنی بہرا کر دینے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)، [مادہ: صمم]۔ (۴۷:۲۳).

اَصْنَامٍ: بت، مورتیں، ہر وہ چیز جسے خدا کے سوا پوجا جائے، صَنَمٌ کی جمع۔ (۷:۱۳۸)، اَلْاَصْنَامَ (۱۴:۳۵)، اَصْنَامًا (۶:۷۴) (۲۶:۷۱).

اَصْنَامَكُمْ: (اَصْنَامَ. كُمْ) تمہارے بت، اَصْنَامَ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۲۱:۵۷).

اِصْنَعْ: تو بنا، تو درست کر، (فتح ۱) صَنْعٌ (کسی کام کو درست کرنا/ بنانا) سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (۱۱:۳۷) (۲۳:۲۷).

اَلْاَصْوَاتُ: آوازیں، صَوْتٌ کی جمع۔ (۲۰:۱۰۸)، اَلْاَصْوَاتِ (۳۱:۱۹).

اَصْوَاتَكُمْ: (اَصْوَاتَ. كُمْ) تمہاری آوازیں، اَصْوَاتَ (صَوْتٌ واحد) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۴۹:۲).

اَصْوَاتَهُمْ: (اَصْوَاتَ. هُمْ) ان کی آوازیں، اَصْوَاتَ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۴۹:۳).

اَصْوَافِهَا: (اَصْوَافِ. هَا) ان کی اون، اَصْوَافِ (صُوْفٌ کی جمع) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۱۶:۸۰).

اُصُوْلِهَا: (اُصُوْلِ. هَا) اس کی جڑیں، اُصُوْلِ (اَصْلٌ واحد) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۵۹:۵).

اُصِيْبُ: میں پہنچاتا ہوں/ ڈالتا ہوں، (افعال؛ اَصَابَ. یُصِیْبُ) اِصَابَةٌ سے، مضارع واحد متکلم، [مادہ: صوب]۔ (۷:۱۵۶).

اَصِيْلًا: شام، عصر اور مغرب کے درمیانی وقت کو کہتے ہیں، [مادہ: اصل]۔ (۲۵:۵) (۳۳:۴۲) (۴۸:۹) (۷۶:۲۵).

اَضَآءَ: اس نے روشن کیا/ چمکایا، (افعال ۴+۸؛ اَضَاءَ. یُضِیْءُ) اِضَاءَةٌ (روشن کرنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ: ضوا]۔ (۲:۲۰).

اَضَآءَتْ: اس نے روشن کر دیا/ چمکایا، (افعال) اِضَاءَةٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔ (۲:۱۷).

اَضَاعُوْا: وہ کھو بیٹھے، انہوں نے ضائع کر دیا، (افعال ۹؛ اَضَاعَ. یُضِیْعُ) اِضَاعَةٌ (ضائع کرنا) سے، ماضی جمع غائب مذکر، [مادہ: ضیع]۔ (۱۹:۵۹).

اَضْحَكَ: اس نے ہنسایا، (افعال ۱) اِضْحَاكٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۵۳:۴۳).

اِضْرِبْ: تو مار، تو بنا دے، تو بیان کر، (ضرب ۱؛ ضَرَبَ. یَضْرِبُ) ضَرْبٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (۲:۶۰) (۷:۱۶۰) (۱۸:۳۲، ۴۵) (۲۰:۷۷) (۲۶:۶۳) (۳۶:۱۳) (۳۸:۴۴).

اِضْرِبُوْا: تم مارو/ کاٹو، ضَرْبٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۸:۱۲، ۱۲).

اِضْرِبُوْهُ: (اِضْرِبُوْا. هُ) تم اس پر مارو، اِضْرِبُوْا، ضَرْبٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۲:۷۳).

اِضْرِبُوْهُنَّ: (اِضْرِبُوْا. هُنَّ) ان عورتوں کو مارو، اِضْرِبُوْا، ضَرْبٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، هُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)۔ اگر عورتوں سے سرکشی اور بدخوئی کا خدشہ ہو تو فوراً دل برداشتہ ہو کر قطع تعلق درست نہیں، پہلے نرمی، خیر خواہی اور محبت سے

سمجھانا چاہیے، اگر پھر بھی سرکشی ہو تو پہلے مرحلہ میں خواب گاہ میں الگ رہیں، اگر اس کے باوجود نہ مانیں تو پھر بطور تنبیہ مارنے کا حکم ہے لیکن یہ ایسا نہ ہو کہ نشان باقی رہے یا ہڈی ٹوٹ جائے اور یہ بھی آخری درجہ ہے۔ اور اگر وہ نافرمانی اور بدخوئی سے باز آ کر مطیع ہو جائیں تو خواہ مخواہ ان کو ملزم بنانا درست نہیں، اللہ سے ڈرتے رہنا چاہیے۔(٣٤:٤).

اُضْطُرَّ: وہ بے اختیار ہوا، لاچار کیا گیا، (افتعال۵: اِضْطَرَّ. يَضْطَرُّ) اِضْطِرَارٌ سے جسکے معنی کسی ضرر رساں چیز پر مجبور کرنے کے ہیں یا انسان کو کسی ایسی چیز پر مجبور کرنے کے ہیں جس کو وہ ناپسند کرتا ہو، ماضی مجہول واحد غائب مذکر، [مادہ: ضرر]۔ (١٧٣:٢) (٣:٥) (١٤٥:٦) (١١٥:١٦).

اُضْطُرِرْتُمْ: تم مجبور کیے گئے/ لاچار کیے گئے، (افتعال) اِضْطِرَارٌ سے، ماضی مجہول جمع حاضر مذکر۔(١١٩:٦).

اَضْطَرُّهٗ: (اَضْطَرُّ. هٗ) میں اسے مجبور کروں گا، اَضْطَرُّ، (افتعال) اِضْطِرَارٌ سے، مضارع واحد متکلم، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(١٢٦:٢).

اَضْعَافًا: کئی گنا، ضِعْفٌ کی جمع۔(٢٤٥:٢) (١٣٠:٣).

اَضْعَفُ: زیادہ کمزور، (نصر و کرم ا) ضُعْفٌ سے، افعل التفضیل واحد مذکر کا صیغہ۔(٧٥:١٩) (٢٤:٧٢).

اَضْغَاثٌ: پراگندہ، خشک وتر/ ملے جلے گھاس یا لکڑیوں کے مٹھے، ضِغْثٌ واحد۔ اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ: خیالی خواب، پریشان خواب، ضِغْثٌ سینکوں (تیلے یا تنکے) کے مٹھے یا لکڑیوں کے گٹھر کو کہتے ہیں اور اَحْلَام، حُلْمٌ کی جمع ہے جسکے معنی خواب کے ہیں، چونکہ سینکوں کے مٹھے یا لکڑیوں کے گٹھر میں ہری بھری ہر طرح کی سینکیں یا لکڑیاں ملی جلی ہوتی ہیں اس لیے خواب ہائے پریشان یا طرح طرح کے خیالی خوابوں کو اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ کہتے ہیں۔(٤٤:١٢) (٥:٢١).

اَضْغَانَكُمْ: (اَضْغَانَ. كُمْ) تمہارے دل کی خفگیاں، اَضْغَانَ (ضِغْنٌ واحد جسکے معنی سخت کینہ اور دل کی خفگی کے آتے ہیں) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(٣٧:٤٧).

اَضْغَانَهُمْ: (اَضْغَانَ. هُمْ) ان کے دل کی خفگیاں، ان کے کینے، اَضْغَانَ (ضِغْنٌ کی جمع) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(٢٩:٤٧).

اَضِلُّ: میں بھٹکوں گا، (ضرب۵: ضَلَّ. يَضِلُّ) ضَلَالٌ و ضَلَالَةٌ (سیدھے راستے سے ہٹنا) سے، مضارع واحد متکلم۔(٥٠:٣٤).

اَضَلُّ: بہت بہکا ہوا، بہت بے راہ، زیادہ گمراہ، (ضرب) ضَلَالٌ و ضَلَالَةٌ سے، اسم تفضیل واحد مذکر۔ (٦٠:٥) (١٧٩:٧) (٧٢:١٧) (٣٤:٢٥، ٤٢، ٤٤) (٥٠:٢٨) (٥٢:٤١) (٥:٤٦).

اَضَلَّ: اس نے گمراہ کیا، اس نے بہکایا، اس نے بھٹکایا، اس نے کھو دیئے، (افعال۵: اَضَلَّ. يُضِلُّ) اِضْلَالٌ (گمراہ کرنا، سیدھے راستے سے ہٹانا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (٨٨:٤) (٧٩:٢٠) (٢٩:٣٠) (٦٢:٣٦) (٤٧:١، ٨).

اَضَلَّانَا: (اَضَلَّا. نَا) ان دونوں نے ہم کو بہکایا، اَضَلَّا، (افعال) اِضْلَالٌ سے، ماضی تثنیہ غائب مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔(٢٩:٤١).

اَضْلَلْتُمْ: تم نے بہکایا، تم نے گمراہ کیا، (افعال) اِضْلَالٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(١٧:٢٥).

اَضْلَلْنَ: انہوں نے گمراہ کیا، انہوں نے بہکایا، (افعال) اِضْلَالٌ سے، ماضی جمع غائب مؤنث۔(٣٦:١٤).

اَضَلَّنَا: (اَضَلَّ. نَا) اس نے ہم کو بہکایا، اَضَلَّ، (افعال) اِضْلَالٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔(٩٩:٢٦).

اُضِلَّنَّهُمْ: (لَاُضِلَّنَّ. هُمْ) میں انہیں ضرور گمراہ کروں گا، لَاُضِلَّنَّ، (افعال) اِضْلَالٌ سے، مضارع با نون تاکید ثقیلہ واحد

متکلم،هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۱۱۹:٤).

اَضَلَّنِیْ: (اَضَلَّ.نِیْ) اس نے مجھ کو بہکایا، اَضَلَّ، (افعال) اِضْلَالٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔(۲۹:۲۵).

اَضَلُّوْا: انہوں نے گمراہ کیا/ بہکایا، (افعال) اِضْلَالٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۷۷:٥) (۲٤:۷۱).

اَضَلُّوْنَا: (اَضَلُّوْا.نَا) انہوں نے ہمیں گمراہ کیا/ہمیں بہکایا، اَضَلُّوْا، (افعال) اِضْلَالٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔(۳۸:۷) (٦۷:۳۳).

اَضَلَّهٗ: (اَضَلَّ.هٗ) اس نے اس کو بے راہ کر دیا/ اس کو بہکایا، اَضَلَّ، (افعال) اِضْلَالٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۲۳:٤٥).

اَضَلَّهُمْ: (اَضَلَّ.هُمْ) اس نے ان کو بے راہ کر دیا/ ان کو بہکایا، اَضَلَّ، (افعال) اِضْلَالٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۸٥:۲۰).

اُضْمُمْ: تو ملا لے، (نصر۵: ضَمَّ.یَضُمُّ) ضَمٌّ (ملانا) سے، امر واحد حاضر مذکر۔(۲۲:۲۰) (۳۲:۲۸).

اُضِیْعُ: میں ضائع کرتا ہوں/ ضائع کروں گا، (افعال: اَضَاعَ. یُضِیْعُ) اِضَاعَةٌ سے، مضارع واحد متکلم، [مادہ: ضیع]۔ (۱۹٥:۳).

اَطَاعَ: اس نے اطاعت کی، اس نے حکم مانا، (افعال۸: اَطَاعَ.یُطِیْعُ) اِطَاعَةٌ (اطاعت کرنا، حکم ماننا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ: طوع]۔(۸۰:٤).

اَطَاعُوْنَا: (اَطَاعُوْا.نَا) انہوں نے ہماری اطاعت کی/ ہمارا حکم مانا، اَطَاعُوْا، (افعال) اِطَاعَةٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔(۱٦۸:۳).

اَطَاعُوْهُ: (اَطَاعُوْا.هُ) انہوں نے اس کا کہا مانا، انہوں نے اس کی اطاعت کی، اَطَاعُوْا، (افعال) اِطَاعَةٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(٥٤:٤۳).

اَطْرَافُ: حصے، کنارے، طَرَفٌ کی جمع جسکے معنی کسی شے کے حصہ اور اس کے کنارے کے آتے ہیں۔(۱۳۰:۲۰).

اَطْرَافِهَا: (اَطْرَافِ.هَا) اس کے کنارے، اَطْرَافِ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (٤۱:۱۳) (٤٤:۲۱).

اِطْرَحُوْهُ: (اِطْرَحُوْا.هُ) تم اسے پھینک دو، اِطْرَحُوْا، (فتح۱) طَرْحٌ سے جسکے معنی پھینک دینے اور دور ڈال دینے کے ہیں، امر جمع حاضر مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۹:۱۲).

اِطْعَامُ: کھانا کھلانا، کھانا دینا، مصدر ہے (باب افعال۱)۔ (۸۹:٥) (٤:٥۸)، اِطْعَامٌ (۱٤:۹۰).

اَطَعْتُمْ: تم نے حکم مانا، تم نے اطاعت کی، (افعال؛ اَطَاعَ.یُطِیْعُ) اِطَاعَةٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ طوع]۔ (۳٤:۲۳).

اَطَعْتُمُوْهُمْ: (اَطَعْتُمْ.هُمْ) تم نے ان کا کہا مانا/ ان کی اطاعت کی، اَطَعْتُمْ، (افعال) اِطَاعَةٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر، (اَطَعْتُمُوْ اصل میں اَطَعْتُمْ، اس میں واؤ اشباع کا ہے)، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۱۲۱:٦).

اَطْعِمُوْا: تم کھانا کھلاؤ، تم کھلاؤ، (افعال۱) اِطْعَامٌ (کھانا کھلانا) سے، امر جمع حاضر مذکر۔(۳٦،۲۸:۲۲).

اَطْعَمَهٗ: (اَطْعَمَ.هٗ) اس نے اس کو کھلایا، وہ اسے کھلا دیتا، اَطْعَمَ، (افعال) اِطْعَامٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(٤۷:۳٦).

اَطْعَمَهُمْ: (اَطْعَمَ.هُمْ) اس نے ان کو کھلایا، اَطْعَمَ، (افعال) اِطْعَامٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٤:۱۰٦).

اَطِعْنَ: تم اطاعت میں رہو/حکم مانو، (افعال: اَطَاعَ.یُطِیْعُ)

اِطَاعَةٌ سے، امر جمع حاضر مؤنث۔(۳۳:۳۳).

اَطَعْنَا: ہم نے اطاعت کی، ہم نے حکم مانا، (افعال) اِطَاعَةٌ سے، ماضی جمع متکلم۔(۲۸۵:۲) (۴۶:۴) (۷:۵) (۴۷:۲۴، ۵۱) (۶۶:۳۳، ۶۶، ۶۷).

اَطَعْنَكُمْ: (اَطَعْنَ. كُمْ) ان عورتوں نے تمہارا کہا مانا، (اگر) وہ تمہاری اطاعت کریں، اَطَعْنَ، (افعال) اِطَاعَةٌ سے، ماضی جمع غائب مؤنث، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(۳۴:۴).

اَطْغٰى: زیادہ شریر، بہت سرکش، (فتح۷؛ طَغٰى. يَطْغٰى) طُغْيَانٌ سے جسکے معنی نافرمانی میں حد سے زیادہ بڑھ جانے کے ہیں، افعل التفضیل واحد مذکر۔(۵۲:۵۳).

اَطْغَيْتُهٗ: (اَطْغَيْتُ. هٗ) میں نے اس کو شرارت میں ڈالا، اَطْغَيْتُ، (افعال۱۱؛ اَطْغٰى. يُطْغِيْ) اِطْغَاءٌ سے جسکے معنی شرارت اور سرکشی میں ڈالنے کے آتے ہیں، ماضی واحد متکلم، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)، [مادہ؛ طغی]۔(۲۷:۵۰).

اَلْاَطْفَالُ: لڑکے، طِفْلٌ کی جمع۔ بچہ میں جب تک نعومت و تازگی موجود رہے گی وہ طفل ہی کہلائے گا۔(۵۹:۲۴).

اَطْفَاَهَا: (اَطْفَاَ. هَا) اس نے اس کو بجھا دیا، اَطْفَاَ، (افعال۴؛ اَطْفَاَ. يُطْفِئُ) اِطْفَاءٌ سے جسکے معنی بجھانے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)، [مادہ؛ طفا]۔(۶۴:۵).

اِطَّلَعَ: اس نے جھانکا، وہ مطلع ہوا، (افتعال۱؛ اِطَّلَعَ. يَطَّلِعُ) اِطِّلَاعٌ (جھانکنا، مطلع ہونا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ طلع]۔(۵۵:۳۷)، اَطَّلَعَ (اَ. اِطَّلَعَ) (۷۸:۱۹).

اَطَّلِعُ: میں جھانکوں/ مطلع ہوں، (افتعال) اِطِّلَاعٌ سے، مضارع واحد متکلم۔(۳۸:۲۸)، اَطَّلِعَ (۳۷:۴۰).

اِطَّلَعْتَ: تو نے جھانکا، تو مطلع ہوا، (اگر) تو جھانکتا، (افتعال) اِطِّلَاعٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر۔(۱۸:۱۸).

اِطْمَاَنَّ: وہ قائم ہو گیا/ مطمئن ہو گیا، (افعلال۲؛ اِطْمَاَنَّ. يَطْمَئِنُّ) اِطْمِيْنَانٌ سے جسکے معنی سکون حاصل کرنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ طمان]۔(۱۱:۲۲).

اِطْمَاْنَنْتُمْ: تم مطمئن ہوئے، (جب) تم امن میں ہو، (افعلال) اِطْمِيْنَانٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(۱۰۳:۴).

اِطْمَاَنُّوْا: وہ مطمئن ہو گئے، (افعلال) اِطْمِيْنَانٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۷:۱۰).

اِطْمِسْ: تو مٹا دے، (ضرب۱) طَمْسٌ سے جسکے معنی محو کرنے اور مٹانے کے ہیں، امر واحد حاضر مذکر۔(۸۸:۱۰).

اَطْمَعُ: میں توقع رکھتا ہوں، (سمع۱) طَمَعٌ سے جس کے معنی کسی چیز کی طرف جی چاہنے کے ہیں، مضارع واحد متکلم۔(۸۲:۲۶).

اَطْوَارًا: طرح طرح، کئی طرح، طَوْرٌ کی جمع جسکے معنی حد اور اندازہ کے آتے ہیں۔ اَطْوَار کے معنی طرح طرح کی شکل وصورت کے بھی ہو سکتے ہیں۔ یہ بھی کہ انسان نے ماں کے پیٹ میں جو طرح طرح کے رنگ بدلے ہیں، یعنی نطفہ، علقہ، مضغہ پھر جیتا جاگتا انسان اور پھر پیدائش سے موت تک انسان جتنے ادوار اور اطوار سے گزرتا ہے۔(۱۴:۷۱).

اَطْهَرُ: بہت پاکیزہ/ پاک، زیادہ ستھرا، (نصر وکرم۱) طَهَارَةٌ سے جس کے معنی پاک ہونے کے ہیں جس میں طہارت نفس وجسم دونوں شامل ہیں، اسم تفضیل واحد مذکر۔ (۲۳۲:۲) (۷۸:۱۱) (۵۳:۳۳) (۱۲:۵۸).

اِطَّهَّرُوْا: تم خوب پاک صاف ہو جاؤ/ اچھی طرح غسل کر کے پاک ہو جاؤ، (تفعل۱) تَطَهُّرٌ سے جسکے معنی اچھی طرح پاک صاف ہونے اور طہارت حاصل کرنے کے ہیں، امر جمع حاضر مذکر۔ یہ اصل میں تَطَهَّرُوْا تھا، تاء کا طاء میں ادغام کر کے شروع میں ہمزۃ الوصل لائی گئی۔ تَطَهُّرٌ میں چونکہ طہارت میں مبالغے کا پہلو شامل ہے اس لیے جسم کے تمام حصوں تک، بشمول ناک اور منہ جہاں تک پانی جا سکتا ہو، پانی پہنچانا اور بہانا ضروری ہے۔(۶:۵).

اِطَّيَّرْنَا: ہم نے بدفالی لی، ہم نے منحوس سمجھا، (تفعل٩؛ تَطَيَّرَ . يَتَطَيَّرُ ، اِطَّيَّرَ . يَطَّيَّرُ) تَطَيُّرٌ سے جس کے معنی اصل میں تو پرندوں سے بدفال لینے کے ہیں مگر پھر اس کا استعمال ہر بدفالی کے لیے ہونے لگا، ماضی جمع متکلم۔ اصل میں تَطَيَّرْنَا تھا، تاء کا طاء میں ادغام کر کے شروع میں ہمزۃ الوصل لائی گئی، [مادہ؛ طیر]۔ (٢٧:٤٧).

اَطِيْعُوْا: تم اطاعت کرو/ حکم مانو، (افعال؛ اَطَاعَ . يُطِيْعُ) اِطَاعَةٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ طوع]۔ (٣:٣٢، ١٣٢) (٤:٥٩، ٥٩) (٥:٩٢، ٩٢) (٨:١، ٢٠، ٤٦) (٢٠:٩٠) (٢٤:٥٤، ٥٤، ٥٦) (٤٧:٣٣، ٣٣) (٥٨:١٣) (٦٤:١٢، ١٢، ١٦).

اَطِيْعُوْنِ: (اَطِيْعُوْا . نِ) تم میری اطاعت کرو/ میرا حکم مانو، اَطِيْعُوْا، (افعال) اِطَاعَةٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، نِ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف۔ (٣:٥٠) (٢٦:١٠٨، ١١٠، ١٢٦، ١٣١، ١٤٤، ١٥٠، ١٦٣، ١٧٩) (٤٣:٦٣) (٧١:٣).

اَظْفَرَكُمْ: (اَظْفَرَ . كُمْ) اس نے تم کو کامیاب کیا، اَظْفَرَ، (افعال١) اِظْفَارٌ سے جسکے معنی کامیاب بنانے اور فیروز مند کرنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (٤٨:٢٤).

اَظْلَمَ: اس نے اندھیرا کیا، وہ اندھیرے میں ہو گیا، اندھیرا ہوا، (جب) اندھیرا ہوتا ہے، (افعال١) اِظْلَامٌ (اندھیرا کرنا، اندھیرے میں پھنس جانا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (٢:٢٠).

اَظْلَمُ: زیادہ ظالم، بڑا ظالم، (ضرب١) ظُلْمٌ (ظلم کرنا، حق سے تجاوز کرنا، بے انصافی کرنا) سے، اسم تفضیل واحد مذکر۔ (٢:١١٤، ١٤٠) (٦:٢١، ٩٣، ١٤٤، ١٥٧) (٧:٣٧) (١٠:١٧) (١١:١٨) (١٨:١٥، ٥٧) (٢٩:٦٨) (٣٢:٢٢) (٣٩:٣٢) (٦١:٧)، اَظْلَمَ (٥٣:٥٢).

اَظُنُّ: میں خیال کرتا ہوں/ سمجھتا ہوں، (نصر٥؛ ظَنَّ . يَظُنُّ) ظَنٌّ سے، مضارع واحد متکلم، [مادہ؛ ظنن]۔ (١٨:٣٥، ٣٦) (٤١:٥٠).

اَظُنُّكَ: (اَظُنُّ . كَ) میں تجھے خیال کرتا ہوں/ تجھ کو سمجھتا ہوں، اَظُنُّ، (نصر) ظَنٌّ سے، مضارع واحد متکلم، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (١٧:١٠١، ١٠٢).

اَظُنُّهٗ: (اَظُنُّ . هٗ) میں اس کو خیال کرتا ہوں/ اس کو سمجھتا ہوں، اَظُنُّ، (نصر) ظَنٌّ سے، مضارع واحد متکلم، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (٢٨:٣٨) (٤٠:٣٧).

اَظْهَرَهٗ: (اَظْهَرَ . هٗ) اس نے اس کو ظاہر کر دیا، اس نے اسے جتایا/ اس کو غالب کر دیا، اَظْهَرَ، (افعال١) اِظْهَارٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (٦٦:٣).

اَعَانَهٗ: (اَعَانَ . هٗ) اس نے اس کی مدد کی/ اس کا ساتھ دیا، اَعَانَ، (افعال٨؛ اَعَانَ . يُعِيْنُ) اِعَانَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)، [مادہ؛ عون]۔ (٢٥:٤).

اُعْبُدْ: تو بندگی کیے جا، (نصر١) عِبَادَةٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (١٥:٩٩) (٣٩:٢، ٦٦).

اَعْبُدُ: میں بندگی کرتا ہوں، میں عبادت کروں، (نصر) عِبَادَةٌ سے، مضارع واحد متکلم۔ (١٠:١٠٤، ١٠٤) (٣٦:٢٢) (٣٩:١٤، ٦٤) (١٠٩:٢، ٣، ٥)، اَعْبُدَ (٦:٥٦) (١٣:٣٦) (٢٧:٩١) (٣٩:١١) (٤٠:٦٦).

اُعْبُدْنِيْ: (اُعْبُدْ . نِيْ) تو میری بندگی کر، اُعْبُدْ، (نصر) عِبَادَةٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، نِيْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔ (٢٠:١٤).

اُعْبُدُوْا: تم بندگی کرو، (نصر) عِبَادَةٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (٢:٢١) (٤:٣٦) (٥:٧٢، ١١٧) (٧:٥٩، ٦٥، ٧٣، ٨٥) (١١:٥٠، ٦١، ٨٤) (١٦:٣٦) (٢٢:٧٧) (٢٣:٢٣، ٣٢) (٢٧:٤٥) (٢٩:١٦، ٣٦) (٣٩:١٥) (٥٣:٦٢) (٧١:٣).

اُعْبُدُوْنِ: (اُعْبُدُوْا.نِ) تم میری بندگی کرو، اُعْبُدُوْا، (نصر) عِبَادَةٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، نِ (اصل میں نِیْ) میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف۔ (۲۱:۲۵، ۹۲)، (۲۹:۵٦)، اُعْبُدُوْنِیْ (یہاں یائے متکلم محذوف نہیں ہے) (۳٦:٦۱)۔

اُعْبُدُوْهُ: (اُعْبُدُوْا.هُ) تم اس کی بندگی کرو، اُعْبُدُوْا، (نصر) عِبَادَةٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۳:۵۱) (٦:۱۰۲) (۱۰:۳) (۱۹:۳٦) (۲۹:۱۷) (۴۳:٦۴)۔

اُعْبُدْهُ: (اُعْبُدْ.هُ) تو اسی کی بندگی کیے جا، اُعْبُدْ، (نصر) عِبَادَةٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۱۱:۱۲۳) (۱۹:٦۵)۔

اِعْتَبِرُوْا: تم عبرت پکڑو، (افتعال ا) اِعْتِبَارٌ (آزمانا، عبرت پکڑنا، غور کرنا، نصیحت حاصل کرنا، تعجب کرنا) سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۵۹:۲)۔

اِعْتَدٰی: اس نے زیادتی کی، (افتعال ۱۰؛ اِعْتَدٰی.یَعْتَدِیْ) اِعْتِدَاءٌ (تجاوز کرنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ عدو]۔ (۲:۱۷۸، ۱۹۴، ۱۹۴) (۵:۹۴)۔

اَعْتَدَتْ: اس نے تیار کیا، (افعال ا) اِعْتَادٌ (تیار کرنا) سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔ (۱۲:۳۱)۔

اَعْتَدْنَا: ہم نے تیار کیا، ہم نے تیار کر رکھا ہے، (افعال) اِعْتَادٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (۴:۱۸، ۳۷، ۱۵۱، ۱٦۱) (۱۷:۱۰) (۱۸:۲۹، ۱۰۲) (۲۵:۱۱، ۳۷) (۳۳:۳۱) (۴۸:۱۳) (٦۷:۵) (۷٦:۴)۔

اِعْتَدَوْا: انہوں نے زیادتی کی، (افتعال؛ اِعْتَدٰی.یَعْتَدِیْ) اِعْتِدَاءٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۲:٦۵)۔

اِعْتَدُوْا: تم زیادتی کرو، (افتعال) اِعْتِدَآءٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۲:۱۹۴)۔

اِعْتَدَیْنَا: ہم نے زیادتی کی، (افتعال) اِعْتِدَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (۵:۱۰۷)۔

اِعْتَرٰىكَ: (اِعْتَرٰی.كَ) اس نے تجھے آسیب پہنچایا، اِعْتَرٰی، (افتعال ۱۰؛ اِعْتَرٰی.یَعْتَرِیْ) اِعْتِرَاءٌ سے جسکے معنی کسی چیز کی طرف قصد کرنے اور اس پر چھا جانے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)، [مادہ؛ عرو]۔ (۱۱:۵۴)۔

اِعْتَرَفْنَا: ہم قائل ہو گئے، ہم نے اقرار کر لیا، (افتعال ا) اِعْتِرَافٌ سے جسکے معنی اقرار کرنے کے ہیں، ماضی جمع متکلم۔ اصل میں اعتراف گناہ کی معرفت کے اظہار کا نام ہے۔ (۴۰:۱۱)۔

اِعْتَرَفُوْا: وہ قائل ہو گئے، انہوں نے اقرار کر لیا، (افتعال) اِعْتِرَافٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۹:۱۰۲) (٦۷:۱۱)۔

اِعْتَزَلْتُمُوْهُمْ: (اِعْتَزَلْتُم.هُمْ) تم نے ان سے کنارہ کر لیا، اِعْتَزَلْتُمْ، (افتعال ا) اِعْتِزَالٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ اِعْتَزَلْتُمُوْ اصل میں اِعْتَزَلْتُمْ، اس میں واو اشباعی ہے۔ (۱۸:۱٦)۔

اَعْتَزِلُكُمْ: (اَعْتَزِلُ.كُمْ) میں تم کو چھوڑتا ہوں، اَعْتَزِلُ، (افتعال ا) اِعْتِزَالٌ (الگ ہونا/ جدا ہونا) سے، مضارع واحد متکلم، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۱۹:۴۸)۔

اِعْتَزِلُوْا: تم الگ رہو، چھوڑ دو، (افتعال) اِعْتِزَالٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۲:۲۲۲)۔

اِعْتَزَلُوْكُمْ: (اِعْتَزَلُوْا.كُمْ) وہ تم سے کنارہ کش ہو گئے، انہوں نے تم کو چھوڑ دیا، اِعْتَزَلُوْا، (افتعال) اِعْتِزَالٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۴:۹۰)۔

اِعْتَزِلُوْنِ: (اِعْتَزِلُوْا.نِ) تم مجھ سے پرے ہو جاؤ، تم مجھ کو چھوڑ دو، اِعْتَزِلُوْا، (افتعال) اِعْتِزَالٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، نِ (اصل میں نِیْ) میں ن وقایہ ی ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف۔ (۴۴:۲۱)۔

اِعْتَزَلَهُمْ: (اِعْتَزَلَ. هُمْ) وہ ان سے جدا ہو گیا، اس نے ان کو چھوڑ دیا، اِعْتَزَلَ، (افتعال) اِعْتِزَالٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۱۹:۴۹).

اِعْتَصِمُوْا: تم مضبوطی سے پکڑو، (افتعال ا) اِعْتِصَامٌ سے جسکے معنی مضبوطی سے پکڑنے کے ہیں، امر جمع حاضر مذکر۔ (۳:۱۰۳) (۲۲:۷۸).

اِعْتَصَمُوْا: انہوں نے مضبوط پکڑا، (افتعال) اِعْتِصَامٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۴:۱۴۶، ۱۷۵).

اِعْتِلُوْهُ: (اِعْتِلُوْا. هُ) اس کو دھکیل کر لے جاؤ، اس کو سختی سے کھینچو، اِعْتِلُوْا، (ضرب ا) عَتْلٌ سے جس کے معنی چہار طرف سے پکڑ کر زبردستی کھینچنے اور دھکیلنے کے ہیں، امر جمع حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۴۴:۴۷).

اِعْتَمَرَ: اس نے عمرہ کیا، (افتعال ا) اِعْتِمَارٌ سے جسکے معنی عمرہ کرنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۲:۱۵۸).

اَعْثَرْنَا: ہم نے بتلا دیا/مطلع کر دیا، (افعال ا) اِعْثَارٌ سے جسکے معنی ہیں بلا طلب مطلع کرنا، ماضی جمع متکلم۔ (۱۸:۲۱).

اَعْجَازُ: جڑیں، (درختوں کی) جڑیں/تنے، عَجُزٌ واحد۔ عَجز کے معنی جسم کے پچھلے حصہ کے آتے ہیں۔ اور درختوں کا پچھلا حصہ جڑ (یا تنا) ہی ہے، اس اعتبار سے اَعْجَازُ نَخْلٍ کے معنی درختوں کی جڑوں کے ہیں۔ (۵۴:۲۰) (۶۹:۷).

اَعْجَبَ: اس کو خوش لگا، اس کو بھایا، اچھا معلوم ہوا، (افعال ا) اِعْجَابٌ سے جسکے معنی اصل میں اچنبھے میں ڈالنے کے ہیں اور مجازاً بھانے اور خوش لگنے میں بھی اس کا استعمال ہوتا ہے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۵۷:۲۰).

اَعْجَبَتْكُمْ: (اَعْجَبَتْ. كُمْ) وہ تم کو بھلی لگی، وہ تمہیں اچھی معلوم ہوئی، اَعْجَبَتْ، (افعال) اِعْجَابٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۲:۲۲۱) (۹:۲۵).

اَعْجَبَكَ: (اَعْجَبَ. كَ) وہ تجھے بھلا معلوم ہوا، اَعْجَبَ، (افعال) اِعْجَابٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (۵:۱۰۰) (۳۳:۵۲).

اَعْجَبَكُمْ: (اَعْجَبَ. كُمْ) وہ تمہیں بھلا معلوم ہوا، اَعْجَبَ، (افعال) اِعْجَابٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۲:۲۲۱).

اَعْجَلَكَ: (اَعْجَلَ. كَ) اس نے تجھ سے عجلت کرائی، اَعْجَلَ، (افعال ا) اِعْجَالٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (۲۰:۸۳).

اَعْجَمِيٌّ، اَعْجَمِيًّا: (اَعْجَمُ. یّ) عجمی، اوپری زبان والا، غیر عرب، اسم منسوب۔ اَعْجَمُ (کرم ا) عُجْمَةٌ (ابہام ہونا، لکنت کا ہونا) سے صیغۂ صفت ہے جس کے معنی غیر عربی کے ہیں جو اگرچہ عربی جانتا ہو، اسی طرح یہ لفظ اس آدمی کے لیے بھی بولا جاتا ہے جو اگرچہ عربی ہو لیکن اس کی زبان فصیح نہ ہو۔ اَعْجَمِيٌّ میں ی نسبت کی ہے۔ اَعْجَمِيٌّ (۱۶:۱۰۳) (۴۱:۴۴)، اَعْجَمِيًّا (۴۱:۴۴).

الْاَعْجَمِيْنَ: اوپری زبان والے، عجمی لوگ، اَعْجَمُ کی جمع (بحالت نصب و جر)۔ اَعْجَمُ (کرم) عُجْمَةٌ سے صیغۂ صفت (واحد مذکر) ہے جس کے معنی غیر عربی کے ہیں۔ (۲۶:۱۹۸).

اَعَدَّ: اس نے تیار کیا، (افعال ۵؛ اَعَدَّ. یُعِدُّ) اِعْدَادٌ سے جسکے معنی تیار کرنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ: عدد]۔ (۴:۹۳، ۱۰۲) (۹:۸۹، ۱۰۰) (۳۳:۸، ۲۹، ۳۵، ۴۴، ۵۷، ۶۴) (۴۸:۶) (۵۸:۱۵) (۶۵:۱۰) (۷۶:۳۱).

اَعْدَآءً: دشمن، عَدُوٌّ کی جمع، [مادہ: عدو]۔ (۳:۱۰۳) (۴۶:۶) (۶۰:۲)، اَعْدَآءِ (۴۱:۲۸)، اَعْدَآءُ (۴۱:۱۹)، الْاَعْدَآءَ (۷:۱۵۰).

اَعْدَآئِكُمْ: (اَعْدَآءِ. كُمْ) تمہارے دشمن، اَعْدَآءِ (عَدُوٌّ کی جمع) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔

(٤٥:٤).

اُعِدَّتْ: تیار کی گئی، (افعال؛ اَعَدَّ.یُعِدُّ) اِعْدَادٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث۔ (٢٤:٢) (١٣١:٣، ١٣٣) (٢١:٥٧).

اَعْدِلَ: میں انصاف کروں، (ضرب ا)عَدْلٌ سے، مضارع واحد متکلم۔عدل کا مطلب ہے کسی شخص کے ساتھ بغیر افراط وتفریط کے وہ معاملہ کرنا جس کا وہ مستحق ہے۔اس کی دو قسمیں ہیں: ایک مطلق عدل کہ جس میں حسن وخوبی کا پایا جانا عقل صحیح کا اِقتضا ہے، جیسے محسن کے ساتھ احسان سے پیش آنا اور جو اذیت نہ دے اس کو ستانے سے باز رہنا، یہ عدل ہر عہد اور ہر زمانے میں واجب التعمیل ہے اور کسی وقت اس کا چھوڑنا روا نہیں۔ عدل کی دوسری قسم عدل شرعی ہے جس کا ترک بھی بعض اوقات روا ہو جاتا ہے، جیسے قصاص اور دیت کہ اگر صاحب حق معاف کر دے تو ان کو ترک کیا جا سکتا ہے۔ (١٥:٤٢).

اِعْدِلُوْا: تم عدل کرو، تم انصاف کرو، (ضرب)عَدْلٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(٨:٥) (١٥٢:٦).

اَعِدُّوْا: تم تیار رکھو، (افعال) اِعْدَادٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، [مادہ؛عدد]۔(٦٠:٨).

اَعَدُّوْا: انہوں نے تیار کیا، (افعال) اِعْدَادٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(٤٦:٩).

اُعَذِّبَنَّهٗ: (لَاُعَذِّبَنَّ.هٗ) میں اس کو ضرور سزا دوں گا، لَاُعَذِّبَنَّ، (تفعیل ا)تَعْذِیْبٌ سے جس کے معنی عذاب دینے اور سزا دینے کے ہیں، مضارع بانون تاکید ثقیلہ واحد متکلم، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(٢١:٢٧).

اُعَذِّبُهٗ: (اُعَذِّبُ.هٗ) میں اس کو عذاب دوں گا، اُعَذِّبُ، (تفعیل) تَعْذِیْبٌ سے، مضارع واحد متکلم، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(١١٥:٥، ١١٥).

اُعَذِّبُهُمْ: (اُعَذِّبُ.هُمْ) میں ان کو عذاب دوں گا، اُعَذِّبُ، (تفعیل)تَعْذِیْبٌ سے، مضارع واحد متکلم، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٥٦:٣).

اَلْاَعْرَابُ: گنوار، بدو، صحرانشین، یہ اسم جمع ہے، اَعْرَابِیٌّ واحد، [مادہ؛ عرب]۔ اَلْاَعْرَابُ (٩٧:٩) (١٤:٤٩)، اَلْاَعْرَابِ (٩٠:٩، ٩٨، ٩٩، ١٠١، ١٢٠) (٢٠:٣٣) (١١:٤٨، ١٦).

اِعْرَاضًا: روگردانی کرنا، رخ پھیر لینا، مصدر ہے (باب افعال ا)۔(١٢٨:٤).

اِعْرَاضُهُمْ: (اِعْرَاضُ.هُمْ) ان کا منہ پھیر لینا، اِعْرَاضُ (مصدر، بروزن افعال) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(٣٥:٦).

اَلْاَعْرَافِ: بلند مقام، اونچی جگہیں، بلندیاں، عُرْفٌ (یا عَرْفٌ) کی جمع۔ مراد جنت و دوزخ کے درمیان بلند مقامات۔ (٤٦:٧، ٤٨).

اَلْاَعْرَجِ: لنگڑا، (سمع و فتح ا)عَرْجٌ سے جسکے معنی لنگڑا کر چلنے کے ہیں، صفت مشبہ (واحد مذکر)، عُرْجٌ و عُرْجَانٌ جمع۔ (٦١:٢٤) (١٧:٤٨).

اَعْرِضْ: تو منہ پھیر لے/تو کنارہ کر لے، (افعال ا)اِعْرَاضٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔(٦٣:٤، ٨١) (٤٢:٥) (٦٨:٦، ١٠٦) (١٩٩:٧) (٧٦:١١) (٢٩:١٢) (٩٤:١٥) (٣٠:٣٢) (٢٩:٥٣).

اَعْرَضَ: اس نے منہ پھیر لیا، اس نے کنارہ کیا، (افعال) اِعْرَاضٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(٨٣:١٧) (٥٧:١٨) (١٠٠:٢٠، ١٢٤) (٢٢:٣٢) (٤:٤١، ٥١) (٣:٦٦).

اَعْرَضْتُمْ: تم نے کنارہ کر لیا، تم نے رخ پھیر لیا، (افعال) اِعْرَاضٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(٦٧:١٧).

اَعْرِضُوْا: تم درگزر کرو/ پیچھا چھوڑ دو/ کنارہ کر لو، (افعال) اِعْرَاضٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(١٦:٤) (٩٥:٩).

اَعْرَضُوْا: انہوں نے کنارہ کیا/ منہ پھیرلیا، (افعال)اِعْرَاضٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۲۸:۵۵) (۳۴:۱۶) (۴۱:۱۳) (۴۲:۴۸).

اَعَزُّ: زیادہ زوروالا، زیادہ عزت والا، (ضرب۵؛عَزَّ۔یَعِزُّ)عِزٌّ و عِزَّةٌ سے جسکے معنی قوی اور عزت والا ہونے کے ہیں، افعل لتفضیل واحدمذکر۔ (۱۱:۹۲) (۱۸:۳۴)، اَلْاَعَزُّ (۶۳:۸).

اَعِزَّةٍ: زبردست،عزت والے،عَزِیْزٌکی جمع۔ (۵:۵۴)، اَعِزَّةَ (۲۷:۳۴).

اِعْصَارٌ: تیز وتند ہوا، ایک بگولا، بروزن افعال امصدرواسم ہے (مصدری معنی؛ بگولا لانا/ تیز ہوا کا چلنا،عصر کے وقت میں داخل ہونا)،اَعَاصِرُجمع۔ (۲:۲۶۶).

اَعْصِرُ: میں نچوڑتاہوں،(ضرب ۱)عَصْرٌ سے جسکے معنی نچوڑنے کے ہیں،مضارع واحدمتکلم۔ (۱۲:۳۶).

اَعْصِیْ: میں نافرمانی کروں گا، (ضرب۹؛ عَصٰی۔یَعْصِیْ) عَصْیٌ و عِصْیَانٌ و مَعْصِیَةٌ سے، مضارع واحد متکلم۔ (۱۸:۶۹).

اَعْطٰی: اس نے دیا، (افعال۱۰؛ اَعْطٰی۔یُعْطِیْ) اِعْطَاءٌ (عطا کرنا، دینا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ عطو]۔ (۲۰:۵۰) (۵۳:۳۴) (۹۲:۵).

اُعْطُوْا: ان کودیا گیا،انہیں ملا، (افعال)اِعْطَاءٌ سے، ماضی مجہول جمع غائب مذکر۔ (۹:۵۸).

اَعْطَیْنٰكَ: (اَعْطَیْنَا۔كَ)ہم نے تجھ کو دیا، اَعْطَیْنَا، (افعال)اِعْطَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم، كَ ضمیر مفعول(واحد حاضر مذکر)۔ (۱۰۸:۱).

اَعِظُكَ: (اَعِظُ۔كَ) میں تجھے نصیحت کرتا ہوں، اَعِظُ، (ضرب۶؛وَعَظَ۔یَعِظُ) وَعْظٌ سے،مضارع واحد متکلم،كَ ضمیر مفعول(واحدحاضرمذکر)۔ (۱۱:۴۶).

اَعِظُكُمْ: (اَعِظُ۔كُمْ) میں تم کو نصیحت کرتا ہوں، اَعِظُ، (ضرب)وَعْظٌ سے، مضارع واحد متکلم، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضرمذکر)۔ (۳۴:۴۶).

اَعْظَمُ: بہت بڑا، (کرم۱)عَظْمٌ و عِظَامَةٌ (بڑاہونا) سے،اسم تفضیل واحدمذکر۔ (۹:۲۰) (۵۷:۱۰)، اَعْظَمَ (۷۳:۲۰).

اُعْفُ: تو درگزرکر/ معاف کر، (نصر۷؛عَفَا۔یَعْفُوْ)عَفْوٌ سے، امرواحدحاضرمذکر۔ (۲:۲۸۶) (۳:۱۵۹) (۵:۱۳).

اُعْفُوْا: تم معاف کرو، (نصر) عَفْوٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۲:۱۰۹).

اَعْقَابِكُمْ: (اَعْقَابِ۔كُمْ) تمہاری ایڑیاں، اَعْقَابِ (عَقِبٌ کی جمع) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۳:۱۴۴، ۱۴۹) (۲۳:۶۶).

اَعْقَابِنَا: (اَعْقَابِ۔نَا) ہماری ایڑیاں، اَعْقَابِ مضاف، نَا (ضمیرجمع متکلم)مضاف الیہ۔ (۶:۷۱).

اَعْقَبَهُمْ: (اَعْقَبَ۔هُمْ)اس نے ان میں اثر رکھ دیا، اس نے انہیں وارث بنا دیا، اَعْقَبَ، (افعال۱)اِعْقَابٌ سے جسکے معنی اثر چھوڑنے، وارث بنانے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول(جمع غائب مذکر)۔ (۹:۷۷).

اَلْاَعْلَامِ: پہاڑ، جھنڈے، عَلَمٌ واحد۔ (۴۲:۳۲) (۵۵:۲۴).

اَلْاَعْلٰی: سب سے اوپر/ غالب، سب سے برتر، (نصر۷؛ عَلَا۔یَعْلُوْ) عُلُوٌّ (بلند ہونا، غالب ہونا، چڑھنا) سے،اسم تفضیل واحد مذکر۔ (۱۶:۶۰) (۲۰:۶۸) (۳۰:۲۷) (۳۷:۸) (۳۸:۶۹) (۵۳:۷) (۷۹:۲۴) (۸۷:۱) (۹۲:۲۰).

اِعْلَمْ: تو جان لے، (سمع۱) عِلْمٌ سے، امرواحد حاضر مذکر۔ (۲:۲۶۰) (۵:۴۹) (۲۸:۵۰) (۴۷:۱۹).

اَعْلَمُ: میں خوب جانتا ہوں، مجھے معلوم ہے، (سمع۱) عِلْمٌ سے

جسکے معنی کسی چیز کواسکی حقیقت کیساتھ جاننے کے ہیں، مضارع واحد متکلم۔ (٢:٣٠، ٣٣، ٣٣، ٢٥٩) (٥:١١٦) (٦:٥٠) (٧:٦٢، ١٨٨) (١١:٣١) (١٢:٨٦، ٩٦).

اَعْلَمُ: خوب جاننے والا، زیادہ جاننے والا، (سمع) عِلْمٌ سے، اسم تفضیل واحد مذکر۔ (٢:١٤٠) (٣:٣٦، ١٦٧) (٤:٢٥، ٤٥) (٥:٦١) (٦:٥٨، ١١٧، ١١٧، ١١٩، ١٢٤) (١٠:٤٠) (١١:٣١) (١٢:٧٧) (١٦:١٠١، ١٢٥، ١٢٥) (١٧:٢٥، ٤٧، ٥٤، ٥٥، ٨٤) (١٨:١٩، ٢١، ٢٢، ٢٦) (١٩:٧٠) (٢٠:١٠٤) (٢٢:٦٨) (٢٣:٩٦) (٢٦:١٨٨) (٢٨:٣٧، ٥٦، ٨٥) (٢٩:٣٢) (٣٩:٧٠) (٤٦:٨) (٥٠:٤٥) (٥٣:٣٠، ٣٠، ٣٢، ٣٢) (٦٠:١، ١٠) (٦٨:٧، ٧) (٨٤:٢٣)، اَعْلَمَ (٦:٥٣) (٢٩:١٠).

اِعْلَمُوْا: تم جان لو، (سمع) عِلْمٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (٢:١٩٤، ١٩٦، ٢٠٣، ٢٠٩، ٢٢٣، ٢٣١، ٢٣٣، ٢٣٥، ٢٣٥، ٢٤٤، ٢٦٧) (٥:٣٤، ٩٢، ٩٨) (٨:٢٤، ٢٥، ٢٨، ٤٠، ٤١) (٩:٢، ٣، ٣٦، ١٢٣) (١١:١٤) (٤٩:٧) (٥٧:١٧، ٢٠).

اَعْلَنْتُ: میں نے کھلم کھلا کہا/ اعلانیہ کہا، (افعال ا) اِعْلَانٌ سے، ماضی واحد متکلم۔ (٧١:٩).

اَعْلَنْتُمْ: تم نے ظاہر کیا، تم نے اعلان کیا، (افعال) اِعْلَانٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (٦٠:١).

اَلْاَعْلَوْنَ: غالب، بلند مرتبہ، اَعْلٰی کی جمع۔ (٣:١٣٩) (٤٧:٣٥).

اَعْمَالٌ: کام، عمل، عَمَلٌ کی جمع۔ 'عمل' کے مفہوم میں بالعموم وہ کام یا فعل داخل ہوتا ہے جو بالقصد سرزد ہو جبکہ 'فعل' میں وہ کام شامل ہوتا ہے جو بلاقصد سرزد ہو۔ (٢٣:٦٣)، اَعْمَالًا (١٨:١٠٣).

اَعْمَالُكُمْ: (اَعْمَالُ. كُمْ) تمہارے اعمال، اَعْمَالُ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٢:١٣٩) (٢٨:٥٥) (٤٢:١٥) (٤٩:٢)، اَعْمَالَكُمْ (٣٣:٧١) (٤٧:٣٠، ٣٣، ٣٥)، اَعْمَالِكُمْ (٤٩:١٤).

اَعْمَالُنَا: (اَعْمَالُ. نَا) ہمارے اعمال، اَعْمَالُ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (٢:١٣٩) (٢٨:٥٥) (٤٢:١٥).

اَعْمَالُهُمْ: (اَعْمَالُ. هُمْ) ان کے اعمال، اَعْمَالُ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٢:٢١٧) (٣:٢٢) (٥:٥٣) (٧:١٤٧) (٩:١٧، ٦٩) (١٤:١٨) (١٨:١٠٥) (٢٤:٣٩)، اَعْمَالَهُمْ (٢:١٦٧) (٨:٤٨) (١١:١٥، ١١١) (١٦:٦٣) (٢٧:٤، ٢٤) (٢٩:٣٨) (٣٣:١٩) (٤٦:١٩) (٤٧:١، ٤، ٨، ٩، ٢٨، ٣٢) (٩٩:٦)، اَعْمَالِهِمْ (٩:٣٧).

اَعْمَامِكُمْ: (اَعْمَامِ. كُمْ) تمہارے چچا، تمہارے تایا، اَعْمَامِ (عَمٌّ کی جمع) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٢٤:٦١).

اَعْمٰى: اس نے اندھا کر دیا، (افعال اا؛ اَعْمٰى. يُعْمِىْ) اِعْمَاءٌ سے جسکے معنی نابینا کر دینے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔ یہاں چشم بصیرت کا کھو دینا مراد ہے۔ (٤٧:٢٣).

اَلْاَعْمٰى: اندھا، (سمع اا؛ عَمِىَ. يَعْمٰى) عَمًى (اندھا ہونا) سے، صفت مشبہ واحد مذکر۔ (٦:٥٠) (١١:٢٤) (١٣:١٦) (٢٤:٦١) (٣٥:١٩) (٤٠:٥٨) (٤٨:١٧) (٨٠:٢)، اَعْمٰى (١٣:١٩) (١٧:٧٢، ٧٢) (٢٠:١٢٤، ١٢٥).

اِعْمَلْ: تو بنا/ کام کر/ عمل کر، (سمع ا) عَمَلٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (٣٤:١١) (٤١:٥).

اَعْمَلُ: میں عمل کرتا ہوں، میں عمل کروں، (سمع) عَمَلٌ سے، مضارع واحد متکلم۔ (١٠:٤١) (٢٣:١٠٠)، اَعْمَلَ (٢٧:١٩) (٤٦:١٥).

اِعْمَلُوْا: تم عمل کرو، (سمع) عَمَلٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (٦:١٣٥) (٩:١٠٥) (١١:٩٣، ١٢١) (٢٣:٥١)

(١٣، ١١:٣٤) (٣٩:٣٩) (٤٠:٤١).

اَعْنَابٍ: انگور، عِنَبٌ کی جمع (ایک دانے کو عِنَبَۃٌ کہتے ہیں)۔ (٢٦٦:٢) (٩٩:٦) (٤:١٣) (٣٢:١٨) (١٩:٢٣) (٣٤:٣٦)، اَلْاَعْنَابِ (٦٧:١٦)، اَلْاَعْنَابَ (١١:١٦)، اَعْنَابًا (٣٢:٧٨).

اَلْاَعْنَاقِ: گردنیں، سر، عُنُقٌ کی جمع۔ (١٢:٨) (٣٣:٣٨)، اَعْنَاقِ (٣٣:٣٤).

اَعْنَاقُهُمْ: (اَعْنَاقُ. هُمْ) ان کی گردنیں، اَعْنَاقُ (عُنُقٌ واحد) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٤:٢٦)، اَعْنَاقِهِمْ (٥:١٣) (٨:٣٦) (٧١:٤٠).

اَعْنَتَكُمْ: (اَعْنَتَ. كُمْ) اس نے تم پر مشقت ڈالی، اَعْنَتَ، (افعال۱) اِعْنَاتٌ (مشقت میں ڈالنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (٢٢٠:٢).

اَعُوْذُ: میں پناہ لیتا ہوں، میں پناہ چاہتا ہوں/ پناہ مانگتا ہوں، (نصر۶؛ عَاذَ. يَعُوْذُ) عَوْذٌ سے، مضارع واحد متکلم۔ (٦٧:٢) (٤٧:١١) (١٨:١٩) (٩٧:٢٣، ٩٨) (١:١١٣) (١:١١٤).

لَمْ اَعْهَدْ: میں نے عہد نہیں لیا تھا، (سمع۱) عَهْدٌ اِلٰی (وصیت کرنا، ذمہ دار بنانا/عہد لینا) سے، مضارع منفی بہ لم واحد متکلم۔ عَهْدٌ کے معنی پیہم ایک حال کے بعد دوسرے حال میں کسی چیز کی حفاظت اور نگہداشت کرنے کے ہیں اور اسی بنا پر اس وعدہ کو جس کی پابندی ضروری ہو عہد کہا جاتا ہے۔ (٦٠:٣٦).

اَعِيْبَهَا: (اَعِيْبَ. هَا) میں اس میں عیب ڈال دوں، اَعِيْبَ، (ضرب۸؛ عَابَ. يَعِيْبُ) عَيْبٌ (عیب دار بنانا) سے، مضارع واحد متکلم، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (٧٩:١٨).

اُعِيْدُوْا: وہ لوٹا دیے گئے، (افعال۸؛ اَعَادَ. يُعِيْدُ) اِعَادَةٌ (لوٹانا، دوہرانا) سے، ماضی مجہول جمع غائب مذکر، [مادہ؛ عود]۔ (٢٢:٢٢) (٢٠:٣٢).

اُعِيْذُهَا: (اُعِيْذُ. هَا) میں اسے پناہ میں دیتی ہوں، اُعِيْذُ، (افعال۸؛ اَعَاذَ. يُعِيْذُ) اِعَاذَةٌ (کسی کی پناہ میں دینا) سے، مضارع واحد متکلم، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)، [مادہ؛ عوذ]۔ (٣٦:٣).

اَعْيُنٌ: آنکھیں، عَيْنٌ کی جمع۔ (١٧٩:٧، ١٩٥)، اَعْيُنِ (٧٤:٢٥) (١٧:٣٢)، اَعْيُنِ (٦١:٢١)، اَعْيُنَ (١١٦:٧)، اَلْاَعْيُنِ (١٩:٤٠)، اَلْاَعْيُنُ (٧١:٤٣).

اَعْيُنُكُمْ: (اَعْيُنُ. كُمْ) تمہاری آنکھیں، اَعْيُنُ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٣١:١١)، اَعْيُنِكُمْ (٤٤:٨).

اَعْيُنِنَا: (اَعْيُنِ. نَا) ہماری آنکھیں، اَعْيُنِ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (٣٧:١١) (٢٧:٢٣) (٤٨:٥٢) (١٤:٥٤).

اَعِيْنُوْنِيْ: (اَعِيْنُوْا. نِيْ) تم میری مدد کرو، اَعِيْنُوْا، (افعال) اِعَانَةٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، نِيْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)، [مادہ؛ عون]۔ (٩٥:١٨).

اَعْيُنُهُمْ: (اَعْيُنُ. هُمْ) ان کی آنکھیں، اَعْيُنُ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٩٢:٩) (١٠١:١٨) (١٩:٣٣)، اَعْيُنُهُمْ (٨٣:٥) (٣٧:٥٤)، اَعْيُنِهِمْ (٤٤:٨) (٦٦:٣٦).

اَعْيُنُهُنَّ: (اَعْيُنُ. هُنَّ) ان کی آنکھیں، اَعْيُنُ مضاف، هُنَّ (ضمیر جمع غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (٥١:٣٣).

اِغْتَرَفَ: اس نے چلو بھرا، (افتعال۱) اِغْتِرَافٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (٢٤٩:٢).

اُغْدُوْا: تم سویرے ہی چلو، (نصر۷؛ غَدَا. يَغْدُوْ) غُدُوٌّ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (٢٢:٦٨).

اَغْرَقْنَا: ہم نے ڈبو دیا، ہم نے غرق کر دیا، (افعال۱) اِغْرَاقٌ (غرق کرنا، ڈبو دینا) سے، ماضی جمع متکلم۔ (٥٠:٢) (٦٤:٧)

(٥٤:٨) (٧٣:١٠) (٦٦:٢٦، ١٢٠) (٤٠:٢٩) (٨٢:٣٧).

اَغْرَقْنٰهُ: (اَغْرَقْـنَا.ہٗ) ہم نے اس کوڈبو دیا، ہم نے اس کوغرق کر دیا، اَغْرَقْـنَا، (افعال) اِغْرَاقٌ سے، ماضی جمع متکلم، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(١٠٣:١٧).

اَغْرَقْنٰـهُمْ: (اَغْرَقْـنَا.هُمْ) ہم نے ان کو ڈبو دیا، ہم نے ان کوغرق کر دیا، اَغْرَقْـنَا، (افعال) اِغْرَاقٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (١٣٦:٧) (٧٧:٢١) (٣٧:٢٥) (٥٥:٤٣).

اُغْرِقُوْا: وہ ڈبوئے گئے، غرق کیے گئے، (افعال) اِغْرَاقٌ سے، ماضی مجہول جمع غائب مذکر۔(٢٥:٧١).

اَغْرَيْنَا: ہم نے ڈال دی/ لگا دی، (افعال١٠: اَغْرٰی.یُغْرِیْ) اِغْرَاءٌ سے جسکے معنی کسی کام میں ڈالنے/ لگانے اور رغبت دلانے کے ہیں، ماضی جمع متکلم، [مادہ؛غرو]۔(١٤:٥).

اِغْسِلُوْا: تم دھولو، (ضرب١) غَسْلٌ سے جسکے معنی پانی سے دھونے اور میل کچیل دور کرنے کے ہیں، امر جمع حاضر مذکر۔ (٦:٥).

اُغْشِيَتْ: وہ ڈھانک دی گئی، (افعال١١: اَغْشٰی.یُغْشِیْ) اِغْشَاءٌ سے جسکے معنی ڈھانک دینے کے ہیں، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث، [مادہ؛غشی]۔(٢٧:١٠).

اَغْشَيْنٰهُمْ: (اَغْشَيْنَا.هُمْ) ہم نے ان کو اوپر سے ڈھانک دیا، اَغْشَيْنَا، (افعال) اِغْشَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٩:٣٦).

اُغْضُضْ: تو نیچی کر، (نصر٥: غَضَّ.یَغُضُّ) غَضٌّ (جھکانا، نیچا کرنا) سے، امر واحد حاضر مذکر۔(١٩:٣١).

اَغْطَشَ: اس نے تاریک کردیا، (افعال١) اِغْطَاشٌ سے جسکے معنی تاریک ہونے یا کرنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔ (٢٩:٧٩).

اِغْفِرْ: تو بخش دے، معاف کر دے، (ضرب١) غَفْرٌ و مَغْفِرَةٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ غَفْر کے معنی اصل میں کسی چیز کو چھپانے کے ہیں، اور مَغْفِرَة کے معنی گناہ کو چھپانے کے ہیں۔ چنانچہ معاف کرنا یا بخش دینا دراصل گناہوں کو چھپانا یا ان کی ستر پوشی کرنا ہے۔ (٢٨٦:٢) (١٦:٣، ١٤٧، ١٩٣) (١٥١:٧، ١٥٥) (٤١:١٤) (١٠٩:٢٣، ١١٨) (٨٦:٢٦) (١٦:٢٨) (٣٥:٣٨) (٧:٤٠) (١٠:٥٩) (٥:٦٠) (٨:٦٦) (٢٨:٧١).

اَغْفَلْنَا: ہم نے غافل کر دیا، (افعال١) اِغْفَالٌ سے، ماضی جمع متکلم۔(٢٨:١٨).

اَلْاَغْلٰلُ: قیدیں، طوق، ہتھکڑیاں، غُلٌّ کی جمع، [مادہ؛ غلل]۔ (٥:١٣) (٧١:٤٠)، اَلْاَغْلٰلَ (١٥٧:٧) (٣٣:٣٤)، اَغْلٰلًا (٨:٣٦) (٤:٧٦).

اَغْلِبَنَّ: (لَاَغْلِبَنَّ) میں ضرور غالب ہوں گا، (ضرب١) غَلَبَةٌ سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ واحد متکلم۔(٢١:٥٨).

اُغْلُظْ: تو سختی کر، (نصر و کرم١) غِلْظَةٌ سے جسکے معنی سخت ہونے اور سختی برتنے کے ہیں، امر واحد حاضر مذکر۔(٧٣:٩) (٩:٦٦).

اَغْنٰی: وہ کام آیا، اس نے غنی بنا دیا، اس نے دولت دی، (افعال١١: اَغْنٰی.یُغْنِیْ) اِغْنَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ غنی]۔ (٤٨:٧) (٨٤:١٥) (٢٠٧:٢٦) (٥٠:٣٩) (٨٢:٤٠) (٢٦:٤٦) (٤٨:٥٣) (٢٨:٦٩) (٨:٩٣) (٢:١١١).

اَغْنٰـهُمْ: (اَغْـنٰی.هُمْ) اس نے ان کو غنی بنا دیا، اس نے ان کو دولت دی، اَغْـنٰی، (افعال) اِغْنَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٧٤:٩).

اَغْنَتْ: اس نے بے پرواہ کر دیا، وہ کام آئی، اس نے فائدہ پہنچایا، (افعال) اِغْنَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔(١٠١:١١).

اُغْنِیْ: میں کام آ سکتا ہوں یا آسکوں گا، (افعال) اِغْنَاءٌ سے،

مضارع واحد متکلم۔(۱۲: ۶۷).

اَغْنِيَآءَ: مالدار، دولت مند لوگ، غَنِیٌّ کی جمع۔غَنِیٌّ، (سمع ۱۱؛ غَنِیَ. یَغْنٰی) غَنَاءٌ سے صفت مشبہ (واحد مذکر) ہے۔ (۲: ۲۷۳)، اَغْنِيَآءُ (۳: ۱۸۱) (۹: ۹۳)، الْاَغْنِيَآءِ (۵۹: ۷).

اَغْوَيْتَنِیْ: (اَغْوَيْتَ. نِیْ) تو نے مجھے گمراہ کیا، اَغْوَيْتَ، (افعال ۱۴؛ اَغْوٰی. یُغْوِیْ) اِغْوَاءٌ (بے راہ کرنا) سے، ماضی واحد حاضر مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)، [مادہ؛ غوی]۔(۷: ۱۶) (۱۵: ۳۹).

اَغْوَيْنَا: ہم نے بہکایا، (افعال) اِغْوَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (۲۸: ۶۳).

اَغْوَيْنٰكُمْ: (اَغْوَيْنَا. كُمْ) ہم نے تمہیں بہکایا، اَغْوَيْنَا، (افعال) اِغْوَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(۳۷: ۳۲).

اَغْوَيْنٰهُمْ: (اَغْوَيْنَا. هُمْ) ہم نے ان کو گمراہ کیا، اَغْوَيْنَا، (افعال) اِغْوَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۲۸: ۶۳).

اُغْوِيَنَّهُمْ: (لَاُغْوِيَنَّ. هُمْ) میں ان کو ضرور گمراہ کروں گا، لَاُغْوِيَنَّ، (افعال) اِغْوَاءٌ سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ واحد متکلم، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۱۵: ۳۹) (۳۸: ۸۲).

اُفٍّ: ہوں، اف، افسوس، ایسا کلمہ جس سے تنگدلی، نفرت یا گرانی کا احساس ہو، [مادہ؛ افف]۔(۱۷: ۲۳) (۲۱: ۶۷) (۴۶: ۱۷).

اَفَآءَ: اس نے لوٹایا، ہاتھ لگوا دیا، (افعال ۴+۹؛ اَفَاءَ. یُفِیْئُ) اِفَاءَةٌ سے جس کے معنی لوٹانے اور فَیٔ میں دینے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ فیا]۔ فَیٔ کے معنی اصل میں کسی اچھی حالت کی طرف لوٹنے کے ہیں، اسی اعتبار سے لوٹنے والے سایہ کو بھی فَیٔ کہتے ہیں اور جو مال غنیمت بلا مشقت حاصل ہو وہ بھی فَیٔ کہلاتا ہے۔(۳۳: ۵۰) (۵۹: ۶، ۷).

الْاَفْئِدَةِ: دل، فُؤَادٌ کی جمع، [مادہ؛ فاد]۔ (۱۰۴: ۷)، اَفْئِدَةُ (۶: ۱۱۳)، اَفْئِدَةً (۱۴: ۳۷) (۴۶: ۲۶)، الْاَفْئِدَةَ (۱۶: ۷۸) (۲۳: ۷۸) (۳۲: ۹) (۶۷: ۲۳).

اَفْئِدَتَهُمْ: (اَفْئِدَةَ. هُمْ) ان کے دل، ان کے باطن، اَفْئِدَةَ (فُؤَادٌ واحد، [مادہ؛ فاد]) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۶: ۱۱۰)، اَفْئِدَتُهُمْ (۱۴: ۴۳) (۴۶: ۲۶).

اَفَاضَ: وہ پھرا، وہ متفرق ہوا، (افعال ۹؛ اَفَاضَ. یُفِیْضُ) اِفَاضَةٌ سے جسکے معنی متفرق ومنتشر ہونے کے آتے ہیں (کنایۃً)، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ فیض]۔ اصل میں تو اس کے معنی بہہ نکلنے کے ہیں لیکن مجازی معانی میں جلدی کرنا، بے دھیان دوڑ پڑنا، متفرق ومنتشر ہونا، مصروف ہونا، تیزی سے چل پڑنا وغیرہ شامل ہیں۔(۲: ۱۹۹).

اَفَاقَ: وہ ہوش میں آیا، (افعال ۸؛ اَفَاقَ. یُفِیْقُ) اِفَاقَةٌ (صحت یاب ہونا، غشی یا نشہ سے ہوش میں آنا، جنون کے بعد عقل کا واپس آنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ فوق]۔(۷: ۱۴۳).

اَفَّاكٍ: جھوٹا، بہتان تراش، (ضرب ۲) اِفْكٌ سے صیغۂ مبالغہ مفرد۔(۲۶: ۲۲۲) (۴۵: ۷).

اِفْتَحْ: تو فیصلہ کردے، (فتح ۱) فَتْحٌ (فیصلہ کرنا، کھولنا، فتح کرنا) سے، امر واحد حاضر مذکر۔(۷: ۸۹) (۲۶: ۱۱۸).

اِفْتَدٰی: اس نے فدیہ دیا، اس نے اپنے آپ کو چھڑانے کا بدلہ دیا، (افتعال ۱۱؛ اِفْتَدٰی. یَفْتَدِیْ) اِفْتِدَاءٌ سے جسکے معنی فدیہ دینے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ فدی]۔(۳: ۹۱).

اِفْتَدَتْ: اس (عورت) نے اپنے چھڑانے کا فدیہ دیا، (افتعال) اِفْتِدَآءٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔ (۲: ۲۲۹) (۱۰: ۵۴).

اِفْتَدَوْا: انہوں نے چھڑانے کا فدیہ دیا، انہوں نے اپنی رہائی کا بدلہ دیا، (افتعال) اِفْتِدَاءٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۱۳: ۱۸) (۳۹: ۴۷).

اِفْتِرَآءً: کسی کے خلاف جھوٹ گھڑنا، بہتان باندھنا، مصدر ہے (افتعال۱۱؛ اِفْـتَرٰی.یَفْتَرِیْ کا)، [مادہ؛ فری]۔ (۱۳۸:۶، ۱۴۰).

اِفْـتَـرٰی: اس نے جھوٹ باندھا، بہتان تراشے، (افتعال) اِفْـتِـرَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۹۴:۳) (۴۸:۴) (۲۱:۶، ۹۳، ۱۴۴) (۳۷:۷) (۱۷:۱۰) (۱۸:۱۱) (۱۵:۱۸) (۶۱:۲۰) (۳۸:۲۳) (۶۸:۲۹) (۲۴:۴۲) (۷:۶۱)، اَفْـتَرٰی(اَ.اِفْـتَرٰی) (۸:۳۴).

اِفْـتَـرٰىهُ: (اِفْـتَـرٰی.ہٗ) اس نے اس کو گھڑ لیا، اس نے اس کا افترا کیا، اِفْـتَرٰی، (افتعال) اِفْتِرَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۳۸:۱۰) (۱۳:۱۱، ۳۵) (۵:۲۱) (۴:۲۵) (۳:۳۲) (۸:۴۶).

اِفْـتَرَیْـتُـہٗ: (اِفْـتَرَیْـتُ.ہٗ) میں نے اس کا افترا کیا، میں نے اس کو گھڑ لیا، اِفْـتَرَیْـتُ، (افتعال) اِفْتِرَاءٌ سے، ماضی واحد متکلم، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۳۵:۱۱) (۸:۴۶).

اِفْـتَرَیْـنَا: ہم نے بہتان باندھا، (افتعال) اِفْـتِرَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (۸۹:۷).

اَفْـتِنَا: (اَفْـتِ.نَا) تو ہمیں حکم دے/ ہمیں فتویٰ دے، اَفْتِ، (افعال۱۱؛ اَفْتٰی.یُفْتِیْ) اِفْـتَاءٌ سے جسکے معنی فتویٰ دینے اور مشکل احکام کا جواب دینے کے ہیں، امر واحد حاضر مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)، [مادہ؛فتی]۔ (۴۶:۱۲).

اَفْـتُوْنِیْ: (اَفْـتُوْا.نِیْ) تم مجھے فتویٰ دو/ مجھے مشورہ دو، مجھ کو خبر دو، مجھ کو جواب دو، اَفْـتُوْا، (افعال) اِفْـتَاءٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔ (۴۳:۱۲) (۳۲:۲۷).

اَفْرِغْ: تو ڈال دے، تو دہانہ کھول دے یعنی ان پر صبر چھا جائے، (افعال۱) اِفْرَاغٌ (بہانا، دہانا کھولنا) سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (۲۵۰:۲) (۱۲۶:۷).

اُفْرِغْ: میں ڈال دوں/ بہادوں، (افعال) اِفْرَاغٌ سے، مضارع واحد متکلم۔ (۹۶:۱۸).

اُفْرُقْ: تو جدائی کر دے، (نصر۱) فَرْقٌ سے جس کے معنی دو چیزوں کے درمیان جدائی اور فصل کرنے کے ہیں، امر واحد حاضر مذکر۔ (۲۵:۵).

اِفْسَحُوْا: تم کھل جاؤ، کشادہ ہو جاؤ، کھل کر بیٹھ جاؤ، (فتح۱) فَسْحٌ سے جسکے معنی وسعت سے بیٹھنے اور کھل کر رہنے کے ہیں، امر جمع حاضر مذکر۔ (۱۱:۵۸).

اَفْسَدُوْهَا: (اَفْسَدُوْا.هَا) انہوں نے اس کو خراب کر دیا، وہ اسے تباہ کر دیتے ہیں، اَفْسَدُوْا، (افعال۱) اِفْسَادٌ سے جس کے معنی فساد پھیلانے اور خراب کرنے کے ہیں، ماضی جمع غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۳۴:۲۷).

اَفْصَحُ: زیادہ فصیح، (فتح و کرم۱) فَصْحٌ و فَصَاحَةٌ سے، اسم تفضیل واحد مذکر۔ (۳۴:۲۸).

اَفْضٰی: وہ پہنچ گیا/ بے حجابانہ ملا، (افعال۱۰؛ اَفْضٰی.یُفْضِیْ) اِفْضَاءٌ سے جسکے معنی فضا میں پہنچنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛فضو]۔ (۲۱:۴).

اَفَضْتُمْ: تم مشغول ہوئے، تم نے پھیلایا، (افعال؛ اَفَاضَ.یُفِیْضُ) اِفَاضَةٌ (متفرق و منتشر ہونا، مشغول ہونا) سے، ماضی جمع حاضر مذکر، [مادہ؛فیض]۔ (۱۹۸:۲) (۱۴:۲۴).

اِفْعَلْ: تو کر، تو کر ڈال، (فتح۱) فَعْلٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (۱۰۲:۳۷).

اِفْعَلُوْا: تم کرو، تم کر ڈالو، (فتح) فَعْلٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۶۸:۲) (۷۷:۲۲).

اَمَرُّ: بہت تلخ، نہایت کڑوا، (نصر، سمع۵: مَرَّ. یَمُرُّ، یَمَرُّ) مَرَارَۃٌ سے جسکے معنی کڑوا ہونے اور تلخ ہونے کے ہیں، افعل التفضیل واحد مذکر کا صیغہ۔ (۴٦:۵۴).

اَمْر: کام، معاملہ، حکم، حکم کرنا، مصدر ہے (نصر۲؛ اَمَرَ. یَاْمُرُ کا)۔
اَمْرٍ (٥٢:٥) (٦٢:٢٤) (٤:٤٤) (٥:٥٠) (٣:٥٤، ١٢)
(٤:٩٧)، اَمْرِ (٧٧:٧) (١٠٦:٩) (٤٣:١١، ٧٣)
(١١:١٣) (٨٥:١٧) (٥٠:١٨) (٦٤:١٩) (٢٥:٤٦)
(٩:٤٩) (٤٤:٥١) (٨:٦٥)، اَمْرَ (١٥٠:٧) (٥٩:١١،
٩٧) (١٥١:٢٦)، اَمْرُ (٤٧:٤) (٤٨:٩) (٧٦:١١، ٩٧،
١٠١) (١:١٦، ٣٣، ٧٧) (٣٧:٣٣، ٣٨) (٧٨:٤٠)
(١٤:٥٧) (٥:٦٥)، اَمْرٌ (٨٣:٤)، الْاَمْرِ (١٢٨:٣،
١٥٢، ١٥٤، ١٥٤، ١٥٩) (٥٩:٤، ٨٣) (٤٣:٨)
(٦٧:٢٢) (١٧:٤٥، ١٨) (٢٦:٤٧) (٧:٤٩)، الْاَمْرَ
(١٥٤:٣) (٣:١٠، ٣١) (٢:١٣) (٦٦:١٥) (٤٤:٢٨)
(٥:٣٢)، الْاَمْرُ (٢١٠:٢) (٨:٦، ٥٨) (٥٤:٧)
(٤٤:١١، ١٢٣) (٤١:١٢) (٣١:١٣) (٢٢:١٤)
(٣٩:١٩) (٣٣:٢٧) (٤:٣٠) (٢١:٤٧) (١٢:٦٥)
(١٩:٨٢)، اَمْرًا (١١٧:٢) (٤٧:٣) (٤٢:٨، ٤٤)
(١٨:١٢، ٨٣) (٦٩:١٨) (٢١:١٩، ٣٥) (٣٢:٢٧)
(٣٦:٣٣) (٦٨:٤٠) (٧٩:٤٣) (٥:٤٤) (٤:٥١)
(١:٦٥) (٥:٧٩).

اِمْرًا: بھاری، عجیب، انوکھا، قابل انکار۔(٧١:١٨).

اِمْرَاَ: مرد، انسان، شخص، (یہ 'رُ' پر ضمہ اور کسرہ کے ساتھ بھی پڑھا جاتا ہے)، [مادہ: مرا]۔(٢٨:١٩)، اِمْرُؤٌا (١٧٦:٤)، اِمْرِئٍ (١١:٢٤)(٢١:٥٢) (٣٨:٧٠) (٥٢:٧٤) (٣٧:٨٠).

اِمْرَاَتُ: عورت، بیوی، اِمْرَؤٌ یا اِمْرِئٍ کی مؤنث، نِسَاءٌ جمع، [مادہ؛ مرا]۔ (٣٥:٣) (١٢:٣٠، ٥١) (٩:٢٨)، اِمْرَاَتَ (١٠:٦٦، ١٠، ١١)، اِمْرَاَةٌ (١٢:٤، ١٢٨)، اِمْرَاَةً (٢٣:٢٧) (٥٠:٣٣).

اِمْرَاَتُ عِمْرَانَ: عمران کی عورت/ بیوی، (مرکب اضافی)۔ یہ حضرت مریم کی والدہ اور حضرت عیسیٰؑ کی جدہ محترمہ ہیں، ان کا اسم مبارک حنہ تھا، یہ عبرانی نام ہے۔ حدیث میں آتا ہے، حضور ﷺ نے حضرت یحییٰؑ اور حضرت عیسیٰؑ کو خالہ زاد بھائی فرمایا۔ چنانچہ آپ حضرت یحییٰؑ کی بھی نانی ہیں۔(٣٥:٣).

اِمْرَاَتُ فِرْعَوْنَ: فرعون کی عورت، فرعون کی بیوی، اِمْرَاَتُ مضاف، فِرْعَوْنَ مضاف الیہ۔ آپ کا نام آسیہ بنت مزاحم تھا رضی اللہ عنہا۔ فرعونیوں کو حضرت موسیٰؑ کے قتل سے آپؓ نے ہی روکا تھا۔ سورۃ التحریم میں اللہ تعالیٰ نے آپؓ کے ایمان کا تذکرہ کیا ہے اور مومنین کیلئے آپؓ کی مثال بیان فرمائی ہے۔(٩:٢٨) (١١:٦٦).

اِمْرَاَتٰنِ: دو عورتیں، اِمْرَاَةٌ کا تثنیہ بحالت رفع۔(٢٨٢:٢).

اِمْرَاَتَكَ: (اِمْرَاَة.كَ) تیری عورت/ بیوی، اِمْرَاَةٌ (اِمْرَؤٌ یا اِمْرِئٍ کی مؤنث، نِسَاءٌ جمع، [مادہ؛ مرء]) مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(٨١:١١) (٣٣:٢٩).

اِمْرَاَتُهٗ: (اِمْرَاَةُ.هٗ) اس کی عورت/ بیوی، اِمْرَاَةُ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٧١:١١) (٢٩:٥١) (٤:١١١)، اِمْرَاَتِهٖ (٢١:١٢)، اِمْرَاَتَهٗ (٨٣:٧) (٦٠:١٥) (٥٧:٢٧) (٣٢:٢٩).

اِمْرَاَتِیْ: (اِمْرَاَةِ.یْ) میری عورت/ بیوی، اِمْرَاَةِ مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔(٤٠:٣) (٥:١٩، ٨).

اِمْرَاَتَیْنِ: دو عورتیں، اِمْرَاَةٌ کا تثنیہ بحالت نصب و جر۔ (٢٣:٢٨).

اُمِرْتَ: تجھے حکم دیا گیا، (نصر۲) اَمْرٌ سے، ماضی مجہول واحد حاضر مذکر۔(١١٢:١١) (١٥:٤٢).

اُمِرْتُ: مجھے حکم دیا گیا، (نصر) اَمْرٌ سے، ماضی مجہول واحد متکلم۔ (١٤:٦، ١٦٣) (٧٢:١٠، ١٠٤) (٣٦:١٣) (٩١:٢٧، ٩١) (١١:٣٩، ١٢) (٦٦:٤٠) (١٥:٤٢).

اَمَرْتُكَ: (اَمَرْتُ.كَ) میں نے تجھے حکم دیا، اَمَرْتُ، (نصر) اَمْرٌ سے، ماضی واحد متکلم، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (١٢:٧).

اَمَرْتَنِیْ: (اَمَرْتَ.نِیْ) تو نے مجھے حکم دیا، اَمَرْتَ، (نصر) اَمْرٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔(١١٧:٥).

اَمَرْتَـهُمْ: (اَمَرْتَ. هُمْ) تو نے ان کو حکم دیا، اَمَرْتَ، (نصر) اَمْرٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (٥٣:٢٤).

اَمَرَكُمْ: (اَمَرَ. كُمْ) اس نے تمہیں حکم دیا، اَمَرَ، (نصر) اَمْرٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (٢٢٢:٢).

اَمْرُكُمْ: (اَمْرُ. كُمْ) تمہارا کام، تمہارا معاملہ، اَمْرُ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٧١:١٠)، اَمْرِكُمْ (١٦:١٨)، اَمْرَكُمْ (٧١:١٠).

اَمَرَنَا: (اَمَرَ. نَا) اس نے ہمیں حکم دیا، اَمَرَ، (نصر) اَمْرٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔ (٢٨:٧).

اَمَرْنَـا: ہم نے حکم دیا، (نصر) اَمْرٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (١٦:١٧).

اُمِـرْنَا: ہمیں حکم دیا گیا، (نصر) اَمْرٌ سے، ماضی مجہول جمع متکلم۔ (٧١:٦).

اَمْرُنَا: (اَمْرُ. نَا) ہمارا حکم، ہمارا کام، ہمارا معاملہ، اَمْرُ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (٢٤:١٠) (٤٠:١١، ٥٨، ٦٦، ٨٢، ٩٤) (٢٧:٢٣) (٥٠:٥٤)، اَمْرِنَا (١٤٧:٣) (١٠:١٨، ٨٨) (٧٣:٢١) (٢٤:٣٢) (١٢:٣٤) (٥٢:٤٢)، اَمْرَنَا (٩:٥٠).

اَمَرُوْا: انہوں نے حکم دیا، (نصر) اَمْرٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (٤١:٢٢).

اُمِرُوْا: ان کو حکم دیا گیا، (نصر) اَمْرٌ سے، ماضی مجہول جمع غائب مذکر۔ (٦٠:٤) (٣١:٩) (٥:٩٨).

اَمَـرَهٗ: (اَمَرَ. هٗ) اس نے اسے حکم دیا، اَمَرَ، (نصر) اَمْرٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (٢٣:٨٠).

اَمْرِهٖ: (اَمْرِ. هٖ) اس کا حکم، اس کا کام، اَمْرِ مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (١٠٩:٢) (٩٥:٥) (٥٤:٧) (٢٤:٩) (٢١:١٢) (٣٢:١٤) (٢:١٦، ١٢) (٢٧:٢١، ٨١) (٦٥:٢٢) (٦٣:٢٤) (٢٥:٣٠، ٤٦) (٣٦:٣٨) (١٥:٤٠) (١٢:٤٥) (٣:٦٥، ٤)، اَمْرُهٗ (٢٧٥:٢) (٢٨:١٨) (٨٢:٣٦).

اَمْرِهَا: (اَمْرِ. هَا) اس کا حکم، اس کا کام، اَمْرِ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (٩:٦٥، ٩)، اَمْرَهَا (١٢:٤١).

اَمَرَهُمْ: (اَمَرَ. هُمْ) اس نے ان کو حکم دیا، اَمَرَ، (نصر) اَمْرٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (٦٨:١٢) (٦:٦٦).

اَمْرُهُمْ: (اَمْرُ. هُمْ) ان کا حکم، ان کا کام، ان کا معاملہ، اَمْرُ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (١٥٩:٦) (٣٨:٤٢)، اَمْرِهِمْ (١٥:١٢) (٢١:١٨) (٣٦:٣٣) (١٥:٥٩) (٥:٦٤)، اَمْرَهُمْ (١٠٢:١٢) (٢١:١٨) (٦٢:٢٠) (٩٣:٢١) (٥٣:٢٣).

اَمْرِیْ: (اَمْرِ. یْ) میرا حکم، میرا کام، میرا معاملہ، اَمْرِ مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔ (٧٣:١٨، ٨٢) (٢٦:٢٠، ٣٢، ٩٠، ٩٣) (٣٢:٢٧) (٤٤:٤٠).

اَلْاَمْسِ: گزشتہ کل، ظرف زمان ہے۔ (٢٤:١٠) (١٨:٢٨، ١٩، ٨٢).

اِمْسَاكٌ: روک رکھنا، بروزن افعال ا (اَمْسَكَ. يُمْسِكُ کا) مصدر ہے۔ (٢٢٩:٢).

اِمْسَحُوْا: تم مسح کرو، تم پھیرو، (فتح ا) مَسْحٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (٤٣:٤) (٦:٥، ٦).

اَمْسِكْ: تو روک رکھ، (افعال ا) اِمْسَاكٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (٣٧:٣٣) (٣٩:٣٨).

اَمْسَكَ: اس نے روک رکھا، (افعال) اِمْسَاكٌ سے، ماضی واحد

غائب مذکر۔(۲۱:۶۷).

اَمْسَكْتُمْ: تم نے روک رکھا، (افعال) اِمْسَاكٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(۱۷:۱۰۰).

اَمْسَكْنَ: انہوں نے روک رکھا، (افعال) اِمْسَاكٌ سے، ماضی جمع غائب مؤنث۔(۵:۴).

اَمْسِكُوْهُنَّ: (اَمْسِكُوْا.هُنَّ) ان عورتوں کو روک رکھو، ان کو رکھ لو، اَمْسِكُوْا، (افعال) اِمْسَاكٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، هُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)۔ (۲:۲۳۱) (۴:۱۵) (۶۵:۲).

اَمْسَكَهُمَا: (اَمْسَكَ.هُمَا) اس نے ان دونوں کو روک رکھا/ ان کو تھام رکھا، اَمْسَكَ، (افعال) اِمْسَاكٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمَا ضمیر مفعول (تثنیہ غائب مؤنث)۔(۳۵:۴۱).

اَمْشَاجٍ: ملے ہوئے، مخلوط، مَشْجٌ و مَشِيْجٌ کی جمع۔(۷۶:۲).

اِمْشُوْا: تم چلو، (ضرب۹: مَشٰى.يَمْشِيْ) مَشْيٌ (چلنا) سے، امر جمع حاضر مذکر۔(۳۸:۶) (۶۷:۱۵).

اِمْضُوْا: تم چلے جاؤ، (ضرب۹: مَضٰى.يَمْضِيْ) مُضِيٌّ سے جسکے معنی گزر جانے اور چلے جانے کے ہیں، امر جمع حاضر مذکر۔ (۱۵:۶۵).

اَمْضِيَ: میں چلتا چلا جاؤں گا، (ضرب۹: مَضٰى.يَمْضِيْ) مُضِيٌّ و مَضَاءٌ (گزر جانا/ مرجانا، کسی کام کو پورا کرنا) سے، مضارع واحد متکلم۔(۱۸:۶۰).

اَمْطِرْ: تو برسا، (افعال۱) اِمْطَارٌ (برسانا) سے، امر واحد حاضر مذکر۔(۸:۳۲).

اُمْطِرَتْ: اس پر برسایا گیا، (افعال) اِمْطَارٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث۔(۲۵:۴۰).

اَمْطَرْنَا: ہم نے برسایا، (افعال) اِمْطَارٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (۷:۸۴) (۱۱:۸۲) (۱۵:۷۴) (۲۶:۱۷۳) (۲۷:۵۸).

اَمْعَآءَهُمْ: (اَمْعَآءَ.هُمْ) ان کی آنتیں، اَمْعَاءَ (مِعَاءٌ واحد، [مادہ: معی]) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۴۷:۱۵).

اُمُّكِ: (اُمُّ.كِ) تیری ماں، اُمُّ مضاف، كِ (ضمیر واحد حاضر مؤنث) مضاف الیہ۔(۱۹:۲۸).

اُمِّكَ: (اُمِّ.كَ) تیری ماں، اُمِّ مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۲۰:۳۸، ۴۰).

اُمْكُثُوْا: تم ٹھہرے رہو، (نصر۱) مَكْثٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(۲۰:۱۰) (۲۸:۲۹).

اَمْكَنَ: اس نے پکڑوایا، اس نے قابو دلوایا، اس نے مقدور بخشا، (افعال۱) اِمْكَانٌ (پکڑوانا/ گرفتار کرانا، مقدور بخشا، قبضہ میں دینا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۸:۷۱).

الْاَمَلُ: امید، آرزو، توقع، امید کرنا، مصدر (باب نصر۲)۔ (۱۵:۳)، اَمَلًا (۱۸:۴۶).

اِمْلَاقٍ: ناداری، تنگ دستی، مفلس ہونا، مفلس و تنگدست ہونا، مصدر (باب افعال۱)۔(۶:۱۵۱) (۱۷:۳۱).

اَمْلَــَٔنَّ: (لَاَمْلَاَنَّ) میں ضرور بھر دوں گا، (فتح۴) مَلْاٌ (بھرنا، پُر کرنا) سے، مضارع با نون تاکید ثقیلہ واحد متکلم۔ (۷:۱۸) (۱۱:۱۱۹) (۳۲:۱۳) (۳۸:۸۵).

اَمْلٰى: اس نے لمبی لمبی امیدیں دلائیں، ڈھیل دی، اس نے مہلت میں ڈال دیا، (افعال۱۰: اَمْلٰى.يُمْلِيْ) اِمْلَاءٌ سے جسکے معنی مہلت میں ڈالنے، ڈھیل چھوڑنے اور لمبی امیدیں دلانے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ: ملو]۔(۴۷:۲۵).

اَمْلِكُ: میں مالک ہوں، میں اختیار رکھتا ہوں، (ضرب۱) مِلْكٌ سے، مضارع واحد متکلم۔ (۵:۲۵) (۷:۱۸۸) (۱۰:۴۹) (۶۰:۴) (۷۲:۲۱).

اُمْلِيْ: میں ڈھیل دوں گا، ڈھیل دیئے جاتا ہوں، (افعال) اِمْلَآءٌ

سے، مضارع واحد متکلم۔ (١٨٣:٧) (٤٥:٦٨).

اَمْلَیْتُ: میں نے ڈھیل دی/ مہلت دی، (افعال) اِمْلَاءٌ (مہلت دینا، لکھوانا) سے، ماضی واحد متکلم۔ (٣٢:١٣) (٢٢: ٤٤، ٤٨).

اُمَمٌ: امتیں، فرقے، انواع، جماعتیں، اُمَّةٌ کی جمع، [مادہ: امم]۔ (٣٨:٦) (٤٨:١١) (٣٠:١٣) (١٨:٢٩)، اُمَمٍ (٤٢:٦) (٣٨:٧) (٤٨:١١) (٦٣:١٦) (٢٥:٤١) (١٨:٤٦)، الْاُمَمِ (٤٢:٣٥)، اُمَمًا (٧: ١٦٠، ١٦٨).

اَمِنَ: وہ بے خوف ہوگیا، وہ مطمئن ہوگیا، وہ امن والا ہوگیا، اس نے امین سمجھا، (سمع ۲) اَمْنٌ سے جسکے معنی مطمئن ہونے، بے خوف ہونے اور امین سمجھنے کے آتے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔ (٢٨٣:٢) (٧: ٩٧، ٩٨) (٤٥:١٦).

الْاَمْنُ: بے خوفی، مطمئن ہونا، اعتبار کرنا، مصدر ہے (سمع ۲: اَمِنَ. یَاْمَنُ کا)۔ (٨٢:٦)، الْاَمْنِ (٨٣:٤) (٨١:٦)، اَمْنًا (١٢٥:٢) (٥٥:٢٤).

اَمَّنْ: (اَمْ. مَنْ) یا کون، بھلا کون، بھلا جو، اَمْ حرف عطف یا استفہام، مَنْ اسم استفہام یا موصول۔ (١٠: ٣١، ٣٥) (٢٧: ٦٠، ٦١، ٦٢، ٦٣، ٦٤) (٩:٣٩) (٦٧: ٢٠، ٢١، ٢٢).

اَمَنَةً: امن، دل جمعی، چین، مصدر ہے (سمع ۲: اَمِنَ. یَاْمَنُ کا)۔ (١٥٤:٣) (١١:٨).

اَمِنْتُکُمْ: (اَمِنْتُ. کُمْ) میں تم سے مطمئن ہوا، میں نے تمہارا اعتبار کیا، اَمِنْتُ، (سمع) اَمْنٌ سے، ماضی واحد متکلم، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (٦٤:١٢).

اَمِنْتُمْ: تم مطمئن ہوئے/ امن میں پڑے، تم بے خوف ہوئے، (سمع) اَمْنٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (٢: ١٩٦، ٢٣٩) (١٧: ٦٨، ٦٩) (٦٧: ١٦، ١٧).

اُمْنُنْ: تو احسان کر، تو خرچ کر، (نصر ۵: مَنَّ. یَمُنُّ) مَنٌّ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (٣٩:٣٨).

اَمِنُوْا: وہ بے خوف ہوگئے، (سمع) اَمْنٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (٩٩:٧) (١٠٧:١٢).

اُمْنِیَّتِهٖ: (اُمْنِیَّةِ. هٖ) اس کا خیال، اس کی تمنا، اس کی خواہش/ آرزو، اُمْنِیَّةٌ (اَمَانِیُّ جمع، [مادہ: منی]) مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٥٢:٢٢).

اُمَنِّیَنَّهُمْ: (لَاُمَنِّیَنَّ. هُمْ) میں انہیں ضرور آرزوؤں میں مبتلا کروں گا، لَاُمَنِّیَنَّ، (تفعیل ۱۱: مَنّٰی. یُمَنِّیْ) تَمْنِیَةٌ (آرزوئیں دلانا) سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ واحد متکلم، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)، [مادہ: منی]۔ (١١٩:٤).

اَمْوَاتٌ: مردے، مَیْتٌ و مَیِّتٌ واحد، [مادہ: موت]۔ (١٥٤:٢) (٢١:١٦)، الْاَمْوَاتُ (٢٢:٣٥)، اَمْوَاتًا (٢٨:٢) (١٦٩:٣) (٢٦:٧٧).

اَمْوَالٌ: مال و دولت، مَالٌ کی جمع، [مادہ: مول]۔ (٢٤:٩)، اَمْوَالٍ (٦:١٧) (١٢:٧١)، اَمْوَالِ (١٨٨:٢) (٣٩:٣٠)، اَمْوَالَ (٤: ١٠، ١٦١) (٣٤:٩)، الْاَمْوَالِ (١٥٥:٢) (٦٤:١٧) (٢٠:٥٧)، اَمْوَالًا (٦٩:٩) (٨٨:١٠) (٣٥:٣٤).

اَمْوَالُکُمْ: (اَمْوَالُ. کُمْ) تمہارے مال، اَمْوَالُ مضاف، کُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٢٨:٨) (٣٧:٣٤) (٩:٦٣) (١٥:٦٤)، اَمْوَالِکُمْ (٢٧٩:٢) (١٨٦:٣) (٤: ٢، ٢٤) (٤١:٩) (١١:٦١)، اَمْوَالَکُمْ (١٨٨:٢) (٤: ٥، ٢٩) (٣٦:٤٧).

اَمْوَالُنَا: (اَمْوَالُ. نَا) ہمارے مال، اَمْوَالُ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (١١:٤٨)، اَمْوَالِنَا (٨٧:١١).

اَمْوَالُهُمْ: (اَمْوَالُ. هُمْ) ان کے مال، اَمْوَالُ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٣: ١٠، ١١٦) (٩: ٥٥، ٨٥) (١٧:٥٨)، اَمْوَالِهِمْ (٤: ٣٤، ٩٥، ٩٥) (٧٢:٨) (٩: ٢٠، ٤٤، ٨١، ٨٨، ١٠٣) (٨٨:١٠) (١٥:٤٩).

(۱۹:۵۱) (۸:۵۹) (۲٤:۷۰)، اَمْوَالَهُمْ (۲:۲۶۱، ۲۶۲، ۲۶۵، ۲۷٤) (٤:۲، ۲، ٦، ٦، ۳۸) (۸:۳٦) (۹:۱۱۱) (۳۳:۲۷).

اَمُوْتُ: میں مروں گا، (نصر٦؛ مَاتَ .يَمُوْتُ) مَوْتٌ سے، مضارع واحد متکلم۔(۱۹:۳۳).

الْاُمُوْرُ: معاملات، کام، اَمْرٌ کی جمع۔(۲:۲۱۰) (۳:۱۰۹) (۸:٤٤) (۲۲:۷٦) (۳۵:٤) (٤۲:۵۳) (۵۷:۵)، الْاُمُوْرِ (۳:۱۸٦) (۲۲:٤۱) (۳۱:۱۷، ۲۲) (٤۲:٤۳)، الْاُمُوْرَ (۹:٤۸).

اُمُّـهٗ: (اُمُّ.هٗ) اس کی ماں، اس کا ٹھکانا، اُمُّ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۵:۷۵) (۳۱:۱٤) (٤٦:۱۵) (۱۰۱:۹)، اُمِّهٖ (٤:۱۱، ۱۱)، اُمِّهٖ (۲۸:۱۳) (۸۰:۳۵)، اُمَّهٗ (۵:۱۷) (۲۳:۵۰).

اُمِّهَا: (اُمِّ. هَا) اس کی ماں، ان کی بڑی بستی، اُمِّ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ آیت میں اس کے معنی ان کی بڑی بستی کے ہیں، هَا ضمیر الْقُرٰی کی طرف راجع ہے، اس اعتبار سے اس کے معنی ہوئے، "بستیوں کی ماں" یعنی بڑی بستی۔ (۲۸:۵۹).

اُمَّهٰتُ: مائیں، اُمٌّ کی جمع (مضاف)۔(٤:۲۳).

اُمَّهٰتُكُمْ: (اُمَّهٰتُ. كُمْ) تمہاری مائیں، اُمَّهٰتُ (اُمٌّ کی جمع) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(٤:۲۳، ۲۳)، اُمَّهٰتِكُمْ (۱٦:۷۸) (۲٤:٦۱) (۳۳:٤) (۳۹:٦) (۵۳:۳۲).

اُمَّهٰتُهُمْ: (اُمَّهٰتُ. هُمْ) ان کی مائیں، اُمَّهٰتُ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۳۳:٦) (۵۸:۲)، اُمَّهٰتِهِمْ (۵۸:۲).

اَمْهِلْهُمْ: (اَمْهِلْ. هُمْ) تو ان کو ڈھیل دے، اَمْهِلْ، (افعال۱) اِمْهَالٌ (مہلت دینا) سے، امر واحد حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۸٦:۱۷).

اُمِّيْ: (اُمِّ. یْ) میری ماں، اُمِّ مضاف، یْ (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔(۵:۱۱٦).

الْاُمِّيُّ: اُمی، جو نہ لکھ سکے نہ کتاب پڑھ سکے، اسم منسوب ہے؛ اس کی نسبت تین باتوں کی طرف ہوسکتی ہے، ۱) امّ (ماں) کی طرف نسبت یعنی ویسا ہی جیسا ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا، یعنی کسی سے کچھ پڑھانہ سیکھا، ۲) ام القریٰ یعنی مکہ کی طرف کہ اہل مکہ یا قریش عموی طور پر بے پڑھے لکھے ہی تھے، لہٰذا ان پڑھ کو اس لحاظ سے امی کہا جانے لگا، ۳) امت عرب کی طرف، یعنی ایسا ہی ان پڑھ جیسے امت عرب کے عام لوگ۔ یہ حضور ﷺ کا لقب اور معجزہ ہے کہ باوجود امی ہونے کے آپ کمال علوم سے سرفراز ہیں، یہ آپ کی صفت مدح ہے۔(۷:۱۵۷)، الْاُمِّيِّ (۷:۱۵۸).

اُمِيْتُ: میں مار ڈالتا ہوں، میں مار ڈالوں گا، (افعال۸؛ اَمَاتَ .يُمِيْتُ) اِمَاتَةٌ سے جسکے معنی موت دینے کے ہیں، مضارع واحد متکلم،[مادہ:موت]۔(۲:۲۵۸).

اَمِيْنٌ: امانت دار، امن والا، (کرم۲) اَمَانَةٌ اور (سمع ۲) اَمْنٌ سے صیغۂ صفت بمعنی فاعل و مفعول (واحد مذکر)۔ (۷:٦۸) (۱۲:۵٤) (۲٦:۱۰۷، ۱۲۵، ۱٤۳، ۱٦۲، ۱۷۸) (۲۷:۳۹) (٤٤:۱۸)، اَمِيْنٍ (٤٤:۵۱) (۸۱:۲۱)، الْاَمِيْنِ (۹۵:۳)، الْاَمِيْنُ (۲٦:۱۹۳) (۲۸:۲٦).

اُمِّيُّوْنَ: ان پڑھ، امی لوگ، اُمِّيٌّ کی جمع بحالت رفع۔(۲:۷۸)، الْاُمِّيّٖنَ (اُمِّيٌّ کی جمع بحالت نصب و جر) (۳:۲۰، ۷۵) (٦۲:۲).

اِنَّ: بیشک، تحقیق، یقیناً، حرف تحقیق ہے اور حروف مشبہ بالفعل میں سے ہے، یہ خبر کی تاکید کے لیے آتا ہے۔(۲:٦، ۲۰، ۲٦، ٦۱، ٦۲، ٦۷، ۷۰، ۷٤، ۷٤، ۷٤، ۹۸، ۱۰۹، ۱۱۰، ۱۱۵، ۱۲۰، .....).

اِنْ: اگر، نہیں، بے شک/تحقیق۔ زیادہ تر تین طرح استعمال ہوتا

ہے،۱)اِنْ شرطیہ جو'اگر' کا معنی دیتا ہے اور مضارع کو مجزوم کرتا ہے، ۲)اِنْ نافیہ جو نفی کا مفہوم رکھتا ہے اور جملے میں اکثر بعد میں اِلَّا آتا ہے جیسے اِنْ هٰذَا اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ، ۳)اِنَّ کا مخفف جو تحقیق و تاکید کے معنی دیتا ہے۔(٢٣:٢، ٢٣، ٢٤، ٣١، ٧٠، ٧٨، ٨٥، ٩١، ٩٣، ٩٤،....)....

اَنَّ : بیشک، تحقیق، یقیناً، حرف تحقیق ہے اور حروف مشبہ بالفعل میں سے ہے، یہ بھی خبر کی تاکید کے لیے آتا ہے۔(٢٥:٢، ٧٧، ١٠٦، ١٠٧، ١٦٥، ١٦٥، ١٦٧، ١٧٦، ١٩٤، ١٩٦، ٢٠٩،....).....

اَنْ : کہ، یہ کہ، تحقیق/ بیشک۔ یہ چار طرح استعمال ہوتا ہے، ۱)اَنْ مصدریہ جو فعل کو مصدر کے معنی میں تبدیل کرتا ہے نیز مضارع کو نصب دیتا ہے، ۲)اَنْ زائدہ جو لَمَّا کی تاکید کے لیے آتا ہے جیسے فَلَمَّا اَنْ جَآءَ الْبَشِيْرُ (پھر جب پہنچا خوشخبری دینے والا)، ۳)اَنْ مفسرہ جو 'یعنی یا شرح' کا مفہوم دیتا ہے جیسے فَاَوْحَيْنَا اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ (پھر ہم نے اس کی طرف وحی بھیجی کہ کشتی بنا)، ۴)اَنَّ کا مخفف جو تحقیق و ثبوت کیلئے آتا ہے۔(٢٦:٢، ٢٧، ٦٧، ٦٧، ٧٥، ٩٠، ٩٠، ٩٦، ١٠٥، ١٠٨، ١١٤، ١١٤، ١٢٥، ١٥٠، ١٥٨،.....).....

اِنَّا : (اِنَّ.نَا) بیشک ہم، اِنَّ (بیشک) اور نَا (ہم) ضمیر جمع متکلم سے مرکب۔ (١٤:٢، ٧٠، ١١٩، ١٥٦، ١٥٦) (١٠٥:٤، ١٥٧، ١٦٣) (١٤:٥، ٢٢، ٢٢، ٢٤، ٢٤، ٤٤، ٨٢، ١٠٦، ١٠٧) (١٤٦:٦، ١٥٨)....

اَنَّا : (اَنَّ.نَا) بیشک ہم، اَنَّ (بیشک) اور نَا (ہم) ضمیر جمع متکلم سے مرکب۔(٥٢:٣، ٦٤) (٦٦:٤) (١٥٧:٦) (٤١:١٣) (٦٧:١٩، ٨٣) (١٣٤:٢٠) (٤٤:٢١) (٥١:٢٧، ٨٦) (٥١:٢٩، ٦٧) (٢٧:٣٢) (٤١:٣٦، ٧١، ٧٧) (٨٠:٤٣) (٥:٧٢، ٨، ٩، ١٠، ١١، ١٢، ١٣، ١٤) (٢٥:٨٠).

اَنَا : میں، ضمیر مرفوع منفصل واحد متکلم ہے، اس کا الف ساکن پڑھا جاتا ہے، یعنی اَنَ کی آواز میں پڑھا جاتا ہے۔(١٦٠:٢، ٢٥٨) (٨١:٣) (٢٨:٥) (٥٦:٦، ٧٩، ١٠٤، ١٦٣) (١٢:٧، ٦٨، ١٤٣، ١٨٨) (٤١:١٠، ٩٠، ١٠٨) (٢٩:١١، ٣٥، ٧٢، ٨٦) (٤٥:١٢، ٥١، ٥٩، ٦٩، ٧٢، ٩٠، ١٠٨، ١٠٨) (٢٢:١٤) (٤٩:١٥، ٨٩) (٢:١٦) (٣٤:١٨، ٣٩، ١١٠) (١٩:١٩) (١٢:٢٠، ١٣، ١٤، ١٤) (٢٥:٢١، ٥٦، ٩٢) (٤٩:٢٢) (٥٢:٢٣) (٢٠:٢٦، ١١٤، ١١٥) (٩:٢٧، ٣٩، ٤٠، ٩٢) (٣٠:٢٨) (٥٠:٢٩) (٦٥:٣٨، ٧٠، ٧٦، ٨٦) (٤٢:٤٠) (٦:٤١) (٥٢:٤٣، ٨١) (٩:٤٦) (٢٩:٥٠) (٢١:٥٨) (١:٦٠) (٢٦:٦٧) (٢٤:٧٩) (٤:١٠٩).

اَنَابَ : وہ رجوع ہوا، (افعال۸؛ اَنَابَ.يُنِيْبُ) اِنَابَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ نوب]۔انابت الی اللہ کے معنی اخلاص عمل اور دل سے اللہ کی طرف رجوع ہونے اور توبہ کرنے کے ہیں۔(٢٧:١٣) (١٥:٣١) (٢٤:٣٨، ٣٤).

اَنَابُوْا : وہ رجوع ہوئے، (افعال) اِنَابَةٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(١٧:٣٩).

اِنٰثًا : عورتیں، بیٹیاں، دیویاں (مراد عورتوں کی شکل کے بت)، اُنْثٰى کی جمع جسکے معنی عورت کے ہیں، [مادہ؛انث]۔(١١٧:٤) اِنَاثًا(٤٠:١٧) (١٥٠:٣٧) (٤٩:٤٢، ٥٠) (١٩:٤٣).

اُنَاسٌ : لوگ، اِنْسٌ کی جمع و اِنْسَانٌ کی جمع (علٰی غیر لفظہٖ)، [مادہ؛ انس]۔ (٨٢:٧) (٥٦:٢٧)، اُنَاسٍ (٦٠:٢) (١٦٠:٧) (٧١:١٧).

اَنَاسِيَّ : لوگ، آدمی، انسان، اِنْسِيٌّ و اِنْسٌ واحد، [مادہ؛ انس]۔(٤٩:٢٥).

اَلْاَنَامِ : خلق، جن و انس، مخلوقات، جو کچھ زمین پر ہے، [مادہ؛ انم]۔(١٠:٥٥).

اَلْاَنَامِلَ : انگلیاں، انگلیوں کی پوریں، اَنْمِلَةٌ کی جمع، [مادہ؛ نمل]۔(١١٩:٣).

اَنّٰى : جہاں، جب، کیسے، کیونکر، کہاں سے، اسم استفہام۔

(٢٢٣:٢، ٢٤٧، ٢٥٩) (٣٧:٣، ٤٠، ٤٧، ١٦٥) (٧٥:٥) (٩٥:٦، ١٠١) (٣٠:٩) (٣٢:١٠، ٣٤) (٨:١٩، ٢٠) (٨٩:٢٣) (٦١:٢٩) (٥٢:٣٤) (٣:٣٥) (٦٦:٣٦) (٦:٣٩) (٦٢:٤٠، ٦٩) (٨٧:٤٣) (١٣:٤٤) (١٨:٤٧) (٤:٦٣) (٢٣:٨٩).

اِنٰـهٗ: (اِنٰی.ہٗ) اس کا پکنا، اس کا پک جانا، اس کا قریب ہونا، اِنٰی (مصدر ہے، ضرب۲+۹؛ اَنٰی.یَاْنِیْ کا) مضاف، ہٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(٥٣:٣٣).

اَنْۢبَـآءِ: خبریں، حالات، نَـبَاٌ واحد۔ (٤٤:٣) (٤٩:١١، ١٠٠، ١٢٠) (١٠٢:١٢) (٩٩:٢٠)، الْاَنْۢبَـآءِ (٤:٥٤)، الْاَنْۢبَـآءُ (٦٦:٢٨)، اَنْۢبٰٓؤُا (٥:٦) (٦:٢٦).

اَنْۢبَـآىِٕكُمْ: (اَنْۢبَـآءِ.کُمْ) تمہاری خبریں، اَنْۢبَـآءِ (نَـبَاٌ کی جمع) مضاف، کُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٢٠:٣٣).

اَنْۢبَـآىِٕـهَا: خبریں اس کی، اَنْۢبَـآءِ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(١٠١:٧).

اَنْۢبَاَكَ: (اَنْۢبَاَ.كَ) اس نے تجھ کو خبر دی/ تجھے بتایا، اَنْۢبَاَ، (افعال۴؛ اَنْۢبَاَ.یُنْۢبِئُ) اِنْۢبَاءٌ سے جسکے معنی بتلانے اور خبر دینے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)، [مادہ؛نبا]۔(٣:٦٦).

اُنَـبِّـئُكَ: (اُنَـبِّئُ.كَ) میں تجھے خبر دیتا ہوں، میں تجھے بتلاتا ہوں، اُنَـبِّئُ، (تفعیل۴؛ نَـبَّاَ.یُنَـبِّئُ) تَنْۢبِئَـةٌ (خبر دینا، بتلانا) سے، مضارع واحد متکلم، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)، [مادہ؛ نبا]۔(٧٨:١٨).

اُنَـبِّـئُـكُمْ: (اُنَـبِّئُ.كُمْ) میں تمہیں خبر دوں گا، اُنَـبِّئُ، (تفعیل) تَنْۢبِئَـةٌ سے، مضارع واحد متکلم، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(١٥:٣، ٤٩) (٦٠:٥) (٤٥:١٢) (٧٢:٢٢) (٢٢١:٢٦) (٨:٢٩) (١٥:٣١).

اَنْۢبِـئُوْنِیْ: (اَنْۢبِـئُوْا.نِ.یْ) تم مجھے بتاؤ، اَنْۢبِـئُوْا، (افعال) اِنْۢبَاءٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)، [مادہ؛نبا]۔(٣١:٢).

اَنْۢبَـاَهُمْ: (اَنْۢبَاَ.هُمْ) اس نے ان کو خبر دی/ انہیں بتایا، اَنْۢبَاَ، (افعال) اِنْۢبَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٣٣:٢).

اَنْۢبِئْـهُمْ: (اَنْۢبِئْ.هُمْ) تو ان کو بتا دے، اَنْۢبِئْ، (افعال) اِنْۢبَاءٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (٣٣:٢).

اَنْۢبَتَتْ: وہ اگی، اس نے اگایا، (افعال۱) اِنْۢبَاتٌ (اگنا، اگانا) سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔(٢٦١:٢) (٥:٢٢).

اَنْۢبَـتَـكُمْ: (اَنْۢبَـتَ.کُمْ) اس نے تمہیں اگایا، اَنْۢبَـتَ، (افعال) اِنْۢبَاتٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ اِنْۢبَاتٌ کا استعمال نباتات کے ساتھ ساتھ حیوانات کے لیے بھی ہوتا ہے۔(١٧:٧١).

اَنْۢبَـتْـنَا: ہم نے اگایا، (افعال) اِنْۢبَاتٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (١٩:١٥) (٧:٢٦) (٦٠:٢٧) (١٠:٣١) (١٤٦:٣٧) (٧:٥٠، ٩) (٢٧:٨٠).

اَنْۢبَتَهَا: (اَنْۢبَتَ.هَا) اس نے اسے اگایا/ اسے بڑھایا، اس نے اس کو پروان چڑھایا، اَنْۢبَـتَ، (افعال) اِنْۢبَاتٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(٣٧:٣).

اِنْۢبَجَسَتْ: وہ پھوٹ نکلی، وہ (بارہ چشمے) پھوٹ نکلے، (انفعال۱) اِنْۢبِجَاسٌ سے جسکے معنی کسی تنگ مقام سے پانی کے بہہ نکلنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مؤنث۔ اِنْۢبِجَاسٌ کسی تنگ مقام سے نکل بہنے کے لیے مخصوص ہے جبکہ اِنْفِجَارٌ تنگ مقام ہو یا فراخ دونوں سے پھوٹ نکلنے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔(١٦٠:٧).

اِنْۢـبِذْ: تو پھینک دے، (ضرب۱) نَبْذٌ (پھینکنا) سے، امر واحد حاضر مذکر۔(٥٨:٨).

اِنْبِعَاثَهُمْ: (اِنْبِعَاثَ.هُمْ) ان کا اٹھنا، اِنْبِعَاثٌ (مصدر باب انفعال ا، بمعنی اٹھ کھڑا ہونا) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۴۶:۹).

اِنْبَعَثَ: وہ اٹھ کھڑا ہوا، (انفعال ا) اِنْبِعَاثٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۱۲:۹۱).

اَنَبْنَا: ہم رجوع ہوئے، ہم نے رجوع کیا، (افعال؛ اَنَابَ.يُنِيبُ) اِنَابَةٌ سے، ماضی جمع متکلم، [مادہ؛ نوب]۔ (۴:۶۰).

الْاَنْبِيَآءَ: پیغمبر، نَبِیٌّ کی جمع، [مادہ؛ نبا]۔قرآن مجید میں کل ۲۵ انبیاء کرام کا تذکرہ ملتا ہے۔حضرت آدم، ادریس، نوح، ہود، صالح، ابراہیم، لوط، اسمٰعیل، اسحٰق، یعقوب، یوسف، شعیب، موسیٰ، ہارون، یونس، داوٴد، سلیمان، ایوب، الیاس، الیسع، ذوالکفل، زکریا، یحیٰی، عیسیٰ علیھم السلام اور خاتم الانبیاء حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔البتہ جن انبیاء کرام کا قرآن مجید میں تذکرہ نہیں، اس میں اختلاف ہے کہ ان کی تعداد کتنی تھی۔ایک روایت جو حضرت ابوذرؓ سے مروی ہے اس میں حضورؐ نے انبیاء کی تعداد ایک لاکھ چوبیس ہزار بتائی، ان میں ۳۱۳ رسول تھے۔ایک دوسری روایت میں، جو حضرت جابرؓ سے ہے، حضورؐ نے فرمایا، میں ایک ہزار یا اس سے زیادہ انبیاء کا خاتم ہوں۔یہ روایت سند کے اعتبار سے زیادہ صحیح ہے۔(۳:۱۱۲، ۱۸۱) (۴:۱۵۵)، اَنْبِيَآءَ (۲:۹۱) (۵:۲۰).

اَنْتَ: تو (ایک مرد)، ضمیر مرفوع منفصل واحد حاضر مذکر کیلئے۔ (۲:۳۲، ۳۵، ۱۲۷، ۱۲۸، ۱۲۹، ۱۴۵، ۲۸۶) (۳:۸، ۳۵) (۵:۲۴، ۱۰۹، ۱۱۴، ۱۱۶، ۱۱۶، ۱۱۷، ۱۱۷، ۱۱۸) (۶:۱۰۷) (۷:۱۹، ۸۹، ۱۵۱، ۱۵۵، ۱۵۵) (۸:۳۳) (۱۰:۴۲، ۴۳، ۹۹) (۱۱:۱۲، ۴۵، ۴۹، ۸۷، ۹۱) (۱۲:۱۷، ۹۰، ۱۰۱) (۱۳:۷) (۱۶:۱۰۱) (۱۹:۴۶) (۲۰:۴۲، ۵۸، ۶۸، ۷۲) (۲۱:۵۵، ۶۲، ۸۳، ۸۷، ۸۹) (۲۳:۲۸، ۲۹، ۱۰۹، ۱۱۸) (۲۵:۴۳) (۲۶:۱۹، ۱۵۳، ۱۵۴، ۱۸۵، ۱۸۶) (۲۷:۸۱) (۳۰:۵۳) (۳۴:۴۱) (۳۵:۲۲، ۲۳) (۳۸:۳۵) (۳۹:۱۹، ۴۱، ۴۶) (۴۰:۸) (۴۲:۶) (۴۳:۴۰) (۴۴:۴۹) (۵۰:۴۵) (۵۱:۵۴) (۵۲:۲۹) (۶۰:۵) (۶۸:۲) (۷۹:۴۳، ۴۵) (۸۰:۶، ۱۰) (۸۸:۲۱) (۹۰:۲).

اِنْتَبَذَتْ: وہ جدا ہوئی، وہ یکسو ہوئی، (افتعال ا) اِنْتِبَاذٌ (عزلت نشین ہونا، الگ ہو جانا) سے، ماضی واحد غائب موٴنث۔ (۱۹:۱۶، ۲۲).

اِنْتَثَرَتْ: وہ جھڑ گئی، بکھر گئی، (افتعال ا) اِنْتِثَارٌ سے جسکے معنی بکھرنے، پراگندہ ہونے کے ہیں، ماضی واحد غائب موٴنث۔ (۸۲:۲).

اِنْتَشِرُوْا: تم الگ الگ ہو جاوٴ/پھیل پڑو، (افتعال ا) اِنْتِشَارٌ سے جس کے معنی پھیلنے اور متفرق ہونے کے ہیں، امر جمع حاضر مذکر۔عربی میں لوگوں کے انتشار کا مطلب ان کا پھیل کر اپنے اپنے کاموں میں لگ جانا ہے۔(۳۳:۵۳) (۶۲:۱۰).

اِنْتَصَرَ: اس نے بدلہ لیا، اس نے مدد طلب کی، (افتعال ا) اِنْتِصَارٌ (مدد طلب کرنا، انتقام لینا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۴۲:۴۱) (۴۷:۴).

اِنْتَصِرْ: تو بدلہ لے، (افتعال) اِنْتِصَارٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔(۵۴:۱۰).

اِنْتَصَرُوْا: انہوں نے بدلہ لیا، (افتعال) اِنْتِصَارٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۲۶:۲۲۷).

اِنْتَظِرْ: تو راہ دیکھ، تو منتظر رہ، (افتعال ا) اِنْتِظَارٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔(۳۲:۳۰).

اِنْتَظِرُوْا: تم راہ دیکھو/منتظر رہو، (افتعال) اِنْتِظَارٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۶:۱۵۸) (۷:۷۱) (۱۰:۲۰، ۱۰۲) (۱۱:۱۲۲).

اِنْتِقَامٍ: انتقام لینا، بدلہ لینا، سزا دینا، غلبہ پانا، مصدر ہے (باب افتعال ا)۔(۳:۴) (۵:۹۵) (۱۴:۴۷) (۳۹:۳۷).

اِنْتَقَمْنَا: ہم نے سزا دی، ہم نے بدلہ لیا، (افتعال ا) اِنْتِقَامٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (۱۳۶:۷) (۷۹:۱۵) (۴۷:۳۰) (۲۵:۴۳، ۵۵).

اَنْتُمْ: تم (سب مرد)، ضمیر مرفوع منفصل جمع حاضر مذکر کیلئے۔ (۲۲:۲، ۴۲، ۴۴، ۵۰، ۵۱، ۵۵، ۸۳، ۸۴، ۸۵، ۹۲، ۱۳۲، ۱۴۰، ۱۸۷، ۱۸۷، ۱۸۸، ۲۱۶، ۲۳۲، ۲۷۲) (۶۶:۳، ۶۶، ۷۰، ۷۱، ۸۰، ۹۹، ۱۰۱، ۱۰۲، ۱۱۹، ۱۲۳، ۱۳۹، ۱۴۳، ۱۷۹) (۴۳:۴، ۱۰۹) (۱:۵، ۱۸، ۸۸، ۹۱، ۹۵، ۱۰۶) (۲:۶، ۶۴، ۹۱، ۱۳۴، ۱۴۸) (۴۹:۷، ۷۱، ۸۱، ۱۹۳) (۲۰:۸، ۲۶، ۲۷، ۴۲، ۶۰) (۲۸:۱۰، ۴۱، ۵۳، ۸۰) (۱۴:۱۱، ۲۸، ۳۳، ۵۰) (۱۳:۱۲، ۴۰، ۷۷، ۸۹) (۸:۱۴، ۱۰، ۲۱، ۲۲) (۲۲:۱۵) (۷۴:۱۶) (۱۰۰:۱۷) (۳:۲۱، ۵۰، ۵۲، ۵۴، ۶۴، ۸۰، ۹۸، ۱۰۸) (۱۹:۲۴، ۶۴) (۱۷:۲۵) (۳۹:۲۶، ۴۳، ۷۶، ۱۶۶) (۳۶:۲۷، ۴۷، ۵۴، ۵۵) (۲۲:۲۹) (۲۰:۳۰، ۲۵، ۲۸، ۵۸) (۳۱:۳۴) (۱۵:۳۵) (۱۵:۳۶، ۱۵، ۱۹، ۴۷، ۸۰) (۱۸:۳۷، ۵۴، ۱۶۲) (۶۰:۳۸، ۶۰، ۶۸) (۵۵:۳۹) (۴۷:۴۰) (۳۱:۴۲) (۶۸:۴۳، ۷۰، ۷۱) (۳۵:۴۷، ۳۸، ۳۸) (۲:۴۹) (۱۵:۵۲) (۲۳:۵۳، ۳۲، ۶۱) (۵۹:۵۶، ۶۴، ۶۹، ۷۲، ۸۱، ۸۴) (۱۳:۵۹) (۱۱:۶۰) (۹:۶۷) (۲۷:۷۹) (۳:۱۰۹، ۵).

اَنْتُمَا: تم (دو مرد)، ضمیر مرفوع منفصل تثنیہ حاضر مذکر کیلئے۔ (۳۵:۲۸).

اِنْتَهٰى: وہ رک گیا، باز آ گیا، (افتعال ۱۱: اِنْتَهٰى. يَنْتَهِيْ) اِنْتِهَاءٌ (باز رہنا، رک جانا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ: نھی]۔ (۲۷۵:۲).

اِنْتَهَوْا: وہ رک گئے، باز آ گئے، (افتعال) اِنْتِهَاءٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۱۹۲:۲، ۱۹۳) (۳۹:۸).

اِنْتَهُوْا: تم باز آ جاؤ، تم رک جاؤ، تم چھوڑ دو، (افتعال) اِنْتِهَاءٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۱۷۱:۴) (۵۹:۷).

اُنْثٰى: عورت، مادہ، [مادہ: انث]۔ (۳۶:۳، ۱۹۵) (۱۲۴:۴) (۸:۱۳) (۹۷:۱۶) (۱۱:۳۵) (۴۰:۴۰) (۴۷:۴۱) (۱۳:۴۹)، الْاُنْثٰى (۱۷۸:۲، ۱۷۸) (۳۶:۳) (۵۸:۱۶) (۲۱:۵۳، ۲۷، ۴۵) (۳۹:۷۵) (۳:۹۲).

الْاُنْثَيَيْنِ: دو مادئیں، دو عورتیں، اُنْثٰی کا تثنیہ (بحالت نصب و جر)، [مادہ: انث]۔ (۱۱:۴، ۱۷۶) (۱۴۳:۶، ۱۴۳، ۱۴۴، ۱۴۴).

اَنْجٰكُمْ: (اَنْجٰى. كُمْ) اس نے تمہیں نجات دی، اَنْجٰى، (افعال ۱۰: اَنْجٰى. يُنْجِيْ) اِنْجَاءٌ سے جسکے معنی نجات دینے اور چھٹکارا دلانے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)، [مادہ: نجو]۔ (۶:۱۴).

اَنْجٰنَا: (اَنْجٰى. نَا) اس نے ہمیں بچا لیا، اَنْجٰى، (افعال) اِنْجَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔ (۶۳:۶).

اَنْجٰهُ: (اَنْجٰى. هُ) اس نے اسے بچا لیا، اَنْجٰى، (افعال) اِنْجَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۲۴:۲۹).

اَنْجٰهُمْ: (اَنْجٰى. هُمْ) اس نے ان کو بچا لیا، اَنْجٰى، (افعال) اِنْجَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۲۳:۱۰).

اَنْجَيْتَنَا: (اَنْجَيْتَ. نَا) تو نے ہمیں چھوڑ دیا، (اگر) تو ہمیں نجات بخشے، اَنْجَيْتَ، (افعال) اِنْجَاءٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔ (۲۲:۱۰).

الْاِنْجِيْلُ: اس کتاب کا نام جو حضرت عیسیٰؑ پر نازل ہوئی، یہ عجمی لفظ ہے۔ عیسائیوں کی اصطلاح میں جو چار کتابیں (متی، مرقس، یوحنا، لوقا) اناجیل کے نام سے موسوم ہیں، یہ سب حضرت عیسیٰؑ کے بعد لوگوں کی اپنی تصنیف کردہ ہیں۔ ان کتب کے نام دراصل ان

مصنفوں کے نام ہیں جنہوں نے حضرت عیسیٰؑ کے اقوال واحوال کو صحیح یا غلط جمع کر کے ان کو تصنیف وتالیف کیا۔ ان کی کتابت کب ہوئی؟ اس کے تعین میں عیسائیوں کے درمیان اختلاف ہے۔ اس میں بھی اختلاف ہے کہ جن ناموں سے یہ موسوم ہیں آیا یہ ان ہی کی جمع کردہ ہیں یا اس میں بعد کے ادوار کے لوگ نے بھی اضافہ کیا ہے۔ حقیقت میں یہ نہ حضرت عیسیٰؑ کی تصنیف ہیں اور نہ یہ ان کے عہد میں لکھی گئی ہیں۔ قرآن نے جس انجیل کا ذکر کیا ہے وہ وہی اصلی انجیل ہے جو حضرت عیسیٰؑ پر نازل ہوئی تھی۔ (۶۵:۳)، الْاِنْجِیْلِ (۴۷:۵) (۱۵۷:۷) (۱۱۱:۹) (۲۹:۴۸)، الْاِنْجِیْلَ (۳:۳، ۴۸) (۴۶:۵، ۶۶، ۶۸، ۱۱۰) (۲۷:۵۷).

اَنْجَیْنَا: ہم نے بچا لیا، ہم نے نجات دی، (افعال: اَنْجٰی. یُنْجِیْ) اِنْجَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (۱۶۵:۷) (۱۱۶:۱۱) (۶۵:۲۶) (۵۳:۲۷).

اَنْجَیْنٰکُمْ: (اَنْجَیْنَا. کُمْ) ہم نے تم کو نجات دی/تمہیں بچا لیا، اَنْجَیْنَا، (افعال) اِنْجَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۵۰:۲) (۱۴۱:۷) (۸۰:۲۰).

اَنْجَیْنٰهُ: (اَنْجَیْنَا. هُ) ہم نے اس کو نجات دی/ اسے بچا لیا، اَنْجَیْنَا، (افعال) اِنْجَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۶۴:۷، ۷۲، ۸۳) (۱۱۹:۲۶) (۵۷:۲۷) (۱۵:۲۹).

اَنْجَیْنٰهُمْ: (اَنْجَیْنَا. هُمْ) ہم نے ان کو نجات دی/ انہیں بچا لیا، اَنْجَیْنَا، (افعال) اِنْجَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۹:۲۱).

اِنْحَرْ: تو قربانی کر، ذبح کر، (فتح ا) نَحْرٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ نَحْر سینہ کے اس بالائی حصہ کا نام ہے جہاں قلادۃ پڑا رہتا ہے، اس لیے نَحْر کے معنی سینہ پر مارنے یا ذبح کرنے کے آتے ہیں۔ (۱۰۸:۲).

اَنْدَادًا: مقابل، برابر، شریک، ایک جیسے، یکساں، نِدٌّ کی جمع، [مادہ: ندد]۔ نِدٌّ اسے کہتے ہیں جو کسی کی ذات اور جوہر میں شریک ہو۔ (۲۲:۲، ۱۶۵) (۳۰:۱۴) (۳۳:۳۴) (۸:۳۹) (۹:۴۱).

اَنْذِرْ: تو ڈرا/ ڈرسنا، (افعال ا) اِنْذَارٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (۵۱:۶) (۲:۱۰) (۴۴:۱۴) (۲۱۴:۲۶) (۱:۷۱) (۲:۷۴).

اَنْذَرَ: اس نے ڈرایا، (افعال) اِنْذَارٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۲۱:۴۶).

اُنْذِرَ: وہ ڈرایا گیا، (افعال) اِنْذَارٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔ (۶:۳۶).

اَنْذَرْتُکُمْ: (اَنْذَرْتُ. کُمْ) میں نے ڈرسنا دیا، اَنْذَرْتُ، (افعال) اِنْذَارٌ سے، ماضی واحد متکلم، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۱۳:۴۱) (۱۴:۹۲).

اَنْذَرْتَهُمْ: (اَنْذَرْتَ. هُمْ) تو نے ان کو ڈرایا، (خواہ) تو ان کو ڈرائے، اَنْذَرْتَ، (افعال) اِنْذَارٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۶:۲) (۱۰:۳۶).

اُنْذِرُکُمْ: (اُنْذِرُ. کُمْ) میں تمہیں ڈراتا ہوں، اُنْذِرُ، (افعال) اِنْذَارٌ سے، مضارع واحد متکلم، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۴۵:۲۱)، اُنْذِرَکُمْ: (تاکہ) میں تمہیں ڈراؤں، اس میں اُنْذِرَ مضارع منصوب ہے۔ (۱۹:۶).

اَنْذَرْنٰکُمْ: (اَنْذَرْنَا. کُمْ) ہم نے تمہیں ڈرسنا دیا، اَنْذَرْنَا، (افعال) اِنْذَارٌ سے، ماضی جمع متکلم، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۴۰:۷۸).

اَنْذِرُوْا: تم ڈراؤ، (افعال) اِنْذَارٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۲:۱۶).

اُنْذِرُوْا: وہ ڈرائے گئے، ان کو ڈرسنایا گیا، (افعال) اِنْذَارٌ سے، ماضی مجہول جمع غائب مذکر۔ (۵۶:۱۸) (۳:۴۶).

اَنْذَرَهُمْ: (اَنْذَرَ. هُمْ) اس نے ان کو ڈرایا، اَنْذَرَ، (افعال) اِنْذَارٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب

مذکر)۔(٥٤:٣٦).

اَنْذِرْهُمْ:(اَنْذِرْ.هُمْ)تو ان کو ڈرا، اَنْذِرْ، (افعال) اِنْذَارٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (١٩:٣٩) (٤٠:١٨).

اَنْزَلَ:اس نے اتارا، اس نے نازل کیا، (افعال) اِنْزَالٌ (نازل کرنا، اتارنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(٢:٢٢، ٩٠، ٩١، ١٦٤، ١٧٠، ١٧٤، ٢١٣، ٢٣١) (٣:٣، ٤، ٧، ١٥٤) (٤:٦١، ١١٣، ١٣٦، ١٦٦) (٥:٤٤، ٤٥، ٤٧، ٤٧، ٤٨، ٤٩، ٤٩، ١٠٤) (٦:٩١، ٩١، ٩٣، ٩٩، ٩٩، ١١٤) (٩:٢٦، ٢٦، ٤٠، ٩٧) (١٠:٥٩) (١٢:٤٠) (١٣:١٧) (١٤:٣٢) (١٦:١٠، ٢٤، ٣٠، ٦٥) (١٧:١٠٢) (١٨:١) (٢٠:٥٣) (٢٢:٦٣) (٢٣:٢٤) (٢٧:٦٠) (٣١:٢١) (٣٣:٢٦) (٣٥:٢٧) (٣٦:١٥) (٣٩:٦، ٢١) (٤١:١٤) (٤٢:١٥، ١٧) (٤٥:٥) (٤٧:٩) (٤٨:٤، ١٨، ٢٦) (٥٣:٢٣) (٦٥:١٠).

اَنْزِلْ:تو نازل فرما، (افعال) اِنْزَالٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (٥:١١٤).

اُنْزِلَ:وہ اتارا گیا، نازل کیا گیا، (افعال) اِنْزَالٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔ (٢:٤، ٤، ٩١، ١٠٢، ١٣٦، ١٣٦، ١٨٥، ٢٨٥) (٣:٧٢، ٨٤، ٨٤، ١٩٩، ١٩٩) (٤:٦٠، ٦٠، ١٦٢، ١٦٢) (٥:٥٩، ٥٩، ٦٤، ٦٦، ٦٧، ٦٨، ٦٨، ٨١، ٨٣) (٦:٨، ١٥٦، ١٥٧) (٧:٢، ٣، ١٥٧) (١٠:٢٠) (١١:١٢، ١٤) (١٣:١، ٧، ١٩، ٢٧، ٣٦) (٢٥:٧، ٢١) (٢٩:٤٦، ٤٦، ٥٠) (٣٤:٦) (٣٨:٨) (٣٩:٥٥) (٤٦:٣٠).

اُنْزِلُ:میں نازل کروں گا، میں نازل کرتا ہوں، (افعال) اِنْزَالٌ سے، مضارع واحد متکلم۔(٦:٩٣).

اَنْزَلْتَ:تو نے اتارا/ نازل کیا، (افعال) اِنْزَالٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر۔(٣:٥٣) (٢٨:٢٤).

اَنْزَلْتُ:میں نے اتارا/ نازل کیا، (افعال) اِنْزَالٌ سے، ماضی واحد متکلم۔(٢:٤١).

اُنْزِلَتْ:وہ اتاری گئی، نازل کی گئی، (افعال) اِنْزَالٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث۔(٣:٦٥) (٩:٨٦، ١٢٤، ١٢٧) (٢٨:٨٧) (٤٧:٢٠).

اَنْزَلْتُمُوْهُ:(اَنْزَلْتُمْ.هُ) تم نے اسے نازل کیا، اَنْزَلْتُمْ، (افعال) اِنْزَالٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ اَنْزَلْتُمُوْ اصل میں اَنْزَلْتُمْ ہے، اس میں واوَ اشباعی ہے۔(٥٦:٦٩).

اَنْزَلْنَا:ہم نے نازل کیا، (افعال) اِنْزَالٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (٢:٥٧، ٥٩، ٩٩، ١٥٩) (٤:١٠٥، ١٧٤) (٥:٤٤، ٤٨) (٦:٨) (٧:٢٦، ٥٧، ١٦٠) (٨:٤١) (١٠:٩٤) (١٥:٢٢، ٩٠) (١٦:٤٤، ٦٤) (٢٠:٢) (٢١:١٠) (٢٢:٥) (٢٣:١٨) (٢٤:١، ٣٤، ٤٦) (٢٥:٤٨) (٢٩:٤٧، ٥١) (٣٠:٣٥) (٣١:١٠) (٣٦:٢٨) (٣٩:٢، ٤١) (٤١:٣٩) (٥٧:٢٥، ٢٥) (٥٨:٥) (٥٩:٢١) (٦٤:٨) (٧٨:١٤).

اَنْزَلْنٰهُ:(اَنْزَلْنَا.هُ)ہم نے اسے نازل کیا/ اسے اتارا، اَنْزَلْنَا، (افعال) اِنْزَالٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (٦:٩٢، ١٥٥) (١٠:٢٤) (١٢:٢) (١٣:٣٧) (١٤:١) (١٧:١٠٥) (١٨:٤٥) (٢٠:١١٣) (٢١:٥٠) (٢٢:١٦) (٣٨:٢٩) (٤٤:٣) (٩٧:١).

اَنْزَلْنٰهَا:(اَنْزَلْنَا.هَا) ہم نے اسے نازل کیا، اَنْزَلْنَا، (افعال) اِنْزَالٌ سے، ماضی جمع متکلم، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(٢٤:١).

اَنْزِلْنِيْ:(اَنْزِلْ.نِيْ)تو مجھے اتار، اَنْزِلْ، (افعال) اِنْزَالٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، نِيْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔(٢٣:٢٩).

اَنْزَلَهٗ:(اَنْزَلَ.هٗ) اس نے اسے نازل کیا/ اسے اتارا، اَنْزَلَ، (افعال) اِنْزَالٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد

غائب مذکر)۔(۱۶۶:۴) (۵:۶۵)، اَنْزَلَهُ (۶:۲۵).

اِنْسٌ: انسان، آدمی، اُنَاسٌ جمع۔ یہ اَنَسٌ سے ماخوذ ہے جسکے معنی مانوس ہونے کے ہیں، چونکہ انسان فطری طور پر دوسرے انسانوں کے ساتھ مل جل کر رہنے کا خوگر ہوتا ہے اور اس کی زندگی انس باہمی کے بغیر نامکمل ہے، اس لیے اسے انس یا انسان کہتے ہیں۔ (۳۹:۵۵، ۵۶، ۷۴)، الْاِنْسِ (۱۱۲:۶، ۱۲۸، ۱۲۸، ۱۳۰) (۳۸:۷، ۱۷۹) (۱۷:۲۷) (۲۵:۴۱، ۲۹) (۱۸:۴۶) (۳۳:۵۵) (۶:۷۲)، الْاِنْسَ (۵۶:۵۱)، الْاِنْسُ (۸۸:۱۷) (۵:۷۲).

اَنْسَابَ: قرابتیں، رشتے ناتے، نَسَبٌ کی جمع۔ (۱۰۱:۲۳).

اِنْسَانٍ: آدمی، مذکر و مؤنث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔ [مادہ: انس]۔ (۱۳:۱۷)، الْاِنْسَانِ (۵:۱۲) (۵۳:۱۷، ۸۳) (۲۹:۲۵) (۷:۳۲) (۵۱:۴۱) (۲۴:۵۳، ۳۹) (۱۶:۵۹) (۱:۷۶)، الْاِنْسَانَ (۱۲:۱۰) (۹:۱۱) (۳۴:۱۴) (۲۶:۱۵) (۴:۱۶) (۶۶:۲۲) (۱۲:۲۳) (۸:۲۹) (۱۴:۳۱) (۸:۳۹، ۴۹) (۴۸:۴۲، ۴۸) (۱۵:۴۳) (۱۵:۴۶) (۱۶:۵۰) (۳:۵۵، ۱۴) (۱۹:۷۰) (۲:۷۶) (۴:۹۰) (۴:۹۵) (۲:۹۶، ۵، ۶) (۶:۱۰۰) (۲:۱۰۳)، الْاِنْسَانُ (۲۸:۴) (۱۱:۱۷، ۱۱، ۶۷، ۱۰۰) (۵۴:۱۸) (۶۶:۱۹، ۶۷) (۳۷:۲۱) (۷۲:۳۳) (۷۷:۳۶) (۴۹:۴۱) (۳:۷۵، ۵، ۱۰، ۱۳، ۱۴، ۳۶) (۳۵:۷۹) (۱۷:۸۰، ۲۴) (۶:۸۲) (۶:۸۴) (۵:۸۶) (۱۵:۸۹، ۲۳) (۳:۹۹).

اَنْسٰنِیْهُ: (اَنْسٰی.نِیْ.هُ)اس نے مجھے اس کو بھلا دیا، اَنْسٰی، (افعال ۱۱؛ اَنْسٰی.یُنْسِیْ) اِنْسَاءٌ سے جسکے معنی بھلا دینے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول اول (واحد متکلم)، ہٗ ضمیر مفعول دوم (واحد غائب مذکر)، [مادہ: نسی]۔ (۶۳:۱۸).

اَنْسٰهُ: (اَنْسٰی.هُ)اس نے اسے بھلا دیا، اَنْسٰی، (افعال) اِنْسَاءٌ سے جسکے معنی بھلا دینے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۴۲:۱۲).

اَنْسٰهُمْ: (اَنْسٰی.هُمْ)اس نے ان کو بھلا دیا، اَنْسٰی، (افعال) اِنْسَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۱۹:۵۸) (۱۹:۵۹).

اِنْسَلَخَ: وہ چھوڑ نکلا، گزر گیا، نکل گیا، (انفعال ۱) اِنْسِلَاخٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ اِنْسِلَاخٌ کے اصل معنی کھال کھینچنے کے ہیں، اس اعتبار سے کسی چیز کو چھوڑنے اور گزر جانے کے معنی لیے جاتے ہیں، یعنی جس طرح کھال کھینچ کر جسم سے جدا کر دی جاتی ہے ایسے ہی جدا ہونے کا مفہوم ہے۔ (۱۷۵:۷) (۵:۹).

اَنْسَوْكُمْ: (اَنْسَوْا.كُمْ)انہوں نے تمہیں بھلا دیا، اَنْسَوْا، (افعال) اِنْسَاءٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۱۱۰:۲۳).

اِنْسِيًّا: آدمی، یہ اِنْسٌ کی طرف منسوب ہے، ی نسبت کی ہے۔ اس لحاظ سے اِنْسِیّ اس کو کہا جائے گا جس سے انس کیا جا سکے۔ (۲۶:۱۹).

اَنْشَاَ: اس نے پیدا کیا، اس نے پرورش کی، (افعال ۴؛ اَنْشَاَ.یُنْشِئُ) اِنْشَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ: نشا]۔ (۱۴۱:۶) (۷۸:۲۳).

اِنْشَآءً: پیدا کرنا، پرورش کرنا، مصدر ہے (افعال ۴؛ اَنْشَاَ.یُنْشِئُ کا)۔ (۳۵:۵۶).

اَنْشَاْتُمْ: (کیا) تم نے پیدا کیا، تم نے پرورش کی، (افعال) اِنْشَاءٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (۷۲:۵۶).

اَنْشَاَكُمْ: (اَنْشَاَ.كُمْ)اس نے تمہیں پیدا کیا، اس نے تمہاری پرورش کی، اَنْشَاَ، (افعال) اِنْشَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۹۸:۶، ۱۳۳) (۶۱:۱۱) (۳۲:۵۳) (۲۳:۶۷).

اَنْشَاْنَا: ہم نے پیدا کیا/ پرورش کی، (افعال) اِنْشَاءٌ سے،

ماضی جمع متکلم۔ (٦:٦) (٢١:١١) (٢٣:١٩، ٣١، ٤٢) (٢٨:٤٥).

اَنْشَاْنٰهُ: (اَنْشَاْنَا.هُ) ہم نے اس کو پیدا کیا، اَنْشَاْنَا، (افعال) اِنْشَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم، ہُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(٢٣:١٤).

اَنْشَاْنٰهُنَّ: (اَنْشَاْنَا.هُنَّ) ہم نے ان کو پیدا کیا، اَنْشَاْنَا، (افعال) اِنْشَاءٌ سے، ماضی جمع متکلم، ھُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)۔(٥٦:٣٥).

اَنْشَاَهَا: (اَنْشَاَ.هَا) اس نے اس کو پیدا کیا/ ان کی پیدائش کی، اَنْشَاَ، (افعال) اِنْشَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ھَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(٣٦:٧٩).

اَنْشَرْنَا: ہم نے اٹھا کھڑا کیا، ہم نے زندہ کر دیا، (افعال ١) اِنْشَارٌ سے، ماضی جمع متکلم۔(٤٣:١١).

اَنْشَرَهُ: (اَنْشَرَ.هُ) اس کو زندہ کر دیا/ اسے اٹھا کھڑا کیا، اَنْشَرَ، (افعال) اِنْشَارٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ہُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(٨٠:٢٢).

اُنْشُزُوْا: تم اٹھ کھڑے ہو، (نصر ا) نَشْزٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(٥٨:١١، ١١).

اِنْشَقَّ: وہ پھٹ گیا، (انفعال ٢؛ اِنْشَقَّ.يَنْشَقُّ) اِنْشِقَاقٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ: شقق]۔(٥٤:١).

اِنْشَقَّتْ: وہ پھٹ گئی/ شق ہوگئی، (انفعال) اِنْشِقَاقٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔(٥٥:٣٧) (٦٩:١٦) (٨٤:١).

اَلْاَنْصَابُ: بت، وہ پتھر جو عبادت کے لیے نصب کیے گئے ہوں، وہ تمام چیزیں جو عبادت کے لیے نصب کی جائیں، نُصُبٌ کی جمع۔(٥:٩٠).

اَنْصَارٍ: مددگار، یہ نَاصِرٌ اور نَصِيْرٌ دونوں کی جمع ہے (تفصیل کیلئے دونوں الفاظ دیکھئے)۔ قرآن میں جہاں مہاجرین اور انصار کا تذکرہ ہے وہاں انصار سے مراد مدینہ کے وہ صحابہؓ ہیں جو ہجرت مدینہ کے بعد حضور ﷺ اور مہاجرین کے مددگار ہوئے اور انصار کے لقب سے سرفراز ہوئے۔(٢:٢٧٠) (٣:١٩٢) (٥:٧٢)، اَنْصَارَ (٦١:١٤)، اَنْصَارُ (٣:٥٢) (٦١:١٤)، الْاَنْصَارِ (٩:١٠٠، ١١٧)، اَنْصَارًا (٧١:٢٥).

اَنْصَارِیْ: (اَنْصَارِ.یْ) میرے مددگار، اَنْصَارِ مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔(٣:٥٢) (٦١:١٤).

اِنْصَبْ: تو محنت کر/ مشقت اٹھا، (سمع ا) نَصَبٌ (تھک جانا/ محنت کرنا) سے، امر واحد حاضر مذکر۔(٩٤:٧).

اَنْصِتُوْا: تم کان لگائے رہو، چپ رہو، (افعال ا) اِنْصَاتٌ (چپ کرنا/ چپ ہونا، خاموشی سے کان لگانا) سے، امر جمع حاضر مذکر۔(٧:٢٠٤) (٤٦:٢٩).

اَنْصَحُ: میں نصیحت کرتا ہوں/ نصیحت کروں گا، (فتح ا) نُصْحٌ (نصیحت کرنا) سے، مضارع واحد متکلم۔ (٧:٦٢)، اَنْصَحَ: (کہ) میں نصیحت کروں۔(١١:٣٤).

اِنْصَرَفُوْا: وہ چل دیئے، وہ پلٹ گئے، (انفعال ا) اِنْصِرَافٌ سے جسکے معنی ایک حالت سے دوسری حالت پرلوٹ جانے کے ہیں، ماضی جمع غائب مذکر۔(٩:١٢٧).

اُنْصُرْنَا: (اُنْصُرْ.نَا) تو ہماری مدد کر، اُنْصُرْ، (نصر ا) نَصْرٌ (مدد کرنا) سے، امر واحد حاضر مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔ (٢:٢٥٠، ٢٨٦) (٣:١٤٧).

اُنْصُرْنِیْ: (اُنْصُرْ.نِیْ) تو میری مدد کر، اُنْصُرْ، نَصْرٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔ (٢٣:٢٦، ٣٩) (٢٩:٣٠).

اُنْصُرُوْا: تم مدد کرو، نَصْرٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (٢١:٦٨).

اَنْطَقَ: اس نے گویائی عطا فرمائی، اس نے کہلوایا، (افعال ا) اِنْطَاقٌ (گفتگو کرانا، گویائی عطا کرنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔

(۲۱:٤۱).

اَنْطَقَنَا: (اَنْطَقَ. نَا) اس نے ہمیں گویائی عطا فرمائی، اس نے ہم سے کہلوایا، اَنْطَقَ، (افعال) اِنْطَاقٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔ (۲۱:٤۱).

اِنْطَلَقَ: وہ چل کھڑا ہوا، (سردار چھوڑ کر) چل پڑے، (انفعال) اِنْطِلَاقٌ (چھوڑ کر چل کھڑے ہونا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (٦:۳۸).

اِنْطَلَقَا: وہ دونوں چلے، (انفعال) اِنْطِلَاقٌ سے، ماضی تثنیہ غائب مذکر۔ (۷۱:۱۸، ۷٤، ۷۷).

اِنْطَلَقْتُمْ: تم چلے، (انفعال) اِنْطِلَاقٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (۱۵:٤۸).

اِنْطَلَقُوْا: وہ چل پڑے، (انفعال) اِنْطِلَاقٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۲۳:٦۸).

اِنْطَلِقُوْا: تم چلو، (انفعال) اِنْطِلَاقٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۲۹:۷۷، ۳۰).

اَنْظُرُ: میں دیکھوں، میں دیدار کروں، (نصر) نَظْرٌ و نَظَرٌ (دیکھنا، نگاہ کرنا، غور کرنا، ظاہری اور باطنی دونوں طرح دیکھنے کے معنی میں آتا ہے) سے، مضارع واحد متکلم۔ (۱٤۳:۷).

اُنْظُرْ: تو دیکھ، غور کر، (نصر) نَظْرٌ و نَظَرٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (۲۵۹:۲، ۲۵۹، ۲۵۹) (۵۰:٤) (۷۵:۵، ۷۵) (۲٤:٦، ٤٦، ٦۵) (۸٤:۷، ۱۰۳، ۱٤۳) (۳۹:۱۰، ۷۳) (۲۱:۱۷، ٤۸) (۹۷:۲۰) (۹:۲۵) (۱٤:۲۷، ۲۸، ۵۱) (٤۰:۲۸) (۵۰:۳۰) (۷۳:۳۷، ۱۰۲) (۲۵:٤۳).

اُنْظُرْنَا: (اُنْظُرْ. نَا) ہم پر نظر کیجئے، اُنْظُرْ، (نصر) نَظْرٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔ (۱۰٤:۲) (٤٦:٤).

اَنْظِرْنِیْ: (اَنْظِرْ. نِیْ) تو مجھے مہلت دے، اَنْظِرْ، (افعال) اِنْظَارٌ سے جسکے معنی مہلت دینے اور ڈھیل دینے کے ہیں، امر واحد حاضر مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔ (۱٤:۷) (۱۵:۳٦) (۷۹:۳۸).

اُنْظُرُوْا: تم دیکھو، تم غور کرو، (نصر) نَظْرٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۱۳۷:۳) (۱۱:٦، ۹۹) (۸٦:۷) (۱۰۱:۱۰) (۳٦:۱٦) (٦۹:۲۷) (۲۰:۲۹) (٤۲:۳۰).

اُنْظُرُوْنَا: (اُنْظُرُوْا. نَا) تم ہماری طرف دیکھو، اُنْظُرُوْا، (نصر) نَظْرٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔ (۱۳:۵۷).

اُنْظُرِیْ: تو دیکھ لے/غور کر لے، (نصر) نَظْرٌ سے، امر واحد حاضر مؤنث۔ (۳۳:۲۷).

اَنْعَامٌ: چوپائے، نَعَمٌ کی جمع۔ بھیڑ، بکری، گائے، بھینس اونٹ تمام اس میں داخل ہیں، لیکن اس کے اصل معنی اونٹ کے ہیں جو عرب میں بہت بڑی نعمت تھی، اس لیے اس کا نام نَعَمٌ ہوا۔ (۱۳۸:٦، ۱۳۸، ۱۳۸)، اَنْعَامٍ (۱۳۳:۲٦)، الْاَنْعَامِ (۱٤:۳) (۱۱۹:٤) (۱:۵) (۱۳٦:٦، ۱۳۹، ۱٤۲) (۱۷۹:۷) (٦٦:۱٦، ۸۰) (۲۸:۲۲، ۳٤) (۲۱:۲۳) (٤٤:۲۵) (۲۸:۳۵) (٦:۳۹) (۱۱:٤۲) (۱۲:٤۳)، الْاَنْعَامَ (۵:۱٦) (۷۹:٤۰)، الْاَنْعَامُ (۲٤:۱۰) (۳۰:۲۲) (۱۲:٤۷)، اَنْعَامًا (٤۹:۲۵) (۷۱:۳٦).

اَنْعَامِكُمْ: (اَنْعَامِ. كُمْ) تمہارے مویشی، اَنْعَامِ (نَعَمٌ واحد) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۳۳:۷۹) (۳۲:۸۰)، اَنْعَامَكُمْ (۵٤:۲۰).

اَنْعَامُهُمْ: (اَنْعَامُ. هُمْ) ان کے مویشی، اَنْعَامُ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۲۷:۳۲).

اَنْعَمَ: اس نے انعام کیا، (افعال) اِنْعَامٌ سے جسکے معنی احسان اور نوازش کرنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔ (٦۹:٤، ۷۲) (۲۳:۵) (۵۸:۱۹) (۳۷:۳۳).

اَنْعُمِ: نعمتیں، احسانات، نِعْمَةٌ کی جمع، [مادہ: نعم]۔

(١١٢:١٦).

اَنْعَمْتَ: تونے احسان کیا/فضل کیا، (افعال) اِنْعَامٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر۔ (٧:١) (١٩:٢٧) (١٧:٢٨) (٣٧:٣٣) (١٥:٤٦).

اَنْعَمْتُ: میں نے انعام کیا/ احسان کیا، (افعال) اِنْعَامٌ سے، ماضی واحد متکلم۔(٢: ٤٠، ٤٧، ١٢٢).

اَنْعَمْنَا: ہم نے احسان کیا/فضل کیا، (افعال) اِنْعَامٌ سے، ماضی جمع متکلم۔(٨٣:١٧) (٥١:٤١) (٥٩:٤٣).

اَنْعُمِهٖ: (اَنْعُمِ.ہٖ) اس کے احسانات/ انعامات، اَنْعُمِ مضاف، ہٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(١٢١:١٦).

اَنْعَمَهَا: (اَنْعَمَ.هَا) اس نے اسے انعام کیا، اس نے اس سے نوازا، اَنْعَمَ، (افعال) اِنْعَامٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(٥٣:٨).

الْاَنْفِ: ناک۔(٤٥:٥)، الْاَنْفَ (٤٥:٥).

الْاِنْفَاقِ: خرچ کرنا، مصدر ہے (باب افعال۱)۔ انفاق میں جان و مال دونوں کا صرف کرنا آجاتا ہے۔(١٠٠:١٧).

الْاَنْفَالُ: مال غنیمت، نَفَلٌ کی جمع جسکے معنی زیادتی کے ہیں، لوٹی ہوئی چیز۔(١:٨)، الْاَنْفَالِ (١:٨).

اِنْفَجَرَتْ: پھوٹ بہی، وہ (بارہ چشمے) پھوٹ بہے (دیکھو اُمَنَ)، (انفعال۱) اِنْفِجَارٌ (پھوٹ نکلنا) سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔(٦٠:٢).

اَنْفُخُ: میں پھونکتا ہوں، (نصر۱) نَفْخٌ سے، مضارع واحد متکلم۔ (٤٩:٣).

اُنْفُخُوْا: تم پھونکو/ دھونکو، (نصر) نَفْخٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (٩٦:١٨).

اُنْفُذُوْا: تم نکل بھاگو، (نصر۱) نُفُوْذٌ سے جسکے معنی چیرنے، نکل جانے اور رہائی پانے کے ہیں، امر جمع حاضر مذکر۔(٣٣:٥٥).

اِنْفِرُوْا: تم نکلو/کوچ کرو، (ضرب۱) نَفْرٌ و نُفُوْرٌ (نکلنا، کوچ کرنا، بھاگنا) سے، امر جمع حاضر مذکر۔ اصل میں نَفْرٌ کے معنی کسی چیز کے لیے بے تاب ہو جانے یا اس سے بیزار ہو جانے کے ہیں۔ (٧١ ،٧١:٤) (٤١ ،٣٨:٩).

الْاَنْفُسُ: نفس، جانیں، دل، جی، روحیں، نَفْسٌ کی جمع۔ (١٢٨:٤) (٧١:٤٣) (٢٣:٥٣)، الْاَنْفُسِ (١٥٥:٢) (٧:١٦)، الْاَنْفُسَ (٤٢:٣٩).

اَنْفُسُكُمْ: (اَنْفُسُ.كُمْ) تمہاری (اپنی) جانیں، تمہارے جی، اَنْفُسُ (نَفْسٌ کی جمع) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(٨٧:٢) (٨٣ ،١٨:١٢) (٣١:٤١)، اَنْفُسِكُمْ (٢٨٤ ،٢٧٢ ،٢٣٥ ،٢٣٥ ،٢٢٣ ،١١٠:٢) (١٦٥:٣، ١٦٨، ١٨٦) (١٣٥:٤) (٣٥:٩، ٤١، ١٢٨) (٢٣:١٠) (٧٢:١٦) (٧:١٧) (٦١:٢٤، ٦١) (٢١:٣٠، ٢٨) (١١:٤٢) (٢١:٥١) (٢٢:٥٧) (١١:٦١) (١٦:٦٤) (٢٠:٧٣)، اَنْفُسَكُمْ (٢: ٤٤، ٥٤، ٥٤، ٨٤، ٨٥، ١٨٧) (٦١:٣) (٢٩:٤، ٦٦) (١٠٥:٥) (٩٣:٦) (٣٦:٩) (٢٢:١٤) (٢٨:٣٠) (١٠:٤٠) (١١:٤٩) (٣٢:٥٣) (١٤:٥٧) (٦:٦٦).

اَنْفُسِنَا: (اَنْفُسِ.نَا) ہمارے نفس، اَنْفُسِ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (١٣٠:٦)، اَنْفُسَنَا (٦١:٣) (٢٣:٧).

اَنْفُسُهُمْ: (اَنْفُسُ.هُمْ) ان کی جانیں، ان کے جی/دل، اَنْفُسُ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (١٥٤:٣) (٧٠:٥، ٨٠) (٥٥:٩، ٨٥، ١١٨) (١٠٢:٢١) (٦:٢٤) (١٤:٢٧) (٢٧:٣٢)، اَنْفُسِهِمْ (١٠٩:٢، ٢٦٥) (١٥٤:٣، ١٦٤، ١٧٨) (٦٣:٤، ٦٥، ٩٥، ٩٥، ٩٧) (٥٢:٥) (٢٤:٦، ١٢٣، ١٣٠) (٣٧:٧، ١٧٢) (٥٣:٨، ٧٢) (١٧:٩، ٢٠، ٤٤، ٨١، ٨٨، ١٢٠) (٣١:١١) (١١:١٣، ١٦) (٢٨:١٦، ٨٩) (٥١:١٨) (٤٣:٢١، ٦٤) (١٢:٢٤) (٣:٢٥، ٢١)

(٨:٣٠، ٤٤) (٦:٣٣) (٣٦:٣٦) (٥٣:٣٩) (٥٣:٤١) (١٥:٤٩) (٨:٥٨) (٩:٥٩)، اَنْفُسَهُمْ (٩:٢، ٥٧، ٩٠، ١٠٢) (٦٩:٣، ١١٧، ١١٧، ١٣٥) (٤٩:٤، ٦٤، ١٠٧، ١١٣) (١٢:٦، ٢٠، ٢٦) (٩:٧، ٥٣، ١٦٠، ١٧٧، ١٩٢، ١٩٧) (٤٢:٩، ٧٠، ١١١) (٤٤:١٠) (٢١:١١، ١٠١) (٤٥:١٤) (٣٣:١٦، ١١٨) (١٠٣:٢٣) (٤٠:٢٩) (٩:٣٠) (١٩:٣٤) (١٥:٣٩) (٤٥:٤٢) (١٩:٥٩).

اَنْفُسِهِنَّ: (اَنْفُسِ. هِنَّ) ان کی جانیں، ان کے جی/ دل، اَنْفُسِ مضاف، هِنَّ (ضمیر جمع غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (٢٢٨:٢، ٢٣٤، ٢٣٤، ٢٤٠).

اِنْفِصَامَ: ٹوٹنا، کٹ جانا، مصدر ہے (باب انفعال ا)۔ (٢٥٦:٢).

اِنْفَضُّوْا: وہ متفرق ہو گئے، وہ پھیل گئے، (انفعال ۲؛ اِنْفَضَّ. یَنْفَضُّ) اِنْفِضَاضٌ سے جس کے معنی متفرق ہو جانے اور بھاگ جانے کے ہیں، ماضی جمع غائب مذکر، [مادہ؛ فضض]۔ (١٥٩:٣) (١١:٦٢).

اِنْفَطَرَتْ: وہ چرگئی/ پھٹ گئی، (انفعال ا) اِنْفِطَارٌ سے جسکے معنی چرنے/ پھٹنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مؤنث۔ (١:٨٢).

اَنْفَقَ: اس نے انفاق کیا، اس نے خرچ کیا، (افعال ا) اِنْفَاقٌ (خرچ کرنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (٤٢:١٨) (١٠:٥٧).

اَنْفَقْتَ: تو نے انفاق کیا، تو نے خرچ کیا، (افعال) اِنْفَاقٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر۔ (٦٣:٨).

اَنْفَقْتُمْ: تم نے خرچ کیا، (افعال) اِنْفَاقٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (٢١٥:٢، ٢٧٠) (٣٩:٣٤) (١٠:٦٠).

اَنْفِقُوْا: تم خرچ کرو، (افعال) اِنْفَاقٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (١٩٥:٢، ٢٥٤، ٢٦٧) (٥٣:٩) (٤٧:٣٦) (٧:٥٧) (١٠:٦٣) (١٦:٦٤) (٦:٦٥).

اَنْفَقُوْا: انہوں نے خرچ کیا، (افعال) اِنْفَاقٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (٢٦٢:٢) (٣٤:٤، ٣٩) (٢٢:١٣) (٦٧:٢٥) (٢٩:٣٥) (٧:٥٧، ١٠) (١٠:٦٠، ١٠، ١١).

اِنْفَلَقَ: وہ پھٹ گیا، (انفعال ا) اِنْفِلَاقٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (٦٣:٢٦).

اَنْقَذَکُمْ: (اَنْقَذَ. کُمْ) اس نے تمہیں بچایا، اس نے تم کو نجات دی، اَنْقَذَ، (افعال ا) اِنْقَاذٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (١٠٣:٣).

اُنْقُصْ: تو کم کر، (نصر ا) نَقْصٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (٣:٧٣).

اَنْقَضَ: اس نے توڑ دی، جھکا دی، (افعال ا) اِنْقَاضٌ (توڑ دینا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (٣:٩٤).

اِنْقَلَبَ: وہ الٹ گیا، (انفعال ا) اِنْقِلَابٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (١١:٢٢).

اِنْقَلَبْتُمْ: تم پھر گئے، تم لوٹے، (جب) تم لوٹو گے، (انفعال) اِنْقِلَابٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (١٤٤:٣) (٩٥:٩).

اِنْقَلَبُوْا: وہ لوٹ گئے/ پھر گئے، (انفعال) اِنْقِلَابٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (١٧٤:٣) (١١٩:٧) (٦٢:١٢) (٣١:٨٣، ٣١).

اِنَّکَ: (اِنَّ. کَ) بے شک تو، اِنَّ اور کَ ضمیر (واحد حاضر مذکر) سے مرکب۔ (٣٢:٢، ١٢٧، ١٢٨، ١٢٩، ١٤٥، ٢٥٢) (٨:٣، ٩، ٢٦، ٣٥، ٣٨، ١٩٢، ١٩٤) (١٠٩:٥، ١١٦، ١١٨) (١٣:٧، ١٥) (٨٨:١٠، ١٠٦) (٧٩:١١، ٨٧) (٥٤:١٢، ٩٠، ٩٥) (٣٦:١٤، ٣٨) (٦:١٥، ٣٤، ٣٧) (٣٧:١٧) (٦٧:١٨، ٧٢، ٧٥) (١٢:٢٠، ٣٥، ٦٨) (٦٧:٢٢) (٧٣:٢٣) (٦:٢٧، ٧٩، ٨٠) (١٨:٢٨، ٣١، ٥٦) (٥٢:٣٠) (٣:٣٦) (٥٢:٣٧) (٣٥:٣٨، ٧٧، ٨٠) (٨:٣٩، ٣٠) (٨:٤٠)

(٥٢:٤٢) (٤٣:٤٣) (٤٩:٤٤) (٤٨:٥٢) (١٠:٥٩) (٥:٦٠) (١:٦٣، ١) (٨:٦٦) (٤:٦٨) (٢٧:٧١) (٦:٨٤).

اِنَّكِ: (اِنَّ.كِ) بے شک تو، اِنَّ اور كِ ضمیر (واحد حاضر مؤنث) سے مرکب۔(٢٩:١٢).

اَنَّكَ: (اَنَّ.كَ) بے شک تو، اَنَّ اور كَ ضمیر (واحد حاضر مذکر) سے مرکب۔ (٩٧:١٥) (١١٩:٢٠) (٣٩:٤١) (٢٠:٧٣).

اَنْكَاثًا: ٹکڑے ٹکڑے، نِكْثٌ کی جمع جسکے معنی سوت کے اس ٹکڑے کے ہیں جو دوبارہ کاتنے کیلئے توڑا جائے۔(٩٢:١٦).

اَنْكَالًا: بیڑیاں، زنجیریں، سخت لگامیں، نِكْلٌ کی جمع۔ (١٢:٧٣).

اُنْكِحَكَ: (اُنْكِحَ.كَ) میں تجھ کو بیاہ دوں، میں تیرے نکاح میں دے دوں، اُنْكِحَ، (افعال ا) اِنْكَاحٌ (نکاح کرانا) سے، مضارع واحد متکلم، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (٢٧:٢٨).

اَنْكِحُوْا: تم نکاح کردو، تم عقد کرادو، (افعال) اِنْكَاحٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(٣٢:٢٤).

اِنْكِحُوْا: تم نکاح کرو، تم عقد کرلو، (ضرب ا) نِكَاحٌ (نکاح کرنا) سے، امر جمع حاضر مذکر۔(٣:٤).

اِنْكِحُوْهُنَّ: (اِنْكِحُوْا.هُنَّ) تم ان سے نکاح کرو، اِنْكِحُوْا، (ضرب) نِكَاحٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، هُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)۔(٢٥:٤).

اِنْكَدَرَتْ: تاریک ہوئی، میلی ہوگئی/ بے نور ہوگئی، (انفعال ا) اِنْكِدَارٌ (میلا ہونا/ بے نور ہونا، بکھر جانا) سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔(٢:٨١).

اَنْكَرَ: بہت زیادہ برا، (سمع ا) نُكْرٌ سے جس کے معنی نہ پہچاننے اور برا جاننے کے ہیں، اسم تفضیل واحد مذکر۔(١٩:٣١).

اِنَّكُمْ: (اِنَّ.كُمْ) بے شک تم، اِنَّ اور كُمْ ضمیر (جمع حاضر مذکر) سے مرکب۔ (٥٤:٢) (١٤٠:٤) (٢٣:٥) (١٩:٦، ١٢١) (٨١:٧، ٩٠، ١١٤، ١٣٨) (٥٣:٩، ٨٣) (٧:١١) (٧٠:١٢) (٦٢:١٥) (٨٦:١٦) (٤٠:١٧) (٦٤:٢١، ٩٨) (١٥:٢٣، ١٦، ٣٤، ٦٥) (٤٢:٢٦، ٥٢) (٥٥:٢٧) (٢٨:٢٩، ٢٩) (٧:٣٤) (٢٨:٣٧، ٣٨، ١٣٧، ١٦١) (٣١:٣٩) (٩:٤١) (٧٧:٤٣) (١٥:٤٤، ٢٣) (٨:٥١) (٥١:٥٦) (٤٦:٧٧).

اَنَّكُمْ: (اَنَّ.كُمْ) بے شک تم، اَنَّ اور كُمْ ضمیر (جمع حاضر مذکر) سے مرکب۔ (١٨٧:٢، ٢٠٣، ٢٢٣، ٢٣٥) (٨١:٦) (٢:٩، ٣) (٣٥:٢٣، ٣٥، ١١٤، ١١٥) (٣٩:٤٣) (٣٥:٤٥) (٢٣:٥١) (٨٢:٥٦) (٦:٦٢).

اِنَّمَا: (اِنَّ.مَا) بے شک، تحقیق، سوائے اسکے نہیں، اِنَّ اور مَا (زائدہ کافہ) سے مرکب۔ (١١:٢، ١٤، ١٠٢، ١١٧، ١٣٧، ١٦٩، ١٧٣، ١٨١، ٢٧٥) (٢٠:٣، ٤٧، ١٥٥، ١٧٥، ١٧٨، ١٨٥) (١٠:٤، ١٧، ١١١، ١٧١، ١٧١) (٢٧:٥، ٣٣، ٥٥، ٩٠، ٩١) (١٩:٦، ٣٦، ١٠٩، ١٥٦، ١٥٩) (٣٣:٧، ١٣١، ١٧٣، ١٨٧، ١٨٧، ٢٠٣) (٢:٨) (١٨:٩، ٢٨، ٣٧، ٤٥، ٥٥، ٦٠، ٦٥، ٨٥، ٩٣) (٢٠:١٠، ٢٣، ٢٤، ١٠٨، ١٠٨) (١٢:١١، ٣٣) (٨٦:١٢)(٧:١٣، ١٩، ٣٦، ٤٠) (٤٢:١٤) (١٥:١٥) (٤٠:١٦، ٥١، ٨٢، ٩٢، ٩٥، ١٠٠، ١٠١، ١٠٣، ١٠٥، ١١٥، ١٢٤)(١٥:١٧، ١٥)(١١٠:١٨)(١٩:١٩، ٣٥، ٨٤، ٩٧) (٦٩:٢٠، ٧٢، ٩٠، ٩٨) (٤٥:٢١، ١٠٨) (٤٩:٢٢) (١١٧:٢٣) (٥١:٢٤، ٥٤، ٦٢) (١٥٣:٢٦ ١٨٥) (٤٠:٢٧، ٩١، ٩٢، ٩٢) (٧٨:٢٨) (٦:٢٩، ١٧، ٢٥، ٥٠، ٥٠) (١٢:٣١) (١٥:٣٢) (٣٣:٣٣، ٦٣) (٤٦:٣٤، ٥٠) (٦:٣٥، ١٨، ١٨، ٢٨) (١١:٣٦، ٨٢) (١٩:٣٧) (٦٥:٣٨) (٩:٣٩، ١٠، ٤١، ٤٩)(٣٩:٤٠، ٦٨) (٦:٤١) (٤٢:٤٢) (٥٨:٤٤) (٢٣:٤٦) (٣٦:٤٧، ٣٨) (١٠:٤٨، ١٠) (١٠:٤٩، ١٥) (٥:٥١) (١٦:٥٢) (١٠:٥٨) (٩:٦٠) (١٢:٦٤،

۱۵)(۷:٦٦)(۷:٦۷ ،۲٦:۲٦)(۲۰:۷۲)(۹:۷٦) (۷:۷۷) (۱۳:۷۹، ٤۵) (۲۱:۸۸).

اَنَّمَا: (اَنَّ.مَا) بے شک، تحقیق، سوائے اسکے نہیں، اَنَّ اور مَا (زائدہ کافہ) سے مرکب۔ (۱۷۸:۳) (٤۹:۵، ۹۲) (۲۸:۸، ٤۱) (۱٤:۱۱) (۱۹:۱۳) (۵۲:۱٤) (۱۱۰:۱۸) (۱۰۸:۲۱) (۵۵:۲۳، ۱۱۵) (۵۰:۲۸) (۲٤:۳۸، ۷۰) (٤۳:٤۰) (٦:٤۱) (۲۰:۵۷).

اِنَّنَا: (اِنَّ.نَا) بیشک ہم، اِنَّ (بیشک) اور نَا (ہم) ضمیر جمع متکلم سے مرکب۔ (۱٦:۳، ۱۹۳) (٦۲:۱۱) (٤۵:۲۰) (۵:٤۱) (٤۹:٤۳).

اَنَّنَا: (اَنَّ.نَا) بیشک ہم، اَنَّ (بیشک) اور نَا (ہم) ضمیر جمع متکلم سے مرکب۔ (۱۱۱:۵) (۱۱۱:٦).

اِنَّنِیْ: (اِنَّ.نِیْ) بیشک میں، اِنَّ (بیشک) اور نِیْ میں ن وقایہ اور ی (میں) ضمیر واحد متکلم۔ (۱۹:٦، ۱٦۱) (۲:۱۱) (۱٤:۲۰، ٤٦) (۳۳:٤۱) (۲٦:٤۳).

اِنَّهٗ: (اِنَّ.هٗ) بے شک وہ، بیشک بات یہ ہے، اِنَّ اور ہٗ ضمیر (واحد غائب مذکر) سے مرکب، جب اس ضمیر کے بعد جملہ مفسرہ ہو جو اس کی خبر واقع ہو تو یہ ضمیر شان کہلاتی ہے جو بات کو واضح کرنے یا اصل واقعہ بیان کرنے کیلئے آتی ہے۔ (۳۷:۲، ۵٤، ٦۸، ٦۹، ۷۱، ۹۷، ۱۳۰، ۱٤۹، ۱٦۸، ۲۰۸، ۲٤۹، ۲۸۲، ۲۸۳)....

اَنَّهٗ: (اَنَّ.هٗ) بے شک وہ، بیشک واقعہ یوں ہے، اَنَّ اور ہٗ ضمیر (واحد غائب مذکر)، یہ ضمیر، ضمیر شان بھی ہوتی ہے (دیکھو اِنَّهٗ)۔ (۲٦:۲، ۱٤٤) (۱۸:۳) (۳۲:۵) (۵٤:٦، ۵٤، ۱۱٤) (۱٤۸:۷، ۱۷۱) (۲٤:۸) (٦۳:۹، ۱۱٤) (۹۰:۱۰) (۳٦:۱۱) (٤۲:۱۲) (۲:۱٦) (۲۵:۲۱) (٤:۲۲، ٤، ٦، ٦، ۵٤) (۱٤۳:۳۷) (۱۲:٤۰) (۵۳:٤۱، ۵۳) (۱۹:٤۷) (٤۳:۵۳، ٤٤، ٤۵، ٤۸، ٤۹، ۵۰) (٦:٦٤) (۱:۷۲، ۳، ٤، ٦، ۱۹) (۲۸:۷۵).

اِنْهَ: تو منع کر، (فتح ۷؛ نَهٰی.یَنْهٰی) نَهْیٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، [مادہ: نھی]۔ (۱۷:۳۱).

اِنَّهَا: (اِنَّ.هَا) بے شک وہ، اصل واقعہ یہ ہے، اِنَّ اور هَا ضمیر (واحد غائب مؤنث) سے مرکب۔ اس کی ضمیر، ضمیر شان بھی ہوتی ہے (دیکھو اِنَّهٗ)۔ (٤۵:۲، ٦۸، ٦۹، ۷۱) (۲٦:۵) (۹۹:۹) (٦۰:۱۵، ۷٦) (۳۲:۲۲، ٤٦) (۱۰۰:۲۳) (٦٦:۲۵) (٤۳:۲۷) (۱٦:۳۱) (٦٤:۳۷) (۱۵:۷۰) (۳۵:۷٤) (۳۲:۷۷) (۱۱:۸۰) (۸:۱۰٤).

اَنَّهَا: (اَنَّ.هَا) بے شک وہ، اصل واقعہ یہ ہے، اَنَّ اور هَا ضمیر (واحد غائب مؤنث) سے مرکب۔ اس کی ضمیر، ضمیر شان بھی ہوتی ہے (دیکھو اَنَّهٗ)۔ (۱۰۹:٦) (۷:۸) (٦٦:۲۰) (۱۸:٤۲).

اِنْهَارَ: وہ ڈھے پڑا/گر گیا، (انفعال ۳؛ اِنْهَارَ.یَنْهَارُ) اِنْهِیَارٌ (کسی عمارت کا منہدم ہونا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ ھور]۔ (۱۰۹:۹).

اَنْهٰرٌ: نہریں، نَهْرٌ و نَهَرٌ کی جمع۔ (۱۵:٤۷، ۱۵، ۱۵، ۱۵)، اَلْاَنْهٰرَ (٦:٦) (۳۲:۱٤) (۹۱:۱۷)، اَلْاَنْهٰرُ (۲۵:۲، ۷٤، ۲٦٦) (۱۵:۳، ۱۳٦، ۱۹۵، ۱۹۸) (۱۳:٤، ۵۷، ۱۲۲) (۱۲:۵، ۸۵، ۱۱۹) (٤۳:۷) (۷۲:۹، ۸۹، ۱۰۰) (۹:۱۰) (۳۵:۱۳) (۲۳:۱٤) (۳۱:۱٦) (۳۱:۱۸) (۷٦:۲۰) (۱٤:۲۲، ۲۳) (۱۰:۲۵) (۵۸:۲۹) (۲۰:۳۹) (۵۱:٤۳) (۱۲:٤۷) (۵:٤۸، ۱۷) (۱۲:۵۷) (۲۲:۵۸) (۱۲:٦۱) (۹:٦٤) (۱۱:٦۵) (۸:٦٦) (۱۱:۸۵) (۸:۹۸)، اَنْهٰرًا (۳:۱۳) (۱۵:۱٦) (٦۱:۲۷) (۱۲:۷۱).

اَنْهٰكُمْ: (اَنْهٰی.كُمْ) میں تمہیں منع کرتا ہوں، اَنْهٰی، (فتح ۷؛ نَهٰی.یَنْهٰی) نَهْیٌ (منع کرنا، روکنا) سے، مضارع واحد متکلم، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۸۸:۱۱).

لَمْ اَنْهَكُمَا: (لَمْ اَنْهَ.كُمَا) میں نے تم دونوں کو منع نہیں کیا، (کیا) میں نے تمہیں روکا نہیں تھا، لَمْ اَنْهَ، (فتح) نَهْیٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد متکلم، كُمَا ضمیر مفعول (تثنیہ حاضر مذکر)۔ (۲۲:۷).

اِنَّھُمْ: (اِنَّ. هُمْ) بےشک وہ سب لوگ، اِنَّ اور هُمْ ضمیر (جمع غائب مذکر) سے مرکب۔ (١٢:٢، ١٣) (١٢٨:٣، ١٧٦) (١٠٤:٤) (٥٣:٥، ١١٨) (٢٨:٦، ٣٣) (٣٠:٧، ٦٤، ٨٢) (٥٩:٨) (٩:٩، ١٢، ٤٢، ٥٦، ٨٤، ٩٥، ١٠٧) (٥:١١، ٢٩، ٣٧، ٧٦، ١١٠) (٧٢:١٥) (١٣:١٨، ٢٠) (٧٤:٢١، ٧٧، ٨٦، ٩٠) (٦:٢٣، ٢٧، ٩٠) (٢٠:٢٥) (٥٥:٢٦، ٧٧، ٢١٢) (١٢:٢٧، ٥٦) (٣٢:٢٨) (١٢:٢٩) (٣٠:٣٢) (٥٤:٣٤) (٢٤:٣٧، ٣٣، ٣٥، ٦٦، ٦٩، ١٢٧، ١٥١، ١٥٢، ١٥٨، ١٧٢) (٤٧:٣٨، ٥٩) (٣٠:٣٩) (٢٥:٤١، ٤٥، ٥٤) (٣٧:٤٣، ٥٤) (٢٤:٤٤، ٣٧، ٥٩) (١٩:٤٥) (١٨:٤٦) (١٦:٥١، ٤٦) (٥٢:٥٣) (٤٥:٥٦) (٢:٥٨، ١٥، ١٨) (١١:٥٩) (٢:٦٣) (٦:٧٠، ٣٠) (٢١:٧١) (٢٧:٧٨) (١٥:٨٣، ١٦) (١٥:٨٦).

تَخْلُقُ: تو بناتا ہے، (جب) تو بناتا تھا، (نصر) خَلْقٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۱۱۰:۵)۔

تَخْلُقُوْنَ: تم بناتے ہو، تم گھڑتے ہو، (نصر۱) خَلْقٌ (جھوٹ بنانا/گھڑنا) سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۱۷:۲۹)۔

تَخْلُقُوْنَهٗ: (تَخْلُقُوْنَ. هٗ) (کیا) تم اسے پیدا کرتے ہو، تَخْلُقُوْنَ، (نصر) خَلْقٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۵۹:۵۶)۔

تَخَوُّفٍ: ڈرانا، خوف دلانا، خوف کا ظاہر ہونا، مصدر ہے بروزن تفعل۸ (تَخَوَّفَ. يَتَخَوَّفُ کا)، [مادہ؛خوف]۔(۴۷:۱۶)۔

لَاتَخُوْنُوْا: تم خیانت مت کرو/ مت چوری کرو، (نصر۶؛ خَانَ. يَخُوْنُ) خِيَانَةٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔ خیانت اور نفاق دونوں کی حقیقت ایک ہی ہے، فرق اتنا ہے کہ خیانت، امانت اور عہد میں ہوتی ہے اور نفاق دین میں ہوتا ہے، [مادہ؛خون]۔(۲۷:۸، ۲۷)۔

تَخْوِيْفًا: ڈرانا، خوف دلانا، مصدر ہے (باب تفعیل۸؛ خَوَّفَ. يُخَوِّفُ کا)، [مادہ؛خوف]۔(۵۹:۱۷)۔

تَخَيَّرُوْنَ: تم پسند کرتے ہو/ اختیار کرتے ہو، (تفعل۹؛ تَخَيَّرَ. يَتَخَيَّرُ) تَخَيُّرٌ (منتخب کرنا، پسند کرنا) سے، مضارع جمع حاضر مذکر، اصل میں تَتَخَيَّرُوْنَ تھا، یہاں ایک تاء محذوف ہے، [مادہ؛خیر]۔(۳۸:۶۸)۔

تَدٰرَكَهٗ: (تَدٰرَكَ. هٗ) اس نے اس کو پالیا/ اس کو سنبھالا، (اگر نہ) اسے پہنچتی، تَدٰرَكَ، (تفاعل۱) تَدَارُكٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۴۹:۶۸)۔

تَدَايَنْتُمْ: (جب) تم قرض کا لین دین کرو/ آپس میں معاملہ کرو، (تفاعل۹؛ تَدَايَنَ. يَتَدَايَنُ) تَدَايُنٌ (آپس میں قرض کا لین دین کرنا) سے، ماضی جمع حاضر مذکر، [مادہ؛دین]۔(۲۸۲:۲)۔

تَدَّخِرُوْنَ: تم جمع کرتے ہو، تم ذخیرہ کرتے ہو، (افتعال۱؛ اِدَّخَرَ. يَدَّخِرُ) اِدِّخَارٌ (ذخیرہ کرنا، رکھ چھوڑنا) سے، مضارع جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ذخر] (اِدِّخَار اصل میں اِذْتِخَار ہے، یہاں تاء کو دال سے بدلا گیا پھر ذال کو بھی دال سے بدل کر ادغام کردیا گیا)۔(۴۹:۳)۔

تُدْخِلُ: تو داخل کرے/ داخل کرے گا، (افعال۱) اِدْخَالٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۱۹۲:۳)۔

تَدْخُلُنَّ: (لَتَدْخُلُنَّ) تم ضرور داخل ہوگے، (نصر۱) دُخُوْلٌ سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ جمع حاضر مذکر۔(۲۷:۴۸)۔

تَدْخُلُوْا: (کہ) تم داخل ہو جاؤ گے/ تم داخل ہو جاؤ، (نصر) دُخُوْلٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۲۱۴:۲) (۱۴۲:۳) (۲۹:۲٤)۔

لَاتَدْخُلُوْا: تم نہ داخل ہو، تم مت داخل ہونا، (نصر) دُخُوْلٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔(۶۷:۱۲) (۲۷:۲٤) (۵۳:۳۳)۔

لَاتَدْخُلُوْهَا: (لَاتَدْخُلُوْا.هَا) تم اس میں نہ داخل ہو، تم اس میں مت داخل ہونا، لَاتَدْخُلُوْا، (نصر) دُخُوْلٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(٢٨:٢٤).

تَدْرُسُوْنَ: تم پڑھتے ہو، (نصرا) دَرْسٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(٧٩:٣) (٣٧:٦٨).

تُدْرِكَ: وہ پالے، وہ پکڑ لے، (افعال ا) اِدْرَاكٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(٣٦: ٤٠).

تُدْرِكُهُ: (تُدْرِكُ.هُ) وہ اس کو پاتی ہے/ اسے پائے گی، تُدْرِكُ، (افعال) اِدْرَاكٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ ادراک کے معنی میں رویت شامل ہے لیکن ادراک کی رویت میں کسی چیز کی حقیقت و ماہیت کا احاطہ بھی شامل ہوتا ہے جبکہ رویت فقط دیکھنے کو کہتے ہیں خواہ اس کا احاطہ یا حقیقت تک رسائی ہو سکے یا نہ ہو سکے۔ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ قیامت کے روز اہل ایمان دیدارِ الٰہی سے مشرف ہوں گے، اللہ کا ادراک یعنی اللہ کی حقیقی معرفت سوائے اللہ کے کسی کو حاصل نہیں ہو سکتی۔ جس طرح چاند کو دیکھنے والا آنکھوں سے اس کو دیکھ سکتا ہے لیکن اس کی حقیقت و ماہیت نہیں جان سکتا، قیامت میں مومن اللہ کو چاند کی طرح دیکھے گا۔(٦:١٠٣).

تَدْرُوْنَ: تم جانتے ہو، تم کو معلوم ہے، (ضرب۹؛ دَرٰی.یَدْرِیْ) دِرَایَةٌ (سمجھنا) سے، مضارع جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ دری]۔(١١:٤).

تَدْرِیْ: وہ جانتی ہے، وہ جانے گی، (ضرب) دِرَایَةٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(٣١: ٣٤، ٣٤).

تَدْرِیْ: تو جانتا ہے، تو جانے گا، (ضرب) دِرَایَةٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(٦٥:١)، مَا كُنْتَ تَدْرِیْ: تو نہیں جانتا تھا، ماضی استمراری منفی۔(٤٢: ٥٢).

تَدْعُ: وہ پکارے، پکارے گا، (نصر؛ دَعَا.یَدْعُوْ) دُعَاءٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مؤنث، [مادہ؛ دعو]۔(١٨:٣٥).

لَاتَدْعُ: تو مت پکار، (نصر) دُعَاءٌ سے، نہی واحد حاضر مذکر۔ (١٠٦:١٠) (٢١٣:٢٦) (٨٨:٢٨).

تُدْعٰی: وہ بلائی جائے گی، وہ پکاری جائے گی، (نصر۷؛ دَعَا.یَدْعُوْ) دَعْوَةٌ سے، مضارع مجہول واحد غائب مؤنث۔ (٢٨:٤٥).

تَدْعُوْا: وہ پکارتی ہے/ بلاتی ہے، (نصر) دَعْوَةٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(١٧:٧٠).

تَدْعُوْا: تم پکارو، (نصر) دُعَآءٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر۔(١١٠:١٧).

لَاتَدْعُوْا: تم مت پکارو، تم نہ بلاؤ، (نصر) دُعَآءٌ و دَعْوَةٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔(٢٥:١٤) (٤٧:٣٥) (٧٢:١٨).

تَدْعُوْنَ: تم پکارتے ہو/ پکارو گے، (نصر) دُعَاءٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(٦:٤٠، ٤١، ٤١، ٥٦) (٧:٣٧، ١٩٤، ١٩٧) (١٧:٦٧) (١٩:٤٨) (٢٢:٧٣) (٢٦:٧٢) (٣٥:١٣، ٤٠) (٣٧:١٢٥) (٣٩:٣٨) (٤٠:٦٦) (٤٦:٤).

تُدْعَوْنَ: تم پکارے جاتے ہو، تم بلائے جاتے ہو/ بلائے جاؤ گے، (نصر) دُعَاءٌ و دَعْوَةٌ سے، مضارع مجہول جمع حاضر مذکر۔ (٤٠:١٠) (٤٧:٣٨) (٤٨:١٦).

تَدَّعُوْنَ: تم آرزو کرتے ہو، تم مانگتے ہو، تم چاہتے ہو، (افتعال۱۰؛ اِدَّعٰی.یَدَّعِیْ) اِدِّعَاءٌ (دعویٰ کرنا، آرزو کرنا، خود کو کسی کی طرف منسوب کرنا) سے، مضارع جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ دعو]۔ یہاں تاء کو دال سے بدل کر ادغام کیا گیا ہے۔ (٤١:٣١) (٦٧:٢٧).

تَدْعُوْنَا: (تَدْعُوْا.نَا) تو ہمیں بلاتا ہے/ ہمیں پکارتا ہے، تَدْعُوْا، (نصر) دَعْوَةٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔(١١:٦٢) (٤١:٥).

تَدْعُوْنَنَا: (تَدْعُوْنَ.نَا) تم ہمیں بلاتے ہو/ ہمیں پکارتے ہو، تَدْعُوْنَ، (نصر) دَعْوَةٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، نَا ضمیر مفعول

(جمع متکلم)۔(۹:۱۴).

تَدْعُوْنَنِیْ: (تَدْعُوْنَ.نِیْ) تم مجھے بلاتے ہو، تَدْعُوْنَ، (نصر) دَعْوَۃٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔(۴۰:۴۱، ۴۲، ۴۳).

تَدْعُوْنَهٗ: (تَدْعُوْنَ.ہٗ) تم اسے پکارتے ہو، تَدْعُوْنَ، (نصر) دُعَاءٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۶:۶۳).

تَدْعُوْهُمْ: (تَدْعُوْ.هُمْ) تو ان کو بلاتا ہے، تو ان کو دعوت دیتا ہے، تَدْعُوْ، (نصر) دَعْوَۃٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۲۳:۷۳) (۴۲:۱۳).

تَدْعُوْهُمْ: (تَدْعُوْا.هُمْ) تم ان کو بلاؤ، تم ان کو بلاؤ گے، تَدْعُوْا، (نصر) دَعْوَۃٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۷:۱۹۳، ۱۹۸) (۳۵:۱۴).

تَدْعُهُمْ: (تَدْعُ.هُمْ) تو ان کو بلائے، تو ان کو دعوت دے، تَدْعُ، (نصر) دَعْوَۃٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۱۸:۵۷).

تَدَلّٰی: وہ اتر آیا، وہ لٹک آیا، (تفعل ۱۰؛ تَدَلّٰی.یَتَدَلّٰی) تَدَلٍّ سے جسکے معنی قریب ہونے اور لٹکنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ دلو]۔(۵۳:۸).

تُدْلُوْا: (لَاتُدْلُوْا) تم مت کھینچ لے جاؤ، تم نہ پہنچاؤ، (افعال ۱۰؛ اَدْلٰی.یُدْلِیْ) اِدْلَاءٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ دلو]۔اِدْلَاءٌ کے معنی اصل میں ڈول ڈالنے اور ڈول کھینچنے کے ہیں، اس لحاظ سے اس کے معنی کسی چیز تک پہنچنے اور کھینچ کر لے جانے یا کسی کو پہنچانے کے آتے ہیں۔(۲:۱۸۸).

تُدَمِّرُ: وہ ہلاک کرتی ہے، تباہ کرتی ہے، (تفعیل ۱) تَدْمِیْرٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۴۶:۲۵).

تَدْمِیْرًا: ہلاک کرنا، اکھاڑ مارنا، مصدر ہے (باب تفعیل ۱)۔(۱۷:۱۶) (۲۵:۳۶).

تَدُوْرُ: وہ پھرتی ہے، وہ گردش کرتی ہے، (نصر ۶؛ دَارَ.یَدُوْرُ) دَوْرٌ سے جس کے معنی گردش کرنے، پھرنے اور گھومنے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۳۳:۱۹).

تُدْهِنُ: تو نرمی کرے/ ملائمت کرے، (افعال ۱) اِدْهَانٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۶۸:۹).

تُدِیْرُوْنَهَا: (تُدِیْرُوْنَ.هَا) تم اس کو گھماتے ہو، اس کا لین دین کرتے ہو، تُدِیْرُوْنَ، (افعال ۸؛ اَدَارَ.یُدِیْرُ) اِدَارَۃٌ سے جسکے معنی گھومنے گھمانے کے ہیں یہاں مراد لین دین کرنے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)، [مادہ؛ دور]۔(۲:۲۸۲).

تَذْبَحُوْا: تم ذبح کرو، (فتح) ذَبْحٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۲:۶۷).

تَذَرُ: وہ چھوڑتی ہے، چھوڑے گی، (فتح ۵؛ وَذَرَ.یَذَرُ) وَذْرٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۴۲:۵۱) (۷۴:۲۸).

تَذَرُ: تو چھوڑ دے گا، (فتح) وَذْرٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۷:۱۲۷).

لَاتَذَرْ: تو نہ چھوڑ، (فتح) وَذْرٌ سے، نہی واحد حاضر مذکر۔(۷۱:۲۶).

لَاتَذَرُنَّ: تم ہرگز نہ چھوڑنا، (فتح) وَذْرٌ سے، نہی بانون تاکید ثقیلہ جمع حاضر مذکر۔(۷۱:۲۳، ۲۳).

لَاتَذَرْنِیْ: (لَاتَذَرْ.نِیْ) تو مجھے مت چھوڑ، لَاتَذَرْ، (فتح) وَذْرٌ سے، نہی واحد حاضر مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔(۲۱:۸۹).

تَذَرُوْنَ: تم چھوڑتے ہو، تم چھوڑو گے، (فتح) وَذْرٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۲۶:۱۶۶) (۳۷:۱۲۵) (۷۵:۲۱).

تَذْرُوْهُ: (تَذْرُوْا.هُ) وہ اس کو اڑاتی ہے، تَذْرُوْا، (نصر ۷؛

ذَرَا.یَذْرُوْ) ذَرْوٌ (اڑانا/ بکھیرنا) سے، مضارع واحد غائب مؤنث، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۴۵:۱۸).

تَذْرُوْهَا: (تَذَرُوْا.هَا) تم اسے چھوڑ دو، تَذَرُوْا، (فتح) وَذْرٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(۱۲۹:۴).

تَذَرْهُمْ: (تَذَرْ.هُمْ) تو ان کو چھوڑ دے گا، تَذَرْ، (فتح) وَذْرٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۲۷:۷۱).

تَذَكَّرَ: اس نے نصیحت پکڑی، اس نے سوچا، اس نے یاد کیا، (تفعل ۱) تَذَكُّرٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۳۷:۳۵).

تَذْكُرُ: تو یاد کرتا ہے/ یاد کرے گا، (نصر ۱) ذِكْرٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۸۵:۱۲).

تُذَكِّرَ: وہ یاد دلائے، (تفعیل ۱) تَذْكِيْرٌ (یاد دلانا) سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۲۸۲:۲).

تَذْكِرَةٌ: یاد دہانی، نصیحت، یاد کرنے کی چیز، مصدر (تفعیل ۱؛ ذَكَّرَ.يُذَكِّرُ کا)۔ (۴۸:۶۹) (۱۹:۷۳) (۵۴:۷۴) (۲۹:۷۶) (۱۱:۸۰)، تَذْكِرَةً (۳:۲۰) (۷۳:۵۶) (۱۲:۶۹)، التَّذْكِرَةِ (۴۹:۷۴).

تَذْكُرُوْا: تم یاد کرو، تم یاد کرنے لگو، (نصر) ذِكْرٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۱۳:۴۳).

تَذَكَّرُوْا: وہ چونک گئے، انہوں نے یاد کیا، (تفعل) تَذَكُّرٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۲۰۱:۷).

تَذَكَّرُوْنَ: تم نصیحت حاصل کرو، تم نصیحت پکڑتے ہو، (تفعل) تَذَكُّرٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ اصل میں تَتَذَكَّرُوْنَ، ایک تاء محذوف ہے۔(۱۵۲:۶) (۳:۷، ۵۷) (۳:۱۰) (۲۴:۱۱، ۳۰) (۱۷:۱۶، ۹۰) (۸۵:۲۳) (۱:۲۴، ۲۷) (۶۲:۲۷) (۱۵۵:۳۷) (۲۳:۴۵) (۴۹:۵۱) (۶۲:۵۶) (۴۲:۶۹).

تَذْكُرُوْنَ: تم یاد کرو گے، (نصر) ذِكْرٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۴۴:۴۰).

تَذْكُرُوْنَهُنَّ: (تَذْكُرُوْنَ.هُنَّ) تم ان (عورتوں) سے ذکر کرو گے، تم ان پر دھیان کرو گے، تَذْكُرُوْنَ، (نصر) ذِكْرٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، هُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)۔(۲۳۵:۲).

تَذْكِيْرِىْ: (تَذْكِيْرِ.ىْ) میرا نصیحت کرنا/ سمجھانا/ یاد دلانا، تَذْكِيْرِ (مصدر، باب تفعیل) مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔(۷۱:۱۰).

تُذِلُّ: تو ذلیل کرے، تو ذلت دیتا ہے، (افعال ۵؛ اَذَلَّ.يُذِلُّ) اِذْلَالٌ سے جسکے معنی ذلیل وخوار کرنے کے ہیں، مضارع واحد حاضر مذکر، [مادہ: ذلل]۔(۲۶:۳).

تَذْلِيْلًا: جھکانا، ذلیل کرنا، مصدر ہے (باب تفعیل ۵؛ ذَلَّلَ.يُذَلِّلُ کا)۔(۱۴:۷۶).

تَذُوْدٰنِ: وہ دونوں ہانکتی ہیں، وہ دونوں روکتی ہیں، (نصر ۶؛ ذَادَ.يَذُوْدُ) ذَوْدٌ سے جس کے معنی ہانکنے، ہٹانے اور روکنے کے ہیں، مضارع تثنیہ غائب مؤنث۔(۲۳:۲۸).

تَذُوْقُوْا: تم چکھو، تم چکھو گے، (نصر ۶؛ ذَاقَ.يَذُوْقُ) ذَوْقٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۹۴:۱۶).

تَذْهَبَ: وہ چلی جائے گی، وہ جاتی رہے گی، (فتح) ذَهَابٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۴۶:۸).

لَاتَذْهَبْ: وہ نہ چلی جائے، وہ نہ نکل جائے، (فتح) ذَهَابٌ سے، نہی واحد غائب مؤنث۔(۸:۳۵).

تَذْهَبُوْا: تم لے جاؤ، (فتح) ذَهَابٌ بِـ (لے جانا) سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۱۹:۴) (۱۳:۱۲).

تَذْهَبُوْنَ: تم جاتے ہو، تم جاؤ گے، (فتح) ذَهَابٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۲۶:۸۱).

تَذۡهَلُ: وہ بھول جائے گی، (فتح ا) ذُهُوۡلٌ (بھول جانا، غافل ہونا) سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۲۲: ۲).

لَمۡ تَرَ: تو نے نہیں دیکھا، (فتح؛ رَاٰی. یَرٰی) رُؤۡیَةٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد حاضر مذکر، [مادہ: رای]۔ (۲: ۲۴۳، ۲۴۶، ۲۵۸) (۳: ۲۳) (۴: ۴۴، ۴۹، ۵۱، ۶۰، ۷۷) (۱۴: ۱۹، ۲۴، ۲۸) (۱۹: ۸۳) (۲۲: ۱۸، ۶۳، ۶۵) (۲۴: ۴۱، ۴۳) (۲۵: ۴۵) (۲۶: ۲۲۵) (۳۱: ۲۹، ۳۱) (۳۵: ۲۷) (۳۹: ۲۱) (۴۰: ۶۹) (۵۸: ۷، ۸، ۱۴) (۵۹: ۱۱) (۸۹: ۶) (۱۰۵: ۱).

تَرَآءَی: (تَرَآءَا) وہ دونوں مقابل ہوئے/ ایک دوسرے کو دیکھنے لگے، (تفاعل ۳+۱۱؛ تَرَائی. یَتَرَائی) تَرَآءٍ سے جس کے معنی ایک دوسرے کے باہم اس طرح مقابل اور قریب ہونے کے ہیں کہ یہ اس کو دیکھ سکے اور وہ اس کو، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ: رای]۔(۲۶: ۶۱).

التَّرَآئِبِ: چھاتیاں، چھاتی کی ہڈیاں، تَرِیۡبَةٌ کی جمع ہے، [مادہ؛ترب]۔(۸۶: ۷).

تَرَآءَتۡ: وہ سامنے نظر آئی، وہ مقابل ہوئی، وہ (دونوں فوجیں) مقابل ہوئیں، (تفاعل) تَرَاءٍ (ایک دوسرے کو دیکھنا) سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔(۸: ۴۸).

تُرَابٌ: مٹی، [مادہ؛ترب]۔(۲: ۲۶۴)، تُرَابٍ (۳: ۵۹) (۱۸: ۳۷) (۲۲: ۵) (۳۰: ۲۰) (۳۵: ۱۱) (۴۰: ۶۷)، التُّرَابِ (۱۶: ۵۹)، تُرَابًا (۲۳: ۳۵، ۸۲) (۳۷: ۱۶، ۵۳) (۵۰: ۳) (۵۶: ۴۷) تُرُبًا (۱۳: ۵) (۲۷: ۶۷) (۷۸: ۴۰).

التُّرَاثَ: میراث، میت کا ترکہ، مردے کا مال، یہ اصل میں وِرَاثٌ تھا، واؤ کو تاء سے بدل دیا گیا، [مادہ؛ ورث]۔(۸۹: ۱۹).

تَرَاضٍ: باہمی رضامندی، آپس کی خوشی، مصدر ہے (تفاعل ۱۱: تَرَاضٰی. یَتَرَاضٰی کا)، [مادہ؛رضی]۔(۲: ۲۳۳) (۴: ۲۹).

تَرَاضَوۡا: وہ باہم رضامند ہوئے، وہ آپس میں راضی ہوئے، (تفاعل) تَرَاضٍ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۲: ۲۳۲).

تَرَاضَیۡتُمۡ: تم باہم رضامند ہوئے، تم آپس میں راضی ہوئے، (تفاعل) تَرَاضٍ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(۴: ۲۴).

التَّرَاقِیَ: ہنسلی، گلے کی ہڈیاں، تَرۡقُوَةٌ کی جمع، [مادہ؛ترق]۔(۷۵: ۲۶).

تُرَاوِدُ: وہ بہلاتی ہے، وہ خواہش کرتی ہے، اکساتی ہے، پھسلاتی ہے، (مفاعلہ ۸؛ رَاوَدَ. یُرَاوِدُ) مُرَاوَدَةٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، [مادہ؛رود]۔(۱۲: ۳۰).

تَرٰی: تو دیکھتا ہے، تو دیکھے گا، (فتح؛ رَاٰ. یَرٰی) رُؤۡیَةٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، [مادہ: رای]۔ (۵: ۵۲، ۶۲، ۸۰، ۸۳) (۶: ۲۷، ۳۰، ۹۳) (۸: ۵۰) (۱۴: ۴۹) (۱۶: ۱۴) (۱۸: ۱۷، ۴۷، ۴۹) (۲۰: ۱۰۷) (۲۲: ۲، ۵) (۲۴: ۴۳) (۲۷: ۸۸) (۳۰: ۴۸) (۳۲: ۱۲) (۳۴: ۳۱، ۵۱) (۳۵: ۱۲) (۳۷: ۱۰۲) (۳۹: ۶۰، ۷۵) (۴۱: ۳۹) (۴۲: ۲۲، ۴۴) (۴۵: ۲۸) (۵۷: ۱۲) (۶۷: ۳، ۳) (۶۹: ۷، ۸).

تَرٰی: وہ دیکھے، (فتح) رُؤۡیَةٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۳۹: ۵۸).

تَرٰنِیۡ: (تَرٰی. نِیۡ) تو مجھے دیکھ سکے گا، تَرٰی، (فتح) رُؤۡیَةٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، نِیۡ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔(۷: ۱۴۳).

لَنۡ تَرٰنِیۡ: (لَنۡ تَرٰی. نِیۡ) تو مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکے گا، لَنۡ تَرٰی، (فتح) رُؤۡیَةٌ سے، مضارع منفی بہ لن واحد حاضر مذکر، نِیۡ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔(۷: ۱۴۳).

تَرٰهُ: (تَرٰی. هُ) تو اس کو دیکھتا ہے/ اسے دیکھے گا، تَرٰی، (فتح) رُؤۡیَةٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۳۹: ۲۱) (۵۷: ۲۰).

تَرٰىھُمْ: (تَرٰى. ھُمْ) تو ان کو دیکھتا ہے/ ان کو دیکھے گا، تَرٰى، (فتح) رُؤْيَةٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، ھُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(١٩٨:٧) (٤٥:٤٢) (٢٩:٤٨).

تَرَبُّصُ: انتظار کرنا، (مضاف)، مصدر ہے (باب تفعل ا)۔(٢٢٦:٢).

تَرَبَّصْتُمْ: تم نے انتظار کیا، تم نے راہ دیکھی، تم راہ دیکھتے رہے، (تفعل ا) تَرَبُّصٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(١٤:٥٧).

تَرَبَّصُوْا: تم انتظار کرو، تم راہ دیکھو، (تفعل) تَرَبُّصٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (٢٤:٩، ٥٢) (١٣٥:٢٠) (٢٥:٢٣) (٣١:٥٢).

تَرَبَّصُوْنَ: تم انتظار کرتے ہو، (تفعل) تَرَبُّصٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ ایک تا محذوف ہے۔(٥٢:٩).

تَرْتَابُوْا: تم شک کرو، تم شک میں پڑو، (افتعال؛ اِرْتَابَ. يَرْتَابُ) اِرْتِيَابٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ ریب]۔(٢٨٢:٢).

لَاتَرْتَدُّوْا: تم مت پھر جاؤ/ مت لوٹنا، (افتعال۵: اِرْتَدَّ. يَرْتَدُّ) اِرْتِدَادٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ ردد]۔(٢١:٥).

تَرْتِيْلًا: آہستہ آہستہ واضح طور پر پڑھنا، مصدر ہے (باب تفعیل ا)۔(٣٢:٢٥) (٤:٧٣).

تَرِثُوْا: تم وارث ہو جاؤ، تم میراث میں لے لو، (حسب۲: وَرِثَ. يَرِثُ) وِرَاثَةٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ ورث]۔(١٩:٤).

تُرْجَعُ: وہ پھیری جاتی ہے، لوٹائی جاتی ہے، (تمام معاملات) لوٹائے جاتے ہیں/ لوٹائے جائیں گے، (ضرب ا) رَجْعٌ (لوٹانا) سے، مضارع مجہول واحد غائب مؤنث۔(٢١٠:٢) (١٠٩:٣) (٤٤:٨) (٧٦:٢٢) (٤:٣٥) (٥:٥٧).

تُرْجَعُوْنَ: تم لوٹائے جاؤ گے، تم پھیرے جاؤ گے، (ضرب) رَجْعٌ سے، مضارع مجہول جمع حاضر مذکر۔ (٢٨:٢، ٢٤٥، ٢٨١) (٥٦:١٠) (٣٤:١١) (٣٥:٢١) (١١٥:٢٣) (٧٠:٢٨، ٨٨) (١٧:٢٩، ٥٧) (١١:٣٠) (١١:٣٢) (٢٢:٣٦، ٨٣) (٤٤:٣٩) (٢١:٤١) (٨٥:٤٣) (١٥:٤٥).

تَرْجِعُوْنَهَا: (تَرْجِعُوْنَ. هَا) تم اس کو پھیر لاتے ہو، تم اسے پھیر لیتے/ لوٹا لیتے، تَرْجِعُوْنَ، (ضرب) رَجْعٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(٨٧:٥٦).

لَاتَرْجِعُوْهُنَّ: (لَاتَرْجِعُوْا. هُنَّ) تم ان کو مت پھیرو/ انہیں نہ واپس کرو، لَاتَرْجِعُوْا، (ضرب) رَجْعٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر، هُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)۔(١٠:٦٠).

تَرْجُفُ: وہ لرزے گی/ کانپے گی، (نصر ا) رَجْفٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(١٤:٧٣) (٦:٧٩).

تَرْجُمُوْنِ: (تَرْجُمُوْا. نِ) (کہ) تم مجھے پتھر مار مار کر ہلاک کر دو، تَرْجُمُوْا، (نصر ا) رَجْمٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر، نِ (اصل میں نِیْ) میں ن وقایہ یْ ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف۔(٢٠:٤٤).

تَرْجُوْا: تو امید رکھتا ہے/ امید رکھے گا، (نصر؛ رَجَا. يَرْجُوْ) رَجَاءٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، [مادہ؛ رجو]۔(٨٦:٢٨).

تَرْجُوْنَ: تم امید رکھتے ہو، (نصر) رَجَاءٌ (امید کرنا) سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(١٠٤:٤) (١٣:٧١).

تَرْجُوْهَا: (تَرْجُوْا. هَا) تو اس کی امید رکھتا ہے، تَرْجُوْا، (نصر) رَجَاءٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(٢٨:١٧).

تُرْجِيْ: تو ڈھیل دے، تو پیچھے رکھے، (افعال؛ اَرْجٰى. يُرْجِيْ) اِرْجَاءٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، [مادہ؛ رجو]۔(٥١:٣٣).

لَمْ تَرْحَمْنَا: (لَمْ تَرْحَمْ. نَا) تو نے ہم پر رحم نہیں کیا، لَمْ

تَرْحَمْ، (سمع ا) رَحْمَةٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد حاضر مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔(۷:۲۳).

تَرْحَمْنِیْ: (تَرْحَمْ. نِیْ) تو مجھ پر رحم (نہیں) کرے گا، تَرْحَمْ، (سمع) رَحْمَةٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔(۱۱:۴۷).

تُرْحَمُوْنَ: تم پر رحم کیا جائے، (سمع) رَحْمَةٌ و رُحْمٌ سے، مضارع مجہول جمع حاضر مذکر۔(۳:۱۳۲) (۶:۱۵۵) (۷:۶۳، ۲۰۴) (۲۴:۵۶) (۲۷:۴۶) (۳۶:۴۵) (۴۹:۱۰).

تُرَدَّ: وہ رد کر دی جائے/ پھیر دی جائے، (نصر۵: رَدَّ. یَرُدُّ) رَدٌّ سے جسکے معنی لوٹانے کے ہیں، مضارع مجہول واحد غائب مؤنث، [مادہ: ردد]۔(۵:۱۰۸).

تَرَدّٰی: وہ نیچے گرا، وہ گڑھے میں گرا، (تفعل ۱۱: تَرَدّٰی. یَتَرَدّٰی) تَرَدٍّ سے جسکے معنی گڑھے میں گرنے اور اپنے آپ کو ہلاکت کے لیے پیش کرنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ: ردی]۔(۹۲:۱۱).

تَرْدٰی: تو ہلاک ہو، تو ٹپکا جائے، گر پڑے، (سمع ۱۱: رَدِیَ. یَرْدٰی) رَدًی (گرنا، ہلاک ہونا) سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۲۰:۱۶).

تُرِدْنَ: تم چاہتی ہو/ ارادہ کرتی ہو، (افعال: اَرَادَ. یُرِیْدُ) اِرَادَةٌ سے، مضارع جمع حاضر مؤنث، [مادہ: رود]۔(۳۳:۲۸، ۲۹).

تُرَدُّوْنَ: تم پھیرے جاؤ گے/ لوٹائے جاؤ گے، (نصر: رَدَّ. یَرُدُّ) رَدٌّ سے، مضارع مجہول جمع حاضر مذکر۔(۹:۹۴، ۱۰۵) (۶۲:۸).

تُرْدِیْنِ: (تُرْدِیْ. نِ) تو مجھے ہلاک کرے گا، تو مجھے گڑھے میں ڈالے گا، (قریب تھا کہ) تو مجھے گڑھے میں ڈال دیتا، تُرْدِیْ، (افعال: اَرْدٰی. یُرْدِیْ) اِرْدَاءٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، نِ (اصل میں نِیْ) میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف، [مادہ: ردی]۔(۳۷:۵۶).

تَرْزُقُ: تو رزق دیتا ہے، (نصر) رِزْقٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۳:۲۷).

تُرْزَقٰنِهٖ: (تُرْزَقَانِ. ہٖ) تم دونوں کو وہ رزق دیا جاتا ہے، تم دونوں کو وہ ملتا ہے، تُرْزَقَانِ، (نصر) رِزْقٌ سے، مضارع مجہول تثنیہ حاضر مذکر، ہٖ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۱۲:۳۷).

تَرْضٰی: تو راضی ہو جائے، (سمع ۱۱: رَضِیَ. یَرْضٰی) رِضًی و رِضْوَانٌ سے جس کے معنی خوش ہونے، راضی ہونے اور پسند کرنے کے ہیں، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۲۰:۸۴، ۱۳۰) (۹۳:۵).

لَنْ تَرْضٰی: وہ ہرگز راضی نہ ہوگی، (یہود و نصاریٰ) ہرگز راضی نہ ہوں گے، (سمع) رِضًی و رِضْوَانٌ سے، مضارع منفی بہ لن واحد غائب مؤنث۔(۲:۱۲۰).

تَرْضٰهُ: (تَرْضٰی. ہُ) تو اس کو پسند کرے، تو اس سے راضی ہو، تَرْضٰی، (سمع) رِضًی و رِضْوَانٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، ہُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۲۷:۱۹) (۴۶:۱۵).

تَرْضٰىهَا: (تَرْضٰی. هَا) تو اس کو پسند کرتا ہے، تو اس سے راضی ہوگا، تَرْضٰی، (سمع) رِضًی و رِضْوَانٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(۲:۱۴۴).

تُرْضِعُ: وہ دودھ پلائے گی، (افعال ا) اِرْضَاعٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۶۵:۶).

تَرْضَوْا: (کہ) تم راضی ہو جاؤ، (اگر) تم راضی ہو گے، (سمع) رِضًی و رِضْوَانٌ سے، مضارع (منصوب-۱، مجزوم-۲) جمع حاضر مذکر۔(۹:۹۶، ۹۶).

تَرْضَوْنَ: تم پسند کرتے ہو، تم پسند کرو، (سمع) رِضْوَانٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۲:۲۸۲).

تَرْضَوْنَهَا: (تَرْضَوْنَ. هَا) تم اسے پسند کرتے ہو، تَرْضَوْنَ، (سمع) رِضْوَانٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد

غائب مؤنث)۔(۲٤:۹).

تَرْغَبُوْنَ: تم رغبت کرتے ہو،تم چاہتے ہو، (سمع ۱) رَغْبَۃٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۱۲۷:٤).

تُرْفَعَ: وہ بلند کی جائے، وہ (گھر) بلند کیے جائیں، (فتح ۱) رَفْعٌ سے، مضارع مجہول واحد غائب مؤنث۔(۳٦:۲٤).

لَاتَرْفَعُوْا: تم بلند نہ کرو، تم اونچی نہ کرو، (فتح) رَفْعٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔(۲:٤۹).

تَرْقٰی: تو چڑھ جائے، (سمع ۱۱: رَقِیَ .یَرْقٰی) رُقِیٌّ سے جسکے معنی اوپر چڑھنے کے ہیں، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۹۳:۱۷).

لَمْ تَرْقُبْ: تو نے نگاہ نہ رکھی، تو نے انتظار نہ کیا، (نصر ۱) رَقْبٌ و رُقُوْبٌ (پاس کرنا، ملحوظ رکھنا، نگرانی کرنا، انتظار کرنا) سے، مضارع منفی بہ لم واحد حاضر مذکر۔(۹٤:۲۰).

تَرَكَ: اس نے چھوڑا، (نصر) تَرْكٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۱۸۰:۲، ۲٤۸) (۷:٤، ۷، ۱۱، ۱۱، ۱۲، ۳۳، ۱۷٦، ۱۷٦) (٦۱:۱٦) (٤٥:۳٥).

تَرْكَبُنَّ: (لَتَرْكَبُنَّ) تم ضرور سوار ہوگے، تم ضرور چڑھوگے، (سمع ۱) رُكُوْبٌ سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ جمع حاضر مذکر۔(۱۹:۸٤).

تَرْكَبُوْا: تم سواری کرو، (سمع) رُكُوْبٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۷۹:٤۰).

تَرْكَبُوْنَ: تم سوار ہوتے ہو، تم سواری کرتے ہو، (سمع) رُكُوْبٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۱۲:٤۳).

تَرْكَبُوْهَا: (تَرْكَبُوْا.هَا) (تاکہ) تم ان پر سوار ہو/ ان پر سواری کرو، تَرْكَبُوْا، (سمع) رُكُوْبٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(۸:۱٦).

تَرَكْتُ: میں نے چھوڑ دیا، (نصر) تَرْكٌ سے، ماضی واحد متکلم۔ (۳۷:۱۲) (۱۰۰:۲۳).

تَرَكْتُمْ: تم نے چھوڑا، تم چھوڑو، (نصر) تَرْكٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(۱۲:٤، ۱۲) (۹٤:٦).

تَرَكْتُمُوْهَا: (تَرَكْتُمُوْ.هَا) تم نے اس کو چھوڑا، تَرَكْتُمُوْ، (نصر) تَرْكٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر (تَرَكْتُمُوْ اصل میں تَرَكْتُمْ، و اشباعی ہے)، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(۵:۵۹).

لَاتَرْكُضُوْا: تم مت بھاگو، تم نہ دوڑو، (نصر) رَكْضٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔(۱۳:۲۱).

تَرْكَنُ: تو جھک جاتا/ مائل ہو جاتا، (سمع ۱) رُكُوْنٌ (جھکنا، مائل ہونا) سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۷٤:۱۷).

تَرَكْنَ: انہوں نے چھوڑا، (نصر) تَرْكٌ سے، ماضی جمع غائب مؤنث۔(۱۲:٤).

تَرَكْنَا: ہم نے چھوڑا، (نصر) تَرْكٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (۱۷:۱۲) (۹۹:۱۸) (۳٥:۲۹) (۷۸:۳۷، ۱۰۸، ۱۱۹، ۱۲۹) (۳۷:٥۱).

تَرَكْنٰهَا: (تَرَكْنَا.هَا) ہم نے اس کو چھوڑا، تَرَكْنَا، (نصر) تَرْكٌ سے، ماضی جمع متکلم، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۱٥:٥٤).

لَاتَرْكَنُوْا: تم مت جھکو، مائل نہ ہو، (سمع) رُكُوْنٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔(۱۱۳:۱۱).

تَرَكُوْا: انہوں نے چھوڑا، وہ چھوڑ گئے، (نصر) تَرْكٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۹:٤) (۲٥:٤٤).

تَرَكُوْكَ: (تَرَكُوْا.كَ) انہوں نے تجھے چھوڑ دیا، تَرَكُوْا، (نصر) تَرْكٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔(۱۱:٦۲).

تَرَكَهٗ: (تَرَكَ.هٗ) اس نے اس کو چھوڑ دیا، تَرَكَ، (نصر) تَرْكٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۲٦٤:۲).

تَرَكَهُمْ: (تَرَكَ.هُمْ) اس نے ان کو چھوڑ دیا، تَرَكَ، (نصر) تَرْكٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۱۷:۲).

تَرْمِيْ: وہ پھینکتی ہے، (ضرب ۹؛ رَمٰی.یَرْمِیْ) رَمْیٌ (پھینکنا؛ جیسے پتھر تیر وغیرہ، پھینکنا؛ جیسے الفاظ و اقوال، اس صورت میں یہ دُشنام طرازی اور تہمت زنی کے معنوں میں آتا ہے) سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۳۲:۷۷).

تَرْمِيْهِمْ: (تَرْمِیْ.هِمْ) وہ ان پر پھینکتی ہے، (پرندے) ان پر پھینکتے تھے، تَرْمِیْ، (ضرب) رَمْیٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، هِمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۴:۱۰۵).

تَرَنِ: (تَرَ.نِ) تو مجھے دیکھتا ہے، تَرَ، (فتح؛ رَاٰ.یَرٰی) رُؤْیَةٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد حاضر مذکر، نِ (اصل میں نِیْ) میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف، [مادہ؛ رای]۔(۳۹:۱۸).

لَمْ تَرَوْا: تم نے نہیں دیکھا، (فتح) رُؤْیَةٌ سے، مضارع منفی بہ لم جمع حاضر مذکر۔(۲۰:۳۱) (۱۵:۷۱).

تَرَوْنَ: تم دیکھتے ہو، (فتح) رُؤْیَةٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۴۸:۸) (۵۹:۱۲).

تَرَوُنَّ: تم ضرور دیکھو گے، (فتح) رُؤْیَةٌ سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ جمع حاضر مذکر۔(۶:۱۰۲).

تَرَوْنَهَا: (تَرَوْنَ.هَا) تم اسے دیکھتے ہو، تم اس کو دیکھو گے، تَرَوْنَ، (فتح) رُؤْیَةٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(۲:۱۳) (۲:۲۲) (۱۰:۳۱).

تَرَوُنَّهَا: (لَ.تَرَوُنَّ.هَا) تم اس کو ضرور دیکھو گے، لَتَرَوُنَّ، (فتح) رُؤْیَةٌ سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ جمع حاضر مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(۷:۱۰۲).

تَرَوْنَهُمْ: (تَرَوْنَ.هُمْ) تم ان کو (نہیں) دیکھتے ہو، تَرَوْنَ، (فتح) رُؤْیَةٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۲۷:۷).

لَمْ تَرَوْهَا: (لَمْ تَرَوْا.هَا) تم نے اسے نہیں دیکھا، لَمْ تَرَوْا، (فتح) رُؤْیَةٌ سے، مضارع منفی بہ لم جمع حاضر مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(۹:۲۶، ۴۰) (۹:۳۳).

تُرْهِبُوْنَ: تم ڈراتے ہو، تم ڈراؤ گے، (افعال ۱) اِرْهَابٌ سے جسکے معنی خوفزدہ کرنے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۸:۶۰).

لَاتُرْهِقْنِيْ: (لَاتُرْهِقْ.نِیْ) تو مت مجھ پر چھا، تو مجھے دشواری میں نہ ڈال، لَاتُرْهِقْ، (افعال ۱) اِرْهَاقٌ (سختی کرنا، اکسانا، مبتلا کرنا) سے، نہی واحد حاضر مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔(۷۳:۱۸).

تَرْهَقُهَا: (تَرْهَقُ.هَا) اس پر چھا رہی ہے، اس پر چڑھی آتی ہے، تَرْهَقُ، (سمع ۱) رَهْقٌ سے جسکے معنی کسی چیز کے دوسری پر زبردستی چھا جانے اور پالینے یا جالینے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(۴۱:۸۰).

تَرْهَقُهُمْ: (تَرْهَقُ.هُمْ) ان پر چھا جائے گی، ان پر چھا رہی ہو گی، تَرْهَقُ، (سمع) رَهْقٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۲۷:۱۰) (۴۳:۶۸) (۴۴:۷۰).

تُرِيْحُوْنَ: تم شام کو چرا کر واپس لاتے ہو، (افعال ۸؛ اَرَاحَ.یُرِیْحُ) اِرَاحَةٌ سے جسکے معنی شام پڑے چارپایوں کو اپنے اپنے ٹھکانے لے جانے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ روح]۔(۶:۱۶).

تُرِيْدُ: تو چاہتا ہے، تو چاہے گا، تو ارادہ کرتا ہے/ارادہ کرے گا، (افعال؛ اَرَادَ.یُرِیْدُ) اِرَادَةٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، [مادہ؛ رود]۔(۲۸:۱۸) (۱۹:۲۸، ۱۹، ۱۹).

تُرِيْدُوْنَ: تم چاہتے ہو/ارادہ کرتے ہو، (افعال) اِرَادَةٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۱۰۸:۲) (۸۸:۴، ۱۴۴) (۶۷:۸) (۱۰:۱۴) (۳۹:۳۰) (۸۶:۳۷).

تَرَيِنَّ: (اگر) تو کبھی دیکھ ہی لے، (فتح؛ رَاٰ.يَرٰى) رُؤْيَةٌ سے، مضارع بانون تاکید واحد حاضر مؤنث، [مادہ؛ رای]۔ (۲۶:۱۹).

تُرِيَنِّيْ: (تُرِيَنَّ.یْ) تو مجھے دکھلائے، تُرِيَنَّ، (افعال؛ اَرٰى.يُرِىْ) اِرَاءَةٌ سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ واحد حاضر مذکر، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)، [مادہ؛ رای]۔ (۹۳:۲۳).

لَاتَزَالُ: تو ہمیشہ رہے گا، (سمع۹؛ زَالَ.يَزَالُ) زَيْلٌ سے جسکے معنی کسی چیز کو اس کی جگہ سے زائل یا الگ کرنے کے ہیں، مضارع منفی واحد حاضر مذکر، فعل ناقص ہے، زَالَ اور يَزَالُ دونوں حروف نفی کے ساتھ استعمال ہوتے ہیں۔ (۱۳:۵).

تَزٰوَرُ: وہ بچ کے جاتی ہے، وہ کترا جاتی ہے، (تفاعل۸؛ تَزَاوَرَ.يَتَزَاوَرُ) تَزَاوُرٌ (عَنْ) سے جسکے معنی بچ کر نکلنے اور کترانے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث، (ایک تاء محذوف ہے)۔ اگر عَنْ کو ہٹا دیں تو تَزَاوُرٌ کے معنی ایک دوسرے کی ملاقات کو جانے اور باہم زیارت کرنے کے ہوتے ہیں۔ (۱۷:۱۸).

لَاتَزِدْ: تو نہ زیادہ کر، (ضرب۸؛ زَادَ.يَزِيْدُ) زِيَادَةٌ سے، نہی واحد حاضر مذکر، [مادہ؛ زید]۔ (۷۱: ۲۴، ۲۸).

تَزْدَادُ: وہ بڑھتی ہے، (افتعال۹؛ اِزْدَادَ.يَزْدَادُ) اِزْدِيَادٌ سے جسکے معنی بڑھنے اور بڑھانے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث (اس میں تاء کو دال سے بدل دیا گیا ہے)، [مادہ؛ زید]۔ (۸:۱۳).

تَزْدَرِىْ: وہ حقیر دیکھتی ہے، (افتعال۱۱؛ اِزْدَرٰى.يَزْدَرِىْ) اِزْدِرَاءٌ سے جسکے معنی حقیر سمجھنے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث (اس میں تاء کو دال سے بدل دیا گیا ہے)، [مادہ؛ زری]۔ (۳۱:۱۱).

لَاتَزِرُ: وہ بوجھ نہیں اٹھاتی ہے/ نہیں اٹھائے گی، (ضرب۶؛ وَزَرَ.يَزِرُ) وِزْرٌ سے جسکے معنی بوجھ اٹھانے کے ہیں، مضارع منفی واحد غائب مؤنث۔ (۶:۱۶۴) (۱۵:۱۷) (۱۸:۳۵) (۷:۳۹) (۳۸:۵۳).

تَزْرَعُوْنَ: تم بوؤ گے، کاشت کرو گے، کھیتی کرو گے، (فتح۱) زَرْعٌ سے جسکے معنی کھیتی اگانے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۴۷:۱۲).

تَزْرَعُوْنَهٗ: (تَزْرَعُوْنَ.هٗ) تم اس کو اگاتے ہو، تَزْرَعُوْنَ، (فتح) زَرْعٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۶۴:۵۶).

تَزْعُمُوْنَ: تم دعویٰ کرتے ہو، (نصر۱) زَعْمٌ (کسی بات کا دعویٰ کرنا) سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۶:۲۲، ۹۴) (۲۸:۶۲، ۷۴).

لَاتُزِغْ: تو نہ موڑ، تو نہ کجی پیدا کر، تو نہ پھیر، (افعال۹؛ اَزَاغَ.يُزِيْغُ) اِزَاغَةٌ سے، نہی واحد حاضر مذکر، [مادہ؛ زیغ]۔ (۸:۳).

تَزَكّٰى: وہ پاک ہوا، سنور گیا، (تفعل۱۰؛ تَزَكّٰى.يَتَزَكّٰى) تَزَكِّىْ (پاک ہونا، سنورنا، زکوۃ دینا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ زکو]۔ (۷۶:۲۰) (۱۸:۳۵) (۱۴:۸۷).

تَزَكّٰى: تو پاک ہو جائے/ سنور جائے، (تفعل) تَزَكِّىْ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، اصل میں تَتَزَكّٰى، ایک تاء محذوف ہے۔ (۱۸:۷۹).

لَاتُزَكُّوْا: تم پاکیزہ نہ کہو، تم خود ستائی نہ کرو، (تفعیل۱۰؛ زَكّٰى.يُزَكِّىْ) تَزْكِيَةٌ سے جسکے معنی مال کی زکوۃ دینے اور زکوۃ لینے، اور پاک کرنے کے ہیں، نہی جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ زکو]۔ آیت میں خودستائی سے منع فرمایا گیا ہے، یعنی کسی شخص کو یہ زیب نہیں دیتا کہ وہ خود اپنی تعریف کرے اور اپنے آپ کو پاک کہے، البتہ کوئی دوسرا شخص اس کے حق میں اس کی خوبی کی شہادت دے سکتا ہے۔ (۳۲:۵۳).

تُزَكِّيْهِمْ: (تُزَكِّىْ.هِمْ) تو ان کو پاکیزہ کرتا ہے، تُزَكِّىْ، (تفعیل) تَزْكِيَةٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، هِمْ ضمیر مفعول

(جمع غائب مذکر)۔(۹:۱۰۳)۔

تَزِلَّ: وہ ڈگمگائے، (ضرب۵؛ زَلَّ. یَزِلُّ) زَلٌّ سے جس کے معنی قدم کے ڈگمگانے اور لغزش کرنے کے ہیں، مضارع (منصوب) واحد غائب مؤنث۔(۱۶:۹۴)۔

تَزَوَّدُوْا: تم زادِ راہ ساتھ لے لو، تم سفر خرچ ہمراہ لے لو، (تفعل۸؛ تَزَوَّدَ. یَتَزَوَّدُ) تَزَوُّدٌ (توشہ لینا، زادِ راہ ساتھ لینا) سے، امر جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ زود]۔(۲:۱۹۷)۔

تَزُوْلَ: وہ اپنی جگہ سے ٹل جائے/ مقام سے ہل جائے، (نصر۶؛ زَالَ. یَزُوْلُ) زَوَالٌ سے جسکے معنی اپنی جگہ سے ہٹ جانے، جدا ہونے اور پھرنے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۱۴:۴۶)۔

تَزُوْلَا: وہ دونوں اپنی جگہ سے ٹل جائیں/ اپنے مقام سے ہل جائیں، (نصر) زَوَالٌ سے، مضارع (منصوب) تثنیہ غائب مؤنث۔(۳۵:۴۱)۔

تَزْهَقَ: وہ نکلے، وہ نکلے گی، (فتح۱) زُهُوْقٌ سے جسکے معنی غم سے جان نکلنے اور کسی چیز کے مٹ جانے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۹:۵۵، ۸۵)۔

تَزِيْدُوْنَنِيْ: (تَزِيْدُوْنَ. نِيْ) تم مجھے بڑھاؤ گے، تم مجھے زیادہ کرتے ہو، تم میرا بڑھاتے ہو، تَزِيْدُوْنَ، (ضرب) زِيَادَةٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، نِيْ میں ن وقایہ اور ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)، [مادہ؛ زید]۔(۱۱:۶۳)۔

تَزَيَّلُوْا: وہ ایک طرف ہوئے، (اگر) وہ الگ الگ ہو جاتے/ جدا ہو جاتے، (تفعل۹؛ تَزَيَّلَ. يَتَزَيَّلُ) تَزَيُّلٌ سے جسکے معنی پراگندہ اور متفرق ہونے کے ہیں، ماضی جمع غائب مذکر، [مادہ؛ زیل]۔(۴۸:۲۵)۔

تَسَآءَلُوْنَ: تم باہم مانگتے ہو/ سوال کرتے ہو، (تفاعل۳؛ تَسَاءَلَ. يَتَسَاءَلُ) تَسَاؤُلٌ (ایک دوسرے سے سوال کرنا) سے، مضارع جمع حاضر مذکر، اصل میں تَتَسَآءَلُوْنَ، ایک تاء محذوف ہے۔(۴:۱)۔

تُسٰقِطْ: وہ گرائے گی، وہ ڈالے گی، (مفاعلہ۱) مُسَاقَطَةٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۱۹:۲۵)۔

تُسْئَلُ: تو پوچھا جائے گا، تجھ سے سوال کیا جائے گا، (فتح) سُؤَالٌ سے، مضارع مجہول واحد حاضر مذکر، [مادہ؛ سال]۔(۲:۱۱۹)۔

تُسْئَلُنَّ: (لَ. تُسْئَلُنَّ) تم سے پوچھا جائے گا/ سوال کیا جائے گا، لَتُسْئَلُنَّ، (فتح) سُؤَالٌ سے، مضارع مجہول بانون تاکید ثقیلہ جمع حاضر مذکر۔(۱۶:۵۶، ۹۳) (۱۰۲:۸)۔

لَاتَسْئَلْنِ: (لَاتَسْئَلْ. نِ) تو مجھ سے مت پوچھ، مجھ سے سوال نہ کر، لَاتَسْئَلْ، (فتح) سُؤَالٌ سے، نہی واحد حاضر مذکر، نِ (اصل میں نِيْ) میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف۔(۱۱:۴۶)، لَاتَسْئَلْنِيْ (اس میں یائے متکلم غیر محذوف ہے)(۱۸:۷۰)۔

تَسْئَلُوْا: تم سوال کرو، تم سوال کرو گے، (فتح) سُؤَالٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (منصوب) (۲:۱۰۸)، (مجزوم) (۵:۱۰۱)۔

لَاتَسْئَلُوْا: تم سوال نہ کرو، (فتح) سُؤَالٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔(۵:۱۰۱)۔

تُسْئَلُوْنَ: تم سے پوچھا جائے گا، تم سے سوال کیا جاتا ہے/ سوال کیا جائے گا، (فتح) سُؤَالٌ سے، مضارع مجہول جمع حاضر مذکر۔(۲:۱۳۴، ۱۴۱) (۲۱:۱۳) (۳۴:۲۵) (۴۳:۴۴)۔

تَسْئَلُهُمْ: (تَسْئَلُ. هُمْ) تو ان سے سوال کرتا ہے، تو ان سے سوال کرے گا، تَسْئَلُ، (فتح) سُؤَالٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۱۲:۱۰۴) (۲۳:۷۲) (۵۲:۴۰) (۶۸:۴۶)۔

لَاتَسْئَمُوْا: تم کاہلی نہ کرو، تم مت اکتاؤ، (سمع) سَامَةٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ سام]۔(۲:۲۸۲)۔

تَسُؤْكُمْ: وہ تم کو بری لگے، وہ تمہیں غمگین کرے، وہ (چیزیں) تمہیں بری لگیں، تَسُؤْ، (نصر۴+۶؛ سَاءَ. یَسُوْءُ) سَوْءٌ (غمگین کرنا، برا لگنا) سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مؤنث، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۵:۱۰۱).

تَسُؤْهُمْ: (تَسُؤْ. هُمْ) وہ ان کو بری لگتی ہے/ انہیں ناخوش کرتی ہے، تَسُؤْ، (نصر) سَوْءٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مؤنث، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۳:۱۲۰) (۹:۵۰).

تُسَبِّحُ: وہ تسبیح کرتی ہے، وہ پاکی بیان کرتے ہیں، (تفعیل ۱) تَسْبِیْحٌ سے جسکے معنی اللہ کی پاکی بیان کرنے اور اس کی تسبیح وتہلیل کرنے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۱۷:۴۴).

تُسَبِّحُوْنَ: تم تسبیح کرتے ہو، تم پاکی بیان کرتے ہو، (تفعیل) تَسْبِیْحٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۶۸:۲۸).

تُسَبِّحُوْهُ: (تُسَبِّحُوْا. هُ) تم اس کی تسبیح کرو، تم اس کی پاکی بیان کرو، تُسَبِّحُوْا، (تفعیل) تَسْبِیْحٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۴۸:۹).

تَسْبِقُ: وہ آگے نکلتی ہے/ آگے نکلے گی، سبقت کرتی ہے/ سبقت کرے گی، (ضرب ۱) سَبْقٌ سے جسکے معنی اصل میں چلنے میں مقدم ہونے کے ہیں مگر اس کا استعمال بطور استعارہ مطلق بڑھنے اور سبقت کرنے کے لیے بھی ہوتا ہے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۱۵:۵) (۲۳:۴۳).

لَاتَسُبُّوْا: تم برا نہ کہو/ گالیاں نہ دو، (نصر ۵؛ سَبَّ. یَسُبُّ) سَبٌّ سے جسکے معنی سخت گالیاں دینے کے ہیں، نہی جمع حاضر مذکر۔ (۶:۱۰۸).

تَسْبِیْحَهٗ: (تَسْبِیْحَ. هٗ) اس کی تسبیح، اس کی پاکی بیان کرنا، تَسْبِیْحَ (مصدر ہے باب تفعیل ۱) مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ اس کا مادہ سبح ہے جس کا معنی ہے مستقل اور سبک رفتاری سے چلنا اور تیرنا، اور تَسْبِیْح کا معنی ہے اللہ کی پاکی بیان کرنے اور اس کی تہلیل وتنزیہہ میں زبان وجسم کا مستقل اور سبک رفتاری سے مصروف عمل رہنا۔ (۲۴:۴۱).

تَسْبِیْحَهُمْ: (تَسْبِیْحَ. هُمْ) ان کی تسبیح، ان کا پاکی بیان کرنا، تَسْبِیْحَ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۷:۴۴).

تَسْتَأْخِرُوْنَ: تم دیر کرتے ہو، تم دیر کرو گے، تم پیچھے رہتے ہو/ پیچھے رہو گے، (استفعال ۲؛ اِسْتَأْخَرَ. یَسْتَأْخِرُ) اِسْتِئْخَارٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، [مادہ: اخر]۔ (۳۴:۳۰).

تَسْتَأْنِسُوْا: تم بول چال کرو، تم اذن لے لو، تم مانوس ہو جاؤ، (استفعال ۲؛ اِسْتَأْنَسَ. یَسْتَأْنِسُ) اِسْتِئْنَاسٌ (مانوس ہونا، انس پکڑنا) سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر، [مادہ: انس]۔ (۲۴:۲۷).

تَسْتَبْدِلُوْنَ: تم بدلتے ہو، تم تبدیل کرو گے، (استفعال ۱) اِسْتِبْدَالٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۲:۶۱).

تَسْتَبِیْنَ: وہ ظاہر ہو جائے/ کھل جائے، (استفعال ۹؛ اِسْتَبَانَ. یَسْتَبِیْنُ) اِسْتِبَانَةٌ سے جس کے معنی ظاہر اور ہویدا ہونے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث، [مادہ: بین]۔ (۶:۵۵).

تَسْتَتِرُوْنَ: تم چھپتے ہو، تم پردہ کرتے ہو، (افتعال ۱) اِسْتِتَارٌ سے جس کے معنی چھپنے اور پردہ کرنے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۴۱:۲۲).

تَسْتَجِیْبُوْنَ: تم قبول کرو گے/ جواب دو گے، (استفعال؛ اِسْتَجَابَ. یَسْتَجِیْبُ) اِسْتِجَابَةٌ سے جسکے معنی جواب کے لیے تیار ہونے اور جواب دینے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر، [مادہ: جوب]۔ (۱۷:۵۲).

تَسْتَخْرِجُوْا: (تاکہ) تم نکالو، (استفعال ۱) اِسْتِخْرَاجٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔ (۱۶:۱۴).

تَسْتَخْرِجُوْنَ: تم نکالتے ہو، (استفعال) اِسْتِخْرَاجٌ سے،

مضارع جمع حاضر مذکر۔(۱۲:۳۵)۔

تَسْتَخِفُّوْنَهَا: (تَسْتَخِفُّوْنَ. هَا) تم اسے ہلکا جانتے ہو، وہ تمہیں ہلکے لگتے ہیں، تَسْتَخِفُّوْنَ، (استفعال۵؛ اِسْتَخَفَّ. یَسْتَخِفُّ)اِسْتِخْفَافٌ سے جسکے معنی ہلکا سمجھنے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)، [مادہ؛ خفف]۔(۱۶:۸۰)۔

تَسْتَرْضِعُوْا: تم دودھ پلواؤ، (استفعال۱)اِسْتِرْضَاعٌ (دودھ پلوانا) سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۲:۲۳۳)۔

لَمْ تَسْتَطِعْ: تو نہ کر سکا، تجھ کو طاقت نہ ہوئی، (استفعال؛ اِسْتَطَاعَ. یَسْتَطِیْعُ)اِسْتِطَاعَةٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد حاضر مذکر، [مادہ؛طوع]۔(۱۸:۷۸)۔

لَنْ تَسْتَطِیْعَ: تو ہرگز نہیں کر سکے گا، (استفعال) اِسْتِطَاعَةٌ سے، مضارع منفی بہ لن واحد حاضر مذکر۔(۱۸:۴۱، ۶۷، ۷۲، ۷۵)۔

لَنْ تَسْتَطِیْعُوْا: تم ہرگز نہیں کر سکو گے، (استفعال) اِسْتِطَاعَةٌ سے، مضارع منفی بہ لن جمع حاضر مذکر۔(۴:۱۲۹)۔

تَسْتَطِیْعُوْنَ: تم استطاعت (نہیں) رکھتے ہو، (استفعال) اِسْتِطَاعَةٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۲۵:۱۹)۔

لَاتَسْتَعْجِلْ: تو جلدی نہ کر، تو عجلت نہ کر، (استفعال۱) اِسْتِعْجَالٌ سے، نہی واحد حاضر مذکر۔(۴۶:۳۵)۔

تَسْتَعْجِلُوْنَ: تم جلدی کرتے ہو، عجلت کرتے ہو، (استفعال) اِسْتِعْجَالٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۶:۵۷، ۵۸) (۱۰:۵۱) (۲۷:۴۶، ۷۲) (۵۱:۱۴)۔

لَاتَسْتَعْجِلُوْنِ: (لَاتَسْتَعْجِلُوْا. نِ) تم مجھ سے جلدی مت کرو، تم میرے لیے عجلت نہ دکھاؤ، لَاتَسْتَعْجِلُوْا، (استفعال) اِسْتِعْجَالٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر، نِ (اصل میں نِیْ) میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف۔(۲۱:۳۷)۔

لَاتَسْتَعْجِلُوْهُ: (لَاتَسْتَعْجِلُوْا. هُ) تم اس میں جلدی مت کرو، تم اس کیلئے عجلت نہ دکھاؤ، لَاتَسْتَعْجِلُوْا، (استفعال) اِسْتِعْجَالٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۱۶:۱)۔

تَسْتَغْفِرْ: تو مغفرت طلب کرے، تو بخشش مانگے، (استفعال) اِسْتِغْفَارٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۹:۸۰)۔

لَاتَسْتَغْفِرْ: تو مغفرت طلب نہ کر، (استفعال) اِسْتِغْفَارٌ سے، نہی واحد حاضر مذکر۔(۹:۸۰)۔

لَمْ تَسْتَغْفِرْ: تو مغفرت طلب نہ کرے، تو بخشش نہ مانگے، (استفعال) اِسْتِغْفَارٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد حاضر مذکر۔(۶۳:۶)۔

تَسْتَغْفِرُوْنَ: تم بخشش مانگتے ہو/ گناہ بخشواتے ہو، (استفعال) اِسْتِغْفَارٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۲۷:۴۶)۔

تَسْتَغِیْثُوْنَ: تم فریاد کرتے ہو/ فریاد چاہتے ہو، (استفعال؛ اِسْتَغَاثَ. یَسْتَغِیْثُ) اِسْتِغَاثَةٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، [مادہ؛غوث]۔(۸:۹)۔

لَاتَسْتَفْتِ: تو مت سوال کر/ نہ تحقیق کر، تو نہ دریافت کر، (استفعال؛ اِسْتَفْتٰی. یَسْتَفْتِیْ) اِسْتِفْتَاءٌ سے، نہی واحد حاضر مذکر، [مادہ؛فتی]۔(۱۸:۲۲)۔

تَسْتَفْتِحُوْا: تم فتح چاہتے ہو/ فیصلہ چاہتے ہو، (استفعال۱) اِسْتِفْتَاحٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر۔(۸:۱۹)۔

تَسْتَفْتِیٰنِ: تم دونوں تحقیق چاہتے ہو/ سوال کرتے ہو، (استفعال) اِسْتِفْتَاءٌ سے، مضارع تثنیہ حاضر مذکر۔(۱۲:۴۱)۔

تَسْتَقْدِمُوْنَ: تم آگے بڑھتے ہو، تم آگے بڑھو گے، (استفعال۱) اِسْتِقْدَامٌ سے جس کے معنی آگے ہونے اور آگے بڑھنے کی خواہش کرنے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۳۴:۳۰)۔

تَسْتَقْسِمُوْا: تم قسمت معلوم کرو، تم تقسیم چاہو، (استفعال ا) اِسْتِقْسَامٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۵:۳).

تَسْتَكْبِرُوْنَ: تم گھمنڈ کرتے ہو، تم تکبر کرتے ہو، (استفعال ا) اِسْتِكْبَارٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۹۳:۶) (۴۸:۷) (۲۰:۴۶).

تَسْتَكْثِرُ: تو زیادہ چاہے، (استفعال ا) اِسْتِكْثَارٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۶:۷۴).

تَسْتَمِعُوْنَ: تم سنتے ہو، تم سن رہے ہو، (افتعال ا) اِسْتِمَاعٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۲۵:۲۶).

تَسْتَوٗا: تم چڑھ بیٹھو، تم اچھی طرح سے سوار ہو، (افتعال؛ اِسْتَوٰى.يَسْتَوِیْ) اِسْتِوَاءٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر، [مادہ؛سوی]۔(۱۳:۴۳).

تَسْتَوِیْ: وہ برابر ہوتی ہے/ برابر ہوگی، (افتعال) اِسْتِوَاءٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۱۶:۱۳) (۳۴:۴۱).

تَسْتَهْزِءُوْنَ: تم ٹھٹھا کرتے ہو، (استفعال؛ اِسْتَهْزَءَ. يَسْتَهْزِءُ) اِسْتِهْزَاءٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ ھزا]۔ (۶۵:۹).

تَسْجُدَ: تو سجدہ کرے، (نصرا) سُجُوْدٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۱۲:۷) (۷۵:۳۸).

لَاتَسْجُدُوْا: تم سجدہ نہ کرو، (نصر) سُجُوْدٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔(۳۷:۴۱).

تَسْحَرَنَا: (تَسْحَرَ.نَا) (کہ) تو ہم پر جادو کرے، تَسْحَرَ، (فتح ا) سِحْرٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔(۱۳۲:۷).

تُسْحَرُوْنَ: تم مسحور ہو جاتے ہو، تم فریب کھا جاتے ہو، (فتح) سِحْرٌ سے، مضارع مجہول جمع حاضر مذکر۔(۸۹:۲۳).

تَسْخَرُوْا: تم ٹھٹھا کرتے ہو، تم ہنسو گے، (سمع ا) سَخْرٌ و مَسْخَرٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر۔(۳۸:۱۱).

تَسْخَرُوْنَ: تم ٹھٹھا کرتے ہو، تم ہنستے ہو، (سمع) سَخْرٌ و مَسْخَرٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۳۸:۱۱).

تَسُرُّ: وہ اچھی لگتی ہے، وہ بھاتی ہے، وہ خوش کرتا ہے، (نصر۵؛ سَرَّ.يَسُرُّ) سُرُوْرٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، [مادہ؛ سرر]۔(۶۹:۲).

تَسْرَحُوْنَ: تم صبح جنگل چرانے جاتے ہو، (فتح ا) سَرْحٌ سے جسکے معنی صبح چرانے کے لیے لے جانے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۶:۱۶).

لَاتُسْرِفُوْا: تم اسراف نہ کرو، تم حد سے نہ بڑھو، تم بے جا نہ اڑاؤ، (افعال ا) اِسْرَافٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔ (۱۴۱:۶) (۳۱:۷).

تُسِرُّوْنَ: تم چھپاتے ہو، تم پوشیدہ رکھتے ہو، (افعال؛ اَسَرَّ.يُسِرُّ) اِسْرَارٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، [مادہ؛سرر]۔ (۱۹:۱۶) (۱:۶۰) (۴:۶۴).

تَسْرِيْحٌ: رخصت کرنا، چھوڑنا، نکال دینا، روانہ کرنا، مصدر ہے (باب تفعیل ا)۔ یہ سَرْحٌ سے ہے جسکے اصل معنی تو مویشی کو ثمر دار درخت کو چرنے کے لیے بھیجنے اور چھوڑ دینے کے ہیں، پھر بطور استعارہ مطلق چھوڑنے اور بھیجنے کے معنی پیدا ہوئے۔(۲۲۹:۲).

لَمْ تَسْطِعْ: (اصل میں لَمْ تَسْتَطِعْ) تو نہ کرسکا، تجھ کو طاقت نہ ہوئی، (استفعال) اِسْتِطَاعَةٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد حاضر مذکر، یہاں خلاف قیاس تَسْطِعْ لکھا گیا ہے، [مادہ؛ طوع]۔ (۸۲:۱۸).

تِسْعًا: نو (۹)، اسم عدد ہے، مؤنث کیلئے آتا ہے۔(۲۵:۱۸)، تِسْعٍ (۱۲:۲۷)، تِسْعَ (۱۰۱:۱۷).

تَسْعٰى: وہ کوشش کرتی ہے، وہ دوڑتی ہے، (فتح؛سَعٰى.يَسْعٰى) سَعْىٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۱۵:۲۰، ۲۰، ۶۶).

تِسْعَةُ: نو (۹)، اسم عدد، مذکر کیلئے آتا ہے، [مادہ؛ تسع]۔ (۴۸:۲۷).

تِسْعَةَ عَشَرَ: انیس (۱۹)، اسم عدد، مذکر کیلئے آتا ہے، [مادہ؛ تسع]۔(۳۰:۷۴).

تِسْعٌ وَّ تِسْعُوْنَ: ننانوے(۹۹)، اسم عدد، مؤنث کے لیے استعمال ہوتا ہے،[مادہ:تسع]۔(۲۳:۳۸).

تَسْفِكُوْنَ: تم بہاتے ہو/ بہاؤ گے، (ضرب ا) سَفْكٌ (خون بہانا، آنسو بہانا) سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۸۴:۲).

تُسْقٰى: وہ پلائی جائے گی، اسے پلایا جائے گا، (ضرب۹؛ سَقٰى.يَسْقِيْ) سَقْيٌ (پلانا، پانی پلانا) سے، مضارع مجہول واحد غائب مؤنث۔(۵:۸۸).

تَسْقُطُ: وہ گرتی ہے، جھڑتی ہے، (نصرا) سُقُوْطٌ (گرنا) سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۵۹:٦).

تُسْقِطَ: تو گرائے، (افعال ا) اِسْقَاطٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۹۲:۱۷).

تَسْقِيْ: وہ پلاتی ہے، وہ پانی دینے کیلئے استعمال (نہ) ہوتی ہو، (ضرب) سَقْيٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۷۱:۲).

لَمْ تُسْكَنْ: وہ نہیں بسائی گئی، (مکانات) نہیں آباد کیے گئے، (نصرا) سُكُوْنٌ سے، مضارع مجہول منفی بہ لم واحد غائب مؤنث۔ (۵۸:۲۸).

تَسْكُنُوْا: تم چین پاؤ، تم سکون حاصل کرو، (نصرا) سُكُوْنٌ (سکون پانا، چین پانا، آرام لینا) سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۶۷:۱۰) (۷۳:۲۸) (۲۱:۳۰) (۶۱:۴۰).

تَسْكُنُوْنَ: تم چین پاتے ہو/ چین پاؤ گے، (نصر) سُكُوْنٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۷۲:۲۸).

تَسْلُكُوْا: (تاکہ) تم چلو پھرو، (نصرا) سَلْكٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۲۰:۷۱).

تُسَلِّمُوْا: تم سلام کر لو، (تفعیل ا) تَسْلِيْمٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۲۷:۲۴).

تُسْلِمُوْنَ: تم اطاعت کرتے رہو/ حکم مانتے رہو، (افعال ا) اِسْلَامٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۸۱:۱۶).

تَسْلِيْمًا: سلام بھیجنا، تسلیم کرنا، سونپنا، سر اطاعت خم کرنا، چھڑانا، یہ مصدر ہے (باب تفعیل ا)۔ جب اس کا تعدیہ بذریعہ عَلٰی ہو تو سلام کرنے یا سلام بھیجنے کے معنی ہوتے ہیں، جب مفعول ثانی کی طرف بذریعہ اِلٰی ہو تو معنی سونپنے اور سپرد کرنے کے ہوں گے۔ (۶۵:٤) (۵٦،۲۲:۳۳).

تُسَمّٰى: اس کا نام رکھا جاتا ہے، وہ موسوم ہے، (تفعیل ۱۰؛ سَمّٰى.يُسَمِّيْ) تَسْمِيَةٌ سے، مضارع مجہول واحد غائب مؤنث، [مادہ:سمو]۔(۱۸:۷٦).

تَسْمَعُ: تو سنتا ہے/ سنے گا، تو سنے، (سمع ا) سَمَاعٌ و سَمْعٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔ (۹۸:۱۹) (۱۰۸:۲۰) (۱۱:۸۸)، تَسْمَعُ (٤:٦۳).

تُسْمِعُ: تو سناتا ہے/ سنائے گا، (افعال ا) اِسْمَاعٌ (سنانا) سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔ (۴۲:۱۰) (۸۰:۲۷، ۸۰، ۸۱) (۵۲:۳۰، ۵۲، ۵۳) (٤۰:٤۳).

تَسْمَعُنَّ: (لَتَسْمَعُنَّ) تم ضرور سنو گے، (سمع) سَمْعٌ سے، مضارع با نون تاکید ثقیلہ جمع حاضر مذکر۔(۱۸٦:۳).

لَا تَسْمَعُوْا: تم مت سنو، تم کان نہ دھرو، (سمع) سَمْعٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔(۲٦:٤۱).

تَسْمَعُوْنَ: تم سنتے ہو، تم سنو گے، (سمع) سَمْعٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۲۰:۸) (۷۱:۲۸).

تَسْمِيَةَ: نام رکھنا، (مضاف)، مصدر (باب تفعیل۱۰؛ سَمّٰى.يُسَمِّيْ کا)، [مادہ:سمو]۔(۲۷:۵۳).

تَسْنِيْمٍ: تسنیم، جنت کے ایک چشمہ کا نام ہے۔ تسنیم اس چیز کو

کہتے ہیں جو خوشبو یا ذائقہ کے لیے شربت یا پانی میں ملاتے ہیں، جیسے گلاب، کیوڑا یا بید مشک وغیرہ۔ یہ سَنَامٌ (کوہان) سے ماخوذ ہے، پینے کی چیزوں میں اشیاء مذکورہ کو ملانے سے بلبلے اٹھتے ہیں جو اونٹ کے کوہان کی مانند معلوم ہوتے ہیں، لہٰذا اس کو تسنیم کہتے ہیں۔ یہاں تسنیم جنت کا وہ چشمہ ہے جو مقربین کو ملے گا، اصحاب الیمین کو بطور گلاب اور بید مشک کے ملا کر دیا جائے گا، [مادہ؛ سنم]۔(۲۷:۸۳).

تُسَوّٰی: وہ برابر کر دی جائے، اسے ملا دیا جائے، (تفعیل ۱۳؛ سَوّٰی. یُسَوّیْ) تَسْوِیَۃٌ (برابر کرنا، درست کرنا) سے، مضارع مجہول واحد غائب مؤنث، [مادہ؛ سوی]۔(۴۲:۴).

تَسْوَدُّ: وہ سیاہ ہوگی/ کالی ہوگی، وہ (چہرے) سیاہ ہوں گے، (افعلال ۲) اِسْوِدَادٌ (سیاہ ہونا) سے، مضارع واحد غائب مؤنث، [مادہ؛ سود]۔(۱۰۶:۳).

تَسَوَّرُوْا: انہوں نے دیوار کو پھاندا، (تفعل ۸) تَسَوُّرٌ (دیوار پر چڑھنا، پھاندنا) سے، ماضی جمع غائب مذکر، [مادہ؛ سور]۔(۲۱:۳۸).

تَسِيْرُ: وہ چلتی ہے/ چلے گی، وہ (پہاڑ) اڑتے پھریں گے، (ضرب ۸؛ سَارَ. یَسِیْرُ) سَیْرٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔

تُسِيْمُوْنَ: تم چراتے ہو/ چگاتے ہو، (افعال ۸؛ اَسَامَ. یُسِیْمُ) اِسَامَۃٌ سے جسکے معنی چرانے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ سوم]۔(۱۰:۱۶).

تَشَآءُ: تو چاہتا ہے، تو چاہے، تو چاہے گا، (سمع؛ شَاءَ. یَشَاءُ) مَشِیْـئَۃٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، [مادہ؛ شیا]۔(۲۶:۳، ۲۶، ۲۶، ۲۶، ۲۷) (۱۵۵:۷، ۱۵۵) (۵۱:۳۳، ۵۱، ۵۱).

تَشَآءُوْنَ: تم چاہتے ہو، چاہو گے، (سمع) مَشِیْـئَۃٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۳۰:۷۶) (۲۹:۸۱).

تَشٰبَہَ: وہ مشابہ ہوا، وہ مشتبہ ہوا، وہ ملتا جلتا ہوا، (تفاعل ۱) تَشَابُہٌ (مانند ہونا، باہم مماثل ہونا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۷۰:۲) تَشَابَہَ (۷:۳) (۱۶:۱۳).

تَشَابَهَتْ: وہ مشتبہ ہوئی، وہ مانند ہوئی، (دل) ایک جیسے ہیں، (تفاعل) تَشَابُہٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔(۱۱۸:۲).

تُشَآقُّوْنَ: تم ضد کرتے ہو/ جھگڑتے ہو، (مفاعلہ ۵؛ شَاقَّ. یُشَاقُّ) مُشَاقَّۃٌ و شِقَاقٌ سے جسکے معنی مخالفت کرنے، عداوت کرنے، جھگڑنے اور ضد کرنے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ شقق]۔(۲۷:۱۶).

تَشَاوُرٍ: آپس میں مشورہ کرنا، مصدر ہے (باب تفاعل ۸؛ تَشَاوَرَ. یَتَشَاوَرُ کا)، [مادہ؛ شور]۔(۲۳۳:۲).

لَاتَشْتَرُوْا: تم نہ خریدو، تم بدلے میں نہ لو، (افتعال) اِشْتِرَاءٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ شری]۔(۴۱:۲) (۴۴:۵) (۹۵:۱۶).

تَشْتَكِيْٓ: وہ شکایت کرتی ہے، وہ جھینکتی ہے (یا تھی)، (افتعال ۱۰؛ اِشْتَکٰی. یَشْتَکِیْ) اِشْتِکَاءٌ سے جسکے معنی گلہ شکوہ کرنے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث، [مادہ؛ شکو]۔(۱:۵۸).

تَشْتَهِيْ: وہ چاہتی ہے، وہ چاہے گی، (افتعال ۱۰؛ اِشْتَھٰی. یَشْتَہِیْ) اِشْتِہَاءٌ سے جس کے معنی آرزو کرنے، چاہنے اور خواہش کرنے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث، [مادہ؛ شھو]۔(۳۱:۴۱).

تَشْتَهِيْهِ: (تَشْتَہِیْ. ہِ) وہ اس کو چاہتی ہے، وہ اس کو چاہے گی، تَشْتَہِیْ، (افتعال) اِشْتِہَاءٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، ہِ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۷۱:۴۳).

تَشْخَصُ: وہ ٹکٹکی باندھ کر دیکھے گی، وہ کھلی رہے گی، (آنکھیں) کھلی کی کھلی رہ جائیں گی، (فتح ۱) شُخُوْصٌ سے جسکے معنی آنکھوں کے کھلے رہنے، بغیر پلک جھپکے ٹکٹکی باندھے دیکھنے اور بلند ہونے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۴۲:۱۴).

تَشْرَبُوْنَ: تم پیتے ہو، (سمع) شُرْبٌ سے، مضارع جمع حاضر

مذکر۔(۲۳: ۳۳) (۵۶: ۶۸).

تُشْرِكَ: (کہ) تو شرک کرے، تو شریک کرے، (افعال ا) اِشْرَاكٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۲۹: ۸) (۳۱: ۱۵).

لَاتُشْرِكْ: تو شرک نہ کر، (افعال) اِشْرَاكٌ سے، نہی واحد حاضر مذکر۔(۲۲: ۲۶) (۳۱: ۱۳).

تُشْرِكُوْا: تم شرک کرو، تم شریک بناؤ، (افعال) اِشْرَاكٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۷: ۳۳).

لَاتُشْرِكُوْا: تم شرک نہ کرو، تم شریک نہ بناؤ، (افعال) اِشْرَاكٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔(۴: ۳۶) (۶: ۱۵۱).

تُشْرِكُوْنَ: تم شرک کرتے ہو، تم شریک بناتے ہو، (افعال) اِشْرَاكٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۶: ۱۹، ۴۱، ۶۴، ۷۸، ۸۰) (۱۱: ۵۴) (۴۰: ۷۳).

لَاتُشْطِطْ: تو زیادتی مت کر، تو بات کو دور مت ڈال، (افعال۵: اَشَطَّ. یُشِطُّ) اِشْطَاطٌ (ظلم کرنا، حد سے بڑھنا) سے، نہی واحد حاضر مذکر، [مادہ: شطط]۔(۳۸: ۲۲).

تَشْعُرُوْنَ: تم سمجھتے ہو، جانتے ہو، (نصر ا) شُعُوْرٌ سے جسکے معنی جاننے اور محسوس کرنے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۲: ۱۵۴) (۲۶: ۱۱۳) (۳۹: ۵۵) (۴۹: ۲).

تَشْقٰی: (تا کہ) تو تکلیف میں پڑ جائے، تو محنت میں جا پڑے، (سمع ۱۰: شَقِيَ. یَشْقٰی) شَقَاوَةٌ (بدبخت ہونا، سختی میں پڑنا) سے، مضارع واحد حاضر مذکر، [مادہ: شقو]۔(۲۰: ۲، ۱۱۷).

تَشَقَّقُ: وہ پھٹ جائے گی، (آسمان) پھٹ جائے گا، (تفعل ۵: تَشَقَّقَ. یَتَشَقَّقُ) تَشَقُّقٌ سے جس کے معنی شگافتہ ہونے اور پھٹ جانے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث۔ اصل میں تَتَشَقَّقُ، ایک تا محذوف ہے، [مادہ: شقق]۔(۲۵: ۲۵) (۵۰: ۴۴).

تَشْكُرُوْا: تم شکر کرو گے، (نصر) شُكْرٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر۔(۳۹: ۷).

تَشْكُرُوْنَ: تم شکر کرتے ہو، تم شکر کرو گے، تم شکر کرو، تم احسان مانو، (نصر) شُكْرٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۲: ۵۲، ۵۶، ۱۸۵) (۳: ۱۲۳) (۵: ۶، ۸۹) (۷: ۱۰) (۸: ۲۶) (۱۶: ۱۴، ۷۸) (۲۲: ۳۶) (۲۳: ۷۸) (۲۸: ۷۳) (۳۰: ۴۶) (۳۲: ۹) (۳۵: ۱۲) (۴۵: ۱۲) (۵۶: ۷۰) (۶۷: ۲۳).

لَاتُشْمِتْ: تو مت ہنسا/ نہ خوش کر، (افعال ا) اِشْمَاتٌ سے جسکے معنی دشمن کو ہنسانے اور خوش کرنے کے ہیں، نہی واحد حاضر مذکر۔(۷: ۱۵۰).

تَشْهَدُ: وہ شہادت دے گی/ گواہی دے گی، (ان کی زبانیں اور ہاتھ پاؤں) گواہی دیں گے، (سمع ا) شَهَادَةٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۲۴: ۲۴) (۳۶: ۶۵)، تَشْهَدَ (۲۴: ۸).

لَاتَشْهَدْ: تو مت گواہی دے، (سمع) شَهَادَةٌ سے، نہی واحد حاضر مذکر۔(۶: ۱۵۰).

تَشْهَدُوْنِ: (تَشْهَدُوْا. نِ) تم میرے پاس حاضر ہو، تم میرے پاس موجود ہو، تَشْهَدُوْا، (سمع ا) شُهُوْدٌ (موجود ہونا/ حاضر ہونا، دیکھنا) سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر، نِ (اصل میں نِيْ) میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف۔(۲۷: ۳۲).

تَشْهَدُوْنَ: تم شاہد ہو/ حاضر ہو، گواہ ہو، گواہی دیتے ہو، (سمع ا) شُهُوْدٌ (موجود ہونا/ حاضر ہونا، دیکھنا) اور (سمع ا) شَهَادَةٌ (گواہی دینا) سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۲: ۸۴) (۳: ۷۰) (۶: ۱۹).

تَشِیْعَ: وہ پھیلے، تشہیر پائے، آشکار ہو، قوت پائے، (ضرب ۸: شَاعَ. یَشِیْعُ) شُیُوْعٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۲۴: ۱۹).

لَاتُصٰحِبْنِیْ: (لَاتُصٰحِبْ. نِیْ) تو مجھے صحبت میں نہ رکھ/ مجھ کو ساتھ نہ رکھنا، لَاتُصٰحِبْ، (مفاعلہ ا) مُصَاحَبَةٌ سے، نہی

واحد حاضر مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔ (۷٦:۱۸)۔

تُصْبِحُ: وہ ہو جاتی ہے، وہ ہو جائے، (افعال ا) اِصْبَاحٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۶۳:۲۲)، تُصْبِحَ (۴۰:۱۸)۔

تُصْبِحُوْا: تم ہو جاؤ، تم لگو، (افعال) اِصْبَاحٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(٦:٤٩)۔

تُصْبِحُوْنَ: تم صبح کرتے ہو، تم صبح کرو گے، (افعال) اِصْبَاحٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۱۷:۳۰)۔

تَصْبِرُ: تو صبر کرے گا، (ضرب) صَبْرٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(٦٨:۱۸)۔

تَصْبِرُوْا: تم صبر کرو، تم صبر کرو گے، تم ٹھہرے رہو، (ضرب) صَبْرٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر۔(۳: ۱۲۰، ۱۲۵، ۱۸٦)۔

تَصْبِرُوْا: تم صبر کرو، تم ٹھہرے رہو، (ضرب) صَبْرٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(٤:٢٥)۔

لَاتَصْبِرُوْا: تم صبر نہ کرو، (ضرب) صَبْرٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔(١٦:٥٢)۔

تَصْبِرُوْنَ: تم صبر کرتے ہو، تم ثابت رہتے ہو/ ثابت رہو گے، (ضرب) صَبْرٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۲۵:۲۰)۔

تُصِبْكَ: (تُصِبْ.كَ) وہ تجھے پہنچے، تُصِبْ، (افعال؛ اَصَابَ.يُصِيْبُ) اِصَابَةٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مؤنث، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)، [مادہ؛ صوب]۔ (۹: ٥٠، ٥٠)۔

تُصِبْكُمْ: (تُصِبْ.كُمْ) (اگر) وہ تمہیں پہنچے، تُصِبْ، (افعال) اِصَابَةٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مؤنث، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(۳: ۱۲۰)۔

تُصِبْهُمْ: (تُصِبْ.هُمْ) وہ انہیں پہنچے، وہ ان کو پہنچتی ہے، تُصِبْ، (افعال) اِصَابَةٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مؤنث، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٤: ٧٨، ٧٨) (١٣١:٧) (٣٦:٣٠) (٤٨:٤٢)۔

تَصَدّٰى: تو فکر میں ہے، تو درپے ہے، (تفعل اا؛ تَصَدّٰى.يَتَصَدّٰى) تَصَدٍّ سے جسکے معنی ہیں کسی چیز کے درپے ہونا، آمنے سامنے ہونا، مضارع واحد حاضر مذکر، (ایک تاء محذوف ہے یعنی اصل میں تَتَصَدّٰى تھا)، [مادہ؛صدی]۔(٦:٨٠)۔

تَصَدَّقَ: اس نے خیرات کی، اس نے بخش دیا، (تفعل ا) تَصَدُّقٌ (صدقہ کرنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(٥: ٤٥)۔

تَصَدَّقْ: تو صدقہ کر، تو خیرات کر، تو بخش دے، (تفعل) تَصَدُّقٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔(۱۲: ۸۸)۔

تَصَدَّقُوْا: تم صدقہ کرو، تم بخش دو، (تفعل) تَصَدُّقٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔ اصل میں تَتَصَدَّقُوْا، ایک تاء محذوف ہے۔(۲: ۲۸۰)۔

تُصَدِّقُوْنَ: تم سچ مانتے ہو، تم تصدیق کرتے ہو، (تفعیل ا) تَصْدِيْقٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(٥٦:٥٧)۔

تَصُدُّوْنَ: تم روکتے ہو، تم بند کرتے ہو، (نصر۵؛ صَدَّ.يَصُدُّ) صَدٌّ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۳: ۹۹) (۷: ۸٦)۔

تَصُدُّوْنَا: (تَصُدُّوْا.نَا) تم ہمیں روک دو، تَصُدُّوْا، (نصر) صَدٌّ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔(١٤: ١٠)۔

تَصْدِيَةً: تالیاں بجانا، مصدر ہے (تفعیل اا؛ صَدّٰى.يُصَدِّىْ کا)، [مادہ؛صدی]۔(۸: ۳۵)۔

تَصْدِيْقَ: تصدیق کرنا، سچا کرنا، مصدر ہے (تفعیل ا؛ صَدَّقَ.يُصَدِّقُ کا)۔(۱۰: ۳۷) (۱۲: ۱۱۱)۔

تَصْرِفْ: تو پھیرے گا، تو دفع کرے گا، (ضرب ا) صَرْفٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۱۲: ۳۳)۔

تُصْرَفُوْنَ: تم پھیرے جاتے ہو، تمہیں پھیر دیا جاتا ہے، (ضرب)صَرْفٌ سے، مضارع مجہول جمع حاضر مذکر۔(۱۰: ۳۲) (۶:۳۹).

تَصْرِيْفِ: پھیرنا، بدلنا، (مضاف)مصدر ہے(باب تفعیل ۱)۔ (۱٦٤:۲) (۵:٤۵).

تَصْطَلُوْنَ: تم تاپو، (افتعال ۱۱؛ اِصْطَلٰى.يَصْطَلِيْ)اِصْطِلَاءٌ سے جس کے معنی تاپنے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ صلی]۔(۷:۲۷) (۲۹:۲۸).

تُصْعِدُوْنَ: (جب) تم چڑھے جاتے تھے/ دور جا رہے تھے، (افعال ۱)اِصْعَادٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۱۵۳:۳).

لَاتُصَعِّرْ: تو مت پھسلا، تو نہ موڑ، (تفعیل ۱)تَصْعِيْرٌ سے جس کے معنی تکبر سے منہ موڑنے کے ہیں، نہی واحد حاضر مذکر۔ (۱۸:۳۱).

تَصْغٰى: وہ جھکتی ہے/ جھکے، (تا کہ دل) جھکیں/ مائل ہوں، (سمع ۱۰؛ صَغِيَ.يَصْغٰى) صَغْوٌ (جھکنا، مائل ہونا) سے، مضارع واحد غائب مؤنث، [مادہ؛ صغو]۔(۱۱۳:٦).

تَصِفُ: وہ بیان کرتی ہے/ بیان کرتی ہیں، (ضرب ٦؛ وَصَفَ.يَصِفُ) وَصْفٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۱۱٦،٦۲:۱٦).

تَصْفَحُوْا: (اگر) تم درگزر کرو، (فتح ۱) صَفْحٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر۔(۱٤:٦٤).

تَصِفُوْنَ: تم بیان کرتے ہو، تم بتاتے ہو، (ضرب) وَصْفٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۱۲:۱۸، ۷۷) (۲۱:۱۸، ۱۱۲).

لَاتَصِلُ: وہ نہیں پہنچتی ہے، وہ (ہاتھ) نہیں پہنچتے ہیں، (ضرب ٦؛ وَصَلَ.يَصِلُ) وُصُوْلٌ سے جسکے معنی پہنچنے کے ہیں، مضارع منفی واحد غائب مؤنث۔(۱۱: ۷۰).

لَاتُصَلِّ: تو مت نماز (جنازہ) پڑھ، (تفعیل ۱۰؛ صَلّٰى. يُصَلِّيْ) تَصْلِيَةٌ سے جسکے معنی نماز پڑھنے اور دعا کرنے کے ہیں، نہی واحد حاضر مذکر، [مادہ؛ صلو]۔(۸٤:۹).

تَصْلٰى: وہ داخل ہوگی، وہ (جمع مکسر) داخل ہوں گے/ جلیں گے، (سمع ۱۱؛ صَلِيَ.يَصْلٰى) صُلِيٌّ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(٤:۸۸).

تُصْلِحُوْا: تم صلح کراؤ، اصلاح کرتے ہو، (افعال ۱)اِصْلَاحٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۲۲٤:۲).

تُصْلِحُوْا: تم اصلاح کرو، (افعال) اِصْلَاحٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر۔(۱۲۹:٤).

تَصْلِيَةٌ: ۱) نماز پڑھنا، درود پڑھنا ۲) ایندھن کا آگ میں جلانا، عضا یا لکڑی کا آگ میں تپا کر سیدھا کرنا، جلنا، بھننا، یہاں دوزخ کی آگ میں جلنا مراد ہے، مصدر ہے (باب تفعیل؛ صَلّٰى. يُصَلِّيْ کا)، [مادہ؛ ۱)صلو ۲)صلی]۔(۹٤:۵٦).

تُصْنَعَ: (تا کہ) تو تیار کیا جائے، تو پرورش کیا جائے، (فتح ۱) صَنْعٌ سے، مضارع مجہول واحد حاضر مذکر۔(۳۹:۲۰).

تَصْنَعُوْنَ: تم بناتے ہو، تم کرتے ہو، (فتح) صَنْعٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(٤۵:۲۹).

تَصُوْمُوْا: تم روزہ رکھو، (نصر ٦؛ صَامَ.يَصُوْمُ) صَوْمٌ سے جسکے معنی روزہ رکھنے کے ہیں، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔ (۱۸٤:۲).

تُصِيْبَكُمْ: (تُصِيْبَ. كُمْ) وہ تم کو پہنچ جاتی، تم پر پڑتی، تُصِيْبَ، (افعال؛ اَصَابَ.يُصِيْبُ) اِصَابَةٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)، [مادہ؛ صوب]۔ (۲۵:٤۸).

تُصِيْبَنَّ: (لَاتُصِيْبَنَّ) وہ ہرگز نہیں پہنچے گا/ نہیں آ پڑے گا/ نہ واقع ہوگا، (افعال) اِصَابَةٌ سے، مضارع منفی با نونِ تاکید ثقیلہ واحد

غائب مؤنث۔(۸:۲۵)۔

تُصِيْبَنَا: (تُصِيْبَ.نَا) (کہ) وہ ہم پر آ پڑے، (کہ) وہ ہمیں پہنچ جائے، تُصِيْبَ، (افعال) اِصَابَةٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔(۵:۵۲)۔

تُصِيْبُوْا: (کہ) تم جا پڑو، تم پہنچ جاؤ، (افعال) اِصَابَةٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۴۹:۶)۔

تُصِيْبُهُمْ: (تُصِيْبُ.هُمْ) وہ انہیں پہنچے گی، تُصِيْبُ، (افعال) اِصَابَةٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۱۳:۳۱)، تُصِيْبَهُمْ (وہ ان کو پہنچے) (۲۴:۶۳) (۲۸:۴۷)۔

تَصِيْرُ: وہ پھرتی ہے، وہ لوٹتی ہے، وہ (جمع مکسر) پھرتے ہیں/ پہنچتے ہیں/ واپس ہوتے ہیں، (ضرب۸: صَارَ.يَصِيْرُ) صَيْرٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ صَيْرٌ کے معنی ایک حال سے دوسرے حال کی طرف پلٹنے اور پھرنے کے ہیں، جب اس کے صلہ میں اِلٰی آتا ہے تو معنی وہاں پہنچنے اور منتہی ہونے کے ہوتے ہیں۔ (۴۲:۵۳)۔

لَا تُضَآرَّ: اسے رنج نہ پہنچایا جائے، تنگ نہ کیا جائے، (مفاعلہ۵: ضَارَّ.يُضَارُّ) مُضَارَّةٌ سے جسکے معنی تنگ کرنے اور رنج پہنچانے کے ہیں، نہی مجہول واحد غائب مؤنث، [مادہ: ضرر]۔ (۲:۲۳۳)۔

لَا تُضَآرُّوْهُنَّ: (لَا تُضَآرُّوْا.هُنَّ) تم ان عورتوں کو ایذا نہ دو، تم انہیں نقصان نہ پہنچاؤ، لَا تُضَآرُّوْا، (مفاعلہ) مُضَارَّةٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر، هُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)۔ (۶۵:۶)۔

تَضْحٰی: تو (نہ) دھوپ کھائے گا، تجھے دھوپ کی تپش (نہ) ستائے گی، (سمع۱۰: ضَحِيَ.يَضْحٰی) ضَحًی (دھوپ سے تکلیف اٹھانا) سے، مضارع واحد حاضر مذکر، [مادہ: ضحو]۔ (۲۰:۱۱۹)۔

تَضْحَكُوْنَ: تم ہنستے ہو یعنی تمسخر کی ہنسی، (سمع۱) ضَحْكٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۲۳:۱۱۰) (۵۳:۶۰)۔

لَا تَضْرِبُوْا: تم مت بیان کرو، (ضرب) ضَرْبٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔(۱۶:۷۴)۔

تَضَرُّعًا: عاجزی کرنا، گڑگڑانا، مصدر ہے (باب تفعل۱)۔ (۶:۶۳) (۷:۵۵، ۲۰۵)۔

تَضَرَّعُوْا: وہ گڑگڑائے، انہوں نے عاجزی کی، (تفعل۱) تَضَرُّعٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۶:۴۳)۔

لَا تَضُرُّوْنَهٗ: (لَا تَضُرُّوْنَ.هٗ) تم اسے ضرر نہیں پہنچا سکو گے، تم اس کا کچھ بگاڑ نہیں سکو گے، لَا تَضُرُّوْنَ، (نصر۵: ضَرَّ.يَضُرُّ) ضَرٌّ سے جسکے معنی نقصان/ضرر پہنچانے کے ہیں، مضارع منفی جمع حاضر مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۱۱:۵۷)۔

لَا تَضُرُّوْهُ: (لَا تَضُرُّوْا.هُ) تم اس کا کچھ نہ بگاڑو گے، تم اس کو کچھ ضرر نہ پہنچا سکو گے، لَا تَضُرُّوْا، (نصر) ضَرٌّ سے، مضارع منفی (مجزوم) جمع حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۹:۳۹)۔

تَضَعُ: وہ ڈال دے گی، وہ جنتی ہے، وہ رکھ دے، (فتح۵: وَضَعَ.يَضَعُ) وَضْعٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۲۲:۲) (۳۵:۱۱) (۴۱:۴۷)، تَضَعَ (۴۷:۴)۔

تَضَعُوْا: (کہ) تم رکھ دو، (فتح) وَضْعٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۴:۱۰۲)۔

تَضَعُوْنَ: تم رکھ دیتے ہو، (فتح) وَضْعٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۲۴:۵۸)۔

تَضِلَّ: وہ (عورت) بھول جائے/ بہک جائے، (ضرب۵: ضَلَّ.يَضِلُّ) ضَلَالٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۲:۲۸۲)۔

تُضِلُّ: تو گمراہ کرتا ہے، (افعال۵: اَضَلَّ.يُضِلُّ) اِضْلَالٌ سے،

مضارع واحد حاضر مذکر۔(۱۵۵:۷).

تَضِلُّوْا: (کہ) تم گمراہ ہو جاؤ/ بہک جاؤ، (ضرب) ضَلَالٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۱۷۶،٤٤:٤).

تَضْلِيْلٍ: بے راہ کرنا، غلط کرنا، مصدر ہے (باب تفعیل۵؛ ضَلَّلَ.يُضَلِّلُ کا)،[مادہ:ضلل]۔(۲:۱۰۵).

تُضَيِّقُوْا: (کہ) تم تنگی کرو، تم تنگ کرو، (تفعیل۹؛ ضَيَّقَ.يُضَيِّقُ)تَضْيِيْقٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر، [مادہ:ضیق]۔(٦:٦٥).

تَطَاوَلَ: وہ دراز ہوا، وہ لمبا گزرا، (تفاعل۸؛تَطَاوَلَ.يَتَطَاوَلُ) تَطَاوُلٌ سے جس کے معنی درازی اور طول کے ظاہر کرنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔اس کا استعمال جب عمر کیلئے ہوگا تو درازئ عمر کے معنی ہوں گے،[مادہ:طول]۔(٤٥:٢٨).

لَمْ تَطَـٔـوْهَا: (لَمْ تَطَـٔـوْا.هَا) تم نے اس پر پاؤں نہیں رکھا، تم نے اس کو پامال نہیں کیا، لَمْ تَطَـٔـوْا، (سمع۴+۶؛ وَطِئَ.يَطَئُ) وَطْأٌ (روندنا، پامال کرنا) سے، مضارع منفی بہ لم جمع حاضر مذکر، هَاضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(۲۷:۳۳).

تَطَـٔـوْهُمْ: (تَطَـٔـوْا.هُمْ) (کہ) تم ان کو پامال کرو، تم ان کو کچل دیتے، تَطَـٔـوْا، (سمع) وَطْئٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٢٥:٤٨).

لَاتَطْرُدْ: تو مت نکال، (نصرا) طَرْدٌ سے جس کے معنی ذلیل سمجھ کر دور کرنے کے ہیں، نہی واحد حاضر مذکر۔(٦:٥٢).

تَطْرُدَهُمْ: (تَطْرُدَ.هُمْ) تو ان کو نکال دے، تو انہیں ہانک دے، تو ان کو نکال دے گا، تَطْرُدَ، (نصر) طَرْدٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٦:٥٢).

تُطِعْ: تو کہا مانے گا، (افعال؛ اَطَاعَ.يُطِيْعُ) اِطَاعَةٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد حاضر مذکر،[مادہ:طوع]۔(٦:١١٦).

لَاتُطِعْ: تو مت اطاعت کر، تو کہا نہ مان، (افعال) اِطَاعَةٌ سے، نہی واحد حاضر مذکر۔(۲۸:۱۸) (۵۲:۲۵) (۱:۳۳، ٤٨) (٨:٦٨، ١٠) (٧٦:٢٤).

تُطْعِمُوْنَ: تم کھلاتے ہو، کھانا دیتے ہو، (افعال۱) اِطْعَامٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(٥:٨٩).

لَاتُطِعْهُ: (لَاتُطِعْ.هُ) تو مت اس کا کہا مان، لَاتُطِعْ، (افعال) اِطَاعَةٌ سے، نہی واحد حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(٩٦:١٩).

لَاتُطِعْهُمَا: (لَاتُطِعْ.هُمَا) تو ان دونوں کی اطاعت نہ کر/ ان کا کہا نہ مان، لَاتُطِعْ، (افعال) اِطَاعَةٌ سے، نہی واحد حاضر مذکر، هُمَا ضمیر مفعول (تثنیہ غائب مذکر)۔(۲۹:۸) (۳۱:۱۵).

لَاتَطْغَوْا: تم حد سے نہ بڑھو، تم سرکشی نہ کرنا/ زیادتی نہ کرنا، (سمع، فتح) طُغْيَانٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر، [مادہ: طغی]۔ (١١:١١٢) (٢٠:٨١) (٥٥:٨).

تَطْلُعُ: وہ نکلتی ہے، طلوع ہوتی ہے، (نصرا) طُلُوْعٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(١٨:٩٠).

تَطَّلِعُ: تو خبردار ہوتا ہے/خبر پاتا ہے، (افتعال) اِطِّلَاعٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر،[مادہ:طلع]۔(٥:١٣).

تَطَّلِعُ: وہ خبردار ہوتی ہے، وہ جھانک لیتی ہے، وہ چڑھے گی، (افتعال) اِطِّلَاعٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(١٠٤:٧).

تَطْمَئِنُّ: وہ مطمئن ہوتی ہے، (دل) اطمینان حاصل کرتے ہیں، وہ سکون پاتے ہیں، (افعلال۲) اِطْمِئْنَانٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث،[مادہ:طمان]۔(١٣:٢٨، ٢٨).

تَطْمَئِنَّ: (تاکہ) سکون حاصل کرے، تاکہ (دل) تسلی پائیں، (افعلال) اِطْمِئْنَانٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (٣:١٢٦) (٥:١١٣) (٨:١٠).

تَطْمَعُوْنَ: تم توقع رکھتے ہو/ طمع کرتے ہو/ امید رکھتے ہو، (سمع۱) طَمَعٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(٢:٧٥).

تَطَوَّعَ: اس نے خوشی سے نیکی کی، شوق سے زیادہ نیکی کی، اس نے برضا و رغبت کیا، (تفعل ۸: تَطَوَّعَ. یَتَطَوَّعُ) تَطَوُّعٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ تَطَوُّع کے اصل معنی تو تکلیف اٹھا کر اطاعت کرنے کے ہیں، مگر عرف میں نوافل کے بجالانے اور عبادت میں احسان کے رویے کو اختیار کرنے کو کہتے ہیں، [مادہ: طوع]۔ (۲: ۱۵۸، ۱۸٤).

تَطَهَّرْنَ: وہ پاک ہوں/ پاک ہوتی ہیں، (تفعل ۱) تَطَهُّرٌ سے، ماضی جمع غائب مؤنث۔ (۲: ۲۲۲).

تُطَهِّرُهُمْ: (تُطَهِّرُ. هُمْ) تو ان کو پاک کرتا ہے، تو ان کو پاک کرے گا، تُطَهِّرُ، (تفعیل ۱) تَطْهِيرٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۹: ۱۰۳).

تَطْهِيرًا: پاک کرنا، مصدر ہے (باب تفعیل ۱)۔ (۳۳: ۳۳).

تَطَيَّرْنَا: ہم نے شگون بدلیا، ہم نے نامبارک سمجھا، ہم نے منحوس جانا، (تفعل ۹: تَطَيَّرَ. يَتَطَيَّرُ) تَطَيُّرٌ سے، ماضی جمع متکلم، [مادہ: طیر]۔ (۳٦: ۱۸).

تُطِيعُوا: تم کہا مانو گے، تم اطاعت کرو گے، (افعال: اَطَاعَ. يُطِيعُ) اِطَاعَةٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر، [مادہ: طوع]۔ (۳: ۱۰۰، ۱٤۹) (٤۸: ۱٦) (٤۹: ۱٤).

لَا تُطِيعُوا: تم مت اطاعت کرو، تم نہ مانو، (افعال) اِطَاعَةٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔ (۲٦: ۱۵۱).

تُطِيعُوهُ: (تُطِيعُوا. هُ) تم اس کا کہا مانو گے، تم اس کی اطاعت کرو گے، تُطِيعُوا، (افعال) اِطَاعَةٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۲٤: ۵٤).

تَظٰهَرَا: وہ دونوں آپس میں موافق ہوئے، وہ ایک دوسرے کے مددگار ہوئے، (تفاعل ۱) تَظَاهُرٌ سے جس کے معنی ایک دوسرے کی معاونت کرنے اور ہم پشت ہونے کے ہیں، ماضی تثنیہ غائب مذکر۔ (۲۸: ٤۸).

تَظٰهَرَا: تم دونوں آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرو گی، (تفاعل) تَظَاهُرٌ سے، مضارع (مجزوم) تثنیہ حاضر مؤنث۔ اصل میں تَتَظَاهَرَانِ تھا، ایک تاء حذف ہوگئی اور ن، اِنْ شرطیہ کی وجہ سے گر پڑا۔ (٦٦: ٤).

تَظٰهَرُونَ: تم آپس میں مدد کرتے ہو، تم چڑھائی کرتے ہو، (تفاعل) تَظَاهُرٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ یہاں بھی ایک تاء حذف ہوگئی۔ (۲: ۸۵).

تُظٰهِرُونَ: تم ظہار کرتے ہو/ ماں کہتے ہو، (مفاعلہ ۱) مُظَاهَرَةٌ و ظِهَارٌ سے جس کے معنی اپنی بیوی سے ظہار کرنے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۳۳: ٤).

لَمْ تَظْلِمْ: اس نے ظلم نہیں کیا، اس نے نہیں گھٹایا، وہ کم نہیں ہوئی، (ضرب) ظُلْمٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد غائب مؤنث۔ (۱۸: ۳۳).

لَا تُظْلَمُ: ظلم نہیں کیا جائے گا، (ضرب) ظُلْمٌ سے، مضارع مجہول منفی واحد غائب مؤنث۔ (۲۱: ٤۷) (۳٦: ۵٤).

لَا تَظْلِمُوا: تم ظلم نہ کرو، (ضرب) ظُلْمٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔ (۹: ۳٦).

تَظْلِمُونَ: تم ظلم کرتے ہو، تم ظلم کرو گے، (ضرب) ظُلْمٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۲: ۲۷۹).

تُظْلَمُونَ: تم پر ظلم کیا جاتا ہے، تم پر ظلم کیا جائے گا، (ضرب) ظُلْمٌ سے، مضارع مجہول جمع حاضر مذکر۔ (۲: ۲۷۲، ۲۷۹) (٤: ۷۷) (۸: ٦۰).

تَظْمَؤُا: تو (نہ) پیاسا رہے/ تشنہ رہے گا، (سمع ۴: ظَمِئَ. يَظْمَؤُا) ظَمَأٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔ (۲۰: ۱۱۹).

تَظُنُّ: وہ گمان کرتی ہے، وہ خیال کریں گے، (نصر ۵) ظَنٌّ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۷۵: ۲۵).

تَظُنُّونَ: تم جانو گے/ گمان کرو گے/ خیال کرو گے، (نصر) ظَنٌّ

سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۵۲:۱۷) (۳۳:۱۰)۔

تُظْهِرُوْنَ: تم کو دوپہر ہو، تم ظہر کا وقت پاؤ، (افعال ۱) اِظْهَارٌ سے جس کے معنی ظہر کا وقت کرنے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر۔ جس طرح اَصْبَحَ صبح کرنے اور اَمْسٰی شام کرنے کے لیے آتا ہے اسی طرح اَظْهَرَ کا استعمال ظہر کرنے کے لیے ہوتا ہے۔ (۱۸:۳۰)۔

تَعَارَفُوْا: (تاکہ) تم آپس میں ایک دوسرے کو پہچانو، (تفاعل ۱) تَعَارُفٌ سے جسکے معنی آپس میں ایک دوسرے کو پہچاننے کے ہیں، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر، اصل میں **تَتَعَارَفُوْا** تھا، ایک تاء حذف ہوگئی۔(۴۹:۱۳)۔

تَعَاسَرْتُمْ: تم نے ایک دوسرے پر تنگی کی، تم نے آپس میں ضد کی، (تفاعل ۱) تَعَاسُرٌ سے جسکے معنی آپس کے معاملے میں دشواری پیدا کرنے اور باہم ایک دوسرے کو تنگ کرنے کے ہیں، ماضی جمع حاضر مذکر۔(۶۵:۶)۔

تَعَاطٰی: اس نے دست درازی کی/ ہاتھ چلایا، اس نے پکڑا، (تفاعل ۱۰؛ تَعَاطٰی.یَتَعَاطٰی) تَعَاطٍ سے جسکے معنی کسی چیز کی طرف ہاتھ بڑھانے اور اس کو پکڑنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛عطو]۔(۵۴:۲۹)۔

تَعَالٰی: وہ بلند ہے/ برتر ہے، (تفاعل ۱۰؛ تَعَالٰی.یَتَعَالٰی) تَعَالٍ سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ علو]۔ (۶:۱۰۰) (۷:۱۹۰) (۱۰:۱۸) (۱۶:۱، ۳) (۱۷:۴۳) (۲۰:۱۱۴) (۲۳:۹۲، ۱۱۶) (۲۷:۶۳) (۲۸:۶۸) (۳۰:۴۰) (۳۹:۶۷) (۷۲:۳)۔

تَعَالَوْا: تم آؤ، (تفاعل: تَعَالٰی.یَتَعَالٰی) تَعَالٍ سے جسکے اصل معنی تو بلند ہونے یا بلندی کی طرف آنے کے ہیں لیکن پھر صرف 'آنے' کے لیے بھی اس کا استعمال ہونے لگا، تاہم قرآن میں رفعت منزلت کے حصول کیلئے آنا مراد ہے، امر جمع حاضر مذکر۔(۳:۶۱، ۶۴، ۱۶۷) (۴:۶۱) (۵:۱۰۴) (۶:۱۵۱) (۶۳:۵)۔

تَعَالَیْنَ: تم آؤ، (تفاعل) تَعَالٍ سے بمعنی آنے کے، امر جمع

حاضر مؤنث۔(۳۳:۲۸)۔

تَعَاوَنُوْا: تم آپس میں تعاون کرو/ مدد کرو، (تفاعل ۸؛ تَعَاوَنَ.یَتَعَاوَنُ) تَعَاوُنٌ (آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرنا) سے، امر جمع حاضر مذکر، [مادہ؛عون]۔(۵:۲)۔

لَاتَعَاوَنُوْا: تم مدد مت کرو، (تفاعل) تَعَاوُنٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔ اصل میں لَاتَتَعَاوَنُوْا تھا، ایک تاء محذوف ہے۔ (۵:۲)۔

تَعْبَثُوْنَ: تم بیکار مشغول ہوتے ہو/ کھیلتے ہو، (سمع ۱) عَبَثٌ سے جس کے معنی کھیلنے اور بیکار چیز میں مشغول ہونے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۲۶:۱۲۸)۔

تَعْبُدُ: وہ عبادت کرتی ہے، وہ پوجتی ہے، (نصر ۱) عِبَادَةٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۲۷:۴۳)۔

تَعْبُدُ: تو پوجتا ہے، (نصر) عِبَادَةٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔ (۱۹:۴۲)۔

لَاتَعْبُدْ: تو مت پوج، تو نہ عبادت کر، (نصر) عِبَادَةٌ سے، نہی واحد حاضر مذکر۔(۱۹:۴۴)۔

لَاتَعْبُدُوْا: تم مت پوجو، تم نہ عبادت کرو، (نصر) عِبَادَةٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔ (۱۱:۲، ۲۶) (۱۲:۴۰) (۱۷:۲۳) (۳۶:۶۰) (۴۱:۱۴) (۴۶:۲۱)۔

تَعْبُدُوْنَ: تم پوجتے ہو، تم عبادت کرتے ہو، (نصر) عِبَادَةٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۲:۸۳، ۱۳۳، ۱۷۲) (۵:۷۶) (۱۰:۲۸، ۱۰۴) (۱۲:۴۰) (۱۶:۱۱۴) (۲۱:۶۶، ۶۷، ۹۸) (۲۶:۷۰، ۷۵، ۹۲) (۲۹:۱۷، ۱۷) (۳۷:۸۵، ۹۵، ۱۶۱) (۴۱:۳۷) (۴۳:۲۶) (۶۰:۴) (۱۰۹:۲)۔

تَعْبُرُوْنَ: تم تعبیر بیان کرتے ہو، (نصر ۱) عِبَارَةٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۱۲:۴۳)۔

تَعْتَدُوْا: تم زیادتی کرنے لگو، حد سے گزر جاؤ، (افتعال؛

اِعْتَدٰی. یَعْتَدِیْ) اِعْتِدَاءٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر، [مادہ؛عدو]۔(۲:۲۳۱) (۵:۲).

لَاتَعْتَدُوْا: تم زیادتی نہ کرو، (افتعال) اِعْتِدَاءٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔(۲:۱۹۰) (۵:۸۷).

لَاتَعْتَدُوْهَا: (لَاتَعْتَدُوْا. هَا) تم اس میں زیادتی نہ کرو، تم اس سے تجاوز نہ کرو، لَاتَعْتَدُوْا، (افتعال) اِعْتِدَاءٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(۲:۲۲۹).

تَعْتَدُّوْنَهَا: (تَعْتَدُّوْنَ. هَا) تم اس کو شمار کرو، تم اس کی گنتی پوری کراؤ، تَعْتَدُّوْنَ، (افتعال۵؛ اِعْتَدَّ. یَعْتَدُّ) اِعْتِدَادٌ سے جس کے معنی گنے جانے، گننے کے لیے لانے اور عدت کرنے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)، [مادہ؛ عدد]۔(۳۳:۴۹).

لَاتَعْتَذِرُوْا: مت عذر کرو، (افتعال ا) اِعْتِذَارٌ (عذر بیان کرنا) سے، نہی جمع حاضر مذکر۔(۹:۶۶، ۹۴) (۶۶:۷).

لَاتَعْثَوْا: تم فساد نہ کرو، (سمع ۱۰؛ عَثِیَ. یَعْثٰی) عُثِیٌّ (فساد کرنا) سے، نہی جمع حاضر مذکر، [مادہ؛عثو]۔(۲:۶۰) (۷:۷۴) (۱۱:۸۵) (۲۶:۱۸۳) (۲۹:۳۶).

تَعْجَبْ: تو تعجب کرے، (سمع ا) عَجَبٌ (تعجب کرنا، اچنبھا کرنا) سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۱۳:۵).

تُعْجِبُكَ: (تُعْجِبُ. كَ) وہ تجھے تعجب میں ڈال دے، وہ تجھے اچھے لگیں، تُعْجِبُ، (افعال ا) اِعْجَابٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔(۶۳:۴).

لَاتُعْجِبْكَ: (لَاتُعْجِبْ. كَ) وہ تجھے تعجب میں نہ ڈالے، وہ تجھے اچھے نہ لگیں، لَاتُعْجِبْ، (افعال) اِعْجَابٌ سے، نہی واحد غائب مؤنث، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔(۹:۵۵، ۸۵).

تَعْجَبُوْنَ: تم تعجب کرتے ہو، (سمع) عَجَبٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۵۳:۵۹).

تَعْجَبِیْنَ: تو تعجب کرتی ہے، (سمع) عَجَبٌ سے، مضارع واحد حاضر مؤنث۔(۱۱:۷۳).

تَعَجَّلَ: اس نے جلدی کی، (تفعل ا) تَعَجُّلٌ (جلدی کرنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۲:۲۰۳).

تَعْجَلْ: تو جلدی کرے، (سمع ا) عَجَلٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۷۵:۱۶).

لَاتَعْجَلْ: تو جلدی نہ کر، (سمع) عَجَلٌ سے، نہی واحد حاضر مذکر۔(۱۹:۸۴) (۲۰:۱۱۴).

لَاتَعْدُ: وہ نہ دوڑے/ نہ پھرے، وہ (آنکھیں) نہ پھریں، (نصر۷؛ عَدَا. یَعْدُوْ) عَدْوٌ (دوڑنا) سے، نہی واحد غائب مؤنث۔ (۱۸:۲۸).

تَعِدَانِنِیْ: (تَعِدَانِ. نِیْ) تم دونوں مجھ کو وعدہ دیتے ہو، تَعِدَانِ، (ضرب۶؛ وَعَدَ. یَعِدُ) وَعْدٌ (وعدہ کرنا) سے، مضارع تثنیہ حاضر مذکر، نِیْ میں ن وقایہ یْ ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔(۴۶:۱۷).

تَعْدِلْ: وہ بدلا میں دے، (ضرب) عَدْلٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۶:۷۰).

تَعْدِلُوْا: تم انصاف کرو/ عدل کرو، تم برابر رکھو، (ضرب) عَدْلٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۴:۳، ۱۲۹، ۱۳۵) (۵:۸).

تَعِدُنَا: (تَعِدُ. نَا) تو ہم سے وعدہ کرتا ہے، تو ہمیں دھمکاتا ہے، تَعِدُ، (ضرب؛ وَعَدَ. یَعِدُ) وَعْدٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔ (۷:۷۰، ۷۷) (۱۱:۳۲) (۴۶:۲۲).

تَعُدُّوْا: تم گننے لگو/ شمار کرنے لگو، (نصر۵؛ عَدَّ. یَعُدُّ) عَدٌّ سے جس کے معنی شمار کرنے کے ہیں، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر۔ (۱۴:۳۴) (۱۶:۱۸).

لَاتَعْدُوْا: تم تعدی نہ کرو/ تجاوز نہ کرو/ زیادتی نہ کرو، (نصر۷؛

عَدَا.یَعْدُوْ)عَدْوٌ و عُدْوَانٌ (حد سے گزرنا،ظلم کرنا) سے،نہی جمع حاضر مذکر۔(۴:۱۵۴).

تَعُدُّوْنَ: تم گنتے ہو،تم شمار کرتے ہو، (نصر؛عَدَّ.یَعُدُّ)عَدٌّ سے،مضارع جمع حاضر مذکر۔(۲۲:۴۷) (۳۲:۵).

تُعَذِّبَ: (کہ) تو عذاب دے/ تکلیف دے، (تفعیل۱) تَعْذِیْبٌ سے،مضارع واحد حاضر مذکر۔عَذَاب سخت دردمند کرنے کو کہتے ہیں، عذاب میں محبوس رکھنے کو تَعْذِیب کہتے ہیں۔ (۱۸:۸۶).

تُعَذِّبْهُمْ: (تُعَذِّبْ.هُمْ)تو ان کو عذاب دے، تُعَذِّبْ، (تفعیل)تَعْذِیْبٌ سے،مضارع واحد حاضر مذکر،هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۵:۱۱۸).

لَاتُعَذِّبْهُمْ: (لَاتُعَذِّبْ.هُمْ)تو ان کو عذاب نہ دے، لَاتُعَذِّبْ، (تفعیل)تَعْذِیْبٌ سے،نہی واحد حاضر مذکر،هُمْ ضمیر مفعول(جمع غائب مذکر)۔(۲۰:۴۷).

تَعْرٰی: تو ننگا ہو/ برہنہ ہوگا، (سمع۱۱؛عَرِیَ.یَعْرٰی)عُرْیٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۲۰:۱۱۸).

تَعْرُجُ: وہ چڑھتی ہے/ چڑھے گی، (فرشتے) چڑھتے ہیں/ چڑھیں گے، (نصر۱) عُرُوْجٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۷۰:۴).

تُعْرِضْ: تو منہ پھیر لے گا/ تغافل کرے گا، (افعال۱)اِعْرَاضٌ سے،مضارع واحد حاضر مذکر۔(۵:۴۲).

تُعْرِضَنَّ: تو منہ پھیرے/ تغافل کرے، (افعال) اِعْرَاضٌ سے،مضارع بانون تاکید واحد حاضر مذکر۔(۱۷:۲۸).

تُعْرِضُوْا: تم اعراض کرو گے،تم بچو گے، (افعال) اِعْرَاضٌ سے،مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر۔(۴:۱۳۵).

تُعْرِضُوْا: تم اعراض کرو،تم درگزر کرو، (افعال) اِعْرَاضٌ سے،مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۹:۹۵).

تُعْرَضُوْنَ: تم پیش کیے جاؤ گے/ رو برو لائے جاؤ گے، (ضرب)عَرْضٌ سے،مضارع مجہول جمع حاضر مذکر۔(۶۹:۱۸).

تَعْرِفُ: تو پہچانے/ پہچانتا ہے، پہچانے گا، (ضرب۱)مَعْرِفَۃٌ و عِرْفَانٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔ کسی چیز کی علامات اور نشانیوں پر غور وتدبر کرنے کے بعد اس کے ادراک کرنے کا نام معرفت اور عرفان ہے۔ یہ 'علم' سے مختص ہے اور انکار اس کی ضد ہے۔(۲۲:۷۲) (۸۳:۲۴).

تَعْرِفَنَّهُمْ: (لَتَعْرِفَنَّ.هُمْ)تو ان کو ضرور پہچان لے گا، لَتَعْرِفَنَّ، (ضرب)عِرْفَانٌ سے،مضارع بانون تاکید ثقیلہ واحد حاضر مذکر،هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۴۷:۳۰).

تَعْرِفُوْنَهَا: (تَعْرِفُوْنَ.هَا)تم ان کو پہچانو گے، تَعْرِفُوْنَ، (ضرب)عِرْفَانٌ سے،مضارع جمع حاضر مذکر،هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(۲۷:۹۳).

تَعْرِفُهُمْ: (تَعْرِفُ.هُمْ)تو ان کو پہچانتا ہے،تو ان کو پہچان لے گا،تَعْرِفُ، (ضرب)عِرْفَانٌ سے،مضارع واحد حاضر مذکر،هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۲:۲۷۳).

تُعِزُّ: تو عزت دیتا ہے،تو عزت دے گا، (افعال۵؛اَعَزَّ.یُعِزُّ) اِعْزَازٌ (اعزاز دینا،عزت دینا) سے، مضارع واحد حاضر مذکر، [مادہ؛عزز]۔(۳:۲۶).

تُعَزِّرُوْهُ: (تُعَزِّرُوْا.هُ) (تاکہ)تم اس کی مدد کرو،تم اس کو قوت دو،تُعَزِّرُوْا، (تفعیل۱)تَعْزِیْرٌ سے،مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر،هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۴۸:۹).

لَاتَعْزِمُوْا: تم عزم نہ کرو،تم محکم نہ کرو، قصد نہ کرو، (ضرب۱) عَزْمٌ سے،نہی جمع حاضر مذکر۔(۲:۲۳۵).

تَعْسًا: ہلاکت، خواری، ٹھوکر لگنا، گر پڑنا، اصل میں اسکے معنی اوندھے منہ گرنے کے ہیں، مصدر ہے (ضرب، فتح؛ تَعَسَ.یَتْعَسُ)۔(۴۷:۸).

لَاتَعْضُلُوْهُنَّ: (لَاتَعْضُلُوْا. هُنَّ) تم ان کو مت روکو، ان کو نہ بند کرو، ان کو نہ منع کرو، لَاتَعْضُلُوْا، (نصرا) عَضْلٌ سے جسکے معنی سختی سے روکنے کے ہیں، نہی جمع حاضر مذکر، هُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)۔(۲:۲۳۲) (۴:۱۹)۔

تَعِظُوْنَ: تم نصیحت کرتے ہو، (ضرب؛ وَعَظَ. يَعِظُ) وَعْظٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۷:۱۶۴)۔

التَّعَفُّفِ: عفت، پاک دامنی، خودداری، نہ مانگنے کی (وجہ سے)، نہ مانگنا، طمع نہ کرنا، عفت سے کام لینا، تھوڑی سی چیز پر اکتفا کرنا، مصدر (باب تفعل۵: تَعَفَّفَ. يَتَعَفَّفُ کا)، [مادہ: عفف]۔ (۲:۲۷۳)۔

تَعْفُوْا: تم درگزر کرو، تم معاف کرو، (نصر؛ عَفَا. يَعْفُوْ) عَفْوٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر۔ (۴:۱۴۹) (۶۴:۱۴)، (منصوب)(۲:۲۳۷)۔

تَعْقِلُوْنَ: تم سمجھتے ہو، تم سمجھو گے، تم عقل کرو، (ضرب۱) عَقْلٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۲:۴۴، ۷۳، ۷۶، ۲۴۲) (۳:۶۵، ۱۱۸) (۶:۳۲، ۱۵۱) (۷:۱۶۹) (۱۰:۱۶) (۱۱:۵۱) (۱۲:۲، ۱۰۹) (۲۱:۱۰، ۶۷) (۲۳:۸۰) (۲۴:۶۱) (۲۶:۲۸) (۲۸:۶۰) (۳۶:۶۲) (۳۷:۱۳۸) (۴۰:۶۷) (۴۳:۳) (۵۷:۱۷)۔

تَعْلَمُ: تو جانتا ہے، تو علم رکھتا ہے، (سمع) عِلْمٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔ (۴:۱۱۳) (۵:۱۱۶) (۱۱:۷۹) (۱۴:۳۸) (۱۹:۶۵)۔

لَاتَعْلَمُ: (کوئی نفس) نہیں جانتا، (سمع) عِلْمٌ سے، مضارع منفی واحد غائب مؤنث۔(۳۲:۱۷)۔

تَعْلَمَ: تو جان لے، تو پہچان لے، (سمع) عِلْمٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۹:۴۳)۔

تَعْلَمَ: (تاکہ) وہ جان لے، (سمع) عِلْمٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۲۸:۱۳)۔

لَمْ تَعْلَمْ: (کیا) تو نہیں جانتا، تو نے علم نہیں رکھا، (سمع) عِلْمٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد حاضر مذکر۔ (۲:۱۰۶، ۱۰۷) (۵:۴۰) (۲۲:۷۰)۔

تَعْلَمُنَّ: (لَتَعْلَمُنَّ) تم ضرور جان لو گے، تم ضرور معلوم کرلو گے، (سمع) عِلْمٌ سے، مضارع بانونِ تاکید ثقیلہ جمع حاضر مذکر۔ (۲۰:۷۱) (۳۸:۸۸)۔

تُعَلِّمَنِ: (تُعَلِّمَ. نِ) تو مجھے سکھا دے، تو مجھے سکھائے، تُعَلِّمَ، (تفعیل۱) تَعْلِيْمٌ (تعلیم دینا، سکھانا) سے، مضارع واحد حاضر مذکر، نِ (اصل میں نِيْ) میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف۔(۱۸:۶۶)۔

تَعْلَمُوْا: تم جان لو، تم معلوم کرلو، (سمع) عِلْمٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔ (۴:۴۳) (۵:۹۷) (۱۰:۵) (۱۷:۱۲) (۶۵:۱۲)۔

لَمْ تَعْلَمُوْا: تم نے نہیں جانا، (سمع) عِلْمٌ سے، مضارع منفی بہ لم جمع حاضر مذکر۔(۶:۹۱) (۱۲:۸۰) (۳۳:۵) (۴۸:۲۷)۔

تَعْلَمُوْنَ: تم جانتے ہو/جان لو گے، (سمع) عِلْمٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۲:۲۲، ۳۰، ۴۲، ۸۰، ۱۵۱، ۱۶۹، ۱۸۴، ۱۸۸، ۲۱۶، ۲۳۲، ۲۳۹، ۲۸۰) (۳:۶۶، ۷۱) (۶:۶۷، ۸۱، ۱۳۵) (۷:۲۸، ۳۳، ۳۸، ۶۲، ۷۵، ۱۲۳) (۸:۲۷) (۹:۴۱) (۱۰:۶۸) (۱۱:۳۹، ۹۳) (۱۲:۸۶، ۹۶) (۱۶:۸، ۴۳، ۵۵، ۷۴، ۷۸، ۹۵) (۲۰:۱۳۵) (۲۱:۷) (۲۳:۸۴، ۸۸، ۱۱۴) (۲۴:۱۹) (۲۶:۴۹، ۱۳۲) (۲۹:۱۶) (۳۰:۳۴، ۵۶) (۳۹:۳۹) (۵۶:۶۱، ۷۶) (۶۱:۵، ۱۱) (۶۲:۹) (۶۷:۱۷، ۲۹) (۷۱:۴) (۱۰۲:۳، ۴، ۵)۔

تُعَلِّمُوْنَ: تم سکھاتے ہو، (تفعیل) تَعْلِيْمٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۳:۷۹) (۴۹:۱۶)۔

تَعْلَمُوْنَهُمْ: (تَعْلَمُوْنَ. هُمْ) تم ان کو (نہیں) جانتے ہو، تَعْلَمُوْنَ، (سمع) عِلْمٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، هُمْ ضمیر

مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٨: ٦٠).

تُعَلِّمُوْنَهُنَّ: (تُعَلِّمُوْنَ.هُنَّ) تم ان کو سکھاتے ہو، تُعَلِّمُوْنَ، (تفعیل) تَعْلِیْمٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، هُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)۔(٥: ٤).

لَمْ تَعْلَمُوْهُمْ: (لَمْ تَعْلَمُوْا.هُمْ) تم ان کو نہیں جانتے تھے، لَمْ تَعْلَمُوْا، (سمع) عِلْمٌ سے، مضارع منفی بہ لم جمع حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٤٨: ٢٥).

تَعْلَمُهَا: (تَعْلَمُ.هَا) تو اسے جانتا ہے، تَعْلَمُ، (سمع) عِلْمٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ مَا كُنْتَ تَعْلَمُ: تو نہیں جانتا تھا، ماضی استمراری منفی ہے۔(١١: ٤٩).

تَعْلَمُهُمْ: (تَعْلَمُ.هُمْ) تو انہیں (نہیں) جانتا ہے، تَعْلَمُ، (سمع) عِلْمٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٩: ١٠١).

تَعْلُنَّ: (لَتَعْلُنَّ) تم ضرور چڑھ جاؤ گے/ بلند ہو جاؤ گے، تم ضرور سرکشی کرو گے، (نصر؛ عَلَا.يَعْلُوْ) عُلُوٌّ (بلند ہونا، متکبر ہونا) سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ جمع حاضر مذکر، [مادہ: علو]۔ (١٧: ٤).

تُعْلِنُوْنَ: تم ظاہر کرتے ہو، تم آشکار کرتے ہو/ کھولتے ہو، (افعال ا) اِعْلَانٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (١٦: ١٩) (٢٧: ٢٥) (٦٤: ٤).

لَا تَعْلُوْا: تم سرکشی نہ کرو/ بلندی نہ چاہو، (نصر) عُلُوٌّ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔(٢٧: ٣١) (٤٤: ١٩).

تَعْمٰى: وہ اندھی ہوتی ہے، (دل) اندھے ہوتے ہیں، (سمع ا؛ عَمِيَ.يَعْمٰى) عَمًى سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (٢٢: ٤٦، ٤٦).

تَعَمَّدَتْ: اس نے قصد کیا، اس نے ارادہ کیا، اس نے جان بوجھ کر کیا، (تفعل ا) تَعَمُّدٌ (کسی چیز کا قصد کرنا) سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔(٣٣: ٥).

تَعْمَلُ: (كَانَتْ تَعْمَلُ) وہ عمل کرتی تھی، ماضی استمراری۔ اس میں تَعْمَلُ (سمع ا) عَمَلٌ سے مضارع واحد غائب مؤنث ہے۔ (٢١: ٧٤).

تَعْمَلُ: وہ عمل کرے گی، (سمع) عَمَلٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(٣٣: ٣١).

تَعْمَلُوْنَ: تم عمل کرتے ہو/ عمل کرو گے، (سمع) عَمَلٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(٢: ٧٤، ٨٥، ١١٠، ١٤٠، ١٤٩، ٢٣٣، ٢٣٤، ٢٣٧، ٢٦٥، ٢٧١، ٢٨٣) (٣: ٩٨، ٩٩، ١٥٣، ١٥٦، ١٨٠) (٤: ٩٤، ١٢٨، ١٣٥) (٥: ٨، ١٠٥) (٦: ٦٠) (٧: ٤٣، ١٢٩) (٨: ٧٢) (٩: ١٦، ٩٤، ١٠٥) (١٠: ١٤، ٢٣، ٤١، ٦١) (١١: ٩٢، ١١٢، ١٢٣) (١٦: ٢٨، ٣٢، ٩٣) (٢٢: ٦٨) (٢٣: ٥١) (٢٤: ٢٨، ٥٣) (٢٦: ١٨٨، ٢١٦) (٢٧: ٨٤، ٩٠، ٩٣) (٢٩: ٨، ٥٥) (٣١: ١٥، ٢٩) (٣٢: ١٤) (٣٣: ٢، ٩) (٣٤: ١١، ٢٥) (٣٦: ٥٤) (٣٧: ٣٩، ٩٦) (٣٩: ٧) (٤١: ٢٢، ٤٠) (٤٣: ٧٢) (٤٥: ٢٨، ٢٩) (٤٨: ١١، ٢٤) (٤٩: ١٨) (٥٢: ١٦، ١٩) (٥٧: ٤، ١٠) (٥٨: ٣، ١١، ١٣) (٥٩: ١٨) (٦٠: ٣) (٦٢: ٨) (٦٣: ١١) (٦٤: ٢، ٨) (٦٦: ٧) (٧٧: ٤٣).

تَعُوْدُنَّ: (لَتَعُوْدُنَّ) تم ضرور لوٹ آؤ گے، تم ضرور پھر آؤ گے، (نصر ٦؛ عَادَ.يَعُوْدُ) عَوْدٌ (لوٹنا) سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ جمع حاضر مذکر۔(٧: ٨٨) (١٤: ١٣).

تَعُوْدُوْا: (اگر) تم پھر کرو گے، (نصر) عَوْدٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر۔(٨: ١٩).

تَعُوْدُوْا: تم دوبارہ کرو، تم پھر کرو، (نصر) عَوْدٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(٢٤: ١٧).

تَعُوْدُوْنَ: تم پھر آؤ گے، (نصر) عَوْدٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(٧: ٢٩).

تَعُوْلُوْا: تم ایک طرف جھک پڑو، تم بے انصافی کرو، (نصر۶؛ عَالَ. یَعُوْلُ) عَوْلٌ سے جسکے معنی ہیں انصاف کو چھوڑ کر زیادہ وصول کرنا، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(٤:٣).

تَعِیَهَا: (تَعِیَ. هَا) وہ اسے یاد رکھے، تَعِیَ، (ضرب۱۰؛ وَعٰی. یَعِیْ) وَعْیٌ (یاد کرنا، نگاہ رکھنا) سے، مضارع واحد غائب مؤنث، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(٦٩:١٢).

اَلتَّغَابُنِ: غبن دینا، غبن ظاہر کرنا، ہار جیت، ایک دوسرے کے ساتھ غبن کرنا، مصدر ہے (باب تفاعل ا)۔(٦٤:٩).

تَغْتَسِلُوْا: (حتیٰ کہ) تم غسل کرلو، (افتعال ا) اِغْتِسَالٌ سے جسکے معنی بدن دھونے کے ہیں، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(٤:٤٣).

تَغْرُبُ: وہ ڈوبتا ہے، وہ غروب ہوتا ہے، (نصر ا) غُرُوْبٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(١٨:٨٦).

تُغْرِقَ: تو غرق کر دے، تو ڈبو دے، (افعال ا) اِغْرَاقٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(١٨:٧١).

لَاتَغُرَّنَّكُمْ: (لَاتَغُرَّنَّ. كُمْ) وہ ہرگز تم کو بہکا نہ دے/ تمہیں فریب نہ دے، لَاتَغُرَّنَّ، (نصر۵؛ غَرَّ. یَغُرُّ) غُرُوْرٌ سے جس کے معنی دھوکا دینے، بہکانے، فریب دینے اور غلط طمع دلانے کے ہیں، نہی بانون تاکید ثقیلہ واحد غائب مؤنث، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(٣١:٣٣) (٣٥:٥).

تَغْشٰی: وہ ڈھانکے لیتی ہے، وہ ڈھانک لے گی، (سمع۱۱؛ غَشِیَ. یَغْشٰی) غَشْیٌ سے جسکے معنی ڈھانک لینے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث۔(١٤:٥٠).

تَغَشّٰهَا: (تَغَشّٰی. هَا) اس نے اس کو اوپر سے ڈھانک دیا، مراد مرد کا عورت سے ملنا، تَغَشّٰی، (تفعل۱۱؛ تَغَشّٰی. یَتَغَشّٰی) تَغَشٍّ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)، [مادہ؛ غشی]۔(٧:١٨٩).

تَغْفِرَ: تو بخش دے، تو معاف کر دے، (ضرب) غَفْرٌ و مَغْفِرَةٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(٧١:٧).

تَغْفِرْ: تو بخش دے، تو معاف کر دے، تو بخشے گا، (ضرب) غَفْرٌ و مَغْفِرَةٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(٥:١١٨) (١١:٤٧).

لَمْ تَغْفِرْ: تو نے نہیں بخشا، (اگر) تو نہیں بخشے گا، (ضرب) غَفْرٌ و مَغْفِرَةٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد حاضر مذکر۔(٧:٢٣).

تَغْفِرُوْا: تم بخشو، تم معاف کرو، (ضرب) غَفْرٌ و مَغْفِرَةٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر۔(٦٤:١٤).

تَغْفُلُوْنَ: تم غافل ہو/ بے خبر ہو، (نصر ا) غَفْلَةٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(٤:١٠٢).

تَغْلِبُوْنَ: تم غالب آ جاؤ، (ضرب ا) غَلَبٌ و غَلَبَةٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(٤١:٢٦).

تُغْلَبُوْنَ: تم مغلوب ہو جاؤ گے، (ضرب) غَلَبٌ و غَلَبَةٌ سے، مضارع مجہول جمع حاضر مذکر۔(٣:١٢).

لَاتَغْلُوْا: تم مبالغہ مت کرو، زیادتی نہ کرو، (نصر۷؛ غَلَا. یَغْلُوْ) غُلُوٌّ (مبالغہ کرنا، حد سے بڑھنا) سے، نہی جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ غلو]۔(٤:١٧١) (٥:٧٧).

تُغْمِضُوْا: تم چشم پوشی کرو، تساہل سے کام لو، (افعال ا) اِغْمَاضٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(٢:٢٦٧).

لَمْ تَغْنَ: وہ نہیں رہی/ نہیں بسی، (سمع۱۱؛ غَنِیَ. یَغْنٰی) غَنًی سے جسکے معنی رہنے، بسنے، مقیم ہونے کے ہیں، مضارع منفی بہ لم واحد غائب مؤنث۔(١٠:٢٤).

تُغْنِ: وہ فائدہ (نہیں) دے گی، وہ (نہیں) کام آتے، وہ کفایت (نہیں) کرتے، (افعال۱۱؛ اَغْنٰی. یُغْنِیْ) اِغْنَاءٌ (کافی ہونا، فائدہ پہنچانا) سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مؤنث، [مادہ؛ غنی]۔(٣٦:٢٣)، آیت (٥٤:٥) میں نحویوں کے نزدیک مجزوم نہیں بلکہ محلا مرفوع ہے۔

لَمْ تُغْنِ: اس نے فائدہ نہیں پہنچایا، (افعال) اِغْنَاءٌ سے،

مضارع منفی بہ لم واحد غائب مؤنث۔(۹:۲۵).

تُغْنِیْ: وہ کام آتی ہے، وہ فائدہ پہنچاتی ہے، وہ فائدہ (نہیں) دیتیں، (افعال) اِغْنَاءٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۱۰:۱۰۱) (۵۳:۲۶).

لَنْ تُغْنِیَ: وہ ہرگز کام نہ آئے گی/کفایت نہ کرے گی، وہ (مال واولاد) ہرگز کام نہ آئیں گے، (افعال) اِغْنَاءٌ سے، مضارع منفی بہ لن واحد غائب مؤنث۔(۳:۱۰، ۱۱۶) (۸:۱۹) (۵۸:۱۷).

تَغِیْضُ: وہ کم ہوتی ہے/سکڑتی ہے، وہ (پیٹ) سکڑتے ہیں، (ضرب۸:غَاضَ.یَغِیْضُ) غَیْضٌ سے جسکے معنی کم ہونے اور گھٹنے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۱۳:۸).

تَغَیُّظًا: غصہ کھانا، جھنجھلانا، مصدر ہے (باب تفعل۹؛ تَغَیَّظَ. یَتَغَیَّظُ کا)، [مادہ؛غیظ]۔(۲۵:۱۲).

تَفَاخُرٌ: خودستائی، فخر کرنا، بڑائی مارنا، اترانا، مصدر ہے (باب تفاعل۱)۔(۵۷:۲۰).

تُفْدُوْهُمْ: (تُفْدُوْا.هُمْ) تم ان کو فدیہ دے کر قید سے چھڑاتے ہو، تُفْدُوْا، (مفاعلہ۱۱:فَادٰی.یُفَادِیْ) مُفَادَاةٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)، [مادہ؛فدی]۔(۲:۸۵).

تَفٰوُتٍ: بے ضابطگی، چوک، فرق، اختلاف اور دوری ہونا، مصدر ہے (تفاعل۸؛ تَفَاوَتَ.یَتَفَاوَتُ کا)، [مادہ؛ فوت]۔ (۶۷:۳).

تَفْتَؤُا: تو ہمیشہ رہتا ہے/ ہمیشہ رہے گا، تو برابر رہتا ہے/ برابر رہے گا، (سمع۴:فَتِئَ.یَفْتَؤُ) فَتْـئٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔ فَتْئٌ کا معنی ہے رکنا، بھولنا، اور مَا فَتِئَ کا "ہمیشہ کرنا" اور یہ افعال ناقصہ سے ہے۔ یہاں فعل ناقص کے طور پر استعمال ہوا ہے، حرف نفی محذوف ہے، [مادہ؛فتا]۔(۱۲:۸۵).

تُفَتَّحُ: اسے کھولا جائے گا، (دروازے نہیں) کھولے جائیں گے، (تفعیل۱) تَفْتِیْحٌ (کھولنا) سے، مضارع مجہول واحد غائب مؤنث۔(۷:۴۰).

تَفْتَرُوْا: تم افتراء کرو، تم جھوٹ باندھ لو، (افتعال؛ اِفْتَرٰی. یَفْتَرِیْ) اِفْتِرَاءٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ فری]۔(۱۶:۱۱۶).

لَاتَفْتَرُوْا: تم افتراء نہ کرو، (افتعال) اِفْتِرَاءٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔(۲۰:۶۱).

تَفْتَرُوْنَ: تم افتراء کرتے ہو، تم جھوٹ باندھو گے، (افتعال) اِفْتِرَاءٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۱۰:۵۹) (۱۶:۵۶).

تَفْتَرِیَ: (تاکہ) تو جھوٹ باندھ لے/ افترا کرے، (افتعال) اِفْتِرَاءٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۱۷:۷۳).

تُفْتَنُوْنَ: تم آزمائے جاتے ہو/ آزمائے جاؤ گے، (ضرب۱) فَتْنٌ و فِتْنَةٌ سے، مضارع مجہول جمع حاضر مذکر۔(۲۷:۴۷).

لَاتَفْتِنِّیْ: (لَاتَفْتِنْ.نِیْ) تو مجھے فتنے میں نہ ڈال، تو مجھے گمراہی میں نہ ڈال، لَاتَفْتِنْ، (ضرب۱) فَتْنٌ و فُتُوْنٌ و فِتْنَةٌ سے جسکے معنی فتنے میں ڈالنے کے ہیں، نہی واحد حاضر مذکر، نِیْ میں ن وقایہ یْ ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔(۹:۴۹).

تَفَثٌ: میل کچیل، میل کچیل چڑھ جانا، مصدر ہے (باب سمع۱)۔

تَفَثَهُمْ: ان کا میل کچیل، تَفَثَ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۲۲:۲۹).

تَفْجُرَ: تو پھاڑ لائے، تو بہا ڈالے، (نصر۱) فَجْرٌ (پھاڑ ڈالنا، زمین کو چیر کر بہانا، رات کو پھاڑ کر صبح کرنا/ پو پھٹنا) سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۱۷:۹۰).

تُفَجِّرَ: تو پھاڑ دے/ بہا نکالے، (تفعیل۱) تَفْجِیْرٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۱۷:۹۱).

تَفْجِیْرًا: پھاڑ ڈالنا، بہا نکالنا، مصدر ہے (باب تفعیل۱)۔ (۱۷:۹۱) (۷۶:۶).

لَاتَفْرَحْ: تو مت خوش ہو، تو مت اترا، (سمع۱) فَرَحٌ (خوش ہونا،

اترانا) سے، نہی واحد حاضر مذکر۔(۷۶:۲۸)۔

لَاتَفْرَحُوْا: (کہ) تم نہ خوش ہو، تم نہ اتراؤ، (سمع) فَرَحٌ سے، مضارع منفی (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۲۳:۵۷)۔

تَفْرَحُوْنَ: تم خوش رہو، تم خوش ہوتے ہو، (سمع) فَرَحٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۳۶:۲۷) (۷۵:۴۰)۔

تَفْرِضُوْا: (لَمْ تَفْرِضُوْا) تم نے مقرر نہیں کیا، (ضرب ا) فَرْضٌ سے، مضارع منفی بہ لم جمع حاضر مذکر۔(۲۳۶:۲)۔

تَفَرَّقَ: وہ متفرق ہوا/ جدا ہوا، (تفعل ا) تَفَرُّقٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۴:۹۸)۔

تَفَرَّقَ: وہ متفرق کر دے گی، (کہ وہ راستے) جدا کر دیں گے، (تفعل) تَفَرُّقٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، اصل میں تَتَفَرَّقَ تھا، ایک تاء محذوف ہے۔(۱۵۳:۶)۔

تَفَرَّقُوْا: وہ متفرق ہوئے/ جدا ہوئے، (تفعل) تَفَرُّقٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۱۰۵:۳) (۱۴:۴۲)۔

لَاتَفَرَّقُوْا: تم مت متفرق ہو، تم آپس میں کبھی جدا نہ ہونا، (تفعل) تَفَرُّقٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر (ایک تاء محذوف ہے)۔(۱۰۳:۳)۔

تَفِرُّوْنَ: تم بھاگتے ہو، تم فرار ہوتے ہو، (ضرب ۵؛ فَرَّ۔یَفِرُّ) فِرَارٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۸:۶۲)۔

تَفْرِيْقًا: تفرقہ ڈالنا، جدا کرنا، پھوٹ ڈالنا، مصدر ہے (باب تفعیل ا)۔(۱۰۷:۹)۔

تَفَسَّحُوْا: تم کشادگی کرو، تم کھل کر بیٹھو، (تفعل ا) تَفَسُّحٌ سے جسکے معنی کھل کر بیٹھنے اور توسع یعنی کشادگی اور فراخی کرنے کے ہیں، امر جمع حاضر مذکر۔(۱۱:۵۸)۔

تُفْسِدُنَّ: (لَتُفْسِدُنَّ) تم ضرور فساد کرو گے، تم ضرور خرابی کرو گے، (افعال ا) اِفْسَادٌ سے، مضارع با نون تاکید ثقیلہ جمع حاضر مذکر۔(۴:۱۷)۔

تُفْسِدُوْا: تم فساد کرو، تم خرابی کرو، (افعال) اِفْسَادٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۲۲:۴۷)۔

لَاتُفْسِدُوْا: تم مت فساد کرو، (افعال) اِفْسَادٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔(۱۱:۲) (۵۶:۷، ۸۵)۔

تَفْسُقُوْنَ: تم بدکاری کرتے ہو، تم فسق کرتے ہو، تم بے حکمی کرتے ہو، (نصر ا) فِسْقٌ و فُسُوْقٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۲۰:۴۶)۔

تَفْسِيْرًا: کھول کر بیان کرنا، مصدر ہے (باب تفعیل ا)۔ تفسیر کا استعمال مفردات الفاظ اور غریب لفظوں کی تشریح کے لیے بھی ہوتا ہے اور تاویل کے لیے بھی، چنانچہ خواب کی تعبیر کو عربی میں تفسیر بھی کہتے ہیں اور تاویل بھی۔(۳۳:۲۵)۔

تَفْشَلَا: وہ دونوں بزدلی دکھائیں/ نامردی کریں/ جی چھوڑ دیں، (سمع ا) فَشَلٌ (بزدلی کرنا، بددل ہونا) سے، مضارع (منصوب) تثنیہ غائب مؤنث۔(۱۲۲:۳)۔

تَفْشَلُوْا: تم بزدل ہو جاؤ گے، سست ہو جاؤ گے، نامراد ہو جاؤ گے، (سمع) فَشَلٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۴۶:۸)۔

تَفْصِيْلَ: تفصیل، بیان، تشریح، کھولنا، ظاہر کرنا، کھول کر بیان کرنا، مصدر ہے (باب تفعیل ا)۔ (۳۷:۱۰) (۱۱۱:۱۲)، تَفْصِيْلًا (۱۵۴:۶) (۱۴۵:۷) (۱۲:۱۷)۔

لَاتَفْضَحُوْنِ: (لَاتَفْضَحُوْا۔نِ) تم مجھے رسوا نہ کرو، تم مجھے فضیحت نہ کرو، لَاتَفْضَحُوْا، (فتح ا) فَضْحٌ سے جسکے معنی رسوا کرنے کے ہیں، نہی جمع حاضر مذکر، نِ (اصل میں نِیْ) میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف۔(۶۸:۱۵)۔

تَفْضِيْلًا: بزرگی دینا، فضیلت دینا، مصدر ہے (باب تفعیل ا)۔(۲۱:۱۷، ۷۰)۔

لَمْ تَفْعَلْ: تو نہ کرے، تو نے نہ کیا، (فتح) فِعْلٌ سے، مضارع منفی

بہ لَم واحد حاضر مذکر۔(۶۷:۵).

تَفْعَلُوْا: تم کرو، تم کرتے ہو، تم کرو گے، (فتح) فَعْلٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، عامل کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا۔ (۲:۱۹۷، ۲۱۵، ۲۸۲) (۴:۱۲۷) (۳۳:۶).

لَمْ تَفْعَلُوْا: تم نے نہیں کیا، تم نہیں کرو گے، (فتح) فَعْلٌ سے، مضارع منفی بہ لَم جمع حاضر مذکر۔(۲:۲۴، ۲۷۹) (۵۸:۱۳).

لَنْ تَفْعَلُوْا: تم ہرگز نہ کرسکو گے، (فتح) فَعْلٌ سے، مضارع منفی بہ لَن جمع حاضر مذکر۔(۲:۲۴).

تَفْعَلُوْنَ: تم کرتے ہو، تم کرو گے، تم کرو، (فتح) فَعْلٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۱۶:۹۱) (۲۷:۸۸) (۴۲:۲۵) (۶۱:۲، ۳) (۸۲:۱۲).

تَفْعَلُوْهُ: (تَفْعَلُوْا. هُ) تم اس کو کرو گے، تَفْعَلُوْا، (فتح) فَعْلٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر، ہُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۸:۷۳).

تَفَقَّدَ: اس نے خبر لی/جستجو کی، (تفعل ۱) تَفَقُّدٌ سے جس کے معنی گم شدہ چیز کو تلاش کرنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۲۷:۲۰).

تَفْقِدُوْنَ: تم گم کر رہے ہو/کھو رہے ہو، (ضرب ۱) فَقْدٌ سے جسکے معنی گم کرنے اور کھو دینے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۱۲:۷۱).

تَفْقَهُوْنَ: تم سمجھتے ہو، (سمع ۱) فِقْهٌ سے جسکے معنی سمجھنے، دریافت کرنے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۱۷:۴۴).

تَفَكَّهُوْنَ: تم باتیں بناتے ہو/ باتیں بناؤ گے، تم تعجب کرتے ہو/تعجب کرو گے، (تفعل ۱) تَفَكُّهٌ سے جسکے معنی تعجب کرنے، پشیمان ہونے اور باتیں بنانے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر۔ یہ اصل میں تَتَفَكَّهُوْنَ تھا، ایک تاء حذف ہوگئی۔(۵۶:۶۵).

لَنْ تُفْلِحُوْا: تم ہرگز نہیں فلاح پاؤ گے، (افعال ۱) اِفْلَاحٌ سے، مضارع منفی بہ لن جمع حاضر مذکر۔(۱۸:۲۰).

تُفْلِحُوْنَ: تمہارا بھلا ہو، تم فلاح پاؤ، (افعال) اِفْلَاحٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۲:۱۸۹) (۳:۱۳۰، ۲۰۰) (۵:۳۵، ۹۰، ۱۰۰) (۷:۶۹) (۸:۴۵) (۲۲:۷۷) (۲۴:۳۱) (۶۲:۱۰).

تُفَنِّدُوْنِ: (تُفَنِّدُوْا. نِ) تم مجھے نقصان عقل بتاؤ، تم مجھے بہکا ہوا جانو، تُفَنِّدُوْا، (تفعیل ۱) تَفْنِيْدٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر، نِ (اصل میں نِیْ) میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف ہے۔ تَفْنِيْد کے معنی جھوٹ، کمزوری، عاجزی، جہالت اور غم کی طرف منسوب کرنے کے ہیں یہاں نقصان عقل کی طرف منسوب کرنا مراد ہے۔(۱۲:۹۴).

تَفُوْرُ: وہ اچھلتی ہوگی، جوش مارتی ہوگی، (نصر ۶؛ فَارَ. يَفُوْرُ) فَوْرٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۶۷:۷).

تَفِيْءَ: وہ رجوع کرے، وہ لوٹ آئے، وہ پھر آئے، (ضرب ۴+۸؛ فَاءَ. يَفِيْءُ) فَيْءٌ سے جسکے معنی اچھی حالت کی طرف رجوع کرنے اور پھرنے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۴۹:۹).

تَفِيْضُ: وہ بہتی ہے، جاری رہتی ہے، (ضرب ۸؛ فَاضَ. يَفِيْضُ) فَيْضٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ اگر یہ آنسو اور پانی کیلئے استعمال ہو تو جاری یا بہنے کے معنی آتے ہیں۔(۵:۸۳) (۹:۹۲).

تُفِيْضُوْنَ: تم گھستے ہو/ لگتے ہو، (افعال ۹؛ اَفَاضَ. يُفِيْضُ) اِفَاضَةٌ سے، اس کا استعمال جب باتوں کے متعلق ہو تو اس کے معنی خوض کرنے اور مشغول ہونے کے آتے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر، [مادہ: فیض]۔(۱۰:۶۱) (۴۶:۸).

تَقِ: تو بچائے، تو بچاتا ہے، تو بچائے گا، (ضرب ۱۰؛ وَقٰى. يَقِيْ) وَقْيٌ و وِقَايَةٌ سے جس کے معنی نگاہ رکھنے، حفاظت کرنے اور بچانے کے ہیں، مضارع (مجزوم) واحد حاضر مذکر۔(۴۰:۹).

تُقَاتِلُ: وہ لڑتی ہے، (گروہ) لڑ رہا تھا، (مفاعلہ ا) مُقَاتَلَۃٌ و قِتَالٌ (لڑنا، باہم قتل کرنا) سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۳:۱۳).

تُقَاتِلُوْا: تم قتال کرو، (مفاعلہ) مُقَاتَلَۃٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۲:۲۴۶).

لَنْ تُقَاتِلُوْا: تم ہرگز نہیں لڑو گے، (مفاعلہ) مُقَاتَلَۃٌ سے، مضارع منفی بہ لن جمع حاضر مذکر۔(۹:۸۳).

تُقَاتِلُوْنَ: تم لڑتے ہو، تم جنگ (نہیں) کرتے، (مفاعلہ) مُقَاتَلَۃٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۴:۷۵) (۹:۱۳).

تُقَاتِلُوْنَهُمْ: (تُقَاتِلُوْنَ.هُمْ) تم ان سے لڑو گے، تم ان سے جنگ کرو گے، تُقَاتِلُوْنَ، (مفاعلہ) مُقَاتَلَۃٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۴۸:۱۶).

لَاتُقٰتِلُوْهُمْ: (لَاتُقٰتِلُوْا.هُمْ) تم ان سے نہ لڑو، لَاتُقٰتِلُوْا، (مفاعلہ) مُقَاتَلَۃٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۲:۱۹۱).

تُقٰـةً: بچنا، ڈرنا، پرہیز گاری، پرہیز کرنا، مصدر ہے (ضرب ۱۰؛ وَقٰى.يَقِىْ کا)۔ یہ اصل میں وَقَاةٌ تھا، واؤ کو تاء سے بدل دیا گیا، [مادہ: وقى]۔(۳:۲۸).

تُقٰتِهٖ: (تُقَاةِ.هٖ) اس سے ڈرنا، اس سے حفاظت کرنا، اس سے بچنا، تُقَاةِ (مصدر، باب ضرب) مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۳:۱۰۲).

تَقَاسَمُوْا: تم آپس میں قسم کھاؤ، (تفاعل ا) تَقَاسُمٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(۲۷:۴۹).

تُقْبَلَ: وہ قبول کی جائے، وہ (صدقے) قبول کیے جائیں، (سمع ا) قَبُوْلٌ سے، مضارع مجہول واحد غائب مؤنث۔ (۹:۵۴).

لَنْ تُقْبَلَ: وہ ہرگز قبول نہ کی جائے گی، (سمع) قَبُوْلٌ سے، مضارع مجہول منفی بہ لن واحد غائب مؤنث۔(۳:۹۰).

تَقَبَّلْ: تو قبول کر، (تفعل ا) تَقَبُّلٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (۲:۱۲۷) (۳:۳۵) (۱۴:۴۰).

تُقُبِّلَ: قبول کی گئی، (تفعل) تَقَبُّلٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔(۵:۲۷، ۳۶).

لَاتَقْبَلُوْا: تم قبول نہ کرو، تم نہ مانو، (سمع) قَبُوْلٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔(۲۴:۴).

تَقَبَّلَهَا: (تَقَبَّلَ.هَا) اس نے اسے قبول فرمایا، تَقَبَّلَ، (تفعل) تَقَبُّلٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(۳:۳۷).

تَقْتُلَنِىْ: (تَقْتُلَ.نِىْ) تو مجھے قتل کر دے، تو مجھے مار ڈالے، تَقْتُلَ، (نصر) قَتْلٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، نِىْ میں ن وقایہ اور ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔(۵:۲۸) (۲۸:۱۹).

لَاتَقْتُلُوْا: تم مت قتل کرو، تم نہ مار ڈالو، (نصر) قَتْلٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔ (۴:۲۹) (۵:۹۵) (۶:۱۵۱، ۱۵۱) (۱۲:۱۰) (۱۷:۳۱، ۳۳).

تَقْتُلُوْنَ: تم قتل کرتے ہو، تم قتل کرو گے، (نصر) قَتْلٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۲:۸۵، ۸۷، ۹۱) (۳۳:۲۶) (۴۰:۲۸).

لَاتَقْتُلُوْهُ: (لَاتَقْتُلُوْا.هُ) تم اس کو مت قتل کرو، لَاتَقْتُلُوْا، (نصر) قَتْلٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۲۸:۹).

لَمْ تَقْتُلُوْهُمْ: (لَمْ تَقْتُلُوْا.هُمْ) تم نے انہیں قتل کیا، لَمْ تَقْتُلُوْا، (نصر) قَتْلٌ سے، مضارع منفی بہ لم جمع حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۸:۱۷).

تَقْتِيْلًا: خوب قتل کرنا، خوب ذلیل کرنا، اچھی طرح سے تاراج کرنا، مصدر ہے (باب تفعیل ا)۔(۳۳:۶۱).

تَقْدِرُوْا: (کہ) تم قادر ہو/ قابو پاؤ، تمہارا ہاتھ پڑے، (ضرب ا) قُدْرَةٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔ (۳٤:۵).

لَمْ تَقْدِرُوْا: تم قادر نہیں ہوئے، تم قدرت نہیں رکھتے تھے، (ضرب) قُدْرَةٌ سے، مضارع منفی بہ لم جمع حاضر مذکر۔ (۲۱:٤۸).

تَقَدَّمَ: پہلے ہوا، آگے گزرا، سابق میں ہو چکا، (تفعّل ا) تَقَدُّمٌ سے جسکے معنی اصل میں تو قدم بڑھانے کے ہیں اور اسی اعتبار سے آگے بڑھنے اور پہلے ہونے اور سابق میں گزرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۲:٤۸).

تُقَدِّمُوْا: تم آگے بھیجو گے، (تفعیل ا) تَقْدِيْمٌ (آگے بڑھنا، پہلے پیش کرنا، پہلے کرنا) سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر۔ (۲:۱۱۰) (۷۳:۲۰).

تُقَدِّمُوْا: تم آگے بھیجو، تم آگے بڑھو، (تفعیل) تَقْدِيْمٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔ (۵۸:۱۳).

لَاتُقَدِّمُوْا: تم آگے نہ بڑھو، (تفعیل) تَقْدِيْمٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔ (٤۹:۱).

تَقْدِيْرًا: تقدیر، اندازہ کرنا، مصدر ہے (باب تفعیل ا)۔ قَدْرٌ اور تَقْدِيْرٌ دونوں کے معنی ہیں کسی چیز کی کمیت اور مقدار کا بیان کرنا۔ تقدیر کا استعمال قدرت عطا کرنے کے معنی میں بھی ہوتا ہے۔ (۲۵:۲) (۷٦:۱٦)، تَقْدِيْرُ (٦:۹٦) (۳٦:۳۸) (٤۱:۱۲).

تَقَرَّ: وہ ٹھنڈی رہے، (سمع ۵؛قَرَّ.یَقَرُّ) قُرَّةٌ و قُرُوْرٌ (ٹھنڈا ہونا/ روشن ہونا، مراد حاصل ہونا) سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۲۰:٤۰) (۲۸:۱۳) (۳۳:۵۱).

تَقْرَاَهٗ: (تَقْرَاَ.هٗ) (تا کہ) تو اسے پڑھے، تَقْرَاَ، (فتح) قِرَاءَةٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)، [مادہ؛قرا]۔ (۱۷:۱۰٦).

لَاتَقْرَبَا: تم دونوں قریب مت جانا، تم پاس بھی نہ پھٹکنا، (سمع ا) قُرْبٌ سے، نہی تثنیہ حاضر مذکر۔ (۲:۳۵) (۷:۱۹).

تُقَرِّبُكُمْ: (تُقَرِّبُ.كُمْ) وہ تمہیں قریب کرتی ہے، وہ تم کو نزدیک کرے، تمہیں مقرب بنا دے، تُقَرِّبُ، (تفعیل ا) تَقْرِيْبٌ (قریب کرنا، نزدیک کرنا) سے، مضارع واحد غائب مؤنث، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۳٤:۳۷).

لَاتَقْرَبُوْا: تم مت قریب ہو/ نہ نزدیک ہو، تم پاس نہ پھٹکو، (سمع) قُرْبٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔ (٤:٤۳) (٦:۱۵۱، ۱۵۲) (۱۷:۳۲، ۳٤).

لَاتَقْرَبُوْنِ: (لَاتَقْرَبُوْا.نِ) تم میرے پاس نہ آنا، لَاتَقْرَبُوْا، (سمع) قُرْبٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر، نِ (اصل میں نِیْ) میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف۔ (۱۲:٦۰).

لَاتَقْرَبُوْهَا: (لَاتَقْرَبُوْا.هَا) تم اس کے مت قریب ہو/ اس کے نہ نزدیک ہو، تم اس کے پاس نہ پھٹکو، لَاتَقْرَبُوْا، (سمع) قُرْبٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۲:۱۸۷).

لَاتَقْرَبُوْهُنَّ: (لَاتَقْرَبُوْا.هُنَّ) تم ان کے قریب نہ جاؤ، لَاتَقْرَبُوْا، (سمع) قُرْبٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر، هُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)۔ یہاں مراد جماع کا کنایہ ہے۔ (۲:۲۲۲).

تُقْرِضُوْا: تم قرض دو گے، (افعال ا) اِقْرَاضٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر۔ (٦٤:۱۷).

تَقْرِضُهُمْ: (تَقْرِضُ.هُمْ) وہ ان سے کترا جاتی ہے، تَقْرِضُ، (ضرب) قَرْضٌ سے بمعنی کترانا، قطع کرنا، مضارع واحد غائب مؤنث، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۱۸:۱۷).

تُقْسِطُوْا: تم انصاف کرو، تم انصاف کرو گے، (افعال ا) اِقْسَاطٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔ (٤:۳) (٦۰:۸).

لَاتُقْسِمُوْا: تم قسم مت کھاؤ، (افعال ا) اِقْسَامٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔ (۲٤:۵۳).

تَقْشَعِرُّ: وہ لرزنے لگتی ہے، اس کا رواں کھڑا ہو جاتا ہے، (افعلال ا) اِقْشِعْرَارٌ (کانپنا، لرزنا، رواں رواں کھڑا ہو جانا) سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۳۹: ۲۳).

تَقْصُرُوْا: (کہ) تم (نماز) کم کرو، (نصرا) قَصْرٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔ (۴: ۱۰۱).

لَاتَقْصُصْ: تو بیان نہ کر، ذکر نہ کرنا، (نصر۵؛ قَصَّ. یَقُصُّ) قَصَصٌ (کسی کو خبر دینا) سے، نہی واحد حاضر مذکر۔ (۱۲: ۵).

تَقْضِیْ: تو حکم کرے گا، (ضرب۹؛ قَضٰی. یَقْضِیْ) قَضَاءٌ (پورا کرنا، ادا کرنا، نافذ کرنا، فیصلہ کرنا) سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔ (۲۰: ۷۲).

تَقَطَّعَ: کٹ گیا، منقطع ہوا، ٹوٹ گیا، پارہ پارہ ہو گیا، (تفعل ا) تَقَطُّعٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۶: ۹۴).

تَقَطَّعَ: پارہ پارہ ہو جائے/ ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے، (تفعل) تَقَطُّعٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، اصل میں تَتَقَطَّعَ تھا، ایک تا محذوف ہو گئی۔ (۹: ۱۱۰).

تُقَطَّعَ: (ہاتھ) کاٹے جائیں، (تفعیل ا) تَقْطِیْعٌ سے، مضارع مجہول واحد غائب مؤنث۔ (۵: ۳۳).

تَقَطَّعَتْ: ٹوٹ گئی، کٹ گئی، پارہ پارہ ہوئی، (تعلقات) ٹوٹ گئے (ٹوٹ جائیں گے)، (تفعل) تَقَطُّعٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔ (۲: ۱۶۶).

تُقَطِّعُوْا: تم کاٹو گے، (کہ) تم توڑ ڈالو، (تفعیل) تَقْطِیْعٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔ (۴۷: ۲۲).

تَقَطَّعُوْا: انہوں نے کاٹ دیا/ توڑ دیا، انہوں نے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا، (تفعل) تَقَطُّعٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۲۱: ۹۳) (۲۳: ۵۳).

تَقْطَعُوْنَ: تم کاٹتے ہو/ قطع کرتے ہو، (فتح ا) قَطْعٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ قطع سبیل کے دو معنی ہیں، ایک چل کر راہ طے کرنا، دوسرے راہ گیروں کو لوٹنا اور رہزنی کرنا۔ آیت میں قطع راہ سے یا تو یہ مراد ہے کہ قزاقی اور رہزنی ان کا دستور تھا یا بدکاری اور لواطت کے ذریعہ لوگوں کی راہ مارتے تھے کہ اس طرف سے ہو کر نہ نکلیں۔ (۲۹: ۲۹).

تَقَعَ: وہ گر پڑے، (فتح۵؛ وَقَعَ. یَقَعُ) وُقُوْعٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، [مادہ؛ وقع]۔ (۲۲: ۶۵).

تَقْعُدَ: تو بیٹھ رہے گا، (نصرا) قُعُوْدٌ (بیٹھ رہنا، کھڑے سے بیٹھنا) سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔ (۱۷: ۲۲، ۲۹).

لَاتَقْعُدْ: تو مت بیٹھ، (نصر) قُعُوْدٌ سے، نہی واحد حاضر مذکر۔ (۶: ۶۸).

لَاتَقْعُدُوْا: مت بیٹھو، (نصر) قُعُوْدٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔ (۴: ۱۴۰) (۷: ۸۶).

لَاتَقْفُ: تو پیچھے نہ چل، مت پیچھے پڑ، (نصر۷؛ قَفَا. یَقْفُوْ) قَفْوٌ (پیچھے پیچھے چلنا) سے، نہی واحد حاضر مذکر۔ (۱۷: ۳۶).

لَاتَقُلْ: تو مت کہہ، (نصر۶؛ قَالَ. یَقُوْلُ) قَوْلٌ (کوئی بات کہنا، بولنا) سے، نہی واحد حاضر مذکر۔ (۱۷: ۲۳).

تَقَلُّبُ: پھرنا، پھر پھر جانا، آنا جانا، (مضاف) مصدر ہے (باب تفعل ا)۔ (۳: ۱۹۶)، تَقَلُّبَ (۲: ۱۴۴).

تُقَلَّبُ: اوندھی ڈالی جائے گی، پھیری جائے گی، (منہ ان کے) اوندھے ڈالے جائیں گے/ الٹائے جائیں گے، (تفعیل ا) تَقْلِیْبٌ سے جس کے معنی کسی چیز کے ایک حال سے دوسرے حال پر متغیر کرنے اور پلٹنے کے ہیں، مضارع مجہول واحد غائب مؤنث۔ (۳۳: ۶۶).

تَقَلُّبَكَ: (تَقَلُّبَ. كَ) تیرا پھرنا، تیرا آنا جانا، تَقَلُّبَ (مصدر، باب تفعل) مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۲۶: ۲۱۹).

تُقْلَبُوْنَ: تم پھیرے جاؤ گے، (ضرب ا) قَلْبٌ سے جسکے معنی پھیرنے اور ایک رخ سے دوسرے رخ کرنے کے ہیں، مضارع

مجہول جمع حاضر مذکر۔(۲۱:۲۹).

تَقَلُّبِهِمْ: (تَقَلُّب.هِمْ) ان کی آمد و شد، ان کا چلنا پھرنا، تَقَلُّبِ (مصدر ہے بروزن تفعل) مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۱۶:۴۶)، تَقَلُّبَهُمْ (۴۰:۴).

تَقُمْ: (لِتَقُمْ) چاہیے کہ وہ کھڑی ہو، (نصر۶؛ قَامَ.يَقُوْمُ) قِيَامٌ سے، امر واحد غائب مؤنث، [مادہ: قوم]۔(۴:۱۰۲).

لَا تَقُمْ: تو مت کھڑا ہو، (نصر) قِيَامٌ سے، نہی واحد حاضر مذکر۔(۹:۸۴، ۱۰۸).

لَا تَقْنَطُوْا: تم آس مت توڑو، تم ناامید نہ ہو، (سمع۱) قُنُوْطٌ سے جس کے معنی خیر سے مایوس ہونے اور ناامید ہونے کے ہیں، نہی جمع حاضر مذکر۔(۳۹:۵۳).

التَّقْوٰى: پرہیزگاری، بچنا، [مادہ: وقی]، اِتِّقَاءٌ سے اسم ہے۔ اس کے اصل معنی ہیں نفس کو ہر اس چیز سے بچانا اور حفاظت میں رکھنا جس کا خوف ہو یا دوسرے الفاظ میں جس چیز سے ضرر پہنچنے کا اندیشہ ہو اس سے اپنے آپ کو بچانا اور محفوظ رکھنا۔ شریعت میں تقوٰی کا مطلب یہ ہے کہ نفس کو ہر اس چیز سے بچانا جو گناہ کی طرف لے جائے۔ پس گناہوں کے برے اثرات اور بری جزا سے ڈر رکھتے ہوئے ان سے بچنا تقوٰی کہلاتا ہے۔(۲:۱۹۷، ۲۳۷) (۵:۲، ۸) (۷:۲۶) (۹:۱۰۸) (۲۰:۱۳۲) (۲۲:۳۷) (۴۸:۲۶) (۴۹:۳) (۵۸:۹) (۷۴:۵۶) (۹۶:۱۲)، تَقْوٰى (۹:۱۰۹) (۲۲:۳۲).

تَقْوٰىهَا: (تَقْوٰى.هَا) اس کا تقوٰی، اس کی پرہیزگاری، تَقْوٰى مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۹۱:۸).

تَقْوٰىهُمْ: (تَقْوٰى.هُمْ) ان کی پرہیزگاری، تَقْوٰى مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۴۷:۱۷).

تَقُوْلُ: تو کہتا ہے، تو کہے گا، تو کہے، (نصر۶) قَوْلٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۳:۱۲۴) (۴:۸۱) (۱۱:۹۱) (۳۳:۳۷)، تَقُوْلَ (۲۰:۹۴، ۹۷).

تَقُوْلُ: وہ کہتی ہے، وہ کہے گی، وہ کہے، (نصر) قَوْلٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۲۰:۴۰) (۳۰:۵۰)، تَقُوْلَ (۳۹:۵۶، ۵۷، ۵۸).

لَنْ تَقُوْلَ: وہ ہرگز نہیں کہے گی، (انسان اور جن) ہرگز نہیں کہیں گے، (نصر) قَوْلٌ سے، مضارع منفی بہ لن واحد غائب مؤنث۔(۷۲:۵).

تَقَوَّلَ: اس نے بنا لیا/ باندھ لیا/ گھڑ لیا، (تفعل۸؛ تَقَوَّلَ.يَتَقَوَّلُ) تَقَوُّلٌ سے جس کے معنی اپنے پاس سے گھڑ کر دوسرے کی طرف سے کہہ دینے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ: قول]۔(۶۹:۴۴).

لَا تَقُوْلَنَّ: تو یقیناً نہیں کہے گا، تو مت کہہ، (نصر) قَوْلٌ سے، نہی با نون تاکید ثقیلہ واحد حاضر مذکر۔(۱۸:۲۳).

تَقُوْلُوْا: تم کہو، تم کہنے لگو، تم کہتے ہو/ کہو گے، (نصر) قَوْلٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۲:۱۶۹، ۲۳۵) (۵:۱۹) (۶:۱۵۶، ۱۵۷) (۷:۳۳، ۱۷۲، ۱۷۳) (۴۳:۱۳) (۶۱:۳).

لَا تَقُوْلُوْا: تم نہ کہو، (نصر) قَوْلٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔(۲:۱۰۴، ۱۵۴) (۴:۹۴، ۱۷۱، ۱۷۱) (۱۶:۱۱۶).

تَقُوْلُوْنَ: تم کہتے ہو/ کہو گے، (نصر) قَوْلٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۲:۸۰، ۱۴۰) (۴:۴۳) (۶:۹۳) (۷:۲۸) (۱۰:۶۸، ۷۷) (۱۷:۴۰) (۲۴:۱۵) (۲۵:۱۹) (۶۱:۲).

تَقَوَّلَهٗ: (تَقَوَّلَ.هٗ) اس نے اس کو بنا لیا ہے/ اسے گھڑ لیا ہے، تَقَوَّلَ، (تفعل) تَقَوُّلٌ (بات گھڑنا، جھوٹ تھوپنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۵۲:۳۳).

تَقُوْمُ: تو کھڑا ہوتا ہے، تو اٹھتا ہے، تو کھڑا ہوگا، تو کھڑا ہو، تو اٹھے، (نصر: قَامَ.يَقُوْمُ) قِيَامٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، [مادہ: قوم]۔(۲۶:۲۱۸) (۵۲:۴۸) (۷۳:۲۰)، تَقُوْمَ

(۱۰۸:۹) (۳۹:۲۷).

تَقُوْمُ: وہ کھڑی ہوتی ہے/کھڑی ہوگی، وہ قائم ہوگی، (نصر)قِیَامٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۳۰: ۱۲، ۱۴، ۵۵) (۴۰: ۴۶) (۴۵: ۲۷)، تَقُوْمَ (وہ کھڑے ہیں، وہ قائم ہیں) (۳۰: ۲۵).

تَقُوْمُوْا: تم کھڑے رہو، تم قائم رہو، تم قیام کرو، تم کھڑے ہو جاؤ، (نصر) قِیَامٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔ (۴: ۱۲۷) (۳۴: ۴۶).

تَقْوِیْمٍ: درست کرنا، ٹھیک کرنا، مصدر ہے (باب تفعیل ۸: قَوَّمَ.یُقَوِّمُ کا)،[مادہ:قوم]۔(۹۵: ۴).

لَاتَقْهَرْ: تو مت دبا، تو ذلیل نہ کر، تو ستم نہ کر، (فتح ۱)قَهْرٌ (غلبہ کرنا، دبانا، ستم کرنا، ذلیل کرنا) سے، نہی واحد حاضر مذکر۔ (۹۳: ۹).

تَقِیًّا: پرہیزگار، متقی، (ضرب؛وَقٰی.یَقِیْ)وِقَایَةٌ سے جس کے معنی ہر اس چیز سے حفاظت کرنے کے ہیں جو ایذا دے یا ضرر رساں ہو، صفت مشبہ مفرد، اَتْقِیَاءُ جمع۔ یہاں واؤ کو تاء سے بدل دیا گیا ہے، [مادہ:وقی]۔(۱۹: ۱۳، ۱۸، ۶۳).

تَقِیْکُمْ: (تَقِیْ. کُمْ)وہ تمہیں بچاتی ہے، تمہیں (کرتے) بچاتے ہیں، تَقِیْ، (ضرب؛وَقٰی.یَقِیْ)وِقَایَةٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۱۶: ۸۱، ۸۱).

تُقِیْمُوْا: تم قائم کرو، (افعال؛اَقَامَ.یُقِیْمُ) اِقَامَةٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر، [مادہ:قوم]۔(۵: ۶۸).

تَكُ: وہ ہو گی/ ہو، (نصر ۶؛ کَانَ.یَکُوْنُ) کَوْنٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مؤنث، یہ اصل میں تَکُنْ ہونا چاہیے تھا بسبب اِنْ (جازم مضارع)، لیکن یہاں خلاف قیاس نون کو بھی تخفیف کیلئے حذف کر دیا گیا ہے۔(۴: ۴۰) (۳۱: ۱۶).

لَاتَكُ: تو نہ ہو، تو مت ہو، (نصر) کَوْنٌ سے، نہی واحد حاضر مذکر۔(۱۱: ۱۷، ۱۰۹) (۱۶: ۱۲۷).

لَمْ تَكُ: تو نہیں تھا، تو نہیں ہوا، نہیں تھے، (نصر) کَوْنٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد حاضر مذکر۔(۱۹: ۹) (۴۰: ۵۰).

تَكَاثُرُ: بہتات، زیادہ کی طلبی، بہتات کی حرص۔ دولت وجاہ، عزت ومرتبہ، مال اور اولاد کی کثرت کیلئے جھگڑنا، مصدر ہے (باب تفاعل ۱)۔(۵۷: ۲۰)، التَّکَاثُرُ (۱۰۲: ۱).

تَكَادُ: قریب ہے، نزدیک ہے، (سمع ۸: کَادَ.یَکَادُ) کَوْدٌ (کام کرنے کے نزدیک ہونا) سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۱۹: ۹۰) (۴۲: ۵) (۶۷: ۸).

تُكَبِّرُوْا: تم بڑائی بیان کرو، تم تعظیم کرو، (تفعیل ۱) تَکْبِیْرٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۲: ۱۸۵) (۲۲: ۳۷).

تَكْبِیْرًا: بڑائی بیان کرنا، تعظیم کرنا، بڑا سمجھنا، اللہ کی تعظیم کا اظہار کرنا، مصدر ہے (باب تفعیل ۱)۔(۱۷: ۱۱۱).

تُكْتَبُ: لکھی جائے گی، (نصر ۱) کَتْبٌ و کِتَابَةٌ سے، مضارع مجہول واحد غائب مؤنث۔(۴۳: ۱۹).

تَكْتُبُوْهُ: (تَكْتُبُوْا.هُ) تم اس کو لکھو، تَكْتُبُوْا، (نصر) کَتْبٌ و کِتَابَةٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۲: ۲۸۲).

تَكْتُبُوْهَا: (تَكْتُبُوْا.هَا) تم اس کو (نہ) لکھو، تَكْتُبُوْا، (نصر) کَتْبٌ و کِتَابَةٌ سے، مضارع (منصوب منفی) جمع حاضر مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(۲: ۲۸۲).

لَاتَكْتُمُوْا: تم مت چھپاؤ، (نصر ۱) کَتْمٌ و کِتْمَانٌ سے جسکے معنی کسی چیز کو چھپانے کے ہیں، نہی جمع حاضر مذکر۔(۲: ۴۲، ۲۸۳).

تَكْتُمُوْنَ: تم چھپاتے ہو، (نصر) کِتْمَانٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۲: ۳۳، ۷۲) (۳: ۷۱) (۵: ۹۹) (۲۱: ۱۱۰) (۲۴: ۲۹).

تَکْتُمُوْنَهٗ: (تَکْتُمُوْنَ.ہٗ) تم اس کو (نہیں) چھپاؤ گے، تَکْتُمُوْنَ، (نصر) کِتْمَانٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۱۸۷:۳).

تُکَذِّبٰنِ: تم دونوں (جن و انس) جھٹلاتے ہو/ جھٹلاؤ گے، (تفعیل ا) تَکْذِیْبٌ سے، مضارع تثنیہ حاضر مذکر۔ (۱۳:۵۵، ۱۶، ۱۸، ۲۱، ۲۳، ۲۵، ۲۸، ۳۰، ۳۲، ۳۴، ۳۶، ۳۸، ۴۰، ۴۲، ۴۵، ۴۷، ۴۹، ۵۱، ۵۳، ۵۵، ۵۷، ۵۹، ۶۱، ۶۳، ۶۵، ۶۷، ۶۹، ۷۱، ۷۳، ۷۵، ۷۷).

تُکَذِّبُوْا: تم جھٹلاؤ/ جھٹلاؤ گے، (تفعیل) تَکْذِیْبٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر۔ (۱۸:۲۹).

تَکْذِبُوْنَ: تم جھوٹ بولتے ہو، تم جھوٹے ہو، (ضرب ا) کَذِبٌ و کِذْبٌ (جھوٹ بولنا، افتراء کرنا، جھوٹا ہونا) سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۱۵:۳۶).

تُکَذِّبُوْنَ: تم جھٹلاتے ہو/ جھٹلاؤ گے، تم تکذیب کرتے ہو، (تفعیل) تَکْذِیْبٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۱۰۵:۲۳) (۲۰:۳۲) (۴۲:۳۴) (۲۱:۳۷) (۱۴:۵۲) (۸۲:۵۶) (۲۹:۷۷) (۹:۸۲) (۱۷:۸۳).

تَکْذِیْبٍ: جھٹلانا، جھوٹ کی طرف منسوب کرنا، مصدر (تفعیل ا)۔ (۱۹:۸۵).

تُکْرِمُوْنَ: تم عزت کرتے ہو، حرمت کرتے ہو، (افعال ا) اِکْرَامٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۱۷:۸۹).

تُکْرِہُ: تو زبردستی کرتا ہے/ زور کرے گا/ جبر کرے گا، (افعال ا) اِکْرَاہٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔ (۹۹:۱۰).

تَکْرَهُوْا: تم کو ناپسند ہو، تم کو بری لگے، (سمع ا: کَرِہَ یَکْرَہُ) کُرْہٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔ (۲۱۶:۲) (۱۹:۴).

لَاتُکْرِهُوْا: تم زبردستی نہ کرو، تم مجبور نہ کرو، (افعال ا) اِکْرَاہٌ سے جس کے معنی انسان کو کسی ایسے کام کے کرنے پر مجبور کرنے کے ہیں جو اس کو ناپسند ہو، نہی جمع حاضر مذکر۔ (۳۳:۲۴).

تَکْسِبُ: وہ کماتی ہے، وہ کمائے گی، کماتا ہے/ کمائے گا، (ضرب ا) کَسْبٌ (کمانا) سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۱۶۴:۶) (۱۳:۴۲) (۳۴:۳۱).

تَکْسِبُوْنَ: تم کماتے ہو، تم کماؤ گے، (ضرب) کَسْبٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۳:۶) (۳۹:۷) (۵۲:۱۰) (۲۴:۳۹).

لَاتَکْفُرْ: تو کفر نہ کر، تو کافر نہ ہو، (نصر) کُفْرٌ سے، نہی واحد حاضر مذکر۔ (۱۰۲:۲).

تَکْفُرُوْا: تم کفر کرو گے/ منکر ہو گے، تم کفر کرتے ہو/ منکر ہوتے ہو، (نصر) کُفْرٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر۔ کفر تین قسم کا ہے: ۱) کفر جہلی، جس کی وجہ آیات و دلائل کی طرف کان نہ لگانا اور غور و فکر سے کام نہ لینا ہے، یہ عام آدمی کا کفر ہے، کیونکہ اکثر عوام اس کا شعور ہی نہیں رکھتے کہ ان پر کون سے عقائد کا جاننا ضروری ہے بلکہ بعض تو شہادت کے کلمے کے معنی سے یکسر ناواقف ہیں اور اللہ اور اس کے رسول میں تمیز نہیں کرتے۔ ۲) دوسری قسم کفر جحودی ہے، اور اس کی وجہ خود بینی اور تکبر ہے، جیسے فرعون اور اس کے سرداروں کا کفر تھا، یا بادشاہی کے جاتے رہنے کا خوف اور سرداری کے قائم نہ رہنے کا دھڑکا ہے جیسے ہرقل کا کفر تھا، یا شرم اور بدنامی کا ڈر جیسے ابو طالب کا کفر تھا۔ ۳) تیسری قسم کفر حکمی ہے، یہ وہ کفر ہے جس کو شریعت نے منکر و تکذیب کی علامت قرار دیا ہے، جیسے زنا، شراب اور سود وغیرہ کو حلال سمجھنا، طاغوت کی پیروی کرنا، یا ان باتوں کی حقارت کرنا جن کی شریعت میں تعظیم ضروری ہے، جیسے مصحف کو کوڑے میں ڈالنا اور علم و علماء اور دینی امور کا مذاق اڑانا وغیرہ۔ (۱۳۱:۴، ۱۷۰) (۸:۱۴) (۷:۳۹).

تَکْفُرُوْنَ: تم کفر کرتے ہو/ انکار کرتے ہو، (نصر) کُفْرٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۲۸:۲، ۸۵) (۷۰:۳، ۹۸، ۱۰۱، ۱۰۶) (۸۹:۴) (۳۰:۶) (۳۵:۸) (۶۴:۳۶) (۱۰:۴۰)

(۹:۴۱) (۳۴:۴۶) (۲:۶۰).

لَا تَكْفُرُوْنِ: (لَا تَكْفُرُوْا. نِ) تم میری ناشکری نہ کرو، تم میرا انکار نہ کرو، لَا تَكْفُرُوْا، (نصر) كُفْرٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر، نِ (اصل میں نِیْ) میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف۔(۲:۱۵۲).

لَا تُكَلَّفُ: اسے تکلیف نہیں دی جاتی / تکلیف نہیں دی جائے گی، (تفعیل ا) تَكْلِيْفٌ سے جسکے معنی کسی سے ایسی خواہش کرنے کے ہیں کہ جس میں رنج و محنت ہو، مضارع مجہول منفی واحد غائب مؤنث۔(۲:۲۳۳).

لَا تُكَلَّفُ: تجھے نہیں تکلیف دی جاتی، تجھے ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جائے گا، (تفعیل) تَكْلِيْفٌ سے، مضارع مجہول منفی واحد حاضر مذکر۔(۴:۸۴).

تُكَلِّمُ: تو کلام کرتا ہے، تو باتیں کرتا ہے، تو بولے گا، (تفعیل ا) تَكْلِيْمٌ (کلام کرنا) سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔(۵:۱۱۰)، تُكَلِّمَ (۳:۴۱) (۱۹:۱۰).

تَكَلَّمُ: وہ بولتی ہے/ بولے گی، بات کرے گا، (تفعل ا) تَكَلُّمٌ (بولنا، بات کرنا) سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۱۱:۱۰۵).

تُكَلِّمُنَا: (تُكَلِّمُ. نَا) ہم سے باتیں کرے گی، (ہاتھ) ہم سے بولیں گے، تُكَلِّمُ، (تفعیل) تَكْلِيْمٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔(۳۶:۶۵).

لَا تُكَلِّمُوْنِ: (لَا تُكَلِّمُوْا. نِ) تم مجھ سے بات نہ کرو، لَا تُكَلِّمُوْا، (تفعیل) تَكْلِيْمٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر، نِ (اصل میں نِیْ) میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف۔ (۲۳:۱۰۸).

تُكَلِّمُهُمْ: (تُكَلِّمُ. هُمْ) وہ ان سے باتیں کرے گی، وہ ان سے بولے گی، وہ (جانور) ان سے کلام کرے گا، تُكَلِّمُ، (تفعیل) تَكْلِيْمٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۲۷:۸۲).

تَكْلِيْمًا: گفتگو کرنا، کلام کرنا، بروزن تفعیل ا مصدر ہے۔ (۴:۱۶۴).

تُكْمِلُوْا: تم پورا کرو، تم تمام کرو، (افعال ا) اِكْمَالٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۲:۱۸۵).

تَكُنْ: وہ ہوگی، ہوگا، وہ ہو، (نصر ۶؛ كَانَ. يَكُوْنُ) كَوْنٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مؤنث۔(۸:۷۳) (۳۱:۱۶).

تَكُنْ: (لِ. تَكُنْ) چاہیے کہ وہ ہو، (نصر) كَوْنٌ سے، امر واحد غائب مؤنث۔(۳:۱۰۴).

لَا تَكُنْ: تو نہ ہو، (نصر) كَوْنٌ سے، نہی واحد حاضر مذکر۔ (۳:۶۰) (۴:۱۰۵) (۷:۲۰۵) (۱۱:۴۲) (۱۵:۵۵) (۲۷:۷۰) (۳۲:۲۳) (۶۸:۴۸).

لَمْ تَكُنْ: وہ نہیں ہوئی، وہ نہیں تھی، نہیں ہے، نہ ہوگا، (نصر) كَوْنٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد غائب مؤنث۔(۴:۹۷، ۷۳، ۶:۲۳، ۱۰۱، ۱۵۸) (۱۸:۴۳) (۲۳:۱۰۵) (۴۵:۳۱).

لَمْ تَكُنْ: تو نہ تھا، تو نہ ہو، (نصر) كَوْنٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد حاضر مذکر۔(۴:۱۱۳) (۲۶:۱۳۶).

تُكِنُّ: وہ چھپاتی ہے/ چھپائے گی، (ان کے سینے) پوشیدہ کرتے ہیں، (افعال ۵؛ اَكَنَّ. يُكِنُّ) اِكْنَانٌ سے جس کے معنی دل میں کسی بات کے پوشیدہ رکھنے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث۔ عربی کا قاعدہ ہے کہ جب فاعل اسم ظاہر ہو تو فعل کو واحد لاتے ہیں اور جمع مکسر (یعنی جس میں واحد کا وزن سلامت نہ رہے) کا حکم مؤنث غیر حقیقی کا حکم ہے کہ اس کیلئے (فعل کا) مذکر اور مؤنث دونوں کا صیغہ استعمال کیا جا سکتا ہے، لیکن بالعموم مؤنث کا صیغہ لایا جاتا ہے کیونکہ مؤنث کے صیغہ کا استعمال زیادہ فصیح ہے۔ یہاں چونکہ تُكِنُّ کا فاعل اسم ظاہر صُدُوْرُ ہے جو جمع مکسر ہے اس لیے فعل کو مؤنث لایا گیا۔ (۲۷:۷۴) (۲۸:۶۹).

تَکْنِزُوْنَ: تم جمع کرتے ہو، تم ذخیرہ کرتے ہو، تم گاڑتے ہو، (ضرب۱) کَنْزٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ شریعت کی اصطلاح میں 'کنز' اس مال کو کہتے ہیں جس کی زکوٰۃ ادا نہ کی گئی ہو۔ (۹:۳۵)۔

تُکْوٰی: داغ دیا جائے گا، (ضرب۱۱؛ کَوٰی. یَکْوِیْ) کَیٌّ سے جسکے معنی داغ دینے کے ہیں، مضارع مجہول واحد غائب مؤنث، [مادہ؛ کوی]۔ (۹:۳۵)۔

تَکُوْنُ: وہ ہوتی ہے، وہ ہوگی، وہ ہو، (نصر؛ کَانَ. یَکُوْنُ) کَوْنٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۵:۱۱۰، ۱۱۴) (۶:۱۳۵) (۸:۷، ۳۶) (۲۵:۸) (۲۷:۴۱) (۲۸:۳۷) (۳۳:۶۳) (۷۰:۸، ۹) (۱۰۱:۵)، تَکُوْنَ (۲:۱۹۳، ۲۶۶، ۲۸۲) (۴:۲۹) (۵:۷۱) (۸:۳۹) (۱۰:۷۸) (۱۶:۹۲) (۱۷:۹۱) (۲۲:۴۶) (۲۸:۱۰) (۴۸:۲۰)۔

تَکُوْنُ: تو ہوتا ہے، تو ہوگا، تو ہو، (نصر) کَوْنٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔ (۱۰:۶۱) (۲۵:۴۳)، تَکُوْنَ (۵:۲۹) (۶:۵۲) (۱۰:۹۲، ۹۵) (۱۱:۴۶) (۱۲:۸۵، ۸۵) (۱۵:۳۲) (۱۹:۴۵) (۲۶:۱۹۴، ۲۱۳) (۲۸:۱۹، ۱۹)۔

تَکُوْنَا: تم دونوں ہو گے/ ہو جاؤ گے، (نصر) کَوْنٌ سے، مضارع (منصوب) تثنیہ حاضر مذکر۔ (۲:۳۵) (۷:۱۹، ۲۰، ۲۰)۔

تَکُوْنَنَّ: (لَتَکُوْنَنَّ) تو ضرور ہو جاتا ہے، تو ضرور ہو جائے گا، (نصر) کَوْنٌ سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ واحد حاضر مذکر۔ (۲۶:۱۱۶، ۱۶۷) (۳۹:۶۵)۔

لَاتَکُوْنَنَّ: تو ہرگز نہ ہو، (نصر) کَوْنٌ سے، نہی بانون تاکید ثقیلہ واحد حاضر مذکر۔ (۲:۱۴۷) (۶:۱۴، ۳۵، ۱۱۴) (۱۰:۹۴، ۹۵، ۱۰۵) (۲۸:۸۶، ۸۷)۔

تَکُوْنُوْا: تم ہو، تم ہو گے، تم ہو جاؤ گے، (نصر) کَوْنٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر۔ (۲:۱۴۸) (۴:۷۸، ۱۰۴) (۱۲:۹) (۱۷:۲۵)۔

تَکُوْنُوْا: تم ہو، تم ہو جاؤ، (نصر) کَوْنٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔ (۲:۱۴۳) (۲۲:۷۸) (۴۰:۶۷)۔

لَاتَکُوْنُوْا: تم نہ ہو، نہ ہو جاؤ، (نصر) کَوْنٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔ (۲:۴۱) (۳:۱۰۵، ۱۵۶) (۸:۲۱، ۴۷) (۱۶:۹۲) (۲۶:۱۸۱) (۳۰:۳۱) (۳۳:۶۹) (۵۹:۱۹)۔

لَمْ تَکُوْنُوْا: تم نہیں ہوئے، تم نہ تھے، تم نہیں ہو، (نصر) کَوْنٌ سے، مضارع منفی بہ لم جمع حاضر مذکر۔ (۲:۱۵۱، ۲۳۹) (۴:۲۳) (۱۴:۴۴) (۱۶:۷) (۳۶:۶۲) (۳۷:۲۹)۔

تَکُوْنُوْنَ: تم ہو جاؤ، (نصر) کَوْنٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۴:۸۹)۔

التَّلَاقِ: ایک دوسرے سے ملاقات کرنا، باہم جمع ہونا، اصل میں التَّلَاقِیْ تھا، باب تفاعل ۱۱ کا مصدر، آخر سے ی حذف ہو گیا، [مادہ؛ لقی]۔ (۴۰:۱۵)۔

تِلَاوَتِہٖ: (تِلَاوَۃِ. ہٖ) اس کی تلاوت کرنا، اسکا پڑھنا، تِلَاوَۃِ (مصدر، نصر۷؛ تَلَا. یَتْلُوْ کا) مضاف، ہٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ تلاوۃ کے معنی میں اتباع اور پیروی کرنا شامل ہے اس لیے اس سے مراد آسمانی کتب کا پڑھنا لیا جاتا ہے۔ (۲:۱۲۱)۔

تَلٰـھَا: (تَلٰی. ھَا) وہ اس کے پیچھے ہوا، تَلٰی، (نصر۷؛ تَلَا. یَتْلُوْ) تُلُوٌّ سے جسکے معنی پیچھے پیچھے چلنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، ھَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)، [مادہ؛ تلو]۔ (۹۱:۲)۔

تَلَبَّثُوْا: انہوں نے توقف کیا، وہ ٹھہرے، انہوں نے درنگ کی، وہ (نہ) دیر لگائیں، (تفعل۱) تَلَبُّثٌ سے جس کے معنی ڈھیل کرنے، توقف کرنے اور درنگ کرنے کے ہیں، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۳۳:۱۴)۔

لَاتَلْبِسُوْا: تم نہ ملاؤ، خلط ملط نہ کرو، تم نہ چھپاؤ، (ضرب۱)

لَبْسٌ (چھپانا، خلط ملط کرنا، مشتبہ کردینا) سے، نہی جمع حاضر مذکر۔ (۴۲:۲).

تَلْبِسُوْنَ: تم خلط ملط کرتے ہو/ ملاتے ہو، (ضرب) لَبْسٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۷۱:۳).

تَلْبَسُوْنَهَا: (تَلْبَسُوْنَ. هَا) تم اس کو پہنتے ہو، تَلْبَسُوْنَ، (سمع ا) لُبْسٌ سے جسکے معنی پہننے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۱۴:۱٦) (۱۲:۳۵).

تَلَذُّ: وہ لذت پکڑے، وہ (جمع مکسر) لذت پائیں، (سمع ۵؛ لَذَّ. یَلَذُّ) لَذَّةٌ (لذت پانا، مزہ لینا) سے، مضارع واحد غائب مؤنث، [مادہ؛لذذ]۔ (۷۱:۴۳).

تَلَظّٰی: وہ بھڑکتی ہے، شعلہ مارتی ہے، (تفعل اا؛ تَلَظّٰی. یَتَلَظّٰی) تَلَظٍّ سے جسکے معنی ہیں آگ کا لپٹیں مارنا، شعلے بلند کرنا اور بھڑکنا، مضارع واحد غائب مؤنث، اصل میں تَتَلَظّٰی؛ ایک تاء محذوف ہے، [مادہ؛لظی]۔ (۱۴:۹۲).

تَلْفِتَنَا: (تَلْفِتَ. نَا) تو ہمیں پھیرے دے، تَلْفِتَ، (ضرب ا) لَفْتٌ سے جسکے معنی پھیرنے اور موڑنے کے ہیں، مضارع واحد حاضر مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔ (۷۸:۱۰).

تَلْفَحُ: وہ جھلس دیتی ہے/ جھلس دے گی، (فتح ا) لَفْحٌ سے جس کے معنی جلا دینے اور جھلس دینے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۱۰۴:۲۳).

تِلْقَآءَ: طرف، جانب، سمت، ملاقات کی جگہ، (سمع) لِقَاءٌ سے جسکے معنی ملاقات کرنے کے ہیں، اسم ہے، آمنے سامنے کی جگہ کو تِلْقَاءَ کہتے ہیں، اس اعتبار سے جہت اور طرف مراد ہے، [مادہ؛ لقی]۔ (۴۷:۷) (۲۲:۲۸)، تِلْقَآئِ (۱۵:۱۰).

تُلْقٰی: تو ڈالا جائے گا، (افعال؛ اَلْقٰی. یُلْقِیْ) اِلْقَاءٌ سے، مضارع مجہول واحد حاضر مذکر، [مادہ؛لقی]۔ (۳۹:۱۷).

تَلَقّٰی: اس نے سیکھ لیا، اس نے سیکھ لیں، اس نے تلقین پائی، (تفعل؛ تَلَقّٰی. یَتَلَقّٰی) تَلَقِّیْ (اخذ کرنا، تلقین پانا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛لقی]۔ (۳۷:۲).

تُلَقّٰی: تجھے تلقین کیا جاتا ہے، تجھے ملتا ہے/ سکھلایا جاتا ہے، (تفعیل اا؛ لَقّٰی. یُلَقِّیْ) تَلْقِیَةٌ سے، مضارع مجہول واحد حاضر مذکر، [مادہ؛لقی]۔ (٦:۲۷).

تَلْقَفُ: وہ نگل جاتی ہے/ نگل جائے گی، (سمع ا) لَقْفٌ سے جسکے معنی کسی چیز کو پھرتی سے لینے اور نگل جانے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۱۱۷:۷) (۴۵:۲٦)، تَلْقَفْ (٦۹:۲۰).

لَاتُلْقُوْا: تم مت ڈالو، (افعال؛ اَلْقٰی. یُلْقِیْ) اِلْقَاءٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر، [مادہ؛لقی]۔ (۱۹۵:۲).

تُلْقُوْنَ: تم ڈالتے ہو، (افعال) اِلْقَاءٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۱:٦۰).

تَلَقَّوْنَهٗ: (تَلَقَّوْنَ. هٗ) تم اس کو لینے لگے، تم اس کا ذکر کرنے لگے، تَلَقَّوْنَ، (تفعل اا؛ تَلَقّٰی. یَتَلَقّٰی) تَلَقِّیْ سے جس کے معنی کسی چیز کے لینے، اخذ کرنے کے ہیں، تلقین پانے اور سامنے ہونے کے بھی ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر (ایک تاء محذوف ہے)، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)، [مادہ؛لقی]۔ (۱۵:۲۴).

تَلْقَوْهُ: (تَلْقَوْا. هُ) تم اس سے ملاقات کرو، تَلْقَوْا، (سمع اا؛ لَقِیَ. یَلْقٰی) لِقَاءٌ (ملاقات کرنا، مقابل ہونا، پانا) سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)، [مادہ؛لقی]۔ (۱۴۳:۳).

تُلْقِیَ: تو ڈالتا ہے/ ڈالے گا، (افعال؛ اَلْقٰی. یُلْقِیْ) اِلْقَاءٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔ (۱۱۵:۷) (٦۵:۲۰).

تِلْكَ: یہ/ وہ، اسم اشارہ بعید واحد مؤنث کیلئے۔ (۱۱۱:۲، ۱۳۴، ۱۴۱، ۱۸۷، ۱۹٦، ۲۲۹، ۲۳۰، ۲۵۲، ۲۵۳) (۱۰۸:۳، ۱۴۰) (۱۳:۴) (۸۳:٦) (۱۰۱:۷) (۱:۱۰) (۴۹:۱۱، ۵۹) (۱:۱۲) (۱:۱۳، ۳۵) (۱:۱۵) (۵۹:۱۸) (٦۳:۱۹) (۱۷:۲۰) (۱۵:۲۱) (۲:۲٦، ۲۲) (۱:۲۷، ۵۲) (۲:۲۸، ۵۸، ۸۳) (۴۳:۲۹)

(۲:۳۱) (۷۲:۴۳) (۶:۴۵) (۲۲:۵۳) (۴:۵۸) (۲۱:۵۹) (۱:۶۵) (۱۲:۷۹).

تِلْكُمْ: یہ، وہ، اسم اشارہ بعید (واحد مؤنث)، جمع مخاطب کیلئے۔ (۴۳:۷).

تِلْكُمَا: یہ، وہ، اسم اشارہ بعید (واحد مؤنث)، تثنیہ مخاطب کیلئے۔ (۲۲:۷).

لَاتَلْمِزُوْا: تم عیب مت لگاؤ، (ضرب ۱) لَمْزٌ سے جسکے معنی عیب چینی کرنے اور عیب لگانے کے ہیں، نہی جمع حاضر مذکر۔ (۱۱:۴۹).

تَلَوْتُهٗ: (تَلَوْتُ. ہٗ) میں نے اس کی تلاوت کی/ اس کو پڑھا، میں اس کو (نہ) پڑھتا، تَلَوْتُ، (نصر: تَلَا. یَتْلُوْ) تِلَاوَۃٌ سے، ماضی واحد متکلم، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)، [مادہ: تلو]۔ (۱۶:۱۰).

لَاتَلُوْمُوْنِیْ: (لَاتَلُوْمُوْا. نِیْ) تم مجھے ملامت نہ کرو، تم مجھے الزام نہ دو، لَاتَلُوْمُوْا، (نصر ۶: لَامَ. یَلُوْمُ. لُمْ) لَوْمٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔ (۲۲:۱۴).

تَلْوٗا: (اگر) تم گھما پھرا کر بات کرو، (ضرب ۱۱: لَوٰی. یَلْوِیْ) لَیٌّ (موڑنا، ٹال مٹول کرنا) سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر، [مادہ: لوی]۔ (۴:۱۳۵).

تَلْوٗنَ: تم مڑتے ہو، پیچھے مڑ کر دیکھتے تھے، (ضرب: لَوٰی. یَلْوِیْ) لَیٌّ (عَلٰی) (مڑنا) سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۱۵۳:۳).

تَلَّـهٗ: (تَلَّ. ہٗ) اس نے اس کو پچھاڑا/ اسے لٹا دیا، تَلَّ، (نصر ۵: تَلَّ. یَتُلُّ) تَلٌّ سے جس کے معنی زمین پر پچھاڑنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۱۰۳:۳۷).

تَلَهّٰی: تو غفلت برتتا ہے/ کھیلتا ہے/ بے رخی کرتا ہے، (تفعل ۱۰: تَلَهّٰی. یَتَلَهّٰی) تَلَہٍّ سے جسکے معنی کھیلنے اور کسی چیز میں وقت گزارنے اور مشغول ہونے کے ہیں، مضارع واحد حاضر مذکر، اصل میں تَتَلَهّٰی: ایک تاء محذوف، [مادہ: لھو]۔ (۸۰:۱۰).

لَاتُلْهِكُمْ: (لَاتُلْهِ. كُمْ) وہ (جمع مکسر) تم کو غافل نہ کردیں، لَاتُلْهِ، (افعال: اَلْهٰی. یُلْهِیْ) اِلْهَاءٌ سے، نہی واحد غائب مؤنث، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)، [مادہ: لھو]۔ (۶۳:۹).

لَاتُلْهِیْهِمْ: (لَاتُلْهِیْ. هِمْ) وہ ان کو غافل نہیں کرتی، لَاتُلْهِیْ، (افعال) اِلْهَاءٌ سے، مضارع منفی واحد غائب مؤنث، هِمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۲۴:۳۷).

تُلِیَتْ: وہ پڑھی گئی، اسکی تلاوت کی گئی، (نصر: تَلَا. یَتْلُوْ) تِلَاوَۃٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث، [مادہ: تلو]۔ (۸:۲).

تَلِیْنُ: وہ نرم ہو جاتی ہے/ نرم ہو جائے گی، (ضرب ۸: لَانَ. یَلِیْنُ) لَیْنٌ (نرم ہونا) سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۲۳:۳۹).

تَمَّ: کامل ہوا، پورا ہوا، (ضرب ۵: تَمَّ. یَتِمُّ) تَمَامٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۷:۱۴۲).

تَمَاثِیْلَ: صورتیں، مورتیں، تصویریں، تِمْثَالٌ کی جمع، [مادہ: مثل]۔ (۳۴:۱۳)، التَّمَاثِیْلُ (۲۱:۵۲).

لَاتُمَارِ: تو مت گفتگو کر/ مت جھگڑ، (مفاعلہ ۱۱: مَارٰی. یُمَارِیْ) مُمَارَاۃٌ سے جسکے معنی کسی ایسی بات میں جھگڑنے اور گفتگو کرنے کے ہیں کہ جس میں شبہ اور تردّد ہو، نہی واحد حاضر مذکر، [مادہ: مری]۔ (۲۲:۱۸).

تَمَارَوْا: انہوں نے جھگڑا کیا، انہوں نے شک کیا، (تفاعل) تَمَارٍ سے، ماضی جمع غائب مذکر، [مادہ: مری]۔ (۵۴:۳۶).

تُمٰرُوْنَهٗ: (تُمٰرُوْنَ. ہٗ) تم اس سے جھگڑتے ہو، تم اس کے متعلق شک کرتے ہو، تُمٰرُوْنَ، (مفاعلہ) مُمَارَاۃٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۵۳:۱۲).

تَمَامًا: پورا کرنا، تمام کرنا/ تمام ہونا، (ضرب۵) تَمَّ.یَتِمُّ کا مصدر۔(٦:١٥٤).

تَمَّتْ: پوری ہوئی/ پوری ہے، (ضرب؛تَمَّ.یَتِمُّ)تَمَامٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔(٦:١١٥) (٧:١٣٧) (١١:١١٩).

لَمْ تَمُتْ: وہ نہیں مری، (جو) نہ مرے، (نصر٦؛ مَاتَ. یَمُوْتُ) مَوْتٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد غائب مؤنث۔ (٣٩:٤٢).

لَاتَمْتَرُنَّ: تم ہرگز شک وشبہ نہ کرو، تم جھگڑا نہ کرو، (افتعال۱۱؛ اِمْتَرٰی.یَمْتَرِیْ) اِمْتِرَاءٌ سے جس کے معنی کسی ایسی چیز کی بابت حجت کرنے اور جھگڑنے کے ہیں کہ جس میں شک وشبہ اور تردّد ہو، نہی بانون تاکید ثقیلہ جمع حاضر مذکر، [مادہ؛مری]۔(٤٣:٦١).

تَمْتَرُوْنَ: تم شک کرتے ہو، تم تردّد کرتے ہو، (افتعال) اِمْتِرَاءٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(٦:٢) (٤٤:٥٠).

تَمَتَّعَ: اس نے فائدہ اٹھایا، (تفعل۱)تَمَتُّعٌ (فائدہ اٹھانا، برتنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(٢:١٩٦).

تَمَتَّعْ: تو فائدہ اٹھا، تو برت لے، (تفعل)تَمَتُّعٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔(٣٩:٨).

تَمَتَّعُوْا: تم فائدہ اٹھالو، تم برت لو، (تفعل)تَمَتُّعٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(١١:٦٥) (١٤:٣٠) (١٦:٥٥) (٣٠:٣٤) (٥١:٤٣) (٧٧:٤٦).

تُمَتَّعُوْنَ: تم کو فائدہ دیا جائے گا، تم سے برتوایا جائے گا، (تفعیل۱) تَمْتِیْعٌ سے، مضارع مجہول جمع حاضر مذکر۔ (٣٣:١٦).

تَمَثَّلَ: وہ متمثل ہوا، اس نے صورت پکڑی، (تفعل۱) تَمَثُّلٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(١٩:١٧).

لَاتَمُدَّنَّ: تو مت لمبی کر، تو ہرگز نہ اٹھا، (نصر۵؛مَدَّ.یَمُدُّ)مَدٌّ (کھینچنا، لمبا کرنا) سے، نہی بانون تاکید ثقیلہ واحد حاضر مذکر۔ آنکھوں کے لیے جب اس کا استعمال ہو تو اس کے معنی نظر اٹھانے کے آتے ہیں۔(١٥:٨٨) (٢٠:١٣١).

تُمِدُّوْنَنِ: (تُمِدُّوْنَ.نِ) تم میری مدد کرتے ہو/ میری رفاقت کرتے ہو، تُمِدُّوْنَ، (افعال۵؛اَمَدَّ.یُمِدُّ) اِمْدَادٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، نِ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف۔ (٢٧:٣٦).

تَمُرُّ: وہ چلتی ہے، (پہاڑ) اڑتے پھریں گے، (نصر۵؛مَرَّ.یَمُرُّ) مَرٌّ و مُرُوْرٌ سے جس کے معنی چلنے، رواں ہونے اور گزرنے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث۔(٢٧:٨٨).

تَمْرَحُوْنَ: تم اتراتے ہو، تم بہت خوش ہوتے ہو، (سمع۱)مَرَحٌ سے جس کے معنی اترانے اور بہت زیادہ خوش ہونے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر۔(٤٠:٧٥).

تَمُرُّوْنَ: تم گزرتے ہو، (نصر)مَرٌّ و مُرُوْرٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، [مادہ؛مرر]۔(٣٧:١٣٧).

تَمْسَسْكُمْ: (تَمْسَسْ. كُمْ) وہ تم کو چھوئے، تمہیں ملے، تَمْسَسْ، (سمع۵؛مَسَّ.یَمَسُّ) مَسٌّ (چھونا، ہاتھ لگانا، پہنچنا) سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مؤنث، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(٣:١٢٠).

لَمْ تَمْسَسْهُ: (لَمْ تَمْسَسْ.هُ) وہ اسے نہیں چھوئی، اس کو نہ چھوئے، لَمْ تَمْسَسْ، (سمع)مَسٌّ سے، مضارع منفی بہ لم واحد غائب مؤنث، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (٢٤:٣٥).

تَمَسَّكُمْ: (تَمَسَّ. كُمْ) وہ تمہیں چھوئے گی، تَمَسَّ، (سمع) مَسٌّ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(١١:١١٣).

لَاتُمْسِكُوْا: تم روک نہ رکھو/ قبضے یا نکاح میں نہ رکھو، (افعال۱)اِمْسَاكٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔(٦٠:١٠).

لَاتُمْسِكُوْهُنَّ: (لَاتُمْسِكُوْا.هُنَّ) تم ان کو روک نہ رکھو/

اُنہیں قبضے یا نکاح میں نہ رکھو، لَاتُمْسِكُوْا، (افعال) اِمْسَاكٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر، هُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)۔ (۲:۲۳۱)۔

تَمَسَّنَا: (لَنْ.تَمَسَّ.نَا) وہ ہمیں ہرگز نہ چھوئے گی، لَنْ تَمَسَّ، (سمع؛ مَسَّ.يَمَسُّ) مَسٌّ سے، مضارع منفی بہ لن واحد غائب مؤنث، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔ (۲:۸۰) (۳:۲۴)۔

تُمْسُوْنَ: تم شام کرتے ہو، (افعال۱۰؛ اَمْسٰى.يُمْسِيْ) اِمْسَاءٌ سے جس کے معنی شام کرنے یا شام کے وقت کسی فعل کے ہونے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ مسو]۔ (۳۰:۱۷)۔

لَاتَمَسُّوْهَا: (لَاتَمَسُّوْا.هَا) تم اسے مت ہاتھ لگاؤ/ اسے نہ چھوؤ، لَاتَمَسُّوْا، (سمع) مَسٌّ سے، نہی جمع حاضر مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۷:۷۳) (۱۱:٦٤) (۲٦:۱۵٦)۔

تَمَسُّوْهُنَّ: (تَمَسُّوْا.هُنَّ) تم ان (عورتوں) کو ہاتھ لگاؤ، تَمَسُّوْا، (سمع) مَسٌّ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر، هُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)۔ (۲:۲۳۷) (۳۳:٤۹)۔

لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ: (لَمْ.تَمَسُّوْا.هُنَّ) تم نے ان (عورتوں) کو ہاتھ نہیں لگایا، لَمْ تَمَسُّوْا، (سمع) مَسٌّ سے، مضارع منفی بہ لم جمع حاضر مذکر، هُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)۔ (۲:۲۳٦)۔

لَاتَمْشِ: تو مت چل، (ضرب۹؛ مَشٰى.يَمْشِيْ) مَشْيٌ سے، نہی واحد حاضر مذکر۔ (۱۷:۳۷) (۳۱:۱۸)۔

تَمْشُوْنَ: تم چلتے ہو، تم چلو گے، (ضرب) مَشْيٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۵۷:۲۸)۔

تَمْشِيْ: وہ چلتی ہے، (جب) وہ چلتی تھی، (ضرب) مَشْيٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۲۰:٤۰) (۲۸:۲۵)۔

تَمْكُرُوْنَ: تم حیلے کرتے ہو، تم چالیں چلتے ہو/ خفیہ تدبیریں کرتے ہو، (نصرا) مَكْرٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۱۰:۲۱)۔

تُمْلٰى: وہ لکھوائی جاتی ہے، وہ پڑھی جاتی ہے، (افعال؛ اَمْلٰى.يُمْلِيْ) اِمْلَاءٌ سے، مضارع مجهول واحد غائب مؤنث، [مادہ؛ ملو]۔ (۲۵:۵)۔

تَمْلِكُ: (لَا.تَمْلِكُ) نہیں مالک ہوگی، (کوئی نفس) اختیار نہیں رکھے گا، (ضرب ا) مِلْكٌ سے، مضارع منفی واحد غائب مؤنث۔ (۸۲:۱۹)۔

لَنْ تَمْلِكَ: تو ہرگز اختیار نہیں رکھے گا، تو اختیار نہیں پائے گا، (ضرب) مِلْكٌ سے، مضارع منفی بہ لن واحد حاضر مذکر۔ (۵:٤۱)۔

تَمْلِكُوْنَ: تمہارے ہاتھ میں ہو، تم مالک بنو، تم اختیار رکھتے ہو/ اختیار رکھو گے، (ضرب) مِلْكٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۱۷:۱۰۰) (٤٦:۸)۔

تَمْلِكُهُمْ: (تَمْلِكُ.هُمْ) وہ ان پر بادشاہی کرتی ہے، وہ ان کی مالک ہے، تَمْلِكُ، (ضرب) مِلْكٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۲۷:۲۳)۔

تُمْنٰى: وہ ٹپکائی جاتی ہے، وہ ڈالی جاتی ہے، وہ مقدر کی جاتی ہے، (ضرب۹؛ مَنٰى.يَمْنِيْ) مَنْيٌ سے جسکے معنی مقدر کرنے، آزمانے اور منی کے باہر آنے کے ہیں، مضارع مجهول واحد غائب مؤنث۔ (۵۳:٤٦)۔

تَمَنّٰى: اس نے خیال باندھا/ آرزو کی/ تمنا کی، (تفعل؛ تَمَنّٰى.يَتَمَنّٰى) تَمَنٍّ سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ منی]۔ (۲۲:۵۲) (۵۳:۲٤)۔

تَمْنَعُهُمْ: (تَمْنَعُ.هُمْ) وہ ان کو منع کرتی ہے، وہ انہیں روکتی ہے، وہ ان کو بچاتے ہیں، تَمْنَعُ، (فتح ا) مَنْعٌ سے جسکے معنی روک رکھنے، حفاظت کرنے اور حفاظت رکھنے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۲۱:٤۳)۔

لَاتَمْنُنْ: تو احسان نہ کر، (نصر۵؛مَنَّ.یَمُنُّ) مَنٌّ سے، نہی واحد حاضر مذکر۔(٦:٧٤).

تَمَنَّوْا: انہوں نے آرزو کی، وہ تمنا کرتے تھے، (تفعل؛ تَمَنّٰی.یَتَمَنّٰی)تَمَنٍّ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(٨٢:٢٨).

تَمَنَّوُا: (تَمَنَّوْا) تم تمنا کرو/ آرزو کرو/ چاہو، (تفعل) تَمَنٍّ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(٩٤:٢) (٦:٦٢).

لَاتَمُنُّوْا: تم احسان مت رکھو/ مت جتلاؤ، (نصر)مَنٌّ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔(١٧:٤٩).

تَمَنَّوْنَ: تم تمنا کرتے ہو/ آرزو کرتے ہو، (تفعل)تَمَنٍّ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، (اصل میں تَتَمَنَّوْنَ، ایک تاء حذف ہو گئی)۔(١٤٣:٣).

تُمْنُوْنَ: تم منی ٹپکاتے ہو، (افعال۱؛ اَمْنٰی.یُمْنِیْ) اِمْنَاءٌ سے جسکے معنی منی ٹپکانے اور منی ڈالنے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر، [مادہ؛منی]۔(٥٨:٥٦).

تَمُنُّهَا: (تَمُنُّ.هَا) تو اس کا احسان رکھتا ہے، تَمُنُّ، (نصر)مَنٌّ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (٢٢:٢٦).

تَمُوْتُ: وہ مرتی ہے، وہ مرے گا، وہ مرے، (نصر٦) مَوْتٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (٣٤:٣١)، تَمُوْتَ (١٤٥:٣).

تَمُوْتُنَّ: (لَا.تَمُوْتُنَّ) تم ہرگز نہ مرو/ نہ مرنا، (نصر) مَوْتٌ سے، نہی بانون تاکید ثقیلہ جمع حاضر مذکر۔(١٣٢:٢) (١٠٢:٣).

تَمُوْتُوْنَ: تم مرو گے، (نصر)مَوْتٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(٢٥:٧).

تَمُوْرُ: وہ پھٹتی ہے/ پھٹ جائے گی، وہ لرزتی ہے/ لرزے گی، (نصر٦؛ مَارَ.یَمُوْرُ) مَوْرٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (٩:٥٢) (١٦:٦٧).

تَمْهِیْدًا: ہموار کرنا، تیار کرنا، مصدر ہے (باب تفعیل۱)۔ (١٤:٧٤).

تَمِیْدَ: (کہ) وہ جھک جائے/ وہ ہلے، (ضرب۸؛مَادَ.یَمِیْدُ) مَیْدٌ (حرکت کرنا، ہلنا، کانپنا) سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (١٥:١٦) (٣١:٢١) (١٠:٣١).

تَمَیَّزُ: وہ پھٹ جائے/ پھٹ پڑے، (تفعل۹؛تَمَیَّزَ.یَتَمَیَّزُ) تَمَیُّزٌ (ایک دوسرے سے جدا ہونا، پھٹ جانا) سے، مضارع واحد غائب مؤنث، (اصل میں تَتَمَیَّزُ؛ ایک تاء محذوف ہے)، [مادہ؛ میز]۔(٨:٦٧).

تَمِیْلُوْا: (کہ) تم جھک جاؤ/ ہٹ جاؤ، (ضرب۸؛ مَالَ.یَمِیْلُ) مَیْلٌ سے جسکے معنی درمیان سے کسی ایک طرف ہٹ جانے کے ہیں اسی وجہ سے اس کا استعمال ظلم وجور کے لیے ہوتا ہے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(٢٧:٤).

لَاتَمِیْلُوْا: تم مت جھکو، (ضرب)مَیْلٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔ (١٢٩:٤).

لَاتَنَابَزُوْا: تم باہم چڑ مت مقرر کرو/ برے نام نہ نکالو، تم برے نام سے مت پکارو، (تفاعل۱) تَنَابُزٌ سے جسکے معنی باہم چڑ مقرر کرنے/ برا نام نکالنے اور پکارنے کے ہیں، نہی جمع حاضر مذکر، تَنَابَزُوْا اصل میں تَتَنَابَزُوْا، ایک تاء حذف ہوگئی۔(١١:٤٩).

تَنَاجَوْا: تم سرگوشی کرو، تم رازداری کرو، (تفاعل؛ تَنَاجٰی.یَتَنَاجٰی)تَنَاجٍ سے، امر جمع حاضر مذکر،[مادہ؛نجو]۔(٩:٥٨).

تَنَاجَیْتُمْ: تم نے سرگوشی کی/ رازداری کی، (تفاعل)تَنَاجٍ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(٩:٥٨).

اَلتَّنَادِ: فریاد کرنا، باہم پکارنا، مصدر ہے (باب تفاعل۱؛ تَنَادٰی.یَتَنَادٰی)، یہ اصل میں اَلتَّنَادِیْ تھا، [مادہ؛ ندی]۔ (٣٢:٤٠).

تَنَادَوْا: انہوں نے باہم ایک دوسرے کو پکارا/ آواز دی، (تفاعل۱؛ تَنَادٰی.یَتَنَادٰی) تَنَادٍ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔

(٢١:٦٨).

تَنَازَعْتُمْ: تم نے جھگڑا کیا/ نزاع کیا، (تفاعل ا) تَنَازُعٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(١٥٢:٣) (٥٩:٤) (٤٣:٨).

تَنَازَعُوْا: انہوں نے جھگڑا کیا، وہ باہم جھگڑنے لگے، (تفاعل) تَنَازُعٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (٦٢:٢٠).

لَاتَنَازَعُوْا: تم باہم جھگڑا مت کرو، (تفاعل) تَنَازُعٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر، اصل میں لَاتَتَنَازَعُوْا ایک تاء حذف ہوگئی۔ (٤٦:٨).

تَنَاصَرُوْنَ: تم ایک دوسرے کی مدد کرتے ہو، (تفاعل ا) تَنَاصُرٌ (باہم مدد کرنا) سے، مضارع جمع حاضر مذکر، ایک تاء محذوف ہے۔(٢٥:٣٧).

لَنْ تَنَالُوْا: تم نہیں پاؤ گے، تم نہیں پہنچو گے، (سمع ٩: نَالَ. يَنَالُ) نَيْلٌ (پانا/ لینا) سے، مضارع منفی بہ لن جمع حاضر مذکر، [مادہ: نیل]۔(٩٢:٣).

تَنَالُهٗ: (تَنَالُ. هٗ) وہ اس کو پاتی ہے، (ہاتھ) اسے لیتے ہیں، تَنَالُ، (سمع) نَيْلٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(٩٤:٥).

اَلتَّنَاوُشُ: لینا، پکڑنا، مصدر ہے (باب تفاعل ٨؛ تَنَاوَشَ. يَتَنَاوَشُ کا)، [مادہ: نوش]۔(٥٢:٣٤).

تُنَبِّئَنَّهُمْ: (لَتُنَبِّئَنَّ. هُمْ) تو ان کو ضرور خبر دے گا/ انہیں جتادے گا، لَتُنَبِّئَنَّ، (تفعیل ٢؛ نَبَّأَ. يُنَبِّئُ) تَنْبِئَةٌ سے جسکے معنی آگاہ کرنے، بتانے/خبر دینے کے ہیں، مضارع بانون تاکید ثقیلہ واحد حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)، [مادہ: نبأ]۔ (١٥:١٢).

تُنَبِّئُوْنَ: تم خبر دیتے ہو، تم آگاہ کرتے ہو، تم بتاتے ہو، (تفعیل) تَنْبِئَةٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(١٨:١٠).

تُنَبَّؤُنَّ: (لَتُنَبَّؤُنَّ) تمہیں ضرور خبر دی جائے گی، تمہیں جتایا جائے گا، (تفعیل) تَنْبِئَةٌ سے، مضارع مجہول بانون تاکید ثقیلہ جمع حاضر مذکر۔(٧:٦٤).

تُنَبِّئُوْنَهٗ: (تُنَبِّئُوْنَ. هٗ) تم اسے خبر دیتے ہو، تم اس کو آگاہ کرتے ہو، تم اسے بتاتے ہو، تُنَبِّئُوْنَ، (تفعیل) تَنْبِئَةٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (٣٣:١٣).

تُنَبِّئُهُمْ: (تُنَبِّئُ. هُمْ) وہ ان کو خبر دے/ انہیں جتا دے، تُنَبِّئُ، (تفعیل) تَنْبِئَةٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٦٤:٩).

تَنْبُتُ: وہ اگتی ہے، وہ اگاتی ہے، (نصر ا) نَبَاتٌ سے جس کے معنی اگنے اور اگانے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث۔ **تَنْبُتُ بِالدُّهْنِ** (وہ تیل اگاتی ہے) یعنی اس طرح کہ تیل اس میں بالقوۃ موجود ہوتا ہے۔(٢٠:٢٣).

تُنْبِتُ: وہ اگاتی ہے، (افعال ا) اِنْبَاتٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(٦١:٢) (٣٦:٣٦).

تُنْبِتُوْا: تم اگاتے ہو، تم اگاتے، (افعال) اِنْبَاتٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(٦٠:٢٧).

تَنْتَشِرُوْنَ: تم چلتے پھرتے ہو، تم پھیلتے اور متفرق ہوتے ہو، (افتعال ا) اِنْتِشَارٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(٢٠:٣٠).

تَنْتَصِرٰنِ: تم بدلا لے سکتے ہو، تم بدلا (نہ) لے سکو گے، (افتعال ا) اِنْتِصَارٌ (غالب آنا، انتقام لینا) سے، مضارع تثنیہ حاضر مذکر۔(٣٥:٥٥).

لَمْ تَنْتَهِ: تو باز نہ آیا، (افتعال: اِنْتَهٰى. يَنْتَهِىْ) اِنْتِهَاءٌ (باز رہنا) سے، مضارع منفی بہ لم واحد حاضر مذکر، [مادہ: نهى]۔ (٤٦:١٩) (١١٦:٢٦، ١٦٧).

تَنْتَهُوْا: (اگر) تم باز آجاؤ، (افتعال) اِنْتِهَاءٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر۔(١٩:٨).

لَمْ تَنْتَھُوْا: تم باز نہ آئے، (افتعال) اِنْتِھَاءٌ سے، مضارع منفی بہ لم جمع حاضر مذکر۔ (۱۸:۳٦)۔

تُنْجِیْکُمْ: (تُنْجِیْ. کُمْ) وہ تم کو نجات دے، وہ تم کو بچائے، وہ تم کو بچائے گی/تمہیں نجات دے گی، وہ تمہیں محفوظ رکھتی ہے، تُنْجِیْ، (افعال؛ اَنْجٰی. یُنْجِیْ) اِنْجَاءٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)، [مادہ: نجو]۔ (۱۰:٦۱)۔

تَنْحِتُوْنَ: تم تراشتے ہو، (ضرب ا) نَحْتٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۷٤:۷) (۱٤۹:۲٦) (۹۵:۳۷)۔

تُنْذِرُ: تو ڈراتا ہے، تو ڈرائے گا، (افعال ا) اِنْذَارٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔ (۱۸:۳۵) (۱۱:۳٦)، تُنْذِرَ: (تاکہ) تو ڈرائے، تو خوف دلائے، مضارع منصوب۔ (۹۲:٦) (۲:۷) (۹۷:۱۹) (٤٦:۲۸) (۳:۳۲) (٦:۳٦) (۷،۷:٤۲)۔

لَمْ تُنْذِرْھُمْ: (لَمْ. تُنْذِرْ. ھُمْ) تو نہ ڈرائے ان کو، تو نے ان کو نہیں ڈرایا، لَمْ تُنْذِرْ، (افعال ا) اِنْذَارٌ (واقف کرنا، باخبر کرنا، نتائج سے ڈرانا) سے، مضارع منفی بہ لم (بمعنی ماضی) واحد حاضر مذکر، ھُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (٦:۲) (۱۰:۳٦)۔

تَنْزِعُ: تو چھین لیتا ہے/ اکھاڑ پھینکتا ہے، (ضرب ا) نَزْعٌ (اکھیڑنا، کھینچنا) سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔ (۲٦:۳)۔

تَنْزِعُ: وہ اکھاڑ پھینکتی ہے (یا تھی)، گرا ڈالتی تھی، (ضرب) نَزْعٌ سے جسکے معنی کسی چیز کے اپنی جگہ سے اکھاڑنے اور کھینچ لینے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۲۰:۵٤)۔

تُنَزِّلَ: تو اتار لائے/ اتارے، (تفعیل ا) تَنْزِیْلٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔ (۱۵۳:٤) (۹۳:۱۷)۔

تُنَزَّلَ: وہ اتاری جائے، (تفعیل) تَنْزِیْلٌ سے، مضارع مجہول واحد غائب مؤنث۔ (۹۳:۳) (٦٤:۹)۔

تَنَزَّلُ: وہ اترتی ہے/ اترے گی، وہ (جمع مکسر) اترتے ہیں، (تفعل ا) تَنَزُّلٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، ایک تاء محذوف ہے۔ (۲۲۱:۲٦، ۲۲۲) (٤:۹۷)۔

مَا تَنَزَّلَتْ: نہیں اتری/نہیں نازل ہوئی، (شیاطین نے) نہیں نازل کیا، (تفعل) تَنَزُّلٌ سے، ماضی منفی واحد غائب مؤنث۔ (۲۱۰:۲٦)۔

تَنْزِیْلٌ: اتارنا، نازل کرنا، ترتیب کے ساتھ اور بلحاظ موقع اتارنا، مصدر ہے (باب تفعیل ا)۔ (۲:٤۱، ٤۲) (۸۰:۵٦) (٤۳:٦۹)، تَنْزِیْلَ (۵:۳٦)، تَنْزِیْلُ (۱۹۲:۲٦) (۲:۳۲) (۱:۳۹) (۲:٤۰) (۲:٤۵) (۲:٤٦)، تَنْزِیْلًا (۱۰٦:۱۷) (٤:۲۰) (۲۵:۲۵) (۲۳:۷٦)۔

لَاتَنْسَ: تو مت بھول/ مت بھلا، تو فراموش نہ کر، (سمع ا؛ نَسِیَ. یَنْسٰی) نِسْیَانٌ (بھولنا، فراموش کرنا) سے، نہی واحد حاضر مذکر۔ نسیان تین طرح سے ہوتی ہے: ۱) دماغی کمزوری، ۲) غفلت، ۳) بالقصد و ارادہ۔ اول الذکر قابل معافی ہے جبکہ آخری دونوں مذموم ہیں۔ قرآن میں عمومی طور پر اللہ تعالیٰ نے جس نسیان کی مذمت فرمائی ہے وہ قصد و ارادہ والی ہے جس میں انسان اپنے ارادے سے اہانت کے طور پر حق بات کو بھلا دیتا ہے، اور ایسا بھلانا ضروری نہیں ہے کہ ایسا ہو کہ انسان کو وہ بات یاد نہ رہے بلکہ وہ جان بوجھ کر اپنے عمل سے اس بات کو فراموش کرتا ہے حالانکہ اسے وہ بات یاد ہوتی ہے۔ (۷۷:۲۸)۔

تَنْسٰی: (لَا. تَنْسٰی) تو نہ بھولے گا، (سمع) نِسْیَانٌ سے، مضارع منفی واحد حاضر مذکر۔ (٦:۸۷)۔

تُنْسٰی: تو بھلا دیا جائے گا، فراموش کر دیا جائے گا، (سمع) نِسْیَانٌ سے، مضارع مجہول واحد حاضر مذکر۔ (۱۲٦:۲۰)۔

لَاتَنْسَوْا: تم بھول نہ جاؤ، مت بھلا دو، فراموش نہ کرنا، (سمع) نِسْیَانٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔ (۲۳۷:۲)۔

تَنْسَوْنَ: تم بھول جاتے ہو/ بھلا دیتے ہو، (سمع) نِسْیَانٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (٤٤:۲) (٤۱:٦)۔

تَنْشَقُّ: وہ پھٹ جائے، شق ہو جائے، ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے،

(انفعال۲) اِنْشِقَاقٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۹۰:۱۹)۔

تَنْصُرُنَّهٗ: (لَتَنْصُرُنَّ.هٗ) تم اس کی ضرور مدد کرو گے، لَتَنْصُرُنَّ، (نصر) نَصْرٌ سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ جمع حاضر مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۳:۸۱)۔

تَنْصُرُوْا: تم مدد کرو گے، (اگر) تم مدد کرتے ہو/ مدد کرو، (نصر) نَصْرٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر۔ (۴۷:۷)۔

تُنْصَرُوْنَ: تمہاری مدد کی جائے گی، تمہیں مدد دی جائے گی، نَصْرٌ سے، مضارع مجہول جمع حاضر مذکر۔ (۱۱:۱۱۳) (۲۳:۶۵) (۳۹:۵۴)۔

تَنْصُرُوْهُ: (تَنْصُرُوْا.هُ) تم اس کی مدد کرو گے، تَنْصُرُوْا، نَصْرٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر، ہُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۹:۴۰)۔

تَنْطِقُوْنَ: تم بولتے ہو، (ضرب ا) نُطْقٌ سے جس کے معنی بولنے اور بات کرنے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۳۷:۹۲) (۵۱:۲۳)۔

تَنْظُرْ: (لِتَنْظُرْ) چاہیے کہ وہ دیکھے، وہ دیکھ لے، (نصر ا) نَظَرٌ سے، امر واحد غائب مؤنث۔ (۵۹:۱۸)۔

تَنْظُرُوْنَ: تم دیکھتے ہو، تم دیکھو گے، (نصر) نَظَرٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۲:۵۰، ۵۵) (۳:۱۴۳) (۵۶:۸۴)۔

لَاتُنْظِرُوْنِ: (لَاتُنْظِرُوْا.نِ) تم مجھے مت ڈھیل دو/ مجھے مہلت نہ دو، لَاتُنْظِرُوْا، (افعال ا) اِنْظَارٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر، (نِ اصل میں نِیْ) ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف۔ (۷:۱۹۵) (۱۰:۷۱) (۱۱:۵۵)۔

تَنْفُخُ: تو پھونک مارتا ہے/ پھونک مارے گا، تو پھونکتا ہے/ پھونکے گا، (نصر ا) نَفْخٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔ (۵:۱۱۰)۔

تَنْفَدَ: (کہ) وہ تمام ہو، نبڑ جائے، وہ (باتیں) تمام ہوں/ ختم ہوں، (سمع ا) نَفَادٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۱۸:۱۰۹)۔

تَنْفُذُوْا: تم نکل بھاگو، تم باہر چلے جاؤ، (نصر ا) نُفُوْذٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔ (۵۵:۳۳)۔

تَنْفُذُوْنَ: تم (نہیں) نکل سکتے ہو، (نصر) نُفُوْذٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۵۵:۳۳)۔

تَنْفِرُوْا: (اگر نہ) تم نکلو گے/ کوچ کرو گے، (ضرب ا) نِفَارٌ و نُفُوْرٌ (نکلنا، چل دینا) سے، مضارع (مجزوم، منفی) جمع حاضر مذکر۔ (۹:۳۹)، **لَاتَنْفِرُوْا**: تم مت نکلو، نہی جمع حاضر مذکر ہے۔ (۹:۸۱)۔

تَنَفَّسَ: اس نے سانس لیا/ دم کھینچا، صبح روشن ہوئی، (تفعل ا) تَنَفُّسٌ سے جسکے معنی سانس لینے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔ جب اسکا استعمال صبح کے ساتھ ہوتا ہے تو اسکے معنی پو پھٹنے اور صبح روشن ہونے کے ہوتے ہیں۔ (۸۱:۱۸)۔

تَنْفَعُ: وہ نفع دیتی ہے، وہ کام آتی ہے، وہ فائدہ دے گی، (فتح ا) نَفْعٌ (نفع دینا، فائدہ پہنچانا، کام آنا) سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۲۰:۱۰۹) (۳۴:۲۳) (۵۱:۵۵)۔

لَنْ تَنْفَعَكُمْ: (لَنْ تَنْفَعَ.كُمْ) وہ تمہارے کام نہیں آئے گی ہے، وہ تمہیں ہرگز نفع نہیں دے گی، (رشتے ناتے) ہرگز تمہارے کام نہ آئیں گے، لَنْ تَنْفَعَ، (فتح) نَفْعٌ سے، مضارع منفی بہ لن واحد غائب مؤنث، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۶۰:۳)۔

تَنْفَعَهُ: (تَنْفَعَ.هُ) وہ اس کو نفع پہنچاتی، تَنْفَعَ، (فتح) نَفْعٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، ہُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۸۰:۴)۔

تَنْفَعُهَا: (تَنْفَعُ.هَا) وہ اس کو نفع دیتی ہے/ اسے نفع دے گی، وہ اس کے کام آئے گی، تَنْفَعُ، (فتح) نَفْعٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، ھَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۲:۱۲۳)۔

تَنْفَعُهُمْ: (تَنْفَعُ.هُمْ) وہ ان کو (نہیں) فائدہ دے گی، تَنْفَعُ،

(فتح) نَفْعٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۴۸:۷۴)۔

تُنْفِقُوْا: تم خرچ کرو گے، تم خرچ کرو، تم انفاق کرتے ہو، (افعال ا) اِنْفَاقٌ سے، مضارع (مجزوم ومنصوب) جمع حاضر مذکر۔ مجزوم (۲:۲۷۲، ۲۷۲، ۲۷۳) (۳:۹۲) (۸:۶۰)، منصوب (۳:۹۲) (۴۷:۳۸) (۵۷:۱۰)۔

لَاتُنْفِقُوْا: تم نہ خرچ کرو، (افعال) اِنْفَاقٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔ (۶۳:۷)۔

تُنْفِقُوْنَ: تم خرچ کرتے ہو، تم خرچ کرو گے، تم انفاق کرتے ہو، (افعال) اِنْفَاقٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۲:۲۶۷، ۲۷۲)۔

تُنْقِذُ: تو نجات دلاتا ہے/ نجات دلائے گا، تو چھڑاتا ہے/ چھڑائے گا، (افعال ا) اِنْقَاذٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔ (۳۹:۱۹)۔

تَنْقُصُ: وہ گھٹاتی ہے، وہ کم کرتی ہے، (نصر ا) نَقْصٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۵۰:۴)۔

لَاتَنْقُصُوْا: تم مت گھٹاؤ، تم کم نہ کرو، (نصر) نَقْصٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔ (۱۱:۸۴)۔

لَاتَنْقُضُوْا: تم مت توڑو، (نصر ا) نَقْضٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔ (۱۶:۹۱)۔

تَنْقَلِبُوْا: تم پھر جاؤ گے، تم پلٹ جاؤ گے، (انفعال ا) اِنْقِلَابٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔ (۳:۱۴۹) (۵:۲۱)۔

تَنْقِمُ: تو بیر رکھتا ہے/ انتقام لیتا ہے، (ضرب ا) نَقْمٌ (بیر رکھنا، غصے ہونا، انتقام لینا، انکار کرنا) سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔ (۷:۱۲۶)۔

تَنْقِمُوْنَ: برائی دیکھتے ہو، بیر رکھتے ہو، عیب پکڑتے ہو، (ضرب) نَقْمٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۵:۵۹)۔

تَنْكِحَ: وہ نکاح کرے/ وطی کرے، (ضرب ا) نِكَاحٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۲:۲۳۰)۔

تَنْكِحُوْا: تم عقد کرو/ نکاح کرو، (ضرب) نِكَاحٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔ (۳۳:۵۳)۔

لَاتَنْكِحُوْا: تم مت عقد کرو/ نہ نکاح کرو، (ضرب) نِكَاحٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔ (۲:۲۲۱) (۴:۲۲)۔

لَاتُنْكِحُوْا: تم نہ نکاح کراؤ، (افعال ا) اِنْكَاحٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر۔ (۲:۲۲۱)۔

تَنْكِحُوْهُنَّ: (تَنْكِحُوْا. هُنَّ) تم ان سے عقد کرو/ ان سے نکاح کرو، تَنْكِحُوْا، (ضرب) نِكَاحٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر، هُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)۔ (۴:۱۲۷) (۶۰:۱۰)۔

تُنْكِرُوْنَ: تم انکار کرتے ہو، تم انکار کرو گے، (افعال ا) اِنْكَارٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۴۰:۸۱)۔

تَنْكِصُوْنَ: تم بھاگتے ہو، تم پھرے جاتے ہو، (ضرب ا) نَكْصٌ (کسی چیز سے رکنا/ پھرنا، باز رہنا) سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۲۳:۶۶)۔

تَنْكِيْلًا: عذاب/ سزا، عذاب دینا، رسوا کرنا، مصدر ہے (باب تفعیل ا)۔ (۴:۸۴)۔

تَنُوْٓاُ: وہ بھاری ہوتی ہے، وہ جھکتی ہے، (نصر۴+۶: نَاءَ. يَنُوْءُ) نَوْءٌ (بھاری ہونا، بوجھ کے مارے گر جانا) سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۲۸:۷۶)۔

اَلتَّنُّوْرُ: تنور، روٹی وغیرہ پکانے کا چولہا، سطح زمین، تَنَانِيْرُ جمع۔ یہ فارسی سے عربی میں آیا ہے۔ (۱۱:۴۰) (۲۳:۲۷)۔

تَنْهٰى: وہ روکتی ہے/ منع کرتی ہے، (فتح: نَهٰى. يَنْهٰى) نَهْيٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۲۹:۴۵)۔

تَنْهٰنَا: (تَنْهٰى. نَا) تو ہمیں منع کرتا ہے، تو ہمیں روکتا ہے، تَنْهٰى، (فتح) نَهْيٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع

متکلم)۔(۶۲:۱۱).

لَاتَنْھَرْ: تو مت جھڑک/مت ڈانٹ، (فتح۱) نَھْرٌ (بمعنی جھڑکنا) سے، نہی واحد حاضر مذکر۔(۹۳:۱۰).

لَاتَنْھَرْھُمَا: (لَاتَنْھَرْ.ھُمَا) تو ان دونوں کو مت جھڑک/انہیں مت ڈانٹ، لَاتَنْھَرْ، (فتح) نَھْرٌ سے، نہی واحد حاضر مذکر، ھُمَا ضمیر مفعول (تثنیہ غائب مذکر)۔(۱۷:۲۳).

تَنْھَوْنَ: تم منع کرتے ہو/روکتے ہو، (فتح) نَھْیٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۳:۱۱۰).

تُنْھَوْنَ: تمہیں منع کیا جاتا ہے/روکا جاتا ہے، (فتح) نَھْیٌ سے، مضارع مجہول جمع حاضر مذکر۔(۴:۳۱).

لَاتَنِیَا: تم دونوں سستی نہ کرو، (ضرب۱۰؛ وَنٰی.یَنِیْ) وَنْیٌ (سست ہونا، سستی کرنا) سے، نہی تثنیہ حاضر مذکر۔(۲۰:۴۲).

تَوَّابٌ: پھر آنے والا، توبہ کرنے والا، معاف کرنے والا، (نصر۶؛ تَابَ.یَتُوْبُ) تَوْبَۃٌ سے، صیغۂ مبالغہ مفرد۔ لغت میں توبہ کرنے والا اور توبہ قبول کرنے والا دونوں کو تَوَّابٌ کہتے ہیں، بندہ توبہ کرتا ہے اور اللہ اس کی توبہ قبول کرتا ہے۔(۲۴:۱۰) (۴۹:۱۲)، التَّوَّابُ (۲:۳۷، ۵۴، ۱۲۸، ۱۶۰) (۹:۱۰۴، ۱۱۸)، تَوَّابًا (۴:۱۶، ۶۴) (۱۱۰:۳).

التَّوَّابِیْنَ: توبہ کرنے والے، تَوَّابٌ کی جمع (بحالت نصب و جر)۔(۲:۲۲۲).

تَوَارَتْ: وہ چھپ گیا/پوشیدہ ہوگیا، وہ چھپ گئی/پوشیدہ ہوگئی، (تفاعل۱۲؛ تَوَارٰی.یَتَوَارٰی) تَوَارٍ سے، ماضی واحد غائب مؤنث، [مادہ؛ ورى]۔(۳۸:۳۲).

تَوَاصَوْا: انہوں نے وصیت کی، انہوں نے تاکید کی، (تفاعل۱۲؛ تَوَاصٰی.یَتَوَاصٰی) تَوَاصٍ (باہم نصیحت کرنا/وصیت کرنا) سے، ماضی جمع غائب مذکر، [مادہ؛ وصى]۔(۵۱:۵۳) (۹۰:۱۷، ۱۷) (۱۰۳:۳، ۳).

تَوَاعَدْتُّمْ: تم نے آپس میں وعدہ کیا، (تفاعل۶؛ تَوَاعَدَ.یَتَوَاعَدُ) تَوَاعُدٌ (باہم وعدہ کرنا، معاہدہ کرنا) سے، ماضی جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ وعد]۔(۸:۴۲).

لَاتُوَاعِدُوْھُنَّ: (لَاتُوَاعِدُوْا.ھُنَّ) تم ان سے وعدہ نہ کرو، لَاتُوَاعِدُوْا، (مفاعلہ۶؛ وَاعَدَ.یُوَاعِدُ) مُوَاعَدَۃٌ سے جسکے معنی کسی سے وعدہ کرنے کے ہیں، نہی جمع حاضر مذکر، ھُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)، [مادہ؛ وعد]۔(۲:۲۳۵).

التَّوْبِ: توبہ کرنا، مصدر ہے (نصر۶؛ تَابَ.یَتُوْبُ کا)۔(۴۰:۳).

تَوْبَۃً: توبہ کرنا، گناہ سے باز آنا، توبہ قبول فرمانا، مصدر ہے (نصر۶؛ تَابَ.یَتُوْبُ کا)۔ مزید تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو تَابَ۔ (۴:۹۲) (۶۶:۸)، التَّوْبَۃَ (۹:۱۰۴) (۴۲:۲۵)، التَّوْبَۃُ (۴:۱۷، ۱۸).

تَوْبَتُھُمْ: (تَوْبَۃُ.ھُمْ) ان کی توبہ، تَوْبَۃُ مضاف، ھُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۳:۹۰).

تُوْبُوْا: تم توبہ کرو، تم رجوع کرو، تم گناہوں سے باز آجاؤ، (نصر) تَوْبَۃٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(۲:۵۴) (۱۱:۳، ۵۲، ۶۱، ۹۰) (۲۴:۳۱) (۶۶:۸).

لَاتَوْجَلْ: تو مت ڈر، (سمع۶؛ وَجِلَ.یَوْجَلُ) وَجَلٌ سے جسکے معنی ڈر محسوس کرنے کے ہیں، نہی واحد حاضر مذکر۔(۱۵:۵۳).

تَوَجَّہَ: وہ متوجہ ہوا، اس نے رخ کیا، (تفعل۶؛ تَوَجَّہَ.یَتَوَجَّہُ) تَوَجُّہٌ سے جس کے معنی متوجہ ہونے، کسی طرف رخ کرنے اور باہر نکلنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ وجہ]۔(۲۸:۲۲).

تَوَدُّ: وہ چاہے گا، آرزو کرے گی، دوست رکھے گی، (سمع۵+۶؛ وَدَّ.یَوَدُّ) وَدٌّ و وُدٌّ و مَوَدَّۃٌ سے جسکے معنی دوست رکھنے/محبت کرنے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث۔(۳:۳۰).

تَوَدُّوْنَ: تم چاہتے ہو/دوست رکھتے ہو/آرزو کرتے ہو، (سمع؛ وَدَّ.یَوَدُّ) وَدٌّ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(۸:۷).

اَلتَّوْرٰىةُ: توریت، حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہونے والی کتاب کا نام۔ بعض کے نزدیک توراۃ اور انجیل دونوں عجمی عبرانی نام ہیں۔ جبکہ بعض اس کا مادہ وری بتاتے ہیں اور تَوْرٰىة اس سے بروزن تَفْعَلَة (یا تَفْعِلَة) مشتق ہے۔ وَرْيُ الزَّنْدِ کا معنی ہے چقماق کا آگ نکالنا، جس سے لوگ آگ اور روشنی حاصل کرتے ہیں، اس لحاظ سے تَوْرٰىة کا معنی ہے روشن یا روشنی دینے والی۔ چونکہ تورات میں وہ ضیاء ونور تھا جس کے ذریعے انسان گمراہی سے ہدایت پر آجاتا ہے جس طرح اندھیرے سے اجالے میں نکل آتا ہے اس لیے یہ کتاب تورات کے نام سے موسوم ہوئی۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے؛ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى وَ هٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَ ضِيَآءً (۲۱: ۴۸) (اور بیشک ہم نے عطا فرمائی موسیٰ اور ھارون کو فیصلہ کرنے والی اور روشنی)۔ واضح رہے کہ موجودہ کتاب جو تو ارت کے نام سے پائی جاتی ہے وہ حضرت موسیٰ کے بعد تصنیف ہوئی جس میں کچھ مضامین اصل تورات کے بھی شامل ہیں جبکہ اکثر بعد کی پیداوار ہیں۔ قرآن مجید نے جس تورات کا ذکر کیا ہے موجودہ تورات قطعی وہ نہیں ہے۔ (۳: ۶۵، ۹۳) (۵: ۴۳)، التَّوْرٰىةِ (۳: ۵۰، ۹۳) (۵: ۴۶، ۴۶) (۷: ۱۵۷) (۹: ۱۱۱) (۴۸: ۲۹) (۶۱: ۶)، التَّوْرٰىةَ (۳: ۳، ۴۸) (۵: ۴۴، ۶۶، ۶۸، ۱۱۰) (۶۲: ۵).

تُوْرُوْنَ: تم سلگاتے ہو، تم روشن کرتے ہو، آگ نکالتے ہو، (افعال۱۲: اَوْرٰى. يُوْرِىْ) اِيْرَاءٌ سے جسکے معنی چقماق سے آگ نکالنے کے ہیں، مضارع جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ وری]۔ اصل میں وری کے معنی پیچھے ہونے اور چھپنے کے ہیں، اور وَرْيُ الزَّنْدِ کا معنی ہے چقماق کا پوشیدہ آگ نکالنا، گویا اس میں آگ کے پیچھے اور چھپے ہونے کے معنی کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ (۵۶: ۷۱).

تُوَسْوِسُ: وہ وسوسہ ڈالتی ہے، خیال ڈالتی ہے، (فعللۃ۲: وَسْوَسَ. يُوَسْوِسُ) وَسْوَسَةٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، [مادہ؛ وسوس]۔ (۵۰: ۱۶).

تُوْصُوْنَ: تم وصیت کرو گے/ وصیت کرتے ہو، (جو) تم وصیت کرو، (افعال؛ اَوْصٰى. يُوْصِىْ) اِيْصَاءٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ وصی]۔ (۴: ۱۲).

تَوْصِيَةً: وصیت کرنا، کہہ مرنا، مصدر (تفعیل۱۲؛ وَصّٰى. يُوَصِّىْ کا) ہے، [مادہ؛ وصی]۔ (۳۶: ۵۰).

تُوْعِدُوْنَ: تم ڈراتے ہو، (افعال۶؛ اَوْعَدَ. يُوْعِدُ) اِيْعَادٌ (دھمکی دینا/ ڈرانا) سے، مضارع جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ وعد]۔ (۷: ۸۶).

تُوْعَدُوْنَ: تم سے وعدہ کیا جاتا ہے، (ضرب؛ وَعَدَ. يَعِدُ) وَعْدٌ سے، مضارع مجہول جمع حاضر مذکر۔ (۶: ۱۳۴) (۲۱: ۱۰۳، ۱۰۹) (۲۳: ۳۶) (۳۶: ۶۳) (۳۸: ۵۳) (۴۱: ۳۰) (۵۰: ۳۲) (۵۱: ۵، ۲۲) (۷۲: ۲۵) (۷۷: ۷).

تُوْعَظُوْنَ: تمہیں نصیحت کی جاتی ہے، (ضرب؛ وَعَظَ. يَعِظُ) وَعْظٌ سے، مضارع مجہول جمع حاضر مذکر۔ (۵۸: ۳).

تُوَفّٰى: پورا دیا جائے گا، (تفعیل۱۲؛ وَفّٰى. يُوَفِّىْ) تَوْفِيَةٌ سے جسکے معنی پورا پورا دینے کے ہیں، مضارع مجہول واحد غائب مؤنث، [مادہ؛ وفی]۔ (۲: ۲۸۱) (۳: ۱۶۱) (۱۶: ۱۱۱).

تَوَفّٰىهُمْ: (تَوَفّٰى. هُمْ) وہ ان کو پورا لیتی ہے، وہ (فرشتوں کی جماعت) انہیں اٹھاتی ہے، (فرشتے) ان کو قبض کرتے ہیں، تَوَفّٰى، (تفعّل؛ تَوَفّٰى. يَتَوَفّٰى) تَوَفٍّ سے، مضارع واحد غائب مؤنث (اصل میں تَتَوَفّٰى، ایک تاء حذف ہوگئی)، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)، [مادہ؛ وفی]۔ (۴: ۹۷).

تَوَفَّتْهُ: (تَوَفَّتْ. هُ) (فرشتوں کی جماعت نے) اس کو قبض کیا/ اسے اٹھالیا، تَوَفَّتْ، (تفعل) تَوَفٍّ سے، ماضی واحد غائب مؤنث، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۶: ۶۱).

تَوَفَّتْهُمْ: (تَوَفَّتْ. هُمْ) اس (فرشتوں کی جماعت) نے ان کو قبض کیا، اس نے ان کو اٹھالیا، (جب) وہ (جمع مکسر/فرشتے) ان کی جان نکالیں گے، تَوَفَّتْ، (تفعل) تَوَفٍّ (التَّوَفِّىْ) سے، ماضی واحد غائب مؤنث، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۴۷: ۲۷).

تَوَفَّنَا: (تَوَفَّ. نَا) تو ہم کو اٹھا لے/ ہماری روح قبض کر، تَوَفَّ، (تفعل) تَوَفٍّ سے، امر واحد حاضر مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔ (۳: ۱۹۳) (۷: ۱۲۶)۔

تَوَفَّنِيْ: (تَوَفَّ. نِيْ) تو مجھے موت دے، مجھے وفات دے، تَوَفَّ، (تفعل) تَوَفٍّ سے، امر واحد حاضر مذکر، نِیْ میں ن وقایہ اور ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔ (۱۲: ۱۰۱)۔

تُوَفَّوْنَ: تم کو پورا دیا جائے گا، (تفعیل) تَوْفِيَةٌ سے، مضارع مجہول جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ وفی]۔ (۳: ۱۸۵)۔

تَوَفَّيْتَنِيْ: (تَوَفَّيْتَ. نِيْ) تو نے مجھے اٹھا لیا، تَوَفَّيْتَ، (تفعل) تَوَفٍّ سے، ماضی واحد حاضر مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔ یہاں آسمان پر اٹھایا جانا مراد ہے، تَوَفٍّ کے معنی کسی چیز کو پورا لینے اور اس پر پورے طور پر قبضہ کرنے کے ہیں، موت کے وقت روح پورے طور پر قبض کر لی جاتی ہے، نیند کی حالت میں ہوش کو پورے طور پر اٹھا لیا جاتا ہے۔ روح کھینچ لینا، ہوش چھین لینا، جسم سمیت اٹھا لینا، ان تینوں حالتوں پر اس کا مفہوم حاوی ہے۔ (۵: ۱۱۷)۔

تَوْفِيْقًا: توفیق، ملاپ، موافقت کرنا، مصدر ہے (تفعیل ۲؛ وَفَّقَ. يُوَفِّقُ کا)، [مادہ؛ وفق]۔ (۴: ۶۲)۔

تَوْفِيْقِيْ: (تَوْفِيْقِ. يْ) میری توفیق، مجھے توفیق ملنا، تَوْفِيْقِ مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔ (۱۱: ۸۸)۔

تُوْقِدُوْنَ: تم آگ سلگاتے ہو، تم آگ روشن کرتے ہو، (افعال؛ اَوْقَدَ. يُوْقِدُ) اِيْقَادٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ وقد]۔ (۳۶: ۸۰)۔

تُوَقِّرُوْهُ: (تُوَقِّرُوْا. هُ) تم اس کی توقیر کرو، تم اس کا ادب کرو، تُوَقِّرُوْا، (تفعیل ۲؛ وَقَّرَ. يُوَقِّرُ) تَوْقِيْرٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)، [مادہ؛ وقر]۔ (۴۸: ۹)۔

تُوْقِنُوْنَ: تم یقین کرو/ یقین کرنے لگو، تم یقین کرتے ہو/ یقین کرو گے، (افعال ۷؛ اَيْقَنَ. يُوْقِنُ) اِيْقَانٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ یقن]۔ (۱۳: ۲)۔

تَوَكَّلْ: تو بھروسا کر/ اعتماد کر، (تفعل ۶؛ تَوَكَّلَ. يَتَوَكَّلُ) تَوَكُّلٌ سے جسکے معنی کسی پر بھروسا کرنے کے ہیں، امر واحد حاضر مذکر، [مادہ؛ وکل]۔ شاہ ولی اللہ نے توکل کی تعریف میں لکھا ہے، ''آدمی پر یقین کامل اس حد تک غالب ہو کہ نفع ونقصان میں اسباب کے متعلق اس کی جدوجہد سرد پڑ جائے، لیکن کام کے طریقے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے لیے مقرر فرما دیے ہیں بغیر اس کے کہ ان پر اعتماد ہو ان طریقوں پر عمل پیرا رہے''۔ توکل کی ایک قسم یہ ہے کہ جو کچھ قضاء الٰہی ہو چکی اس پر دل مطمئن ہو جائے، بغیر اس کے کہ نفع کے فوت ہو جانے یا نقصان کے پہنچ جانے کی پروا یا اضطراب باقی رہے، آدمی کے نزدیک ملنے یا نہ ملنے میں برابری نہ ہونا توکل کی اس قسم کے منافی ہے، اسی طرح اسباب پر متوجہ ہونا اور ان میں مشغول ہونا اس توکل کو ختم کر دیتا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا، ''اگر تم اللہ پر اس طرح توکل کرو جس طرح توکل کرنے کا حق ہے تو تمہیں اسی طرح رزق ملے جس طرح پرندوں کو ملتا ہے کہ صبح کو خالی پیٹ اٹھتے ہیں اور شام کو بھرے پیٹ جاتے ہیں''۔ یعنی پرندے نفع ونقصان یا دفع مضرت کی طرح ملتفت نہیں ہوتے اور نہ ہی ملنے نہ ملنے کی پروا کرتے ہیں، فرمایا، اگر تم اس صفت پر رہو کہ ملنے نہ ملنے کی پروا نہ کرو اور جو توکل کا حق ہے اسی طرح توکل کرو تو جو کچھ تمہاری قسمت میں ہے ضرور مل جائے گا۔ یہ وہ توکل ہے جس کی طرف دعوت دی گئی ہے۔ دوسری قسم وہ ہے جس کی دعوت نہیں دی گئی جو نقصان اور مکروہات کو دفع کرنے اور حدود کی نگرانی اور آفات سے بچاؤ کے لیے ہوتا ہے۔ یہ بھی توکل کی ایک قسم ہے اگرچہ یہ ناقص ہے۔ جس طرح ایک صحابیؓ نے حضورؐ سے عرض کیا کہ میں ناقہ کو کھلا چھوڑ کر توکل کروں یا باندھ کر تو آپؐ نے فرمایا، باندھ اور توکل کر۔ (۳: ۱۵۹) (۴: ۸۱) (۸: ۶۱) (۱۱: ۱۲۳) (۲۵: ۵۸) (۲۶: ۲۱۷) (۲۷: ۷۹) (۳۳: ۳، ۴۸)۔

تَوَكَّلْتُ: میں نے توکل کیا، میں نے بھروسا کیا، (تفعل)

تَوَكُّلٌ سے، ماضی واحد متکلم۔ (١٢٩:٩) (٧١:١٠) (٨٨،٥٦:١١) (٦٧:١٢) (٣٠:١٣) (١٠:٤٢).

تَوَكَّلْنَا: ہم نے توکل کیا، ہم نے بھروسا کیا، (تفعل) تَوَكُّلٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (٨٩:٧) (٨٥:١٠) (٤:٦٠) (٢٩:٦٧).

تَوَكَّلُوْا: تم بھروسا کرو/توکل کرو، (تفعل) تَوَكُّلٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(٢٣:٥) (٨٤:١٠).

تَوْكِيْدِهَا: (تَوْكِيْد.هَا) اس کی پختگی/مضبوطی، اس کا استوار کرنا، اس کا پختہ کرنا، تَوْكِيْدِ (مصدر ہے، باب تفعیل٦؛ وَكَّدَ.يُوَكِّدُ کا، [مادہ؛ وکد]) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(٩١:١٦).

تَوَلَّ: تو اعراض کر، تو منہ پھیر، تو لوٹ آ، (تفعل١٢؛ تَوَلّٰى.يَتَوَلّٰى) تَوَلٍّ عَنْ (منہ پھیرنا، اعراض کرنا) سے، امر واحد حاضر مذکر، [مادہ؛ ولی]۔ (٢٨:٢٧) (١٧٤:٣٧، ١٧٨) (٥٤:٥١) (٦:٥٤).

تَوَلَّاهُ: (تَوَلَّا.هُ) وہ اس کا رفیق ہوا، اس نے اس سے دوستی کی، تَوَلَّا، (تفعل) تَوَلٍّ (بمعنی دوستی کرنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، ہُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(٤:٢٢).

تَوَلّٰى: وہ پھرا، اس نے منہ موڑا، (جدھر) وہ پھرتا ہے، (جب) وہ بااختیار ہو، (تفعل) تَوَلٍّ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (٢٠٥:٢) (٨٢:٣) (٨٠:٤، ١١٥) (٧٩:٧، ٩٣) (٨٤:١٢) (٤٨:٢٠، ٦٠) (١١:٢٤) (٢٤:٢٨) (٣٩:٥١) (٢٩:٥٣، ٣٣) (١٧:٧٠) (٣٢:٧٥) (١:٨٠) (٢٣:٨٨) (١٦:٩٢) (١٣:٩٦).

تُوْلِجُ: تو داخل کرتا ہے، (افعال٦؛ اَوْلَجَ.يُوْلِجُ) اِيْلَاجٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، [مادہ؛ ولج]۔(٢٧:٣، ٢٧).

تَوَلَّوْا: (اگر) وہ پھر جائیں، وہ پھرے، انہوں نے دوستی کی (یعنی کفار کی طرف پھرے)، (تفعّل) تَوَلٍّ سے بمعنی پھرنے، منہ پھیرنے کے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (١٣٧:٢، ٢٤٦) (٢٠:٣، ٣٢، ٦٣، ٦٤، ١٥٥) (٨٩:٤) (٤٩:٥) (٢٣:٨، ٤٠) (٧٦:٩، ٩٢، ١٢٩) (٨٢:١٦) (١٠٩:٢١) (٩٠:٣٧) (١٤:٤٤) (١٤:٥٨) (٦:٦٤).

تَوَلَّوْا: تم اعراض کرو گے، تم روگردانی کرو گے، (تفعل) تَوَلٍّ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر۔ اصل میں تَتَوَلَّوْا، ایک تاء محذوف ہے۔(٣:١١، ٥٧) (٥٤:٢٤).

لَاتَوَلَّوْا: تم مت اعراض کرو، تم روگردانی نہ کرو، (تفعل) تَوَلٍّ سے، نہی جمع حاضر مذکر (اصل میں لَاتَتَوَلَّوْا)۔(٢٠:٨).

تُوَلُّوْا: تم پھرو گے، تم رخ کرو، (تفعیل؛ وَلّٰى.يُوَلِّيْ) تَوْلِيَةٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر، [مادہ؛ ولی]۔(١١٥:٢).

تُوَلُّوْا: تم رخ کرو، تم پھیر لو، (تفعیل) تَوْلِيَةٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(١٧٧:٢) (٢١:٥٧).

تُوَلُّوْنَ: تم منہ موڑو گے، تم پھر جاؤ گے، (تفعیل) تَوْلِيَةٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔(٣٣:٤٠).

تَوَلَّوْهُمْ: (تَوَلَّوْا.هُمْ) ان سے دوستی کرنے لگو، تَوَلَّوْا، (تفعل؛ تَوَلّٰى.يَتَوَلّٰى) تَوَلٍّ سے بمعنی دوستی کرنے کے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر (ایک تاء محذوف ہے)، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٩:٦٠).

لَاتُوَلُّوْهُمْ: (لَاتُوَلُّوْا.هُمْ) تم ان سے منہ نہ موڑو، تم ان سے (پیٹھ) نہ پھیرنا، لَاتُوَلُّوْا، (تفعیل؛ وَلّٰى.يُوَلِّيْ) تَوْلِيَةٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(١٥:٨).

تَوَلَّيْتُمْ: تم پھرے، تم نے منہ موڑا، تم نے منہ پھیرا، (اگر) تم حاکم ہو جاؤ، (تفعل) تَوَلٍّ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(٦٤:٢، ٨٣) (٩٢:٥) (٣:٩) (٧٢:١٠) (٢٢:٤٧) (١٦:٤٨) (١٢:٦٤).

تُهَاجِرُوْا: تم ہجرت کر جاتے/وطن چھوڑ دیتے، (مفاعلہ١) مُهَاجَرَةٌ سے جسکے معنی کسی سے قطع تعلق کرنے، وطن چھوڑنے، ایک جگہ سے دوسری جگہ ہجرت کرنے کے ہیں، مضارع (منصوب)

جمع حاضر مذکر۔(۹۷:٤).

تَهْتَدُوْا: تم راہ یاب ہو جاؤ گے، (افتعال: اِهْتَدٰى. يَهْتَدِىْ) اِهْتِدَاءٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع حاضر مذکر، [مادہ: هدى]۔ (۱۳۵:۲) (٥٤:٢٤).

تَهْتَدُوْا: تم راہ پاؤ، تم راستہ معلوم کرو، (افتعال) اِهْتِدَاءٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔(۹۷:٦).

تَهْتَدُوْنَ: تم راہ پاؤ/ راہ پاتے ہو، تم راہ یاب ہو جاؤ گے، (افتعال) اِهْتِدَاءٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ (۵۳:۲، ۱۵۰) (۱۰۳:۳) (۱۵۸:۷) (۱۵:۱٦) (۱۰:٤۳).

تَهْتَدِىْ: وہ راہ پاتی ہے/ راہ پائے گی، (افتعال) اِهْتِدَاءٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث۔(٤۱:۲۷).

تَهْتَزُّ: وہ ہلتی ہے/ بل کھاتی ہے، (افتعال۵: اِهْتَزَّ. يَهْتَزُّ) اِهْتِزَازٌ سے، مضارع واحد غائب مؤنث، [مادہ: هزز]۔ (۱۰:۲۷) (۳۱:۲۸).

تَهَجَّدْ: تو جاگ/ اٹھ، تو بیدار ہوجا، تو تہجد پڑھ، (تفعل ۱) تَهَجُّدٌ سے جسکے معنی سونے اور بیدار ہونے دونوں کے آتے ہیں، یہاں رات کو بیدار ہوکر نماز (تہجد) پڑھنا مراد ہے، امر واحد حاضر مذکر۔(۷۹:۱۷).

تَهْجُرُوْنَ: تم چھوڑتے ہو، تم بے ہودہ بکتے ہو، (نصر ۱) هَجْرٌ سے، مضارع جمع حاضر مذکر۔ **هَجْرٌ** کے معنی چھوڑنے اور ہذیان بکنے دونوں کے آتے ہیں اور یہاں دونوں صحیح ہیں۔(٦۷:۲۳).

تَهْدُوْا: تم ہدایت دو، تم راہ پر لے آؤ، (ضرب۹: هَدٰى. يَهْدِىْ) هِدَايَةٌ سے، مضارع (منصوب) جمع حاضر مذکر۔ (۸۸:٤).

تَهْدِىْ: تو ہدایت دیتا ہے، تو ہدایت دے گا، (ضرب) هِدَايَةٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر۔ (۱۵۵:۷) (٤۳:۱۰) (۵٦:۲۸) (۵۲:٤۲) (٤۰:٤۳).

اَلتَّهْلُكَةِ: ہلاکت، ہلاکت میں ڈالنا، فنا ہونا، مصدر (ضرب ا: هَلَكَ. يَهْلِكُ کا)۔(۱۹۵:۲).

تُهْلِكُنَا: (تُهْلِكُ. نَا) (کیا) تو ہم کو ہلاک کرتا ہے/ ہمیں ہلاک کرے گا، تُهْلِكُ، (افعال ۱) اِهْلَاكٌ سے، مضارع واحد حاضر مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔(۱۵۵:۷، ۱۷۳).

لَاتَهِنُوْا: تم سستی مت کرو/ سست نہ ہو جاؤ، (ضرب٦: وَهَنَ. يَهِنُ) وَهْنٌ (کام یا بدن میں کمزور وسست ہونا) سے، نہی جمع حاضر مذکر۔(۱۳۹:۳) (۱۰٤:٤) (۳۵:٤۷).

تَهْوٰى: وہ خواہش کرتی ہے، وہ چاہتی ہے/ چاہے گی، وہ (جمع مکسر) چاہتے ہیں، (سمع ۱۳: هَوِىَ. يَهْوٰى) هَوًى سے بمعنی خواہش کرنے اور چاہنے کے، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۸۷:۲) (۷۰:۵) (۲۳:۵۳).

لَاتَهْوٰى: (تمہارے/ ان کے دل) نہیں چاہتے تھے، مضارع منفی واحد غائب مؤنث۔(۸۷:۲) (۷۰:۵).

تَهْوِىْ: وہ گرتی ہے/ گرے گی، وہ پھینک دیتی ہے/ پھینک دے گی، وہ جھکتی ہے، وہ (دل) جھک جائیں یعنی وہ ان کی طرف مائل ہو جائیں، (ضرب ۱۱: هَوٰى. يَهْوِىْ) هَوِىٌّ سے جسکے معنی اوپر سے نیچے گرنے کے ہیں، مضارع واحد غائب مؤنث۔ (۳۷:۱٤) (۳۱:۲۲).

لَاتَايْئَسُوْا: تم ناامید نہ ہو، (سمع ۳+۷: يَئِسَ. يَيْئَسُ) يَاْسٌ سے جسکے معنی ناامید ہونے کے ہیں، نہی جمع حاضر مذکر۔ (۸۷:۱۲).

تَيَسَّرَ: وہ آسان ہوا، وہ میسر ہوا، (تفعل ۷) تَيَسُّرٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ: یسر]۔(۲۰:۷۳، ۲۰).

تَيَمَّمُوْا: تم قصد کرو، تم ارادہ کرو، (تفعل۵: تَيَمَّمَ. يَتَيَمَّمُ) تَيَمُّمٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، [مادہ: یمم]۔(٤۳:٤) (٦:۵).

لَاتَيَمَّمُوْا: تم مت ارادہ کرو، نہ قصد کرو، (تفعل) تَيَمُّمٌ سے، نہی جمع حاضر مذکر (اصل میں لَاتَتَيَمَّمُوْا)۔(۲٦۷:۲).

التِّیْنِ: انجیر، ایک عمدہ میوہ ہے جو ہر اعتبار سے بہت سی بیماریوں کے لیے نافع ہے۔(١:٩٥).

'ث'

ثَابِتٌ: ثابت، استوار، محکم، مضبوط، (نصرا) ثَبَاتٌ و ثُبُوْتٌ (استوار ہونا، ثابت رہنا) سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(٢٤:١٤)، الثَّابِتِ (٢٧:١٤).

ثَاقِبٌ: چمکنے والا، درخشندہ، (نصرا) ثُقُوْبٌ (روشن ہونا، چمکنا) سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(١٠:٣٧)، الثَّاقِبُ (٣:٨٦).

ثَالِثٍ: تیسرا، اسم عدد ترتیبی یا وصفی (مذکر کیلئے)، [مادہ: ثلث]۔(١٤:٣٦)، ثَالِثُ (٧٣:٥).

الثَّالِثَةَ: تیسری، اسم عدد ترتیبی یا وصفی ہے، مؤنث کیلئے آتا ہے، [مادہ: ثلث]۔(٢٠:٥٣).

ثَامِنُهُمْ: (ثَامِنُ.هُمْ) ان کا آٹھواں، ثَامِنُ (اسم عدد ترتیبی یا وصفی ہے، [مادہ: ثمن]) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(٢٢:١٨).

ثَانِيَ: دوسرا، اسم عدد ترتیبی یا وصفی ہے (مذکر کیلئے)، [مادہ: ثنی]۔(٤٠:٩).

ثَانِيَ: موڑنے والا، (ضرب٩: ثَنَى.يَثْنِي) ثَنْيٌ (موڑنا، لپیٹنا) سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(٩:٢٢).

ثَاوِيًا: مقیم، باشندہ، رہنے والا، (ضرب١١: ثَوَى.يَثْوِي) ثَوَاءٌ (رہنا، بسنا، اقامت گزیں ہونا) سے، اسم فاعل واحد مذکر، [مادہ: ثوی]۔(٤٥:٢٨).

ثُبَاتٍ: دستے، منفرد جماعتیں، گروہ گروہ، ثُبَةٌ کی جمع جس کے معنی گروہ کے ہیں، [مادہ: ثبی]۔(٧١:٤).

ثَبِّتْ: تو ثابت رکھ، قائم رکھ، (تفعیل ا) تَثْبِيْتٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔(٢٥٠:٢) (١٤٧:٣).

ثَبَّتْنٰكَ: (ثَبَّتْنَا.كَ) ہم نے تجھ کو ثابت قدم رکھا/ تجھے ٹھہرائے رکھا، (کہ) ہم تجھے ثابت قدم رکھتے، ثَبَّتْنَا، (تفعیل) تَثْبِيْتٌ سے، ماضی جمع متکلم، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔(٧٤:١٧).

ثَبِّتُوْا: تم ثابت رکھو/ استوار کرو، تم قائم رکھو، (تفعیل) تَثْبِيْتٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(١٢:٨).

ثَبَّطَهُمْ: (ثَبَّطَ.هُمْ) اس نے انہیں روک دیا/ انہیں باز رکھا، ثَبَّطَ، (تفعیل ا) تَثْبِيْطٌ (باز رکھنا، روک دینا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٤٦:٩).

ثُبُوْتِهَا: (ثُبُوْتِ.هَا) اس کا جمنا، اس کا استوار ہونا/ ثابت ہونا، ثُبُوْتِ (ثَبَتَ.يَثْبُتُ کا مصدر، باب نصر) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(٩٤:١٦).

ثُبُوْرًا: ہلاکت، موت، ہلاک ہونا، مرجانا، (نصرا) ثَبَرَ.يَثْبُرُ کا مصدر ہے۔(١٣:٢٥، ١٤، ١٤) (١١:٨٤).

ثَجَّاجًا: زور و شور کے ساتھ برسنے والا، (نصر٥: ثَجَّ.يَثُجُّ) ثَجٌّ سے جسکے معنی برسنے اور بہنے کے ہیں، مبالغہ مفرد کا صیغہ ہے، [مادہ: ثجج]۔(١٤:٧٨).

الثَّرٰى: گیلی مٹی، خاک نمناک، سیلی زمین، مٹی کا خشک ہونے کے بعد تر و نرم ہونا، مصدر (سمع١١: ثَرِيَ.يَثْرٰى کا)۔(٦:٢٠).

ثُعْبَانٌ: اژدہا، بڑا سانپ، مذکر و مؤنث دونوں کیلئے مستعمل ہے، ثَعَابِيْنُ جمع، [مادہ: ثعب]۔(١٠٧:٧) (٣٢:٢٦).

الثِّقَالَ: بھاری، گراں بار، بوجھل، ثَقِيْلٌ کی جمع جو (کرم ا) ثِقْلٌ سے صیغۂ صفت ہے۔(١٢:١٣)، ثِقَالًا (٥٧:٧) (٤١:٩).

ثَقِفْتُمُوْهُمْ: (ثَقِفْتُمْ.هُمْ) تم نے ان کو پا لیا، ثَقِفْتُمْ، (سمع ا) ثَقْفٌ سے جسکے معنی کسی چیز کے پانے کے ہیں یا کامیاب

ہونے کے ہیں، ماضی جمع حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (ثَقِفْتُمُوْ میں واوَ اشباعی ہے، یہ اصل میں ثَقِفْتُمْ ہے)۔ (۱۹۱:۲) (۹۱:٤).

ثُقِفُوْا: وہ پائے گئے، (سمع) ثَقْفٌ سے، ماضی مجہول جمع غائب مذکر۔ (۱۱۲:۳) (٦۱:۳۳).

الثَّقَلٰنِ: دو بھاری چیزیں، دو بوجھل خلقتیں یعنی انسان اور جن، ثَقَلٌ کا تثنیہ۔ (۳۱:٥٥).

ثَقُلَتْ: وہ بھاری ہوئی/ بھاری ہوئے، (کرم ا) ثِقْلٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔ (۸:۷، ۱۸۷) (۱۰۲:۲۳) (٦:۱۰۱).

ثَقِيْلًا: گراں، بھاری، (کرم) ثِقْلٌ سے صیغۂ صفت مفرد۔ قَوْلًا ثَقِيْلًا: بھاری بات، مراد دعوت حق (اسلام) یا قرآن۔ (٥:۷۳) (۲۷:۷٦).

ثَـلٰـثٍ: تین، اسم عدد ہے، مؤنث کیلئے آتا ہے، [مادہ: ثلث]۔ (٦:۳۹)، ثَـلٰـثِ (۳۰:۷۷)، ثَلٰـثَ (۱۰:۱۹) (٥۸:۲٤)، ثَلٰـثُ (٥۸:۲٤).

ثُلٰثَ: تین تین، اسم (غیر منصرف) ہے، یہ ثَلٰثَـةٌ ثَلٰثَـةٌ سے معدول ہے۔ (۳:٤) (۱:۳٥).

ثَلٰثَـةٌ: تین، اسم عدد، مذکر کے لیے استعمال ہوتا ہے، [مادہ: ثلث]۔ (۱۷۱:٤) (۲۲:۱۸)، ثَلٰثَةِ (۷۳:٥) (۷:٥۸)، ثَلٰـثَةِ (۱۹٦:۲) (۱۲٤:۳) (۸۹:٥)، ثَلٰـثَةَ (۲۲۸:۲) (٤۱:۳) (٦٥:۱۱)، ثَلٰثَةُ (٦٥:٤)، ثَلٰثَةً (۷:٥٦)، الثَّلٰـثَةِ (۱۱۸:۹).

ثَلٰـثَ مِائَةٍ: تین سو، ثَلٰثَ مضاف، مِائَةٍ مضاف الیہ۔ (۲٥:۱۸).

ثَلٰثُوْنَ: تیس (۳۰)، اسم عدد ہے (بحالت رفع)، [مادہ: ثلث]۔ (۱٥:٤٦).

ثَـلٰثِيْنَ: تیس (۳۰)، اسم عدد ہے (بحالت نصب و جر)۔ (۱٤۲:۷).

ثُـلَّـةٌ: انبوہ کثیر، بڑی جماعت، [مادہ: ثلل]۔ (۱۳:٥٦، ۳۹، ٤۰).

الثُّـلُـثُ: تہائی، تیسرا حصہ۔ (۱۱:٤)، الثُّلُثِ (۱۲:٤).

ثُلُثَا: دو تہائی، ۲/۳، ثُـلُـثٌ کا تثنیہ (بحالت رفع)، اصل میں ثُـلُـثَـانِ، آخر سے نون اعرابی بسبب اضافت گر گیا۔ (۱۱:٤).

الثُّـلُـثٰنِ: دو تہائی، ۲/۳، ثُـلُـثٌ کا تثنیہ (بحالت رفع)۔ (۱۷٦:٤).

ثُـلُـثَـهٗ: (ثُـلُـثَ. هٗ) اس کا تہائی، اس کا تیسرا حصہ، ثُـلُـثَ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۲۰:۷۳).

ثُـلُـثَيْ: دو تہائی، ثُـلُـثٌ (تہائی) کا تثنیہ (بحالت نصب و جر)، (اصل میں ثُـلُـثَـيْنِ، بسبب اضافت نون اعرابی گر گیا)۔ (۲۰:۷۳).

ثَـمَّ: وہاں، وہیں، اس جگہ، ادھر، اسم اشارہ ہے، [مادہ: ثمم]۔ (۱۱٥:۲) (٦٤:۲٦) (۲۰:۷٦) (۲۱:۸۱).

الْحٰــمِدُوْنَ: حمد کرنے والے،تعریف کرنے والے،سراہنے والے،شکر کرنے والے، (سمع) حَمْدٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)،حَامِدٌ واحد۔(١١٢:٩).

الْحٰمِلٰتِ: اٹھانے والیاں، (ضرب ا) حَمْلٌ سے،اسم فاعل جمع مؤنث (بحالت نصب وجر)،حَامِلَـةٌ واحد۔(٢:٥١).

حٰمِلِيْنَ: اٹھانے والے، (ضرب) حَمْلٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)،حَامِلٌ واحد۔(١٢:٢٩).

حَامِيَـةٌ: دہکتی ہوئی،جلتی ہوئی، (سمع ۱۱؛حَمِيَ.يَحْمٰى)حَمْىٌ سے جسکے معنی دہکنے اورتیز گرم ہونے کے ہیں، اسم فاعل واحد مؤنث۔(١١:١٠١)، حَامِيَةً (٤:٨٨).

حُبٌّ: محبت،چاہنا،جو چیز پسند ہو یا جو اچھی لگے اسے چاہنے کا نام حُبّ ہے، (مضاف)، (ضرب۵) حَبَّ.يَحِبُّ کا مصدر۔ (١٤:٣)، حُبِّ (١٦٥:٢) (٨:١٠٠)، حُبَّ (٣٢:٣٨)، حُبًّا (منصوب نکرہ) (١٦٥:٢) (٣٠:١٢) (٢٠:٨٩).

الْحَبُّ: دانہ،غلہ،اناج،گندم اور جو وغیرہ۔اناج کے ایک دانہ کو حَبَّـةٌ کہتے ہیں اور حَبّ واحد اور جمع دونوں طرح استعمال ہوتا ہے، حُبُوْبٌ جمع۔(١٢:٥٥)، الْحَبِّ (٩٥:٦)، حَبَّ (٩:٥٠)، حَبًّا (٩٩:٦) (٣٣:٣٦) (١٥:٧٨) (٢٧:٨٠).

حِبَالُهُمْ: (حِبَالُ.هُمْ)ان کی رسیاں،حِبَالُ (حَبْلٌ کی جمع) مضاف،هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٦٦:٢٠)، حِبَالَهُمْ (٤٤:٢٦).

حَبَّبَ: اس نے محبت ڈالی، اس نے محبوب بنایا، (تفعیل ۵؛ حَبَّبَ.يُحَبِّبُ) تَحْبِيْبٌ سے جسکے معنی دوست بنا دینے اور محبوب کر دینے کے ہیں،ماضی واحد غائب مذکر۔(٧:٤٩).

حَبَّـةٍ: دانہ،اناج کا ایک دانہ یا بیج،[مادہ:حبب]۔(٢٦١:٢، ٢٦١) (٥٩:٦) (٤٧:٢١) (١٦:٣١).

حَبِطَ: ضائع ہوا، اکارت ہوا، نابود ہوا، مٹ گیا، (سمع ۱) حَبْطٌ سے جسکے معنی کام کے ضائع ہونے کے ہیں،ماضی واحد غائب مذکر۔ (٥:٥) (٨٨:٦) (١٦:١١).

حَبِطَتْ: وہ مٹ گئے،اکارت گئے،وہ (اعمال) ضائع ہوگئے/برباد ہو گئے، (سمع) حَبْطٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔ (٢١٧:٢) (٢٢:٣) (٥٣:٥) (١٤٧:٧) (١٧:٩، ٦٩) (١٠٥:١٨).

الْحُبُكِ: راہیں، برج، ستاروں کے مجموعے یا دائرے، جمع کا صیغہ ہے،حِبَاكٌ واحد۔(٧:٥١).

حَبْلٌ: رسی، حِبَالٌ جمع۔ مجازاً عہد و پیمان کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے۔(٥:١١١)، حَبْلٍ (١١٢:٣، ١١٢)، حَبْلِ (١٠٣:٣) (١٦:٥٠).

حَبْلِ اللّٰهِ: اللہ کی رسی، اللہ کا عہد، مراد ہدایت، قرآن، حَبْلِ مضاف، اللّٰهِ مضاف الیہ۔حَبْلٌ کے اصل معنی تو رسی ہی کے ہیں لیکن مجازاً عہدوپیمان کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔(١٠٣:٣).

حَبْلِ الْوَرِيْدِ: رگ جان، شہ رگ، دل سے دماغ تک خون لے جانے والی رگ، اس کے کٹنے سے موت واقع ہو جاتی ہے، حَبْلِ (رسی، رگ) مضاف، الْوَرِيْدِ (شہ رگ) مضاف الیہ۔ (١٦:٥٠).

حُبِّهٖ: (حُبِّ.هٖ) اس کی محبت، حُبِّ مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(١٧٧:٢) (٨:٧٦).

حَتّٰى: یہاں تک کہ، جب تک، ناصب مضارع ہے، حرف جر کے طور پر بھی آتا ہے۔ (٥٥:٢، ١٠٢، ١٠٩، ١٢٠، ١٨٧، ١٩١، ١٩٣، ١٩٦، ٢١٤، ٢١٧، ٢٢١، ٢٢١، ٢٢٢، ٢٣٠، ٢٣٥) (٩٢:٣، ١٥٢، ١٧٩، ١٨٣) (٦:٤، ١٥، ١٨، ٤٣، ٤٣، ٦٥، ٨٩، ١٤٠) (٢٢:٥، ٦٨) (٢٥:٦، ٣١، ٣٤، ٤٤، ٦١، ٦٨، ١٢٤، ١٤٨، ١٥٢) (٣٧:٧، ٣٨، ٤٠، ٥٧، ٨٧، ٩٥) (٣٩:٨، ٥٣، ٦٧، ٧٢) (٦:٩، ٢٤، ٢٩، ٤٣، ٤٨، ١١٥، ١١٨) (٢٢:١٠، ٢٤، ٨٨، ٩٠، ٩٣، ٩٧، ٩٩، ١٠٩) (٤٠:١١) (٣٥:١٢، ٦٦، ٨٠، ٨٥، ١١٠) (١١:١٣، ٣١

(٩٩:١٥) (١٥:١٧، ٣٤، ٩٠، ٩٣) (٦٠:١٨، ٧٠، ٧١، ٧٤، ٧٧، ٨٦، ٩٠، ٩٣، ٩٦، ٩٦) (٧٥:١٩) (٩١:٢٠) (١٥:٢١، ٤٤، ٩٦) (٥٥:٢٢) (٢٥:٢٣، ٥٤، ٦٤، ٧٧، ٩٩، ١١٠) (٢٧:٢٤، ٢٨، ٣٣، ٣٩، ٦٢) (١٨:٢٥) (٢٠١:٢٦) (١٨:٢٧، ٣٢، ٨٤) (٢٣:٢٨، ٥٩) (٢٣:٣٤) (٣٩:٣٦) (١٧٤:٣٧، ١٧٨) (٣٢:٣٨) (٧١:٣٩، ٧٣) (٣٤:٤٠) (٢٠:٤١، ٥٣) (٢٩:٤٣، ٣٨، ٨٣) (١٥:٤٦) (٤:٤٧، ٤، ١٦، ٣١) (٥:٤٩، ٩) (٤٣:٥١) (٤٥:٥٢) (١٤:٥٧) (٤:٦٠) (٧:٦٣) (٦:٦٥) (٤٢:٧٠) (٢٤:٧٢) (٤٧:٧٤) (٥:٩٧) (١:٩٨) (٢:١٠٢).

حَتْمًا: ضرور، لازم، مقدر، طے شدہ فیصلہ الٰہی کا نام ہے، مصدر ہے (باب ضرب ا)۔ (٧١:١٩).

حَثِيْثًا: دوڑتا ہوا، شتاب، جلد، (نصر۵: حَثَّ. يَحُثُّ) حَثٌّ سے جسکے معنی کسی کو کسی کام پر ابھارنے اور رغبت دلانے کے ہیں، صیغہ صفت مفرد۔ (٥٤:٧).

الْحَجُّ: حج، حج کرنا، یہ (نصر۵) حَجَّ. يَحُجُّ کا مصدر ہے۔ لغت میں حج قصد زیارت کو کہتے ہیں۔ (١٩٧:٢)، الْحَجِّ (١٨٩:٢، ١٩٦، ١٩٦، ١٩٧) (٣:٩) (٢٧:٢٢)، الْحَجَّ (١٩٦:٢، ١٩٧).

حَجَّ: اس نے حج کیا/ زیارت کی، (جو) حج کرے، (نصر۵: حَجَّ. يَحُجُّ) حَجٌّ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (١٥٨:٢).

حِجُّ: حج، حج کرنا، یہ بھی (نصر۵) حَجَّ. يَحُجُّ کا مصدر ہے۔ (٩٧:٣).

حِجَابٌ: حجاب، پردہ، اوٹ، ملنے سے روکنا، حُجُبٌ جمع۔ (٤٦:٧) (٥:٤١)، حِجَابٍ (٥٣:٣٣) (٥١:٤٢)، الْحِجَابِ (٣٢:٣٨)، حِجَابًا (٤٥:١٧) (١٧:١٩).

حِجَارَةٍ: پتھر، حَجَرٌ کی جمع۔ (٤:١٠٥)، حِجَارَةً (٣٢:٨) (٨٢:١١) (٧٤:١٥) (٥٠:١٧) (٣٣:٥١)، الْحِجَارَةِ (٧٤:٢، ٧٤)، الْحِجَارَةُ (٢٤:٢) (٦:٦٦).

حُجَّةٌ: دلیل، حجت، حُجَجٌ جمع، [مادہ: حجج]۔ (١٥٠:٢) (١٦٥:٤)، حُجَّةَ (١٥:٤٢)، الْحُجَّةُ (١٤٩:٦).

حُجَّتُنَا: (حُجَّةُ. نَا) ہماری دلیل، حُجَّةُ (حُجَجٌ جمع) مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (٨٣:٦).

حُجَّتُهُمْ: (حُجَّةُ. هُمْ) ان کی دلیل، حُجَّةُ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (١٦:٤٢)، حُجَّتَهُمْ (٢٥:٤٥).

حِجَجٍ: برس، سال، حِجَّةٌ کی جمع، [مادہ: حجج]۔ (٢٧:٢٨).

حِجْرٌ: ممنوع، عقل۔ اصل میں جس مکان کا احاطہ پتھروں سے بنایا گیا ہو وہ حجر کہلاتا ہے، ثمود کی آبادیوں کو بھی الحجر کہا گیا ہے کیونکہ پتھروں سے تراش کر بنائی گئی تھیں۔ چونکہ پتھروں کے احاطہ سے مقصود حفاظت اور روک تھام ہوتی ہے اور عقل بھی انسان کی حفاظت کرتی ہے اور روکتی رہتی ہے اس لیے اس کو بھی حجر کہا جاتا ہے۔ (١٣٨:٦)، حِجْرٍ (٥:٨٩)، الْحِجْرِ (٨٠:١٥)، حِجْرًا (٢٢:٢٥، ٥٣).

حَجَرَ: پتھر، اَحْجَارٌ اور حِجَارَةٌ جمع۔ الْحَجَرَ (٦٠:٢) (١٦٠:٧).

الْحُجُرٰتِ: حجرے، گھروں کی چار دیواری، حُجْرَةٌ واحد، [مادہ: حجر]۔ (٤:٤٩).

حُجُوْرِكُمْ: (حُجُوْرِ. كُمْ) تمہاری گودیں، حُجُوْرِ (حِجْرٌ کی جمع جس کے معنی حفاظت اور گود کے ہیں) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٢٣:٤).

حَدَآئِقَ: باغات، چار دیواری والے باغات، حَدِيْقَةٌ واحد، [مادہ: حدق]۔ (٦٠:٢٧) (٣٢:٧٨) (٣٠:٨٠).

حِدَادٍ: تیز، حَدِيْدٌ کی جمع، [مادہ: حدد]۔ حَدِيْدٌ، (ضرب۵) حِدَّةٌ سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔ (١٩:٣٣).

حَدَبٍ: (زمین کی) اونچان/ بلندی، کبڑا پن، کبڑا ہونا، مصدر ہے (باب سمع ا)۔ (۹۶:۲۱).

حَدِّثْ: تو بیان کر، (تفعیل ا) تَحْدِیْثٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (۱۱:۹۳).

حُدُوْدُ: حدیں، (مضاف)، حَدٌّ کی جمع۔ حد اس روک کو کہتے ہیں جو دو چیزوں کو آپس میں جدا کرے۔ (۱۸۷:۲، ۲۲۹، ۲۳۰) (۱۳:۴) (۵۸:۴) (۱:۶۵)، حُدُوْدِ (۱۱۲:۹)، حُدُوْدَ (۲۲۹:۲، ۲۲۹، ۲۲۹، ۲۳۰) (۹۷:۹) (۱:۶۵).

حُدُوْدَهٗ: (حُدُوْدَ. هٗ) اس کی حدیں، حُدُوْدَ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۴:۴).

حَدِيْثٍ: بات، خبر، اَحَادِيْثُ جمع، [مادہ؛ حدث]۔ (۱۴۰:۴) (۶۸:۶) (۱۸۵:۷) (۵۳:۳۳) (۶:۴۵) (۳۴:۵۲) (۵۰:۷۷)، حَدِيْثُ (۹:۲۰) (۲۴:۵۱) (۱۵:۷۹) (۱۷:۸۵) (۱:۸۸)، الْحَدِيْثِ (۶:۱۸) (۶:۳۱) (۲۳:۳۹) (۵۹:۵۳) (۸۱:۵۶) (۴۴:۶۸)، حَدِيْثًا (۴۲:۴، ۷۸، ۸۷) (۱۱۱:۱۲) (۳:۶۶).

حَدِيْدٌ: ۱) لوہا، [مادہ؛ حدد]۔ ۲) حدید لوہے کو بھی کہتے ہیں، اور ہر وہ چیز جو بذاتہ باریک ہو، خواہ بااعتبار خلقت کے یا بااعتبار معنی کے، حدید کہلاتی ہے۔ بمعنی تیز یا باریک (ضرب ۵؛ حَدَّ. يَحِدُّ) حِدَّةٌ (تیز ہونا) سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔ (۲۲:۵۰)، حَدِيْدٍ (۲۱:۲۲)، الْحَدِيْدِ (۹۶:۱۸)، الْحَدِيْدَ (۱۰:۳۴) (۲۵:۵۷)، حَدِيْدًا (۵۰:۱۷).

حَذَرَ: ڈر، خوف، ڈرنا، (مضاف)، (سمع ا) حَذِرَ. يَحْذَرُ کا مصدر ہے۔ (۱۹:۲، ۲۴۳).

حِذْرَكُمْ: (حِذْرَ. كُمْ) تمہارا بچاؤ، تمہارا اسلحہ/ ہتھیار، حِذْرَ (مصدر ہے، باب سمع ا) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۷۱:۴، ۱۰۲).

حِذْرَهُمْ: (حِذْرَ. هُمْ) ان کا بچاؤ، ان کا اسلحہ/ ہتھیار، حِذْرَ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۰۲:۴).

حَـرًّا: گرمی، تپش، حُرُوْرٌ جمع، [مادہ؛ حرر]۔ (۸۱:۹)، الْحَرِّ (۸۱:۹)، الْحَرَّ (۸۱:۱۶).

الْحُرُّ: آزاد، جو غلام نہ ہو، اَحْرَارٌ جمع، [مادہ؛ حرر]۔ (۱۷۸:۲)، الْحُرِّ (۱۷۸:۲).

حَرَامٌ: حرام، ممنوع، حرمت والا، حُرُمٌ جمع۔ (۱۱۶:۱۶) حَرَمٌ (۹۵:۲۱)، الْحَرَامِ (۱۴۴:۲، ۱۴۹، ۱۵۰، ۱۹۱، ۱۹۴، ۱۹۶، ۱۹۸، ۲۱۷، ۲۱۷) (۲:۵) (۳۴:۸) (۷:۹، ۱۹) (۱:۱۷) (۲۵:۲۲) (۲۵:۴۸)، الْحَرَامَ (۲:۵، ۲، ۹۷، ۹۷) (۲۸:۹) (۲۷:۴۸)، الْحَرَامُ (۱۹۴:۲)، حَرَامًا (۵۹:۱۰).

حَرْبٍ: لڑائی، جنگ، حُرُوْبٌ جمع۔ (۲۷۹:۲)، الْحَرْبِ (۶۴:۵) (۵۷:۸)، الْحَرْبُ (۴:۴۷).

حَرْثٌ: کھیتی، زراعت، کھیتی بونا، مصدر ہے (نصر وضرب ا)۔ (۲۲۳:۲) (۱۳۸:۶)، حَرْثَ (۱۱۷:۳) (۲۰:۴۲، ۲۰)، الْحَرْثِ (۱۴:۳) (۱۳۶:۶) (۷۸:۲۱)، الْحَرْثَ (۷۱:۲، ۲۰۵).

حَرْثَكُمْ: (حَرْثِ. كُمْ) تمہاری کھیتی، حَرْثِ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۲۲:۶۸)، حَرْثَكُمْ (۲۲۳:۲).

حَرْثِهٖ: (حَرْثِ. هٖ) اس کی کھیتی، حَرْثِ مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۲۰:۴۲).

حَرَجٌ: تنگی، مضائقہ، گناہ، حرج، تنگ ہونا، مجرم ہونا، مصدر (سمع ا؛ حَرِجَ. يَحْرَجُ کا)۔ (۲:۷) (۹۱:۹) (۶۱:۲۴، ۶۱، ۶۱) (۳۷:۳۳، ۵۰) (۱۷:۴۸، ۱۷، ۱۷)، حَرَجٍ (۶:۵) (۷۸:۲۲) (۳۸:۳۳)، حَرَجًا (۶۵:۴) (۱۲۵:۶).

حَرْدٍ: تیزی اور غصہ کے ساتھ روکنا، منع کرنا، قصد کرنا/ کوشش

کرنا، ناراض ہونا مصدر ہے (ضرب وسمع ا)۔(۶۸: ۲۵)۔

حَرَسًا: حفاظت کرنے والے، پاسبان، چوکیدار، حَارِسٌ و حَرَسِیٌّ واحد۔ حَارِسٌ، (نصر، ضرب ا) حَرْسٌ سے اسم فاعل واحد مذکر ہے۔(۷۲: ۸)۔

حَرَصْتَ: تو للچایا، تو نے حرص کی، (ضرب ا) حِرْصٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر۔(۱۲: ۱۰۳)۔

حَرَصْتُمْ: تم نے حرص کیا، (اگرچہ) تم لالچ کرو، (ضرب) حِرْصٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(۴: ۱۲۹)۔

حَرِّضْ: تو رغبت دلا، تو تاکید کر، تو ترغیب دے، (تفعیل ا) تَحْرِیْضٌ (رغبت دلانا، ابھارنا) سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (۴: ۸۴) (۸: ۶۵)۔

حَرَضًا: بیمار، مضمحل، بیکار، جو چیز بیکار ہو جائے اور درخور اعتنا نہ رہے حَرَض کہلاتی ہے۔(۱۲: ۸۵)۔

حَرْفٍ: کنارہ، رخ، طرف، حِرَفٌ جمع۔(۲۲: ۱۱)۔

حَرِّقُوْهُ: (حَرِّقُوْا.هُ) تم اس کو جلا ڈالو/ اسے جلاؤ، حَرِّقُوْا، (تفعیل ا) تَحْرِیْقٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۲۱: ۶۸) (۲۹: ۲۴)۔

حَرَّمَ: اس نے حرام کیا/منع کیا، (تفعیل ا) تَحْرِیْمٌ سے جسکے معنی حرام کر دینے اور سختی سے روکنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۲: ۱۷۳، ۲۷۵) (۳: ۹۳) (۵: ۷۲) (۶: ۱۱۹، ۱۴۳، ۱۴۴، ۱۵۰، ۱۵۱، ۱۵۱) (۷: ۳۲، ۳۳) (۹: ۲۹، ۳۷، ۳۷) (۱۶: ۱۱۵) (۱۷: ۳۳) (۲۵: ۶۸)۔

حُرِّمَ: حرام کیا گیا، منع کیا گیا، (تفعیل) تَحْرِیْمٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔(۳: ۵۰) (۵: ۹۶) (۲۴: ۳)۔

حُرُمٌ: احرام باندھنے والے، حرام، ادب والے، حَرَامٌ کی جمع۔ چونکہ ایک مسلمان کو حالت احرام میں بہت سی باتوں سے رکنا پڑتا ہے اس لیے وہ 'حرام' کہلاتا ہے۔(۵: ۱، ۹۵) (۹: ۳۶)، الْحُرُمُ (۹: ۵)، حُرُمًا (۵: ۹۶)۔

حَرَمًا: حرم، پناہ کی جگہ، ادب کا مقام۔ مکہ معظمہ کا ایک مخصوص حصہ جس کی حدود میں اللہ تعالیٰ نے اس کے ادب کی وجہ سے بعض چیزوں کو حرام کر دیا ہے۔ حرم کی حد مدینہ طیبہ کی جانب سے تین میل، عراق اور طائف کی طرف سے سات میل، دس میل جدہ اور یمن کی طرف سے سات میل ہے۔(۲۸: ۵۷) (۲۹: ۶۷)۔

الْحُرُمٰتُ: حرمتیں، بزرگیاں، حُرْمَةٌ واحد، اس چیز کو کہتے ہیں جس کا ادب کیا جائے، [مادہ: حرم]۔ (۲: ۱۹۴)، حُرُمٰتِ (۲۲: ۳۰)۔

حُرِّمَتْ: وہ حرام کی گئی، (تفعیل) تَحْرِیْمٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث۔(۴: ۲۳) (۵: ۳) (۶: ۱۳۸)۔

حَرَّمْنَا: ہم نے حرام کر دیا، (تفعیل) تَحْرِیْمٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (۴: ۱۶۰) (۶: ۱۴۶، ۱۴۶، ۱۴۸) (۱۶: ۳۵، ۱۱۸) (۲۸: ۱۲)۔

حَرَّمُوْا: انہوں نے حرام ٹھہرایا، (تفعیل) تَحْرِیْمٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۶: ۱۴۰)۔

حَرَّمَهَا: (حَرَّمَ.هَا) اس نے اسے حرمت دی، اس نے اس کو محترم بنایا، حَرَّمَ، (تفعیل) تَحْرِیْمٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(۲۷: ۹۱)۔

حَرَّمَهُمَا: (حَرَّمَ.هُمَا) اس نے ان دونوں کو حرام کیا، حَرَّمَ، (تفعیل) تَحْرِیْمٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمَا ضمیر مفعول (تثنیہ غائب مذکر)۔(۷: ۵۰)۔

الْحَرُوْرُ: لو، دھوپ، گرم ہوا، [مادہ: حرر]۔(۳۵: ۲۱)۔

حَرِیْرٌ: ریشم، [مادہ: حرر]۔(۲۲: ۲۳) (۳۵: ۳۳)، حَرِیْرًا (۷۶: ۱۲)۔

حَرِیْصٌ: حریص، حرص کرنے والا، تلاش رکھنے والا، خواہش رکھنے والا، (نصر، سمع ا) حِرْصٌ سے، صفت مشبہ واحد مذکر، حِرَاصٌ جمع۔(۹: ۱۲۸)۔

الْحَرِيْقِ: آگ، جلانے والا، جلا ہوا، (نصرا) حَرْقٌ (جلانا) سے، صفت مشبہ مفرد (بمعنی فاعل و مفعول)۔ (١٨١:٣) (٨:٥٠) (٢٢:٩، ٢٢) (٨٥:١٠).

حِزْبٍ: گروہ، جماعت، اَحْزَابٌ جمع۔(٢٣:٥٣) (٣٠:٣٢)، حِزْبَ (٥:٥٦) (٥٨:١٩، ٢٢)، حِزْبُ (٥٨:١٩، ٢٢).

حِزْبَهٗ: (حِزْبَ.هٗ) اس کا گروہ، اس کی جماعت، حِزْبَ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(٣٥:٦).

الْحِزْبَيْنِ: دو گروہ، دو جماعتیں، حِزْبٌ کا تثنیہ بحالت نصب و جر۔(١٨:١٢).

الْحُزْنِ: غم، بےقراری، رنج، اندوہ، اَحْزَانٌ جمع۔ مصدر ہے (باب نصر وسمع ا)۔(١٢:٨٤).

حَزَنًا: رنج، اندوہ، بےقراری، غم، اَحْزَانٌ جمع۔ یہ بھی مصدر ہے (باب سمع ا)۔(٩:٩٢) (٢٨:٨)، الْحَزَنَ (٣٥:٣٤).

حُزْنِيْ: (حُزْنِ.ىْ) میرا غم، میرا رنج، میری بےقراری، حُزْنِ مضاف، ىَ (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔(١٢:٨٦).

حِسَابٍ: حساب، شمار، گننا، (نصرا) حَسَبَ.يَحْسُبُ کا مصدر ہے۔ ''اللہ بےحساب دیتا ہے''، اس کی مختلف توجیہیں کی گئی ہیں: ۱) استحقاق سے زیادہ عطا فرماتا ہے۔ ۲) دیتا ہے اور لیتا نہیں۔ ۳) اتنا دیتا ہے کہ آدمی شمار نہیں کر سکتا۔ ۴) بلا معاوضہ اور بغیر کسی تنگی کے دیتا ہے۔ ۵) گمان سے زیادہ دیتا ہے۔ ۶) اپنی مصلحت کے مطابق عطا فرماتا ہے، انسانوں کے حساب پر نہیں رکھتا۔ ۷) مومن کو دیتا ہے اور دے کر حساب نہیں لیتا۔ ۸) قیامت کے دن ایمان والوں کو ان کے استحقاق سے زیادہ بدلا عطا فرمائے گا۔(٢:٢١٢) (٣:٢٧، ٣٧) (٢٤:٣٨) (٣٨:٣٩) (٣٩:١٠) (٤٠:٤٠)، الْحِسَابِ (٢:٢٠٢) (٣:١٩، ١٩٩) (٥:٤) (١٣:١٨، ٢١، ٤١) (١٤:٥١) (٢٤:٣٩) (٣٨:١٦، ٢٦، ٥٣) (٤٠:١٧، ٢٧)، الْحِسَابَ (١٠:٥) (١٧:١٢)، الْحِسَابُ (١٣:٤٠) (١٤:٤١)، حِسَابًا (٧٨:٢٧، ٣٦) (٦٥:٨) (٨٤:٨).

حِسَابَكَ: (حِسَابَ.كَ) تیرا حساب، حِسَابِ مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(٦:٥٢).

حِسَابُهٗ: (حِسَابُ.هٗ) اس کا حساب، حِسَابُ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٢٣:١١٧)، حِسَابَهٗ (٢٤:٣٩).

حِسَابُهُمْ: (حِسَابُ.هُمْ) ان کا حساب، حِسَابُ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(٢١:١) (٢٦:١١٣)، حِسَابِهِمْ (٦:٥٢، ٦٩)، حِسَابَهُمْ (٨٨:٢٦).

حِسَابِيَهْ: (حِسَابِ.ىَ.هْ) میرا حساب، حِسَابِ مضاف، ىَ (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ، ہ سکتہ کی یا وقف کی ہے جو کچھ معنی نہیں دیتی۔(٦٩:٢٠، ٢٦).

حِسَانٌ: خوبصورت، حسین، نفیس، عمدہ، (نصر و کرم) حَسَنٌ و حُسْنٌ سے، صفت مشبہ جمع، حَسَنٌ و حَسِيْنٌ (مذکر) اور حَسَنَةٌ و حَسْنَاءُ (مؤنث) واحد۔(٥٥:٧٠)، حِسَانٍ (٥٥:٧٦).

حَسِبَ: گمان کیا، اس نے خیال کیا، (سمع وحسب ا) حِسْبَانٌ سے جس کے معنی گمان کرنے اور سمجھ بیٹھنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔(١٨:١٠٢) (٢٩:٢، ٤) (٤٥:٢١) (٤٧:٢٩).

حُسْبَانٍ: حساب، شمار، آفت یا آسمانی عذاب (بمطابق حساب)، (نصرا) حَسَبَ.يَحْسُبُ کا مصدر۔ (٥٥:٥)، حُسْبَانًا (٦:٩٦) (١٨:٤٠).

حَسِبْتَ: تو نے سمجھا، تو نے گمان کیا، (سمع، حسب) حِسْبَانٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر۔(١٨:٩).

حَسِبْتُمْ: تم نے گمان کیا/ جانا، (سمع، حسب) حِسْبَانٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (٢:٢١٤) (٣:١٤٢) (٩:١٦) (٢٣:١١٥).

حَسِبَتْهُ: (حَسِبَتْ.هُ) اس نے اس کو خیال کیا/ اسے گمان

کیا/ اس کو جانا، حَسِبَتْ، (سمع، حسب) حِسْبَانٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۲۷: ٤٤).

حَسِبْتَهُمْ: (حَسِبْتَ. هُمْ) تو نے انہیں سمجھا، تو نے ان کو گمان کیا، حَسِبْتَ، (سمع، حسب) حِسْبَانٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۷٦: ۱۹).

حَسْبُكَ: (حَسْبُ. كَ) تجھے کافی ہے، تجھ کو بس ہے، حَسْبُ (نصر؛ حَسَبَ. يَحْسُبُ کا مصدر بمعنی کافی ہونا) مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۸: ٦٤)، حَسْبَكَ (۸: ٦٢).

حَسْبُنَا: (حَسْبُ. نَا) ہم کو بس ہے، ہم کو کافی ہے، حَسْبُ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (۳: ۱۷۳) (٥: ۱۰٤) (۹: ٥۹).

حَسِبُوْا: انہوں نے جانا/ گمان کیا، (سمع، حسب) حِسْبَانٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (٥: ۷۱).

حَسْبُهٗ: (حَسْبُ. هٗ) اس کو بس ہے، اس کو کافی ہے، حَسْبُ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۲: ۲۰٦) (٦٥: ۳).

حَسْبُهُمْ: (حَسْبُ. هُمْ) ان کو بس ہے، ان کو کافی ہے، حَسْبُ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۹: ٦۸) (٥۸: ۸).

حَسْبِيَ: (حَسْبِ. يَ) مجھ کو بس ہے، مجھ کو کافی ہے، حَسْبِ مضاف، يَ (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔ (۹: ۱۲۹) (۳۹: ۳۸).

حَسَدَ: اس نے حسد کیا، (نصر) حَسَدٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۱۱۳: ٥).

حَسَدًا: حسد کرنا، ہونسنا، کینہ کی حالت میں، مصدر ہے (نصر ا)۔ (۲: ۱۰۹).

حَسَرٰتٍ: افسوس، پشیمانیاں، حَسْرَةٌ کی جمع۔ (۲: ۱٦۷)

(۳٥: ۸).

حَسْرَةٌ: افسوس، پچھتاوا، پشیمانی، افسوس کرنا، (سمع ا) حَسِرَ. يَحْسَرُ کا مصدر۔ (٦۹: ٥۰)، حَسْرَةً (۳: ۱٥٦) (۸: ۳٦) (۳٦: ۳۰)، اَلْحَسْرَةِ (۱۹: ۳۹).

حَسْرَتٰى: ہائے افسوس، کم بختی، حَسْرَةَ مصدر (باب سمع) اور ی نُدبَه کی ہے۔ (۳۹: ٥٦).

حَسْرَتَنَا: (حَسْرَةَ. نَا) ہماری پریشانی، ہمارا افسوس، حَسْرَةَ (مصدر) مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (٦: ۳۱).

حَسُنَ: اچھا ہوا، خوب ہے، (کرم ا) حُسْنٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (٤: ٦۹).

حُسْنُ: اچھا/ عمدہ، اچھا ہونا، (کرم ا) حَسُنَ. يَحْسُنُ کا مصدر۔ (۳: ۱٤، ۱۹٥) (۱۳: ۲۹)، حُسْنَ (۳: ۱٤۸) (۳۸: ۲٥، ٤۰، ٤۹)، حُسْنًا (۲: ۸۳) (۱۸: ۸٦) (۲۷: ۱۱) (۲۹: ۸) (٤۲: ۲۳).

حَسَنٍ: اچھا، عمدہ، خوب، پسندیدہ، (نصر و کرم) حَسَنٌ و حُسْنٌ سے، صفت مشبہ واحد مذکر۔ (۳: ۳۷)، حَسَنًا (۲: ۲٤٥) (۳: ۳۷) (٥: ۱۲) (۸: ۱۷) (۱۱: ۳، ۸۸) (۱٦: ٦۷، ۷٥) (۱۸: ۲) (۲۰: ۸٦) (۲۲: ٥۸) (۲۸: ٦۱) (۳٥: ۸) (٤۸: ۱٦) (٥۷: ۱۱، ۱۸) (٦٤: ۱۷) (۷۳: ۲۰).

حَسَنٰتٍ: خوبیاں، بھلائیاں، نیکیاں، نعمتیں، حَسَنَةٌ کی جمع، [مادہ: حسن]۔ (۲٥: ۷۰)، اَلْحَسَنٰتِ (۷: ۱٦۸) (۱۱: ۱۱٤).

اَلْحُسْنٰى: بھلائی، خوبی، اچھی، عمدہ، (نصر و کرم) حَسَنٌ و حُسْنٌ سے، افعل التفضیل واحد مؤنث، اَحْسَنُ کا مؤنث ہے۔ (٤: ۹٥) (۷: ۱۳۷، ۱۸۰) (۹: ۱۰۷) (۱۰: ۲٦) (۱۳: ۱۸) (۱٦: ٦۲) (۱۷: ۱۱۰) (۱۸: ۸۸) (۲۰: ۸) (۲۱: ۱۰۱) (٤۱: ٥۰) (٥۳: ۳۱) (٥۷: ۱۰) (٥۹: ۲٤) (۹۲: ٦، ۹).

حَسَنَةٌ: خوبی، بھلائی، نیکی، نعمت، ہر قسم کی نعمت جو انسان کے

لیے مسرت کا سبب بنے حَسَنَة کہلاتی ہے۔ یہ حَسَنٌ کی مؤنث ہے جو (نصر وکرم) حَسَنٌ و حُسْنٌ سے صیغۂ صفت (واحد مذکر) ہے۔ حَسَنَة بطور اسم صفت اور اسم جنس دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔ اس کی ضد سَيِّئَة آتی ہے۔ (۱۲۰:۳) (۷۸:٤) (۵۰:۹) (۳۰:۱٦) (۲۱:۳۳) (۱۰:۳۹) (٦،٤:٦٠)، حَسَنَةٍ (۷۹:٤)، حَسَنَةً (۲۰۱،۲۰۱:۲) (٤۰:٤، ۸۵) (۱۵٦:۷) (٤۱:۱٦، ۱۲۲) (۲۳:٤۲)، الْحَسَنَةِ (۱٦۰:٦) (٦:۱۳، ۲۲) (۱۲۵:۱٦) (٤٦:۲۷، ۸۹) (٥٤:۲۸، ۸٤)، الْحَسَنَةَ (۹۵:۷)، الْحَسَنَةُ (۱۳۱:۷) (۳٤:٤۱)

حَسُنَتْ: وہ خوب ہوئی/ اچھی ہوئی، (کرم) حُسْنٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔ (۳۱:۱۸) (۷٦:۲۵).

حُسْنُهُنَّ: (حُسْنُ. هُنَّ) ان کا حسن، ان کی خوبصورتی، حُسْنُ مضاف، هُنَّ (ضمیر جمع غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۵۲:۳۳).

الْحُسْنَيَيْنِ: دو اچھی چیزیں، حُسْنٰی کا تثنیہ بحالت نصب و جر۔ (۵۲:۹).

حُسُومًا: ۱) لگاتار، منحوس، نامبارک، باب ضرب سے مصدر اور اسم ہے۔ ۲) جڑ سے کاٹنے والے، حَاسِمٌ کی جمع جو (ضرب ا) حَسْمٌ (جڑ سے کاٹنا) سے اسم فاعل ہے۔ (۷:٦۹).

حَسِيبًا: حساب لینے والا، حساب کرنے والا، (نصرا) حِسَابٌ سے، صفت مشبہ واحد مذکر۔ اسمائے حسنٰی میں سے ہے۔ (٦:٤، ۸٦) (۱٤:۱۷) (۳۹:۳۳).

حَسِيرٌ: تھکا ہوا، درماندہ، عاجز، (نصر، ضرب ا) حَسْرٌ (تھکنا، عاجز ہونا) سے، صفت مشبہ مفرد۔ (٤:٦۷).

حَسِيسَ: آواز، کھٹکا، حرکت و آہٹ کو حَسِيس کہتے ہیں، [مادہ؛ حسس]۔ **حَسِيسَهَا**: اس کی آواز/ آہٹ، حَسِيسَ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۱۰۲:۲۱).

حَشْرٌ: لوگوں کا اکٹھا کرنا/ گھیرنا، جمع کرنا، مصدر ہے (باب نصرا)۔ (٤٤:۵۰)، الْحَشْرِ (۲:۵۹).

حَشَرَ: اس نے جمع کیا/ اکٹھا کیا، (نصر) حَشْرٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۲۳:۷۹).

حُشِرَ: اکٹھا کیا گیا، جمع کیا گیا، (نصر) حَشْرٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔ (۱۷:۲۷) (٦:٤٦).

حُشِرَتْ: وہ جمع کی گئی، (نصر) حَشْرٌ (بمعنی جمع کرنا) سے، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث۔ (۵:۸۱).

حَشَرْتَنِي: (حَشَرْتَ. نِي) تو نے مجھے اٹھایا، تو نے مجھے گھیر بلایا، حَشَرْتَ، (نصر) حَشْرٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر، نِي میں ن وقایہ اور ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔ (۱۲۵:۲۰).

حَشَرْنَا: ہم نے اکٹھا کیا، ہم جمع کر دیتے، (نصر) حَشْرٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (۱۱۱:٦).

حَشَرْنٰهُمْ: (حَشَرْنَا. هُمْ) ہم نے ان کو اکٹھا کیا/ ان کو گھیر بلایا، حَشَرْنَا، (نصر) حَشْرٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (٤۷:۱۸).

حَصَادِهٖ: (حَصَادِ. هٖ) اس کی کٹائی، اس کا کاٹنا، اس کی کھیتی کاٹنا، حَصَادِ (نصر، ضرب ا؛ حَصَدَ. يَحْصِدُ کا مصدر ہے) مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۱٤۱:٦).

حَصَبُ: ایندھن، آگ سلگانے کی چیز، (مضاف)۔ (۹۸:۲۱).

حَصْحَصَ: وہ کھل گیا/ ظاہر ہو گیا، (فعللہ ۲) حَصْحَصَةٌ (حق کا ظاہر ہونا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۵۱:۱۲).

حَصَدْتُّمْ: تم نے کاٹا، تم نے کھیتی کاٹی، (نصر، ضرب ا؛ حَصَدَ. يَحْصِدُ) حَصَادٌ (کھیتی کاٹنا) سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (٤۷:۱۲).

حَصِرَتْ: وہ تنگ ہوئی، (دل) تنگ ہوئے، (سمع ا) حَصْرٌ و

حَصَرٌ سے جسکے معنی تنگ ہونے، بخیل ہونے اور رکنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مؤنث۔(٤:٩٠).

حُصِّلَ: وہ حاصل کیا گیا/ ظاہر کیا گیا، (تفعیل ا) تَحْصِیْلٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔(١٠:١٠٠).

حَصُوْرًا: پاکباز، ضبط کرنے والا، بدیوں سے باز آنے والا، لغوی اعتبار سے اپنے آپ کو گھیرے میں رکھنے والا اور اپنے آپ کو کامل ضبط میں رکھنے والا، (نصر، ضرب ا) حَصْرٌ (تنگی کرنا، گھیر لینا) و (سمع ا) حَصَرٌ (مختلف چیزوں میں بخیل ہونا، مثلاً گفتگو اور بری چیزیں دیکھنے میں) سے، صیغۂ مبالغہ مفرد۔(٣:٣٩).

حُصُوْنُهُمْ: (حُصُوْنُ.هُمْ) ان کے قلعے، حُصُوْنُ (حِصْنٌ واحد) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٥٩:٢).

حَصِيْدٌ: کھیتی کٹی ہوئی، جڑ سے کٹا ہوا، (نصر، ضرب ا) حَصَادٌ سے، صفت مشبہ مفرد۔ (١١:١٠٠)، الْحَصِيْدِ (٥٠:٩)، حَصِيْدًا (١٠:٢٤) (٢١:١٥).

حَصِيْرًا: زندان، قید خانہ، (نصر و ضرب، سمع) حَصْرٌ (تنگی کرنا، گھیر لینا، روکنا) سے صفت مشبہ مفرد۔(١٧:٨).

حَضَرَ: وہ آیا، حاضر ہوا/ حاضر ہوئی، (نصر ا) حُضُوْرٌ (موجود ہونا، حاضر ہونا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(٢:١٣٣، ١٨٠) (٤:٨، ١٨) (٥:١٠٦).

حَضَرُوْهُ: (حَضَرُوْا.هُ) وہ اس کے پاس آئے، حَضَرُوْا، (نصر) حُضُوْرٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(٤٦:٢٩).

حُطَامًا: ریزہ ریزہ، چورا، روندن، جو چیز چورا ہو کر ریزہ ریزہ ہو جائے اور روندی جانے لگے حطام کہلاتی ہے، [مادہ: حطم]۔ (٣٩:٢١) (٥٦:٦٥) (٥٧:٢٠).

حَطَبًا: ایندھن، لکڑی جو بطور ایندھن استعمال ہوتی ہے، ہر وہ چیز جو آگ جلانے کے لیے تیار کی جائے حَطَبٌ کہلاتی ہے، ایک لکڑی یا ایک جز وایندھن کو حَطَبَة کہتے ہیں جبکہ حَطَبٌ کی جمع اَحْطَابٌ ہے۔ (٧٢:١٥)، الْحَطَبِ (١١١:٤).

حِطَّةٌ: دور کرنا، ہم بخشش مانگتے ہیں، تو ہم سے ہمارے گناہ جھاڑ/ گناہ اتار دے، [مادہ: حطط]۔(٢:٥٨) (٧:١٦١).

الْحُطَمَةُ: روندنے والی، ریزہ ریزہ کر دینے والا، (ضرب ا) حَطْمٌ (توڑنا) سے صیغۂ مبالغہ مفرد۔ دوزخ کے ایک طبقے کا نام۔ الْحُطَمَةُ (١٠٤:٥)، الْحُطَمَةِ (١٠٤:٤).

حَظٌّ: حصہ، نصیب، مقررہ حصہ کو حَظٌّ کہتے ہیں، حُظُوْظٌ جمع۔ (٢٨:٧٩) (٤١:٣٥)، حَظِّ (٤:١١، ١٧٦)، حَظًّا (٣:١٧٦) (٥:١٣، ١٤).

حَفَدَةً: پوتے، حَافِدٌ کی جمع ہے جو (ضرب ا) حَفْدٌ سے جسکے معنی خدمت کے لیے دوڑتے ہوئے حاضر ہونے کے ہیں، اسم فاعل (واحد مذکر) ہے۔ ہر وہ آدمی جو خوشی سے دوڑتے ہوئے خدمت کے لیے حاضر ہو خواہ رشتے دار ہو یا اجنبی، حَافِد کہلاتا ہے۔ مفسرین نے حَفَدَة سے پوتے وغیرہ مراد لیے ہیں کیونکہ ان کی خدمت زیادہ سچی ہے۔(١٦:٧٢).

حُفْرَةٍ: گڑھا، قبر، یہ (ضرب ا) حَفْرٌ سے ہے جسکے معنی (زمین میں) گڑھا کھودنے کے ہیں، حُفَرٌ جمع۔(٣:١٠٣).

حِفْظًا: بچاؤ، حفاظت، نگرانی کرنا، حفاظت کرنا، مصدر ہے (باب سمع ا)۔(٣٧:٧) (٤١:١٢).

حَفِظَ: اس نے حفاظت کی، اس نے نگرانی کی، (سمع ا) حِفْظٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(٤:٣٤).

حَفَظَةً: حفاظت کرنے والے، نگہبان، حَافِظٌ کی جمع۔ (٦:٦١).

حَفِظْنٰهَا: (حَفِظْنَا.هَا) ہم نے اس کو محفوظ رکھا/ اسے بچائے رکھا، حَفِظْنَا، (سمع) حِفْظٌ سے، ماضی جمع متکلم، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(١٥:١٧).

حِفْظُهُمَا: (حِفْظُ.هُمَا) ان دونوں کی حفاظت، ان دونوں

کی نگرانی، حِفْظُ (مصدر) مضاف، هُمَا (ضمیر تثنیہ غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۲:۲۵۵).

حَفَفْنٰهُمَا: (حَفَفْنَا. هُمَا) ہم نے ان دونوں کو گھیر لیا، ہم نے ان کے گردا گرد پیدا کر دیا، حَفَفْنَا، (نصر۵: حَفَّ. يَحُفُّ) حَفٌّ سے، ماضی جمع متکلم، هُمَا ضمیر مفعول (تثنیہ غائب مؤنث)۔ (۳۲:۱۸).

حَفِيٌّ: بحث کرنے والا، متلاشی، بڑا مہربان، خوب جاننے والا، بہت حال پوچھنے والا، (سمع ۱۰: حَفِيَ. يَحْفٰى) حَفَاوَةٌ سے جسکے معنی تلاش کرنے کے ساتھ کسی کا حال معلوم کرنے اور کسی کام میں مہربان ہونے کے ہیں، صفت مشبہ (واحد مذکر) کا صیغہ ہے، [مادہ: حفو]۔ (۱۸۷:۷)، حَفِيًّا (۴۷:۱۹).

حَفِيْظٌ: نگہبان، حفاظت کرنے والا، یاد رکھنے والا، (سمع) حِفْظٌ سے، صیغۂ صفت (واحد مذکر)۔ (۵۷:۱۱) (۵۵:۱۲) (۲۱:۳۴) (۶:۴۲) (۴:۵۰)، حَفِيْظٍ (۱۰۴:۶) (۸۶:۱۱) (۳۲:۵۰)، حَفِيْظًا (۸۰:۴) (۱۰۷:۶) (۴۸:۴۲).

حَقٌّ: حق، سچ، مطابقت و موافقت، سچا دین، ثابت ہونا، واجب ہونا، مصدر (نصر، ضرب۵: حَقَّ. يَحِقُّ کا)، [مادہ: حقق]۔ (۸۶:۳) (۵۳:۱۰، ۵۳، ۵۵) (۲۱:۱۸) (۱۳:۲۸) (۶۰:۳۰) (۳۳:۳۱) (۵:۳۵) (۶۴:۳۸) (۵۵:۴۰، ۷۷) (۳۲:۴۵) (۱۷:۴۶) (۱۹:۵۱، ۲۳) (۲۴:۷۰)، حَقٍّ (۲۱:۳، ۱۱۲، ۱۸۱) (۱۵۵:۴) (۱۱۶:۵) (۷۹:۱۱) (۴۰:۲۲)، حَقٌّ (۹۵:۵۶) (۵۱:۶۹)، حَقَّ (۱۲۱:۲) (۱۰۲:۳) (۹۱:۶) (۷۴:۲۲، ۷۸) (۶۷:۳۹) (۲۷:۵۷)، اَلْحَقِّ (۶۱:۲، ۷۱، ۱۱۹، ۱۷۶، ۲۱۳، ۲۱۳، ۲۵۲) (۳:۳، ۱۰۸، ۱۵۴) (۱۰۵:۴، ۱۷۰) (۲۷:۵، ۴۸، ۴۸، ۷۷، ۸۳، ۸۴) (۵:۶، ۳۰، ۶۲، ۷۳، ۹۳، ۱۱۴، ۱۵۱) (۳۳:۷، ۴۳، ۵۳، ۸۹، ۱۴۶، ۱۵۹، ۱۸۱) (۵:۸، ۶) (۲۹:۹، ۳۳) (۵:۱۰، ۲۳، ۳۰، ۳۲، ۳۵، ۳۵، ۳۵، ۳۶، ۷۷) (۱۴:۱۳) (۱۹:۱۴، ۲۲) (۸:۱۵، ۵۵، ۶۴، ۸۵) (۳:۱۶، ۱۰۲) (۳۳:۱۷، ۱۰۵، ۱۰۵) (۱۳:۱۸، ۴۴) (۳۴:۱۹) (۱۸:۲۱، ۵۵، ۱۱۲) (۴۱:۲۳، ۶۲، ۷۰، ۷۰، ۹۰) (۳۳:۲۵، ۶۸) (۷۹:۲۷) (۳:۲۸، ۳۹) (۴۴:۲۹، ۶۸) (۸:۳۰) (۵۳:۳۳) (۲۶:۳۴، ۴۳، ۴۸) (۲۴:۳۵) (۳۷:۳۷) (۲۲:۳۸، ۲۶) (۲:۳۹، ۵، ۴۱، ۶۹، ۷۵) (۲۰:۴۰، ۲۵، ۷۵، ۷۸) (۱۵:۴۱) (۱۷:۴۲، ۴۲) (۷۸:۴۳، ۷۸، ۸۶) (۳۹:۴۴) (۶:۴۵، ۲۲، ۲۹) (۳:۴۶، ۷، ۲۰، ۳۰، ۳۴) (۲۷:۴۸، ۲۸) (۵:۵۰، ۱۹، ۴۲) (۲۸:۵۳) (۱۶:۵۷) (۱:۶۰) (۹:۶۱) (۳:۶۴) (۳:۱۰۳)، اَلْحَقَّ (۴۲:۲، ۴۲، ۱۴۶) (۷۱:۳، ۷۱) (۱۷۱:۴) (۵۷:۶) (۱۰۵:۷، ۱۶۹) (۷:۸، ۸، ۳۲) (۸۲:۱۰) (۱۷:۱۳) (۵۶:۱۸) (۲۴:۲۱) (۲۵:۲۴) (۷۵:۲۸) (۴:۳۳) (۶:۳۴، ۲۳) (۸۴:۳۸) (۵:۴۰) (۲۴:۴۲) (۳:۴۷)، اَلْحَقُّ (۲:۲۶، ۹۱، ۱۰۹، ۱۴۴، ۱۴۷، ۱۴۹، ۲۸۲، ۲۸۲) (۶۰:۳، ۶۲) (۶۶:۶، ۷۳) (۸:۷، ۱۱۸) (۴۸:۹) (۳۲:۱۰، ۷۶، ۹۴، ۱۰۸) (۱۷:۱۱، ۴۵، ۱۲۰) (۵۱:۱۲) (۱:۱۳، ۱۹) (۸۱:۱۷) (۲۹:۱۸) (۱۱۴:۲۰) (۹۷:۲۱) (۶:۲۲، ۵۴، ۶۲) (۷۱:۲۳، ۱۱۶) (۲۵:۲۴، ۴۹) (۲۶:۲۵) (۴۸:۲۸، ۵۳) (۳۰:۳۱) (۳:۳۲) (۴۹:۳۴) (۳۱:۳۵) (۸۴:۳۸) (۵۳:۴۱) (۱۸:۴۲) (۲۹:۴۳، ۳۰) (۲:۴۷) (۳۹:۷۸)، حَقًّا (۲:۱۸۰، ۲۳۶، ۲۴۱) (۱۲۲:۴، ۱۵۱) (۴۴:۷، ۴۴) (۴:۸، ۷۴) (۱۱۱:۹) (۴:۱۰، ۱۰۳) (۱۰۰:۱۲) (۳۸:۱۶) (۹۸:۱۸) (۴۷:۳۰) (۹:۳۱).

حَقَّ: حق ہوا، ثابت ہوا، مطابق ہوا، (نصر، ضرب۵: حَقَّ. يَحِقُّ) حَقٌّ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۳۰:۷) (۱۶:۱۷) (۱۸:۲۲) (۶۳:۲۸) (۱۳:۳۲) (۷:۳۶) (۳۱:۳۷) (۱۴:۳۸) (۱۹:۳۹) (۲۵:۴۱) (۱۸:۴۶) (۱۴:۵۰).

حُقُبًا: مدت ہائے دراز، برسوں، قرنوں، اَحْقَابٌ جمع۔ (۶۰:۱۸).

حَقَّتْ: وہ ثابت ہوئی، وہ حق ہوئی، وہ مطابق ہوئی، (نصر، ضرب) حَقٌّ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔ (١٠:٣٣، ٩٦) (١٦:٣٦) (٣٩:٧١) (٤٠:٦).

حُقَّتْ: وہ اسی لائق ہے، وہ ثابت کی گئی، وہ لائق تھی، اس کو لازم تھا، (نصر، ضرب) حَقٌّ سے، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث۔ (٨٤:٢، ٥).

حَقَّهٗ: (حَقَّ۔هٗ) اس کا حق، حَقَّ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٦:١٤١) (١٧:٢٦) (٣٠:٣٨).

حَقِيْقٌ: سزاوار، لائق، ثابت، قائم، (نصر، ضرب) حَقٌّ سے، صفت مشبہ مفرد۔ (٧:١٠٥).

اَلْحُكَّامِ: حاکم، فیصلہ کرنے والے، حَاكِمٌ کی جمع جو (نصرا) حُكْمٌ سے اسم فاعل واحد مذکر ہے۔ (٢:١٨٨).

حَكَمَ: اس نے حکم کیا، وہ فیصلہ کر چکا، (نصر) حُكْمٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، قَدْ حَكَمَ: اس نے فیصلہ کر دیا ہے، ماضی قریب۔ (٤٠:٤٨).

حُكْمًا: حکم، زور حکومت، دانائی، حکم کرنا، کسی چیز کے متعلق فیصلہ کرنا، مصدر ہے (باب نصرا)۔ (٥:٥٠) (١٢:٢٢) (١٣:٣٧) (٢١:٧٤، ٧٩) (٢٦:٢١، ٨٣) (٢٨:١٤)، حُكْمِ (٥٢:٤٨) (٦٨:٤٨) (٧٦:٢٤)، حُكْمَ (٥:٥٠)، حُكْمُ (٥:٤٣) (٦٠:١٠)، اَلْحُكْمَ (٣:٧٩) (٦:٨٩) (١٩:١٢) (٤٥:١٦)، اَلْحُكْمُ (٦:٥٧، ٦٢) (١٢:٤٠، ٦٧) (٢٨:٧٠، ٨٨) (٤٠:١٢).

حَكَمًا: منصف، خصوصی فیصلہ کرنے والا، (نصر) حُكْمٌ سے، صفت مشبہ مفرد (جمع کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے)۔ (٤:٣٥، ٣٥) (٦:١١٤).

حَكَمْتَ: (اگر) تو فیصلہ کرے، (نصر) حُكْمٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر۔ (٥:٤٢).

حِكْمَةٌ: حکمت، دانش، سمجھ، پکی باتیں، علم، علم و عقل کے ذریعے حق بات معلوم کرنے کا نام حکمت ہے، دانا ہونا، دور اندیش ہونا، مصدر ہے (باب کرما)۔ حکمت الٰہی کا مطلب اشیاء کی معرفت اور ان کو نہایت ہی درست طریقہ پر ایجاد کرنا ہے، اور انسان کی حکمت موجودات کا صحیح ادراک اور نیک کاموں کا سرانجام دینا ہے، [مادہ: حکم]۔ (٥٤:٥)، حِكْمَةٍ (٣:٨١)، اَلْحِكْمَةِ (٢:٢٣١) (١٦:١٢٥) (١٧:٣٩) (٣٣:٣٤) (٤٣:٦٣)، اَلْحِكْمَةَ (٢:١٢٩، ١٥١، ٢٥١، ٢٦٩، ٢٦٩) (٣:٤٨، ١٦٤) (٤:٥٤، ١١٣) (٥:١١٠) (٣١:١٢) (٣٨:٢٠) (٦٢:٢).

حَكَمْتُمْ: تم نے حکم کیا/ فیصلہ کیا، (جب) تم فیصلہ کرو، (نصر) حُكْمٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (٤:٥٨).

حُكْمُهٗ: (حُكْمُ۔هٗ) اس کا حکم، اس کا فیصلہ، حُكْمُ (مصدر، باب نصر) مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٤٢:١٠)، حُكْمِهٖ (١٣:٤١) (١٨:٢٦) (٢٧:٧٨).

حُكْمِهِمْ: (حُكْمِ۔هِمْ) ان کا حکم، ان کا فیصلہ، حُكْمِ مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٢١:٧٨).

حَكِيْمٌ: حکیم، حکمت والا، دانا، پختہ کار، صحیح فیصلہ کرنے والا، (کرما) حِكْمَةٌ سے، صفت مشبہ واحد مذکر، حُكَمَاءُ جمع۔ اسمائے حسنٰی میں سے ہے۔ (٢:٢٠٩، ٢٢٠، ٢٢٨، ٢٤٠، ٢٦٠) (٤:٢٦) (٥:٣٨) (٦:٨٣، ١٢٨، ١٣٩) (٨:١٠، ٤٩، ٦٣، ٦٧، ٧١) (٩:١٥، ٢٨، ٤٠، ٦٠، ٧١، ٩٧، ١٠٦، ١١٠) (١٢:٦) (١٥:٢٥) (٢٢:٥٢) (٢٤:١٠، ١٨، ٥٨، ٥٩) (٣١:٢٧) (٤٢:٥١) (٤٣:٤) (٤٩:٨) (٦٠:١٠)، حَكِيْمٍ (١١:١) (٢٧:٦) (٤١:٤٢) (٤٤:٤)، اَلْحَكِيْمِ (٣:٥٨، ١٢٦) (١٠:١) (٣١:٢) (٣٦:٢) (٣٩:١) (٤٥:٢) (٤٦:٢) (٦٢:١)، اَلْحَكِيْمُ (٢:٣٢، ١٢٩) (٣:٦، ١٨، ٦٢) (٥:١١٨) (٦:١٨، ٧٣) (١٢:٨٣، ١٠٠) (١٤:٤) (١٦:٦٠) (٢٧:٩) (٢٩:٢٦، ٤٢) (٣٠:٢٧) (٣١:٩) (٣٤:١، ٢٧) (٣٥:٢) (٤٠:٨) (٤٢:٣) (٤٣:٨٤) (٤٥:٣٧)

(٣٠:٥١) (١:٥٧) (١:٥٩، ٢٤) (٥:٦٠) (١:٦١) (٣:٦٢) (١٨:٦٤) (٢:٦٦)، حَكِيمًا (١١:٤، ١٧، ٢٤، ٥٦، ٩٢، ١٠٤، ١١١، ١٣٠، ١٥٨، ١٦٥، ١٧٠) (١:٣٣) (٤:٤٨، ٧، ١٩) (٣٠:٧٦).

حِلٌّ: حلال، حلال ہونا، اترنا،ٹھہراہوا،مصدر ہے (نصر وضرب۵: حَلَّ يَحِلُّ کا)۔ (٥:٥، ٥) (١٠:٦٠) (٢:٩٠)، حِلًّا (٩٣:٣).

حَلَآئِلُ: بیویاں، حَلِيْلَةٌ واحد (مؤنث)۔ حَلِيْلَةٌ، (نصر و ضرب۵) حِلٌّ سے مشتق ہے جسکے معنی گرہ کھولنے، اترنے اور حلال ہونے کے ہیں، چونکہ شوہر اور بیوی ایک دوسرے کی ازار کھولتے ہیں، ایک دوسرے کے ساتھ اترتے ہیں اور ایک دوسرے کے لیے حلال ہیں اس لیے حَلِيْلٌ اور حَلِيْلَةٌ کہلاتے ہیں۔ (٢٣:٤).

حَلَّافٍ: بڑا قسمیں کھانے والا، (ضرب ا) حَلْفٌ سے، صیغۂ مبالغہ مفرد۔ (١٠:٦٨).

حَلٰلٌ: حلال، حلال ہونا، جائز ہونا، مصدر (ضرب۵: حَلَّ يَحِلُّ کا)۔ (١١٦:١٦)، حَلٰلًا (١٦٨:٢) (٨٨:٥) (٦٩:٨) (٥٩:١٠) (١١٤:١٦).

حَلَفْتُمْ: تم نے قسم کھائی، (جب) تم قسم کھاؤ/ حلف اٹھاؤ، (ضرب) حَلْفٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (٨٩:٥).

الْحُلْقُوْمَ: حلق، گلا، حَلَاقِيْمُ جمع، [مادہ؛ حلقم]۔ (٨٣:٥٦).

حَلَلْتُمْ: تم حلال ہو، احرام سے نکلو، (ضرب۵) حِلٌّ (حلال ہونا) سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (٢:٥).

الْحُلُمَ: بلوغ، عقل، اَحْلَامٌ جمع۔ (٢٤:٥٨، ٥٩).

حُلُّوْٓا: ان کو پہنایا گیا، ان کو پہنایا جائے گا/ انہیں زینت دی جائے گی، (تفعیل اا: حَلّٰى يُحَلِّيْ) تَحْلِيَةٌ (زیور پہنانا، زینت دینا) سے، ماضی مجہول جمع غائب مذکر، [مادہ؛ حلی]۔ (٢١:٧٦).

حِلْيَةٍ: زیور، شکل، آرائش، حُلًى جمع، [مادہ؛ حلی]۔ (١٧:١٣)، حِلْيَةً (١٤:١٦) (١٢:٣٥)، الْحِلْيَةِ (١٨:٤٣).

حَلِيْمٌ: بردبار، باوقار، (کرم ا) حِلْمٌ سے جسکے معنی جوش غضب سے نفس اور طبیعت کو روکنے یعنی بردباری اور تحمل اختیار کرنے کے ہیں، صفت مشبہ واحد مذکر۔ (٢:٢٢٥، ٢٣٥، ٢٦٣) (١٥٥:٣) (١٢:٤) (١٠١:٥) (١١٤:٩) (٧٥:١١) (٥٩:٢٢) (١٧:٦٤)، حَلِيْمٍ (١٠١:٣٧)، الْحَلِيْمُ (٨٧:١١)، حَلِيْمًا (٤٤:١٧) (٥١:٣٣) (٤١:٣٥).

حُلِيِّهِمْ: (حُلِيِّ. هِمْ) ان کے زیورات، حُلِيِّ (حَلْيٌ کی جمع، [مادہ؛ حلی]) مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (١٤٨:٧).

حَمَاٍ: گارا، کیچڑ۔ (١٥:٢٦، ٢٨، ٣٣).

حَمِئَةٍ: دلدل والا/ کیچڑ والا، (سمع ۴؛ حَمِئَ. يَحْمَئُ) حَمَأٌ سے، صفت مشبہ (واحد مؤنث)۔ (٨٦:١٨).

الْحِمَارِ: گدھا، اسم واحد مذکر، حَمِيْرٌ و حُمُرٌ جمع، [مادہ؛ حمر]۔ (٥:٦٢).

حِمَارِكَ: (حِمَارِ. كَ) تیرا گدھا، حِمَارِ مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٢٥٩:٢).

حَمَّالَةَ: بہت اٹھانے والی، خوب اٹھانے والی، (ضرب ا) حَمْلٌ سے، صیغۂ مبالغہ مفرد۔ (٤:١١١).

حَمْدِ: تعریف، خوبی، اللہ تعالیٰ کی فضیلت اور ثنا کو حمد کہتے ہیں، تعریف کرنا، ثنا بیان کرنا، مصدر ہے (باب سمع ا)۔ (٩٨:١٥) (١٣٠:٢٠) (١٥:٣٢) (٧٥:٣٩) (٤٠:٧، ٥٥) (٥:٤٢) (٣٩:٥٠) (٤٨:٥٢) (٣:١١٠)، الْحَمْدُ (٢:١) (١:٦، ٤٥) (٤٣:٧) (١٠:١٠) (٣٩:١٤) (٧٥:١٦) (١١١:١٧) (١:١٨) (٢٨:٢٣) (١٥:٢٧، ٥٩، ٩٣) (٧٠:٢٨) (٦٣:٢٩) (١٨:٣٠) (٢٥:٣١) (١:٣٤، ١) (١:٣٥، ٣٤) (١٨٢:٣٧) (٢٩:٣٩، ٧٤، ٧٥) (٦٥:٤٠) (٣٦:٤٥) (١:٦٤).

حَمْدِكَ: (حَمْدِ.كَ) تیری تعریف/خوبیاں، حَمْدِ مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۲: ۳۰).

حَمْدِهٖ: (حَمْدِ.هٖ) اس کی حمد، اس کی تعریف، حَمْدِ مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۳:۱۳) (۱۷: ۴۴، ۵۲) (۲۵:۵۸).

حُمْرٌ: سرخ، سرخ رنگ والے، (نصرا) حَمْرٌ سے، صفت مشبہ جمع، اَحْمَرُ واحد مذکر اور حَمْرَاءُ واحد مؤنث۔ حَمْرٌ کے اصل معنی تو کھال اتارنے کے ہیں، چونکہ کھال اتارنے پر گوشت کا سرخ رنگ عیاں ہو جاتا ہے اس لیے اس کے معنی سرخ کرنے یا سرخ رنگ میں رنگے ہونے کے بھی لیے جاتے ہیں۔(۳۵:۲۷).

حُمُرٌ: گدھے، حِمَارٌ کی جمع۔(۷۴:۵۰).

حِمْلٌ: بوجھ، اَحْمَالٌ جمع۔(۱۲: ۷۲)، حِمْلًا (۲۰: ۱۰۱).

حَمْلِ: بوجھ، پیٹ کا بچہ، بوجھ اٹھانا، بوجھ ڈالنا، چڑھانا/سوار کرنا، اَحْمَالٌ جمع، مصدر (باب ضرب ا)۔(۲۲: ۲) (۶۵:۶)، حَمْلًا (۷:۱۸۹).

حَمَلَ: اس نے اٹھایا، (ضرب ا) حَمْلٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۲۰:۱۱۱).

حُمِّلَ: اس سے اٹھوایا گیا، اس پر بوجھ رکھا گیا، (تفعیل ا) تَحْمِيلٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔(۲۴: ۵۴).

حَمَلَتْ: اس نے اٹھایا، (ضرب) حَمْلٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔(۶:۱۴۶) (۷:۱۸۹).

حُمِلَتْ: وہ اٹھائی گئی، (زمین اور پہاڑ) اٹھائے جائیں گے، (ضرب) حَمْلٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث۔ (۶۹:۱۴).

حُمِّلْتُمْ: تم پر ڈالا گیا، (تفعیل) تَحْمِيلٌ سے، ماضی مجہول جمع حاضر مذکر۔(۲۴: ۵۴).

حَمَلَتْهُ: (حَمَلَتْ.هُ) اس نے اس کو اٹھایا/ اسے پیٹ میں رکھا، حَمَلَتْ، (ضرب) حَمْلٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۱۹:۲۲) (۳۱:۱۴) (۴۶:۱۵).

حَمَلْتَهٗ: (حَمَلْتَ.هٗ) تو نے اسے ڈالا، حَمَلْتَ، (ضرب) حَمْلٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۲: ۲۸۶).

حَمَلْنَا: ہم نے سوار کیا، (ضرب) حَمْلٌ سے، ماضی جمع متکلم۔(۱۷:۳) (۱۹:۵۸) (۳۶:۴۱).

حُمِّلْنَا: ہم پر لادا گیا، ہم سے اٹھوایا گیا، (تفعیل) تَحْمِيلٌ سے، ماضی مجہول جمع متکلم۔(۲۰: ۸۷).

حَمَلْنٰكُمْ: (حَمَلْنَا.كُمْ) ہم نے تمہیں سوار کیا، حَمَلْنَا، (ضرب) حَمْلٌ سے، ماضی جمع متکلم، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(۶۹:۱۱).

حَمَلْنٰهُ: (حَمَلْنَا.هُ) ہم نے اس کو چڑھا لیا/ اسے سوار کر لیا، حَمَلْنَا، (ضرب) حَمْلٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۵۴: ۱۳).

حَمَلْنٰهُمْ: (حَمَلْنَا.هُمْ) ہم نے ان کو چڑھایا/ ان کو سواری دی، حَمَلْنَا، (ضرب) حَمْلٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۱۷: ۷۰).

حُمِّلُوْا: ان سے اٹھوایا گیا، ان پر لادا گیا، (تفعیل) تَحْمِيلٌ سے، ماضی مجہول جمع غائب مذکر۔(۶۲: ۵).

حَمْلُهٗ: (حَمْلُ.هٗ) اس کا حمل میں رہنا، حَمْلُ (مصدر، باب ضرب) مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۴۶: ۱۵).

حِمْلِهَا: (حِمْلِ.هَا) اس کا بوجھ، حِمْلِ (اَحْمَالٌ جمع) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۳۵:۱۸).

حَمْلَهَا: (حَمْلَ.هَا) اس کا حمل، حَمْلَ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۲:۲۲).

حَمَلَهَا: (حَمَلَ.هَا) اس کو اٹھا لیا، (ضرب) حَمْلٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۷۲:۳۳).

حَمْلَهُنَّ: (حَمْلَ.هُنَّ) ان کا حمل، حَمْلَ مضاف، هُنَّ (ضمیر جمع غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۶۵:۴، ۶).

حَمُوْلَةً: بوجھ اٹھانے والے، لدنے والے، بار بردار جانور، (ضرب) حَمْلٌ سے، صیغہ صفت مفرد۔(۶:۱۴۲).

اَلْحَمِيَّةَ: کد، ضد، حمیت، قوت غضبیہ جب جوش میں آئے اور بڑھ جائے تو حمیت کہلاتی ہے، بطور مصدر (حَمِيَ.يَحْمٰى کا) باب سمع سے استعمال ہوتا ہے بمعنی ننگ و عار رکھنا، کسی کام کے کرنے سے ناک چڑھانا، [مادہ؛حمی]۔(۴۸:۲۶)، حَمِيَّةَ (۴۸:۲۶).

حَمِيْدٌ: تعریف کیا ہوا، سراہا ہوا، مستحق حمد، اسمائے حسنیٰ میں سے ہے، (سمع ا) حَمْدٌ سے، صفت مشبہ واحد مذکر۔ (۲:۲۶۷) (۱۱:۷۳) (۱۴:۸) (۳۱:۱۲) (۶۴:۶)، حَمِيْدٍ (۴۱:۴۲)، اَلْحَمِيْدِ (۱۴:۱) (۲۲:۲۴) (۳۴:۶) (۸۵:۸)، اَلْحَمِيْدُ (۲۲:۶۴) (۳۱:۲۶) (۳۵:۱۵) (۴۲:۲۸) (۵۷:۲۴) (۶۰:۶)، حَمِيْدًا (۴:۱۳۱).

اَلْحَمِيْرَ: گدھے، حِمَارٌ کی جمع، (مذکر ہے)، [مادہ؛حمر]۔ (۳۱:۱۹)، اَلْحَمِيْرَ (۱۶:۸).

حَمِيْمٌ: گرم پانی کھولتا ہوا، نہایت گرم، (سمع ۵: حَمَّ.يَحَمُّ) حَمٌّ و حَمَمٌ (گرم ہونا) سے، صفت مشبہ (واحد مذکر)، حَمَائِمُ جمع۔ (۳۸:۵۷)، حَمِيْمٍ (۶:۷۰) (۱۰:۴) (۳۷:۶۷) (۵۵:۴۴) (۵۶:۴۲، ۹۳)، اَلْحَمِيْمِ (۴۰:۷۲) (۴۴:۴۶، ۴۸) (۵۶:۵۴)، اَلْحَمِيْمُ (۲۲:۱۹)، حَمِيْمًا (۴۷:۱۵) (۷۸:۲۵).

حَمِيْمٌ: دوست، قریبی عزیز و رشتہ دار، اَحِمَّاءُ جمع، [مادہ؛ حمم]۔ اصل میں یہ بھی صفت کا ہی صیغہ ہے لیکن مجازی معنی میں، اصل معنی وہی ہے جو اوپر لکھا گیا ہے۔(۴۱:۳۴) (۶۹:۳۵) (۷۰:۱۰)، حَمِيْمٍ (۲۶:۱۰۱) (۴۰:۱۸)، حَمِيْمًا (۷۰:۱۰).

اَلْحَنَاجِرَ: حلق، گلے، حَنْجَرَةٌ کی جمع، [مادہ؛ حنجر]۔ اَلْحَنَاجِرِ (۴۰:۱۸)، اَلْحَنَاجِرَ (۳۳:۱۰).

حَنَانًا: رحمت و شفقت، مہربانی، مہربان و شفیق ہونا، حَنَّ.يَحِنُّ (باب ضرب ۵) کا مصدر، [مادہ؛حنن]۔(۱۹:۱۳).

اَلْحِنْثِ: گناہ، قسم توڑنا، اَحْنَاثٌ جمع۔(۵۶:۴۶).

حُنَفَآءَ: سچے مسلمان، یکسو، اللہ کی طرف مائل ہونے والے، دینِ ابراہیم والے، حَنِيْفٌ کی جمع جو (ضرب ا) حَنْفٌ (جھکنا، مائل ہونا) سے صفت مشبہ (واحد مذکر) ہے۔حنیف حضرت ابراہیم علیہ السلام کا لقب ہے۔(۲۲:۳۱) (۹۸:۵).

حَنِيْذٍ: بریاں، تلا ہوا، بھونا ہوا، (ضرب ا) حَنْذٌ سے، صفت مشبہ مفرد۔(۱۱:۶۹).

حَنِيْفًا: ایک طرف ہونے والا، سچا مسلمان، یکسو، دین ابراہیم والا، (ضرب) حَنْفٌ سے جسکے معنی (استقامت کی طرف) مائل ہونے کے ہیں، صفت مشبہ واحد مذکر، حُنَفَآءُ جمع۔(۲:۱۳۵) (۳:۶۷، ۹۵) (۴:۱۲۵) (۶:۷۹، ۱۶۱) (۱۰:۱۰۵) (۱۶:۱۲۰، ۱۲۳) (۳۰:۳۰).

حُنَيْنٍ: طائف کے قریب ذوالمجاز کے پہلو میں ایک وادی کا نام ہے جو مکہ معظمہ سے بجانب عرفات کچھ اوپر دس میل ہے، حنین بن قانیہ بن مہلا ییل کے نام پر موسوم ہے۔شوال ۸ھ میں حضور ﷺ کا بنو ہوازن سے مشہور معرکہ ہوا جو غزوۂ حنین اور غزوۂ ہوازن کے نام سے مشہور ہوا، [مادہ؛حنن]۔(۹:۲۵).

اَلْحَوَارِيُّوْنَ: حواری، حَوَارِيٌّ کی جمع (بحالت رفع)، یہ حَوَرٌ سے ہے جسکے معنی خالص سپیدی کے ہیں، یہ حضرت عیسٰیؑ کے اصحاب کا لقب ہے۔بعض کے نزدیک ان کے کپڑے سفید تھے اس لیے

حواری کہلائے، اور بعض کہتے ہیں کہ ان کے اولین اصحاب دھوبی تھے، اور حواری دھوبی کو بھی کہتے ہیں، اس طرح تمام اصحاب کو یہ خطاب دے دیا گیا۔ لغت میں حَوَارِیّ کے معنی یہ لکھے جاتے ہیں: مخلص ساتھی، مددگار، نصیحت کرنے والا، سفید پوش، دھوبی، رشتہ دار۔(۳:۵۲) (۵:۱۱۲) (۶۱:۱٤).

اَلْحَوَارِيِّنَ: حواری، حَوَارِیٌّ کی جمع بحالت نصب و جر۔ (۵:۱۱۱) (۶۱:۱٤).

اَلْحَوَايَا: انتڑیاں، آنتیں، اوجھڑی، حَوِيَّةٌ کی جمع، [مادہ: حوی]۔(۶:۱٤۶).

حُوْبًا: گناہ، وبال۔(٤:۲).

اَلْحُوْتُ: مچھلی، حِيتَانٌ جمع۔ (۳۷:۱٤۲)، اَلْحُوْتِ (۶۸:٤۸)، اَلْحُوْتَ (۱۸:۶۳).

حُوْتَهُمَا: (حُوْتَ.هُمَا) ان دونوں کی مچھلی، حُوْتَ مضاف، هُمَا (ضمیر تثنیہ غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۱۸:۶۱).

حُوْرٌ: حوریں، حَوْرَاءُ واحد جو (سمع ۸؛ حَوِرَ.يَحْوَرُ) حَوَرٌ (سفید/ گورا ہونا، بڑی آنکھ والا ہونا) سے صیغۂ صفت مشبہ واحد مؤنث ہے۔ حَوْرَاء نہایت گوری عورت کو کہتے ہیں، وہ گوری عورتیں جن کی آنکھ کی پتلی اور بال بہت سیاہ ہوں۔ (۵۵:۷۲) (۵۶:۲۲)، حُوْرٍ (٤٤:۵٤) (۵۲:۲۰).

اَلْحَوْلِ: برس، سال۔ اصل میں حول کے معنی کسی چیز کے متغیر ہونے اور دوسرے سے جدا ہونے کے ہیں، اسی طرح کسی چیز کے پلٹنے اور گردش کرنے کو بھی حول کہتے ہیں، چونکہ سال پلٹتا رہتا ہے اس لیے اسے حول کہتے ہیں۔(۲:۲٤۰).

حَوْلَ: گرد، حوالی، آس پاس، گرداگرد، گرد پھرنا، (مضاف)، مصدر (نصر۶؛ حَالَ.يَحُوْلُ کا)۔ (۱۹:۶۸)، حَوْلِ (۳۹:۷۵).

حِوَلًا: جگہ بدلنا، تبدیلی، پلٹنا، مصدر ہے (نصر۶؛ حَالَ.يَحُوْلُ کا)۔(۱۸:۱۰۸).

حَوْلَكَ: (حَوْلِ.كَ) تیرے گرد، تیرے پاس، حَوْلِ مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۳:۱۵۹).

حَوْلَكُمْ: (حَوْلَ.كُمْ) تمہارے گرد/ آس پاس، حَوْلَ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۹:۱۰۱) (٤۶:۲۷).

حَوْلَهُ: (حَوْلَ.هُ) اس کے اردگرد، اسکے آس پاس، حَوْلَ مضاف، هُ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۲:۱۷) (۱۷:۱) (۲۶:۲۵، ۳٤) (٤۰:۷).

حَوْلَهَا: (حَوْلَ.هَا) اس کے آس پاس/ اردگرد، حَوْلَ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۶:۹۲) (۲۷:۸) (٤۲:۷).

حَوْلِهِمْ: (حَوْلِ.هِمْ) ان کے اردگرد/ آس پاس، حَوْلِ مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۲۹:۶۷)، حَوْلَهُمْ (۹:۱۲۰).

حَوْلَيْنِ: دو برس، دو سال، حَوْلٌ کا تثنیہ۔(۲:۲۳۳).

حَيَّ: وہ زندہ رہا، وہ جیا، (جو) زندہ رہے/ جیے، (سمع ۱٤؛ حَيِيَ.يَحْيٰى) حَيَاةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ یہاں یاء کو یاء میں مدغم کردیا گیا ہے۔(۸:٤۲).

اَلْحَيُّ: زندہ، زندہ جاوید/ جس کے لیے فنا و زوال نہ ہو (الاسماء الحسنٰی میں سے ہے)، (سمع؛ حَيِيَ.يَحْيٰى) حَيَاةٌ سے، صفت مشبہ (واحد مذکر)۔ (۲:۲۵۵) (۳:۲) (٤۰:۶۵)، اَلْحَيِّ (۳:۲۷) (۶:۹۵) (۱۰:۳۱) (۲۰:۱۱۱) (۲۵:۵۸) (۳۰:۱۹)، اَلْحَيَّ (۳:۲۷) (۶:۹۵) (۱۰:۳۱) (۳۰:۱۹)، حَيٍّ (۲۱:۳۰)، حَيًّا (۱۹:۱۵، ۳۱، ۳۳، ۶۶) (۳۶:۷۰).

حَيَاتِكُمْ: (حَيَاةِ.كُمْ) تمہاری زندگی، حَيَاةِ (مصدر) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(٤۶:۲۰).

حَیَاتُنَا: (حَیَاۃُ.نَا) ہماری زندگی، ہمارا جینا، حَیَاۃُ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (۲۹:۶) (۳۷:۲۳) (۲۴:۴۵).

حَیَاتِیْ: (حَیَاۃِ.یْ) میری زندگی، میرا جینا، حَیَاۃِ مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔ (۲۴:۸۹).

حَیٰوۃٌ: زندگی، حیات، جینا، (سمع ۱۴) حَیِیَ.یَحْیٰی کا مصدر ہے۔ (۱۷۹:۲)، حَیٰوۃٍ (۹۶:۲)، حَیٰوۃً (۹۷:۱٦) (۳:۲۵)، اَلْحَیٰوۃِ (۸۵:۲، ۲۰٤) (۱٤:۳، ۱۱۷) (۹٤:٤، ۱۰۹) (۳۲:۷، ۱۵۲) (۳۸:۹، ۳۸، ۵۵) (۷:۱۰، ۲۳، ۲٤، ٦٤، ۸۸، ۹۸) (۲٦:۱۳، ۳٤) (۲۷:۱٤) (۷۵:۱۷) (۲۸:۱۸، ٤۵، ٤٦، ۱۰٤) (۹۷:۲۰، ۱۳۱) (۳۳:۲۳) (۳۳:۲٤) (٦۰:۲۸، ٦۱) (۲۵:۲۹) (۷:۳۰) (۲٦:۳۹) (۵۱:٤۰) (۱٦:٤۱، ۳۱) (۳٦:٤۲) (۳۲:٤۳، ۳۵)، اَلْحَیٰوۃَ (۸٦:۲) (۷٤:٤) (۱۵:۱۱) (۳:۱٤) (۱۰۷:۱٦) (۷۲:۲۰) (۷۹:۲۸) (۲۸:۳۳) (۲۹:۵۳) (۲:٦۷) (۳۸:۷۹) (۱٦:۸۷)، اَلْحَیٰوۃُ (۲۱۲:۲) (۱۸۵:۳) (۳۲:٦، ۷۰، ۱۳۰) (۵۱:۷) (۲٦:۱۳) (٦٤:۲۹) (۳۳:۳۱) (۵:۳۵) (۳۹:٤۰) (۳۵:٤۵) (۳٦:٤۷) (۲۰:۵۷، ۲۰).

حَیَّۃٌ: سانپ، (مذکر اور مؤنث دونوں کیلئے)، حَیَّاتٌ جمع، [مادہ: حیی]۔ (۲۰:۲۰).

حِیْتَانُھُمْ: (حِیْتَانُ.ھُمْ) ان کی مچھلیاں، حِیْتَانُ (حُوْتٌ کی جمع) مضاف، ھُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۱٦۳:۷).

حَیْثُ: جس جگہ، جہاں، ظرف مکان ہے۔ (۳۵:۲، ۵۸، ۱٤٤، ۱٤۹، ۱۵۰، ۱۵۰، ۱۹۱، ۱۹۱، ۱۹۹، ۲۲۲) (۸۹:٤، ۹۱) (۱۲٤:٦) (۱۹:۷، ۲۷، ۱٦۱، ۱۸۲) (۵:۹) (۵٦:۱۲، ٦۸) (٦۵:۱۵) (۲٦:۱٦، ٤۵) (٦۹:۲۰) (۳٦:۳۸) (۲۵:۳۹، ۷٤) (۲:۵۹) (۳:٦۵، ٦) (٤٤:٦۸).

حَیْرَانَ: حیران، بہکا ہوا، سراسیمہ، متردد، (سمع ۹: حَارَ.یَحَارُ حَیْرَۃٌ (حیران ہونا، بہکنا) سے، صفت مشبہ واحد مذکر۔ (۷۱:٦).

حِیْلَ: حائل کر دیا گیا، جدائی ڈال دی گئی، (نصر ٦: حَالَ.یَحُوْلُ حَوْلٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔ (۵٤:۳٤).

حِیْلَۃً: بہانہ، چارہ، مکر، تدبیر، ترکیب، حیلہ کرنا، مصدر (نصر ٦: حَالَ.یَحُوْلُ کا)۔ (۹۸:٤).

حِیْنٌ: وقت مقرر، زمانہ، مدت، اَحْیَانٌ جمع ہے۔ (۱:۷٦)، حِیْنٍ (۳٦:۲) (۲٤:۷) (۹۸:۱۰) (۳۵:۱۲) (۲۵:۱٤) (۸۰:۱٦) (۱۱۱:۲۱) (۲۵:۲۳، ۵٤) (٤٤:۳٦) (۱٤۸:۳۷، ۱۷٤، ۱۷۸) (۸۸:۳۸) (٤۳:۵۱)، حِیْنِ (۱۵:۲۸)، حِیْنَ (۱۷۷:۲) (۱۰۱:۵، ۱۰٦) (۵:۱۱) (٦:۱٦، ٦) (۳۹:۲۱) (۵۸:۲٤) (٤۲:۲۵) (۲۱۸:۲٦) (۱۷:۳۰، ۱۷، ۱۸) (۳:۳۸) (٤۲:۳۹، ۵۸) (٤۸:۵۲).

حِیْنَئِذٍ: اس وقت، حِیْنَ مضاف، اِذٍ مضاف الیہ۔ (۸٤:۵٦).

حَیُّوْا: تم دعا دو/ سلام کرو، (تفعیل ۱۴: حَیّٰی.یُحَیِّیْ) تَحِیَّۃٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، [مادہ: حیی]۔ (۸٦:٤).

اَلْحَیَوَانُ: زندگی، جینا، مصدر ہے (سمع ۱۴: حَیِیَ.یَحْیٰی کا)۔ یہ اصل میں حَیَیَانَ تھا، یائے ثانیہ واؤ سے بدل دی گئی، یہ حَیَاۃٌ سے زیادہ بلیغ ہے۔ (٦٤:۲۹).

حَیَّوْكَ: (حَیَّوْا.كَ) انہوں نے تجھ کو دعا دی، انہوں نے تجھے سلام کیا، حَیَّوْا، (تفعیل) تَحِیَّۃٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)، [مادہ: حیی]۔ (۸:۵۸).

حُیِّیْتُمْ: تم کو سلام کیا جائے/ دعا دی جائے، (تفعیل) تَحِیَّۃٌ سے، ماضی مجہول جمع حاضر مذکر۔ (۸٦:٤).

خ

خَآئِبِیْنَ: نامراد/ ناکام، ناامید ہونے والے، (ضرب۸؛ خَابَ.یَخِیْبُ) خَیْبَۃٌ (ناکام ہونا، امید ٹوٹنا) سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، خَائِبٌ واحد، [مادہ؛ خیب]۔ (۱۲۷:۳).

اَلْخَآئِضِیْنَ: بحث کرنے والے، گھسنے والے، (نصر۶؛ خَاضَ.یَخُوْضُ) خَوْضٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، خَائِضٌ واحد، [مادہ؛خوض]۔ (۴۵:۷۴).

خَآئِفًا: ترساں، ڈرنے والا، (سمع۸؛ خَافَ.یَخَافُ) خَوْفٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (۲۱،۱۸:۲۸).

خَآئِفِیْنَ: ڈرنے والے، (سمع) خَوْفٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، خَائِفٌ واحد۔ (۱۱۴:۲).

خَآئِنَۃٍ: ۱)خیانت کرنے والی، (نصر۶؛ خَانَ.یَخُوْنُ) خِیَانَۃٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔۲)خیانت، دغا، یہ باب نصر سے بطور مصدر(خَانَ.یَخُوْنُ کا) بھی آتا ہے اور یہاں اسی معنی میں استعمال ہوا ہے، [مادہ؛خون]۔ (۱۳:۵)، خَآئِنَۃَ (۱۹:۴۰).

اَلْخَآئِنِیْنَ: خیانت کرنے والے، (نصر) خِیَانَۃٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، خَآئِنٌ واحد۔ (۱۰۵:۴) (۵۸:۸) (۵۲:۱۲).

خَابَ: وہ نامراد ہوا/ خراب ہوا، (ضرب۸؛ خَابَ.یَخِیْبُ) خَیْبَۃٌ سے جسکے معنی طلب میں ناکام ہونے اور مطلب فوت ہونے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۱۵:۱۴) (۶۱:۲۰، ۱۱۱) (۱۰:۹۱).

خَاتَمَ: مہر، ختم کرنے والا، خَوَاتِمُ جمع، [مادہ؛ ختم]۔ چونکہ حضور ﷺ آخری نبی تھے کہ آپ پر نبوت ختم ہوگئی اور آپ کے بعد کوئی اور نبی نہیں آنے والا، اس لیے قرآن نے آپ کو خَاتَمَ النَّبِیّٖنَ (مہر سب نبیوں پر) فرمایا ہے، یعنی تمام نبیوں کا ختم کرنے والا۔ (۳۳:۴۰).

خَادِعُھُمْ: (خَادِعُ.ھُمْ) ان کو دھوکا دینے والا، انہیں فریب دینے والا، خَادِعُ (فتح۱؛ خَدْعٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر) مضاف، ھُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۴۲:۴).

خَارِجٍ: نکلنے والا، (نصر۱) خُرُوْجٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (۱۲۲:۶).

خٰرِجِیْنَ: نکلنے والے، (نصر) خُرُوْجٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، خَارِجٌ واحد۔ (۱۶۷:۲) (۳۷:۵).

خٰزِنِیْنَ: جمع کرنے والے، خزانہ رکھنے والے، (نصر۱) خَزْنٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، خَازِنٌ واحد۔ (۲۲:۱۵).

خَاسِئًا: ذلیل، خوار، (فتح۴) خَسْأٌ (تھکنا، کمزور ہونا، دھتکار پڑنا) سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (۴:۶۷).

خٰسِئِیْنَ: ذلیل وخوار، (فتح) خَسْأٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، خَاسِئٌ واحد۔ (۶۵:۲) (۱۶۶:۷).

خَاسِرَۃٌ: ٹوٹے والی، نقصان اٹھانے والی، (سمع۱) خُسْرٌ و خُسْرَانٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔ (۱۲:۷۹).

خٰسِرُوْنَ: خسارہ اٹھانے والے، نقصان اٹھانے والے، (سمع) خُسْرٌ و خُسْرَانٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، خَاسِرٌ واحد۔ (۹۰:۷) (۱۴:۱۲) (۳۴:۲۳)، اَلْخٰسِرُوْنَ (۲۷:۲، ۱۲۱) (۹۹:۷، ۱۷۸) (۳۷:۸) (۶۹:۹) (۱۰۹:۱۶) (۵۲:۲۹) (۶۳:۳۹) (۱۹:۵۸) (۹:۶۳).

خٰسِرِیْنَ: خسارہ اٹھانے والے، نقصان اٹھانے والے، (سمع) خُسْرٌ و خُسْرَانٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، خَاسِرٌ واحد۔ (۱۴۹:۳) (۲۱:۵، ۵۳) (۲۵:۴۱) (۱۸:۴۶)، اَلْخٰسِرِیْنَ (۶۴:۲) (۸۵:۳) (۵:۵، ۳۰) (۲۳:۷، ۹۲، ۱۴۹) (۹۵:۱۰) (۴۷:۱۱) (۱۵:۳۹، ۶۵) (۲۳:۴۱) (۴۵:۴۲).

خَاشِعًا: عاجزی کرنے والا، خشوع کرنے والا، ڈرنے والا، (فتح ا) خُشُوْعٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(۲۱:۵۹).

الْخٰشِعٰتِ: فروتنی کرنے والی عورتیں، عاجزی کرنے والی عورتیں، دبی رہنے والی عورتیں، (فتح) خُشُوْعٌ سے، اسم فاعل جمع مؤنث (بحالت نصب وجر)، خَاشِعَةٌ واحد۔(۳۵:۳۳).

خَاشِعَةٌ: ذلیل/خوار ہونے والی، (فتح) خُشُوْعٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔ (۹:۷۹) (۲:۸۸)، خَاشِعَةً (۳۹:۴۱) (۴۳:۶۸) (۴۴:۷۰).

خٰشِعُوْنَ: زاری کرنے والے، عاجزی کرنے والے، (فتح) خُشُوْعٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، خَاشِعٌ واحد۔ (۲:۲۳).

خٰشِعِيْنَ: عاجزی کرنے والے، خشوع کرنے والے، ڈرنے والے، (فتح) خُشُوْعٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، خَاشِعٌ واحد۔ (۱۹۹:۳) (۹۰:۲۱) (۴۵:۴۲)، الْخٰشِعِيْنَ (۴۵:۲) (۳۵:۳۳).

خَآصَّةً: خاص کر، چن کر، خاص کی ہوئی، (نصر ۵: خَصَّ. يَخُصُّ) خَصٌّ سے جسکے معنی مخصوص کرنے کے ہیں، اسم فاعل واحد مؤنث، [مادہ: خصص]۔(۲۵:۸).

خٰضِعِيْنَ: عاجزی کرنے والے، جھکنے والے، (فتح ا) خُضُوْعٌ سے جس کے معنی عاجزی کرنے، جھکنے اور تواضع کرنے کے ہیں، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، خَاضِعٌ واحد۔(۴:۲۶).

خَاضُوْا: انہوں نے قدم ڈالے/ بحث کی، (نصر) خَوْضٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۶۹:۹).

خَاطِئَةِ: گناہ گار، غلطی کرنے والی، خطا، گناہ کرنا، (سمع ۴: خَطِئَ. يَخْطَئُ) خَطَاءٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔ یہ مصدر بھی ہے (باب افعال سے)، [مادہ: خطا]۔ (۱۶:۹۶)، الْخَاطِئَةِ (۹:۶۹)

الْخَاطِئُوْنَ: گنہگار، (سمع) خَطَاءٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، خَاطِئٌ واحد۔(۳۷:۶۹).

خٰطِـِٕيْنَ: گنہگار، خطا کار، (سمع) خَطَاءٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، خَاطِئٌ واحد۔ (۹۱:۱۲، ۹۷) (۸:۲۸)، الْخٰطِـِٕيْنَ (۲۹:۱۲).

خَاطَبَهُمْ: (خَاطَبَ. هُمْ) اس نے ان سے خطاب کیا/ ان سے بات چیت کی، (جب جاہل) ان سے بات کرتے ہیں، خَاطَبَ، (مفاعلہ ا) مُخَاطَبَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۶۳:۲۵).

خَافَ: وہ ڈرا، اس نے خوف کیا، (سمع: خَافَ. يَخَافُ) خَوْفٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۱۸۲:۲) (۱۰۳:۱۱) (۱۴:۱۴، ۱۴) (۴۶:۵۵) (۴۰:۷۹).

خَافَتْ: وہ ڈری، اسے اندیشہ ہوا، (سمع) خَوْفٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔(۱۲۸:۴).

خَافِضَةٌ: پست کر دینے والی، (سمع ا) خَفْضٌ سے جسکے معنی پست کرنے کے ہیں، اسم فاعل واحد مؤنث۔(۳:۵۶).

خَافُوْا: وہ ڈرے، انہوں نے خوف کیا، (سمع) خَوْفٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۹:۴).

خَافُوْنِ: (خَافُوْا. نِ) مجھ سے ڈرو، خَافُوْا، (سمع) خَوْفٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، ن وقایہ، ی ضمیر (واحد متکلم) محذوف۔ (۱۷۵:۳).

خَافِيَةٌ: چھپنے والی، پوشیدہ ہونے والی، (سمع ۱۱: خَفِيَ. يَخْفٰى) خَفَاءٌ و خُفْيَةٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔(۱۸:۶۹).

خٰلٰتِكَ: (خٰلٰتِ. كَ) تیری خالائیں، خٰلٰتِ (خَالَةٌ کی جمع، [مادہ: خول]) مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۵۰:۳۳).

خٰلٰتُكُمْ: (خٰلٰتُ. كُمْ) تمہاری خالائیں، خٰلٰتُ مضاف،

كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٤:٢٣)، خٰلٰتِكُمْ (٢٤:٦١).

خَالِدٌ: ہمیشہ رہنے والا، (نصرا) خُلُوْدٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (٤٧:١٥)، خَالِدًا (٤:١٤، ٩٣) (٩:٦٣).

خٰلِدُوْنَ: ہمیشہ رہنے والے، (نصر) خُلُوْدٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، خَالِدٌ واحد۔ (٢:٢٥، ٣٩، ٨١، ٨٢، ٢١٧، ٢٥٧، ٢٧٥) (٣:١٠٧، ١١٦) (٥:٨٠) (٧:٣٦، ٤٢) (٩:١٧) (١٠:٢٦، ٢٧) (١١:٢٣) (١٣:٥) (٢١:٩٩، ١٠٢) (٢٣:١١، ١٠٣) (٤٣:٧١، ٧٤) (٥٨:١٧)، الْخٰلِدُوْنَ (٢١:٣٤).

خٰلِدِيْنَ: ہمیشہ رہنے والے، (نصر) خُلُوْدٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، خَالِدٌ واحد۔ (٢:١٦٢) (٣:١٥، ٨٨، ١٣٦، ١٩٨) (٤:١٣، ٥٧، ١٢٢، ١٦٩) (٥:٨٥، ١١٩) (٦:١٢٨) (٩:٢٢، ٦٨، ٧٢، ٨٩، ١٠٠) (١١:١٠٧، ١٠٨) (١٤:٢٣) (١٦:٢٩) (١٨:١٠٨) (٢٠:٧٦، ١٠١) (٢١:٨) (٢٥:١٦، ٧٦) (٢٩:٥٨) (٣١:٩) (٣٣:٦٥) (٣٩:٧٢، ٧٣) (٤٠:٧٦) (٤٦:١٤) (٤٨:٥) (٥٧:١٢) (٥٨:٢٢) (٦٤:٩، ١٠) (٦٥:١١) (٧٢:٢٣) (٩٨:٦، ٨)، الْخٰلِدِيْنَ (٧:٢٠).

خٰلِدَيْنِ: دونوں ہمیشہ رہنے والے، (نصر) خُلُوْدٌ سے، اسم فاعل تثنیہ مذکر، خَالِدٌ واحد۔ (٥٩:١٧).

خَالِصًا: خالص، صاف، (نصرا) خُلُوْصٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (١٦:٦٦)، الْخَالِصُ (٣٩:٣).

خَالِصَةٌ: خالص، نری، (نصر) خُلُوْصٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔ (٦:١٣٩)، خَالِصَةٍ (٣٨:٤٦)، خَالِصَةً (٢:٩٤) (٧:٣٢) (٣٣:٥٠).

الْخٰلِفِيْنَ: پیچھے رہنے والے، (نصرا) خَلْفٌ سے جسکے معنی پیچھے آنے/ پیچھے رہنے کے ہیں، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، خَالِفٌ واحد۔ (٩:٨٣).

خَالِقٌ: پیدا کرنے والا، عدم سے وجود میں لانے والا، (نصرا) خَلْقٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (١٥:٢٨) (٣٨:٧١)، خَالِقِ (٣٥:٣)، خَالِقُ (٦:١٠٢) (١٣:١٦) (٣٩:٦٢) (٤٠:٦٢)، الْخَالِقُ (٥٩:٢٤).

الْخٰلِقُوْنَ: پیدا کرنے والے، (نصر) خَلْقٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، خَالِقٌ واحد۔ (٥٢:٣٥) (٥٦:٥٩).

الْخٰلِقِيْنَ: پیدا کرنے والے، بنانے والے، (نصر) خَلْقٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، خَالِقٌ واحد۔ (٢٣:١٤) (٣٧:١٢٥).

خَالِكَ: (خَالِ. كَ) تیرا ماموں، خَالِ (اَخْوَالٌ جمع، [مادہ؛ خول]) مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٣٣:٥٠).

الْخَالِيَةِ: گزرنے والی، گزرے ہوئے، (نصر۷؛ خَلَا. يَخْلُوْ) خُلُوٌّ (گزرنا) سے، اسم فاعل واحد مؤنث، [مادہ؛ خلو]۔ (٦٩:٢٤).

خٰمِدُوْنَ: بجھنے والے، بے ہوش، (نصر، سمع ا) خَمْدٌ و خُمُوْدٌ (بجھنا، بے ہوش ہونا) سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، خَامِدٌ واحد۔ (٣٦:٢٩).

خٰمِدِيْنَ: بجھنے والے، چکنا چور، (نصر وسمع) خَمْدٌ و خُمُوْدٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، خَامِدٌ واحد۔ (٢١:١٥).

الْخَامِسَةُ: پانچویں، اسم عدد ترتیبی یا وصفی واحد مؤنث ہے، [مادہ؛ خمس]۔ (٢٤:٧)، الْخَامِسَةَ (٢٤:٩).

خَانَتٰهُمَا: (خَانَتَا. هُمَا) ان دونوں عورتوں نے ان دونوں کی خیانت کی، انہوں نے ان سے دغا کیا، خَانَتَا، (نصر٦؛ خَانَ. يَخُوْنُ) خَوْنٌ و خِيَانَةٌ سے، ماضی تثنیہ غائب مؤنث، هُمَا ضمیر مفعول (تثنیہ غائب مذکر)۔ (٦٦:١٠).

خَانُوْا: انہوں نے خیانت کی/ دغا کیا، (نصر) خَوْنٌ و خِيَانَةٌ

سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۷۱:۸).

خَاوِيَةٌ: ویران، خالی، گری پڑی، (ضرب ۱۱؛ خَوٰی. يَخْوِیْ) خَوَاءٌ (خالی ہونا، گھر کا خالی ہو کر یا کھوکھلا ہو کر گرنا/منہدم ہونا، بھوکا ہونا) سے، اسم فاعل واحد مؤنث، [مادہ؛ خوی]۔ (۲۵۹:۲) (۴۲:۱۸) (۴۵:۲۲)، خَاوِيَةٍ (۷:۶۹)، خَاوِيَةً (۵۲:۲۷).

اَلْخَبْءَ: پوشیدہ، چھپی ہوئی چیز، جو چیز پوشیدہ طور پر جمع کی گئی ہو خَبْءٌ کہلاتی ہے، (فتح ۴) خَبَءَ. يَخْبَءُ کا مصدر بمعنی اسم مفعول مَخْبُوْءٌ (چھپا ہوا) ہے۔(۲۵:۲۷).

اَلْخَبٰٓئِثَ: گندی چیزیں، گندے کام، ناپاک چیزیں، خَبِیْثَةٌ کی جمع۔(۱۵۷:۷) (۷۴:۲۱).

خَبَالًا: تباہی، بربادی، خرابی، تباہ کرنا، خرابی مچانا، مصدر (نصر ۱؛ خَبَلَ. يَخْبُلُ کا)۔(۱۱۸:۳) (۴۷:۹).

خَبَتْ: وہ بجھی، (نصر ۷؛ خَبَا. يَخْبُوْ) خَبْوٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔(۹۷:۱۷).

خَبُثَ: وہ خبیث ہوا/خراب ہوا، (کرم ۱) خَبَاثَةٌ و خُبْثٌ سے جسکے معنی خبیث/ناپاک ہونے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔(۵۸:۷).

خُبْرًا: دانش، سمجھ، خبر، خبرداری، کسی چیز کی حقیقت و ماہیت سے واقف اور باخبر ہونا، مصدر ہے (نصر ۱؛ خَبَرَ. يَخْبُرُ کا)۔(۶۸:۱۸، ۹۱).

خَبَرٍ: خبر، وہ بات جو کسی امر، واقعے یا چیز کے متعلق نئی معلوم ہو، واقفیت، آگاہی، اَخْبَارٌ جمع۔(۷:۲۷) (۲۹:۲۸).

خُبْزًا: روٹی، نان، اسم ہے۔(۳۶:۱۲).

اَلْخَبِیْثُ: خبیث، گندی چیز، ناپاک، ہر وہ چیز جو ردی اور خسیس ہونے کی وجہ سے بری ہو "خبیث" کہلاتی ہے، (کرم ۱) خَبَاثَةٌ و خُبْثٌ سے جسکے معنی خبیث/ناپاک ہونے کے ہیں، صفت مشبہ واحد مذکر۔ (۱۰۰:۵)، اَلْخَبِیْثِ (۱۰۰:۵)، اَلْخَبِیْثَ (۲۶۷:۲) (۱۷۹:۳) (۲:۴) (۳۷:۸، ۳۷).

اَلْخَبِیْثٰتُ: خبیث عورتیں، گندی، ناپاک عورتیں، خَبِیْثَةٌ کی جمع۔(۲۶:۲۴)، اَلْخَبِیْثٰتِ (۲۶:۲۴).

خَبِیْثَةٍ: ناپاک، گندی، خَبِیْثٌ کی مؤنث۔(۲۶:۱۴، ۲۶).

اَلْخَبِیْثُوْنَ: ناپاک مرد، گندے، خَبِیْثٌ کی جمع بحالت رفع۔(۲۶:۲۴).

اَلْخَبِیْثِیْنَ: ناپاک مرد، گندے، خَبِیْثٌ کی جمع بحالت نصب و جر۔(۲۶:۲۴).

خَبِیْرٌ: دانا، خبردار، (نصر، کرم، فتح ۱) خَبْرٌ سے، صفت مشبہ (واحد مذکر)، اسماءِ حسنٰی سے ہے۔ (۲۳۴:۲، ۲۷۱) (۱۵۳:۳، ۱۸۰) (۸:۵) (۱۶:۹) (۱۱۱:۱۱) (۶۳:۲۲) (۳۰:۲۴، ۵۳) (۸۸:۲۷) (۱۶:۳۱، ۲۹، ۳۴) (۳۱:۳۵) (۲۷:۴۲) (۱۳:۴۹) (۱۰:۵۷) (۳:۵۸، ۱۱، ۱۳) (۱۸:۵۹) (۱۱:۶۳) (۸:۶۴) (۱۱:۱۰۰)، خَبِیْرٍ (۱:۱۱) (۱۴:۳۵)، اَلْخَبِیْرُ (۱۸:۶، ۷۳، ۱۰۳) (۱:۳۴) (۳:۶۶) (۱۴:۶۷)، خَبِیْرًا (۳۵:۴، ۹۴، ۱۲۸، ۱۳۵) (۱۷:۱۷، ۳۰، ۹۶) (۵۸:۲۵، ۵۹) (۲:۳۳، ۳۴) (۱۱:۴۸).

خَتَّارٍ: عہد شکن، عہد کا توڑنے والا، قول کا جھوٹا، (ضرب ۱) خَتْرٌ سے جس کے معنی بری طرح بے وفائی اور عہد شکنی کرنے کے ہیں کہ جس سے انسان ضعیف اور ڈھیلا ہو جائے، صیغۂ مبالغہ مفرد۔(۳۲:۳۱).

خِتٰمُهٗ: (خِتَامُ. هٗ) اس کی مہر کرنے کی چیز، اس کا خاتمہ، خِتَامُ (مصدر؛ باب ضرب ۱) مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ خِتَام کے معنی ہیں مہر کرنے کی چیز یعنی وہ مسالہ جس سے مہر کی جائے، اور ہر چیز کا آخر یا خاتمہ۔ چنانچہ آیت کا پہلے معنی کے اعتبار سے ترجمہ مشک کی مہر کا ہوگا یعنی مشک کی خوشبو آئیگی اور دوسرے معنی کے لحاظ سے ترجمہ 'خاتمہ مشک' کا ہوگا یعنی اس کا آخری مزہ مشک کا

ہے۔(۲۶:۸۳).

خَتَمَ: اس نے مہر لگا دی، (ضرب ۱) خَتْمٌ (مہر لگانا، ختم کرنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۲:۷) (۶:۴۶) (۴۵:۲۳).

خَدَّكَ: (خَدَّ.كَ) تیرا رخسار، تیرا گال، خَدٌّ (کے معنی رخسارہ، خُدُوْدٌ جمع) مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۳۱:۱۸).

خُذْ: تو پکڑ، تو لے، (نصر۲) اَخْذٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (۲:۲۶۰) (۷:۱۴۴، ۱۹۹) (۹:۱۰۳) (۱۲:۷۸) (۱۹:۱۲) (۳۸:۴۴).

خُذُوْا: تم پکڑو/ لو، (نصر) اَخْذٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۲:۶۳، ۹۳) (۴:۷۱، ۱۰۲) (۷:۳۱، ۱۷۱).

خَذُوْلًا: مصیبت میں تنہا چھوڑ دینے والا، بہت مدد چھوڑنے والا، (نصر۱) خَذْلَانٌ (مدد چھوڑنا) سے صیغۂ مبالغہ مفرد ہے۔ (۲۵:۲۹).

خُذُوْهُ: (خُذُوْا.هُ) تم اسے پکڑو، خُذُوْا، (نصر) اَخْذٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، ہُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۵:۴۱) (۴۴:۴۷) (۵۹:۷) (۶۹:۳۰).

خُذُوْهُمْ: (خُذُوْا.هُمْ) تم ان کو پکڑو، خُذُوْا، (نصر) اَخْذٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۴:۸۹، ۹۱) (۹:۵).

خُذْهَا: (خُذْ.هَا) تو اسے پکڑ، تو اس کو لے، خُذْ، (نصر) اَخْذٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۷:۱۴۵) (۲۰:۲۱).

خَرَّ: وہ گر پڑا، (ضرب۵: خَرَّ.يَخِرُّ) خَرٌّ سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ خرر]۔ (۷:۱۴۳) (۱۶:۲۶) (۲۲:۳۱) (۳۴:۱۴) (۳۸:۲۴).

خَرَابِهَا: (خَرَابِ.هَا) اس کی خرابی، اس کا اجاڑنا، اس کا ویران کرنا، خَرَابِ (مصدر ہے، سمع ۱؛ خَرِبَ.يَخْرَبُ کا) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۲:۱۱۴).

خَرَاجُ: حاصل، مال، مزدوری، یہاں رزق مراد ہے، [مادہ؛ خرج]۔(۲۳:۷۲).

اَلْخَرّٰصُوْنَ: اٹکل دوڑانے والے، جھوٹ بکنے والے، تخمینہ کرنے والے، (نصر۱) خَرْصٌ (تخمینہ لگانا، اٹکل سے کہنا) سے، صیغۂ مبالغہ جمع مذکر (مرفوع)، خَرَّاصٌ واحد۔(۵۱:۱۰).

خَرَجَ: وہ نکلا، (نصر۱) خُرُوْجٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۱۹:۱۱) (۲۸:۲۱، ۷۹).

خَرْجًا: محصول، باج، مال، اَخْرَاجٌ جمع۔ (۱۸:۹۴) (۲۳:۷۲).

خَرَجْتَ: تو نکلا، (نصر) خُرُوْجٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر۔ (۲:۱۴۹، ۱۵۰).

خَرَجْتُمْ: تم نکلے، (نصر) خُرُوْجٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (۶۰:۱).

خَرَجْنَ: وہ نکلیں، (نصر) خُرُوْجٌ سے، ماضی جمع غائب مؤنث۔ (۲:۲۴۰).

خَرَجْنَا: ہم نکلے، (نصر) خُرُوْجٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (۹:۴۲).

خَرَجُوْا: وہ نکلے، (نصر) خُرُوْجٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۲:۲۴۳) (۵:۶۱) (۸:۴۷) (۹:۴۷) (۴۷:۱۶).

خَرْدَلٍ: رائی، خَرْدَلَةٌ واحد، [مادہ؛ خردل]۔ (۲۱:۴۷) (۳۱:۱۶).

اَلْخُرْطُوْمِ: سونڈ، ناک، خَرَاطِيْمُ جمع، [مادہ؛ خرطم]۔ (۶۸:۱۶).

خَرَقْتَهَا: (خَرَقْتَ.هَا) تو نے اس کو پھاڑ ڈالا/ اس کو قطع کر دیا، خَرَقْتَ، (ضرب) خَرْقٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(۱۸:۷۱).

خَرَقُوْا: انہوں نے تراشا، (ضرب۱) خَرْقٌ (گھڑنا، جھوٹ بات بنانا) سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(١٠٠:٦).

خَرَقَهَا: (خَرَقَ.هَا) اس نے اسے پھاڑ ڈالا، اس کو قطع کر دیا، خَرَقَ، (ضرب) خَرْقٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(٧١:١٨).

خَرُّوْا: وہ گر پڑے، (ضرب) خَرٌّ سے، ماضی جمع غائب مذکر، [مادہ؛ خرر]۔(١٠٠:١٢) (٥٨:١٩) (١٥:٣٢).

خُرُوْجٍ: نکلنا، مصدر ہے (نصر۱؛ خَرَجَ.يَخْرُجُ کا)۔ (١١:٤٠)، الْخُرُوْجِ (٨٣:٩) (٤٢:٥٠)، الْخُرُوْجَ (٤٦:٩)، الْخُرُوْجُ (١١:٥٠).

خَزَآئِنُ: خزانے، خَزَانَةٌ اور خَزِيْنَةٌ کی جمع، [مادہ؛ خزن]۔ (٥٠:٦) (٣١:١١) (٩:٣٨) (٣٧:٥٢) (٧:٦٣)، خَزَآئِنِ (١٢:٥٥)، خَزَآئِنَ (١٠٠:١٧).

خَزَآئِنُهٗ: (خَزَآئِنُ.هٗ) اس کے خزانے، خَزَآئِنُ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(٢١:١٥).

خَزَنَةِ: خزانچی، نگہبان، چوکیدار، داروغہ، (نصر۱) خَزْنٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، خَازِنٌ واحد۔(٤٩:٤٠).

خَزَنَتُهَا: (خَزَنَةُ.هَا) اس کے داروغے، اس کے چوکیدار، خَزَنَةُ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(٧١:٣٩، ٧٣) (٨:٦٧).

خِزْيٌ: رسوائی، ذلت، خواری، رسوا ہونا، مصدر ہے (سمع۱؛ خَزِيَ.يَخْزٰى کا)۔ (٨٥:٢، ١١٤) (٣٣:٥، ٤١) (٩:٢٢)، خِزْيِ (٦٦:١١)، الْخِزْيِ (٩٨:١٠) (١٦:٤١)، الْخِزْيَ (٢٧:١٦) (٢٦:٣٩)، الْخِزْيُ (٦٣:٩).

خَسَارًا: زیاں، نقصان، ٹوٹا، مصدر ہے (سمع۱؛ خَسِرَ.يَخْسَرُ کا)۔(٨٢:١٧) (٣٩:٣٥) (٢١:٧١).

خُسْرًا: زیاں، نقصان، ٹوٹا، مصدر ہے (سمع۱؛ خَسِرَ.يَخْسَرُ کا)۔(٩:٦٥)، خُسْرٍ (٢:١٠٣).

خَسِرَ: اس نے نقصان اٹھایا، (سمع۱) خُسْرٌ و خُسْرَانٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (١١٩:٤) (٣١:٦، ١٤٠) (٤٥:١٠) (١١:٢٢) (٧٨:٤٠، ٨٥).

الْخُسْرَانُ: گھاٹا، ٹوٹا، زیاں، نقصان، (سمع۱) خَسِرَ.يَخْسَرُ کا مصدر۔(١١:٢٢) (١٥:٣٩)، خُسْرَانًا (١١٩:٤).

خَسِرُوْا: انہوں نے ٹوٹا پایا، انہوں نے نقصان اٹھایا، (سمع) خُسْرَانٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (١٢:٦، ٢٠) (٩:٧، ٥٣) (٢١:١١) (١٠٣:٢٣) (١٥:٣٩) (٤٥:٤٢).

خَسَفَ: اس نے دھنسایا، (ضرب۱) خَسْفٌ (دھنسانا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(٨٢:٢٨).

خَسَفَ: وہ گہن میں آیا، (ضرب۱) خُسُوْفٌ (گہن لگنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (٨:٧٥).

خَسَفْنَا: ہم نے دھنسا دیا، (ضرب) خَسْفٌ سے، ماضی جمع متکلم۔(٨١:٢٨) (٤٠:٢٩).

خُشُبٌ: لکڑیاں، خَشَبٌ واحد۔(٤:٦٣).

خُشَّعًا: عاجزی کرنے والے، خشوع کرنے والے، (فتح۱) خُشُوْعٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، خَاشِعٌ واحد۔(٧:٥٤).

خَشَعَتْ: دب گئی، نیچی ہوگئی، پست ہوگئی، عاجز ہوگئی، (فتح) خُشُوْعٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔(١٠٨:٢٠).

خُشُوْعًا: عاجزی، فروتنی، عاجزی کرنا، (فتح۱) خَشَعَ.يَخْشَعُ کا مصدر۔(١٠٩:١٧).

خَشِيَ: اس نے خوف کیا، اسے اندیشہ ہوا، (سمع) خَشْيَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ خشی]۔ (٢٥:٤) (١١:٣٦) (٣٣:٥٠) (٨:٩٨).

خَشْيَةً: ڈرنا، خوف زدہ ہونا/ اندیشہ ہونا، ہیبت، ڈر، خوف، مصدر (سمع ۱۱؛ خَشِيَ.يَخْشٰى کا)۔ خشیت اس خوف کو کہتے ہیں جس میں تعظیم شامل ہو، اور اس میں باعث ڈر یا خوف شے کا پہلے سے علم ہوتا ہے۔ (٤:٧٧)، خَشْيَةِ (٢:٧٤) (٤:٧٧) (٢٣:٥٧) (٥٩:٢١)، خَشْيَةَ (١٧:٣١، ١٠٠)۔

خَشِيْتُ: میں ڈرا، (سمع) خَشْيَةٌ سے، ماضی واحد متکلم۔ (٢٠:٩٤)۔

خَشْيَتِهٖ: (خَشْيَة.هٖ) اس کا خوف، اس کا ڈر، خَشْيَةِ مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٢١:٢٨)۔

خَشِيْنَا: ہم ڈرے، ہمیں اندیشہ ہوا، (سمع) خَشْيَةٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (١٨:٨٠)۔

خَصَاصَةٌ: احتیاج، بھوک، تنگی، فاقہ، مصدر ہے (سمع ۵؛ خَصَّ.يَخَصُّ کا)۔ (٥٩:٩)۔

اَلْخِصَامِ: ۱) جھگڑا کرنا، مصدر (مفاعلہ ۱؛ خَاصَمَ.يُخَاصِمُ کا)۔ ۲) جھگڑا کرنے والے، خَصْمٌ کی جمع۔ (٢:٢٠٤) (٤٣:١٨)۔

اَلْخَصْمِ: خصومت کرنے والا، جھگڑنے والا۔ خَصْمٌ واحد، تثنیہ، جمع اور مؤنث سب کے لیے استعمال ہوتا ہے اور یہ مصدر (باب ضرب ۱) بھی ہے اور صیغۂ صفت بھی، اس کی جمع خُصُوْمٌ و خِصَامٌ و اَخْصَامٌ آتی ہے۔ (٣٨:٢١)۔

خَصْمٰنِ: دو جھگڑنے والے، خَصْمٌ کا تثنیہ۔ (٢٢:١٩) (٣٨:٢٢)۔

خَصِمُوْنَ: جھگڑالو، خصومت کرنے والے، (ضرب ۱) خَصْمٌ سے، صفت مشبہ جمع، خَصِمٌ واحد۔ (٤٣:٥٨)۔

خَصِيْمٌ: سخت جھگڑنے والا، (ضرب) خَصْمٌ سے، صیغۂ مبالغہ مفرد، اَخْصَامٌ و خُصَمَاءُ جمع۔ (١٦:٤) (٣٦:٧٧)، خَصِيْمًا (٤:١٠٥)۔

خُضْتُمْ: تم نے بحث کی، تم مشغول ہوئے، (نصر ۶؛ خَاضَ.يَخُوْضُ) خَوْضٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (٩:٦٩)۔

خَضِرًا: شاخ، سبز، سبزہ، سبزی، کونپل۔ (٦:٩٩)۔

خُضْرٌ: سبز، ہرے، اَخْضَرُ کی جمع جو (سمع ۱) خَضَرٌ سے صفت مشبہ واحد مذکر کا صیغہ ہے۔ (٧٦:٢١)، خُضْرٍ (١٢:٤٣، ٤٦) (٥٥:٧٦)، خُضْرًا (١٨:٣١)۔

خِطْأً: گناہ، خطا، چوک، گناہ کرنا، مصدر (سمع ۴؛ خَطِئَ.يَخْطَئُ کا)۔ (١٧:٣١)۔

خَطَأً: چوک، چوک کر/ غلطی سے، چوک جانا، گناہ کرنا، مصدر ہے (باب سمع ۴؛ خَطِئَ.يَخْطَئُ کا)۔ (٤:٩٢، ٩٢)۔

اَلْخِطَابِ: کلام، سخن، بات، گفتگو، مصدر ہے (باب مفاعلۃ ۱)۔ (٣٨:٢٠، ٢٣)، خِطَابًا (٧٨:٣٧)۔

خَطٰيٰكُمْ: (خَطٰيَا.كُمْ) تمہارے گناہ، تمہاری خطائیں/ تقصیریں، خَطَايَا (خَطِيْئَةٌ کی جمع، [مادہ: خطا]) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٢:٥٨) (٢٩:١٢)۔

خَطٰيٰنَا: (خَطٰيَا.نَا) ہمارے گناہ، ہماری خطائیں/ تقصیریں، خَطَايَا مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (٢٠:٧٣) (٢٦:٥١)۔

خَطٰيٰهُمْ: (خَطٰيَا.هُمْ) ان کے گناہ، ان کی خطائیں، خَطٰيَا مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٢٩:١٢)۔

خِطْبَةِ: نکاح کا پیغام، منگنی، نکاح کی بات چیت کو خِطْبَة کہتے ہیں، (نصر ۱) خَطَبَ.يَخْطُبُ کا مصدر ہے۔ (٢:٢٣٥)۔

خَطْبُكَ: (خَطْبُ.كَ) تیرا حال، تیری حقیقت/ تیرا معاملہ، خَطْبُ (ایسا اہم معاملہ جس کے متعلق عام بات چیت ہو خَطْبٌ کہلاتا ہے، مصدر ہے باب نصر ۱) مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٢٠:٩٥)۔

خَطْبُكُمْ: (خَطْبُ.كُمْ) تمہاری مہم، تمہارا معاملہ، تمہاری

خبر، خَطْبُ (مصدر) مضاف، کُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۵۷:۱۵) (۳۱:۵۱).

خَطْبُکُمَا: (خَطْبُ. کُمَا) تم دونوں (عورتوں) کا حال، خَطْبُ مضاف، کُمَا (ضمیر تثنیہ حاضر مؤنث) مضاف الیہ۔ (۲۳:۲۸).

خَطْبُکُنَّ: (خَطْبُ. کُنَّ) تمہارا حال تمہاری حقیقت، خَطْبُ (حال، کام، معاملہ) مضاف، کُنَّ (ضمیر جمع حاضر مؤنث) مضاف الیہ۔ خَطْبٌ مصدر ہے (نصر ا؛ خَطَبَ. یَخْطُبُ کا) جسکے معنی خطاب کرنے اور نسبت ہونے یا نسبت طے کرنے کے ہیں۔ (۵۱:۱۲).

خَطِفَ: اس نے اچک لیا، (سمع ۱) خَطْفٌ و خَطْفَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۳۷:۱۰).

اَلْخَطْفَةَ: اچک لینا، جھپٹا مار کر لے جانا، مصدر ہے (باب سمع ۱)۔(۳۷:۱۰).

خُطُوٰتِ: قدم، (مضاف)، خُطْوَةٌ کی جمع، [مادہ: خطو]۔ (۲:۱۶۸، ۲۰۸) (۶:۱۴۲) (۲۴:۲۱، ۲۱).

خَطِیْئٰتِکُمْ: (خَطِیْئٰتِ. کُمْ) تمہاری خطائیں، تمہارے گناہ، تمہاری تقصیریں، خَطِیْئٰتِ (خَطِیْئَةٌ کی جمع، [مادہ: خطا]) مضاف، کُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۷:۱۶۱).

خَطِیْٓئٰتِهِمْ: (خَطِیْئٰتِ. هِمْ) ان کی خطائیں، ان کے گناہ، خَطِیْئٰتِ مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۷۱:۲۵).

خَطِیْٓـئَةً: گناہ، خطا، تقصیر، [مادہ: خطا]۔ اس سے مراد بالعموم وہ گناہ ہوتے ہیں جو بالقصد سرزد نہ ہوں بلکہ غلطی سے ہو جائیں اور یہ خطائیں قابل معافی ہوتی ہیں یا ان پر پکڑ نہیں ہوگی، لیکن اس سے مراد قابل مذمت گناہ بھی ہیں جن پر پکڑ ہوگی۔ گناہوں کی درجہ بندی اس طرح بیان کی جاتی ہے: ۱) لَمَمْ اور ذَنْب (یہ چھوٹے گناہ ہیں)، ۲) خَطِیْئَة، ۳) سُوْء (سَیِّئَة) (برائیاں، منکرات وفواحش)، ۴) عِصْیَان (نافرمانی یعنی اطاعت کی ضد؛ برائیاں بھی کرنا اور نیکی بھی نہ کرنا)۔(۴:۱۱۲).

خَطِیْٓـئَتُهٗ: (خَطِیْئَةُ. هٗ) اس کا گناہ، اس کی تقصیر، خَطِیْئَةُ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۲:۸۱).

خَطِیْٓـئَتِیْ: (خَطِیْئَةِ. یْ) میری خطا، میری تقصیر، خَطِیْئَةِ مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔ (۲۶:۸۲).

خِفَافًا: ہلکے، سبکبار، خَفِیْفٌ کی جمع۔(۹:۴۱).

خِفْتِ: تو ڈری، (جب) تو ڈرے، (سمع ۸) خَوْفٌ سے، ماضی واحد حاضر مؤنث۔(۲۸:۷).

خِفْتُ: میں ڈرا، مجھے خوف ہے، (سمع) خَوْفٌ سے، ماضی واحد متکلم۔(۱۹:۵).

خَفَّتْ: وہ ہلکی ہوئی/ ہلکے ہوئے، (ضرب ۵: خَفَّ. یَخِفُّ) خِفَّةٌ (ہلکا ہونا، سبک ہونا) سے، ماضی واحد غائب مؤنث، [مادہ: خفف]۔(۷:۹) (۲۳:۱۰۳) (۱۰۱:۸).

خِفْتُکُمْ: (خِفْتُ. کُمْ) میں تم سے ڈرا، مجھے تم سے خوف ہوا، خِفْتُ، (سمع) خَوْفٌ سے، ماضی واحد متکلم، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(۲۶:۲۱).

خِفْتُمْ: تم ڈرے، تم کو ڈر ہو، (سمع) خَوْفٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(۲:۲۲۹، ۲۳۹) (۴:۳، ۳، ۳۵، ۱۰۱) (۹:۲۸).

خَفَّفَ: اس نے تخفیف کی/ ہلکا کر دیا، (تفعیل ۵: خَفَّفَ. یُخَفِّفُ) تَخْفِیْفٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ: خفف]۔(۸:۶۶).

خَفِیٍّ: پوشیدہ، چھپی ہوئی، (سمع ۱۱؛ خَفِیَ. یَخْفٰی) خِفَاءٌ سے، صفت مشبہ واحد مذکر، خَفِیَّةٌ مؤنث۔ (۴۲:۴۵)، خَفِیًّا

(۳:۱۹).

خُفْيَةً: پوشیدہ، چھپی، پوشیدہ ہونا، مصدر ہے (سمع ۱۱؛ خَفِيَ .يَخْفٰى کا)۔(۶:۶۳) (۷:۵۵).

خَفِيْفًا: ہلکا، سبک، (ضرب) خِفَّةٌ (ہلکا اور سبک ہونا) سے، صفت مشبہ مفرد، [مادہ؛ خفف]۔ خَفِيْف، ثَقِيْل کے مقابلے میں آتا ہے اور اس کا استعمال کئی طرح سے ہوتا ہے، مثلاً: ۱) وزن کے اعتبار سے ایک کو خفیف دوسرے کو ثقیل کہا جاتا ہے، ۲) ایک گھوڑا دوسرے سے زیادہ تیز دوڑے تو کہتے ہیں فرس خفیف (سبک رفتار) اور دوسرے کو فرس ثقیل (سست رفتار)، ۳) جو بات لوگوں کو بھلی معلوم ہو اس کو خفیف (آسان) اور جو بری معلوم ہو اس کو ثقیل (گراں) کہتے ہیں، اس صورت میں خفیف مدح اور ثقیل ذم ہے۔ (۷:۱۸۹).

خَلَا: وہ تنہا ہوا/ اکیلا ہوا، خلوت میں ہوا، (نصر۷؛ خَلَا .يَخْلُوْ) خَلَاءٌ سے جسکے معنی خلوت میں ہونے اور اکیلے ہونے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ خلو]۔(۲:۷۶).

خَلَا: وہ گزرا، وہ ہو چکا، (نصر۷؛ خَلَا .يَخْلُوْ) خُلُوٌّ (گزر جانا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ خلو]۔(۳۵:۲۴).

خَلٰٓئِفَ: جانشین، نائب، وارث، (مضاف)، خَلِيْفَةٌ کی جمع ہے جو (نصر۱) خِلَافَةٌ سے صفت مشبہ واحد مذکر ہے (مؤنث بھی مستعمل ہے)۔(۶:۱۶۵) (۱۰:۱۴، ۷۳) (۳۵:۳۹).

خِلَافٍ: خلاف، الٹا، مخالفت، پیچھا، خلاف ہونا، مخالفت کرنا، مصدر (مفاعلہ۱: خَالَفَ .يُخَالِفُ کا)۔ (۵:۳۳) (۷:۱۲۴) (۲۰:۷۱) (۲۶:۴۹)، خِلٰفَ (۹:۸۱).

خِلٰفَكَ: (خِلٰفَ .كَ) تیرے خلاف، تیرے پیچھے، خِلٰفَ مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۱۷:۷۶).

خَلَاقٍ: حصہ، اپنے خلق اور عادت سے جو شرف اور فضیلت انسان کو ملے اس کا نام خلاق ہے، [مادہ؛ خلق]۔ (۲:۱۰۲، ۲۰۰)، خَلَاق (۳:۷۷).

اَلْخَلّٰقُ: بڑا پیدا کرنے والا، اصل بنانے والا، (نصر۱) خَلْقٌ سے، صیغہ مبالغہ۔(۱۵:۸۶) (۳۶:۸۱).

خَلَاقِكُمْ: (خَلَاقِ .كُمْ) تمہارا حصہ، خَلَاقِ ([مادہ؛ خلق]) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۹:۶۹).

خَلَاقِهِمْ: (خَلَاقِ .هِمْ) ان کا حصہ، خَلَاقِ مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۹:۶۹، ۶۹).

خِلٰلٌ: دوستی، دوستی کرنا، بھائی بندی کرنا، مصدر ہے (مفاعلہ۵؛ خَالَّ .يُخَالُّ کا)، مزید تفصیل کیلئے دیکھو خَلِيْلًا۔(۱۴:۳۱).

خِلٰلَ: درمیان، وسط، خَلَلٌ کی جمع۔(۱۷:۵).

خِلٰلَكُمْ: (خِلٰلَ .كُمْ) تمہارے درمیان، تمہارے وسط، خِلٰلَ (خَلَلٌ کی جمع) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۹:۴۷).

خِلٰلِهٖ: (خِلٰلِ .هٖ) اس کے درمیان، خِلٰلِ مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۲۴:۴۳) (۳۰:۴۸).

خِلٰلَهَا: (خِلٰلَ .هَا) اس کے درمیان، خِلٰلَ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۱۷:۹۱) (۲۷:۶۱).

خِلٰلَهُمَا: (خِلٰلَ .هُمَا) ان دونوں کے درمیان، خِلٰلَ مضاف، هُمَا (ضمیر تثنیہ غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۱۸:۳۳).

خَلَتْ: وہ گزر گئی، (نصر) خُلُوٌّ سے، ماضی واحد غائب مؤنث، [مادہ؛ خلو]۔ (۲:۱۳۴، ۱۴۱) (۳:۱۳۷، ۱۴۴) (۵:۷۵) (۷:۳۸) (۱۳:۶، ۳۰) (۱۵:۱۳) (۴۰:۸۵) (۴۱:۲۵) (۴۶:۱۷، ۱۸، ۲۱) (۴۸:۲۳).

خُلَّةٌ: دوستی، آشنائی، واحد، تثنیہ، جمع، مذکر و مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے، [مادہ؛ خلل]۔(۲:۲۵۴).

الْخُـلْدِ: ہمیشہ رہنا، دوام، ہمیشگی، بقاء۔ (٥٢:١٠) (١٢٠:٢٠) (١٥:٢٥) (١٤:٣٢) (٢٨:٤١)، الْخُلْدَ (٣٤:٢١)۔

خَلَصُوْا: وہ اکیلے بیٹھے، وہ الگ ہوئے، (نصرا) خُلُوْصٌ و خِلَاصٌ سے جسکے معنی خالص ہونے کے ہیں، ماضی جمع غائب مذکر۔ یہاں خالص ہونے سے مراد تنہا بیٹھنا اور اکیلے ہونا ہے۔ (٨٠:١٢)۔

الْخُلَطَآءِ: شرکاء، شرکت والے، (ضرب ا) خَلْطٌ سے جسکے معنی ایک چیز کو دوسری سے ملانے کے ہیں، صیغۂ صفت جمع، خَلِیْطٌ واحد۔ (٢٤:٣٨)۔

خَلَطُوْا: انہوں نے ملایا، (ضرب ا) خَلْطٌ (ملانا، آمیزش کرنا) سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (١٠٢:٩)۔

خَلَفَ: وہ جانشین ہوا، (نصرا) خِلَافَۃٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (١٦٩:٧) (٥٩:١٩)۔

خَـلْفٌ: برے جانشین، ناخلف، بعد میں آنے والے، خلف اس قرن کو کہتے ہیں جو دوسرے قرن کے بعد آتا ہے، ایک گروہ کے بعد دوسرا گروہ۔ واحد اور جمع دونوں کیلئے آتا ہے۔ خَلْفٌ برے جانشین کیلئے آتا ہے اور خَلَفٌ اچھے اور نیک جانشین کیلئے۔ واضح رہے کہ خَلْفٌ مصدر بھی ہے اور اسم بھی جو ملتے جلتے مختلف معنوں میں کثیر الاستعمال ہے۔ (١٦٩:٧) (٥٩:١٩)۔

خُـلَفَـآءَ: جانشین، خَلِیْفَۃٌ کی جمع۔ (٦٩:٧، ٧٤) (٦٢:٢٧)۔

خِـلْـفَـةً: آگے پیچھے آنے والے، باب نصر سے مصدر نوع ہے، ہیئت فعل کو بتاتا ہے۔ خَلْفٌ کے معنی ہیں کسی کے پیچھے آنے کے اور خِلْفَۃٌ کے لگاتار ایک دوسرے کے پیچھے آنے کے۔ (٦٢:٢٥)۔

خَلَفْتُمُوْنِیْ: (خَلَفْـتُمْ. نِیْ) تم نے میری جانشینی کی/میری نیابت کی، خَلَفْتُمْ، (نصر) خِلَافَۃٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔ خَلَفْتُمُوْ میں واؤ اشباعی ہے۔ (١٥٠:٧)۔

خَلْفَكَ: (خَلْفَ. كَ) تیرے پیچھے، تیرے بعد آنے والے، خَلْفَ مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٩٢:١٠)۔

خَـلْـفَـكُمْ: (خَلْفَ. كُمْ) تمہارے پیچھے، خَلْفَ (بمعنی پیچھے، قُدَّام کی ضد) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ واضح رہے کہ خَلْفٌ مصدر بھی ہے اور اسم بھی جو ملتے جلتے مختلف معنوں میں کثیر الاستعمال ہے۔ (٤٥:٣٦)۔

خَـلْفَنَا: (خَـلْفَ. نَا) ہمارے پیچھے، خَـلْفَ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (٦٤:١٩)۔

خُلِّفُوْا: وہ پیچھے چھوڑے گئے، (تفعیل ا) تَخْلِیْفٌ (پیچھے چھوڑنا) سے، ماضی مجہول جمع غائب مذکر۔ (١١٨:٩)۔

خَـلْفِـهٖ: (خَلْفِ. ہٖ) اس کے پیچھے، خَلْفِ مضاف، ہٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (١١:١٣) (٤٢:٤١) (٤٦:٢١) (٢٧:٧٢)۔

خَـلْفَهَا: (خَـلْفَ. هَا) ان کے پیچھے آنے والے، اس کے (یا ان کے) جانشین، خَلْفَ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (٦٦:٢)۔

خَلْفَهُمْ: (خَلْفَ. هُمْ) ان کے پیچھے، خَلْفَ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٢٥٥:٢) (٥٧:٨) (١١٠:٢٠) (٢٨:٢١) (٧٦:٢٢) (٩:٣٤) (٢٥:٤١)، خَلْفِهِمْ (١٧٠:٣) (٩:٤) (١٧:٧) (٩:٣٦) (١٤:٤١)۔

خَلْقِ: پیدائش، بنانا، پیدا کرنا، (نصرا) خَلَقَ. یَخْلُقُ کا مصدر۔ اس کے معانی میں عدم سے وجود میں لانا یعنی بے مثال اور بے نمونہ سابق بنانا، اور ایجاد و اختراع کرنا یعنی ایک چیز کو دوسری چیز سے بنانا، دونوں شامل ہیں۔ (٥:١٣) (١٩:١٤) (١٠٤:٢١) (١٠:٣٢) (٧:٣٤) (١٦:٣٥) (٧٩:٣٦) (٦:٣٩) (١٥:٥٠)، خَلْقِ (١٦٤:٢) (١٩٠:٣، ١٩١

(٣٠:٣٠) (٥٧:٤٠) (٣:٦٧)، خَلْقَ (١١٩:٤) (٥١:١٨، ٥١) (٧:٣٢)، خَلْقُ (٢٢:٣٠) (١١:٣١) (٥٧:٤٠) (٢٩:٤٢)، الْخَلْقِ (٦٩:٧) (١٧:٢٣) (١:٣٥) (٦٨:٣٦) (١٥:٥٠)، الْخَلْقَ (٤:١٠، ٣٤، ٣٤) (٦٤:٢٧) (١٩:٢٩، ٢٠) (١١:٣٠، ٢٧)، الْخَلْقُ (٥٤:٧) (١٦:١٣)، خَلْقًا (٤٩:١٧، ٥١، ٩٨) (١٤:٢٣) (١١:٣٧) (٦:٣٩) (٢٧:٧٩).

خَلَقَ: اس نے بنایا/ پیدا کیا، (نصرا) خَلْقٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(٢٩:٢، ٢٢٨) (١:٤) (١٨:٥) (١:٦، ٧٣، ١٠١) (٥٤:٧، ١٨٥) (٣٦:٩) (٣:١٠، ٥، ٦) (٧:١١) (١٩:١٤، ٣٢) (٣:١٦، ٤، ٤٨، ٨١) (٩٩:١٧) (٤:٢٠) (٣٣:٢١) (٩١:٢٣) (٤٥:٢٤) (٢:٢٥، ٥٤، ٥٩) (١٦٦:٢٦) (٦٠:٢٧) (٤٤:٢٩، ٦١) (٨:٣٠، ٢١) (١٠:٣١، ١١، ٢٥) (٤:٣٢) (٣٦:٣٦، ٨١) (٥:٣٩، ٣٨) (٩:٤١) (٩:٤٣، ١٢) (٢٢:٤٥) (٣٣:٤٦) (٤٥:٥٣) (٣:٥٥، ١٤، ١٥) (٤:٥٧) (٣:٦٤) (١٢:٦٥) (٢:٦٧، ٣، ١٤) (١٥:٧١) (٣٨:٧٥) (٢:٨٧) (٣:٩٢) (١:٩٦، ٢) (٢:١١٣).

خُلِقَ: وہ پیدا کیا گیا، (نصر) خَلْقٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔(٢٨:٤) (٣٧:٢١) (١٩:٧٠) (٥:٨٦، ٦).

خُلُقٍ: عادت، خصلت، چلن، اَخْلَاقٌ جمع۔ (٦٨:٤)، خُلُقُ (١٣٧:٢٦).

خَلَقْتَ: تو نے بنایا/ پیدا کیا، (نصر) خَلْقٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر۔(٣:١٩١) (١٧:٦١).

خَلَقْتُ: میں نے بنایا، میں نے پیدا کیا، (نصر) خَلْقٌ سے، ماضی واحد متکلم۔(٣٨:٧٥) (٥١:٥٦) (٧٤:١١).

خُلِقَتْ: وہ پیدا کی گئی، (نصر) خَلْقٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث۔(٨٨:١٧).

خَلَقْتُكَ: (خَلَقْتُ.كَ) میں نے تجھے پیدا کیا، خَلَقْتُ، (نصر) خَلْقٌ سے، ماضی واحد متکلم، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔(٩:١٩).

خَلَقْتَنِيْ: (خَلَقْتَ.نِيْ) تو نے مجھے پیدا کیا، خَلَقْتَ، (نصر) خَلْقٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر، نِيْ میں ن وقایہ اور ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔(٧:١٢) (٣٨:٧٦).

خَلَقْتَهٗ: (خَلَقْتَ.هٗ) تو نے اسے پیدا کیا، خَلَقْتَ، (نصر) خَلْقٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(٧:١٢) (١٥:٣٣) (٣٨:٧٦).

خَلَقَكَ: (خَلَقَ.كَ) اس نے تجھے بنایا/ تجھے پیدا کیا، خَلَقَ، (نصر) خَلْقٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔(١٨:٣٧) (٨٢:٧).

خَلَقَكُمْ: (خَلَقَ. كُمْ) اس نے تم کو بنایا/تمہیں پیدا کیا، خَلَقَ، (نصر) خَلْقٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (٢:٢١) (٤:١) (٦:٢) (٧:١٨٩) (١٦:٧٠) (٢٦:١٨٤) (٣٠:٢٠، ٤٠، ٥٤) (٣٥:١١) (٣٧:٩٦) (٣٩:٦) (٤٠:٦٧) (٤١:٢١) (٦٤:٢) (٧١:١٤).

خَلْقُكُمْ: (خَلْقُ. كُمْ) تمہیں بنانا، تم کو پیدا کرنا، خَلْقُ (مصدر؛ نصر) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٣١:٢٨)، خَلْقِكُمْ (٤٥:٤).

خَلَقْنَا: ہم نے بنایا، ہم نے پیدا کیا، (نصر) خَلْقٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (٧:١٨١) (١٥:٢٦، ٨٥) (١٧:٧٠) (٢١:١٦) (٢٣:١٢، ١٤، ١٤، ١٤، ١٧) (٢٥:٤٩) (٣٦:٤٢، ٧١) (٣٧:١١، ١٥٠) (٣٨:٢٧) (٤٤:٣٨) (٤٦:٣) (٥٠:١٦، ٣٨) (٥١:٤٩) (٧٦:٢) (٩٠:٤) (٩٥:٤).

خَلَقْنٰكُمْ: (خَلَقْنَا. كُمْ) ہم نے تمہیں پیدا کیا، خَلَقْنَا، (نصر) خَلْقٌ سے، ماضی جمع متکلم، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(٦:٩٤) (٧:١١) (١٨:٤٨) (٢٠:٥٥) (٢٢:٥) (٢٣:١١٥) (٤٩:١٣) (٥٦:٥٧) (٧٨:٨).

خَلَقْنٰهُ: (خَلَقْنَا. هُ) ہم نے اسے پیدا کیا، خَلَقْنَا، (نصر) خَلْقٌ سے، ماضی جمع متکلم، ہُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (٢٧:١٥) (٦٧:١٩) (٧٧:٣٦) (٤٩:٥٤).

خَلَقْنٰهُمْ: (خَلَقْنَا. هُمْ) ہم نے ان کو پیدا کیا، خَلَقْنَا، (نصر) خَلْقٌ سے، ماضی جمع متکلم، ہُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(١١:٣٧) (٣٩:٧٠) (٢٨:٧٦).

خَلَقْنٰهُمَا: (خَلَقْنَا. هُمَا) ہم نے ان دونوں کو بنایا، ہم نے ان دونوں کو پیدا کیا، خَلَقْنَا، (نصر) خَلْقٌ سے، ماضی جمع متکلم، ہُمَا ضمیر مفعول (تثنیہ غائب مذکر)۔(٣٩:٤٤).

خَلَقَنِىْ: (خَلَقَ. نِىْ) اس نے مجھے پیدا کیا، خَلَقَ، (نصر) خَلْقٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، نِیْ میں ن وقایہ اور ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔(٧٨:٢٦).

خَلَقُوْا: انہوں نے بنایا، انہوں نے پیدا کیا، (نصر) خَلْقٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (١٦:١٣) (٤٠:٣٥) (٤:٤٦) (٣٦:٥٢).

خُلِقُوْا: وہ بنائے گئے، وہ پیدا کیے گئے، (نصر) خَلْقٌ سے، ماضی مجہول جمع غائب مذکر۔(٣٥:٥٢).

خَلَقَهٗ: (خَلَقَ. هٗ) اس نے اسے پیدا کیا، اس نے اس کو بنایا، خَلَقَ، (نصر) خَلْقٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(٥٩:٣) (٧:٣٢) (١٨:٨٠، ١٩).

خَلْقَهٗ: (خَلْقَ. هٗ) اس کا بنانا، اس کا پیدا کرنا، خَلْقَ (مصدر، باب نصر) مضاف، ہٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٥٠:٢٠) (٧٨:٣٦)، خَلْقِهٖ (١٦:١٣).

خَلَقَهَا: (خَلَقَ. هَا) اس نے اسے پیدا کیا، خَلَقَ، (نصر) خَلْقٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ھَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(٥:١٦).

خَلَقَهُمْ: (خَلَقَ. هُمْ) اس نے انہیں پیدا کیا، اس نے ان کو بنایا، خَلَقَ، (نصر) خَلْقٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ہُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (١٠٠:٦) (١١٩:١١) (١٥:٤١) (٨٧:٤٣).

خَلْقَهُمْ: (خَلْقَ. هُمْ) ان کا بنانا، ان کا پیدا کرنا، خَلْقَ مضاف، ہُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(١٩:٤٣).

خَلَقَهُنَّ: (خَلَقَ. هُنَّ) اس نے ان کو بنایا/ ان کو پیدا کیا، خَلَقَ، (نصر) خَلْقٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ہُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)۔(٣٧:٤١) (٩:٤٣).

خَلْقِهِنَّ: (خَلْقِ. هِنَّ) ان کا بنانا، ان کا پیدا کرنا، خَلْقِ مضاف، ہِنَّ (ضمیر جمع غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(٣٣:٤٦).

خَلَوْا: وہ پہلے ہو چکے/ گزرے، (نصر) خُلُوٌّ سے، ماضی جمع غائب مذکر، [مادہ: خلو]۔ (٢١٤:٢) (١٠٢:١٠) (٣٤:٢٤) (٣٨:٣٣، ٦٢).

خَلَوْا: وہ تنہا ہوئے، وہ اکیلے ہوئے، (نصر) خَلَاءٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، [مادہ: خلو]۔(١٤:٢) (١١٩:٣).

خَلُّوْا: تم چھوڑ دو، (تفعیل١٠: خَلّٰى. يُخَلِّىْ. خَلِّ) تَخْلِيَةٌ (چھوڑنا، خالی کرنا) سے، امر جمع حاضر مذکر، [مادہ: خلو]۔(٥:٩).

اَلْخُلُوْدِ: ہمیشہ رہنا، مصدر ہے (نصر١: خَلَدَ. يَخْلُدُ کا)، کسی شے کے بربادی سے بچنے اور اپنی اصلی حالت پر باقی رہنے کا نام 'خلود' ہے۔(٣٤:٥٠).

خَلِيْفَةً: جانشین، نائب، (نصر١) خِلَافَةٌ سے صفت مشبہ واحد مذکر ہے (کبھی مؤنث بھی مستعمل ہوتا ہے)، خُلَفَآءُ جمع، [مادہ: خلف]۔(٣٠:٢) (٢٦:٣٨).

خَلِيْلًا: دوست، گہرا دوست، (مفاعلہ٥: خَالَّ. يُخَالُّ) مُخَالَّةٌ و خِلَالٌ سے جسکے معنی کسی سے دوستی کرنے کے ہیں صفت مشبہ واحد مذکر، [مادہ: خلل]۔ خِلَالٌ اصل میں (نصر٥) خَلٌّ سے ماخوذ ہے جسکے معنی سوراخ کرنے اور گھسنے کے ہیں، اس لحاظ سے اس

کے معنی اس دوستی اور محبت کے ہیں جو دل کے اندر گھس کر اس کے وسط میں جا پہنچتی ہو۔ یا خَلٌّ سے کہ جسکے معنی محتاج ہونے کے بھی ہیں، اس لحاظ سے خِلَالٌ کے معنی اس دوستی کے ہیں جس کی سخت احتیاج ہوتی ہے۔(۱۲۵:٤) (۷۳:۱۷) (۲۸:۲۵).

خَمْرٍ: شرابِ انگوری، اصل میں تو یہ انگور کے کچے پانی کا نام ہے جبکہ وہ نشہ آور ہو، لیکن مجازاً ہر نشیلی شراب کو کہہ دیتے ہیں۔ (۱۵:٤۷)، الْخَمْرِ (۲۱۹:۲) (۹۱:۵)، الْخَمْرُ (۹۰:۵)، خَمْرًا (۳٦:۱۲، ٤۱).

خُمُرِهِنَّ: (خُمُرِ.هِنَّ) ان کی اوڑھنیاں، ان کی چادریں، خُمُرِ (خِمَارٌ کی جمع) مضاف، هِنَّ (ضمیر جمع غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۳۱:۲٤).

خَمْسَةٌ: پانچ، اسم عدد ہے، مذکر کیلئے آتا ہے۔ (۲۲:۱۸)، خَمْسَةٍ (۵۸:۷)، خَمْسَةِ (۱۲۵:۳).

خُمُسَهٗ: (خُمُسَ.هٗ) اس کا پانچواں حصہ، خُمُسَ (۱/۵، اَخْمَاسٌ جمع) مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٤۱:۸).

خَمْسِيْنَ: پچاس، اسم عدد (مذکر و مؤنث دونوں کیلئے)۔ (۱٤:۲۹) (٤:۷۰).

خَمْطٍ: کسیلا، بدمزہ، کڑوا۔(۱٦:۳٤).

الْخَنَازِيْرَ: سور، خِنْزِيْرٌ کی جمع۔(٦۰:۵).

الْخَنَّاسِ: پیچھے ہٹ جانے والا، چھپ جانے والا، شیطان کا لقب، (نصر،ضرب ۱) خَنَسٌ (پیچھے ہٹنا/رک جانا) سے، مبالغہ مفرد کا صیغہ۔ یعنی اللہ کا ذکر سن کر رک جاتا ہے، اور وسوسہ ڈال کر غائب ہو جاتا ہے۔(٤:۱۱٤).

خِنْزِيْرٍ: سوٗر، [مادہ: خنزر]۔ (۱٤۵:٦)، الْخِنْزِيْرِ (۱۷۳:۲) (۳:۵) (۱۱۵:۱٦).

الْخُنَّسِ: پیچھے ہٹ جانے والے، پھر جانے والے، چھپ جانے والے، خَانِسٌ کی جمع۔ (نصر،ضرب) خَنَسٌ سے اسم فاعل جمع مذکر کا صیغہ۔ بعض کے نزدیک اس سے مراد ستارے ہیں۔ (۱۵:۸۱).

خُوَارٌ: بچھڑے یا گائے یا بیل کی آواز، مصدر (نصر۹؛ خَارَ.يَخُوْرُ کا)، [مادہ: خور]۔ اصل میں تو یہ گائے کی آواز کیلئے مخصوص ہے، لیکن کبھی کبھی یہ بطور استعارہ اونٹ یا بکری یا ہرن یا تیروں کی آواز کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ (۱٤۸:۷) (۸۸:۲۰).

الْخَوَالِفِ: پیچھے رہنے والیاں، خَالِفَةٌ کی جمع جو خَالِفٌ کی مؤنث ہے (دیکھو خَالِفِيْنَ)، [مادہ: خلف]۔(۸۷:۹، ۹۳).

خَوَّانٍ: بہت خیانت کرنے والا/ دغاباز، (نصر) خِيَانَةٌ سے، صیغۂ مبالغہ مفرد، [مادہ؛ خون]۔ (۳۸:۲۲)، خَوَّانًا (۱۰۷:٤).

خَوْضٍ: بیہودہ گوئی، باتیں بنانا، گھسنا، (نصر٦) خَاضَ.يَخُوْضُ کا مصدر ہے۔(۱۲:۵۲).

خَوْضِهِمْ: (خَوْضِ.هِمْ) ان کی بحث، ان کی بک بک، خَوْضِ (مصدر،نصر) مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۹۱:٦).

خَوْفٌ: خوف، ڈرنا، مصدر ہے (سمع ۸؛ خَافَ.يَخَافُ کا)۔ (۳۸:۲، ٦۲، ۱۱۲، ۲٦۲، ۲۷٤، ۲۷۷) (۱۷۰:۳) (٦۹:۵) (٤۸:٦) (۳۵:۷، ٤۹) (٦۲:۱۰) (٦۸:٤۳) (۱۳:٤٦)، خَوْفٍ (۸۳:۱۰) (٤:۱۰٦)، الْخَوْفِ (۱۵۵:۲) (۸۳:٤) (۱۱۲:۱٦)، الْخَوْفُ (۱۹:۳۳، ۱۹)، خَوْفًا (۵٦:۷) (۱۲:۱۳) (۲٤:۳۰) (۱٦:۳۲).

خَوْفِهِمْ: (خَوْفِ.هِمْ) ان کا ڈر، ان کا خوف، خَوْفِ مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۵۵:۲٤).

خَوَّلْنٰكُمْ: (خَوَّلْنَا.كُمْ) ہم نے تم کو عطا کیا، ہم نے تم کو دیا، خَوَّلْنَا، (تفعیل۸؛ خَوَّلَ.يُخَوِّلُ) تَخْوِيْلٌ سے جسکے معنی کسی چیز کا مالک بنانے کے ہیں، ماضی جمع متکلم، كُمْ ضمیر مفعول

(جمع حاضر مذکر)۔(٦:٩٤).

خَوَّلْنٰہُ: (خَوَّلْنَا.ہُ) ہم نے اس کو بخشا، ہم نے اس کو عطا کیا، خَوَّلْنَا، (تفعیل) تَخْوِیْلٌ سے، ماضی جمع متکلم، ہُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(٣٩:٤٩).

خَوَّلَہٗ: (خَوَّلَ.ہٗ) اس کو عطا کیا، اس نے اس کو دیا، خَوَّلَ، (تفعیل) تَخْوِیْلٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(٣٩:٨).

اَلْخِیَاطِ: سوزن، سوئی، [مادہ: خیط]۔(٧:٤٠).

اَلْخِیَامِ: ڈیرے، خیمے، خَیْمَۃٌ کی جمع، [مادہ: خیم]۔(٥٥:٧٢).

خِیَانَۃً: خیانت، دغا، خیانت کرنا، مصدر ہے (نصر٦؛ خَانَ.یَخُوْنُ کا)۔(٨:٥٨).

خِیَانَتَکَ: (خِیَانَۃَ.کَ) تجھ سے دغا کرنا، خِیَانَۃَ مضاف، کَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(٨:٧١).

خَیْرٌ: نیکی، بھلائی، بہتر، نیک کام، وہ چیز جو سب کو پسند ہو، (شر اس کی ضد ہے)۔ یہ بطور اسم یا مصدر بھی مستعمل ہوتا ہے اور اسم صفت بھی۔ بطور اسم صفت یہ (ضرب٨؛ خَارَ.یَخِیْرُ) خَیْرٌ و خِیَرٌ سے اسم تفضیل واحد مذکر ہے (اصل میں اَخْیَرُ تھا تخفیف کے بعد خَیْر بنالیا گیا)۔ عام طور پر یہ شَرّ کے مقابلے میں آتا ہے لیکن کبھی ضرّ (تکلیف، سختی) کے مقابل بھی استعمال ہوتا ہے۔ قرآن میں یہ مال حلال کیلئے بھی مستعمل ہوا ہے۔(٢:٥٤، ٦١، ١٠٣، ١٨٤، ١٨٤، ٢١٦، ٢٢٠، ٢٢١، ٢٢١، ٢٦٣، ٢٧١، ٢٨٠) (٣:١٥٧، ١٧٨، ١٩٨) (٤:٢٥، ٥٩، ٧٧، ١٢٨) (٦:٣٢) (٧:١٢، ٢٦، ٨٥، ١٦٩) (٨:١٩) (٩:٣، ٤١، ١٠٩) (١٠:٥٨) (١١:٨٦) (١٢:٣٩، ٥٧، ٦٤، ١٠٩) (١٦:٣٠، ٩٥، ١٢٦) (١٧:٣٥) (١٨:٤٤، ٤٤، ٤٦، ٤٦، ٩٥) (١٩:٧٣، ٧٦، ٧٦) (٢٠:٧٣، ١٣١) (٢٢:١١، ٣٠، ٣٦) (٢٣:٧٢) (٢٤:١١، ٢٧، ٦٠) (٢٥:١٥، ٢٤) (٢٧:٣٦، ٥٩، ٨٩) (٢٨:٦٠، ٨٠، ٨٤) (٢٩:١٦) (٣٠:٣٨) (٣٧:٦٢) (٣٨:٧٦) (٤١:٤٠) (٤٢:٣٦) (٤٣:٣٢، ٥٢، ٥٨) (٤٤:٣٧) (٥٤:٤٣) (٥٨:١٢) (٦١:١١) (٦٢:٩، ١١) (٨٧:١٧) (٩٣:٤) (٩٧:٣)، خَیْرٍ (٢:١٠٥، ١٠٦، ١١٠، ١٩٧، ٢١٥، ٢١٥، ٢٧٢، ٢٧٢، ٢٧٣) (٣:١٥، ٣٠، ١١٥) (٤:١٢٧) (٦:١٧) (٩:٦١) (١٠:١٠٧) (١١:٨٤) (١٦:٧٦) (٢٨:٢٤) (٧٣:٢٠)، خَیْرَ (٢:١٩٧) (٣:١١٠) (٤:١١٤) (٢٨:٢٦)، خَیْرُ (٣:٥٤، ١٥٠) (٥:١١٤) (٦:٥٧) (٧:٨٧، ٨٩، ١٥٥) (٨:٣٠) (١٠:١٠٩) (١٢:٥٩، ٨٠) (٢١:٨٩) (٢٢:٥٨) (٢٣:٢٩، ٧٢، ١٠٩، ١١٨) (٣٤:٣٩) (٦٢:١١) (٩٨:٧)، اَلْخَیْرِ (٣:١٠٤) (٧:١٨٨) (١٠:١١) (١٧:١١) (٢١:٣٥) (٣٣:١٩) (٣٨:٣٢) (٤١:٤٩) (٥٠:٢٥) (٦٨:١٢) (١٠٠:٨)، اَلْخَیْرَ (٢٢:٧٧)، اَلْخَیْرُ (٣:٢٦) (٧٠:٢١)، خَیْرًا (٢:١٥٨، ١٨٠، ١٨٤، ٢٦٩) (٣:١١٠، ١٨٠) (٤:١٩، ٤٦، ٦٦، ١٤٩، ١٧٠، ١٧١) (٦:١٥٨) (٨:٢٣، ٧٠، ٧٠) (٩:٧٤) (١١:٣١) (١٦:٣٠) (١٨:٣٦، ٤٠، ٨١) (٢٤:١٢، ٣٣) (٢٥:١٠) (٣٣:٢٥) (٤٦:١١) (٤٧:٢١) (٤٩:٥، ١١، ١١) (٦٤:١٦) (٦٦:٥) (٦٨:٣٢) (٧٠:٤١) (٧٣:٢٠) (٩٩:٧).

خَیْرٰتٌ: نیکیاں، خوبیاں، بھلائیاں، اچھی/ نیک عورتیں، خَیْرَۃٌ کی جمع۔ خَیْرَۃٌ، خَیْرٌ کی مؤنث بھی ہے اور بطور اسم یا مصدر بھی آتا ہے بمعنی عمدہ چیز۔ (٥٥:٧٠)، اَلْخَیْرٰتِ (٢:١٤٨) (٣:١١٤) (٥:٤٨) (٢١:٧٣، ٩٠) (٢٣:٥٦، ٦١) (٣٥:٣٢)، اَلْخَیْرٰتُ (٩:٨٨).

اَلْخِیَرَۃُ: اختیار، مصدر ہے (ضرب٨؛ خَارَ.یَخِیْرُ کا)، [مادہ: خیر]۔(٢٨:٦٨) (٣٣:٣٦).

اَلْخَیْطُ: دھاگہ، دھاری، ڈوری، رشتہ۔ یہاں مراد وہ دھاری ہے جو صبح صادق کے وقت مشرقی افق پر (سفید رنگ کی)، اور غروب آفتاب کے وقت مغربی افق پر (سیاہ رنگ کی) نمودار ہوتی ہے۔

(۱۸۷:۲)، اَلْخَيْطِ (۱۸۷:۲).

خِيْفَةً: خوف، ڈر، ڈرنا، خوف کھانا، خَافَ .يَخَافُ کا مصدر (باب سمع ۸)۔ (۲۰۵:۷) (۷۰:۱۱) (۶۷:۲۰) (۲۸:۵۱).

خِيْفَتِكُمْ: (خِيْفَةِ. كُمْ) تمہارا ڈرنا، خِيْفَةِ (مصدر، سمع) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۲۸:۳۰).

خِيْفَتِهٖ: (خِيْفَةِ. ہٖ) اس کا ڈر، خِيْفَةِ مضاف، ہٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۱۳:۱۳).

خَيْلٍ: گھوڑے، سوار، اسم جمع ہے، خُيُوْلٌ و اَخْيَالٌ جمع۔ خَيْل اصل میں تو گھوڑوں کو کہتے ہیں مجازاً سواروں کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے۔(۶:۵۹)، اَلْخَيْلِ (۱۴:۳) (۸:۶۰)، اَلْخَيْلَ (۸:۱۶).

خَيْلِكَ: (خَيْلِ. كَ) تیرے سوار، تیرے گھوڑے، یہاں خَيْلِ سے سوار مراد ہیں، خَيْلِ مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۶۴:۱۷).

'د'

دَآئِبَيْنِ: پھرنے والے، ایک دستور پر چلنے والے، (فتح ۳: دَاَبَ .يَدْاَبُ) دَاْبٌ سے جسکے معنی ہیں کوشش اور مشقت سے کسی کام کو برابر کرتے رہنا، اسم فاعل تثنیہ مذکر (بحالت نصب و جر)، دَآئِبٌ واحد۔(۳۳:۱۴).

دَآئِرَةٌ: گول لکیر، گردش، گردش زمانہ، مصیبت، (نصر ۶؛ دَارَ .يَدُوْرُ) دَوْرٌ سے جسکے معنی پھرنے کے ہیں، اسم فاعل واحد مؤنث، دَوَآئِرُ جمع۔(۵۲:۵)، دَآئِرَةُ (۹۸:۹) (۶:۴۸).

دَآئِمٌ: قائم، ہمیشہ رہنے والا، دائمی، (نصر ۶؛ دَامَ .يَدُوْمُ) دَوَامٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(۳۵:۱۳).

دَآئِمُوْنَ: قائم، ہمیشہ رہنے والے، (نصر) دَوَامٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، دَآئِمٌ واحد۔(۲۳:۷۰).

دَاْبِ: حال، عادت، رسم، دستور، یہ اس عادت اور طریقہ کے لیے استعمال ہوتا ہے جو ہمیشہ ایک حالت میں رہے، یہ اصل میں (فتح ۳) دَاَبَ .يَدْاَبُ کا مصدر ہے جسکے معنی کوشش اور مشقت سے کسی کام کو برابر کرتے رہنے کے ہیں، اور اسی سبب سے اس کا استعمال عادت اور طریقہ کے معنی میں ہوتا ہے۔ (۱۱:۳) (۵۲:۸، ۵۴) (۳۱:۴۰).

دَاَبًا: حال، عادت، رسم، دستور، متواتر، لگاتار، مشقت سے کسی کام کو مسلسل کرتے رہنا، (فتح ۳) دَاَبَ .يَدْاَبُ کا مصدر۔ (۴۷:۱۲).

دَآبَّةٍ: جانور، چلنے والا، رینگنے والا، (ضرب ۵؛ دَبَّ .يَدِبُّ) دَبٌّ (رینگنا، گھسٹنا) سے، اسم فاعل مفرد (مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہے، اس میں ۃ وحدت کی ہے)۔(۱۶۴:۲) (۳۸:۶) (۶:۱۱، ۵۶) (۴۹:۱۶، ۶۱) (۴۵:۲۴) (۶۰:۲۹) (۱۰:۳۱) (۴۵:۳۵) (۲۹:۴۲) (۴:۴۵)، دَآبَّةُ (۱۴:۳۴)، دَآبَّةً (۸۲:۲۷).

دَابِرُ: جڑ، اصل، بنیاد، پچھاڑی، ہر چیز کا آخر، تابع، (نصر ۱) دَبْرٌ و دُبُوْرٌ سے جسکے معنی پشت پھیرنے اور پیچھے آنے کے ہیں، اسم فاعل واحد مذکر (مضاف)۔ (۴۵:۶)، دَابِرَ (۷۲:۷) (۷:۸) (۶۶:۱۵).

دَاحِضَةٌ: باطل، گرنے والی، ناپائیدار، (فتح ۱) دَحْضٌ سے جس کے معنی پھسلنے، ٹھوکر کھانے اور ڈگمگانے کے ہیں، اسم فاعل واحد مؤنث۔(۱۶:۴۲).

دٰخِرُوْنَ: ذلیل ہونے والے، عاجزی کرنے والے، (فتح ۱) دَخْرٌ (ذلیل ہونا) سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، دَاخِرٌ واحد۔(۴۸:۱۶) دَاخِرُوْنَ (۱۸:۳۷).

دٰخِرِيْنَ: ذلیل، خوار، (فتح) دَخْرٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، دَاخِرٌ واحد۔(۸۷:۲۷) (۶۰:۴۰).

دٰخِلُوْنَ: داخل ہونے والے، (نصرا) دُخُوْلٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، دَاخِلٌ واحد۔ (۵: ۲۲).

اَلدّٰخِلِيْنَ: داخل ہونے والے، (نصر) دُخُوْلٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، دَاخِلٌ واحد۔ (۶۶: ۱۰).

اَلدَّارُ: گھر، دنیا، شہر، وطن، دِيَارٌ جمع، [مادہ؛ دور]۔ یہ اسم مؤنث ہے، کبھی مذکر ہو کر بھی استعمال ہوتا ہے۔ (۹۴:۲) (۳۲:۶) (۱۶۹:۷) (۸۳:۲۸)، الدَّارِ (۱۳۵:۶) (۲۲:۱۳، ۲۴، ۲۵، ۴۲) (۳۷:۲۸) (۴۶:۳۸) (۵۲:۴۰)، الدَّارَ (۷۷:۲۸) (۶۴:۲۹) (۲۹:۳۳) (۹:۵۹)، دَارِ (۲۵:۱۰)، دَارَ (۱۴۵:۷) (۲۸:۱۴) (۳۵:۳۵)، دَارُ (۱۲۷:۶) (۱۰۹:۱۲) (۱۶: ۳۰، ۳۰) (۳۹:۴۰) (۲۸:۴۱).

دَارِكُمْ: (دَارِ. كُمْ) تمہارا گھر، دَارِ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۶۵:۱۱).

دَارِهٖ: (دَارِ. هٖ) اس کا گھر، دَارِ مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۸۱:۲۸).

دَارِهِمْ: (دَارِ. هِمْ) ان کا گھر، دَارِ مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۷۸:۷، ۹۱) (۳۱:۱۳) (۳۷:۲۹).

اَلدَّاعِ: بلانے والا/ پکارنے والا، دعا کرنے والا، (نصر۷؛ دَعَا. يَدْعُوْ) دُعَاءٌ و دَعْوَةٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر (اسم منقوص، اصل میں الدَّاعِيْ تھا، ی محذوف ہے، مجرور)۔ (۱۸۶:۲) (۸:۵۴)، (مرفوع) (۶:۵۴).

دَاعِيًا: بلانے والا، پکارنے والا، (نصر) دُعَاءٌ و دَعْوَةٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر (منصوب)۔ (۴۶:۳۳)، دَاعِيَ (۳۱:۴۶، ۳۲)، الدَّاعِيَ (۱۰۸:۲۰).

دَافِعٌ: دفع کرنے والے/ ٹالنے والے، (فتح۱) دَفْعٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (۲:۷۰)، دَافِعٍ (۸:۵۲).

دَافِقٍ: اچھلنے والا، (نصرا) دَفْقٌ (اچھل کر بہنا) سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (۶:۸۶).

دَامَتْ: وہ ٹھہری، وہ ہمیشہ رہی، (نصر۶؛ دَامَ. يَدُوْمُ) دَوَامٌ (ٹھہرا رہنا، ایک حالت پر برقرار رہنا) سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔ **مَادَامَتْ**: جب تک وہ رہیں؛ افعال ناقصہ سے ہے۔ (۱۰۷:۱۱، ۱۰۸).

دَامُوْا: وہ ٹھہرے رہے، وہ ہمیشہ رہے، (نصر) دَوَامٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ **مَادَامُوْا**: جب تک وہ رہیں؛ افعال ناقصہ سے ہے۔ (۲۴:۵).

دَانٍ: جھکنے والا، نزدیک، (نصر۷؛ دَنَا. يَدْنُوْ) دُنُوٌّ سے جسکے معنی قریب ہونے کے ہیں قرب ذاتی ہو یا قرب حکمی، اسم فاعل واحد مذکر (اسم منقوص ہے بحالت رفع و جر، یہاں محلًا مرفوع ہے)۔ (۵۴:۵۵).

دَانِيَةٌ: نزدیک، جھکنے والی، لٹکنے والی، (نصر) دُنُوٌّ (قریب ہونا) سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔ (۹۹:۶) (۲۳:۶۹)، دَانِيَةً (۱۴:۷۶).

دَاوٗدُ: حضرت داؤد علیہ السلام جلیل القدر نبی اور رسول تھے، جن پر زبور نازل ہوئی۔ یہ عجمی نام ہے۔ آپ کا سلسلہ حضرت ابراھیم علیہ السلام سے ملتا ہے، آپ بنی اسرائیل کے انبیاء میں شمار ہوتے ہیں۔ آپ رسول بھی تھے اور حاکم بھی، اس لیے قرآن میں آپ کو خلیفہ کہا گیا ہے۔ قرآن میں یہ لقب آپ کے اور حضرت آدم علیہ السلام کے سوا کسی کو نہیں ملا۔ آپ کے لیے زبور کی تلاوت آسان کر دی گئی تھی، حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ آپ اپنی سواریوں کو زین کسنے کا حکم دیتے اور کسے جانے سے پہلے زبور پڑھ کر فارغ ہو جاتے، اور آپ اپنے ہاتھ کے کسب سے کھاتے تھے (بخاری)۔ دوسری حدیث میں آنحضرتؐ نے فرمایا، اللہ کے نزدیک سب سے پیارا روزہ حضرت داؤدؑ کا ہے، ایک دن روزہ رکھتے ایک دن نہ رکھتے، اور پیاری نماز اللہ کے نزدیک آپ کی تھی، آدھی رات سوتے اور تہائی رات تہجد

پڑھتے، جب چھٹا حصہ رات کا باقی رہتا تو پھر سو رہتے تھے (بخاری)۔ اسرائیلی روایات کے بعض غلط قصے آپ کی طرف منسوب ہیں۔ آپؑ بہت خوش آواز تھے، جس کو لحن داؤدی کہا جاتا ہے، جب آپ تلاوت فرماتے تو پہاڑ اور چرند پرند بھی آپ کے ساتھ مشغول ہو جاتے اور اللہ رب العالمین کی تسبیح کرنے لگتے۔ (۲:۲۵۱) (۳۸:۲۴، ۲۶)، دَاوٗدَ (۴:۱۶۳) (۵:۷۸) (۶:۸۴) (۱۷:۵۵) (۲۱:۷۸، ۷۹) (۲۷:۱۵، ۱۶) (۳۴:۱۰، ۱۳) (۳۸:۱۷، ۲۲، ۳۰).

دُبُرٍ: پیٹھ، پشت، پیچھا، اَدْبَارٌ جمع۔ (۱۲:۲۵، ۲۷، ۲۸)، الدُّبُرَ (۵۴:۴۵).

دُبُرَهٗ: (دُبُرَ. هٗ) اس کی پیٹھ، اس کی پشت، دُبُرَ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۸:۱۶).

دَحٰىهَا: (دَحٰى. هَا) اس نے اس کو درست بچھایا/اسے پھیلا دیا، دَحٰى، (نصر؛ دَحَا. یَدْحُوْ) دَحْوٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ دَحْوٌ کے اصل معنی کسی چیز کو گولائی میں اس طرح پھیلانے کے ہیں کہ اس کی شکل پھیلے ہوئے پیٹ کی مانند یا شترمرغ کے انڈے کی طرح بیضوی ہو جائے، گویا اللہ تعالیٰ نے زمین کو بیضوی شکل میں درست طریقے پر پھیلا دیا۔ یہ قرآن کا اعجاز ہے جو آج کے جدید دور میں بہتر طریقے سے سمجھا جا سکتا ہے۔ (۷۹:۳۰).

دُحُوْرًا: بھگانا، ہانکنا، دھتکارنا، دور کرنا، مصدر ہے (باب فتح؛ دَحَرَ. یَدْحَرُ کا)۔ (۳۷:۹).

دُخَانٌ: دھواں، اَدْخِنَةٌ و دَوَاخِنُ جمع، [مادہ: دخن]۔ سورۃ الدخان میں دھویں سے کیا مراد ہے؟ اس کے متعلق سلف سے دو اقوال منقول ہیں۔ ۱) حضرت علیؓ اور ابن عباسؓ اور بعض دیگر صحابہؓ کے مطابق یہ دھواں قرب قیامت کی نشانیوں میں سے ہے جو قیامت کے قریب اٹھے گا اور تمام لوگوں کو گھیر لے گا، نیک آدمی کو خفیف سا اثر ہوگا جبکہ بد کو سر میں چڑھے گا اور وہ بے ہوش ہو کر گر پڑے گا۔ ۲) حضرت ابن مسعودؓ کے مطابق قریش کے تمرد وطغیان سے تنگ آ کر نبی ﷺ نے دعا فرمائی تھی کہ ان پر بھی سات سال کا قحط مسلط کر دے جیسے یوسفؑ کے زمانہ میں ہوا۔ چنانچہ قحط پڑا جس میں مکہ والوں کو مردار اور چمڑے، ہڈیاں کھانے کی نوبت آ گئی، شدت کی بھوک اور مسلسل خشک سالی کی وجہ سے آنکھوں کے سامنے تاریکی اور گرد وغبار وغیرہ ہی کو دراصل دخان سے تعبیر کیا گیا، گویا یہ ایک پیشین گوئی تھی جو پوری ہوئی۔ (۴۱:۱۱)، دُخَانٍ (۴۴:۱۰).

دَخَلَ: وہ اندر آیا، وہ داخل ہوا، (نصرا) دُخُوْلٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۳:۳۷) (۱۲:۳۶) (۱۸:۳۵) (۲۸:۱۵) (۷۱:۲۸).

دَخَلًا: بہانہ، دغا، فساد، دراندازی، دَخِلَ. یَدْخَلُ (سمع ا) کا مصدر۔ دراصل اس ملاوٹ کو جو فساد کا ذریعہ ہو دَخَل کہتے ہیں، ہر وہ چیز جو درست نہ ہو وہ دخل ہے۔ (۱۶:۹۲، ۹۴).

دَخَلَتْ: وہ داخل ہوئی، (نصر) دُخُوْلٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔ (۷:۳۸).

دَخَلْتَ: تو داخل ہوا، (نصر) دُخُوْلٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر۔ (۱۸:۳۹).

دُخِلَتْ: وہ داخل کی گئی، وہ آ گھسی، (نصر) دُخُوْلٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث۔ (۳۳:۱۴).

دَخَلْتُمْ: تم داخل ہوئے/تم نے صحبت کی، (نصر) دُخُوْلٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (۴:۲۳، ۲۳) (۲۴:۶۱).

دَخَلْتُمُوْهُ: (دَخَلْتُمْ. هُ) تم اس میں گھس پڑے/اس میں داخل ہو گئے، دَخَلْتُمْ، (نصر) دُخُوْلٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)، دَخَلْتُمُوْ میں واؤ اشباعی ہے، اصل میں دَخَلْتُمْ ہے۔ (۵:۲۳).

دَخَلُوْا: وہ اندر آئے، وہ داخل ہوئے، (نصر) دُخُوْلٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۵:۶۱) (۱۲:۵۸، ۶۸، ۶۹، ۸۸، ۹۹) (۱۵:۵۲) (۲۷:۳۴) (۳۸:۲۲) (۵۱:۲۵).

دَخَلُوْهُ: (دَخَلُوْا. هُ) وہ اس میں داخل ہوئے، دَخَلُوْا،

(نصر) دُخُولٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۷:۱۷).

دَخَلَهٗ: (دَخَلَ.هٗ) وہ اس میں داخل ہوا، اس کے اندر آیا، دَخَلَ، (نصر) دُخُولٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۳:۹۷).

دِرَاسَتِهِمْ: (دِرَاسَةِ.هِمْ) ان کا پڑھنا پڑھانا، ان کی تلاوت، دِرَاسَةِ (نصرا؛ دَرَسَ.یَدْرُسُ کا مصدر) مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۶:۱۵۶).

دَرَاهِمَ: درہم، روپے/ سکے، چاندی کے سکے، دِرْهَمٌ کی جمع، [مادہ؛درھم]۔(۱۲:۲۰).

دَرَجٰتٌ: درجے، مرتبے، دَرَجَةٌ کی جمع، [مادہ؛ درج]۔ (۳:۱۶۳) (۶:۱۳۲) (۸:۴) (۴۶:۱۹)، دَرَجٰتٍ (۲:۲۵۳) (۴:۹۶) (۶:۸۳، ۱۶۵) (۱۲:۷۶) (۱۷:۲۱) (۴۳:۳۲) (۵۸:۱۱)، الدَّرَجٰتِ (۴۰:۱۵)، الدَّرَجٰتُ (۲۰:۷۵).

دَرَجَةٌ: درجہ، مرتبہ، رتبہ، بلندی کے اعتبار سے مرتبہ، سیڑھی کا پایہ۔(۲:۲۲۸)، دَرَجَةً (۴:۹۵) (۹:۲۰) (۵۷:۱۰).

دَرَسْتَ: تو نے پڑھا/ پڑھنا سیکھا، (نصر) دَرْسٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر۔(۶:۱۰۵).

دَرَسُوْا: انہوں نے پڑھ لیا، (نصرا) دَرْسٌ (کتاب یا علم کو یاد کرنے کیلئے متوجہ ہونا) سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۷:۱۶۹).

الدَّرْكِ: درجہ، طبقہ، اونچے طبقے کیلئے دَرَجَة مستعمل ہوتا ہے اور نچلے طبقے کیلئے دَرْكٌ کا لفظ بولا جاتا ہے، دَرَكَاتٌ جمع۔ (۴:۱۴۵).

دَرَكًا: پالینا، آپکڑنا، مصدر ہے (باب نصرا)۔(۲۰:۷۷).

دُرِّيٌّ: درخشندہ، چمکتا ہوا۔ اس میں یٌ نسبت کی ہے، دُرٌّ کی طرف منسوب ہے جس کے معنی موتی کے ہیں، یعنی موتی کی طرح چمکدار، [مادہ؛درر]۔(۲۴:۳۵).

دَسّٰهَا: (دَسّٰى.هَا) اس نے اس کو خاک میں ملایا، دَسّٰى، (تفعیل۱۰؛ دَسّٰى.یُدَسِّیْ) تَدْسِیَةٌ سے جسکے معنی چھپانے اور گمنام کرنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)، [مادہ؛دسو]۔(۹۱:۱۰).

دُسُرٍ: کیلیں، میخیں، دِسَارٌ واحد۔(۵۴:۱۳).

دَعْ: تو چھوڑ دے، (فتح۵؛ وَدَعَ.یَدَعُ) وَدْعٌ (چھوڑنا) سے، امر واحد حاضر مذکر۔(۳۳:۴۸).

دَعَا: اس نے پکارا، اس نے دعا کی، اس نے دعوت دی، (نصر۷؛ دَعَا.یَدْعُوْ) دُعَاءٌ و دَعْوَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۳:۳۸) (۳۹:۸) (۴۱:۳۳) (۴۴:۲۲) (۵۴:۱۰).

دَعًّا: دھکیلنا، دھکے دینا، مصدر ہے (نصر۵؛ دَعَّ.یَدُعُّ کا)۔ (۵۲:۱۳).

دُعَآءِ: پکار، دعا مانگنا، سوال کرنا، (نصر۷) دَعَا.یَدْعُوْ کا مصدر ہے، [مادہ؛دعو]۔(۴۱:۵۱)، دُعَآءِ (۱۹:۴۸) (۲۴:۶۳) (۴۱:۴۹)، دُعَآءَ (۲۴:۶۳)، دُعَآءُ (۱۳:۱۴)، دُعَآءً (۲:۱۷۱)، الدُّعَآءِ (۳:۳۸) (۱۴:۳۹)، الدُّعَآءَ (۲۱:۴۵) (۲۷:۸۰) (۳۰:۵۲)، دُعٰٓـؤُا (۴۰:۵۰).

دُعَآءِ: میری دعا، دُعَآء مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ محذوف۔(۱۴:۴۰).

دُعَآئِكَ: (دُعَآءِ.كَ) تیری التجا، تیری پکار، تیرا پکارنا، دُعَآءِ (مصدر باب نصر) مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۱۹:۴).

دُعَآءَكُمْ: (دُعَآءَ.كُمْ) تمہاری التجا، تمہاری پکار، تمہارا پکارنا، دُعَآءَ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۳۵:۱۴)، دُعَآؤُكُمْ (۲۵:۷۷).

دُعَآئَهٗ: (دُعَآءَ.هٗ) اس کا دعا کرنا/ مانگنا، دُعَاءَ مضاف، ہٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۱۷:۱۱).

دُعَآئِهِمْ: (دُعَآءِ.هِمْ) ان کا دعا کرنا، ان کی پکار، دُعَآءِ مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۴۶:۵).

دُعَآءِیْ: (دُعَآءِ. یْ) میری پکار، میرا بلانا، دُعَآءِ مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔(۶:۷۱).

دَعَاكُمْ: (دَعَا. كُمْ) اس نے تمہیں دعوت دی، اس نے تمہیں بلایا، دَعَا، (نصرے: دَعَا. یَدْعُوْ) دَعْوَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(۸: ۲٤) (۳۰: ۲۵).

دَعَانِ: (دَعَا. نِ) اس نے مجھ سے دعا کی، اس نے مجھے بلایا، دَعَا، (نصر) دُعَاءٌ و دَعْوَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، نِ (اصل میں نِیْ) میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف۔ (۱۸٦:۲).

دَعَانَا: (دَعَا. نَا) اس نے ہمیں پکارا، اس نے ہم سے دعا کی، دَعَا، (نصر) دُعَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔(۱۰: ۱۲) (۳۹: ٤۹).

دَعَاهُ: (دَعَا. هُ) اس نے اس کو پکارا، اس نے اس سے دعا کی، دَعَا، (نصر) دُعَاءٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۲۷: ٦۲).

دَعَوْا: انہوں نے پکارا/ دعا کی، (نصر) دُعَاءٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۱۰: ۲۲) (۱۹: ۹۱) (۲۵: ۱۳) (۲۹: ٦۵) (۳۰: ۳۳) (۳۱: ۳۲).

دَعَوَا: ان دونوں نے پکارا/ دعا کی، (نصر) دُعَاءٌ سے، ماضی تثنیہ غائب مذکر۔(۷: ۱۸۹).

دُعُوْا: انہیں بلایا گیا، انہیں پکارا گیا، (نصر) دُعَاءٌ و دَعْوَةٌ سے، ماضی مجہول جمع غائب مذکر۔(۲: ۲۸۲) (۲٤: ٤۸، ۵۱).

دَعْوٰىهُمْ: (دَعْوٰى. هُمْ) ان کی پکار، ان کی دعا، ان کا دعویٰ، دَعْوٰى (مصدر ہے، نصرے: دَعَا. یَدْعُوْ کا) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۷:۵) (۱۰: ۱۰، ۱۰) (۲۱: ۱۵).

دَعَوْتُ: میں نے بلایا، میں نے پکارا، میں نے دعا دی، (نصر) دُعَاءٌ و دَعْوَةٌ سے، ماضی واحد متکلم۔(۷۱: ۵).

دَعْوَةٌ: بلانا، دعوت دینا، پکارنا، مصدر ہے (نصرے) دَعَا. یَدْعُوْ کا۔(٤۰: ٤۳)، دَعْوَةَ (۲: ۱۸٦)، دَعْوَةُ (۱۳: ۱٤)، دَعْوَةً (۳۰: ۲۵).

دَعْوَتَكَ: (دَعْوَةَ. كَ) تیری دعوت، تیرا بلانا، دَعْوَةَ مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۱٤: ٤٤).

دَعَوْتُكُمْ: (دَعَوْتُ. كُمْ) میں نے تم کو بلایا/تمہیں پکارا، دَعَوْتُ، (نصر) دَعْوَةٌ سے، ماضی واحد متکلم، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(۱٤: ۲۲).

دَعْوَتُكُمَا: (دَعْوَةُ. كُمَا) تم دونوں کی دعوت، تم دونوں کی پکار، دَعْوَةُ مضاف، کُمَا (ضمیر تثنیہ حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۰: ۸۹).

دَعَوْتُمُوْهُمْ: (دَعَوْتُمُوْ. هُمْ) تم نے ان کو بلایا، دَعَوْتُمُوْ (اصل میں دَعَوْتُمْ، واؤ اشباعی ہے)، (نصر) دَعْوَةٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۷: ۱۹۳).

دَعَوْتُهُمْ: (دَعَوْتُ. هُمْ) میں نے انہیں پکارا، دَعَوْتُ، (نصر) دَعْوَةٌ سے، ماضی واحد متکلم، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۷۱: ۷، ۸).

دَعَوْهُمْ: (دَعَوْا. هُمْ) انہوں نے ان کو پکارا، وہ ان (شریکوں) کو بلائیں گے، دَعَوْا، (نصر) دُعَاءٌ و دَعْوَةٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۱۸: ۵۲) (۲۸: ٦٤).

دُعِیَ: وہ پکارا گیا، (نصر) دُعَاءٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔(٤۰: ۱۲).

دُعِیْتُمْ: تم بلائے گئے، (جب) تم بلائے جاؤ، (نصر) دَعْوَةٌ سے، ماضی مجہول جمع حاضر مذکر۔(۳۳: ۵۳).

دِفْءٌ: جاڑے کی پوشاک، گرمی کا اسباب، جڑاول، اَدْفَاءٌ جمع۔ (۱٦: ۵).

دَفْعُ: دور کرنا، دفع کرنا، ہٹانا، (مضاف)، (فتح ا) دَفَعَ. یَدْفَعُ کا مصدر ہے۔ (۲:۲۵۱) (۲۲:۴۰).

دَفَعْتُمْ: تم نے دے دیا، تم نے حوالے کیا، (فتح ا) دَفْعٌ اِلٰی (حوالے کرنا/دینا) سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (۴:۶).

دَكًّا: ریزہ ریزہ کرنا، ڈھا کر برابر کرنا، کوٹ کر ہموار کرنا، (نصر ۵) دَكَّ. یَدُكُّ کا مصدر ہے۔ (۷:۱۴۳) (۸۹:۲۱، ۲۱).

دَكَّآءَ: ہموار، برابر، [مادہ؛ دكك]۔ (۱۸:۹۸).

دَكَّةً: توڑنا، ریزہ ریزہ کرنا، ڈھا کر ہموار کر دینا، (نصر ۵) دَكَّ. یَدُكُّ کا مصدر۔ (۶۹:۱۴).

دُكَّتْ: وہ پست کی گئی، ریزہ ریزہ کر دی گئی/ ہموار کر دی گئی، (نصر ۵: دَكَّ. یَدُكُّ) دَكٌّ سے، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث۔ (۸۹:۲۱).

دُكَّتَا: وہ دونوں توڑی گئیں، وہ دونوں ریزہ ریزہ کر دی گئیں، (جب پہاڑ اور زمین) ڈھا کر برابر کر دیئے جائیں گے، (نصر) دَكٌّ سے، ماضی مجہول تثنیہ غائب مؤنث۔ (۶۹:۱۴).

دَلّٰهُمَا: (دَلّٰی. هُمَا) اس نے ان دونوں کو ڈھلا لیا، اس نے ان کو کھینچ لیا، اس نے ان کو مائل کر لیا، دَلّٰی، (تفعیل ۱۰؛ دَلّٰی. یُدَلِّی) تَدْلِیَةٌ (حیلہ سے کام میں لگانا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمَا ضمیر مفعول (تثنیہ غائب مذکر)، [مادہ؛ دلو]۔ (۷:۲۲).

دُلُوْكِ: ڈھلنا/ زوال پذیر ہونا، غروب ہونا، مصدر (نصر ا؛ دَلَكَ. یَدْلُكُ کا)۔ (۱۷:۷۸).

دَلْوَهٗ: (دَلْوَ. هٗ) اس کا ڈول، دَلْوَ (اسم واحد مؤنث ہے، کبھی مذکر بھی مستعمل ہوتا ہے، دِلَاءٌ جمع، اصل میں یہ نصر ۷؛ دَلَا. یَدْلُوْ کا مصدر ہے جس کا معنی ہے ڈول کو کنویں میں ڈالنا یا اسے کھینچنا) مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۲:۱۹).

دَلَّهُمْ: (دَلَّ. هُمْ) اس نے ان کو خبردار کیا، دَلَّ، (نصر ۵: دَلَّ. یَدُلُّ) دَلَالَةٌ سے جس کے معنی راہ بتانے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)، [مادہ؛ دلل]۔ (۳۴:۱۴).

دَلِيْلًا: رہنما، نشانی، (نصر) دَلَالَةٌ سے، صفت مشبہ (واحد مذکر)۔ (۲۵:۴۵).

دَمٍ: لہو، خون۔ اس کی اصل دَمَیٌ اور بعض کے نزدیک دَمَوٌ ہے، لام کلمہ حذف کر دیا گیا، اور کبھی اس کو میم سے بدل کر دَمٌّ کہتے ہیں۔ (۱۲:۱۸) (۱۶:۶۶)، الدَّمَ (۲:۱۷۳) (۷:۱۳۳) (۱۶:۱۱۵)، الدَّمُ (۵:۳)، دَمًا (۶:۱۴۵).

الدِّمَآءَ: لہو، خون، دَمٌ کی جمع۔ (۲:۳۰).

دِمَآءَكُمْ: (دِمَآءَ. كُمْ) تمہارا خون، دِمَآءَ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۲:۸۴).

دِمَآؤُهَا: (دِمَآؤُ. هَا) اس کا خون، ان (قربانی کے جانوروں) کا لہو، دِمَآؤُ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۲۲:۳۷).

دُمْتَ: تو ہمیشہ رہا، تو ٹھہرا رہا، (نصر ۶) دَوَامٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر، مَادُمْتَ: جب تک تو رہے، افعال ناقصہ میں سے ہے، [مادہ؛ دوم]۔ (۳:۷۵).

دُمْتُ: میں ٹھہرا رہا، (نصر) دَوَامٌ سے، ماضی واحد متکلم، مَادُمْتُ: جب تک میں رہا، فعل ناقص ہے۔ (۵:۱۱۷) (۱۹:۳۱).

دُمْتُمْ: تم ٹھہرے، (نصر) دَوَامٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر، مَادُمْتُمْ: جب تک تم رہے، فعل ناقص ہے۔ (۵:۹۶).

دَمْدَمَ: اس نے الٹ مارا، اس نے تباہی مچائی، ہلاکت ڈال دی، اس نے غصہ کیا، (فعللۃ ۲) دَمْدَمَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۹۱:۱۴).

دَمَّرَ: اس نے اکھیڑ مارا، اس نے ہلاکت ڈال دی، (تفعیل ا)

تَدۡمِیۡرٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(١٠:٤٧).

دَمَّرۡنَا: ہم نے خراب کر دیا/ ہلاک کر دیا/ اکھیڑ مارا، (تفعیل) تَدۡمِیۡرٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (١٣٧:٧) (١٧٢:٢٦) (١٣٦:٣٧).

دَمَّرۡنٰهَا: (دَمَّرۡنَا.هَا) ہم نے اس کو اکھیڑ مارا، ہم نے اسے تباہ کر کے چھوڑ دیا، دَمَّرۡنَا، (تفعیل) تَدۡمِیۡرٌ سے، ماضی جمع متکلم، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(١٦:١٧).

دَمَّرۡنٰهُمۡ: (دَمَّرۡنَا.هُمۡ) ہم نے ان کو اکھیڑ مارا/ انہیں ہلاک کر دیا، دَمَّرۡنَا، (تفعیل) تَدۡمِیۡرٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُمۡ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٣٦:٢٥) (٥١:٢٧).

الدَّمۡعِ: آنسو، اشک۔(٨٣:٥) (٩٢:٩).

دَنَا: وہ نزدیک ہوا، وہ قریب ہوا، (نصرے؛ دَنَا.یَدۡنُوۡ) دُنُوٌّ سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ دنو]۔(٨:٥٣).

الدُّنۡیَا: عالم، دنیا، بہت نزدیک، بہت ذلیل، موجودہ زندگی، یہ مؤنث ہے اَدۡنٰی کی۔ اَدۡنٰی، دَان اور دَنِیٌّ کا اسم تفضیل ہے جو بالترتیب (نصرے؛ دَنَا.یَدۡنُوۡ) دُنُوٌّ اور (سمع ١٠؛ دَنِیَ.یَدۡنٰی) دَنَایَةٌ سے صفت کے صیغے ہیں۔ دُنُوٌّ کے معنی قریب اور نزدیک ہونے کے ہیں اور دَنَایَةٌ کے گھٹیا، ذلیل اور حقیر ہونے کے۔ یعنی جب دُنۡیَا کا استعمال حَیٰوۃ کے ساتھ ہوتا ہے تو اس سے مراد وہ قریبی اور حقیر زندگی ہے جو انسان اس دنیا میں گزار رہا ہے۔ دُنۡیَا کی جمع دُنًی ہے۔ (٨٥:٢، ٨٦، ١١٤، ١٣٠، ٢٠٠، ٢٠١، ٢٠٤، ٢١٢، ٢١٧، ٢٢٠) (١٤:٣، ٢٢، ٤٥، ٥٦، ١١٧، ١٤٥، ١٤٨، ١٥٢، ١٨٥) (٧٤:٤، ٧٧، ٩٤، ١٠٩، ١٣٤، ١٣٤) (٣٣:٥، ٤١) (٢٩:٦، ٣٢، ٧٠، ١٣٠) (٣٢:٧، ٥١، ١٥٢، ١٥٦) (٤٢:٨، ٦٧) (٣٨:٩، ٣٨، ٥٥، ٦٩، ٧٤، ٨٥) (٧:١٠، ٢٣، ٢٤، ٦٤، ٧٠، ٨٨، ٩٨) (١٥:١١، ٦٠) (١٠١:١٢) (٢٦:١٣، ٢٦، ٣٤) (٣:١٤، ٢٧) (٣٠:١٦، ٤١، ١٠٧، ١٢٢) (٢٨:١٨، ٤٥، ٤٦، ١٠٤) (٧٢:٢٠، ١٣١) (٩:٢٢، ١١، ١٥) (٣٣:٢٣، ٣٧) (١٤:٢٤، ١٩، ٢٣، ٣٣) (٤٢:٢٨، ٦٠، ٦١، ٧٧، ٧٩) (٢٥:٢٩، ٢٧، ٦٤) (٧:٣٠) (١٥:٣١، ٣٣) (٢٨:٣٣، ٥٧) (٥:٣٥) (٦:٣٧) (١٠:٣٩، ٢٦) (٣٩:٤٠، ٤٣، ٥١) (١٢:٤١، ١٦، ٣١) (٢٠:٤٢، ٣٦) (٣٢:٤٣، ٣٥) (٢٤:٤٥، ٣٥) (٢٠:٤٦) (٣٦:٤٧) (٢٩:٥٣) (٢٠:٥٧، ٢٠) (٣:٥٩) (٥:٦٧) (٣٨:٧٩) (١٦:٨٧).

الدَّوَآئِرَ: گردشیں، مصائب، دَائِرَةٌ کی جمع۔(٩٨:٩).

الدَّوَآبُّ: چلتے پھرتے، چلنے والے، جانور، دَابَّةٌ کی جمع۔ ہر جاندار جو چلتا پھرتا ہے اس کو دَابَّةٌ کہتے ہیں، مذکر و مؤنث دونوں کے لیے ہے، اس میں تاء وحدت کی ہے، [مادہ؛ دبب]۔ (١٨:٢٢)، الدَّوَآبِّ (٢٢:٨، ٥٥) (٢٨:٣٥).

دُوۡلَةً: دست گرداں، جو چیز گردش کرتی رہے کبھی اس کے پاس اور کبھی اسکے پاس، غنیمت، لین دین، [مادہ؛ دول]۔(٧:٥٩).

دُوۡنِ: ورے/سوائے، غیر، جو کسی سے نیچے ہو، حقیر، پست، نیچے۔ دُوۡنِ (٢٣:٢، ٩٤، ١٠٧، ١٦٥) (٢٨:٣، ٦٤، ٧٩) (١١٩:٤، ١٢٣، ١٣٩، ١٤٤، ١٧٣) (٧٦:٥، ١١٦) (٥٦:٦، ٧٠، ٧١، ١٠٨) (٣٠:٧، ٣٧، ٨١، ١٩٤) (١٦:٩، ٣١، ١١٦) (١٨:١٠، ٣٧، ٣٨، ٦٦، ١٠٤، ١٠٦) (١٣:١١، ٢٠، ١٠١، ١١٣) (٢٠:١٦، ٧٣) (٤٣:١٨) (٤٨:١٩، ٤٩، ٨١) (٦٦:٢١، ٦٧، ٩٨) (١٢:٢٢، ٧١، ٧٣) (٦٣:٢٣) (١٧:٢٥، ٥٥) (٩٣:٢٦) (٢٤:٢٧، ٤٣، ٥٥) (٨١:٢٨) (١٧:٢٩، ١٧، ٢٢، ٢٥، ٤١) (١٧:٣٣، ٥٠) (٢٢:٣٤) (٤٠:٣٥) (٧٤:٣٦) (٢٣:٣٧) (٣٨:٣٩، ٤٣) (٦٦:٤٠، ٧٤) (٣١:٤٢، ٤٦) (٤٥:٤٣) (١٠:٤٥) (٤:٤٦، ٥، ٢٨) (٢٧:٤٨) (٥٨:٥٣) (٤:٦٠) (٦:٦٢) (٢٠:٦٧) (٢٥:٧١)، دُوۡنَ (٤٨:٤، ١١٦) (١٦٨:٧، ٢٠٥) (٨٢:٢١) (٢١:٣٢) (٨٦:٣٧) (٤٧:٥٢) (١١:٧٢).

دُوۡنِكَ: (دُوۡنِ.كَ) تیرے سوا، تیرے بغیر، دُوۡنِ مضاف، كَ

(ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۸۶:۱۶) (۱۸:۲۵)۔

دُوْنِکُمْ: (دُوْنِ. کُمْ) تمہارے سوا، دُوْنِ مضاف، کُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۱۱۸:۳)۔

دُوْنِنَا: (دُوْنِ. نَا) ہمارے سوا، دُوْنِ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔(۴۳:۲۱)۔

دُوْنِہٖ: (دُوْنِ. ہٖ) اس کے سوا، اس کے علاوہ، دُوْنِ مضاف، ہٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۱۷:۴) (۵۱:۶) (۳:۷، ۱۹۷) (۵۵:۱۱) (۴۰:۱۲) (۱۱:۱۳، ۱۴، ۱۶) (۳۵:۱۶، ۳۵) (۵۶:۱۷، ۹۷) (۱۴:۱۸، ۱۵، ۲۶، ۲۷، ۵۸) (۲۴:۲۱، ۲۹) (۶۲:۲۲) (۳:۲۵) (۴۲:۲۹) (۱۱:۳۱) (۴:۳۲) (۱۳:۳۵) (۲۳:۳۶) (۳:۳۹، ۱۵، ۳۶، ۴۵) (۲۰:۴۰) (۶:۴۲، ۹) (۳۲:۴۶) (۲۲:۷۲)، دُوْنِہٖ (۳۰:۳۱) (۸۶:۴۳)۔

دُوْنِھَا: (دُوْنِ. ھَا) اس کے سوا، اس کے علاوہ، دُوْنِ مضاف، ھَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۹۰:۱۸)۔

دُوْنِھِمْ: (دُوْنِ. ھِمْ) ان کے سوا، ان کے علاوہ، دُوْنِ مضاف، ھِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۶۰:۸) (۱۷:۱۹) (۲۳:۲۸) (۴۱:۳۴)۔

دُوْنِھِمَا: (دُوْنِ. ھِمَا) ان دونوں کے سوا، ان دونوں کے علاوہ/ ایک طرف، دُوْنِ مضاف، ھِمَا (ضمیر تثنیہ غائب) مضاف الیہ۔(۹۳:۱۸) (۶۲:۵۵)۔

دُوْنِیْ: (دُوْنِ. یْ) میرے سوا، میرے علاوہ، دُوْنِ مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔(۲:۱۷) (۵۰:۱۸، ۱۰۲)۔

دِھَاقًا: بھرا ہوا، چھلکتا ہوا، (فتح ۱) دَھْقٌ سے جسکے معنی لبالب پر ہونے اور چھلکنے کے ہیں، صیغہ صفت مفرد۔(۳۴:۷۸)۔

الدِّھَانِ: تیل کی تلچھٹ، وہ تیل جس کی مالش کی جائے، سرخ چمڑا، اَدْھِنَۃٌ جمع، [مادہ: دھن]۔(۳۷:۵۵)۔

الدَّھْرُ: زمانہ۔ دَھْر عالم کے وجود میں آنے سے لے کر اس کے ختم ہونے تک کی مدت کا نام ہے۔ اس میں ہر بڑی مدت بھی مراد لی جاتی ہے۔ زَمَانٌ مدتِ قلیل اور مدتِ دراز دونوں کے لیے آتا ہے۔ (۲۴:۴۵)، الدَّھْرِ (۱:۷۶)۔

الدُّھْنِ: تیل، چکنائی، اَدْھَانٌ جمع۔(۲۰:۲۳)۔

الدِّیَارِ: گھر، وطن، دَارٌ کی جمع۔(۵:۱۷)۔

دَیَّارًا: بسنے والا، رہنے والا، (نصر: دَارَ. یَدُوْرُ) دَوْرٌ سے بروزن فیعال مشتق ہے۔(۲۶:۷۱)۔

دِیَارِکُمْ: (دِیَارِ. کُمْ) تمہارے گھر/ وطن، دِیَارِ (دَارٌ کی جمع) مضاف، کُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۸۴:۲) (۶۶:۴) (۸:۶۰، ۹)۔

دِیَارِنَا: (دِیَارِ. نَا) ہمارے گھر، دِیَارِ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔(۲۴۶:۲)۔

دِیَارَھُمْ: (دِیَارَ. ھُمْ) ان کے گھر، ان کے وطن، دِیَارَ مضاف، ھُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۲۷:۳۳)، دِیَارِھِمْ (۸۵:۲، ۲۴۳) (۱۹۵:۳) (۴۷:۸) (۶۷:۱۱، ۹۴) (۴۰:۲۲) (۲:۵۹، ۸)۔

دِیَۃٌ: خون بہا، دیت، خون بہا دینا، (ضرب ۱۰) وَدٰی. یَدِیْ کا مصدر، مقتول کے ورثاء کو جو خون بہا ادا کیا جاتا ہے اس کا نام دِیَۃ ہے، یہ اصل میں وَدْیٌ تھا واؤ کو حذف کر کے آخر میں تاء لائی گئی، جیسا کہ عِدَۃٌ میں ہوا ہے۔ دیت میں سو اونٹ یا ان کی قیمت کے برابر رقم دینی پڑتی ہے، اور یہ تین برس کے اندر ادا کرنی ہوتی ہے۔ (۹۲:۴، ۹۲)۔

دِیْنٌ: جزا، اطاعت، شریعت، طریق زندگی، بدلہ دینا، حکم ماننا، دین بمعنی ملت بھی ہے، مصدر (ضرب ۸: دَانَ. یَدِیْنُ کا) اور اسم، اَدْیَانٌ جمع۔ اصطلاحی معنی کے لحاظ سے دین سے مراد وہ طریقہ زندگی ہے جو کسی بھی انسانی معاشرے کی انفرادی و اجتماعی سطح پر رہنمائی کرتا ہے،

اسے پروان چڑھاتا ہے اور استوار کرتا ہے۔ دین تین چیزوں پر محیط ہے؛ رہنمائی یا شریعت، اطاعت، اور جزا یا بدلا۔ (٥:٩٨)، دِیْنِ (٨٣:٣) (٣٣:٩) (٧٦:١٢) (٢:٢٤) (٢٨:٤٨) (٩:٦١) (٦:١٠٩) (٢:١١٠)، دِیْنَ (٢٩:٩)، الدِّیْنِ (٤:١) (٢٥٦:٢) (٤٦:٤) (٧٢:٨) (١١:٩، ٣٣، ١٢٢) (١٠٥:١٠) (٣٥:١٥) (٧٨:٢٢) (٨٢:٢٦) (٣٠:٣٠، ٤٣) (٥:٣٣) (٢٠:٣٧) (٧٨:٣٨) (١٣:٤٢، ٢١) (٢٨:٤٨) (١٢:٥١) (٥٦:٥٦) (٨:٦٠، ٩) (٩:٦١) (٢٦:٧٠) (٤٦:٧٤) (٩:٨٢، ١٥، ١٧، ١٨) (١١:٨٣) (٧:٩٥) (١:١٠٧)، الدِّیْنَ (١٣٢:٢) (١٩:٣) (٢٩:٧) (٢٢:١٠) (٦٥:٢٩) (٣٢:٣١) (٢:٣٩، ١١) (١٤:٤٠، ٦٥) (١٣:٤٢) (٦:٥١) (٥:٩٨)، الدِّیْنُ (١٩٣:٢) (٣٩:٨) (٣٦:٩) (١٢:٤٠) (١٦:٥٢) (٣٠:٣٠) (٣:٣٩)، دِیْنًا (٨٥:٣) (١٢٥:٤) (٣:٥) (١٦١:٦).

دَیْنٍ: قرض، ادھار، قرض دینا، مصدر (ضرب۸؛ دَانَ یَدِیْنُ کا)، دُیُوْنٌ جمع۔ (٢٨٢:٢) (١١:٤، ١٢، ١٢، ١٢).

دِیْنَارٍ: دینار، اشرفی، سونے کا سکہ، دَنَانِیْرُ جمع۔ (٧٥:٣).

دِیْنُکُمْ: (دِیْنُ. کُمْ) تمہارا دین، دِیْنُ مضاف، کُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٦:١٠٩)، دِیْنِکُمْ (٢١٧:٢) (١٧١:٤) (٣:٥، ٧٧) (١٢:٩) (١٦:٤٩)، دِیْنَکُمْ (٧٣:٣) (٣:٥، ٥٧) (٢٦:٤٠).

دِیْنِہٖ: (دِیْنِ. ہٖ) اس کا دین، دِیْنِ مضاف، ہٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٢١٧:٢) (٥٤:٥).

دِیْنُھُمْ: (دِیْنُ. ھُمْ) ان کا دین، دِیْنُ مضاف، ھُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٤٩:٨)، دِیْنِھِمْ (٢٤:٣)، دِیْنَھُمْ (١٤٦:٤) (٧٠:٦، ١٣٧، ١٥٩) (٥١:٧) (٢٥:٢٤، ٥٥) (٣٢:٣٠).

دِیْنِیْ: (دِیْنِ. یْ) میرا دین، دِیْنِ مضاف، یْ (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔ (١٠٤:١٠) (١٤:٣٩).

'ذ'

ذَا: صاحب، والا، اسم ہے (بحالت نصب)، ہمیشہ مضاف ہو کر مستعمل ہوتا ہے۔ یہ اسمائے ستہ میں سے ہے (تفصیل کیلئے دیکھو ذُوْ، نیز اَبَآءِ)، [مادہ: ذو]۔ (١٠٦:٥) (١٥٢:٦) (٢٦:١٧) (٨٦:١٨، ٩٤) (٨٥:٢١، ٨٧) (٧٧:٢٣) (٣٨:٣٠) (١٨:٣٥) (١٧:٣٨، ٤٨) (١٤:٦٨) (١٣:٧٣) (١٥:٩٠، ١٦).

ذَا: جو/ وہ، موصولہ یا بمعنی الَّذِیْ ہے جو مَا اور مَنْ استفہامیہ کے بعد استعمال ہوتا ہے۔ یہاں جو حوالے درج ہیں وہ مَنْ ذَا کے ہیں، مَاذَا کو بطور مرکب کے لکھا گیا ہے کہ اس میں اہل لغت میں اختلاف بھی ہے، اس (ذَا کے حوالوں) کے لیے دیکھئے مَاذَا۔ (٢٤٥:٢، ٢٥٥) (١٦٠:٣) (١٧:٣٣) (١١:٥٧).

ذَا: یہ، اسم اشارہ قریب، قرآن میں یہ مختلف مرکب الفاظ میں استعمال ہوا ہے، مثلاً ذٰلِکَ، ھٰذَا وغیرہ۔

رَزَقْنٰکُمْ: (رَزَقْنَا. کُمْ) ہم نے تم کو رزق دیا، رَزَقْنَا، (نصر) رِزْقٌ سے، ماضی جمع متکلم، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۵۷:۲، ۱۷۲، ۲۵۴) (۱۶۰:۷) (۸۱:۲۰) (۲۸:۳۰) (۱۰:۶۳).

رَزَقْنٰهُ: (رَزَقْنَا. هُ) ہم نے اس کو رزق دیا، رَزَقْنَا، (نصر) رِزْقٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۷۵:۱۶).

رَزَقْنٰهُمْ: (رَزَقْنَا. هُمْ) ہم نے ان کو رزق دیا، اس میں هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۳:۲) (۳:۸) (۹۳:۱۰) (۲۲:۱۳) (۳۱:۱۴) (۵۶:۱۶) (۷۰:۱۷) (۳۵:۲۲) (۵۴:۲۸) (۱۶:۳۲) (۲۹:۳۵) (۳۸:۴۲) (۱۶:۴۵).

رَزَقَنِیْ: (رَزَقَ. نِیْ) اس نے مجھے رزق دیا، رَزَقَ، (نصر) رِزْقٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، نِیْ میں ن وقایہ اور ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔(۸۸:۱۱).

رُزِقُوْا: ان کو رزق دیا گیا، (نصر) رِزْقٌ سے، ماضی مجہول جمع غائب مذکر۔(۲۵:۲).

رِزْقُهٗ: (رِزْقُ. هٗ) اس کا رزق، رِزْقُ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۷:۶۵)، رِزْقِهٖ (۱۵:۶۷)، رِزْقَهٗ (۲۱:۶۷) (۱۶:۸۹).

رِزْقُهَا: (رِزْقُ. هَا) اس کا رزق، رِزْقُ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۶:۱۱) (۱۱۲:۱۶)، رِزْقَهَا (۶۰:۲۹).

رِزْقُهُمْ: (رِزْقُ. هُمْ) ان کا رزق، رِزْقُ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۶۲:۱۹)، رِزْقِهِمْ (۷۱:۱۶).

رَزَقَهُمْ: (رَزَقَ. هُمْ) اس نے ان کو رزق دیا/ ان کو روزی دی، رَزَقَ، (نصر) رِزْقٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۳۹:۴) (۱۴۰:۶) (۲۸:۲۲، ۳۴).

رِزْقُهُنَّ: (رِزْقُ. هُنَّ) ان کا رزق، رِزْقُ مضاف، هُنَّ (ضمیر جمع غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۲۳۳:۲).

الرَّسِّ: کنواں، ایک کنویں کا نام،[مادہ؛رسس]۔(۳۸:۲۵) (۱۲:۵۰).

رِسٰلٰتِ: پیغامات، رِسَالَةٌ کی جمع۔ (۶۲:۷، ۶۸، ۹۳) (۳۹:۳۳) (۲۸:۷۲).

رِسٰلٰتِهٖ: (رِسٰلٰتِ. هٖ) اس کے پیغامات، رِسٰلٰتِ مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۲۳:۷۲).

رِسٰلٰتِیْ: (رِسٰلٰتِ. یْ) میرے پیغامات، رِسٰلٰتِ مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔(۱۴۴:۷).

رِسَالَةَ: پیغام/ وحی، پیغمبری، سفارت، (افعال) اِرْسَالٌ سے جسکے معنی بھیجنے کے ہیں، اسم ہے، رِسٰلٰتٌ جمع۔(۷۹:۷).

رِسَالَتَهٗ: (رِسَالَةَ. هٗ) اس کا پیغام، رِسَالَةَ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۶۷:۵) (۱۲۴:۶).

رُسُلٌ: پیغمبر، رسول، یہ جمع ہے رَسُوْلٌ کی۔ (۱۸۳:۳،

١٨٤) (٣٤:٦، ١٣٠) (٣٥:٧) (٤:٣٥) (٧١:٣٩)، رُسُلٍ (١٠:٦) (٣٢:١٣) (٤١:٢١)، رُسُلُ (١٢٤:٦) (٤٣:٧، ٥٣) (٨١:١١)، الرُّسُلِ (٨٧:٢) (١٦٥:٤) (١٩:٥) (١٢٠:١١) (٣٥:١٦) (٤٣:٤١) (٩:٤٦، ٣٥)، الرُّسُلَ (١٠٩:٥) (٤٤:١٤) (٣٧:٢٥) (١٤:٣٨) (١٤:٥٠)، الرُّسُلُ (٢٥٣:٢) (١٤٤:٣) (٧٥:٥) (١١٠:١٢) (٥١:٢٣) (١٤:٤١) (١١:٧٧)، رُسُلًا (١٦٤:٤، ١٦٤، ١٦٥) (٧٠:٥) (٧٤:١٠) (٣٨:١٣) (٧٥:٢٢) (٤٧:٣٠) (١:٣٥) (٧٨:٤٠).

رُسُلِكَ: (رُسُلِ.كَ) تیرے رسول، رُسُلِ مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (١٩٤:٣).

رُسُلُكُمْ: (رُسُلُ.كُمْ) تمہارے رسول، رُسُلُ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٥٠:٤٠).

رُسُلُنَا: (رُسُلُ.نَا) ہمارے رسول، رُسُلُ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (٣٢:٥) (٦١:٦) (٣٧:٧) (٦٩:١١، ٧٧) (٣١:٢٩، ٣٣) (٨٠:٤٣)، رُسُلِنَا (٧٧:١٧) (٤٥:٤٣) (٢٧:٥٧)، رُسُلَنَا (٢١:١٠، ١٠٣) (٤٤:٢٣) (٥١:٤٠، ٧٠) (٢٥:٥٧).

رُسُلِهٖ: (رُسُلِ.هٖ) اس کے رسول، رُسُلِ مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٩٨:٢، ٢٨٥، ٢٨٥) (١٧٩:٣، ١٧٩) (١٣٦:٤، ١٥٠، ١٥٠، ١٥٢، ١٧١) (١٩:٥٧، ٢١) (٨:٦٥)، رُسُلَهٗ (٥٩:١١) (٤٧:١٤) (٢٥:٥٧) (٦:٥٩).

رُسُلُهُمْ: (رُسُلُ.هُمْ) ان کے رسول، رُسُلُ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (١٠١:٧) (٧٠:٩) (١٣:١٠) (٩:١٤، ١٠، ١١) (٩:٣٠) (٢٥:٣٥) (٢٢:٤٠، ٨٣) (٦:٦٤)، رُسُلِهِمْ (١٣:١٤).

رُسُلِيْ: (رُسُلِ.یْ) میرے رسول، رُسُلِ مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔ (١٢:٥) (١٠٦:١٨) (٤٥:٣٤) (٢١:٥٨).

رَسُوْلٌ: رسول، پیغمبر، بھیجا ہوا، (سمع ا) رَسْلٌ و رَسَالَۃٌ سے، صیغۂ صفت، رُسُلٌ جمع۔ رَسْل کے معنی اصل میں نرمی اور آہستگی سے چل پڑنے کے ہیں، اس لحاظ سے رَسُوْل کے معنی ہوئے ''روانہ ہونے والا یا روانہ کیا گیا''، پھر اس شخص کیلئے بھی یہ لفظ بولا جانے لگا جسے پیغام دے کر بھیجا گیا ہو۔ رَسُوْلٌ اصل میں تو مفرد ہے (مذکر ومؤنث) لیکن کبھی جمع کیلئے بھی مستعمل ہوتا ہے، جیسا کہ آیت (١٦:٢٦) میں ہے۔ قرآن میں رسول کا لفظ انس وملائکہ دونوں کے لیے آیا ہے۔ اصطلاحی طور پر رسول سے مراد انسانوں میں وہ ہستیاں ہیں جو صاحب شریعت وکتاب ہوں اور عام لوگوں کی طرف دعوت و تبلیغ کی غرض سے اللہ کی طرف سے مبعوث کی گئی ہوں۔ جبکہ نبی سے مراد وہ برگزیدہ انسان ہے جس کی طرف اللہ کی وحی کا نزول تو ہوتا ہے لیکن وہ صاحب شریعت وکتاب نہیں ہوتا، وہ وحی اور پہلے سے موجود کتاب وشریعت کی روشنی میں لوگوں کو دعوتِ حق پیش کرتا ہے۔ رسول خاص ہے اور نبی عام، پس نزول وحی ورسالت کے اعتبار سے ہر رسول نبی ہوتا ہے لیکن ہر نبی رسول نہیں ہوتا۔ واضح رہے کہ یہ اصطلاح احادیث کی روشنی میں علماء کی مقرر کی ہوئی ہے، قرآن میں کئی مقامات پر رسول، نبی کے معنی میں آیا ہے، اور کچھ مقامات پر فرشتہ کیلئے بھی آیا ہے، ایسے مقامات پر یہ اصل میں مُرْسَلٌ کے معنی میں آیا ہے۔ (٨٧:٢، ١٠١) (٨١:٣، ١٤٤) (٧٠:٥، ٧٥) (٦١:٧، ٦٧، ١٠٤) (١٢٨:٩) (٤٧:١٠) (١١٣:١٦) (١٠٧:٢٦، ١٢٥، ١٤٣، ١٦٢، ١٧٨) (٢٩:٤٣) (١٣:٤٤، ١٧، ١٨) (٢:٩٨)، رَسُوْلٍ (١٨٣:٣) (٦٤:٤) (٣٨:١٣) (٤:١٤) (١١:١٥) (٢٥:٢١) (٥٢:٢٢) (٣٠:٣٦) (٧٨:٤٠) (٥٢:٥١) (٦:٦١) (٤٠:٦٩) (٢٧:٧٢) (١٩:٨١)، رَسُوْلِ (٨١:٩، ١٢٠) (٢١:٣٣) (٣:٤٩) (٧:٦٣)، رَسُوْلَ (١٥٧:٤) (٦١:٩) (٤٠:٣٣، ٥٣) (٧:٤٩) (١٠:٦٩)، رَسُوْلُ (١٧١:٤) (١٥٨:٧) (١٩:١٩) (١٦:٢٦) (٤٦:٤٣) (٢٩:٤٨) (٥:٦١، ٦) (١:٦٣، ٥) (١٣:٩١)، الرَّسُوْلِ (١٧٢:٣) (٥٩:٤، ٦١، ٨٣) (٨٣:٥، ٩٩، ١٠٤) (١:٨، ٢٤، ٤١) (١٣:٩، ٩٩

(٩٦:٢٠) (٤٧:٢٤، ٥٤، ٦٣) (٧:٢٥، ٢٧) (١٨:٢٩) (٨:٥٨، ٩) (٧:٥٩)، الرَّسُوْلَ (١٤٣:٢) (٣٢:٣، ٥٣، ٨٦، ١٣٢) (٤٢:٤، ٥٩، ٦٩، ٨٠، ١١٥) (٩٢:٥) (١٥٧:٧) (٢٧:٨) (٥٤:٢٤، ٥٦) (٣٢:٤٧، ٣٣) (١٢:٥٨) (١:٦٠) (١٢:٦٤) (١٦:٧٣)، الرَّسُوْلُ (١٤٣:٢، ٢١٤، ٢٨٥) (١٥٣:٣) (٦٤:٤، ١٧٠) (٤١:٥، ٦٧) (٨٨:٩) (٥٠:١٢) (٧٨:٢٢) (٣٠:٢٥) (١٢:٤٨) (٨:٥٧) (٧:٥٩)، رَسُوْلًا (١٢٩:٢، ١٥١) (٤٩:٣، ١٦٤) (٧٩:٤) (٣٦:١٦) (١٥:١٧، ٩٣، ٩٤، ٩٥) (٥١:١٩، ٥٤) (١٣٤:٢٠) (٣٢:٢٣) (٤١:٢٥) (٤٧:٢٨، ٥٩) (٣٤:٤٠) (٥١:٤٢) (٢:٦٢) (١١:٦٥) (١٥:٧٣، ١٥)، الرَّسُوْلَا (٦٦:٣٣).

رَسُوْلَا: دو رسول، دو بھیجے ہوئے، رَسُوْلٌ کا تثنیہ (بحالت رفع) مضاف۔ بسبب اضافت نون گر گیا۔ (٤٧:٢٠).

رَسُوْلَكُمْ: (رَسُوْلَ. كُمْ) تمہارا رسول/ پیغمبر، رَسُوْلَ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (١٠٨:٢) (٢٧:٢٦).

رَسُوْلُنَا: (رَسُوْلُ. نَا) ہمارا رسول/پیغمبر، رَسُوْلُ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (١٥:٥، ١٩)، رَسُوْلِنَا (٩٢:٥) (١٢:٦٤).

رَسُوْلُهٗ: (رَسُوْلُ. هٗ) اس کا رسول، اس کا پیغمبر، رَسُوْلُ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (١٠١:٣) (٥٥:٥) (٣:٩، ٢٩، ٥٩، ٥٩، ٦٢، ٧٤، ٩٤، ١٠٥) (٥٠:٢٤) (١٢:٣٣، ٢٢، ٢٢، ٣٦) (١:٦٣)، رَسُوْلِهٖ (١٥٨:٧) (٨٦:٩)، رَسُوْلِهٖ (٢٧٩:٢) (١٠٠:٤، ١٣٦، ١٣٦) (١:٩، ٣، ٧، ١٦، ٢٤، ٢٦، ٥٤، ٦٥، ٨٠، ٨٤، ٩١، ٩٧) (٤٨:٢٤، ٥١، ٦٢، ٦٢) (٣١:٣٣) (٩:٤٨، ١٣، ٢٦) (١:٤٩، ١٥) (٧:٥٧، ٢٨) (٤:٥٨) (٦:٥٩، ٧) (١١:٦١) (٨:٦٣) (٨:٦٤)، رَسُوْلَهٗ (٢٧:٤٨)، رَسُوْلَهٗ (١٣:٤، ١٤) (٣٣:٥، ٥٦) (١:٨، ١٣، ١٣، ٢٠، ٤٦) (٣٣:٩، ٦٣، ٧١، ٩٠، ١٠٧) (٥٢:٢٤) (٢٩:٣٣، ٣٣، ٣٦، ٥٧، ٧١) (١٧:٤٨، ٢٨) (١٤:٤٩) (٥:٥٨، ١٣، ٢٠، ٢٢) (٤:٥٩، ٨) (٩:٦١) (٢٣:٧٢).

رَسُوْلُهَا: (رَسُوْلُ. هَا) اس کا رسول، اس کا پیغمبر، رَسُوْلُ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (٤٤:٢٣).

رَسُوْلُهُمْ: (رَسُوْلُ. هُمْ) ان کا رسول، ان کا پیغمبر، رَسُوْلُ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٤٧:١٠)، رَسُوْلِهِمْ (٥:٤٠)، رَسُوْلَهُمْ (٦٩:٢٣).

رَسُوْلِیْ: (رَسُوْلِ. یْ) میرا رسول، رَسُوْلِ مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔ (١١١:٥).

الرَّشَادِ: نیکی، راستی، بھلائی، راہِ راست اختیار کرنا، مصدر ہے (باب نصرا)۔ (٢٩:٤٠، ٣٨).

الرُّشْدُ: ہدایت، سیدھی راہ، راہِ راست پر ہونا، مصدر (باب نصرا)۔ (٢٥٦:٢)، الرُّشْدِ (١٤٦:٧) (٢:٧٢)، رُشْدًا (٦:٤) (٦٦:١٨).

رَشَدًا: راستی، بھلائی، نیکی، راہ یابی، راہ راست پانا، (نصرا) رَشَدَ.يَرْشُدُ کا مصدر۔ (١٠:١٨، ٢٤) (١٠:٧٢، ١٤، ٢١).

رُشْدَهٗ: (رُشْدَ. هٗ) اس کی راہ یابی، اس کی نیک راہ/ ہدایت، رُشْدَ (مصدر، باب نصر) مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٥١:٢١).

رَشِیْدٌ: نیک چال والا، بھلائی والا، شائستہ، (نصرا) رُشْدٌ و رَشَادٌ سے، صفت مشبہ (واحد مذکر)۔ (٧٨:١١)، رَشِیْدٍ (٩٧:١١)، الرَّشِیْدُ (٨٧:١١)

رَصَدًا: گھات، چوکیدار، نگہبان، (نصرا) رَصَدَ.يَرْصُدُ کا مصدر۔ اور بمعنی اسم فاعل واحد جمع، مذکر و مؤنث سب کے لیے یکساں آتا ہے۔ (٩:٧٢، ٢٧).

الرَّضَاعَةِ: دودھ پلانا، ماں کا بچے کو دودھ پلانا، شیر خوارگی، ماں سے دودھ پینا، مصدر ہے (ضرب، سمع، فتح ا)، [مادہ: رضع]۔ (۲۳:٤)، الرَّضَاعَةَ (۲:۲۳۳)۔

رَضُوْا: وہ راضی ہوئے، انہوں نے پسند کیا، وہ خوش ہوئے، (سمع اا؛ رَضِیَ۔یَرْضٰی) رِضًی و رِضْوَانٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۵:۱۱۹) (۹:۵۸، ۵۹، ۸۷، ۹۳، ۱۰۰) (۷:۱۰) (۵۸:۲۲) (۹۸:۸)۔

رِضْوَانٌ: رضا مندی، خوشنودی، مرضی، رضا، راضی ہونا، مصدر ہے (سمع اا؛ رَضِیَ۔یَرْضٰی کا)۔ (۳:۱۵) (۹:۷۲) (۵۷:۲۰)، رِضْوَانٍ (۹:۲۱، ۱۰۹)، رِضْوَانِ (۵۷:۲۷)، رِضْوَانَ (۳:۱٦۲، ۱۷٤)، رِضْوَانًا (۵:۲) (٤۸:۲۹) (۵۹:۸)۔

رِضْوَانَهٗ: (رِضْوَانَ۔ هٗ) اس کی رضا، اس کی خوشنودی، رِضْوَانَ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۵:۱٦) (٤۷:۲۸)۔

رَضِیَ: وہ راضی ہوا، خوش ہوا، اس نے پسند کیا، (سمع) رِضًی و رِضْوَانٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۵:۱۱۹) (۹:۱۰۰) (۲۰:۱۰۹) (٤۸:۱۸) (۵۸:۲۲) (۹۸:۸)۔

رَضِیًّا: پسندیدہ، من مانتا، (سمع) رِضًی و رِضْوَانٌ سے، صفت مشبہ مفرد۔ (۱۹:٦)۔

رَضِیْتُ: میں راضی ہوا، میں نے پسند کیا، (سمع) رِضًی و رِضْوَانٌ سے، ماضی واحد متکلم۔ (۵:۳)۔

رَضِیْتُمْ: تم راضی ہوئے/خوش ہوئے، تم نے پسند کیا، (سمع) رِضًی و رِضْوَانٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (۹:۳۸، ۸۳)۔

رَطْبٍ: ہرا، تر، یَابِسٌ کی ضد ہے جسکے معنی سوکھے، خشک کے ہیں، (سمع و کرم ا) رُطُوْبَةٌ سے جسکے معنی تر ہونے کے ہیں، صفت مشبہ۔ حضرت ابن عباسؓ کا بیان ہے کہ رطب پانی ہے اور یابس صحرا، بعض رطب سے زندہ اور یابس سے مردہ مراد لیتے ہیں۔ (٦:۵۹)۔

رُطَبًا: تازہ خرمہ، پکی کھجوریں، رُطَبَةٌ واحد اور رِطَابٌ اور اَرْطَابٌ جمع الجمع۔ (۱۹:۲۵)۔

الرِّعَآءُ: چرواہے، (فتح ۷؛ رَعٰی۔یَرْعٰی) رَعْیٌ و رِعَایَةٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، رَاعٍ واحد۔ (۲۸:۲۳)۔

رِعَایَتِهَا: (رِعَایَةِ۔ هَا) اس کی نگاہ رکھنا، اس کو نباہنا، اس کی نگہداشت کرنا، رِعَایَةِ (مصدر، باب فتح ۷؛ رَعٰی۔یَرْعٰی کا بمعنی حفاظت اور نگرانی کرنے کے، [مادہ: رعی]) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۵۷:۲۷)۔

الرُّعْبَ: ہیبت، دھاک، دہشت، خوف، ڈرنا، (فتح ا) رَعَبَ۔یَرْعَبُ کا مصدر۔ (۳:۱۵۱) (۸:۱۲) (۳۳:۲٦) (۵۹:۲)، رُعْبًا (۱۸:۱۸)۔

رَعْدٌ: کڑک، گرج، گرجنے والا، کڑکنا، گرجنا، مصدر (نصر و فتح ا)۔ حدیث میں ہے کہ یہود نے حضور ﷺ سے دریافت کیا کہ رعد کیا ہے، آپ نے فرمایا کہ ایک فرشتہ ہے جو ابر پر متعین ہے۔ (۲:۱۹)، الرَّعْدُ (۱۳:۱۳)۔

رَعَوْهَا: (رَعَوْا۔ هَا) انہوں نے اس کو نباہا، انہوں نے اس کی نگہداشت کی، رَعَوْا، (فتح ۷؛ رَعٰی۔یَرْعٰی) رَعْیٌ و رِعَایَةٌ (انتظام مملکت انجام دینا، حرمت کا لحاظ کرنا، حفاظت کرنا، نگاہ رکھنا) سے، ماضی جمع غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۵۷:۲۷)۔

رَغَبًا: رغبت، توقع، امید، عاجزی و خواری سے مانگنا، التجا کرنا، مصدر ہے (باب سمع ا)۔ (۲۱:۹۰)۔

رَغَدًا: بافراغت، وسیع، خوب اچھی طرح، بافراغت ہونا، مصدر (سمع ا؛ رَغِدَ۔یَرْغَدُ کا)۔ (۲:۳۵، ۵۸) (۱٦:۱۱۲)۔

رُفَاتًا: بوسیدہ، گلا ہوا، چورا چورا، ہر ٹوٹی چیز، [مادہ: رفت]۔ (۱۷:٤۹، ۹۸)۔

رَفَثَ: عورت سے اختلاط، عورتوں کی طرف رغبت کرنا، فحش گوئی، مباشرت، لغت میں رفث ہر اس چیز کے لیے بولا جاتا ہے جس کی

مردعورتوں سے خواہش کرتے ہیں، مصدر ہے (نصر و سمع ا)۔ (۱۹۷:۲)، الرَّفَثُ (۱۸۷:۲).

الرِّفْدُ: بخشش، عطا، انعام، مدد، اَرْفَادٌ جمع۔(۹۹:۱۱).

رَفْرَفٍ: قالین، چاندنیاں، تکیے اور بچھونے، رَفْرَفَةٌ واحد۔ (۷۶:۵۵).

رَفَعَ: اس نے بلند کیا، اس نے اونچا کیا، (فتح ا) رَفْعٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۲۵۳:۲) (۱۶۵:۶) (۱۰۰:۱۲) (۲:۱۳) (۲۸:۷۹).

رُفِعَتْ: وہ بلند کی گئی، (فتح) رَفْعٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث۔(۱۸:۸۸).

رَفَعْنَا: ہم نے بلند کیا، ہم نے اونچا کیا، ہم نے اٹھایا، (فتح) رَفْعٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (۲:۶۳، ۹۳) (۱۵۴:۴) (۳۲:۴۳) (۴:۹۴).

رَفَعْنٰهُ: (رَفَعْنَا.هُ) ہم نے اس کو بلند کیا، ہم نے اسے اونچا کیا، ہم نے اس کو اٹھایا، رَفَعْنَا، (فتح) رَفْعٌ سے، ماضی جمع متکلم، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۱۷۶:۷) (۵۷:۱۹).

رَفَعَهُ: (رَفَعَ.هُ) اس نے اس کو اٹھالیا، رَفَعَ، (فتح) رَفْعٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۱۵۸:۴).

رَفَعَهَا: (رَفَعَ.هَا) اس نے اس کو اٹھایا، اس نے اس کو بلند کیا، رَفَعَ، (فتح) رَفْعٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ھَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(۷:۵۵).

رَفِيْعُ: بلند کرنے والا، بلند ہونے والا، (فتح ا) رَفْعٌ (اٹھانا، بلند کرنا) و (کرم ا) رِفْعَةٌ (قدر و درجہ میں بلند ہونا) سے، صفت مشبہ واحد مذکر۔ رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ اسماءِ حسنٰی میں سے ہے، اس کے دونوں معنی ہو سکتے ہیں یعنی بلند مرتبوں والے کے بھی اور درجوں کو بلند کرنے والے کے بھی۔(۱۵:۴۰).

رَفِيْقًا: رفیق، ساتھی/دوست، (کرم ا) رَفَاقَةٌ سے جسکے معنی رفیق اور مہربان ہونے کے ہیں، صفت مشبہ واحد مذکر، رُفَقَاءُ جمع۔ (۶۹:۴).

رَقٍّ: کاغذ، ورق، جھلی، رُقُوْقٌ جمع، [مادہ: رقق]۔(۳:۵۲).

الرِّقَابِ: گردنیں، غلام، رَقَبَةٌ کی جمع۔(۱۷۷:۲) (۶۰:۹) (۴:۴۷).

رَقَبَةٍ: گردن، جان، غلام، [مادہ: رقب]۔ (۹۲:۴، ۹۲، ۹۲) (۸۹:۵) (۳:۵۸) (۱۳:۹۰).

رُقُوْدٌ: خفتہ، سونے والے، (نصر ا) رَقْدٌ و رُقُوْدٌ (سونا) سے، اسم فاعل جمع مذکر، رَاقِدٌ کی جمع۔(۱۸:۱۸).

رَقِيْبٌ: نگہبان، خبر رکھنے والا، منتظر، محافظ، راہ دیکھنے والا، (نصر ا) رُقُوْبٌ سے جسکے معنی نگاہ رکھنے اور نگرانی کرنے کے ہیں، صفت مشبہ واحد مذکر۔ یہ اسمائے حسنٰی میں سے ہے، اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر اس کا معنی ہے، ایسا نگران کہ جس سے کوئی چیز غائب نہ ہو۔ (۹۳:۱۱) (۱۸:۵۰)، الرَّقِيْبَ (۱۱۷:۵)، رَقِيْبًا (۱:۴) (۵۲:۳۳).

رُقِيِّكَ: (رُقِيِّ.كَ) تیرا چڑھنا، رُقِيٌّ (سمع ا: رَقِيَ يَرْقٰى کا مصدر) مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۹۳:۱۷).

الرَّقِيْمِ: نوشتہ، کتبہ، لکھا ہوا، ایک شہر کا نام جو شام کے اطراف میں تھا، بعض کا قول ہے کہ اس پہاڑ کا نام جس میں کہف تھا، بعض کے نزدیک رقیم کے معنی کتابت کے ہیں یعنی ان کی غار پر کوئی کتبہ لگایا تھا اس لیے کتبہ والے کہتے ہیں۔ رَقِيْم (نصر ا) رَقْمٌ (لکھنا) سے صیغۂ صفت مفرد (مفعولی) ہے جس کے معنی ہیں لکھا ہوا یا کتاب۔ (۹:۱۸).

رِكَابٍ: اونٹ، سواری، رُكُبٌ جمع، [مادہ: رکب]۔ (۶:۵۹).

رُكَامًا: تو بر تو، تہ بہ تہ، اوپر تلے، [مادہ: رکم]۔(۴۳:۲۴).

الرَّكْبُ : کارواں، قافلہ، سوار، رَاكِبٌ کی جمع جسکے معنی سوار کے ہیں۔ رَاكِبٌ، (سمع ا) رُكُوبٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (۸: ۴۲).

رَكِبَا : وہ دونوں سوار ہوئے، (سمع) رُكُوبٌ سے، ماضی تثنیہ غائب مذکر۔(۱۸: ۷۱).

رُكْبَانًا : سوار، رَاكِبٌ کی جمع۔ رَاكِبٌ، (سمع ا) رُكُوبٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(۲: ۲۳۹).

رَكَّبَكَ : (رَكَّبَ.كَ) اس نے تجھے جوڑ دیا، تیری ترکیب دی، رَكَّبَ، (تفعیل ا) تَرْكِيبٌ (ترکیب دینا، جوڑنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔(۸۲: ۸).

رَكِبُوا : وہ سوار ہوئے، (جب) وہ سوار ہوتے ہیں، (سمع) رُكُوبٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۲۹: ۶۵).

رِكْزًا : بھنک، کھٹکا، پوشیدہ آواز، اسم ہے۔(۱۹: ۹۸).

رُكَّعًا : رکوع کرنے والے، (فتح ا) رُكُوعٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، رَاكِعٌ واحد۔(۴۸: ۲۹)، الرُّكَّعِ (۲: ۱۲۵) (۲۲: ۲۶).

رُكْنٍ : آسرا، زور، وہ جس سے قوت حاصل کی جائے، مراد قلعہ یا لشکر۔(۱۱: ۸۰).

رُكْنِهٖ : (رُكْنِ.هٖ) اس کی قوت، اس کا زور، رُكْنِ مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۵۱: ۳۹).

رَكُوبُهُمْ : (رَكُوبُ.هُمْ) ان کا سوار ہونا، رَكُوبُ (مصدر باب سمع ا) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۳۶: ۷۲).

رِمَاحُكُمْ : (رِمَاحُ.كُمْ) تمہارے نیزے، رِمَاحُ (رُمْحٌ واحد) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۵: ۹۴).

رَمَادٍ : راکھ، خاکستر، اَرْمِدَةٌ جمع، [مادہ؛ رمد]۔(۱۴: ۱۸).

رُمَّانٌ : انار، رُمَّانَةٌ واحد، [مادہ؛ رمم یا رمن]۔(۵۵: ۶۸)، الرُّمَّانَ (۶: ۹۹، ۱۴۱).

رَمٰى : اس نے پھینکا، اس نے پھینکیں، (ضرب ۹؛ رَمٰى.يَرْمِىْ) رَمْىٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۸: ۱۷).

رَمْزًا : اشارہ، ہاتھ، سر یا آنکھ سے اشارہ کرنا، مصدر (نصر، ضرب ا)، رُمُوْزٌ جمع۔(۳: ۴۱).

رَمَضَانَ : رمضان، ایک مہینے کا نام ہے، قمری مہینوں میں نواں مہینہ، رَمَضَانَاتٌ جمع، [مادہ؛ رمض]۔(سمع) رَمَضٌ کے معنی ہیں جلنا اور سوختہ ہونا، رَمَضَانُ اسی سے اسم علم ہے اور غیر منصرف ہے۔ رمضان کا مہینہ شروع سے ہی روزوں کیلئے مخصوص ہے، اس لیے اس ماہ کو رمضان یا تو اس لیے کہتے تھے کہ اس ماہ میں بھوک اور پیاس کی شدت سے سوختہ ہوتے تھے یا اس لیے کہ اس میں گناہ جل جاتے ہیں۔(۲: ۱۸۵).

رَمَيْتَ : تو نے پھینکیں، (ضرب؛ رَمٰى.يَرْمِىْ) رَمْىٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر۔(۸: ۱۷، ۱۷).

رَمِيْمٌ : استخوان بوسیدہ، گلی ہوئی ہڈی، (ضرب ۵؛ رَمَّ.يَرِمُّ) رَمٌّ و رِمَّةٌ (ہڈیوں کا بوسیدہ ہونا) سے، صفت مشبہ مفرد، رِمَامٌ جمع۔(۳۶: ۷۸)، الرَّمِيْمِ (۵۱: ۴۲).

رَوَاحُهَا : (رَوَاحُ.هَا) اس کی شام، اس کی شام کی سیر، اس کی شام کی منزل، رَوَاحُ (نصر ۱؛ رَاحَ.يَرُوْحُ کا مصدر ہے جس کے معنی شام کرنے اور شام کے وقت چلنے کے ہیں، [مادہ؛ روح]) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۳۴: ۱۲).

رَوَاسِيَ : جمے ہوئے، ٹھہرے ہوئے، بوجھ، پہاڑ، رَاسِيَةٌ کی جمع۔ رَاسِيَةٌ؛ (نصر ۷) رُسُوٌّ سے، اسم فاعل واحد مؤنث، [مادہ؛ رسو]۔ (۱۳: ۳) (۱۵: ۱۹) (۱۶: ۱۵) (۲۱: ۳۱) (۲۷: ۶۱) (۳۱: ۱۰) (۴۱: ۱۰) (۵۰: ۷) (۷۷: ۲۷).

رَوَاكِدَ : ٹھہری ہوئیں، ایستادہ، تھمی ہوئیں، (نصر ا) رُكُوْدٌ سے جس کے معنی اپنی جگہ پر برقرار رہنے اور اپنے مقام پر ٹھہر جانے کے ہیں، اسم فاعل جمع مذکر، رَاكِدٌ واحد۔ رُكُوْد کا استعمال عام طور پر

کشتی، ہوا، پانی، ترازو اور آفتاب کے لیے ہوتا ہے۔(۴۲ : ۳۳).

رَوْحٌ: فیض، رحمت، راحت، ہوا لگنا، تیز ہوا والا ہونا، خوشی سے کسی کام کی طرف متوجہ ہونا، مصدر ہے (نصر۱؛ رَاحَ.يَرُوْحُ، و سمع۸؛ رَاحَ.يَرَاحُ کا)۔(۵۶ : ۸۹)، رَوْحِ (۱۲ : ۸۷، ۸۷).

رُوْحٌ: جان، وحی، قرآن، فیض غیبی، فرشتہ (جبریلؑ)، مذکر و مؤنث دونوں طرح مستعمل ہے، اَرْوَاحٌ جمع۔ (۴ : ۱۷۱)، رُوْحٍ (۵۸ : ۲۲)، رُوْحِ (۲ : ۸۷، ۲۵۳) (۵ : ۱۱۰)، رُوْحُ (۱۶ : ۱۰۲)، الرُّوْحِ (۱۶ : ۲) (۱۷ : ۸۵)، الرُّوْحَ (۴۰ : ۱۵)، الرُّوْحُ (۱۷ : ۸۵) (۲۶ : ۱۹۳) (۷۰ : ۴) (۷۸ : ۳۸) (۹۷ : ۴)، رُوْحًا (۴۲ : ۵۲).

رُوْحِنَا: (رُوْحِ.نَا) ہماری روح، رُوْحِ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (۲۱ : ۹۱) (۶۶ : ۱۲)، رُوْحَنَا (۱۹ : ۱۷).

رُوْحِهٖ: (رُوْحِ.هٖ) اس کی روح، رُوْحِ مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۳۲ : ۹).

رُوْحِيْ: (رُوْحِ.يْ) میری روح، رُوْحِ مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔(۱۵ : ۲۹) (۳۸ : ۷۲).

رَوْضٰتِ: باغات، سبزہ زار، (مضاف)، رَوْضَةٌ واحد [مادہ؛ روض]۔(۴۲ : ۲۲).

رَوْضَةٍ: باغ، سبزہ زار، واحد ہے، رَوْضٰتٌ و رِيَاضٌ جمع، [مادہ؛ روض]۔(۳۰ : ۱۵).

الرَّوْعُ: خوف، ڈر، دہشت، گھبرانا، (نصر۶) رَاعَ.يَرُوْعُ کا مصدر۔(۱۱ : ۷۴).

الرُّوْمُ: قوم روم، رومی، [مادہ؛ روم]۔(۳۰ : ۲).

رُوَيْدًا: تھوڑے دن، چند روز، تھوڑی سی مہلت، یہ (نصر۶) رَوْدٌ کی تصغیر ہے جس کے معنی آہستہ آہستہ چلنے اور منزل تلاش کرنے کے ہیں، اور بطور اسم اس کے معنی مہلت کے ہیں۔(۸۶ : ۱۷).

رِهٰنٌ: گرو، رہن، گروی رکھی ہوئی چیز، یہ رَهْنٌ کی جمع بھی ہے، باب مفاعلہ سے مصدر بھی ہے بمعنی گروی رکھنا، شرط لگانا، اور بروزن فعال بمعنی مفعول صیغہ صفت بھی ہے، [مادہ؛ رهن]۔(۲ : ۲۸۳).

الرَّهْبِ: ڈر، ڈرنا، مصدر ہے (باب سمع ا)۔(۲۸ : ۳۲).

رَهَبًا: خوف، ڈر، ڈرنا، مصدر ہے (باب سمع ا)۔(۲۱ : ۹۰).

رُهْبَانًا: اہل کتاب کے زاہدان/ زاہد لوگ، رَاهِبٌ کی جمع۔ رَاهِبٌ (سمع ا) رَهْبٌ و رَهْبَةٌ (ڈرنا، خوف کھانا) سے اسم فاعل کا صیغہ ہے جس کے معنی لوگوں سے کنارہ کش ہو کر گرجا میں عزلت نشین کے یا تنہائی اختیار کرنے والے کے ہیں۔ (۵ : ۸۲)، الرُّهْبَانِ (۹ : ۳۴).

رُهْبَانَهُمْ: (رُهْبَانَ.هُمْ) ان کے درویش، ان کے زاہد لوگ، رُهْبَانَ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۹ : ۳۱).

رَهْبَانِيَّةً: دنیا چھوڑنا، گوشہ نشینی، یعنی کھانا پینا، لباس اور نکاح ترک کرنا، فرطِ خوف سے عبادت کی بجا آوری میں غلو کرنا، [مادہ؛ رهب]۔(۵۷ : ۲۷).

رَهْبَةً: ڈر، رعب، ہیبت، ایسا خوف جس میں بچاؤ کا خیال اور اضطراب موجود ہو، مصدر ہے (باب سمع ا؛ رَهِبَ.يَرْهَبُ کا)۔ (۵۹ : ۱۳).

رَهْطٍ: نفر، شخص، قبیلہ، برادری، بھائی بند، اَرْهَاطٌ جمع۔ (۲۷ : ۴۸).

رَهْطُ: قبیلہ، خاندان/ بھائی بند، نفر، (مضاف)، اَرْهُطٌ و اَرْهَاطٌ جمع۔ **رَهْطُكَ**: تیرا قبیلہ، اس میں كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ ہے۔(۱۱ : ۹۱). **رَهْطِيْ**: میرا خاندان/قبیلہ، اس میں ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ ہے۔(۱۱ : ۹۲).

رَهَقًا: سرکشی، تکبر، زیادتی، سر چڑھنا، ظلم کرنا، (سمع ا) رَهِقَ.يَرْهَقُ کا مصدر۔(۷۲ : ۶، ۱۳).

رَهْوًا: خشک، تھا ہوا، ساکن، تھمنا، مصدر (نصر۷؛ رَهَا.يَرْهُوْ کا)۔(۲۴:۴۴)۔

رَهِيْنٌ: گرو، گرفتار، پھنسا ہوا، (فتح ۱) رَهْنٌ سے بمعنی مرہون صیغۂ صفت مفرد۔(۲۱:۵۲)۔

رَهِيْنَةٌ: گرو، گروی رکھی ہوئی چیز، (فتح) رَهْنٌ سے صیغۂ صفت مفرد۔ بعض نے اس کو بمعنی فاعل لیا ہے؛ ثابت رہنے والی، قیام کرنے والی۔ اور بعض نے اس کو بمعنی مفعول لیا؛ رکی ہوئی، یعنی ہر جان اپنے گزشتہ اعمال کی پاداش میں رکی ہوئی ہے۔ اور بعض نے کہا کہ رهينة اصل میں مصدر ہے نہ کہ صیغۂ صفت۔(۳۸:۷۴)۔

الرِّيٰحُ: ہوائیں، رِيْحٌ کی جمع، اسم مؤنث، [مادہ؛ روح]۔ (۴۵:۱۸)، الرِّيٰحِ (۱۶۴:۲) (۵:۴۵)، الرِّيٰحَ (۵۷:۷) (۲۲:۱۵) (۴۸:۲۵) (۶۳:۲۷) (۴۸:۳۰) (۹:۳۵) الرِّيٰحَ (۴۶:۳۰)۔

رَيْبٌ: شک وشبہ، گمان، شک میں ڈالنا، (ضرب۸) رَابَ.يَرِيْبُ کا مصدر ہے۔(۲۳:۲) (۵:۲۲)، رَيْبَ (۲:۲) (۹:۳، ۲۵) (۸۷:۴) (۱۲:۶) (۳۷:۱۰) (۹۹:۱۷) (۲۱:۱۸) (۷:۲۲) (۲:۳۲) (۵۹:۴۰) (۷:۴۲) (۲۶:۴۵، ۳۲) (۳۰:۵۲)۔

رِيْبَةً: شک، شبہ، [مادہ؛ ریب]۔(۱۱۰:۹)۔

رَيْبِهِمْ: (رَيْبِ.هِمْ) ان کا شک، رَيْبِ مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۴۵:۹)۔

رِيْحٌ: ہوا، بو، وہ ہوا جو زمین وآسمان کے درمیان مسخر ہے ریح کہلاتی ہے، اسم واحد مؤنث، اَرْوَاحٌ ورِيَاحٌ جمع، [مادہ؛ روح]۔ (۲۲:۱۰) (۲۴:۴۶)، رِيْحٍ (۱۱۷:۳) (۲۲:۱۰) (۶:۶۹)، رِيْحَ (۹۴:۱۲)، الرِّيْحِ (۶۹:۱۷)، الرِّيْحَ (۸۱:۲۱) (۱۲:۳۴) (۳۶:۳۸) (۳۳:۴۲) (۴۱:۵۱)، الرِّيْحُ (۱۸:۱۴) (۳۱:۲۲) (۵۱:۳۰)، رِيْحًا (۹:۳۳) (۱۶:۴۱) (۱۹:۵۴)۔

رَيْحَانٌ: خوشبودار پھول، روزی، خوشبودار گھاس، رَيَاحِيْنُ جمع، [مادہ؛ روح]۔(۸۹:۵۶)، الرَّيْحَانُ (۱۲:۵۵)۔

رِيْحُكُمْ: (رِيْحُ.كُمْ) تمہاری ہوا، رِيْحُ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ مفسرین نے اس کے مختلف معانی بیان کیے ہیں، مثلاً تمہاری قوت، تمہاری نصرت، تمہاری جرأت وکوشش وغیرہ۔ عام معنی یہی ہے جو اوپر لکھا گیا ہے جس سے مراد رعب و دبدبہ یا ساکھ یا عزت ہے۔(۴۶:۸)۔

رِيْشًا: رونق، زینت، آرائش، مال۔(۲۶:۷)۔

رِيْعٍ: ٹیلا، بلند زمین، مکان مرتفع جو دور سے ظاہر ہو، رُيُوْعٌ و اَرْيَاعٌ جمع۔(۱۲۸:۲۶)۔

ز

الزّٰجِرٰتِ: ڈانٹنے والیاں، منع کرنے والیاں، (نصر۱) زَجْرٌ سے، اسم فاعل جمع مؤنث (بحالت نصب وجر)، زَاجِرَةٌ واحد۔ اکثر مفسرین کے نزدیک یہ فرشتوں کی صفت ہے جو بادلوں کو ڈانٹ کر ہنکاتے اور شیطانوں کو جھڑکتے رہتے ہیں، چونکہ لفظ ملائکہ مؤنث ہے اس مناسبت سے صفت بھی مؤنث ہوئی، اور بعض مفسرین کے نزدیک زاجرات سے وہ نواہی مراد ہیں جن سے قرآن نے سختی سے منع فرمایا ہے۔(۲:۳۷)۔

الزَّادِ: توشہ، سفر خرچ، اس کی تعریف میں یہ ہے کہ آدمی کو جس کی احتیاج یا طلب ہو اس سے زائد ذخیرہ کو زاد کہتے ہیں، اَزْوَادٌ جمع، [مادہ؛ زود]۔(۱۹۷:۲)۔

زَادَتْهُ: (زَادَتْ.هُ) اس نے اس کو زیادہ کیا/ اس کو بڑھایا، زَادَتْ، (ضرب) زِيَادَةٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)، [مادہ؛ زید]۔(۱۲۴:۹)۔

زَادَتْهُمْ: (زَادَتْ.هُمْ) اس نے ان کو زیادہ کیا، اس نے ان کو

بڑھادیا، زَادَتْ، (ضرب) زِیَادَۃٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (٨:٢) (٩:١٢٤، ١٢٥).

زَادَكُمْ: (زَادَ. كُمْ) اس نے تم کو زیادہ دیا، اس نے تم کو بڑھایا، زَادَ، (ضرب) زِیَادَۃٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (٧:٦٩).

زَادُوْكُمْ: (زَادُوْا. كُمْ) انہوں نے تم کو زیادہ دیا، انہوں نے تمہارے لیے زیادہ کیا، زَادُوْا، (ضرب) زِیَادَۃٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (٩:٤٧).

زَادُوْهُمْ: (زَادُوْا. هُمْ) انہوں نے ان کو زیادہ دیا، انہوں نے ان کو زیادہ کیا، زَادُوْا، (ضرب) زِیَادَۃٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (١١:١٠١) (٧٢:٦).

زَادَهٗ: (زَادَ. هٗ) اس نے اس کو زیادہ دیا، اس نے اس کو بڑھایا، زَادَ، (ضرب) زِیَادَۃٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (٢:٢٤٧).

زَادَهُمْ: (زَادَ. هُمْ) اس نے ان کو زیادہ دیا/ ان کو بڑھایا، زَادَ، (ضرب) زِیَادَۃٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (٢:١٠) (٣:١٧٣) (٢٥:٦٠) (٣٣:٢٢) (٣٥:٤٢) (٤٧:١٧).

الزّٰرِعُوْنَ: کھیتی کرنے والے، (فتح ۱) زَرْعٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، زَارِعٌ واحد۔ (٥٦:٦٤).

زَاغَ: وہ بہکا، وہ کج ہوا، (ضرب ۸؛ زَاغَ. یَزِیْغُ) زَیْغٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (٥٣:١٧).

زَاغَتْ: وہ چوک گئی/ بہک گئی، (ضرب) زَیْغٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔ (٣٣:١٠) (٣٨:٦٣).

زَاغُوْا: وہ پھر گئے، وہ کج ہو گئے، (ضرب) زَیْغٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (٦١:٥).

زَالَتْ: وہ زائل ہوئی، (سمع ۹؛ زَالَ. یَزَالُ) زَیْلٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔ **مَازَالَتْ:** وہ ہمیشہ رہی، افعال ناقصہ میں سے ہے۔ (٢١:١٥).

زَالَتَا: وہ دونوں ٹل گئیں، وہ دونوں اپنے مقام سے ہٹ گئیں، (نصر ٦؛ زَالَ. یَزُوْلُ) زَوَالٌ سے، ماضی تثنیہ غائب مؤنث۔ (٣٥:٤١).

زَانٍ: زنا کرنے والا مرد، (ضرب ۹؛ زَنٰی. یَزْنِیْ) زِنًا سے، اسم فاعل واحد مذکر (اسم منقوص، بحالت رفع و جر)، [مادہ؛ زنی]۔ (٢٤:٣).

الزَّانِیْ: زنا کرنے والا، (ضرب) زِنًا سے، اسم فاعل واحد مذکر (اسم منقوص معرف باللام، بحالت رفع و جر)، **الزَّانِیَۃُ** مؤنث۔ (٢٤:٢، ٣).

زَانِیَۃً: زنا کرنے والی، زانیہ، (ضرب) زِنًا سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔ (٢٤:٣)، الزَّانِیَۃُ (٢٤:٢، ٣).

الزّٰهِدِیْنَ: بیزار، (سمع، فتح، کرم ۱) زُهْدٌ و زَهَادَۃٌ سے جسکے معنی بے رغبت/ بیزار ہونے اور تھوڑے پر راضی ہو جانے کے ہیں، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، زَاهِدٌ واحد۔ (١٢:٢٠).

زَاهِقٌ: مٹ جانے والا، زائل ہونے والا، (فتح ۱) زَهْقٌ و زُهُوْقٌ (باطل کا مٹنا) سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (٢١:١٨).

الزَّبَانِیَۃَ: دوزخ کے فرشتے، دھکیلنے والے، سپاہی، یہ (ضرب ۱) زَبْنٌ (ہٹانا، ایک طرف کرنا، دھکیلنا) سے ماخوذ ہے، زِبْنِیَۃٌ واحد۔ (٩٦:١٨).

زَبَدٌ: جھاگ، اسم ہے۔ (١٣:١٧)، الزَّبَدُ (١٣:١٧)، زَبَدًا (١٣:١٧).

زُبَرَ: لوہے کے تختے، لوہے کے بڑے بڑے ٹکڑے، زُبْرَۃٌ کی جمع، زُبْرَۃٌ لوہے کے ایک بڑے ٹکڑے کو کہتے ہیں۔ (١٨:٩٦).

زُبُرٌ: کتابیں، اوراق، تختیاں، صحیفے، زَبُوْرٌ کی جمع۔ (٢٦:١٩٦)، الزُّبُرِ (٣:١٨٤) (١٦:٤٤) (٣٥:٢٥)

(۵۴:۴۳، ۵۲).

زُبُرًا: ٹکڑے ٹکڑے، پارہ پارہ، زُبْرَۃٌ کی جمع۔ زُبْرَۃٌ اصل میں تو لوہے کے ایک بڑے ٹکڑے کو کہتے ہیں لیکن کنایۃً محض ٹکڑے کیلئے بھی اس کا استعمال ہوتا ہے۔ (۲۳:۵۳).

الزَّبُوْرِ: کتاب، جو حضرت داؤدؑ پر نازل ہوئی۔ لغوی معنی ہے: کتاب، صحیفہ، لکھا ہوا، (ضرب، فتح ا) زَبْرٌ (لکھنا) سے، صیغۂ صفت مفعولی۔ بعض کے نزدیک زبور سے مراد وہ آسمانی کتاب ہے جس میں صرف حکمت اور دانائی کی باتیں بیان کی گئی ہوں اور احکام شریعت نہ ہوں۔ اور ''کتاب'' وہ ہے جس میں دونوں باتیں ہوں۔ گویا قرآن میں جہاں زُبُر آیا ہے وہاں اس سے مراد صرف نصیحتوں اور حکمتوں کا مجموعہ ہے، اسی طرح زَبُور جو حضرت داؤدؑ پر نازل شدہ کتاب کیلئے آیا ہے، بھی اصل میں اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کی منظوم و مُسجّع عبارتوں سے لبریز اور حکمت و موعظت کا ایک دل پذیر مجموعہ تھی کہ جب حضرت داؤدؑ اپنی سریلی آواز میں اسے پڑھتے تو جن و انس اور چرند پرند سب وجد میں آجاتے۔ زبور کے ڈیڑھ سو حصے تھے اور اب جو موجودہ شکل میں دستیاب ہے یہ بھی ایک سو پچاس حصوں میں ہی منقسم ہے لیکن یہ وہ اصلی زبور نہیں جو حضرت داؤدؑ پر نازل ہوئی تھی بلکہ تحریف شدہ ہے۔ (۲۱:۱۰۵)، زَبُوْرًا (۴:۱۶۳) (۱۷:۵۵).

زُجَاجَۃٍ: شیشہ، زُجَاجٌ جمع، [مادہ؛ زجج]۔ (۲۴:۳۵)، الزُّجَاجَۃُ (۲۴:۳۵).

زَجْرًا: جھڑکنا، ڈانٹنا، مصدر ہے (باب نصر ا)۔ (۳۷:۲).

زَجْرَۃٌ: جھڑکی، ڈانٹ، ایک بار جھڑکنا، زَجْرٌ سے مصدر مرۃ۔ (۳۷:۱۹) (۷۹:۱۳).

زُحْزِحَ: بچالیا گیا، سرکا دیا گیا، وہ ہٹا دیا گیا، (فعللہ ۲) زَحْزَحَۃٌ سے جسکے معنی دور کرنے کے ہیں، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔ (۳:۱۸۵).

زَحْفًا: میدان جنگ، لشکر کثیر، گھمسان کی لڑائی، کثیر لشکر کا دھیرے دھیرے آگے بڑھنا، مصدر (فتح ا؛ زَحَفَ. یَزْحَفُ کا)۔ (۸:۱۵).

زُخْرُفٍ: ملمع/ملمع شدہ، سنہری، سونا، آراستہ، زینت۔ کسی چیز کے کمال حسن کو زخرف کہتے ہیں، اس لیے سونے کو بھی زخرف کہتے ہیں، اگر کسی کے قول کیلئے استعمال ہو تو جھوٹ سے آراستہ کرنے اور ملمع کی باتیں کرنے کے لیے اس کا استعمال ہوتا ہے، [مادہ؛ زخرف]۔ (۱۷:۹۳)، زُخْرُفَ (۶:۱۱۲)، زُخْرُفًا (۴۳:۳۵).

زُخْرُفَهَا: (زُخْرُفَ. هَا) اس کی زینت، اس کی خوشنمائی، اس کی رونق، زُخْرُفَ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۱۰:۲۴).

زِدْ: تو زیادہ کر، (ضرب) زِیَادَۃٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، [مادہ؛ زید]۔ (۷۳:۴).

زِدْنٰهُمْ: (زِدْنَا. هُمْ) ہم نے ان کو بڑھایا/ انہیں زیادہ دیا، زِدْنَا، (ضرب) زِیَادَۃٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۱۶:۸۸) (۱۷:۹۷) (۱۸:۱۳).

زِدْنِیْ: (زِدْ. نِیْ) تو مجھے زیادہ کر/ میرے لیے اضافہ کر، مجھے زیادہ دے، مجھے بڑھتی دے، زِدْ، (ضرب) زِیَادَۃٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔ (۲۰:۱۱۴).

زِدْهُ: (زِدْ. هُ) تو اسے زیادہ کر دے، تو اس کیلئے بڑھا دے، زِدْ، (ضرب) زِیَادَۃٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۳۸:۶۱).

زَرَابِیُّ: مخمل کے فرش/ نہالچے، نفیس مسندیں، زِرْبِیٌّ واحد، [مادہ؛ زرب]۔ (۸۸:۱۶).

الزُّرَّاعَ: کاشتکار، کھیتی والے، (فتح ا) زَرْعٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، زَارِعٌ واحد۔ (۴۸:۲۹).

زُرْتُمْ: تم نے جا دیکھا/ جا دیکھیں، تم نے زیارت کی، (نصر ۶؛ زَارَ. یَزُوْرُ) زِیَارَۃٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (۱۰۲:۲).

زَرْعٌ: کھیتی، کھیتی کرنا/ اگانا، (فتح۱) زَرَعَ.یَزْرَعُ کا مصدر ہے۔ (٤:١٣)، زَرْعٍ (٣٧:١٤) (٢٩:٤٨)، الزَّرْعَ (١٤١:٦) (١١:١٦)، زَرْعًا (٣٢:١٨) (٢٧:٣٢) (٢١:٣٩).

زُرْقًا: نیلی آنکھوں والے، کبود چشم، اَزْرَقُ کی جمع جو (سمع۱) زُرْقَةٌ سے ہے جس کے معنی نیلگوں ہونے کے ہیں، صفت مشبہ (مذکر)۔ (١٠٢:٢٠).

زُرُوْعٍ: کھیتیاں، زَرْعٌ واحد۔ (١٤٨:٢٦) (٢٦:٤٤).

زَعَمَ: اس نے دعویٰ کیا، (نصر، فتح) زَعْمٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (٧:٦٤).

زَعَمْتَ: تو نے کہا، تو نے خبر دی، (نصر، فتح) زَعْمٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر۔ (٩٢:١٧).

زَعَمْتُمْ: تم نے خبر دی، تم نے سمجھا، تم نے دعویٰ کیا، (نصر، فتح۱) زَعْمٌ و زُعْمٌ سے جسکے معنی ہیں کوئی بات کہنا، اس کا استعمال زیادہ تر شکی یا جھوٹی باتوں میں ہوتا ہے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (٩٤:٦) (٥٦:١٧) (٤٨:١٨، ٥٢) (٢٢:٣٤) (٦:٦٢).

زَعْمِهِمْ: (زَعْمِ.هِمْ) ان کا خیال/ گمان، ان کا دعویٰ کرنا، زَعْمِ (شکی اور جھوٹی باتوں میں اس کا استعمال زیادہ ہے، مصدر ہے، نصر، فتح) مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (١٣٦:٦، ١٣٨).

زَعِيْمٌ: کفیل، ضامن، سردار، جواب دہ، دعویٰ کرنے والا، (نصر، فتح۱) زَعْمٌ و زَعَامَةٌ سے جسکے معنی کفیل و ضامن ہونے اور سردار ہونے کے ہیں یا زَعْمٌ و زُعْمٌ سے جسکے معنی کہنے اور دعویٰ کرنے کے ہیں، صیغۂ صفت (واحد مذکر)، زُعَمَاءُ جمع۔ (٧٢:١٢) (٤٠:٦٨).

زَفِيْرٌ: چلانا، آگ بھڑکنے کی آواز سنائی دینا، (ضرب۱) زَفَرَ.يَزْفِرُ کا مصدر ہے۔ (١٠٦:١١) (١٠٠:٢١)، زَفِيْرًا (١٢:٢٥).

زَقُّوْمٍ: تھوہر، جہنم کے ایک درخت کا نام ہے جو دوزخیوں کی غذا بنے گا، جب اس کو کھائیں گے گلے میں پھنسے گا، [مادہ؛ زقم]۔ صحیح حدیث میں آیا ہے کہ اگر زقوم کا ایک قطرہ بھی دنیا کے سمندروں میں ڈال دیا جائے تو زمین پر بسنے والوں کی زندگیاں خراب کر ڈالے، پھر جس کی یہ غذا ہے...... اس کا تو پوچھنا ہی کیا۔ (٥٢:٥٦)، الزَّقُّوْمِ (٦٢:٣٧) (٤٣:٤٤).

زَكٰوةٍ: پاکیزگی، ستھرائی، یہ (تفعیل۱۰) تَزْكِيَةٌ سے اسم ہے، [مادہ؛ زکو]۔ زکٰوۃ اس افزونی (یعنی نشو نما، پھیلنا اور بڑھنا) کو بھی کہتے ہیں جو اللہ کی برکت سے حاصل ہوتی ہے۔ زکٰوۃ: مال کا وہ حصہ جو مال کو پاکیزہ کرنے کیلئے نکالتے ہیں، شرعاً سال میں ایک دفعہ چالیسواں حصہ اس مال میں سے جس پر نصاب کے مطابق زکٰوۃ فرض ہو۔ (٣٩:٣٠)، زَكٰوةً (٨١:١٨) (١٣:١٩)، الزَّكٰوةِ (٣١:١٩، ٥٥) (٧٣:٢١) (٤:٢٣) (٣٧:٢٤)، الزَّكٰوةَ (٤٣:٢، ٨٣، ١١٠، ١٧٧، ٢٧٧) (٧٧:٤، ١٦٢) (١٢:٥، ٥٥) (١٥٦:٧) (٥:٩، ١١، ١٨، ٧١) (٤١:٢٢، ٧٨) (٥٦:٢٤) (٣:٢٧) (٤:٣١) (٣٣:٣٣) (٧:٤١) (١٣:٥٨) (٢٠:٧٣) (٥:٩٨).

زَكٰى: وہ سنورا، وہ پاک ہوا، (نصر؛ زَكَا.يَزْكُوْ) زَكَاءٌ سے جس کے معنی درست ہونے، سنورنے اور زیادہ ہونے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔ (٢١:٢٤).

زَكّٰىهَا: (زَكّٰى.هَا) اس نے اس کو سنوارا، زَكّٰى، (تفعیل) تَزْكِيَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)، [مادہ؛ زکو]۔ (٩:٩١).

زَكَرِيَّا: زکریا علیہ السلام، انبیاء بنی اسرائیل میں مشہور نبی گزرے ہیں، حضرت یحییٰ علیہ السلام کے والد تھے اور حضرت عیسیٰؑ کی والدہ ماجدہ حضرت مریم کی کفالت آپ کے ہی ذمہ تھی۔ حدیث میں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، حضرت زکریاؑ نجار (بڑھئی) تھے۔ زکریا عجمی نام ہے۔ (٣٧:٣، ٣٧، ٣٨) (٨٥:٦) (٢:١٩، ٧) (٨٩:٢١).

زَكِيًّا: ستھرا، عمدہ/ گناہوں سے پاک نشوونما پانے والا، (نصر) زَكَاءٌ سے، صفت مشبہ واحد مذکر، [مادہ؛ زکو]۔(۱۹:۱۹).

زَكِيَّةً: ستھری، عمدہ/ پاک، (نصر) زَكَاءٌ سے، صفت مشبہ واحد مؤنث۔(۱۸:۷٤).

زِلْتُمْ: تم الگ رہے، تم علیٰحدہ رہے، (سمع۹؛ زَالَ۔یَزَالُ) زَيْلٌ (ہٹنا، الگ ہونا) سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔مَا زِلْتُمْ تم برابر رہے، تم مسلسل رہے، افعال ناقصہ میں سے ہے، اس کا استعمال کسی شے کے مسلسل اور دائمی حالت میں رہنے کے لیے ہوتا ہے۔ (٤٠:٣٤).

زِلْزَالًا: جھڑجھڑانا، لرزا دینا، ہلا ڈالنا، (فعللہ۲) زَلْزَلَ۔یُزَلْزِلُ کا مصدر ہے۔(۳۳:۱۱).

زِلْزَالَهَا: (زِلْزَالَ۔ هَا) اس کا بھونچال/ زلزلہ، اس کا ہلا دینا، زِلْزَالَ (مصدر؛ باب فعللۃ) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۹۹:۱).

زَلْزَلَةَ: زلزلہ، لرزا دینا، ہلا ڈالنا، (فعللہ۲) زَلْزَلَ۔یُزَلْزِلُ کا مصدر ہے۔(۲۲:۱).

زُلْزِلَتْ: وہ ہلائی گئی، اسے لرزایا گیا، (فعللۃ) زَلْزَلَةٌ و زِلْزَالٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث۔(۹۹:۱).

زُلْزِلُوْا: جھرجھرائے، وہ ہلائے گئے، ہلا ڈالے گئے، (فعللہ) زَلْزَلَةٌ و زِلْزَالٌ سے، ماضی مجہول جمع غائب مذکر۔(۲:۲۱٤) (۳۳:۱۱).

زُلَفًا: رات کی گھڑیاں/ رات کے حصے، ساعات شب، زُلْفَةٌ کی جمع۔(۱۱:۱۱٤).

زُلْفٰى: درجہ، مرتبہ، نزدیکی، قرب، قدر و منزلت، [مادہ؛ زلف]۔ (۳٤:۳۷) (۳۸:۲۵، ٤٠) (۳۹:۳).

زُلْفَةً: نزدیک، قریب، پاس، [مادہ؛ زلف]۔(٦٧:۲۷).

زَلَقًا: صاف، ایسا صاف کہ جس پر پیر پھسلنے لگے، پھسلنا، مصدر ہے (ضرب وسمع؛ زَلَقَ۔یَزْلَقُ کا)۔(۱۸:٤٠).

زَلَلْتُمْ: تم نے لغزش کی/ ٹھوکر کھائی، تم ڈگمگائے، (ضرب۵؛ زَلَّ۔یَزِلُّ) زَلٌّ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(۲:۲۰۹).

زُمَرًا: جتھے جتھے، گروہ در گروہ، جوق جوق، زُمْرَةٌ واحد۔ (۳۹:۷۱، ۷۳).

زَمْهَرِيْرًا: سخت ٹھنڈ، چاند؛ اس کا معنی چاند بھی آتا ہے یعنی جنت تاباں و درخشاں ہے، وہاں نہ آفتاب کی حاجت ہے نہ ماہتاب کی، [مادہ؛ زمھر]۔(۷٦:۱۳).

الزِّنٰى: زنا، بدکاری، زنا کرنا، (ضرب۹) زَنٰى۔یَزْنِیْ کا مصدر۔ (۱۷:۳۲).

زَنْجَبِيْلًا: سونٹھ، سوکھی ادرک۔سونٹھ ان چیزوں میں سے ہے جن کو عرب گرم ہونے کے اعتبار سے پسند کرتے ہیں۔لہٰذا حق تعالیٰ نے وعدہ فرمایا کہ جنت میں ان کو وہ پیالے پلائے جائیں گے جن میں جنت کی سونٹھ کی ملونی ہوگی۔یہ دنیا کی سونٹھ کی طرح نہ ہوگی۔ زنجبیل جنت کا ایک چشمہ ہے جس میں سونٹھ کا مزہ ہوگا۔ (۷٦:۱۷).

زِنُوْا: تم تولو/ وزن کرو، (ضرب٦؛ وَزَنَ۔یَزِنُ) وَزْنٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(۱۷:۳۵) (۲٦:۱۸۲).

زَنِيْمٍ: بدنام، جو کسی بری عادت سے بدنام ہو، وہ شخص جو کسی قوم میں اپنے کو ملائے لیکن نہ ان میں سے ہو نہ ان کے ساتھ ہو، [مادہ؛ زنم]۔(٦٨:۱۳).

زَوَالٍ: زائل ہونا، اپنی جگہ سے ہٹ جانا، (نصر٦) زَالَ۔یَزُوْلُ کا مصدر ہے۔زوال کا استعمال اس چیز سے متعلق ہوتا ہے جو پہلے سے قائم ہو۔(۱٤:٤٤).

زَوْجٍ: خاوند، بیوی، جوڑا (ایک فرد، بعض صورتوں میں دونوں فرد مراد ہوتے ہیں)، قسم قسم، زوج وہ شکل ہے جس کی کوئی نظیر ہو جیسے کہ اَصناف و اَلوان یعنی مختلف قسمیں اور رنگ ہیں یا اس کی کوئی نقیض ہو،

جیسے خشک وتر، نر و مادہ، شب و روز، شیریں و تلخ وغیرہ، اَزْوَاجٌ جمع۔ (۲۰:٤، ۲۰) (۵:۲۲) (۷:۲٦) (۱۰:۳۱) (۷:۵۰)، زَوْجًا (۲:۲۳۰).

زَوْجٰنِ: جوڑا (دونوں فرد، اور بعض صورتوں میں دو جوڑے یعنی چار فرد مراد ہوتے ہیں)، قسم قسم، دو دو قسم کے، دو طرح کے، وہ دو شکلیں جن میں سے ہر ایک دوسرے کا نظیر ہو یا نقیض ہو، زَوْجٌ کا تثنیہ (بحالت رفع)۔ (۵۵:۵۲).

زُوِّجَتْ: اس کا جوڑ ملا دیا گیا، وہ ملائی گئی، (تفعیل ۸؛ زَوَّجَ. یُزَوِّجُ) تَزْوِیْجٌ (ملانا، نکاح کرنا/ کرانا) سے، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث، [مادہ؛ زوج]۔ (۸۱:۷).

زَوْجُكَ: (زَوْجُ.كَ) تیری بیوی/ عورت، تیرا جوڑا، زَوْجُ مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۲:۳۵) (۷:۱۹)، زَوْجِكَ (۲۰:۱۱۷)، زَوْجَكَ (۳۳:۳۷).

زَوَّجْنٰكَهَا: (زَوَّجْنَا.كَ.هَا) ہم نے وہ تیرے نکاح میں دے دی، ہم نے تیرا اس سے نکاح کر دیا، زَوَّجْنَا، (تفعیل) تَزْوِیْجٌ سے، ماضی جمع متکلم، كَ ضمیر مفعول اول (واحد حاضر مذکر)، هَا ضمیر مفعول دوم (واحد غائب مؤنث)۔ (۳۳:۳۷).

زَوَّجْنٰهُمْ: (زَوَّجْنَا.هُمْ) ہم نے ان کو بیاہ دیا، زَوَّجْنَا، (تفعیل) تَزْوِیْجٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (٤٤:٥٤) (۵۲:۲۰).

زَوْجِهٖ: (زَوْجِ.هٖ) اس کی بیوی/عورت، اس کا جوڑا، زَوْجِ مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۲:۱۰۲)، زَوْجَهٗ (۲۱:۹۰).

زَوْجِهَا: (زَوْجِ.هَا) اس کا جوڑا، اس کا شوہر، زَوْجِ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۵۸:۱)، زَوْجَهَا (٤:۱) (۷:۱۸۹) (۳۹:٦).

زَوْجَیْنِ: جوڑا (دونوں فرد، اور بعض صورتوں میں دو جوڑے یعنی چار فرد مراد ہوتے ہیں)، جوڑا جوڑا، زَوْجٌ کا تثنیہ بحالت نصب و جر۔ (۱۱:٤۰) (۱۳:۳) (۲۳:۲۷) (۵۱:٤۹)، الزَّوْجَیْنِ (۵۳:٤۵) (۷۵:۳۹).

الزُّوْرِ: جھوٹ۔ الزُّوْرِ (۲۲:۳۰)، الزُّوْرَ (۲۵:۷۲)، زُوْرًا (۲۵:٤) (۵۸:۲).

زَهْرَةَ: رونق، خوبی، تازگی، سرسبزی، زینت، بہار، اصل میں کلی جب کھل جاتی ہے تو زهرة کہلاتی ہے اور اسی مناسبت سے دنیا کی زیب و زینت کے لیے استعمال ہوتا ہے، [مادہ؛ زھر]۔ (۲۰:۱۳۱).

زَهَقَ: وہ نکل بھاگا، وہ مٹ گیا/ نابود ہو گیا، (فتح ۱) زُهُوْقٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۱۷:۸۱).

زَهُوْقًا: نکل بھاگنے والا، مٹ جانے والا، (فتح) زُهُوْقٌ سے، صیغہ صفت مفرد۔ (۱۷:۸۱).

زِیَادَةٌ: زیادتی، بڑھتی، زیادہ ہونا/ زیادہ کرنا، یہ (ضرب ۸) زَادَ.یَزِیْدُ کا مصدر ہے، [مادہ؛ زید]۔ (۹:۳۷) (۱۰:۲٦).

الزَّیْتُوْنِ: زیتون کا درخت، زیتون (پھل)، [مادہ؛ زیت]۔ (۹۵:۱)، الزَّیْتُوْنَ (٦:۹۹، ۱٤۱) (۱٦:۱۱)، زَیْتُوْنًا (۸۰:۲۹).

زَیْتُوْنَـةٍ: درخت زیتون، یعنی ایک درخت یا ایک پھل، [مادہ؛ زیت]، زَیْتُوْنَـةٍ میں تاء وحدت کی ہے جیسے شَجَرٌ اور شَجَرَةٌ. (۲٤:۳۵).

زَیْتُهَا: (زَیْتُ.هَا) اس کا تیل، زَیْتُ (زیتون کا تیل) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۲٤:۳۵).

زَیْدٌ: رضی اللہ عنہ، ایک مشہور صحابی کا اسم گرامی ہے۔ ان کے باپ کا نام حارثہ بن شراحیل اور ماں کا سعدیٰ جو ثعلبہ بن عبد عامر کی بیٹی تھیں۔ آپؓ کو حضور ﷺ نے اپنا منہ بولا بیٹا بنایا تھا اور لوگ آپ کو زید بن محمد کہہ کر پکارتے تھے یہاں تک کہ سورۃ الاحزاب کی یہ آیت نازل ہوئی؛ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَـآئِهِمْ...... ان کو اپنے اصل باپوں کے ناموں کے ساتھ پکارو (۳۳:۵)۔ بہت سارے غزوات اور سرایا

میں حضورؐ نے آپؓ کو امیر مقرر کیا۔ آپؓ غزوۂ بدر اور اس کے بعد تمام غزوات میں شریک رہے اور غزوۂ موتہ میں شہید ہوئے۔ (ام ایمنؓ سے) حضرت اسامہؓ بن زید آپؓ کے بیٹے تھے۔ حضرت عبد اللہ بن عمرؓ سے مروی ہے کہ حضرت عمرؓ نے حضرت اسامہؓ کے لیے مجھ سے زیادہ مقرر کیا، جب میں نے اس کے متعلق دریافت کیا تو فرمایا، وہ رسول اللہ ﷺ کو تجھ سے زیادہ محبوب تھے اور ان کے باپ تیرے باپ سے زیادہ رسول اللہ کو پیارے تھے۔ (۳۷:۳۳).

زَیْغٌ: کجی، ٹیڑھا پن، اعتدال سے ہٹنا، مصدر ہے (ضرب ۸؛ زَاغَ.یَزِیْغُ کا)۔ (۷:۳).

زَیَّلْنَا: ہم نے جدا کر دیا/ تفریق کر دی، (تفعیل ۹؛ زَیَّلَ.یُزَیِّلُ) تَزْیِیْلٌ سے جسکے معنی متفرق اور پراگندہ کرنے کے ہیں، ماضی جمع متکلم، [مادہ؛ زیل]۔ (۱۰:۲۸).

زَیَّنَ: اس نے سنوارا/ زینت دی/ بھلا کر کے دکھایا، (تفعیل ۹؛ زَیَّنَ.یُزَیِّنُ) تَزْیِیْنٌ سے جسکے معنی آراستہ کرنے اور اچھا کر کے دکھانے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ زین]۔ (۴۳:۶، ۱۳۷) (۴۸:۸) (۶۳:۱۶) (۲۴:۲۷) (۳۸:۲۹).

زُیِّنَ: وہ سنوارا گیا، مزین کیا گیا، اچھا دکھایا گیا، (تفعیل) تَزْیِیْنٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔ (۲۱۲:۲) (۱۴:۳) (۱۲۲:۶) (۳۷:۹) (۱۲:۱۰) (۳۳:۱۳) (۸:۳۵) (۳۷:۴۰) (۱۴:۴۷) (۱۲:۴۸).

زَیَّنَّا: ہم نے رونق دی/ زینت دی، (تفعیل) تَزْیِیْنٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (۱۰۸:۶) (۴:۲۷) (۶:۳۷) (۱۲:۴۱) (۵:۶۷).

زَیَّنّٰهَا: (زَیَّنَّا.هَا) ہم نے اس کو رونق دی/ اسے زینت دی، زَیَّنَّا، (تفعیل) تَزْیِیْنٌ سے، ماضی جمع متکلم، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۱۶:۱۵) (۶:۵۰).

زِیْنَةٌ: زینت، آرائش، سنگھار، گہنا۔ زینت کی تین قسمیں ہیں؛ ۱) زینت نفسی جیسے علم اور عمدہ عقائد، ۲) زینت بدنی جیسے قوی و بلند و بالا ہونا، ۳) زینت خارجیہ جیسے مال و جاہ۔ زینت حقیقی وہ ہے جو انسان کو کسی حالت میں بھی معیوب نہ ہو، نہ دنیا میں نہ آخرت میں۔ لیکن جو چیز ایک حالت میں تو انسان کو رونق دے اور دوسری حالت میں نہ دے وہ ایک حیثیت سے معیوب ہے، [مادہ؛ زین]۔ (۲۰:۵۷)، زِیْنَةِ (۶۰:۲۴) (۳۷:۶)، زِیْنَةِ (۸۷:۲۰)، زِیْنَةَ (۳۲:۷) (۲۸:۱۸)، زِیْنَةُ (۴۶:۱۸)، زِیْنَةً (۸۸:۱۰) (۸:۱۶) (۷:۱۸)، الزِّیْنَةِ (۵۹:۲۰).

زِیْنَتَکُمْ: (زِیْنَةَ.کُمْ) تمہاری زینت/ آرائش، زِیْنَةَ مضاف، کُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۳۱:۷).

زِیْنَتِهٖ: (زِیْنَةِ.هٖ) اس کی زینت، زِیْنَةِ مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۷۹:۲۸).

زِیْنَتُهَا: (زِیْنَةُ.هَا) اس کی زینت، اس کا بناؤ سنگھار، زِیْنَةُ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۶۰:۲۸)، زِیْنَتَهَا (۱۵:۱۱) (۲۸:۳۳).

زِیْنَتَهُنَّ: (زِیْنَةَ.هُنَّ) ان کا سنگار، ان کی زینت، زِیْنَةَ مضاف، هُنَّ (ضمیر جمع غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۳۱:۲۴، ۳۱)، زِیْنَتِهِنَّ (۳۱:۲۴).

زَیَّنُوْا: انہوں نے آراستہ کیا، انہوں نے زینت دی، انہوں نے خوبصورت بنایا، (تفعیل) تَزْیِیْنٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۲۵:۴۱).

زَیَّنَهٗ: (زَیَّنَ.هٗ) اس نے اسے آراستہ کیا، اس نے اسے زینت دی، زَیَّنَ، (تفعیل) تَزْیِیْنٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۷:۴۹).

'س'

سَ: عنقریب، قریب، ابھی، اب، یہ فعل مضارع کے ساتھ مخصوص ہے اور مضارع کو مستقبل قریب کے معنی میں بدل دیتا ہے۔ (۵۸:۲، ۱۳۷، ۱۴۲، ۲۳۵) (۱۲:۳، ۱۴۴، ۱۴۵،

١٥١، ١٨٠، ١٨١) (١٠:٤، ٥٧، ٩١، ١٢٢، ١٦٢، ١٧٢، ١٧٥) (٩٣:٦، ١٢٠، ١٢٤، ١٣٨، ١٣٩، ١٤٨، ١٥٧) (١٢٧:٧، ١٤٥، ١٤٦، ١٥٢، ١٥٦، ١٦١، ١٦٩، ١٨٠، ١٨٢) (١٢:٨، ٣٦) (٤٢:٩، ٥٩، ٧١، ٩٠، ٩٤، ٩٥، ٩٩، ١٠١، ١٠٥، ١٠٥) (٣١:١٠، ٨١) (٤٣:١١، ٤٨) (٦١:١٢) (٤٢:١٣) (٥١:١٧، ٥١) (٢٢:١٨، ٦٩، ٧٨، ٨٣، ٨٨) (٤٧:١٩، ٧٥، ٧٩، ٨٢، ٩٦) (٢١:٢٠، ١٣٥) (٣٧:٢١) (٨٥:٢٣، ٨٧، ٨٩) (٦:٢٦، ٦٢، ٢٢٧) (٧:٢٧، ٢٧، ٩٣) (٢٧:٢٨، ٣٥) (٣:٣٠) (٩٩:٣٧، ١٠٢) (٥١:٣٩) (٤٤:٤٠، ٦٠) (٥٣:٤١) (١٩:٤٣، ٢٧) (١١:٤٦) (٥:٤٧، ٢٦، ٣٢) (١٠:٤٨، ١١، ١٥، ١٥، ١٦) (٢٦:٥٤، ٤٥) (٣١:٥٥) (٦:٦٥، ٧) (١٧:٦٧، ٢٩) (٥:٦٨، ١٦، ٤٤) (٢٤:٧٢) (٥:٧٣، ٢٠) (١٧:٧٤، ٢٦) (٤:٧٨، ٥) (٦:٨٧، ١٠) (٧:٩٢، ١٠، ١٧) (١٨:٩٦) (٣:١١١).

سَآءَ: وہ برا ہے، اس نے برا کیا، (نصر۴+۶؛ سَاءَ.يَسُوْءُ) سَوَاءٌ و سَوْءٌ (براہونا/ براکرنا، غمگین کرنا، بے جا سلوک کرنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ فعل ذم ہے۔ (٢٢:٤، ٣٨) (٦٦:٥) (٣١:٦، ١٣٦) (١٧٧:٧) (٩:٩) (٢٥:١٦، ٥٩) (٣٢:١٧) (١٠١:٢٠) (١٧٣:٢٦) (٥٨:٢٧) (٤:٢٩) (١٧٧:٣٧) (٢١:٤٥) (١٥:٥٨) (٢:٦٣).

سَآئِبَةٍ: سائبہ، اہل عرب جاہلیت میں جس جانور کو بت کے نام پر آزاد کرتے اسے اپنے اختیار پر چھوڑ دیتے، وہ سائبہ کہلاتا تھا۔ وہ جانور جسے اس لیے چھوڑا جائے کہ جدھر چاہے چلا جائے، سائبہ ہے۔ یہ (ضرب۸؛ سَابَ.يَسِيْبُ) سَيْبٌ (جانور کا آزاد چلنا) سے اسم فاعل واحد مؤنث کا صیغہ ہے (بمعنی مفعول) جس کا معنی ہے چھوڑی ہوئی، آزاد کردہ۔ (١٠٣:٥).

سَآءَتْ: اس نے برا کیا، وہ بری ہے، (نصر) سَوْءٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔ (٩٧:٤، ١١٥) (٢٩:١٨) (٦٦:٢٥) (٦:٤٨).

سٰٓئِحٰتٍ: روزہ دار، ہجرت کرنے والیاں، (ضرب۸؛ سَاحَ.يَسِيْحُ) سَيْحٌ و سِيَاحَةٌ سے جسکے معنی سیر وسیاحت کرنے کے ہیں، اسم فاعل جمع مؤنث (بحالت نصب وجر)، سَائِحَةٌ واحد۔ اس کے اصل معنی تو سیاح کے ہیں لیکن اس کی تفسیر روزہ دار سے کی گئی ہے۔ سیاحوں کے پاس بالعموم توشہ نہیں ہوتا، اس لیے جب تک کھانے کو نہ ملے رکے رہتے ہیں (یا توشہ نہ ہونے کی وجہ سے کھانے سے رکے رہتے ہیں) اور روزہ دار بھی وقت افطار تک کھانے سے رکے رہتے ہیں، اس تشبیہ کی بنیاد پر سَائِح کو صَائِم (روزہ دار) کہا گیا ہے۔ (٥:٦٦).

السَّآئِحُوْنَ: بے تعلق رہنے والے (روزہ رکھ کر، ہجرت کر کے یا دنیا کے مزوں میں دل نہ لگا کر)، اللہ کی راہ میں سیر وسیاحت کرنے والے، روزہ دار، (ضرب) سَيْحٌ و سِيَاحَةٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، سَائِحٌ واحد۔ (١١٢:٩).

سَآئِغٌ: خوشگوار، رچتا پچتا، (نصر۶؛ سَاغَ.يَسُوْغُ) سَوْغٌ سے جسکے معنی آسانی کے ساتھ کھانے پینے کے حلق سے نیچے اتر جانے کے ہیں، اسم فاعل واحد مذکر۔ (١٢:٣٥)، سَآئِغًا (٦٦:١٦).

سَآئِقٌ: ہانکنے والا، (نصر۶؛ سَاقَ.يَسُوْقُ) سَوْقٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (٢١:٥٠).

سَآئِلٌ: مانگنے والا، سوال کرنے والا، (فتح۳؛ سَئَلَ.يَسْئَلُ) سُؤَالٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (١:٧٠)، السَّآئِلِ (١٩:٥١) (٢٥:٧٠)، السَّآئِلَ (١٠:٩٣).

السَّآئِلِيْنَ: مانگنے والے، سوالی، پوچھنے والے، (فتح) سُؤَالٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، سَائِلٌ واحد۔ (١٧٧:٢) (٧:١٢) (١٠:٤١).

السّٰبِحٰتِ: تیرنے والیاں، (فتح۱) سَبْحٌ (تیزی سے تیرنا) سے، اسم فاعل جمع مؤنث (بحالت نصب و جر)، سَابِحَةٌ واحد۔ (٣:٧٩).

سٰبِغٰتٍ: کشادہ زرہیں، (نصر۱) سُبُوْغٌ (کشادہ ہونا) سے، اسم

فاعل جمع مؤنث (بحالت نصب وجر)، سَابِغَۃٌ واحد۔(۳۴: ۱۱).

سَابِقٌ: آگے بڑھنے والا، (ضرب) سَبْقٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(۳۵: ۳۲)، سَابِقُ (۳۶: ۴۰).

السّٰبِقٰتِ: آگے بڑھنے والیاں، (ضرب) سَبْقٌ سے، اسم فاعل جمع مؤنث (بحالت نصب وجر)، سَابِقَۃٌ واحد۔(۷۹: ۴).

سَابِقُوْا: دوڑو، سبقت کرو، (مفاعلہ ا) مُسَابَقَۃٌ (ایک دوسرے سے سبقت لے جانا) سے، امر جمع حاضر مذکر۔(۵۷: ۲۱).

سٰبِقُوْنَ: آگے پہنچنے والے، آگے بڑھنے والے، (ضرب) سَبْقٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، سَابِقٌ واحد۔(۲۳: ۶۱)، السّٰبِقُوْنَ (۹: ۱۰۰) (۵۶: ۱۰، ۱۰).

سٰبِقِیْنَ: آگے بڑھنے والے، (ضرب) سَبْقٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، سَابِقٌ واحد۔(۲۹: ۳۹).

سَاجِدًا: سجدہ کرنے والا، (نصر ا) سُجُوْدٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(۳۹: ۹).

السّٰجِدُوْنَ: سجدہ کرنے والے، (نصر) سُجُوْدٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، سَاجِدٌ واحد۔(۹: ۱۱۲).

سٰجِدِیْنَ: سجدہ کرنے والے، (نصر) سُجُوْدٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، سَاجِدٌ واحد۔ (۷: ۱۲۰) (۱۲: ۴) (۱۵: ۲۹) (۲۶: ۴۶) (۳۸: ۷۲)، السّٰجِدِیْنَ (۷: ۱۱) (۱۵: ۳۱، ۳۲، ۹۸) (۲۶: ۲۱۹).

سَاحَتِهِمْ: (سَاحَةِ. هِمْ) ان کا میدان، ان کا صحن، سَاحَةِ (سَاحَاتٌ جمع، [مادہ؛ سوح]) مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۳۷: ۱۷۷).

سٰحِرٌ: جادوکرنے والا، جادوگر، (فتح) سِحْرٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (۷: ۱۰۹) (۱۰: ۲) (۲۶: ۳۴) (۳۸: ۴) (۴۰: ۲۴) (۵۱: ۳۹) سَاحِرٌ (۵۱: ۵۲)، سٰحِرٍ (۷: ۱۱۲) (۱۰: ۷۹) (۲۰: ۶۹)، السَّاحِرُ (۲۰: ۶۹) السّٰحِرُ (۴۳: ۴۹).

سٰحِرٰنِ: دو جادوگر، (فتح) سِحْرٌ سے، اسم فاعل تثنیہ مذکر، سَاحِرٌ واحد۔(۲۰: ۶۳).

السّٰحِرُوْنَ: جادوکرنے والے، جادوگر، (فتح) سِحْرٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، سَاحِرٌ واحد۔(۱۰: ۷۷).

السَّاحِلِ: کنارۂ دریا، ساحل سمندر، یہ (فتح ا) سَحْلٌ سے جس کے معنی چھیلنے کے ہیں، اسم فاعل واحد مذکر کا صیغہ ہے۔ چونکہ کنارہ دریا سے پانی کو جدا کرنے والا (یعنی اس کو چھیل اور کاٹ کر علٰیحدہ کرنے والا) ہوتا ہے اس لیے ساحل کہلاتا ہے، سَوَاحِلُ جمع۔(۲۰: ۳۹).

السّٰخِرِیْنَ: ہنسی کرنے والے، ٹھٹھا کرنے والے، (سمع ا) سَخْرٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، سَاخِرٌ واحد۔(۳۹: ۵۶).

سَادَتَنَا: (سَادَةَ. نَا) ہمارے سردار، سَادَةَ (سَیِّدٌ کی جمع) مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔(۳۳: ۶۷).

سَادِسُهُمْ: (سَادِسُ. هُمْ) ان کا چھٹا، سَادِسُ (اسم عدد ترتیبی یا وصفی ہے، واحد مذکر، [مادہ؛ سدس]) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۱۸: ۲۲) (۵۸: ۷).

سَارَ: وہ چلا، (ضرب ۸؛ سَارَ. يَسِيْرُ) سَيْرٌ (چلنا، جانا، سفر کرنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۲۸: ۲۹).

سَارِبٌ: گلیوں میں پھرنے والا، راہ میں چلنے والا، (نصر ا) سُرُوْبٌ سے جسکے معنی اپنے رخ پر چلنے کے ہیں، اسم فاعل واحد مذکر۔(۱۳: ۱۰).

سَارِعُوْا: دوڑو، جلدی کرو، (مفاعلہ ا) مُسَارَعَۃٌ سے جسکے معنی دوڑنے اور دوڑانے کے ہیں، امر جمع حاضر مذکر۔(۳: ۱۳۳).

السَّارِقُ: چوری کرنے والا، چور، (ضرب ا) سَرِقَۃٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر، السَّارِقَۃُ مؤنث۔(۵: ۳۸).

السَّارِقَۃُ: چوری کرنے والی، چور، (ضرب) سَرِقَۃٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔(٣٨:٥).

سٰرِقُوْنَ: چور، چوری کرنے والے، (ضرب) سَرْقَۃٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، سَارِقٌ واحد۔(٧٠ : ١٢).

سٰرِقِیْنَ: چوری کرنے والے، (ضرب) سَرْقَۃٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، سَارِقٌ واحد۔(٧٣:١٢).

سَاعَۃٍ: ساعت، وقت، گھڑی، رات یا دن میں سے کوئی سا بھی وقت، کچھ دیر، قرآن میں السَّاعَۃ سے مراد قیامت ہے، [مادہ؛ سوع]۔ (٥٥:٣٠)، سَاعَۃِ (١١٧:٩)، سَاعَۃً (٣٤:٧) (٤٥:١٠، ٤٩) (٦١:١٦) (٣٠:٣٤) (٣٥:٤٦)، السَّاعَۃِ (١٨٧:٧) (٧٧:١٦) (٤٩:٢١) (١:٢٢) (١١:٢٥، ١١) (٣٤:٣١) (٦٣:٣٣) (٤٧:٤١) (١٨:٤٢) (٦١:٤٣، ٨٥) (٤٢:٧٩)، السَّاعَۃَ (٨٥:١٥) (٢١:١٨، ٣٦) (٧٥:١٩) (١٥:٢٠) (٧:٢٢) (٦٣:٣٣) (٥٩:٤٠) (٥٠:٤١) (١٧:٤٢) (٦٦:٤٣) (١٨:٤٧)، السَّاعَۃُ (٣١:٦، ٤٠) (١٠٧:١٢) (٥٥:٢٢) (١٢:٣٠، ١٤، ٥٥) (٣:٣٤) (٤٦:٤٠) (٢٧:٤٥، ٣٢، ٣٢) (١:٥٤، ٤٦، ٤٦).

سَافِلَہَا: (سَافِلَ.ھَا) اس کے نیچے، اس کے تلے، اس کا نچلا، اس کا پست، سَافِلَ (نصر، سمع، کرم١؛ سُفُوْلٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر) مضاف، ھَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (٨٢:١١) (٧٤:١٥).

سٰفِلِیْنَ: پست، نیچے ہونے والے، (نصر، سمع، کرم) سُفُوْلٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، سَافِلٌ واحد۔ (٥:٩٥).

سَاقٍ: پنڈلی، ٹخنے اور گھٹنے کے درمیان جو ہے وہ ساق ہے، اسم (واحد مؤنث)، سُوْقٌ جمع، [مادہ؛سوق]۔ (٤٢:٦٨)، السَّاقِ (٢٩:٧٥)، السَّاقُ (٢٩:٧٥).

سَاقِطًا: گرنے والا، (نصرا) سُقُوْطٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(٤٤:٥٢).

سَاقَیْہَا: (سَاقَیْ.ھَا) اس کی دونوں پنڈلیاں، سَاقَیْ (سَاقٌ کا تثنیہ) مضاف (بسبب اضافت نون اعرابی گر گیا، یعنی اصل میں سَاقَیْنِ)، ھَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (٤٤:٢٧).

سَاکِنًا: ٹھہرا ہوا، ساکن، (نصرا) سُکُوْنٌ سے جس کے معنی تھمنے اور حرکت کے بعد کسی چیز کے ٹھہر جانے کے ہیں، اسم فاعل واحد مذکر۔(٤٥:٢٥).

سَاَلَ: اس نے مانگا، (فتح٣) سُؤَالٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(١:٧٠).

سُئِلَ: اس سے مانگا گیا، اس سے سوال کیے گئے، (فتح) سُؤَالٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔(١٠٨:٢).

سَالَتْ: وہ بہی، وہ جاری ہوئی، (ضرب٨؛ سَالَ.یَسِیْلُ) سَیْلَانٌ سے جسکے معنی بہنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مؤنث، [مادہ؛ سیل]۔(١٧:١٣).

سُئِلَتْ: اس سے پوچھا گیا، (فتح) سُؤَالٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث۔(٨:٨١).

سَاَلْتُکَ: (سَاَلْتُ.کَ) میں نے تجھ سے پوچھا، میں نے تجھ سے سوال کیا، سَاَلْتُ، (فتح) سُؤَالٌ سے، ماضی واحد متکلم، کَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔(٧٦ : ١٨).

سَاَلْتُکُمْ: (سَاَلْتُ.کُمْ) میں نے تم سے سوال کیا/تم سے مانگا، سَاَلْتُ، (فتح) سُؤَالٌ سے، ماضی واحد متکلم، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(٧٢:١٠) (٤٧:٣٤).

سَاَلْتُمْ: تم نے مانگا، تم نے سوال کیا، (فتح) سُؤَالٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(٦١:٢).

سَاَلْتُمُوْہُ: (سَاَلْتُمْ.ہُ) تم نے اس سے مانگا، تم نے اس سے سوال کیا، سَاَلْتُمْ (سَاَلْتُمُوْ اصل میں سَاَلْتُمْ، واؤ اشباعی ہے)،

(فتح) سُؤَالٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۳٤:۱٤).

سَاَلْتُمُوْھُنَّ: (سَاَلْتُم.ھُنَّ) تم نے ان عورتوں سے مانگا، تم نے ان سے سوال کیا، سَاَلْتُم، (فتح) سُؤَالٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر (سَاَلْتُمُوْ میں واوٗ اشباع کا ہے)، ھُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)۔ (۵۳:۳۳).

سَاَلْتَھُمْ: (سَاَلْتَ.ھُمْ) تو نے ان سے پوچھا/ان سے سوال کیا، سَاَلْتَ، (فتح) سُؤَالٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر، ھُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۹:۶۵) (۲۹:۶۱، ۶۳) (۳۱:۲۵) (۳۹:۳۸) (۴۳:۹، ۸۷).

سَاَلَكَ: (سَاَلَ.كَ) اس نے تجھ سے پوچھا/ تجھ سے سوال کیا، سَاَلَ، (فتح) سُؤَالٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (۱۸٦:۲).

سٰلِمُوْنَ: صحیح سالم، چنگے، (سمع ا) سَلَامَۃٌ سے جسکے معنی آفات ظاہرہ وباطنہ سے صحیح سالم رہنے کے ہیں، اسم فاعل جمع مذکر، سَالِمٌ کی جمع۔ (٦٨:٤٣).

سَاَلُوْا: انہوں نے سوال کیا/ مطالبہ کیا، (فتح) سُؤَالٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (٤:۱۵۳).

سُئِلُوْا: ان سے سوال کیا گیا/ سوال کیا جائے، (فتح) سُؤَالٌ سے، ماضی مجہول جمع غائب مذکر۔ (۳۳:۱٤).

سَاَلَھَا: (سَاَلَ.ھَا) اس نے اسے پوچھا/ ان کے بارے میں سوال کیا، سَاَلَ، (فتح) سُؤَالٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ھَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۵:۱۰۲).

سَاَلَھُمْ: (سَاَلَ.ھُمْ) اس نے ان سے پوچھا/ ان سے سوال کیا، وہ ان سے پوچھیں گے، سَاَلَ، (فتح) سُؤَالٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ھُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (٦٧:٨).

سٰمِدُوْنَ: کھیل کرنے والے، غافل ہونے والے، تکبر سے سر اٹھانے والے، حیرت میں کھڑے رہنے والے، (نصرا) سُمُوْدٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، سَامِدٌ واحد۔ (۵۳:٦۱).

سٰمِرًا: کہانیاں سنانے والا، افسانہ گو، داستان گوئی کی مجلس/ داستان گو، (نصرا) سَمْرٌ سے جسکے معنی رات کو قصہ گوئی کرنے کے ہیں، اسم فاعل واحد مذکر (اور آخری معنی کے لحاظ سے اسم جمع بھی ہے)۔ (۲۳:٦٧).

سَامِرِيُّ: سامری، یہ اسم منسوب اور بنی اسرائیل کے ایک قبیلہ کی طرف منسوب ہے جس کو سامرہ کہتے تھے۔ جب حضرت موسیٰؑ چالیس دنوں کیلئے کوہ طور پر تشریف لے گئے تو ایک شخص نے اپنے کرتب کے ذریعے بنی اسرائیل کو گمراہ کر دیا جس کو قرآن نے السَّامِرِیّ کہا ہے۔ یعنی یہ اس کا اصل نام نہ تھا بلکہ اس کی قوم کی نسبت سے اسے پکارا گیا۔ بعض کی رو سے یہ بنی اسرائیلی نہیں تھا بلکہ سمیری قوم کا فرد تھا جن کا اصلی وطن عراق تھا، اسی قوم کے نام سے شہر ''سامرہ'' آباد ہوا۔ اس قوم کے لوگ دور دور تک پھیل گئے تھے، اسی قوم کا ایک فرد حضرت موسیٰؑ کا بھی معتقد ہو گیا اور جب بنی اسرائیل مصر سے نکلے تو یہ بھی ان کے ہمراہ نکل گیا۔ اس قوم میں گوسالہ پرستی عام تھی اور مصریوں میں بھی عام تھی۔ (۲۰:۹۵)، السَّامِرِیُّ (۲۰:۸۵، ۸۷).

سُؤَالِ: مانگنا، پوچھنا، سوال کرنا، مصدر ہے (فتح ۳؛ سَئَلَ.يَسْئَلُ کا)۔ (۳۸:۲٤).

سَاوٰى: اس نے برابر کر دیا، وہ برابر ہو گیا، (مفاعلہ ۱۳؛ سَاوٰی.يُسَاوِىْ) مُسَاوَاةٌ (برابر ہونا، برابر کرنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۱۸:۹٦).

سُؤْلَ: تمنا، سوال، التجا، درخواست، اس حاجت کو کہتے ہیں جس کی طبیعت کو حرص ہو، [مادہ؛ سال]۔ **سُؤْلَكَ**: تیری تمنا، تیرا سوال، سُؤْلَ مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۲۰:۳٦).

السَّاهِرَةِ: میدان، زمین، روئے زمین، (سمع ا) سَهْرٌ سے جسکے معنی نیند اڑ جانے اور رات بھر جاگنے کے ہیں، اسم فاعل واحد

مؤنث۔ سَاهِرَة سفید ہموار زمین کو کہتے ہیں، اس زمین کا نام سَاهِرَة اس لیے پڑا کہ اس پر شدت خوف کے باعث انسان کی نیند اُڑ جاتی ہے، اور وہ زمین کہ جس پر قیامت کے روز لوگ جمع ہوں گے نہایت ہی خوف میں ہوں گے لہٰذا اسی بنا پر اسے سَاهِرَة کہا گیا۔ (١٤:٧٩).

سَاهَمَ: اس نے قرعہ ڈلوایا، (مفاعلہ ا) مُسَاهَمَةٌ (کسی کے ساتھ قرعہ ڈالنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (١٤١:٣٧).

سَاهُوْنَ: بھولنے والے، غافل، بے خبر، (نصر ۷: سَهَا. يَسْهُوْ) سَهْوٌ (غافل ہونا، بھولنا) سے، اسم فاعل جمع مذکر، سَاهٍ واحد۔ (١١:٥١) (٥:١٠٧).

سَبَاٍ: ایک قوم کا نام ہے، ان کا وطن عرب میں تھا، یمن کی طرف۔ سبا اس قوم کے سردار (جدِ قبیلہ) کا لقب تھا۔ سبا، سبی سے ماخوذ ہے، (ضرب: سَبٰى. يَسْبِي) سَبْىٌ کے معنی غلام بنانے کے ہیں، چونکہ اس قوم کا سردار بڑا فاتح تھا اور اس نے بہت سے لوگوں کو غلام بنایا اس لیے اسے سبا کے لقب سے پکارا گیا۔ سَبْىٌ کے معنی تجارت کرنے کے بھی آتے ہیں اس لحاظ سے اسے یہ لقب اس لیے دیا گیا کہ وہ ایک تاجر قوم تھی۔ قوم سبا کی دولت مندی اور شان و شوکت کے قصے پورے عرب میں مشہور تھے۔ (٢٢:٢٧) (١٥:٣٤).

سُبَاتًا: آرام، تھکان کا دفع کرنا، راحت، یہ (نصر ا) سَبَتَ. يَسْبُتُ کا مصدر بھی ہے بمعنی آرام لینے کے، [مادہ: سبت]۔ (٤٧:٢٥) (٩:٧٨).

سَبَبٍ: رسی، سامان، ذریعہ۔ (١٥:٢٢)، سَبَبًا (٨٤:١٨، ٨٥، ٨٩، ٩٢).

السَّبْتِ: ہفتہ کا دن، یوم شنبہ، ہفتہ کا دن منانا، کام کاج سے قطع تعلق کر لینا، ہفتہ کے دن کی تعظیم کرنا، ہفتے کے دن میں داخل ہونا، مصدر (نصر، ضرب ا)۔ یہود کو اس دن کام کاج چھوڑنے کا حکم تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: یہودیوں کے لیے ہفتہ کا دن اور نصاریٰ کے لیے اتوار کا دن ہے، ان کے بعد اللہ ہمیں لایا تو ہمیں جمعہ کے دن کی ہدایت فرمائی (اور وہ ہمارے لیے عید ہے)۔ اسی طرح وہ ہم سے پہلے آئے اور قیامت کے روز ہم سے پیچھے ہوں گے، ہم دنیا والوں میں آخیر ہیں اور قیامت کو اول، اور تمام خلائق سے پہلے ہمارا ہی فیصلہ ہو گا (مسلم)۔ (٦٥:٢) (٤٧:٤، ١٥٤) (١٦٣:٧)، السَّبْتُ (١٢٤:١٦).

سَبْتِهِمْ: (سَبْتِ. هِمْ) ان کے ہفتہ کا دن، سَبْتِ مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (١٦٣:٧).

سَبَّحَ: اس نے پاکی بیان کی، (تفعیل ا) تَسْبِيْحٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (١:٥٧) (١:٥٩) (١:٦١).

سَبِّحْ: تو تسبیح کر، پاکی بیان کر، عبادت کر، (تفعیل) تَسْبِيْحٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (٤١:٣) (٩٨:١٥) (١٣٠:٢٠، ١٣٠) (٥٨:٢٥) (٥٥:٤٠) (٣٩:٥٠) (٤٨:٥٢) (٧٤:٥٦، ٩٦) (٥٢:٦٩) (١:٨٧) (٣:١١٠).

سَبْحًا: مشغول ہونا، تیزی سے تیرنا، (فتح ا) سَبَحَ. يَسْبَحُ کا مصدر ہے۔ (٧:٧٣) (٣:٧٩).

سُبْحٰنَ: پاک ہے، ہر برائی اور عیب سے پاک، پاکی بیان کرنا، اللہ کا ذکر اور پاکی بیان کرنا، مصدر ہے (فتح ا: سَبَحَ. يَسْبَحُ کا)۔ (١٠٨:١٢) (١:١٧، ٩٣، ١٠٨) (٢٢:٢١) (٩١:٢٣) (٨:٢٧) (٦٨:٢٨) (١٧:٣٠) (٣٦:٣٦، ٨٣) (١٥٩:٣٧، ١٨٠) (١٣:٤٣، ٨٢) (٤٣:٥٢) (٢٣:٥٩) (٢٩:٦٨).

سُبْحٰنَكَ: (سُبْحٰنَ. كَ) تیری پاکی، تو پاک ہے، سُبْحٰنَ مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٣٢:٢) (١٩١:٣) (١١٦:٥) (١٤٣:٧) (١٠:١٠) (٨٧:٢١) (١٦:٢٤) (١٨:٢٥) (٤١:٣٤).

سُبْحٰنَهٗ: (سُبْحٰنَ. هٗ) وہ ہر عیب سے پاک ہے، تمام پاکی اسی کیلئے ہے، سُبْحَانَ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (١١٦:٢) (١٧١:٤) (١٠٠:٦) (٣١:٩) (١٨:١٠، ٦٨) (١:١٦، ٥٧) (٤٣:١٧) (٣٥:١٩) (٢٦:٢١) (٤٠:٣٠) (٤:٣٩، ٦٧).

سَبَّحُوْا: انہوں نے تسبیح کی/ پاکی بیان کی، (تفعیل) تَسْبِیْحٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۱۵:۳۲).

سَبِّحُوْا: تم پاکی بیان کرو، تم تسبیح کرو، (تفعیل) تَسْبِیْحٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۱۱:۱۹).

سَبِّحُوْهُ: (سَبِّحُوْا. هُ) تم اس کی پاکی بیان کرو، تم اس کی تسبیح کرتے رہو، سَبِّحُوْا، (تفعیل) تَسْبِیْحٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۴۲:۳۳).

سَبِّحْهُ: (سَبِّحْ. هُ) تو اس کی تسبیح کر، تو اس کی پاکی بول، سَبِّحْ، (تفعیل) تَسْبِیْحٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۴۰:۵۰) (۴۹:۵۲) (۲۶:۷۶).

السَّبُعُ: درندہ، اسم واحد مذکر ہے، سِبَاعٌ جمع۔ (۳:۵).

سَبْعٌ: سات، اسم عدد ہے، مؤنث کے لیے آتا ہے۔ (۴۳:۱۲، ۴۶، ۴۸)، سَبْعِ (۴۶:۱۲، ۴۶)، سَبْعَ (۲۹:۲، ۲۶۱) (۴۳:۱۲، ۴۳، ۴۷) (۱۷:۲۳) (۱۲:۴۱) (۱۲:۶۵) (۳:۶۷) (۷:۶۹) (۱۵:۷۱)، السَّبْعِ (۸۶:۲۳)، السَّبْعُ (۴۴:۱۷)، سَبْعًا (۸۷:۱۵) (۱۲:۷۸).

سَبْعَةٌ: سات، ہفت، اسم عدد ہے (مذکر کیلئے)، [مادہ: سبع]۔ (۲۲:۱۸)، سَبْعَةٍ (۱۹۶:۲)، سَبْعَةُ (۴۴:۱۵) (۲۷:۳۱).

سَبْعُوْنَ: ستر (۷۰)، اسم عدد، بحالت رفع۔ (۳۲:۶۹).

سَبْعِیْنَ: ستر (۷۰)، اسم عدد، بحالت نصب و جر۔ (۱۵۵:۷) (۸۰:۹).

سَبَقَ: اس نے سبقت کی، وہ پہلے ہو چکا، وہ پہلے گزر چکا، (ضرب ا) سَبْقٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۶۸:۸) (۴۰:۱۱) (۹۹:۲۰) (۲۷:۲۳).

سَبْقًا: آگے ہونا، پہلے ہونا، مقدم ہونا، (ضرب ا) سَبَقَ. یَسْبِقُ کا مصدر۔ (۴:۷۹).

سَبَقَتْ: اس نے سبقت کی، وہ پہلے ہو چکی، وہ پہلے سے ٹھہر چکی، (ضرب) سَبْقٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔ (۱۹:۱۰) (۱۱۰:۱۱) (۱۲۹:۲۰) (۱۰۱:۲۱) (۱۷۱:۳۷) (۴۵:۴۱) (۱۴:۴۲).

سَبَقَكُمْ: (سَبَقَ. كُمْ) اس نے تم سے سبقت کی، وہ تم سے پہلے ہوا، وہ تم سے پہلے گزرا، سَبَقَ، (ضرب) سَبْقٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۸۰:۷) (۲۸:۲۹).

سَبَقُوْا: انہوں نے سبقت کی، وہ آگے نکل گئے، (ضرب) سَبْقٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۵۹:۸).

سَبَقُوْنَا: (سَبَقُوْا. نَا) وہ ہم سے پہلے دوڑے، انہوں نے ہم سے سبقت کی، سَبَقُوْا، (ضرب) سَبْقٌ (آگے بڑھنا) سے، ماضی جمع غائب مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔ (۱۱:۴۶) (۱۰:۵۹).

سُبُلَ: راستے، راہیں، سَبِیْلٌ کی جمع۔ (۱۶:۵) (۶۹:۱۶)، السُّبُلَ (۱۵۳:۶)، سُبُلًا (۱۵:۱۶) (۵۳:۲۰) (۳۱:۲۱) (۱۰:۴۳) (۲۰:۷۱).

سُبُلَنَا: (سُبُلَ. نَا) ہمارے راستے، ہماری راہیں، سُبُلَ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (۱۲:۱۴) (۶۹:۲۹).

سَبِیْلٌ: راستہ، راہ، مراد ایسا راستہ جو واضح اور آسان ہو، اسم مفرد (مذکر و مؤنث دونوں طرح مستعمل ہے)، سُبُلٌ جمع۔ (۷۵:۳)، سَبِیْلٍ (۴۳:۴) (۹۱:۹) (۷۶:۱۵) (۱۱:۴۰) (۴۱:۴۲، ۴۴، ۴۶)، سَبِیْلِ (۱۵۴:۲، ۱۹۰، ۱۹۵، ۲۱۷، ۲۱۸، ۲۴۴، ۲۴۶، ۲۴۶، ۲۶۱، ۲۶۲، ۲۷۳) (۱۳:۳، ۹۹، ۱۴۶، ۱۵۷، ۱۶۷، ۱۶۹) (۷۴:۴، ۷۴، ۷۵، ۷۶، ۷۶، ۸۴، ۸۹، ۹۴، ۹۵، ۱۰۰، ۱۱۵، ۱۶۰، ۱۶۷) (۵۴:۵) (۱۱۶:۶) (۴۵:۷، ۸۶) (۳۶:۸، ۴۷، ۶۰، ۷۲، ۷۴) (۱۹:۹، ۲۰، ۳۴، ۳۴، ۳۸، ۴۱، ۶۰، ۸۱،

١١١، ١٢٠) (١٩:١١) (٣:١٤) (٨٨:١٦، ٩٤، ١٢٥) (٩:٢٢، ٢٥، ٥٨) (٢٢:٢٤) (٦:٣١) (٢٦:٣٨، ٢٦) (١:٤٧، ٤، ٣٢، ٣٤، ٣٨) (١٥:٤٩) (١٠:٥٧) (١٦:٥٨) (١١:٦١) (٢:٦٣) (٢٠:٧٣)، سَبِیْلَ (١٤٢:٧، ١٤٦، ١٤٦) (٨٩:١٠) (١٥:٣١) (٢٩:٤٠، ٣٨)، سَبِیْلُ (٥٥:٦)، السَّبِیْلِ (١٠٨:٢، ١٧٧، ٢١٥) (٣٦:٤) (١٢:٥، ٦٠، ٧٧) (٤١:٨) (٦٠:٩) (٣٣:١٣) (٩:١٦) (٢٦:١٧) (٢٤:٢٧) (٢٢:٢٨) (٣٨:٢٩) (٣٨:٣٠) (٣٧:٤٠) (٣٧:٤٣) (٧:٥٩) (١:٦٠)، السَّبِیْلَ (٤٤:٤) (١٧:٢٥) (٢٩:٢٩) (٤:٣٣) (٣:٧٦) (٢٠:٨٠)، السَّبِیْلُ (٩٣:٩) (٤٢:٤٢)، سَبِیْلًا (٩٧:٣) (١٥:٤، ٢٢، ٣٤، ٥١، ٨٨، ٩٠، ٩٨، ١٣٧، ١٤١، ١٤٣، ١٥٠) (١٤٦:٧، ١٤٦، ١٤٨) (٣٢:١٧، ٤٢، ٤٨، ٧٢، ٨٤، ١١٠) (٩:٢٥، ٢٧، ٣٤، ٤٢، ٤٤، ٥٧) (١٩:٧٣) (٢٩:٧٦)، السَّبِیْلَا (٦٧:٣٣).

سَبِیْلِكَ: (سَبِیْلِ.كَ) تیرا راستہ، سَبِیْلِ مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(٨٨:١٠)، سَبِیْلَكَ (٧:٤٠).

سَبِیْلَنَا: (سَبِیْلَ.نَا) ہمارا راستہ، سَبِیْلَ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔(١٢:٢٩).

سَبِیْلِهٖ: (سَبِیْلِ.هٖ) اس کا راستہ، سَبِیْلِ مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٣٥:٥) (١١٧:٦، ١٥٣) (٩:٩، ٢٤) (٣٠:١٤) (١٢٥:١٦) (٨:٣٩) (٣٠:٥٣) (٤:٦١) (٧:٦٨)، سَبِیْلَهٗ (٦١:١٨، ٦٣).

سَبِیْلَهُمْ: (سَبِیْلَ.هُمْ) ان کا راستہ، سَبِیْلَ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(٥:٩).

سَبِیْلِیْ: (سَبِیْلِ.یْ) میرا راستہ، سَبِیْلِ مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔(١٩٥:٣) (١٠٨:١٢) (١:٦٠).

سِتَّةِ: چھ (٦)، اسم عدد ہے، مذکر کیلئے آتا ہے، [مادہ: سدس]۔ یہ اصل میں سِدْسَةٌ تھا، سین کو تاء سے بدلا گیا پھر دال کو بھی تاء سے بدل کر ادغام کر دیا گیا۔ (٥٤:٧) (٣:١٠) (٧:١١) (٥٩:٢٥) (٤:٣٢) (٣٨:٥٠) (٤:٥٧).

سِتْرًا: حجاب، پردہ، اوٹ، سُتُوْرٌ جمع۔(٩٠:١٨).

سِتِّیْنَ: ساٹھ (٦٠)، اسم عدد ہے (بحالت نصب و جر)، مذکر و مؤنث دونوں کیلئے آتا ہے، [مادہ: سدس]۔(٤:٥٨).

سَجٰی: وہ چھایا، سکون پذیر ہوا، اس نے قرار پکڑا، (نصر ۷: سَجَا.یَسْجُوْ) سُجُوٌّ (رات کا سنسان ہونا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(٢:٩٣).

سَجَدَ: اس نے سجدہ کیا، (نصر ۱) سُجُوْدٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(٣٠:١٥) (٧٣:٣٨).

سُجَّدًا: سجدہ کرنے والے، سر جھکائے، سَاجِدٌ کی جمع۔ آیت (اُدْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا) میں جھکتے ہوئے اطاعت شعارانہ داخل ہونا مراد ہے۔(٥٨:٢) (١٥٤:٤) (١٦١:٧) (١٠٠:١٢) (٤٨:١٦) (١٠٧:١٧) (٥٨:١٩) (٧٠:٢٠) (٦٤:٢٥) (١٥:٣٢) (٢٩:٤٨).

سَجَدُوْا: انہوں نے سجدہ کیا، (نصر) سُجُوْدٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (٣٤:٢) (١٠٢:٤) (١١:٧) (٦١:١٧) (٥٠:١٨) (١١٦:٢٠).

سُجِّرَتْ: وہ آگ سے پُر کی گئی، اس کا پانی بہایا گیا، وہ خالی کی گئی/ پر کی گئی، (تفعیل ۱) تَسْجِیْرٌ (زور سے آگ بھڑکانا، پر کرنا، خالی کرنا، بہانا) سے، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث۔(٦:٨١).

السِّجِلِّ: کاغذ کا طومار، صحیفہ، محضر، وثیقہ، لکھنے والا، سِجِلَّاتٌ جمع، [مادہ: سجل]۔ یہ مذکر ہے، لیکن ان اسماء میں سے ہے جن کی جمع، جمع مؤنث سالم کے وزن پر آتی ہے۔(١٠٤:٢١).

السِّجْنُ: قید خانہ، محبس، جیل، سُجُوْنٌ جمع۔(٣٣:١٢)، السِّجْنِ (٣٩:١٢، ٤١، ٤٢، ١٠٠)، السِّجْنَ (٣٦:١٢).

السُّجُوْدِ: سجدہ کرنا، سر زمین پر رکھنا، فروتنی کرنا، مصدر (نصر ۱:

سَجَدَ.یَسْجُدُ کا)، بطور اسم سَجْدَۃٌ کی جمع۔ (۲۹:۴۸) (۴۰:۵۰) (۶۸:۴۲، ۴۳).

اَلسُّجُوْدِ: سجدہ کرنے والے، سَاجِدٌ کی جمع۔ (۱۲۵:۲) (۲۶:۲۲).

سِجِّیْلٍ: کنکر، سنگ گل، [مادہ؛ سجل]۔ (۸۲:۱۱) (۷۴:۱۵) (۴:۱۰۵).

سِجِّیْنٌ: قید خانہ، (دفتر محفوظ) وہ جگہ جہاں چیزیں بڑی حفاظت سے رکھی جاتی ہیں، ساتوں زمینوں کے سب سے نیچے کا حصہ یا جہنم کا ایک گڑھا، (نصرا) سَجْنٌ (قید کرنا) سے صیغۂ مبالغہ ہے۔ (۸:۸۳)، سِجِّیْنٍ (۷:۸۳).

سَحَابٌ: بادل، سحاب ابر کو کہتے ہیں، خواہ اس میں پانی ہو یا نہ ہو، کبھی یہ بطور استعارہ استعمال ہوتا ہے بمعنی سائے اور اندھیرے کے، یہ مفرد بھی استعمال ہوتا ہے اور جمع بھی، اور یہ مذکر بھی آتا ہے اور مؤنث بھی، اس کی واحد سَحَابَۃٌ اور جمع سُحُبٌ آتی ہے، [مادہ؛ سحب]۔ (۴۰:۲۴) (۴۴:۵۲)، السَّحَابِ (۱۶۴:۲) (۸۸:۲۷)، السَّحَابَ (۱۲:۱۳)، سَحَابًا (۵۷:۷) (۴۳:۲۴) (۴۸:۳۰) (۹:۳۵).

سَحَّارٍ: بڑا جادوگر، (فتح ا) سِحْرٌ سے، مبالغہ کا صیغہ۔ (۳۷:۲۶).

اَلسُّحْتَ: حرام، حرام و ناجائز کمائی، جس سے عار لازم آئے، مثلاً رشوت، سود وغیرہ، اسم واحد مذکر ہے، اَسْحَاتٌ جمع۔ کلام میں یہ کبھی مکروہ کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے، قرائن سے اس کا پتہ لگایا جاتا ہے کہ یہ یہاں مکروہ کے لیے استعمال ہوا ہے یا حرام کے لیے۔ السُّحْتِ (۴۲:۵)، السُّحْتَ (۶۲:۵، ۶۳).

سِحْرٌ: جادو کرنا، جادو، جھوٹ کو سچ بنا کر دکھانا، ہر وہ چیز جسکے حصول میں شیطانی تقریب سے مدد لی جائے، (فتح ا) سَحَرَ. یَسْحَرُ کا مصدر ہے، اَسْحَارٌ و سُحُوْرٌ جمع۔ اہل لغت کی رو سے سِحر اس لطیف شے کو کہتے ہیں جس کا سبب مخفی ہو اور اپنی حقیقت کے خلاف اس کا تخیل ہونے لگے نیز طمع اور دھوکہ بازی کے قائم مقام ہو۔ حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ پر لبید بن الاعصم نے سحر کیا تھا تو آپ پر اس سے یہ حالت طاری ہوتی تھی کہ آپ کوئی کام سرانجام دے رہے ہیں، حالانکہ آپ وہ کام انجام نہیں دیتے تھے۔ سحر کے بارے میں لوگوں نے بہت کچھ لکھا ہے، قرآن مجید میں بھی مختلف مقامات پر اس کا تذکرہ موجود ہے، مثلاً حضرت موسیٰؑ اور فرعون کے قصہ میں۔ (۱۱۰:۵) (۶:۷) (۷۶:۱۰، ۷۷) (۱۱:۷) (۱۳:۲۷) (۳۶:۲۸) (۴۳:۳۴) (۱۵:۳۷) (۳۰:۴۳) (۷:۴۶) (۱۵:۵۲) (۲:۵۴) (۶:۶۱) (۲۴:۷۴)، سِحْرٍ (۱۱۶:۷) (۵۸:۲۰)، السِّحْرِ (۷۳:۲۰)، السِّحْرَ (۱۰۲:۲) (۷۱:۲۰) (۳:۲۱) (۴۹:۲۶)، السِّحْرُ (۸۱:۱۰).

سَحَرٍ: پچھلی رات، سحر کا وقت، اَسْحَارٌ جمع۔ سَحر کے معنی اصل میں پھیپھڑے کے ہیں، مجازاً اس کا استعمال رات کے جانے اور دن کے آنے کے وقت، جبکہ رات کی سیاہی دن کی روشنی سے مل جاتی ہے، کے لیے ہوتا ہے اور وہ صبح کے سانس لینے کا مقام ہے۔ (۳۴:۵۴).

سِحْرٰنِ: دو جادو، سِحْرٌ کا تثنیہ (بحالت رفع)۔ (۴۸:۲۸).

اَلسَّحَرَۃُ: جادوگر، سَاحِرٌ کی جمع جو (فتح) سِحْرٌ سے اسم فاعل واحد مذکر کا صیغہ ہے۔ (۱۱۳:۷، ۱۲۰) (۸۰:۱۰) (۷۰:۲۰) (۳۸:۲۶، ۴۱، ۴۶)، السَّحَرَۃَ (۴۰:۲۶).

سِحْرُكَ: (سِحْرِ.كَ) تیرا جادو، سِحْرِ مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۵۷:۲۰).

سَحَرُوْا: انہوں نے جادو کیا، (فتح) سِحْرٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۱۱۶:۷).

سِحْرِهٖ: (سِحْرِ.هٖ) اس کا جادو، سِحْرِ مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۳۵:۲۶).

سِحْرِهِمْ: (سِحْرِ.هِمْ) ان کا جادو، سِحْرِ مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۶۶:۲۰).

سِحْرِهِمَا: (سِحْرِ. هِمَا) ان دونوں کا جادو، سِحْرِ مضاف، هِمَا (ضمیر تثنیہ غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۶۳:۲۰)۔

سُحْقًا: دوری، دفع ہونا، دور ہونا، مصدر ہے (باب سمع و کرم ا)۔ (۱۱:۶۷)۔

سَحِيْقٍ: دور، بعید، دور دراز، (سمع، کرم ا) سُحْقٌ سے، صیغۂ صفت مشبہ واحد مذکر۔ (۳۱:۲۲)۔

سَخِرَ: اس نے ٹھٹھا کیا، اس نے مذاق کیا، (سمع ا) سَخْرٌ و مَسْخَرٌ (ٹھٹھا کرنا، مذاق کرنا، تمسخر اڑانا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۷۹:۹)۔

سَخَّرَ: اس نے کام میں لگا دیا، اس نے بس میں کر دیا، (تفعیل ا) تَسْخِيْرٌ سے جس کے معنی بس میں کرنے اور زبردستی کسی خاص کام میں لگا دینے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۲:۱۳) (۳۲:۱۴، ۳۲، ۳۳، ۳۳) (۱۲:۱۶، ۱۴) (۶۵:۲۲) (۶۱:۲۹) (۲۰:۳۱، ۲۹) (۱۳:۳۵) (۵:۳۹) (۱۳:۴۳) (۱۲:۴۵، ۱۳)۔

سَخَّرْنَا: ہم نے بس میں کر دیا، ہم نے کام میں لگا دیا، ہم نے تابع کر دیا، (تفعیل) تَسْخِيْرٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (۷۹:۲۱) (۱۸:۳۸، ۳۶)۔

سَخَّرْنٰهَا: (سَخَّرْنَا. هَا) ہم نے ان کو مسخر کر دیا، ہم نے ان کو بس میں کر دیا، سَخَّرْنَا، (تفعیل) تَسْخِيْرٌ سے، ماضی جمع متکلم، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۳۶:۲۲)۔

سَخِرُوْا: انہوں نے ٹھٹھا کیا، انہوں نے مذاق کیا، (سمع) سَخْرٌ و مَسْخَرٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۱۰:۶) (۳۸:۱۱) (۴۱:۲۱)۔

سَخَّرَهَا: (سَخَّرَ. هَا) اس نے اسے مسخر کر دیا، اس نے اس کو کام میں لگا دیا، سَخَّرَ، (تفعیل) تَسْخِيْرٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۳۷:۲۲) (۷:۶۹)۔

سِخْرِيًّا: ٹھٹھا، ہنسی، دل لگی۔ یہ (سمع ا) سُخْرٌ سے جس کے معنی ٹھٹھا کرنے کے ہیں، اسم بھی ہوسکتا ہے اور (فتح ا) سَخَرَ. يَسْخَرُ کا مصدر بھی جس کے معنی مسخر ہونے اور بس میں آنے کے ہیں۔ (۱۱۰:۲۳) (۶۳:۳۸)۔

سُخْرِيًّا: خدمت گار، تابع فرمان، خادم، مطیع، (فتح ا) سَخَرَ. يَسْخَرُ کا مصدر بمعنی مغلوب کرنے، بیگار لینے اور بس میں آنے/ بس میں کرنے کے۔ (۳۲:۴۳)۔

سَخِطَ: وہ غصے ہوا/ ناخوش ہوا، (سمع ا) سَخَطٌ (غضبناک ہونا، ناپسند کرنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۸۰:۵)۔

سَخَطٍ: غصہ، ناراضگی، غضب ناک ہونا، مصدر ہے (باب سمع ا)۔ (۱۶۲:۳)۔

سَدًّا: دیوار، آڑ، حائل، دو چیزوں کے درمیان روک (دیوار، پہاڑ یا کسی اور شکل میں)، اَسْدَادٌ جمع، [مادہ؛ سدد]۔ (۹۴:۱۸) (۹:۳۶، ۹)۔

سِدْرٍ: بیری کا درخت، اسم جنس (واحد و جمع اور مذکر و مؤنث دونوں طرح مستعمل ہے)۔ (۱۶:۳۴) (۲۸:۵۶)۔

السِّدْرَةَ: بیری کا درخت، اسم واحد ہے، سِدْرٌ و سِدْرَاتٌ جمع۔ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى: پرلے حد کی بیری، انسانی فہم و ادراک کی اخیر سرحد پر ایک درخت، یہی وہ مقام ہے جہاں حضور ﷺ کو فیوض ربانی اور نعمائے صمدانی سے مخصوص فرمایا گیا تھا۔ سِدْرَةِ (۱۴:۵۳)، السِّدْرَةَ (۱۶:۵۳)۔

السُّدُسُ: چھٹا حصہ، اسم عدد ہے، اَسْدَاسٌ جمع۔ (۱۱:۴، ۱۱، ۱۲)۔

سُدًى: بے کار، نکما، مہمل، بے قید، یعنی نہ کسی بات پر مامور ہو اور نہ کسی چیز سے اسے روکا جائے، [مادہ؛ سدی]۔ (۳۶:۷۵)۔

سَدِيْدًا: پختہ، سیدھی، درست اور ٹھیک، (ضرب، سمع ۵؛ سَدَّ. يَسِدُّ) سَدَادٌ (درست ہونا) سے، صفت مشبہ مفرد۔ (۹:۴)

(۳۳: ۷۰).

السَّدَّيْنِ: دو دیواریں/ آڑیں، دو پہاڑ، سَدٌّ کا تثنیہ، [مادہ؛ سدد]۔(۱۸: ۹۳).

سِرًّا: چھپی ہوئی بات، بھید، راز، جو دل میں چھپا ہو، اَسْرَارٌ جمع، سَرَائِرُ جمع الجمع۔(۲: ۲۳۵، ۲۷۴) (۱۳: ۲۲) (۱۴: ۳۱) (۱۶: ۷۵) (۳۵: ۲۹)، السِّرَّ (۲۰: ۷) (۲۵: ۶).

السَّرَّآءُ: نعمت، فراخی، آسودگی، خوشحالی، حالت شادمانی، [مادہ؛ سرر]۔(۷: ۹۵)، السَّرَّآءِ (۳: ۱۳۴).

السَّرَآئِرُ: چھپے ہوئے بھید، پوشیدہ باتیں، سَرِيْرَةٌ کی جمع، [مادہ؛سرر]۔(۸۶: ۹).

سَرَابٌ: چمکتی ہوئی ریت، سراب جو گرمی میں نظر آتی ہے، چونکہ سراب پر نظر پڑنے سے پانی کا دھوکا ہوتا ہے اس لیے یہ دھوکا اور فریب کے لیے بھی بطور ضرب المثل بولا جاتا ہے، [مادہ؛سرب]۔(۲۴: ۳۹)، سَرَابًا (۷۸: ۲۰).

سَرَابِيْلَ: کرتے، قمیصیں، پیرہن، سِرْبَالٌ کی جمع، [مادہ؛ سربل]۔(۱۶: ۸۱، ۸۱).

سَرَابِيْلُهُمْ: (سَرَابِيْلُ. هُمْ) ان کے کرتے، ان کے پیرہن، سَرَابِيْلُ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۱۴: ۵۰).

سِرَاجًا: چراغ، دیا، مجازاً سورج اور ہر روشن چیز کیلئے بھی اس کا استعمال ہوتا ہے، سُرُجٌ جمع، [مادہ؛ سرج]۔(۳۳: ۴۶) (۷۱: ۱۶) (۷۸: ۱۳) سِرٰجًا (۲۵: ۶۱).

سَرَاحًا: رخصت کرنا، چھوڑنا، تَسْرِيْحٌ سے جس کے معنی طلاق دینے کے ہیں، اسم ہے، [مادہ؛سرح]۔(۳۳: ۲۸، ۴۹).

سُرَادِقُهَا: (سُرَادِقُ. هَا) اس کی قناتیں/ خیمہ کی قنات، اس کے چاروں طرف کا پردہ، سُرَادِقُ (اسم واحد مذکر، سُرَادِقَاتٌ جمع، [مادہ؛ سردق]) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۱۸: ۲۹).

سِرَاعًا: دوڑنے والے/ جلدی کرنے والے، دوڑتے ہوئے/ جلدی کرتے ہوئے، (سمع، کرم ا) سُرْعَةٌ سے صیغہ صفت جمع، سَرِيْعٌ واحد مذکر، سَرِيْعَةٌ واحد مؤنث۔(۵۰: ۴۴) (۷۰: ۴۳).

سَرَبًا: سرنگ، سرنگ بنا کر، سوراخ کر کے، اَسْرَابٌ جمع۔(۱۸: ۶۱).

سَرِّحُوْهُنَّ: (سَرِّحُوْا. هُنَّ) تم ان کو رخصت کر دو، تم انہیں چھوڑ دو، سَرِّحُوْا، (تفعیل ا) تَسْرِيْحٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، هُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)۔(۲: ۲۳۱) (۳۳: ۴۹).

السَّرْدِ: کڑیاں جوڑنا، زرہیں بنانا، مصدر ہے (نصر، ضرب ا)۔(۳۴: ۱۱).

سُرُرٌ: تخت، سَرِيْرٌ کی جمع، [مادہ؛سرر]۔(۸۸: ۱۳)، سُرُرٍ (۱۵: ۴۷) (۳۷: ۴۴) (۵۲: ۲۰) (۵۶: ۱۵)، سُرُرًا (۴۳: ۳۴).

سَرَقَ: اس نے چوری کی، (ضرب ا) سَرْقَةٌ سے جسکے معنی چوری کرنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔ سَرْقَةٌ کے معنی پوشیدہ طور پر اس چیز کا لینا جس کو لینے کا حق نہ ہو۔(۱۲: ۷۷، ۸۱).

سِرَّكُمْ: (سِرَّ. كُمْ) تمہارا بھید، تمہاری پوشیدہ باتیں، سِرَّ (اَسْرَارٌ جمع) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۶: ۳).

سَرْمَدًا: ہمیشہ، دائم، [مادہ؛سرمد]۔(۲۸: ۷۱، ۷۲).

سُرُوْرًا: سرور، خوشی، خوش کرنا، مصدر (نصر۵؛ سَرَّ. يَسُرُّ کا)۔(۷۶: ۱۱).

سِرَّهُمْ: (سِرَّ. هُمْ) ان کا بھید، ان کا راز، سِرَّ (دل میں جو بات چھپی ہوا سے سِرّ کہتے ہیں، اَسْرَارٌ جمع) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۹: ۷۸) (۴۳: ۸۰).

سَرِيًّا: ایک چشمہ، چھوٹی نہر، اَسْرِيَةٌ و سُرْيَانٌ جمع، [مادہ؛

سری]۔(۲۴:۱۹).

سَرِيْعُ: جلد کرنے والا، (سمع، کرم ا) سُرْعَةٌ سے جسکے معنی جلدی کرنے کے ہیں، صفت مشبہ (واحد مذکر، مضاف)، سُرْعَانٌ جمع۔ (۲:۲۰۲) (۳:۱۹، ۱۹۹) (۵:۴) (۶:۱۶۵) (۷:۱۶۷) (۱۳:۴۱) (۱۴:۵۱) (۲۴:۳۹) (۴۰:۱۷).

سُطِحَتْ: وہ بچھائی گئی، ہموار کی گئی، (فتح ا) سَطْحٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث۔(۸۸:۲۰).

سَعٰى: اس نے کوشش کی، وہ دوڑا، اس نے کمایا، (فتح ۷؛ سَعٰى. يَسْعٰى) سَعْىٌ (کوشش کرنا، کمانا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۲:۱۱۴، ۲۰۵) (۱۷:۱۹) (۵۳:۳۹) (۷۹:۳۵).

سَعَةً: کشائش، فراخی، وسعت، (سمع ۶) وَسِعَ. يَسَعُ کا مصدر، دِيَةٌ اور عِدَةٌ کی طرح اس میں بھی و کو حذف کر کے آخر میں ۃ لائی گئی ہے۔ (۲:۲۴۷) (۴:۱۰۰)، سَعَةٍ (۶۵:۷)، السَّعَةِ (۲۴:۲۲).

سَعَتِهٖ: (سَعَةِ. ہٖ) اس کی تونگری، اس کی کشائش، سَعَةِ (مصدر) مضاف، ہٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۴:۱۳۰) (۶۵:۷).

سُعِدُوْا: وہ نیک بخت بنائے گئے، انہیں خوش قسمت بنایا گیا، (سمع ا) سَعَادَةٌ سے جسکے معنی نیک بخت ہونے/ نیک بخت کرنے کے ہیں، ماضی مجہول جمع غائب مذکر۔(۱۱:۱۰۸).

سُعُرٍ: سودا، جنون، بے عقلی، آگ کی گرمی۔ اصل میں (فتح ا) سَعْرٌ کے معنی آگ بھڑکانے کے ہیں، جب انسان کے دماغ میں گرمی بھڑک اٹھتی ہے تو وہ پاگل ہو جاتا ہے، سُعُر کا استعمال سودا اور جنون کے معنی میں اسی اعتبار سے ہے۔(۵۴:۲۴، ۴۷).

سُعِّرَتْ: وہ دہکائی گئی، وہ بھڑکائی گئی، (تفعیل ا) تَسْعِيْرٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث۔(۸۱:۱۲).

سَعَوْا: وہ لپکے، انہوں نے کوشش کی، (فتح) سَعْیٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۲۲:۵۱)، سَعَوْ (۳۴:۵).

السَّعْیَ: کوشش کرنا، قصد کرنا، چلنا/ دوڑنا، کام کرنا، مصدر ہے (فتح ۷؛ سَعٰى. يَسْعٰى کا)۔(۳۷:۱۰۲)، سَعْيًا (۲:۲۶۰).

سَعِيْدٌ: نیک بخت، (سمع) سَعَادَةٌ سے، صفت مشبہ واحد مذکر۔ (۱۱:۱۰۵).

سَعِيْرًا: بھڑکتی ہوئی آگ، دوزخ، (فتح ا) سَعْرٌ (آگ جلانا/ بھڑکانا) سے، صیغہ صفت مفرد۔ قرآن میں یہ دوزخ (یا دوزخ کے ایک طبقے) کیلئے آیا ہے۔ (۴:۱۰، ۵۵) (۱۷:۹۷) (۲۵:۱۱) (۳۳:۶۴) (۴۸:۱۳) (۷۶:۴) (۸۴:۱۲)، السَّعِيْرِ (۲۲:۴) (۳۱:۲۱) (۳۴:۱۲) (۳۵:۶) (۴۲:۷) (۶۷:۵، ۱۰، ۱۱).

سَعْيُكُمْ: (سَعْیُ. كُمْ) تمہاری سعی، تمہاری کوشش، سَعْیُ مضاف، کُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۷۶:۲۲)، سَعْيَكُمْ (۹۲:۴).

سَعْيِهٖ: (سَعْيِ. ہٖ) اس کی سعی، اس کی کوشش، سَعْيِ مضاف، ہٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۲۱:۹۴)، سَعْيَهٗ (۵۳:۴۰).

سَعْيَهَا: (سَعْيِ. هَا) اس کی سعی، اس کی کوشش، سَعْيِ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۸۸:۹)، سَعْيَهَا (۱۷:۱۹).

سَعْيُهُمْ: (سَعْیُ. هُمْ) ان کی کوشش، ان کا کوشش کرنا، ان کا کام کرنا، ان کا قصد کرنا، سَعْیُ (مصدر) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۱۷:۱۹) (۱۸:۱۰۴).

سَفَاهَةٌ: بے عقلی، بے وقوفی، جہالت، جاہل ہونا، بے وقوف ہونا، مصدر ہے (کرم ا؛ سَفُهَ. يَسْفُهُ کا)۔ (۷:۶۷)، سَفَاهَةٍ (۷:۶۶).

سَفَرٍ: سفر، دور کی مسافت طے کرنے کو سفر کہتے ہیں، (مصدر ہے، باب نصر ا)، اَسْفَارٌ جمع۔ لغت میں (نصر) سَفْرٌ کے معنی پردہ ہٹانے

اور متفرق کرنے کے ہیں، سفر کو سفر اس لیے کہا جاتا ہے کہ اس میں دونوں مفہوم شامل ہیں۔ (۲: ۱۸۴، ۱۸۵، ۲۸۳) (٤۳:٤) (٦:٥)، سَفَرًا (٩:٤٢).

سَفَرَةٍ: لکھنے والے، (نصرا) سَفْرٌ (لکھنا) سے، اسم فاعل جمع مذکر، سَافِرٌ واحد۔ لکھنے میں بھی چونکہ بات کھلتی اور واضح ہوتی ہے اس لیے سفر کے معنی لکھنے کے بھی آتے ہیں۔ (١٥:٨٠).

سَفَرِنَا: (سَفَرِ.نَا) ہمارا سفر، سَفَرِ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (٦٢:١٨).

السُّفْلٰی: بہت نیچی، (نصر، سمع، کرم ا) سُفُوْلٌ سے جسکے معنی پست ہونے اور گھٹیا ہونے کے ہیں، اسم تفضیل واحد مؤنث۔ (٤٠:٩).

سَفِهَ: وہ بیوقوف ہوا، اس نے احمق بنایا، (سمع ا) سَفْهٌ و سَفَهٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (١٣٠:٢).

سَفَهًا: نادانی، کم عقلی، بے وقوفی، بے وقوف ہونا، احمق بنانا، (سمع ا) سَفِهَ.يَسْفَهُ کا مصدر ہے۔ یہ متعدی بنفسہ ہے۔ (١٤٠:٦).

السُّفَهَآءُ: بے وقوف لوگ، جاہل، سَفِيْهٌ کی جمع۔ (٢: ١٣، ١٣، ١٤٢) (١٥٥:٧)، السُّفَهَآءَ (٥:٤).

سَفِيْنَةٍ: کشتی، جہاز، اسم واحد مؤنث، سُفُنٌ و سَفَائِنُ جمع، [مادہ؛ سفن]۔ یہ اصل میں (ضرب ا) سَفْنٌ سے جسکے معنی اوپر سے چھیلنے اور تراشنے کے ہیں، صیغۂ صفت ہے۔ (٧٩:١٨)، السَّفِيْنَةِ (٧١:١٨) (١٥:٢٩)، السَّفِيْنَةُ (٧٩:١٨).

سَفِيْهًا: بے وقوف، جاہل، بے عقل، (سمع و کرم ا) سَفَهٌ و سَفَاهَةٌ سے صیغۂ صفت واحد مذکر ہے، سُفَهَاءُ جمع۔ (٢٨٢:٢).

سَفِيْهُنَا: (سَفِيْهُ.نَا) ہم میں بے وقوف، سَفِيْهُ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (٤:٧٢).

سَقٰى: اس نے پانی پلایا، (ضرب ۹؛ سَقٰى.يَسْقِيْ) سَقْيٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (٢٤:٢٨).

سِقَايَةَ: پانی پلانا، پینے کا برتن، پلانے کی جگہ، مفرد ہے، مؤنث اور مذکر دونوں طرح استعمال ہوتا ہے، مصدر بھی ہے (ضرب ۹؛ سَقٰى.يَسْقِيْ کا)، [مادہ؛ سقی]۔ (١٩:٩)، السِّقَايَةَ (٧٠:١٢).

سَقٰهُمْ: (سَقٰى.هُمْ) اس نے ان کو پلایا، سَقٰى، (ضرب) سَقْيٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (٢١:٧٦).

سَقَرُ: آگ، دوزخ کے ایک طبقے کا نام ہے، (اسم غیر منصرف ہے)۔ (٢٧:٧٤)، سَقَرَ (٤٨:٥٤) (٢٦:٧٤، ٤٢).

سُقِطَ: وہ گرا دیا گیا، (نصرا) سُقُوْطٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔ **سُقِطَ فِيْ اَيْدِيْهِمْ:** پچھتائے، نادم ہوئے، یہ عربی محاورہ ہے، یہ ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کسی بھاری غلطی پر پچھتاوا ہو۔ (١٤٩:٧).

سَقَطُوْا: وہ گر پڑے، وہ پڑ گئے، (نصر) سُقُوْطٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (٤٩:٩).

السَّقْفُ: چھت، سُقُوْفٌ و سُقُفٌ جمع۔ (٢٦:١٦)، السَّقْفِ (٥:٥٢)، سَقْفًا (٣٢:٢١).

سُقُفًا: چھتیں، سَقْفٌ واحد یا سَقِيْفٌ کی جمع۔ (٣٣:٤٣).

سُقْنٰهُ: (سُقْنَا.هُ) ہم نے اسے ہانک دیا، ہم اس کو ہانک لے گئے، سُقْنَا، (نصر ٦؛ سَاقَ.يَسُوْقُ) سَوْقٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (٥٧:٧) (٩:٣٥).

سُقُوْا: ان کو پلایا گیا، (ضرب) سَقْيٌ سے، ماضی مجہول جمع غائب مذکر۔ (١٥:٤٧).

سُقْيٰهَا: (سُقْيَا.هَا) اس کو پانی پلانا، اس کو پانی پلانے کی باری، سُقْيَا (ضرب ۹؛ سَقْيٌ سے اسم مصدر) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (١٣:٩١).

سَقَيْتَ: تو نے پانی پلایا، (ضرب) سَقْيٌ سے، ماضی واحد حاضر

مذکر۔(۲۸: ۲۵).

سَقِيمٌ: دکھی، بیمار، (سمع، کرم ا) سُقْمٌ سے، صفت مشبہ مفرد۔ (۳۷: ۸۹، ۱۴۵).

سُكٰرٰى: مست، مدہوش، (سمع ا) سَكَرٌ و سُكْرٌ (مدہوش ہونا) سے صیغۂ صفت جمع، سَكْرَانُ واحد مذکر۔ (۴: ۴۳) (۲۲: ۲، ۲).

سَكَتَ: وہ تھم گیا، اس نے خاموشی اختیار کی، (نصر ا) سُكُوْتٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۷: ۱۵۴).

سَكَرًا: جس چیز سے نشہ ہو، نشہ آور چیز، کھجور اور انگور کی جو چیز حرام ہو چکی ہے سَکَر ہے، مدہوش ہونا، مصدر (سمع؛ سَكِرَ. يَسْكَرُ کا)۔(۱۶: ۶۷).

سَكْرَةُ: بے ہوشی، نشہ، مستی، اسم مرۃ (مضاف)، [مادہ؛ سکر]۔(۵۰: ۱۹).

سُكِّرَتْ: وہ نشہ میں چور کی گئی، اس کی نظر بندی کر دی گئی، (تفعیل ا) تَسْكِيْرٌ (مخمور کرنا، گلا گھونٹنا، نظر بندی کرنا) سے، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث۔(۱۵: ۱۵).

سَكْرَتِهِمْ: (سَكْرَة. هِمْ) ان کی مستی، ان کا نشہ، ان کی مدہوشی، سَكْرَةِ مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۵: ۷۲).

سَكَنَ: وہ ٹھہرا، وہ بسا، وہ رہا، (نصر ا) سُكُوْنٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۶: ۱۳).

سَكَنٌ: تسکین، آرام، رحمت، جس سے سکون حاصل ہو۔ (۹: ۱۰۳)، سَكَنًا (۶: ۹۶) (۱۶: ۸۰).

سَكَنْتُمْ: تم ٹھہرے، تم بسے، تم رہے، (نصر) سُكُوْنٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(۱۴: ۴۵) (۶۵: ۶).

سِكِّيْنًا: چھری، چاقو، سَكَاكِيْنُ جمع، (مذکر و مؤنث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے لیکن زیادہ تر مذکر آتا ہے)، [مادہ؛ سکن]۔ اس کے مادہ کا مصدر سُكُوْنٌ ہے جسکا معنی ہے ٹھہر جانا، سکون پذیر ہونا، پس اس کو سِكِّيْنٌ اس لیے کہتے ہیں کہ اس سے مذبوح کی حرکت زائل ہو جاتی ہے اور وہ سکون پذیر ہو جاتا ہے۔(۱۲: ۳۱).

سَكِيْنَةٌ: تسلیٔ خاطر، تسکین، اطمینان، سُكُوْنٌ سے اسم مصدر ہے، [مادہ؛ سکن]۔(۲: ۲۴۸)، السَّكِيْنَةَ (۴۸: ۴، ۱۸).

سَكِيْنَتَهٗ: (سَكِيْنَةَ. هٗ) اس کی طرف سے تسکین، اس کا اطمینان، سَكِيْنَةَ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۹: ۲۶، ۴۰) (۴۸: ۲۶).

سَلْ: تو پوچھ، دریافت کر، (فتح ۳) سُؤَالٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ اصل میں اِسْئَلْ، اختصار کے ساتھ سَلْ لکھتے ہیں۔ (۲: ۲۱۱).

السَّلٰسِلُ: زنجیریں، سِلْسِلَةٌ واحد، [مادہ؛ سلسل]۔ (۴۰: ۷۱)، سَلٰسِلَا۟ (۷۶: ۴).

سُلٰلَةٍ: چنی ہوئی، نچوڑ، خلاصہ، یہ (نصر ۵) سَلٌّ (ایک چیز سے دوسری چیز آہستہ آہستہ نکالنا) سے اسم ہے۔ (۲۳: ۱۲) (۳۲: ۸).

سَلٰمٌ: سلامتی، امان، سلام، سالم، (سمع ا) سَلِمَ. يَسْلَمُ کا مصدر اور تَسْلِيْمٌ کا اسم۔ (۶: ۵۴) (۷: ۴۶) (۱۰: ۱۰) (۱۱: ۶۹) (۱۳: ۲۴) (۱۴: ۲۳) (۱۶: ۳۲) (۱۹: ۱۵، ۴۷) (۲۷: ۵۹) (۲۸: ۵۵) (۳۳: ۴۴) (۳۶: ۵۸) (۳۷: ۷۹، ۱۰۹، ۱۲۰، ۱۳۰، ۱۸۱) (۳۹: ۷۳) (۴۳: ۸۹) (۵۱: ۲۵) (۵۶: ۹۱) (۹۷: ۵)، سَلٰمٍ (۱۱: ۴۸) (۱۵: ۴۶) (۵۰: ۳۴)، السَّلٰمِ (۵: ۱۶) (۶: ۱۲۷) (۱۰: ۲۵)، السَّلٰمَ (۴: ۹۴)، السَّلٰمُ (۱۹: ۳۳) (۲۰: ۴۷) (۵۹: ۲۳)، سَلٰمًا (۱۱: ۶۹) (۱۵: ۵۲) (۱۹: ۶۲) (۲۱: ۶۹) (۲۵: ۶۳، ۷۵) (۵۱: ۲۵) (۵۶: ۲۶، ۲۶).

سَلْسَبِيْلًا: جنت کے ایک چشمہ کا نام، بہتا ہوا صاف پانی۔ بعض کے نزدیک یہ عجمی لفظ ہے، بعض کہتے ہیں کہ یہ سَلٌّ (نرمی اور آہستگی

سے نکالنا) اور سَبِیْل (راستہ) سے مرکب ہے، بعض اس کا مادہ سلسل (جوڑنا، ملانا، بہانا، شیریں وخوشگوار پانی ہونا) بتاتے ہیں اور باء زائد، اور بعض کے نزدیک یہ خماسی سے ہے، یعنی اس کا مادہ سلسبل ہے باء زائد نہیں اور معنی سلسل کے ہی ہیں، [مادہ؛ سلسبل]۔ سلسبل مادے کے لحاظ سے یہ اسم واحد مذکر ہے اور اس کی جمع سَلَاسِیْبُ آتی ہے۔(١٨:٧٦).

سِلْسِلَةٍ: زنجیر، سَلَاسِلُ جمع، [مادہ؛سلسل]۔ سَلْسَلَة کے معنی اصل میں ایک شے کو دوسری شے سے جوڑنے اور ملانے کے ہیں، اور زنجیر میں کڑیاں آپس میں ملی اور جڑی ہوتی ہیں۔(٣٢:٦٩).

سُلْطٰنٌ: زور، قوت، حجت، سند، برہان، حکومت، دلیل، حاکم، غلبہ، سَلَاطِیْنُ جمع، [مادہ؛ سلط]۔ (٤٢:١٥) (٩٩:١٦) (٦٥:١٧) (١٥٦:٣٧)، سُلْطٰنٍ (٧١:٧) (٦٨:١٠) (٩٦:١١) (٤٠:١٢) (١٠:١٤، ١١، ٢٢) (١٥:١٨) (٤٥:٢٣) (٢١:٢٧) (٢١:٣٤) (٣٠:٣٧) (٢٣:٤٠، ٣٥، ٥٦) (١٩:٤٤) (٣٨:٥١) (٣٨:٥٢) (٢٣:٥٣) (٣٣:٥٥)، سُلْطٰنًا (١٥١:٣) (٩١:٤، ١٤٤، ١٥٣) (٨١:٦) (٣٣:٧) (٣٣:١٧، ٨٠) (٧١:٢٢) (٣٥:٢٨) (٣٥:٣٠).

سُلْطٰنُهٗ: (سُلْطٰنُ. هٗ) اس کا زور، سُلْطٰنُ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(١٠٠:١٦).

سُلْطٰنِيَهْ: (سُلْطٰنِ. یَ. هْ) میری حکومت، میرا زور، سُلْطٰنِ مضاف، یَ (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ، اور ہ سکتہ کی ہے۔(٢٩:٦٩).

سَلَّطَهُمْ: (سَلَّطَ. هُمْ) اس نے ان کو مسلط کیا، سَلَّطَ، (تفعیل ا) تَسْلِیْطٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٩٠:٤).

سَلَفَ: وہ ہو چکا، گزر گیا، (نصرا) سَلَفٌ سے جسکے معنی ہو چکنے اور گزرنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔(٢٧٥:٢) (٢٢:٤، ٢٣) (٩٥:٥) (٣٨:٨).

سَلَفًا: گیا گزرا، گزرے ہوئے، گزشتہ۔ اصل میں یہ مصدر (باب نصرا) ہے اور بطور اسم کے متقدم یعنی گزرے ہوئے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، اَسْلَافٌ و سُلَّافٌ جمع۔(٥٦:٤٣).

سَلَقُوْكُمْ: (سَلَقُوْا. كُمْ) وہ تم سے چڑھ چڑھ بولے، وہ تم سے بڑھ بڑھ کے بولے، سَلَقُوْا، (نصرا) سَلْقٌ سے جس کے معنی زبان سے سنانے کے ہیں، ماضی جمع غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(١٩:٣٣).

سَلَكَ: اس نے چلائیں، (نصرا) سَلْكٌ (چلانا، داخل کرنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(٥٣:٢٠).

سَلَكَكُمْ: (سَلَكَ. كُمْ) اس نے تمہیں چلایا، اس نے تمہیں داخل کیا، وہ تمہیں لے آئی، سَلَكَ، (نصر) سَلْكٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(٤٢:٧٤).

سَلَكْنٰهُ: (سَلَكْنَا. هُ) ہم نے اس کو گھسادیا/ اسے داخل کر دیا/ اسے چلایا، سَلَكْنَا، (نصر) سَلْكٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(٢٠٠:٢٦).

سَلَكَهٗ: (سَلَكَ. هٗ) اس نے اسے چلایا، اس نے اس کو جاری کیا، سَلَكَ، (نصر) سَلْكٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(٢١:٣٩).

السِّلْمِ: اسلام، سلامتی، اسم ہے (مذکر بھی ہے اور مؤنث بھی)۔(٢٠٨:٢).

السَّلْمِ: صلح، اسم مفرد (مذکر ومؤنث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے)۔(٦١:٨) (٣٥:٤٧).

السَّلَمَ: صلح، فرمانبرداری، عاجزی، پورا، سالم، مصدر ہے (باب سمع ا)۔ سَلَمٌ کے معنی خالص اور پورے طور پر کسی دوسرے کیلئے ہو جانے کے آتے ہیں۔(٩٠:٤، ٩١) (٢٨:١٦، ٨٧)، سَلَمًا (٢٩:٣٩).

سُلَّمٌ: سیڑھی، زینہ، سیڑھی کے ذریعے چونکہ آدمی سلامتی کے ساتھ

اوپر پہنچ جاتا ہے اس لیے اس کا نام سُلَّم ہوا، (مذکر و مؤنث)، سَلَالِیْمُ جمع،[مادہ:سلم]۔(٣٨:٥٢)، سُلَّمًا (٣٥:٦).

سَلَّمَ: اس نے بچالیا، (تفعیل ا) تَسْلِیْمٌ (بمعنی حفاظت میں رکھنا/ بچانا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(٤٣:٨).

سَلَّمْتُمْ: تم نے حوالے کردیا، تم نے سونپ دیا، (جب) تم ادا کردو، (تفعیل ا) تَسْلِیْمٌ (بمعنی سونپنا، سپرد کرنا) سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(٢٣٣:٢).

سَلِّمُوْا: تم سلام کرو، تم سلام بھیجو، (تفعیل ا) تَسْلِیْمٌ (بمعنی سلام کرنا) سے، امر جمع حاضر مذکر۔(٦١:٢٤) (٥٦:٣٣).

السَّلْوٰی: بٹیر، بٹیر قسم کے پرندے، یہ اسم جمع ہے، [مادہ: سلو]۔سَلْوٰی اصل میں ہر اس چیز کو کہتے ہیں جو انسان کیلئے تسلی کا باعث ہو۔بنی اسرائیل پر اترنے والے من اور سلویٰ سے عام طور پر میٹھی شے جو آسمان سے شبنم کی طرح برستی تھی (من) اور بٹیر قسم کے پرندے (سلویٰ) مراد لیے جاتے ہیں۔بعض کی رو سے من اور سلویٰ کے الفاظ بطور مثال کے ذکر کیے گئے ہیں، اصل میں مراد وہ رزق ہے جو اللہ تعالیٰ نے گوشت اور سبزیوں (یا پھلوں) کی صورت میں انہیں دیا تھا۔(٥٧:٢) (١٦٠:٧) (٨٠:٢٠).

سَلْهُمْ: (سَلْ.هُمْ) تو ان سے پوچھ، ان سے دریافت کر، سَلْ، (فتح ٣) سُؤَالٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٤٠:٦٨).

سَلِيْمٍ: چنگا، بے روگ، ستھرا، نروگا، (سمع ا) سَلَامَةٌ سے، صفت مشبہ واحد مذکر۔(٨٩:٢٦) (٨٤:٣٧).

سُلَيْمٰنُ: مشہور جلیل القدر پیغمبر جو حضرت داؤدؑ کے فرزند تھے، اللہ نے ان کو نبوت اور سلطنت سے نوازا اور ایسی حکومت دی جیسی نہ کسی کو پہلے اور نہ بعد میں نصیب ہوئی۔جن، ہوا، پرندوں کو آپ کے لیے مسخر کردیا گیا، آپ کو سب جانوروں کی بولیاں اور چیونٹی تک کی بات سمجھنے کا شرف حاصل تھا۔آپ کے کمالات اور پیغمبرانہ سیرت کا تذکرہ قرآن و حدیث میں جگہ جگہ ملتا ہے۔خاص طور پر دو عورتوں کے قضیہ کا قصہ، جو آپ نے چھوٹی عمر میں حل کیا کہ دو عورتوں کے دو بچوں میں سے ایک کے بچے کو بھیڑیا لے گیا تو دونوں جھگڑنے لگیں کہ تیرے بچے کو لے گیا، جب معاملہ حضرت سلیمانؑ کے پاس پہنچا تو انہوں نے کہا کہ چھری لاؤ تا کہ میں اس بچے کو کاٹ کر دونوں کو دے دوں، ایک کہنے لگی کہ اللہ آپ پر رحم کرے، ایسا تو نہ کیجئے یہ اسی (دوسری) کا بچہ ہے، تو آپ نے اسی (پہلی) کے حق میں فیصلہ فرما دیا۔ملکہ سبا کا قصہ بھی مشہور ہے جو سورۃ النمل میں آیا ہے۔(١٠٢:٢) (١٦:٢٧، ١٨)، سُلَيْمٰنَ (١٠٢:٢) (١٦٣:٤) (٨٤:٦) (٧٨:٢١، ٧٩، ٨١) (١٥:٢٧، ١٧، ٣٠، ٣٦، ٤٤) (١٢:٣٤) (٣٠:٣٨، ٣٤).

سَمِّ: ناکہ، سوراخ، ہر تنگ سوراخ کو سَمّ کہتے ہیں، سُمُوْمٌ جمع۔(٤٠:٧).

سَمَآءِ: آسمان، ابر، بارش، ہر وہ شے جو کسی پر بلند ہو، ہر چیز کی چھت، یہ (نصر: سَمَا.یَسْمُوْ) سُمُوٌّ سے ہے جسکے معنی بلند ہونے کے ہیں، یہ اسم واحد مؤنث ہے، لیکن کبھی مذکر بھی استعمال ہوتا ہے اور جمع بھی آتا ہے، اس کی جمع سَمٰوٰتٌ ہے۔(١٢:٤١)، سَمَآءٌ (١١:٤٤)، السَّمَآءِ (١٩:٢، ٢٢، ٢٩، ٥٩، ١٤٤، ١٦٤، ١٦٤) (٥:٣) (١٥٣:٤) (١١٢:٥، ١١٤) (٣٥:٦، ٩٩، ١٢٥) (٤٠:٧، ٩٦، ١٦٢) (١١:٨، ٣٢) (٢٤:١٠، ٣١، ٦١) (١٧:١٣) (٢٤:١٤، ٣٢، ٣٨) (١٤:١٥، ١٦، ٢٢) (١٠:١٦، ٦٥، ٧٩) (٩٣:١٧، ٩٥) (٤٠:١٨، ٤٥) (٥٣:٢٠) (٤:٢١) (١٥:٢٢، ٣١، ٦٣، ٧٠) (١٨:٢٣) (٤٣:٢٤) (٤٨:٢٥، ٦١) (٤:٢٦، ١٨٧) (٦٠:٢٧، ٦٤، ٧٥) (٢٢:٢٩، ٣٤، ٦٣) (٢٤:٣٠، ٤٨) (١٠:٣١) (٥:٣٢) (٢:٣٤، ٩، ٩) (٣:٣٥، ٢٧) (٢٨:٣٦) (٢١:٣٩) (١٣:٤٠) (١١:٤١) (١١:٤٣، ٨٤) (٥:٤٥) (٦:٥٠، ٩) (٧:٥١، ٢٢، ٢٣) (٤٤:٥٢) (١١:٥٤) (٤:٥٧، ٢١) (١٦:٦٧، ١٧) (١:٨٥) (١:٨٦، ١١) (١٨:٨٨) (٥:٩١)، السَّمَآءَ (٢٢:٢) (٦:٦) (٥٢:١١) (٩٢:١٧) (١٦:٢١، ٣٢، ١٠٤) (٦٥:٢٢) (٦:٣٧) (٢٧:٣٨) (٦٤:٤٠) (١٢:٤١)

(٤٧:٥١) (٧:٥٥) (٥:٦٧) (١١:٧١) (٨:٧٢)، السَّمَآءُ (٢٥:٢٥) (٣٠:٢٥) (٤٤:١٠، ٢٩) (٩:٥٢) (٣٧:٥٥) (١٦:٦٩) (٨:٧٠) (١٨:٧٣) (٩:٧٧) (١٩:٧٨) (٢٧:٧٩) (١١:٨١) (١:٨٢) (١:٨٤).

سَمّٰعُوْنَ: خوب کان لگا کر سننے والے، جاسوس، (سمع ۱) سَمْعٌ سے، مبالغہ کا صیغہ (جمع مذکر)، سَمَّاعٌ واحد۔ (٤١:٥، ٤١، ٤٢) (٤٧:٩).

سِمَانٌ: موٹی، فربہ، (نصر، سمع ۱) سَمَنٌ سے، صفت مشبہ جمع، سَمِيْنٌ واحد۔ (٤٣:١٢، ٤٦).

سَمٰوٰتٍ: آسمان، سَمَآءٌ کی جمع ہے۔ (٢٩:٢) (١٢:٦٥) (٣:٦٧) (١٥:٧١) سَمٰوَاتٍ (١٢:٤١)، السَّمٰوٰتِ (٣٣:٢، ١٠٧، ١١٦، ١١٧، ١٦٤، ٢٥٥، ٢٥٥، ٢٨٤) (٢٩:٣، ٨٣، ١٠٩، ١٢٩، ١٨٠، ١٨٩، ١٩٠، ١٩١) (١٢٦:٤، ١٣١، ١٣١، ١٣٢، ١٧٠، ١٧١) (١٧:٥، ١٨، ٤٠، ٩٧، ١٢٠) (١:٦، ٣، ١٢، ١٤، ٧٣، ٧٥، ٧٩، ١٠١) (٥٤:٧، ١٥٨، ١٨٥، ١٨٧) (٣٦:٩، ١١٦) (٣:١٠، ٦، ١٨، ٥٥، ٦٦، ٦٨، ١٠١) (٧:١١، ١٢٣) (١٠١:١٢، ١٠٥) (٢:١٣، ١٥، ١٦) (٢:١٤، ١٠، ١٩، ٣٢) (٨٥:١٥) (٣:١٦، ٤٩، ٥٢، ٧٣، ٧٧) (٥٥:١٧، ٩٩، ١٠٢) (١٤:١٨، ٢٦، ٥١) (٦٥:١٩، ٩٣) (٤:٢٠، ٦) (١٩:٢١، ٣٠، ٥٦) (١٨:٢٢، ٦٤) (٨٦:٢٣) (٣٥:٢٤، ٤١، ٤٢، ٦٤) (٢:٢٥، ٦، ٥٩) (٢٤:٢٦) (٢٥:٢٧، ٦٠، ٦٥، ٨٧) (٤٤:٢٩، ٥٢، ٦١) (٨:٣٠، ١٨، ٢٢، ٢٦، ٢٧) (١٠:٣١، ١٦، ٢٠، ٢٥، ٢٦) (٤:٣٢) (٧٢:٣٣) (١:٣٤، ٣، ٢٢، ٢٤) (١:٣٥، ٣٨، ٤٠، ٤١، ٤٤) (٨١:٣٦) (٥:٣٧) (١٠:٣٨، ٦٦) (٥:٣٩، ٣٨، ٤٤، ٤٦، ٦٣، ٦٨) (٣٧:٤٠، ٥٧) (٤:٤٢، ١١، ١٢، ٢٩، ٤٩، ٥٣) (٩:٤٣، ٨٢، ٨٥) (٧:٤٤، ٣٨) (٣:٤٥، ١٣، ٢٢، ٢٧، ٣٦، ٣٧) (٣:٤٦، ٤، ٣٣) (٤:٤٨، ٧، ١٤) (١٦:٤٩، ١٨) (٣٨:٥٠) (٣٦:٥٢) (٢٦:٥٣، ٣١) (٢٩:٥٥، ٣٣) (١:٥٧، ٢، ٤، ٥، ١٠) (٧:٥٨) (١:٥٩، ٢٤) (١:٦١) (١:٦٢) (٧:٦٣) (١:٦٤، ٣، ٤) (٣٧:٧٨) (٩:٨٥)، السَّمٰوٰتُ (١٣٣:٣) (١٠٧:١١، ١٠٨) (٤٨:١٤) (٤٤:١٧) (٩٠:١٩) (٧١:٢٣) (٦٧:٣٩) (٥:٤٢).

سَمّٰىكُمْ: (سَمّٰى. كُمْ) اس نے تمہارا نام رکھا، سَمّٰى، (تفعیل ۱۰؛ سَمّٰى. يُسَمِّيْ) تَسْمِيَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (٧٨:٢٢).

سَمِعَ: اس نے سن لیا، سَمْعٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (١٨١:٣) (١:٥٨).

السَّمْعِ: سننا، کان، مصدر (سمع ۱؛ سَمِعَ. يَسْمَعُ کا)۔ سَمْع اصل میں مصدر ہے لیکن بطور اسم بمعنی کان کے استعمال ہوتا ہے اور واحد اور جمع دونوں کیلئے آتا ہے، اس کی جمع اَسْمَاعٌ ہے۔ (٢١٢:٢٦) (٩:٧٢)، السَّمْعَ (٣١:١٠) (٢٠:١١) (١٨:١٥) (٧٨:١٦) (٣٦:١٧) (٧٨:٢٣) (٢٢٣:٢٦) (٩:٣٢) (٣٧:٥٠) (٢٣:٦٧)، سَمْعًا (١٠١:١٨) (٢٦:٤٦).

سَمِعَتْ: اس نے سنا، سَمْعٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔ (٣١:١٢).

سَمِعْتُمْ: تم نے سنا، (جب) تم سنو، سَمْعٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (١٤٠:٤).

سَمِعْتُمُوْهُ: (سَمِعْتُمْ. هُ) تم نے اس کو سنا، سَمِعْتُمْ، (سمع) سَمْعٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ سَمِعْتُمُوْ اصل میں سَمِعْتُمْ، واوَ اشباع کا ہے۔ (١٢:٢٤، ١٦).

سَمْعُكُمْ: (سَمْعُ. كُمْ) تمہارے کان، تمہاری قوت سماعت، سَمْعُ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٢٢:٤١)، سَمْعَكُمْ (٤٦:٦).

سَمِعْنَا: ہم نے سنا، ہم نے سمجھا، سَمْعٌ (سننا) سے، ماضی جمع متکلم۔ (٩٣:٢، ٢٨٥) (١٩٣:٣) (٤٦:٤، ٤٦) (٧:٥)

(٢١:٨، ٣١) (٢١:٦٠) (٢٤:٢٣) (٥١:٢٤) (٣٦:٢٨) (١٢:٣٢) (٧:٣٨) (٣٠:٤٦) (١:٧٢، ١٣).

سَمِعُوْا: انہوں نے سنا، انہوں نے سن لیا، سَمْعٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (٥:٨٣) (٢٥:١٢) (٢٨:٥٥) (٣٥:١٤) (٦٧:٧) (٦٨:٥١).

سَمِعَهٗ: (سَمِعَ.هٗ) اس نے اس کو سنا، سَمِعَ، سَمْعٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (٢:١٨١).

سَمْعِهٖ: (سَمْعِ.هٖ) اس کا کان، اس کی قوت سماعت، سَمْعِ مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٤٥:٢٣).

سَمْعُهُمْ: (سَمْعُ.هُمْ) ان کے کان، سَمْعُ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٤١:٢٠) (٤٦:٢٦)، سَمْعِهِمْ (٢:٧، ٢٠) (١٦:١٠٨).

سَمْكَهَا: (سَمْكَ.هَا) اس کا ابھار/چھت/بلندی، سَمْكَ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ سَمْكٌ اصل میں مصدر ہے (باب نصر ا) جسکے معنی ہیں بلند کرنا۔ (٧٩:٢٨).

سَمُوْمٍ: لو، تیز بھاپ، وہ گرم ہوا جو زہر کا سا اثر کرے سموم کہلاتی ہے، اسم واحد مؤنث، سَمَائِمُ جمع، [مادہ؛ سمم]۔ (٥٦:٤٢)، السَّمُوْمِ (١٥:٢٧) (٥٢:٢٧).

سَمُّوْهُمْ: (سَمُّوْا.هُمْ) تم ان کا نام لو، سَمُّوْا، (تفعیل ١٠) تَسْمِيَةٌ سے، امر جمع حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (١٣:٣٣).

سَمِيًّا: ہم نام، نظیر، [مادہ؛ سمو]۔ (١٩:٧، ٦٥).

سَمَّيْتُمُوْهَا: (سَمَّيْتُمْ.هَا) تم نے ان کا نام رکھ لیا، سَمَّيْتُمْ (سَمَّيْتُمُوْ اصل میں سَمَّيْتُمْ، واوَ اشباع کا ہے)، (تفعیل) تَسْمِيَةٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (٧:٧١) (١٢:٤٠) (٥٣:٢٣).

سَمَّيْتُهَا: (سَمَّيْتُ.هَا) میں نے اس کا نام رکھا، سَمَّيْتُ، (تفعیل) تَسْمِيَةٌ سے، ماضی واحد متکلم، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (٣:٣٦).

سَمِيْعٌ: سننے والا، سَمْعٌ سے، صفت مشبہ (واحد مذکر)، الاسماء الحسنٰی میں سے ہے۔ (٢:١٨١، ٢٢٤، ٢٢٧، ٢٤٤، ٢٥٦) (٣:٣٤، ١٢١) (٧:٢٠٠) (٨:١٧، ٤٢، ٥٣) (٩:٩٨، ١٠٣) (٢٢:٦١، ٧٥) (٢٤:٢١، ٦٠) (٣١:٢٨) (٣٤:٥٠) (٤٩:١) (٥٨:١)، سَمِيْعُ (٣:٣٨) (١٤:٣٩)، السَّمِيْعِ (١١:٢٤)، السَّمِيْعُ (٢:١٢٧، ١٣٧) (٣:٣٥) (٥:٧٦) (٦:١٣، ١١٥) (٨:٦١) (١٠:٦٥) (١٢:٣٤) (١٧:١) (٢١:٤) (٢٦:٢٢٠) (٢٩:٥، ٦٠) (٤٠:٢٠، ٥٦) (٤١:٣٦) (٤٢:١١) (٤٤:٦)، سَمِيْعًا (٤:٥٨، ١٣٤، ١٤٨) (٧٦:٢).

سَمِيْنٍ: فربہ، موٹا تازہ، (نصر، سمع) سَمَنٌ سے جسکے معنی فربہ ہونے کے ہیں، صفت مشبہ (واحد مذکر)، سِمَانٌ جمع۔ (٥١:٢٦).

السِّنِّ: دانت، اَسْنَانٌ جمع، [مادہ؛ سنن]۔ (٥:٤٥)، السِّنَّ (٥:٤٥).

سَنَا: چمکدار روشنی، بجلی کی چمک۔ زیادہ صحیح چمکدار روشنی ہی ہے کیونکہ بجلی کی کوند ہو یا آگ کی چمک، ہر تیز روشنی کیلئے استعمال کیا جاتا ہے، [مادہ؛ سنو]۔ (٢٤:٤٣).

سَنَابِلَ: بالیں، خوشے، سُنْبُلٌ کی جمع۔ (٢:٢٦١).

سُنْبُلٰتٍ: بالیں، خوشے، سُنْبُلَةٌ واحد، [مادہ؛ سنبل]۔ (١٢:٤٣، ٤٦).

سُنْبُلَةٍ: بال، خوشہ، اسم مفرد ہے، سُنْبُلٌ اور سُنْبُلَاتٌ جمع، [مادہ؛ سنبل]۔ (٢:٢٦١).

سُنْبُلِهٖ: (سُنْبُلِ.هٖ) اس کے خوشے، سُنْبُلِ (واحد اور جمع دونوں طرح آتا ہے، سَنَابِلُ جمع) مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب

مذکر)مضاف الیہ۔(٤٧:١٢).

سِنَةٌ: اونگھ، غنودگی، یہ اصل میں وَسْنٌ تھا، (سمع ٦)وَسِنَ.یَوْسَنُ کامصدر۔(٢٥٥:٢).

سَنَةٍ: سال، برس، سِنُوْنَ اور سَنَوَاتٌ جمع، [مادہ؛ سنو]۔ سنة بارہ مہینوں کا نام ہے، سنة کی دو قسمیں ہیں، ایک قمری یا ہلالی، دوسری شمسی۔ قمری کا شمار رویت ہلال سے ہے، سال میں بارہ مرتبہ چاند ہلال بن کر افق آسمان پر نمودار ہوتا ہے جس سے سنة قمری کے بارہ مہینے شمار ہوتے ہیں۔ جبکہ شمسی سنة سورج کے بارہ برجوں کو قطع کرنے کی مدت کا نام ہے۔ دینی امور میں قمری کو اہمیت ہے۔ (٩٦:٢) (٤٧:٢٢) (١٤:٢٩) (٥:٣٢) (٤:٧٠)، سَنَةً (٢٦:٥) (١٥:٤٦).

سُنَّةُ: راہ، رسم، دستور، طریقہ جاریہ، (مضاف)، سُنَنٌ جمع، [مادہ؛ سنن]۔ (٣٨:٨) (١٣:١٥) (٥٥:١٨)، سُنَّةِ (٦٢:٣٣) (٤٣:٣٥، ٤٣) (٢٣:٤٨)، سُنَّةَ (٧٧:١٧) (٣٨:٣٣، ٦٢) (٤٣:٣٥) (٨٥:٤٠) (٢٣:٤٨).

سُنَّتِنَا: (سُنَّةِ.نَا) ہمارا دستور، ہماری سنت، سُنَّةِ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔(٧٧:١٧).

سُنْدُسٍ: باریک ریشم، لاہی، باریک دیبا۔ (٣١:١٨) (٥٣:٤٤) (٢١:٧٦).

سُنَنٌ: طریقے، راستے، سُنَّةٌ کی جمع، [مادہ؛ سنن]۔ (١٣٧:٣)، سُنَنَ (٢٦:٤).

سِنِيْنَ: سال، برس، قحط کے برس، سَنَةٌ کی جمع (بحالت نصب و جر) ہے، [مادہ؛ سنو]۔ (١٣٠:٧) میں مراد ہے کہ ہر سال ان پر قحط اور خشک سالی آتی تھی۔ (٤٢:١٢، ٤٧) (١١:١٨، ٢٥) (٤٠:٢٠) (١١٢:٢٣) (١٨:٢٦، ٢٠٥) (٤:٣٠)، السِّنِيْنَ (١٣٠:٧) (٥:١٠) (١٢:١٧).

سَوْءٍ: برا، برا ہونا، مصدر ہے (نصر ۳+٦؛ سَاءَ.يَسُوْءُ کا)۔ (٢٨:١٩) (٧٤:٢١، ٧٧)، السَّوْءِ (٩٨:٩) (٦٠:١٦) (٤٠:٢٥) (٦:٤٨، ٦، ١٢).

سُوْءٌ: برائی، گناہ، عیب، برا کام، (نصر) سَوْءٌ سے اسم ہے۔ (١٧٤:٣)، سُوْءٍ (٣٠:٣) (١٤٩:٤) (٧٣:٧) (٥٤:١١، ٦٤) (٥١:١٢) (٢٨:١٦) (٢٢:٢٠) (١٥٦:٢٦) (١١:٢٧، ١٢) (٣٢:٢٨)، سُوْءٍ (٥٩:١٦) (٤٧:٣٩)، سُوْءَ (٤٩:٢) (١٥٧:٦) (١٤١:٧، ١٦٧) (٢١:١٣) (٦:١٤) (٢٤:٣٩)، سُوْءُ (٣٧:٩) (١٨:١٣، ٢٥) (٥:٢٧) (٨:٣٥) (٣٧:٤٠، ٤٥، ٥٢) (١٤:٤٧)، السُّوْءِ (١٦٩:٢) (١٤٨:٤) (١٦٥:٧) (٥٣:١٢) (٦٠:٢)، السُّوْءَ (١٧:٤) (٢٤:١٢) (٢٧:١٦، ٩٤، ١١٩) (٦٢:٢٧)، السُّوْءُ (١٨٨:٧) (٦١:٣٩)، سُوْءًا (١١٠:٤، ١٢٣) (٥٤:٦) (٢٥:١٢) (١١:١٣) (١٧:٣٣).

سَوَآءٌ: برابر، یکساں، درمیان، سیدھ، اسم مصدر ہے، اس کا تثنیہ اور جمع نہیں بنایا جاتا، [مادہ؛ سوی]۔ (٦:٢) (١٩٣:٧) (١٠:١٣) (٢١:١٤) (٧١:١٦) (١٣٦:٢٦) (٢٨:٣٠) (١٠:٣٦) (١٦:٥٢) (٦:٦٣)، سَوَآءٍ (٦٤:٣) (٥٨:٨) (١٠٩:٢١)، سَوَآءِ (٦٠:٥، ٧٧) (٥٥:٣٧) (٢٢:٣٨) (٤٧:٤٤)، سَوَآءَ (١٠٨:٢) (١٢:٥) (٢٢:٢٨) (١:٦٠)، سَوَآءً (١١٣:٣) (٨٩:٤) (٢٥:٢٢) (١٠:٤١) (٢١:٤٥).

سَوْاٰتِكُمْ: (سَوْاٰتِ.كُمْ) تمہاری شرمگاہیں، سَوْاٰتِ (سَوْءَةٌ کی جمع، [مادہ؛ سوا]) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(٢٦:٧).

سَوْاٰتُهُمَا: (سَوْاٰتُ.هُمَا) ان دونوں کی شرمگاہیں، ان کی ستر کی چیزیں، سَوْاٰتُ مضاف، هُمَا (ضمیر تثنیہ غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٢٢:٧) (١٢١:٢٠)، سَوْاٰتِهِمَا (٢٠:٧، ٢٧).

السُّوْآى: بہت بری/ برا، (نصر؛ سَاءَ.يَسُوْءُ) سَوْءٌ سے، اسم تفضیل واحد مؤنث، اَسْوَءُ مذکر۔(١٠:٣٠).

سَوْءَةَ: شرم گاہ، لاش، عیب، فضیحت، سَوْءٰتٌ جمع، [مادہ: سوا]۔ (۵:۳۱، ۳۱).

سُوَاعًا: ایک بت کا نام جسے حضرت نوحؑ کی قوم پوجتی تھی۔ عربی میں سُوَاعٌ رات کی ایک گھڑی کو کہتے ہیں، [مادہ: سوع]۔ (۷۱:۲۳).

سَوّٰی: اس نے درست کیا/ برابر کیا، اس نے پورا پورا بنایا، (تفعیل ۱۳؛ سَوّٰی. یُسَوِّیْ) تَسْوِیَۃٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۷۵:۳۸) (۸۷:۲).

سَوّٰىكَ: (سَوّٰی. كَ) اس نے تجھے درست کیا/ تجھے برابر کیا، اس نے تجھے پورا پورا بنایا، سَوّٰی، (تفعیل) تَسْوِیَۃٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (۱۸:۳۷) (۸۲:۷).

سَوّٰىهُ: (سَوّٰی. هُ) اس نے اس کو برابر کیا/ اسے پورا پورا بنایا، سَوّٰی، (تفعیل) تَسْوِیَۃٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ہ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۳۲:۹).

سَوّٰىهَا: (سَوّٰی. هَا) اس نے اس کو برابر کیا/ اسے پورا پورا بنایا، سَوّٰی، (تفعیل) تَسْوِیَۃٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۷۹:۲۸) (۹۱:۷، ۱۴).

سَوّٰىهُنَّ: (سَوّٰی. هُنَّ) اس نے ان کو ٹھیک کر دیا/ ان کو پورا کر دیا/ ان کو پورا پورا بنا دیا، سَوّٰی، (تفعیل) تَسْوِیَۃٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)۔ (۲:۲۹).

سُوْدٌ: کالے، (سمع ۸؛ سَوِدَ. یَسْوَدُ/ سَادَ. یَسَادُ) سَوَادٌ سے، صفت مشبہ جمع، اَسْوَدُ واحد مذکر اور سَوْدَاءُ واحد مؤنث، (یہاں اَسْوَدُ کی جمع ہے)۔ (۳۵:۲۷).

سُوْرٍ: دیوار، فصیل، شہر پناہ، شہر کی چار دیواری، اَسْوَارٌ اور سِیْرَانٌ جمع۔ (۵۷:۱۳).

سُوَرٍ: سورتیں، سُوْرَۃٌ کی جمع۔ (۱۱:۱۳).

سُوْرَةٌ: سورت، قرآن مجید کے خاص مقرر کردہ حصہ/ قطعہ کا نام، سُوَرٌ جمع۔ (۲۴:۱) (۹:٦٤، ۸٦، ۱۲٤، ۱۲۷) (۴۷:۲۰، ۲۰)، سُوْرَةٍ (۲:۲۳) (۱۰:۳۸).

سَوْطَ: کوڑا، چابک، چمڑے کا کوڑا، اَسْوَاطٌ جمع۔ (۸۹:۱۳).

سَوْفَ: عنقریب، جلد ہی، حرف التقریب ہے، یہ بھی س کی طرح مضارع کو مستقبل قریب کے معنی سے متصف کر دیتا ہے۔ (٤:۳۰، ٥٦، ٧٤، ١١٤، ١٤٦، ١٥٢) (٥:١٤، ٥٤) (٦:٥، ٦٧، ١٣٥) (٧:١٢٣، ١٤٣) (٩:٢٨) (١١:٣٩، ٩٣) (١٢:٩٨) (١٥:٣، ٩٦) (١٦:٥٥) (١٨:٨٧) (١٩:٥٩، ٦٦) (٢٥:٤٢، ٧٧) (٢٦:٤٩) (٢٩:٦٦) (٣٠:٣٤) (٣٧:١٧٠، ١٧٥، ١٧٩) (٣٩:٣٩) (٤٠:٧٠) (٤٣:٤٤، ٨٩) (٥٣:٤٠) (٨٤:٨، ١١) (٩٢:٢١) (٩٣:٥) (١٠٢:٣، ٤).

السُّوْقِ: پنڈلیاں، سَاقٌ کی جمع، [مادہ: سوق]۔ سَاقٌ اسم واحد مؤنث ہے۔ (۳۸:۳۳).

سُوْقِهٖ: (سُوْقِ. ہٖ) اس (کھیتی) کی نالیں، اس کے تنے، اس کی جڑیں، سُوْقِ (سَاقٌ کی جمع) مضاف، ہٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۴۸:۲۹).

سَوَّلَ: اس نے اچھا کر کے دکھایا، (تفعیل ۸؛ سَوَّلَ. یُسَوِّلُ) تَسْوِیْلٌ سے جسکے معنی نفس کے اس چیز کو جس پر وہ حریص ہے، مزین کرنے اور بری کو اچھی شکل میں پیش کرنے کے ہیں، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۴۷:۲۵).

سَوَّلَتْ: اس نے اچھا کر کے دکھایا، اس نے بات بنا لی، (تفعیل) تَسْوِیْلٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔ (۱۲:۱۸، ۸۳) (۲۰:۹٦).

سُوًى: صاف، ہموار، درمیانی۔ (۲۰:۵۸).

السَّوِيِّ: سیدھا، درست، صحیح، بے عیب، (سمع ۱۳؛ سَوِیَ. یَسْوٰی) سَوِیٌ و سَوَاءٌ سے، صفت مشبہ واحد مذکر۔

(٢٠:١٣٥)، سَوِیًّا (١٩:١٠، ١٧، ٤٣) (٦٧:٢٢).

سَوَّیْتُهٗ: (سَوَّیْتُ. ہٗ) میں نے اس کو برابر کیا/ اسے پورا پورا بنایا، (جب) میں اسے درست کرلوں، سَوَّیْتُ، (تفعیل) تَسْوِیَۃٌ سے، ماضی واحد متکلم، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (١٥:٢٩) (٣٨:٧٢).

سُهُوْلِهَا: (سُهُوْلِ. هَا) اس کے نرم مقامات، سُهُوْلِ (سَهْلٌ کی جمع جسکے معنی نرم زمین کے ہیں) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (٧:٧٤).

سِیْٓءَ: وہ غمگین ہوا، اسے برا معلوم ہوا، وہ ناخوش ہوا، (نصر؛ سَاءَ. یَسُوْءُ) سَوْءٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔ (١١:٧٧) (٢٩:٣٣).

السَّیِّئُ: بد، برا، (نصر) سَوْءٌ سے، صفت مشبہ واحد مذکر۔ (٣٥:٤٣)، السَّیِّئُ (٣٥:٤٣)، سَیِّئًا (٩:١٠٢).

سَیِّاٰتُ: برے کام، برائیاں، گناہ، سَیِّئَۃٌ کی جمع، [مادہ: سوا]۔ (١٦:٣٤) (٣٩:٤٨، ٥١، ٥١) (٤٥:٣٣)، سَیِّاٰتِ (٤٠:٤٥)، السَّیِّاٰتُ (١١:١٠)، السَّیِّاٰتِ (٤:١٨) (٧:١٥٣، ١٦٨) (١٠:٢٧) (١١:٧٨، ١١٤) (١٦:٤٥) (٢٨:٨٤) (٢٩:٤) (٣٥:١٠) (٤٠:٩، ٩) (٤٢:٢٥) (٤٥:٢١).

سَیِّاٰتِکُمْ: (سَیِّاٰتِ. کُمْ) تمہارے گناہ، سَیِّاٰتِ مضاف، کُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٢:٢٧١) (٤:٣١) (٥:١٢) (٨:٢٩) (٦٦:٨).

سَیِّاٰتِنَا: (سَیِّاٰتِ. نَا) ہمارے گناہ، سَیِّاٰتِ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (٣:١٩٣).

سَیِّاٰتِہٖ: (سَیِّاٰتِ. ہٖ) اس کی برائیاں، اس کے گناہ، سَیِّاٰتِ مضاف، ہٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٦٤:٩) (٦٥:٥).

سَیِّاٰتِہِمْ: (سَیِّاٰتِ. ہِمْ) ان کی برائیاں، ان کے گناہ، سَیِّاٰتِ مضاف، ہِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٣:١٩٥) (٥:٦٥) (٢٥:٧٠) (٢٩:٧) (٤٦:١٦) (٤٧:٢) (٤٨:٥).

سِیْٓئَتْ: وہ بدشکل کی گئی، وہ بری کی گئی، وہ (چہرے) بگاڑے گئے، (نصر) سَوْءٌ (براہونا، غمگین کرنا) سے، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث۔ (٦٧:٢٧).

سَیِّئَۃٌ: برائی، گناہ، فعل بد، یہ حَسَنَۃٌ کی ضد ہے، سَیِّاٰتٌ جمع، [مادہ: سوا]۔ یہ سَیِّئٌ کی مؤنث بھی ہے (یعنی نصر؛ سَوْءٌ سے صیغۂ صفت واحد مؤنث) اور عام اسم جنس کے طور پر بھی مستعمل ہے۔ قرآن میں یہ عام اسم کے طور پر ہی آیا ہے۔ (٣:١٢٠) (٤:٧٨) (٧:١٣١) (٣٠:٣٦) (٤٢:٤٠، ٤٨)، سَیِّئَۃٍ (٤:٧٩) (١٠:٢٧) (٤٢:٤٠)، سَیِّئَۃً (٢:٨١) (٤:٨٥) (٤٠:٤٠)، السَّیِّئَۃِ (٦:١٦٠) (٧:٩٥) (١٣:٦) (٢٧:٤٦، ٩٠) (٢٨:٨٤)، السَّیِّئَۃَ (١٣:٢٢) (٢٣:٩٦) (٢٨:٥٤)، السَّیِّئَۃُ (٤١:٣٤).

سَیَّارَۃٌ: کاروان، قافلہ، بہت چلنے والے/ مسافر، سَیَّارٌ کی مؤنث جو (ضرب ٨؛ سَارَ. یَسِیْرُ) سَیْرٌ سے صیغۂ صفت ہے۔ سَیَّارَۃٌ اسم جمع کے طور پر مستعمل ہے۔ (١٢:١٩)، السَّیَّارَۃِ (٥:٩٦) (١٢:١٠).

سَیِّئُہٗ: (سَیِّئُ. ہٗ) اس کا برا، اس کا بد، سَیِّئُ مضاف، ہٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (١٧:٣٨).

سِیْحُوْا: تم پھر لو، سیاحت کرو، (ضرب ٨؛ سَاحَ. یَسِیْحُ) سَیْحٌ و سِیَاحَۃٌ سے جسکے معنی زمین پر چلنے اور سفر کرنے کے ہیں، امر جمع حاضر مذکر۔ (٩:٢).

سَیِّدًا: سردار، (نصر ٦؛ سَادَ. یَسُوْدُ) سِیَادَۃٌ سے جسکے معنی سرداری کرنے یا سردار ہونے کے ہیں، صفت مشبہ واحد مذکر، [مادہ: سود]۔ (٣:٣٩).

سَیِّدَهَا: (سَیِّدَ. هَا) اس کا سردار، اس کا خاوند، سَیِّدَ مضاف،

هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ چونکہ خاوند ایک عورت کا نگران اور متولی ہوتا ہے اور سردار میں یہ خوبیاں ہوتی ہیں اسلئے یہاں سَیِّد خاوند کے معنی میں آیا ہے۔(۲۵:۱۲).

اَلسَّیْرُ: چلنا یعنی زمین پر چلنا، مصدر ہے (ضرب۸؛ سَارَ۔یَسِیْرُ کا)۔(۱۸:۳۴)، سَیْرًا (۱۰:۵۲).

سُیِّرَتْ: وہ چلائی گئی، وہ (پہاڑ) چلائے گئے، (تفعیل۹؛ سَیَّرَ۔یُسَیِّرُ) تَسْیِیْرٌ سے جسکے معنی چلانے کے ہیں، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث۔(۳۱:۱۳) (۲۰:۷۸) (۳:۸۱).

سِیْرَتَهَا: (سِیْرَۃَ۔هَا) اس کی سیرت، اس کی حالت، اس کی چال، سِیْرَۃَ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ جس حالت میں انسان (یا غیر انسان) ہو خواہ وہ اس کی طبعی حالت ہو یا اکتسابی، اس کا نام سِیْرَۃ ہے، یہ سَیْر سے اسم ہے۔(۲۱:۲۰).

سِیْرُوْا: تم سیر کرو، تم چلو پھرو، (ضرب) سَیْرٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۱۳۷:۳) (۱۱:۶) (۳۶:۱۶) (۶۹:۲۷) (۲۰:۲۹) (۴۲:۳۰) (۱۸:۳۴).

سِیْقَ: وہ ہانکا گیا، (نصر۱؛ سَاقَ۔یَسُوْقُ) سَوْقٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔ (یہاں سیاق میں ماضی بمعنی مستقبل ہیں)۔(۷۱:۳۹، ۷۳).

سَیْلَ: بہاؤ، سیلاب۔ یہ اصل میں (ضرب۸) سَالَ۔یَسِیْلُ کا مصدر ہے جس کے معنی بہنے کے ہیں، بطور اسم سیلاب کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، اس کی جمع سُیُوْلٌ آتی ہے۔ قرآن میں اس کا استعمال بطور اسم ہی ہوا ہے۔(۱۶:۳۴)، السَّیْلُ (۱۷:۱۳).

سِیْمٰهُمْ: (سِیْمَا۔هُمْ) ان کی نشانی، ان کی علامت، ان کا قیافہ، ان کا چہرہ، سِیْمَا (یہ اصل میں وَسْمٰی تھا، [مادہ؛ وسم]) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۲۷۳:۲) (۳۰:۴۷) (۴۱:۵۵) سِیْمٰهُمْ (۴۶:۷، ۴۸) سِیْمَاهُمْ (۲۹:۴۸).

سَیْنَآءَ: جزیرہ نمائے سینا کے اس مشہور پہاڑ کا نام جس پر حضرت موسیٰؑ کو اللہ تعالیٰ سے ہم کلامی کا شرف حاصل ہوا۔(۲۰:۲۳).

سِیْنِیْنَ: کوہ طور، کوہ سینا، جزیرہ نمائے سینا کا وہ مشہور پہاڑ جس پر حضرت موسیٰؑ کو اللہ تعالیٰ سے ہم کلامی کا شرف حاصل ہوا، اس کو قرآن میں دوسری جگہ سَیْنَاء کہا گیا ہے۔(۲:۹۵).

'ش'

شَآءَ: اس نے چاہا، ارادہ کیا، (سمع۴+۹؛ شَاءَ۔یَشَاءُ) مَشِیْئَۃٌ (چاہنا، ارادہ کرنا، ایسا ارادہ کرنا کہ جسے عمل میں لانا بھی مقصود ہو) سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ شیا]۔ اگر اللہ کی مشیت متقاضی ہو تو ارادہ وجود میں آتا ہے، یعنی انسان کی طرف سے کیا گیا ارادہ بغیر مشیت الٰہی کے وجود میں نہیں آتا۔ ان شاء اللہ کہنے کی یہی وجہ ہے کہ انسان اپنے ارادہ کو بغیر مشیت الٰہی وجود میں نہیں لا سکتا، (دیکھو اَرَادَ)۔ انسان کیلئے اِرَادَۃٌ اور مَشِیْئَۃٌ ہم معنی ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کیلئے مَشِیْئَۃٌ ایجاد کرنے کا معنی رکھتا ہے۔ (۲۰:۲، ۷۰، ۲۲۰، ۲۵۳، ۲۵۳، ۲۵۵) (۹۰:٤) (٤۸:۵) (۳۵:٦، ٤۱، ۱۰۷، ۱۱۲، ۱۲۸، ۱۳۷، ۱٤۸، ۱٤۹) (۱۸۸:۷) (۲۸:۹) (۱٦:۱۰، ٤۹، ۹۹) (۳۳:۱۱، ۱۰۷، ۱۰۸، ۱۱۸) (۹۹:۱۲) (۹:۱٦، ۳۵، ۹۳) (۲۹:۱۸، ۲۹، ۳۹، ٦۹) (۲٤:۲۳) (۱۰:۲۵، ٤۵، ۵۷) (۸۷:۲۷) (۲۷:۲۸) (۲٤:۳۳) (۱۰۲:۳۷) (٦۸:۳۹) (۱٤:٤۱) (۸:٤۲) (۲۰:٤۳) (۲۷:٤۸) (۱۹:۷۳) (۳۷:۷٤، ۵۵) (۲۹:۷٦) (۳۹:۷۸) (۱۲:۸۰، ۲۲) (۲۸:۸۱) (۸:۸۲) (۷:۸۷).

شِئْتَ: تو نے چاہا، (سمع) مَشِیْئَۃٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر۔ (۱۵۵:۷) (۷۷:۱۸) (٦۲:۲٤).

شِئْتُمْ: تم نے چاہا، (سمع) مَشِیْئَۃٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (۵۸:۲، ۲۲۳) (۱٦۱:۷) (۱۵:۳۹) (٤۰:٤۱).

شِئْتُمَا: تم دونوں نے چاہا، (سمع) مَشِیْئَۃٌ سے، ماضی تثنیہ حاضر مذکر۔(۳۵:۲) (۱۹:۷).

شَاخِصَةٌ: کھلی کی کھلی رہ جانے والی (آنکھیں)، (فتح ا) شُخُوصٌ (آنکھوں کا کھلے کا کھلا رہ جانا، ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا) سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔(۲۱:۹۷)۔

شٰرِبُوْنَ: پینے والے، (سمع) شُرْبٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، شَارِبٌ واحد۔(۵۶:۵۴، ۵۵)۔

الشّٰرِبِيْنَ: پینے والے، (سمع) شُرْبٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، شَارِبٌ واحد۔ (۱۶:۶۶) (۳۷:۴۶) (۴۷:۱۵)۔

شَارِكْهُمْ: (شَارِكْ.هُمْ) تو ان کا شریک ہو جا، شَارِكْ، (مفاعلہ ا) مُشَارَكَةٌ سے، امر واحد حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۱۷:۶۴)۔

شَاطِئٌ: کنارہ، (مضاف)، شَوَاطِئُ جمع، [مادہ؛ شطا]۔ (۲۸:۳۰)۔

شَاعِرٌ: شاعر، شعر کہنے والا، (نصر ا) شِعْرٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(۲۱:۵) (۵۲:۳۰)، شَاعِرٍ (۳۷:۳۶) (۶۹:۴۱)۔

شٰفِعِيْنَ: سفارش کرنے والے، (فتح ا) شَفَاعَةٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، شَافِعٌ واحد۔ (۲۶:۱۰۰)، الشّٰفِعِيْنَ (۷۴:۴۸)۔

شَآقُّوْا: وہ مخالف ہوئے، انہوں نے مخالفت کی، (مفاعلہ ۵؛ شَاقَّ.يُشَاقُّ) مُشَاقَّةٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۸:۱۳) (۴۷:۳۲) (۵۹:۴)۔

شَاكِرٌ: شکر گزار، قدر دان، شکر کرنے والا، احسان ماننے والا، (نصر) شُكْرٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (۲:۱۵۸)، شَاكِرًا (۴:۱۴۷) (۱۶:۱۲۱) (۷۶:۳)۔

شٰكِرُوْنَ: شکر گزار، شکر کرنے والے، (نصر) شُكْرٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، شَاكِرٌ واحد۔(۲۱:۸۰)۔

شٰكِرِيْنَ: شکر گزار، شکر کرنے والے، احسان ماننے والے، (نصر) شُكْرٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، شَاكِرٌ واحد۔ (۷:۱۷)، الشّٰكِرِيْنَ (۳:۱۴۴، ۱۴۵) (۶:۵۳، ۶۳) (۷:۱۴۴، ۱۸۹) (۱۰:۲۲) (۳۹:۶۶)۔

شَاكِلَتِهٖ: (شَاكِلَةِ.هٖ) اس کا ڈھنگ، اس کی شکل، اس کا طریقہ/راستہ، شَاكِلَةِ (نصر ا؛ شَكْلٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث) مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ شَاكِلَةِ کے معنی اس طریقہ اور روش کے ہیں جو اللہ نے کسی کی فطرت میں ودیعت کی ہو۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے، ہر ایک کے لیے وہی چیز آسان ہے جس کے لیے وہ پیدا کیا گیا ہے۔(۱۷:۸۴)۔

شٰمِخٰتٍ: اونچے، بلند، (فتح ا) شَمْخٌ سے، اسم فاعل جمع مؤنث (بحالت نصب و جر)، شٰمِخَةٌ واحد۔(۷۷:۲۷)۔

شَأْنٌ: دھندا، فکر، حال، اہم معاملہ یا حال کو (برا یا اچھا) شَأْن کہتے ہیں، شُؤُوْنٌ جمع ہے۔ (۸۰:۳۷)، شَأْنٍ (۱۰:۶۱) (۵۵:۲۹)۔

شِئْنَا: ہم نے چاہا، (سمع) مَشِيْئَةٌ سے، ماضی جمع متکلم، [مادہ؛ شیا]۔ (۷:۱۷۶) (۱۷:۸۶) (۲۵:۵۱) (۳۲:۱۳) (۷۶:۲۸)۔

شَانِئَكَ: (شَانِئَ.كَ) تیرا دشمن، شَانِئَ مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ شَانِئَ، (فتح و سمع ۴) شَنْأٌ و شَنَانٌ (دشمنی/بغض رکھنا) سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(۱۰۸:۳)۔

شَأْنِهِمْ: (شَأْنِ.هِمْ) ان کا کام، ان کا معاملہ، شَأْنِ مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۲۴:۶۲)۔

شَاوِرْهُمْ: (شَاوِرْ.هُمْ) تو ان سے مشورہ کر، شَاوِرْ، (مفاعلہ ۸؛ شَاوَرَ.يُشَاوِرُ) مُشَاوَرَةٌ سے جسکے معنی باہم مشورہ کرنے کے ہیں، امر واحد حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۳:۱۵۹)۔

شَاهِدٌ: گواہ، حاضر، دیکھنے والا، (سمع) شَهَادَةٌ و شُهُوْدٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(۱۱:۱۷) (۱۲:۲۶) (۴۶:۱۰)، شَاهِدٍ

(٣:٨٥)، شَاهِدًا (٤٥:٣٣) (٨:٤٨) (١٥:٧٣).

شٰهِدُوْنَ: گواہ، حاضر ہونے والے، (سمع) شَهَادَةٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، شَاهِدٌ واحد۔ (٣٧: ١٥٠).

شٰهِدِیْنَ: شَاهِدٌ کی جمع بحالت نصب و جر۔ (١٧:٩) (٧٨:٢١)، الشّٰهِدِیْنَ (٥٣:٣، ٨١) (٨٣:٥، ١١٣) (٥٦:٢١) (٤٤:٢٨).

شَایْءٍ: دیکھو شَیْءٌ۔ (٢٣:١٨).

شُبِّهَ: وہی صورت بنا دی گئی، مانند کر دیا گیا، (تفعیل ا) تَشْبِیْهٌ سے جس کے معنی کسی چیز کے مانند کر دینے کے ہیں، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔ (١٥٧:٤).

اَلشِّتَآءِ: جاڑا، موسم سرما، (واحد مؤنث)، اَشْتِیَةٌ جمع، [مادہ؛ شتو]، (مفاعلہ) شَاتٰی. یُشَاتِیْ کا مصدر بھی ہے۔ (٢:١٠٦).

شَتّٰی: طرح طرح، جدا جدا، مختلف، متفرق، بکھرے ہوئے، شَتِیْتٌ کی جمع، [مادہ؛ شتت]۔ (٥٣:٢٠) (١٤:٥٩) (٤:٩٢).

شَجَرَ: اختلاف ہوا، جھگڑا ہوا، (نصرا) شَجْرٌ (بَیْنَ) (زیر بحث ہونا، مختلف فیہ ہونا، جھگڑنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (٤:٦٥).

شَجَرٌ: درخت، اسم جنس ہے واحد اور جمع دونوں طرح استعمال ہوتا ہے، اَشْجَارٌ جمع اور شَجَرَةٌ واحد۔ (١٦:١٠)، شَجَرٍ (٥٢:٥٦)، الشَّجَرِ (٦٨:١٦) (٨٠:٣٦)، الشَّجَرُ (١٨:٢٢) (٦:٥٥).

شَجَرَةٌ: درخت، (واحد مؤنث)، اس کی جمع شَجَرَاتٌ ہے۔ (٦٤:٣٧)، شَجَرَةٍ (٢٤:١٤، ٢٦) (٣٥:٢٤) (٢٧:٣١)، شَجَرَةِ (١٢٠:٢٠)، شَجَرَتَ (٤٣:٤٤)، شَجَرَةُ (٦٢:٣٧)، شَجَرَةً (٢٠:٢٣) (١٤٦:٣٧)، الشَّجَرَةِ (٢٠:٧، ٢٢) (٣٠:٢٨) (١٨:٤٨)، الشَّجَرَةَ (٣٥:٢) (١٩:٧، ٢٢) (٦٠:١٧).

شَجَرَتِهَا: (شَجَرَةَ. هَا) اس کا درخت، شَجَرَةَ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (٧٢:٥٦).

شَجَرَهَا: (شَجَرَ. هَا) اس کا درخت، ان کے درخت، شَجَرَ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (٢٧: ٦٠).

اَلشُّحَّ: بخل، تنگی، بخل کرنا، مصدر (نصر، ضرب۵؛ شَحَّ. یَشِحُّ و سمع۵؛ شَحَّ. یَشَحُّ کا)۔ (١٢٨:٤)، شُحَّ (٩:٥٩) (١٦:٦٤).

شُحُوْمَهُمَا: ان دونوں کی چربیاں، ان کی چکنائیاں، شُحُوْمَ (شَحْمٌ کی جمع) مضاف، هُمَا (ضمیر تثنیہ غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (١٤٦:٦).

شِدَادٌ: سخت، زبردست، مضبوط، شَدِیْدٌ کی جمع۔ (٤٨:١٢) (٦:٦٦)، شِدَادًا (١٢:٧٨).

شَدَدْنَا: ہم نے قوت دی، ہم نے مضبوط کیا، (نصر، ضرب۵؛ شَدَّ. یَشُدُّ) شَدٌّ و شِدَّةٌ (مضبوط کرنا) سے، ماضی جمع متکلم۔ (٢٠:٣٨) (٢٨:٧٦).

شُدُّوْا: تم مضبوط باندھو، (نصر؛ شَدَّ. یَشُدُّ) شَدٌّ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (٤:٤٧).

شَدِیْدٌ: سخت، مستحکم، پکا، مضبوط، طاقتور، بندھا ہوا، بخیل، (نصر، ضرب) شَدٌّ و شِدَّةٌ سے، صفت مشبہ (واحد مذکر) کا صیغہ، شِدَادٌ جمع۔ (٤:٣) (١٢٤:٦) (١٠٢:١١) (٧:١٤) (٢:٢٢) (٧:٣٥، ١٠) (٢٦:٣٨) (١٦:٤٢، ٢٦) (٢٠:٥٧، ٢٥) (١٤:٥٩) (١٢:٨٥) (٨:١٠٠)، شَدِیْدٍ (٨٠:١١) (٢:١٤) (٥:١٧) (٧٧:٢٣) (٣٣:٢٧) (٤٦:٣٤) (١٦:٤٨)، شَدِیْدِ (٤٠:٣)، شَدِیْدُ (٢:١٦٥، ١٩٦، ٢١١) (١١:٣) (٢:٥، ٩٨) (١٣:٨، ٢٥، ٤٨، ٥٢) (٦:١٣، ١٣) (٢٢:٤٠) (٥:٥٣) (٤:٥٩، ٧)، الشَّدِیْدِ (٢٦:٥٠)، الشَّدِیْدَ (٧٠:١٠)، شَدِیْدًا (٥٦:٣) (١٦٤:٧) (٥٨:١٧) (٢:١٨) (٢١:٢٧) (١١:٣٣) (٢٧:٤١) (١٥:٥٨) (٨:٦٥، ١٠) (٨:٧٢).

شَرٌّ: برائی، شر، جس سے سب کو نفرت ہو، مصدر (نصر، ضرب،

مُدْرَكُوْنَ: پائے ہوئے/ پکڑے ہوئے، یعنی ہم تعاقب کر کے پکڑ لیے جائینگے، (افعال ۱) اِدْرَاكٌ (پانا) سے، اسم مفعول جمع مذکر، مُدْرَكٌ واحد۔ (۲۶: ۶۱)۔

مُدَّكِرٍ: نصیحت کو یاد رکھنے والا، دل سے قبول کرنے والا، (افتعال ۱: اِدَّكَرَ. يَدَّكِرُ) اِدِّكَارٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر، [مادہ:

ذکر]۔ اِدِّکَار، اصل میں اِذْتِکَار تھا، ذال اور تاء دونوں کو دال سے بدل کر ادغام کر دیا گیا۔ (۵۴: ۱۵، ۱۷، ۲۲، ۳۲، ۴۰، ۵۱).

مُدْهَآمَّتٰنِ: دو گہرے سبز (باغ)، دو بڑے سرسبز، (افعیلال ۱) اِدْهِيْمَامٌ سے جسکے معنی ایسی سرسبزی کے ہیں جو مائل بہ سیاہی ہو، اسم فاعل تثنیہ مؤنث، مُدْهَآمَّةٌ واحد۔ (۵۵: ۶۴).

مُدْهِنُوْنَ: بے وقعت، سرسری سمجھنے والے، چکنی چپڑی باتیں بنانے والے، مکھن لگانے والے، (دین میں) سستی کرنے والے، (افعال ۱) اِدْهَانٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، مُدْهِنٌ واحد۔ (۵۶: ۸۱).

مَدْيَنَ: حضرت شعیبؑ کے قبیلے اور بستی کا نام، اسم علم۔ یہ اصل میں تو قبیلہ کا نام تھا لیکن بعد میں اس جگہ کا نام بھی مدین پڑ گیا جہاں یہ قبیلہ آباد تھا۔ آج کل اس جگہ کو معان کہتے ہیں۔ اہل تاریخ جزیرہ نمائے سینا سے حدود فرات تک پورے علاقہ کو مدین کہتے ہیں۔ مدین حضرت ابراہیمؑ کی بیوی قطورا سے ایک بیٹے کا نام تھا جس کی اولاد جزیرہ نمائے سینا سے متصل عرب میں آباد ہوئی۔ تجارت ان کا پیشہ بن گیا۔ اس قبیلے کی خرابیوں کا قرآن میں کئی مقامات پر تذکرہ کیا گیا ہے۔ (۷: ۸۵) (۹: ۷۰) (۱۱: ۸۴، ۹۵) (۲۰: ۴۰) (۲۲: ۴۴) (۲۸: ۲۲، ۲۳، ۴۵) (۲۹: ۳۶).

الْمَدِيْنَةِ: شہر، بستی، پرانا شہر، مدینہ منورہ، مَدَآئِنُ جمع، [مادہ: مدن]۔ (۷: ۱۲۳) (۹: ۱۰۱، ۱۲۰) (۱۲: ۳۰) (۱۵: ۶۷) (۱۸: ۱۹، ۸۲) (۲۷: ۴۸) (۲۸: ۱۸، ۲۰) (۳۳: ۶۰) (۳۶: ۲۰) (۶۳: ۸)، الْمَدِيْنَةَ (۲۸: ۱۵).

مَدِيْنُوْنَ: وہ لوگ جن کو بدلہ دیا جائے، بدلہ دیے ہوئے، فرمانبردار، (ضرب ۸: دَانَ . يَدِيْنُ) دِيْنٌ (حساب لینا، بدلا دینا) سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت رفع)، مَدِيْنٌ واحد۔ (۳۷: ۵۳).

مَدِيْنِيْنَ: مقہور، زیر حکم، مسخر، محکوم، بدلہ دیے ہوئے، (ضرب: دَانَ . يَدِيْنُ) دِيْنٌ (بدلا دینا، مسخر ہونا، اطاعت کرنا) سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مَدِيْنٌ واحد۔ (۵۶: ۸۶).

مَذْءُوْمًا: ذلیل، عیب دار، مذمت کیا ہوا، (فتح ۳) ذَاْمٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (۷: ۱۸).

مُذَبْذَبِيْنَ: ڈانوا ڈول، مضطرب، اُدھر میں معلق، (فعللة ۲) ذَبْذَبَةٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُذَبْذَبٌ واحد، [مادہ: ذبذب]۔ (۴: ۱۴۳).

مُذْعِنِيْنَ: اطاعت کرنے والے، فرمانبردار، (افعال ۱) اِذْعَانٌ (عاجزی کرنا، فرمانبرداری کرنا) سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُذْعِنٌ واحد۔ (۲۴: ۴۹).

مُذَكِّرٌ: نصیحت کرنے والا، یاد دِلانے والا، (تفعیل ۱) تَذْكِيْرٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (۸۸: ۲۱).

مَذْكُوْرًا: ذکر کیا گیا، قابل ذکر، موجود، (نصر) ذِكْرٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (۷۶: ۱).

مَذْمُوْمٌ: وہ شخص جس کی برائی کی جائے، مذمت کیا ہوا، عیب دار، بدحال، (نصر ۵: ذَمَّ . يَذُمُّ) ذَمٌّ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (۶۸: ۴۹)، مَذْمُوْمًا (۱۷: ۱۸، ۲۲).

مَرٌّ: گزرنا، چلنا، (مضاف)، مصدر ہے (نصر ۵: مَرَّ . يَمُرُّ کا)۔ (۲۷: ۸۸).

مَرَّ: وہ گزرا، (نصر ۵: مَرَّ . يَمُرُّ) مُرُوْرٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۲: ۲۵۹) (۱۰: ۱۲) (۱۱: ۳۸).

الْمَرْءُ: مرد، آدمی، اسم واحد مذکر ہے، اس کی جمع نہیں آتی، البتہ جمع کیلئے رِجَالٌ کہتے ہیں علی غیر لفظہ اور اِمْرَاَةٌ مؤنث۔ (۷۸: ۴۰) (۸۰: ۳۴)، الْمَرْءِ (۲: ۱۰۲) (۸: ۲۴).

مِرَآءً: جھگڑا کرنا، ایسا جھگڑا جس میں تردّد کیا جا رہا ہو، شک کرنا، مصدر ہے (مفاعلہ ۱۱: مُمَارَاةٌ و مِرَاءٌ؛ مَارٰى . يُمَارِىْ)، [مادہ: مری]۔ (۱۸: ۲۲).

مَرّٰتٍ: چند بار، بہت بار، مَرَّةٌ کی جمع (بحالت نصب و جر)، [مادہ: مرر]۔ (۲۴: ۵۸).

الْمَرَاضِعَ: دودھ پلانے والیاں، دودھ پینے کی جگہ/ چھاتیاں، اول معنی کے لحاظ سے (افعال ا) اِرْضَاعٌ سے صیغۂ صفت جمع (مُرْضِعٌ و مُرْضِعَةٌ واحد)، اور دوسرے کے لحاظ سے (سمع و ضرب ا) رِضَاعٌ و رَضَاعَةٌ سے اسم ظرف مکان جمع (مَرْضَعٌ واحد)۔(١٢:٢٨).

مُرٰغَمًا: بھاگنے کی جگہ، اقامت گاہ، (مفاعلہ ا) مُرَاغَمَةٌ سے، اسم ظرف مکان۔(٤:١٠٠).

الْمَرَافِقِ: ایسی چیزیں جن سے سہارا لیا جائے، کہنیاں، (نصر ا) رَفْقٌ (نفع پہنچانا، کہنی پر مارنا) سے، اسم آلہ جمع مِرْفَقٌ واحد۔(٦:٥).

مَرَّتْ: وہ گزری، اس نے (مدت) گزاری، (نصر ۵؛ مَرَّ. يَمُرُّ) مُرُوْرٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔(١٨٩:٧).

مَرَّةٍ: ایک بار، (نصر ۵) مَرٌّ و مُرُوْرٌ (گزرنا) سے، اسم مرۃ۔ اس کا اصل معنی بنتا ہے ایک بار گزرنا، لیکن عام استعمال میں ایک بار یا ایک دفعہ کا مفہوم لیا جاتا ہے خواہ فعل کوئی بھی ہو۔(٦:٩٤، ١١٠) (٥٦:٨) (١٣:٩، ٨٣) (٧:١٧، ٥١) (٤٨:١٨) (٧٩:٣٦) (٢١:٤١)، مَرَّةً (٩:٨٠، ١٢٦) (٣٧:٢٠).

مِرَّةٍ: قوت اور جسمانی کرختگی، زور، خوش منظر، خوبصورتی، [مادہ؛ مرر]۔(٦:٥٣).

مُرْتَابٌ: شک میں پڑنے والا، (افتعال ۹؛ اِرْتَابَ. يَرْتَابُ) اِرْتِيَابٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر، [مادہ؛ ریب]۔(٤٠:٣٤).

مَرَّتٰنِ: دوبار، دوہرا، مَرَّةٌ کا تثنیہ (بحالت رفع)۔(٢:٢٢٩).

مُرْتَفَقًا: مقام آرام، آرام گاہ، (افتعال ا) اِرْتِفَاقٌ (نفع پانا، کہنی یا تکیے پر ٹیک لگانا/ آرام کرنا) سے، اسم ظرف مکان۔(١٨:٢٩، ٣١).

مُرْتَقِبُوْنَ: انتظار کرنے والے، دیکھنے والے، (افتعال ا) اِرْتِقَابٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، مُرْتَقِبٌ واحد۔(٤٤:٥٩).

مَرَّتَيْنِ: دو بار، دوہرا، مَرَّةٌ کا تثنیہ (بحالت نصب و جر)۔ (٩:١٠١، ١٢٦) (١٧:٤) (٢٨:٥٤) (٣٣:٣١).

مَرَجَ: اس نے ملا دیا، اس نے رواں کیا، (ایک دوسرے سے) ملا دیا، (نصر ا) مَرْجٌ (ملانا، چھوڑ دینا، جاری کرنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(٢٥:٥٣) (٥٥:١٩).

الْمَرْجَانُ: چھوٹے موتی، مونگے، چھوٹے مونگے، مَرْجَانَةٌ واحد، [مادہ؛ مرج]۔(٥٥:٢٢، ٥٨).

مَرْجِعُكُمْ: (مَرْجِعُ. كُمْ) تمہارا لوٹنا یا لوٹایا جانا، مَرْجِعُ (مصدر میمی، ضرب ا؛ رَجْعٌ سے) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٣:٥٥) (٥:٤٨، ١٠٥) (٦:٦٠، ١٦٤) (١٠:٤، ٢٣) (١١:٤) (٢٩:٨) (٣١:١٥) (٣٩:٧).

مَرْجِعُهُمْ: (مَرْجِعُ. هُمْ) ان کا لوٹنا یا لوٹایا جانا، مَرْجِعُ (مصدر میمی) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ مَرْجِعُهُمْ (٦:١٠٨) (١٠:٤٦، ٧٠) (٣١:٢٣)، مَرْجِعَهُمْ (٣٧:٦٨).

الْمُرْجِفُوْنَ: لرزہ انگیز جھوٹی خبریں دینے والے، فساد کرنے والے، (افعال ا) اِرْجَافٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، مُرْجِفٌ واحد۔(٣٣:٦٠).

مَرْجُوًّا: امید رکھا ہوا، امید کیا ہوا، جس سے آس لگی ہو، (نصر ٦؛ رَجَا. يَرْجُوْ) رَجَاءٌ (امید کرنا) سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(١١:٦٢).

الْمَرْجُوْمِيْنَ: وہ لوگ جن کو سنگسار کر دیا جائے/ پتھر مار مار کر ہلاک کر دیا جائے، (نصر ا) رَجْمٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مَرْجُوْمٌ واحد۔(٢٦:١١٦).

مُرْجَوْنَ: وہ لوگ جن کا معاملہ ٹال دیا جائے/ ملتوی کر دیا جائے/ معلق رکھا جائے، مہلت دیئے جانے والے، (افعال؛ اَرْجٰى. يُرْجِىْ) اِرْجَاءٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر، مُرْجًى واحد، [مادہ؛ رجو]۔(٩:١٠٦).

مَرَحًا: اکڑکر، اترا کر، اتراتے ہوئے، اترانا، ناز سے چلنا، مصدر (باب سمع ا)۔(۱۷:۳۷) (۳۱:۱۸)۔

مَرْحَبًا: کشادہ جگہ، کشادہ ہونا، آرام پانا، (سمع وکرم ا) رَحْبٌ و رُحْبٌ (وسیع وفراخ ہونا) سے، ظرف مکان یا مصدر میمی۔ بددعا کے لیے کہتے ہیں، **لَامَرْحَبًا**: یعنی دور ہو جاؤ، کوئی خوشی نہ ہو۔ (۳۸:۵۹، ۶۰)۔

الْمَرْحَمَةِ: رحم کرنا، شفقت کرنا، رحمت، (سمع ا) رَحْمَةٌ سے، مصدر میمی۔(۹۰:۱۷)۔

مَرَدِّ: لوٹانے کا وقت اور مقام، (نصر۵: رَدَّ. یَرُدُّ) رَدٌّ سے، اسم ظرف، لوٹایا جانا، لوٹنا، مصدر میمی۔(۴۲:۴۴)۔

مَرَدٌّ: لوٹایا جانا، لوٹنا، (نصر) رَدٌّ سے، مصدر میمی ہے۔(۱۳:۱۱) (۳۰:۴۳) (۴۲:۴۷)، مَرَدًّا (۱۹:۷۶)۔

مُرْدِفِيْنَ: پیچھے آنے والے، ایک کے بعد ایک آنے والے، (افعال ا) اِرْدَافٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُرْدِفٌ واحد۔(۸:۹)۔

مَرَدَّنَا: (مَرَدَّ. نَا) ہمارا لوٹایا جانا، مَرَدٌّ (رَدٌّ سے مصدر میمی، باب نصر) مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔(۴۰:۴۳)۔

مَرَدُوْا: ہر بھلائی سے خالی ہوگئے اور نفاق پر اڑ گئے، وہ سرکش ہوئے، وہ اڑے رہے، (نصرا) مَرْدٌ و مُرُوْدٌ (خالی ہونا، سرکش و نافرمان ہونا، اڑنا) سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۹:۱۰۱)۔

مَرْدُوْدِ: لوٹایا جانے والا، (نصر۵: رَدَّ. یَرُدُّ) رَدٌّ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ: جو کبھی نہ لوٹے، نہ ٹلنے والا، نہ ختم ہونے والا۔(۱۱:۷۶)۔

مَرْدُوْدُوْنَ: لوٹائے جانے والے، (نصر) رَدٌّ سے، اسم مفعول جمع مذکر، مَرْدُوْدٌ واحد۔(۷۹:۱۰)۔

مُرْسٰهَا: (مُرْسٰی. هَا) اس کا ٹھہرنا، اس کا ٹھہراؤ، اس کا ٹھہرانا، اس کا جمانا، مُرْسٰی (افعال: اَرْسٰی. یُرْسِیْ، اِرْسَاءٌ سے مصدر میمی، [مادہ: رسو]) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۷:۱۸۷) (۱۱:۴۱) (۷۹:۴۲)۔

مُرْسِلٌ: بھیجنے والا، چھڑا دینے والا، بندش کو دور کر دینے والا، (افعال ا) اِرْسَالٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(۳۵:۲)۔

مُرْسَلٌ: بھیجا گیا، پیغمبر، (افعال) اِرْسَالٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر، مُرْسَلِيْنَ جمع (بحالت نصب و جر)۔ (۷:۷۵)، مُرْسَلًا (۱۳:۴۳)۔

الْمُرْسَلٰتِ: بھیجی ہوئیں، مراد ہوائیں یا فرشتے، (افعال) اِرْسَالٌ سے، اسم مفعول جمع مؤنث (بحالت نصب و جر)، مُرْسَلَةٌ واحد۔(۷۷:۱)۔

مُرْسِلَةٌ: بھیجنے والی، مراد بلقیس یعنی ملکہ سبا، (افعال) اِرْسَالٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔(۲۷:۳۵)۔

مُرْسِلُوْا: بھیجنے والے، (افعال) اِرْسَالٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع) مضاف، مُرْسِلٌ واحد۔ بسبب اضافت نون اعرابی گر گیا۔(۵۴:۲۷)۔

مُرْسَلُوْنَ: بھیجے گئے/ بھیجے ہوئے، فرستادہ/ پیغمبر، (افعال) اِرْسَالٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت رفع)، مُرْسَلٌ واحد۔ (۳۶:۱۴، ۱۶)، الْمُرْسَلُوْنَ (۱۵:۵۷، ۶۱) (۲۷:۱۰، ۳۵) (۳۶:۱۳، ۵۲) (۵۱:۳۱)۔

الْمُرْسَلِيْنَ: بھیجے ہوئے، (افعال) اِرْسَالٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُرْسَلٌ واحد۔ (۲:۲۵۲) (۶:۳۴، ۴۸) (۷:۶، ۷۷) (۱۵:۸۰) (۱۸:۵۶) (۲۵:۲۰) (۲۶:۲۱، ۱۰۵، ۱۲۳، ۱۴۱، ۱۶۰، ۱۷۶) (۲۸:۷، ۶۵) (۳۶:۳، ۲۰) (۳۷:۳۷، ۱۲۳، ۱۳۳، ۱۳۹، ۱۷۱، ۱۸۱)۔

مُرْسِلِيْنَ: بھیجنے والے، رسول بنانے والے، (افعال) اِرْسَالٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُرْسِلٌ واحد۔ (۲۸:۴۵) (۴۴:۵)۔

مُرْشِدًا: سیدھا راستہ دکھانے والا، (افعال ا) اِرْشَادٌ (رہنمائی کرنا) سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(۱۸: ۱۷).

الْمِرْصَادِ: گھات کی جگہ، مقام انتظار، کمین گاہ، (نصر ا) رَصْدٌ (انتظار کرنا، گھات میں بیٹھنا) سے، اسم ظرف مکان۔(۸۹: ۱۴)، مِرْصَادًا (۷۸: ۲۱).

مَرْصَدٍ: گھات کی جگہ/ گھات کا راستہ، (نصر) رَصْدٌ سے، اسم ظرف، مَرَاصِیْدُ جمع۔(۹: ۵).

مَرْصُوْصٌ: مضبوط، سیسہ پلائی ہوئی، (نصر ۵: رَصَّ. یَرُصُّ) رَصٌّ (ایک چیز کو دوسری سے ملانا، چمٹانا) سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۶۱: ۴).

مَرَضٌ: بیماری، پریشانی، بیمار ہونا، اسم و مصدر (سمع ا)۔ (۲: ۱۰) (۵: ۵۲) (۸: ۴۹) (۹: ۱۲۵) (۲۲: ۵۳) (۲۴: ۵۰) (۳۳: ۱۲، ۳۲، ۶۰) (۴۷: ۲۰، ۲۹) (۷۴: ۳۱)، مَرَضًا (۲: ۱۰).

مَرْضَاتِ: پسند کرنا، رضامند ہونا، خوشنودی، رضا، (مضاف)، (سمع اا: رَضِیَ. یَرْضٰی) رِضًی و رِضْوَانٌ سے، مصدر میمی۔ (۲: ۲۰۷، ۲۶۵) (۴: ۱۱۴)، مَرْضَاتَ (۶۶: ۱).

مَرْضَاتِیْ: (مَرْضَاتِ. یْ) میری رضا مندی/ خوشنودی، مَرْضَاتِ (مصدر میمی) مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔(۶۰: ۱).

مَرْضٰی: بیمار، مریض، مَرِیْضٌ کی جمع۔ (۴: ۴۳، ۱۰۲) (۵: ۶) (۷۳: ۲۰)، الْمَرْضٰی (۹: ۹۱).

مَرِضْتُ: (جب) میں بیمار ہوتا ہوں، (سمع ا) مَرَضٌ سے، ماضی واحد متکلم۔(۲۶: ۸۰).

مُرْضِعَةٍ: دودھ پلانے والی، (افعال ا) اِرْضَاعٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔(۲۲: ۲).

مَرْضِیًّا: پسند کیا ہوا، خوش کیا ہوا، (سمع اا: رَضِیَ. یَرْضٰی) رِضْوَانٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۱۹: ۵۵).

مَرْضِیَّۃً: پسندیدہ، پسند کیا ہوا (نفس)، (سمع) رِضْوَانٌ سے، اسم مفعول واحد مؤنث۔(۸۹: ۲۸).

الْمَرْعٰی: چارا، چراگاہ، (زمین میں انسانوں اور جانوروں کیلئے پیدا ہونے والی) خوراک، (فتح ۷: رَعٰی. یَرْعٰی) رَعْیٌ سے مصدر میمی یا اسم ظرف۔(۸۷: ۴).

مَرْعٰـھَا: (مَرْعٰی. ھَا) اس کا چارا، مَرْعٰی مضاف، ھَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۷۹: ۳۱).

مِرْفَقًا: آسانی، سہولت، نفع بخش کام، نرمی و مہربانی سے پیش آنا، مصدر میمی (نصر، سمع: رَفَقَ. یَرْفُقُ، رَفِقَ. یَرْفَقُ کا)۔(۱۸: ۱۶).

الْمَرْفُوْدُ: انعام دیا گیا، مدد دیا گیا، (ضرب ا) رِفْدٌ (عطیہ/ بخشش دینا، مدد دینا) سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۱۱: ۹۹).

الْمَرْفُوْعِ: بلند کیا ہوا، اونچا اٹھایا ہوا، (فتح) رَفْعٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۵۲: ۵).

مَرْفُوْعَۃٌ: بلند مرتبہ، اونچے، عالی قدر، اونچی بچھی ہوئی، (فتح ا) رَفْعٌ (اٹھانا/ بلند کرنا) و (کرم ا) رِفْعَۃٌ (بلند درجہ والا ہونا) سے، اسم مفعول واحد مؤنث۔(۸۸: ۱۳)، مَرْفُوْعَۃٍ (۵۶: ۳۴) (۸۰: ۱۴).

مَرْقَدِنَا: (مَرْقَدِ. نَا) ہماری خواب گاہ، مراد ہماری قبر، مَرْقَدِ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ مَرْقَدٌ؛ (نصر ا) رَقْدٌ و رُقُوْدٌ سے، اسم ظرف مکان، مَرَاقِدُ جمع۔(۳۶: ۵۲).

مَرْقُوْمٌ: لکھا ہوا، جلی خط سے لکھا ہوا، مہر لگی ہوئی تحریر، واضح لکھی ہوئی، (نصر ا) رَقْمٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۸۳: ۹، ۲۰).

مَرْکُوْمٌ: تہہ بہ تہہ، جما ہوا، گاڑھا، (نصر ا) رَکْمٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۵۲: ۴۴).

مَرُّوْا: (جب) وہ گزرتے ہیں، (نصر ۵: مَرَّ. یَمُرُّ) مُرُوْرٌ سے،

ماضی جمع غائب مذکر۔(۲۵:۷۲، ۷۲) (۸۳:۳۰).

الْمَرْوَةَ: مکہ میں ایک پہاڑی کا نام ہے، صفا اور مروہ کے درمیان دوران عمرہ وحج سعی کی جاتی ہے۔(۲:۱۵۸).

مَرِیْٓــًٔا: خوش گوار، جلد ہضم ہونے والا، (سمع، فتح، کرم۴) مَرْءٌ و مَرَاءَۃٌ سے، صفت مشبہ مفرد۔(۴:۴).

مُرِیْبٍ: شک میں ڈالنے والا، تردّد کرنے والا، (افعال۹؛ اَرَابَ .یُرِیْبُ) اِرَابَۃٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر، [مادہ؛ ریب]۔ (۱۱:۶۲، ۱۱۰) (۱۴:۹) (۳۴:۵۴) (۴۱:۴۵) (۴۲:۱۴) (۵۰:۲۵).

مِرْیَۃٍ: تردد، جس شک سے تردد پیدا ہو جائے، شک، شبہ، دھوکہ، اسم ہے، [مادہ؛ مری]۔ (۱۱:۱۷، ۱۰۹) (۲۲:۵۵) (۳۲:۲۳) (۴۱:۵۴).

مَرِیْجٍ: الجھی ہوئی بات، دھوکا، (نصرا) مَرْجٌ سے جس کے معنی (کسی جھوٹی بات میں) ملوث ہونے اور (زبان کو لوگوں کی مذمت اور غیبت کیلئے) کھلا چھوڑ دینے کے ہیں، صفت مشبہ۔(۵۰:۵).

مَرِیْدٍ: سرکش، ہر خیر سے خالی، (نصرا) مُرُوْدٌ (نافرمان وسرکش ہونا) سے، صفت مشبہ مفرد۔(۲۲:۳)، مَرِیْدًا (۴:۱۱۷).

الْمَرِیْضِ: بیمار، (سمع) مَرَضٌ سے، صفت مشبہ واحد مذکر، مَرْضٰی جمع۔ (۲۴:۶۱) (۴۸:۱۷)، مَرِیْضًا (۲:۱۸۴، ۱۸۵، ۱۹۶).

مَرْیَمُ: خدمت گزار (سریانی زبان میں)، حضرت مریم کی والدہ کا نام حنہ بنت فاقوذ تھا اور والد کا نام عمران، اہل سنت کے عقیدہ کے مطابق کوئی عورت نبی نہیں ہوتی لیکن بچپن ہی سے آپ صاحب کرامت تھیں اور جنت کے پھل ملتے رہے، آپ نے نکاح نہیں کیا لہٰذا مریم عذرا (دوشیزہ) کے لقب سے موسوم تھیں، حضرت عیسٰیؑ بغیر باپ کے آپ ہی کے بطن سے پیدا ہوئے جو ایک معجزہ ہے۔ (۳:۳۷، ۴۲، ۴۳، ۴۵) (۱۹:۲۷)، مَرْیَمَ (۲:۸۷، ۲۵۳) (۳:۳۶، ۴۴، ۴۵) (۴:۱۵۶، ۱۵۷، ۱۷۱، ۱۷۱) (۵:۱۷، ۱۷، ۴۶، ۷۲، ۷۵، ۷۸، ۱۱۰، ۱۱۲، ۱۱۴، ۱۱۶) (۹:۳۱) (۱۹:۱۶، ۳۴) (۲۳:۵۰) (۳۳:۷) (۴۳:۵۷) (۵۷:۲۷) (۶۱:۶، ۱۴) (۶۶:۱۲).

مِزَاجُهٗ: (مِزَاجُ.هٗ) اس کی ملاوٹ، اس میں ملاوٹ، مِزَاجُ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ مِزَاج کے معنی ہیں باہم ملانا، ملا کر یک ذات کرنا، یہ (نصرا) مَزَجَ .یَمْزُجُ کا مصدر ہے۔(۸۳:۲۷).

مِزَاجُهَا: (مِزَاجُ.هَا) اس کی ملاوٹ، اس کی آمیزش، اس کا باہم ملانا، مِزَاجُ (مصدر) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۷۶:۵، ۱۷).

مُزْجٰـىۃٍ: حقیر، قلیل، تھوڑی، (افعال۱۰؛ اَزْجٰی .یُزْجِیْ) اِزْجَاءٌ (ہانکنا، نرمی سے ہٹانا) سے، اسم مفعول واحد مؤنث، [مادہ؛ زجو]۔ (۱۲:۸۸).

مُزَحْزِحِهٖ: (مُزَحْزِحِ.هٖ) اس کو چھڑانے والا، اس سے دور کرنے والا، مُزَحْزِحِ مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ مُزَحْزِحِ: (فعللہ۲) زَحْزَحَۃٌ سے اسم فاعل واحد مذکر۔ (۲:۹۶).

مُزْدَجَرٌ: ڈانٹ، نصیحت، جھڑکی یا جھڑکنے اور روکنے کا مقام، (افتعال ا) اِزْدِجَارٌ سے، مصدر میمی یا ظرف مکان، [مادہ؛ زجر]۔ (۵۴:۴).

مُزِّقْتُمْ: (جب) تم ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے جاؤ گے، (تفعیل ا) تَمْزِیْقٌ (ٹکڑے ٹکڑے کرنا) سے، ماضی مجہول جمع حاضر مذکر۔ (۳۴:۷).

مَزَّقْنٰـهُمْ: (مَزَّقْنَا.هُمْ) ہم نے ان کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا، ہم نے ان کو منتشر کر دیا، مَزَّقْنَا، (تفعیل) تَمْزِیْقٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۳۴:۱۹).

اَلْمُزَّمِّلُ: کپڑے میں لپٹنے والا، (تفعل ا) تَزَمُّلٌ (یا اِزَّمُّلٌ) سے، اسم فاعل واحد مذکر، یہاں تاء کو زاء سے بدل کر زاء میں مدغم کیا گیا ہے۔ (۷۳:۱).

اَلْمُزْنِ: سفید بادل، پانی سے بھرا ہوا بادل، مُزْنَۃٌ واحد۔ (۶۹:۵۶).

مَزِیْدٌ: زیادہ کرنا، زیادہ ہونا، زیادہ، بہت، (ضرب ۸؛ زَادَ. یَزِیْدُ) زَیْدٌ و زِیَادَۃٌ سے مصدر میمی۔ (۳۵:۵۰)، مَزِیْدٍ (۳۰:۵۰).

مَسَّ: اس نے چھوا، اس نے مس کیا، (نصر و سمع ۵) مَسٌّ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۱۴۰:۳) (۹۵:۷) (۱۲:۱۰) (۳۳:۳۰) (۸:۳۹، ۴۹).

مَسَّ: مس کرنا، چھونا، ذرا چھو جانا، چمٹنا، مضاف، مصدر ہے (نصر ۵؛ مَسَّ. یَمُسُّ، اور سمع ۵؛ مَسَّ. یَمَسُّ کا)۔ (۴۸:۵۴)، اَلْمَسِّ (۲۷۵:۲).

مَسٰجِدُ: مسجدیں، مساجد، (نصر ا) سُجُوْدٌ سے بمعنی سجدہ کرنے کے ظرف مکان جمع ہے مَسْجِدٌ واحد جسکے معنی سجدہ کرنے کی جگہ۔ (۴۰:۲۲)، مَسٰجِدَ (۱۱۴:۲) (۱۷:۹، ۱۸)، اَلْمَسٰجِدِ (۱۸۷:۲)، اَلْمَسٰجِدَ (۱۸:۷۲).

مِسَاسَ: چھونا، ہاتھ لگانا، بروزن فعال مصدر ہے (باب مفاعلہ ۵؛ مَاسَّ. یُمَاسُّ کا)، [مادہ؛ مسس]۔ **لَامِسَاسَ** تو کسی کو چھوئے نہ کوئی تجھے چھوئے، مت چھو، اسم فعل بمعنی نہی ہے۔ (۹۷:۲۰).

مُسٰفِحٰتٍ: بدکاری کرنے والیاں، (مفاعلہ ا) مُسَافَحَۃٌ سے، اسم فاعل جمع مؤنث (بحالت نصب و جر)، مُسَافِحَۃٌ واحد۔ (۲۵:۴).

مُسٰفِحِیْنَ: زناکار، (مفاعلہ) مُسَافَحَۃٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُسَافِحٌ واحد۔ (۲۴:۴) (۵:۵).

اَلْمَسَاقُ: چلنا، چلایا جانا، ہنکانا، (نصر ۶؛ سَاقَ. یَسُوْقُ) سَوْقٌ سے، مصدر میمی۔ (۳۰:۷۵).

مَسٰکِنُ: ٹھہرنے اور رہنے کے مقام، (نصر ا) سُکُوْنٌ سے جسکے معنی ہیں حرکت ختم کر کے ٹھہر جانا، اسم ظرف مکان جمع، مَسْکَنٌ واحد۔ (۲۴:۹)، مَسٰکِنِ (۱۴:۴۵)، مَسٰکِنَ (۷۲:۹) (۱۲:۶۱).

مَسٰکِنِکُمْ: (مَسَاکِنِ. کُمْ) تمہارے مکان، مَسَاکِنِ (مَسْکَنٌ کی جمع) مضاف، کُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۳:۲۱)، مَسٰکِنَکُمْ (۱۸:۲۷).

مَسٰکِنُهُمْ: (مَسٰکِنُ. هُمْ) ان کے مکان، ان کی ٹھہرنے کی جگہیں، مَسٰکِنُ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۵۸:۲۸) (۲۵:۴۶)، مَسٰکِنِهِمْ (۱۲۸:۲۰) (۳۸:۲۹) (۲۶:۳۲).

مَسٰکِیْنَ: مفلس و نادار لوگ، محتاج لوگ، اہل خانہ کیلئے بقدر کفایت نہ رکھنے والے، مِسْکِیْنٌ کی جمع، [مادہ؛ سکن]۔ (۸۹:۵، ۹۵) (۷۹:۱۸)، اَلْمَسٰکِیْنِ (۸۳:۲، ۲۱۵) (۳۶:۴) (۴۱:۸) (۶۰:۹) (۷:۵۹)، اَلْمَسٰکِیْنَ (۱۷۷:۲) (۲۲:۲۴)، اَلْمَسٰکِیْنُ (۸:۴).

مَسْـُٔوْلًا: پوچھا جانے والا، باز پرس کیا جانے والا، (فتح ۳) سُؤَالٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (۳۴:۱۷، ۳۶) (۱۶:۲۵) (۱۵:۳۳).

مَسْـُٔوْلُوْنَ: باز پرس کیے گئے، باز پرس کے قابل لوگ، (فتح) سُؤَالٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر، مَسْـُٔوْلٌ واحد۔ (۲۴:۳۷).

اَلْمُسَبِّحُوْنَ: تسبیح پڑھنے والے، عبادت کرنے والے، (تفعیل ا) تَسْبِیْحٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، مُسَبِّحٌ واحد۔ (۱۶۶:۳۷).

اَلْمُسَبِّحِیْنَ: اللہ کی پاکی ظاہر کرنے والے، تسبیح پڑھنے والے، عبادت کرنے والے، (تفعیل) تَسْبِیْحٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر) مُسَبِّحٌ واحد۔ (۱۴۳:۳۷).

مَسْبُوْقِیْنَ: پیچھے چھوڑے گئے، یعنی جن کو پیچھے چھوڑ کر دوسرے آگے بڑھ جائیں یا وہ جن پر سبقت کی گئی یعنی پیچھے رہنے والے/ عاجز، (ضرب ۱) سَبْقٌ (سبقت کرنا) سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، مَسْبُوْقٌ واحد۔(٥٦:٦٠) (٧٠:٤١)۔

الْمُسْتَاْخِرِیْنَ: پیچھے آنے والے، بعد کو آنے والے، (استفعال۲؛ اِسْتَاْخَرَ. یَسْتَاْخِرُ) اِسْتِئْخَارٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُسْتَاْخِرٌ واحد، [مادہ؛ اخر]۔ (١٥:٢٤)۔

مُسْتَاْنِسِیْنَ: جی لگانے والے، دلچسپی کے ساتھ بیٹھ رہنے والے، (استفعال۲؛ اِسْتَاْنَسَ. یَسْتَاْنِسُ) اِسْتِیْنَاسٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، مُسْتَاْنِسٌ واحد، [مادہ؛ انس]۔ (٣٣:٥٣)۔

مُسْتَبْشِرَةٌ: شگفتہ، شاداں، خوش ہونے والی، (استفعال ۱) اِسْتِبْشَارٌ (کسی چیز سے خوش ہونا) سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔ (٨٠:٣٩)۔

مُسْتَبْصِرِیْنَ: دیکھنے والے، طلب گار بصیرت، (استفعال ۱) اِسْتِبْصَارٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، مُسْتَبْصِرٌ واحد۔(٢٩:٣٨)۔

الْمُسْتَبِیْنَ: واضح، کھلی ہوئی، روشن، ہدایت والی، (استفعال ۹؛ اِسْتَبَانَ. یَسْتَبِیْنُ) اِسْتِبَانَةٌ (ظاہر ہونا) سے، اسم فاعل واحد مذکر، [مادہ؛ بین]۔(٣٧:١١٧)۔

مُسْتَخْفٍ: چھپنے والا، چھپنے کا خواستگار، (استفعال ۱۱؛ اِسْتَخْفٰی. یَسْتَخْفِیْ) اِسْتِخْفَاءٌ (چھپنا، پوشیدہ ہونا) سے، اسم فاعل واحد مذکر (اسم منقوص؛ بحالت رفع و جر، یہاں محلاً مرفوع ہے)، [مادہ؛ خفی]۔(١٣:١٠)۔

مُسْتَخْلَفِیْنَ: خلیفہ بنائے ہوئے، جانشین ہونے والے، (استفعال ۱) اِسْتِخْلَافٌ (وارث بنانا، خلیفہ بنانا) سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، مُسْتَخْلَفٌ واحد۔(٥٧:٧)۔

مُسْتَسْلِمُوْنَ: فرمانبردار، گردن رکھ دینے والے، (استفعال ۱) اِسْتِسْلَامٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، مُسْتَسْلِمٌ واحد۔ (٣٧:٢٦)۔

مُسْتَضْعَفُوْنَ: کمزور سمجھے گئے، (استفعال ۱) اِسْتِضْعَافٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت رفع)، مُسْتَضْعَفٌ واحد۔ (٨:٢٦)۔

مُسْتَضْعَفِیْنَ: ناتواں، بے بس، (استفعال) اِسْتِضْعَافٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، مُسْتَضْعَفٌ واحد۔ (٤:٩٧)، الْمُسْتَضْعَفِیْنَ (٤:٧٥، ٩٨، ١٢٧)۔

مُسْتَطَرٌ: لکھا ہوا، (افتعال ۱) اِسْتِطَارٌ (لکھنا) سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(٥٤:٥٣)۔

مُسْتَطِیْرًا: پھیلنے والا/ پھیلا ہوا، عام، (استفعال ۹؛ اِسْتَطَارَ. یَسْتَطِیْرُ) اِسْتِطَارَةٌ (اڑنا، پراگندہ ہونا) سے، اسم فاعل واحد مذکر، [مادہ؛ طیر]۔(٧٦:٧)۔

الْمُسْتَعَانُ: وہ جس سے مدد مانگی جائے یا مدد چاہی جائے، (استفعال ۸؛ اِسْتَعَانَ. یَسْتَعِیْنُ) اِسْتِعَانَةٌ (مدد چاہنا) سے، اسم مفعول واحد مذکر، [مادہ؛ عون]۔ (١٢:١٨) (٢١:١١٢)۔

الْمُسْتَغْفِرِیْنَ: استغفار کرنے والے، مغفرت طلب کرنے والے، (استفعال ۱) اِسْتِغْفَارٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، مُسْتَغْفِرٌ واحد۔(٣:١٧)۔

مُسْتَقْبِلَ: سامنے آنے والا، آگے ہونے والا، (استفعال ۱) اِسْتِقْبَالٌ (سامنے آنا، سامنے سے لینا) سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (٤٦:٢٤)۔

الْمُسْتَقْدِمِیْنَ: اگلے لوگ، پہلے زمانے میں گزرے ہوئے لوگ، (استفعال ۱) اِسْتِقْدَامٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، مُسْتَقْدِمٌ واحد۔(١٥:٢٤)۔

مُسْتَقَرٌّ: قرار پکڑنے والا، ٹھہرنے والا، (استفعال ۵؛

اِسْتَقَرَّ.یَسْتَقِرُّ) اِسْتِقْرَارٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر، [مادہ: قرر]۔ (۵۴: ۳، ۳۸)، مُسْتَقِرًّا (۲۷: ۴۰)۔

مُسْتَقَرٌّ: قرار گاہ، ٹھہرنے کی جگہ، مقررہ وقت، (استفعال) اِسْتِقْرَارٌ سے، اسم ظرف۔ (۲: ۳۶) (۶: ۶۷، ۹۸) (۷: ۲۴)، مُسْتَقَرٍّ (۳۶: ۳۸)، اَلْمُسْتَقَرُّ (۷۵: ۱۲)، مُسْتَقَرًّا (۲۵: ۲۴، ۶۶، ۷۶)۔

مُسْتَقَرَّهَا: (مُسْتَقَرَّ.هَا) اس کی قرار گاہ، اس کی ٹھہرنے کی جگہ، اس کا ٹھہرنا، مُسْتَقَرٌّ (اسم ظرف یا مصدر میمی) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۱۱: ۶)۔

مُسْتَقِيْمٌ: سیدھا، قائم رہنے والا، ثابت قدم، (استفعال ۸: اِسْتَقَامَ.یَسْتَقِيْمُ) اِسْتِقَامَةٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر، [مادہ: قوم]۔ (۳: ۵۱) (۱۵: ۴۱) (۱۹: ۳۶) (۳۶: ۶۱) (۴۳: ۶۱، ۶۴)، مُسْتَقِيْمٍ (۲: ۱۴۲، ۲۱۳) (۳: ۱۰۱) (۵: ۱۶) (۶: ۳۹، ۸۷، ۱۶۱) (۱۰: ۲۵) (۱۱: ۵۶) (۱۶: ۷۶، ۱۲۱) (۲۲: ۵۴، ۶۷) (۲۳: ۷۳) (۲۴: ۴۶) (۳۶: ۴) (۴۲: ۵۲) (۴۳: ۴۳) (۴۶: ۳۰) (۶۷: ۲۲)، اَلْمُسْتَقِيْمِ (۱۷: ۳۵) (۲۶: ۱۸۲)، اَلْمُسْتَقِيْمَ (۱: ۶) (۷: ۱۶) (۳۷: ۱۱۸)، مُسْتَقِيْمًا (۴: ۶۸، ۱۷۵) (۶: ۱۲۶، ۱۵۳) (۴۸: ۲، ۲۰)۔

مُسْتَكْبِرًا: اپنے کو بڑا سمجھنے والا، سرکشی کرنے والا، (استفعال ا) اِسْتِكْبَارٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (۳۱: ۷) (۴۵: ۸)۔

مُسْتَكْبِرُوْنَ: تکبر کرنے والے، بڑائی دکھانے والے، غرور کرنے والے، (استفعال) اِسْتِكْبَارٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، مُسْتَكْبِرٌ واحد۔ (۱۶: ۲۲) (۶۳: ۵)۔

مُسْتَكْبِرِيْنَ: مُسْتَكْبِرٌ کی جمع (بحالت نصب و جر)۔ (۲۳: ۶۷)، اَلْمُسْتَكْبِرِيْنَ (۱۶: ۲۳)۔

مُسْتَمِرٌّ: چلا آنے والا، جاری، قدیمی، ہمیشہ کا، مضبوط، (استفعال ۵: اِسْتَمَرَّ.یَسْتَمِرُّ) اِسْتِمْرَارٌ (ایک روش پر ہمیشہ چلنا، مضبوط ہونا) سے، اسم فاعل واحد مذکر، [مادہ: مرر]۔ (۵۴: ۲)، مُسْتَمِرٍّ (۵۴: ۱۹)۔

مُسْتَمْسِكُوْنَ: چنگل سے پکڑنے والے، مضبوط پکڑنے والے، مراد دلیل اور سند پکڑنے والے، (استفعال ا) اِسْتِمْسَاكٌ (پنجہ میں مضبوط پکڑنا، سند پکڑنا) سے، اسم فاعل جمع مذکر، مُسْتَمْسِكٌ واحد۔ (۴۳: ۲۱)۔

مُسْتَمِعُوْنَ: سننے والے، (افتعال ا) اِسْتِمَاعٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، مُسْتَمِعٌ واحد۔ (۲۶: ۱۵)۔

مُسْتَمِعُهُمْ: (مُسْتَمِعُ.هُمْ) ان میں سے سننے والا، مُسْتَمِعُ (افتعال؛ اِسْتِمَاعٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۵۲: ۳۸)۔

مُسْتَنْفِرَةٌ: بدکنے والی، بدک کر بھاگنے والے (گدھے)، (استفعال ا) اِسْتِنْفَارٌ (بھاگنا، بھگانا) سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔ (۷۴: ۵۰)۔

مُسْتَوْدَعٌ: امانت رکھنے کی جگہ، حفاظت کی جگہ، (استفعال ۲: اِسْتَوْدَعَ.یَسْتَوْدِعُ) اِسْتِيْدَاعٌ (امانت کے طور پر رکھنا) سے، اسم ظرف مکان، [مادہ: ودع]۔ (۶: ۹۸)۔

مُسْتَوْدَعَهَا: (مُسْتَوْدَعَ.هَا) اس کی حفاظت کی جگہ، اس کے سونپے جانے کا مقام، اس کا سونپا جانا، مُسْتَوْدَعَ (اسم ظرف یا مصدر میمی) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۱۱: ۶)۔

مَسْتُوْرًا: چھپایا ہوا، (نصر، ضرب ا) سَتْرٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (۱۷: ۴۵)۔

مَسَّتْهُ: (مَسَّتْ.هُ) وہ اسے پہنچی، اس کو پہنچے، مَسَّتْ، (نصر و سمع ۵) مَسٌّ سے، ماضی واحد غائب مؤنث، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۱۱: ۱۰) (۴۱: ۵۰)۔

مُسْتَهْزِءُوْنَ: مذاق کرنے والے، استہزاء کرنے والے،

(استفعال۴) اِسْتِھْزَاءٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، مُسْتَھْزِءٌ واحد[مادہ:ھزا]۔(١٤:٢).

الْمُسْتَھْزِءِيْنَ: مذاق کرنے والے، استہزاء کرنے والے، (استفعال) اِسْتِھْزَاءٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُسْتَھْزِءٌ واحد۔(٩٥:١٥).

مَسَّتْھُمْ: (مَسَّتْ.ھُمْ) وہ انہیں پہنچی، ان کو پہنچے، مَسَّتْ، (نصر وسمع) مَسٌّ سے، ماضی واحد غائب مؤنث، ھُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٢١٤:٢) (٢١:١٠) (٤٦:٢١).

مُسْتَيْقِنِيْنَ: یقین رکھنے والے/ یقین کرنے والے، (استفعال۷؛ اِسْتَيْقَنَ.يَسْتَيْقِنُ) اِسْتِيْقَانٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُسْتَيْقِنٌ واحد، [مادہ؛ یقن]۔(٣٢:٤٥).

مَسْجِدٌ: مسجد، سجدہ کرنے کی جگہ، نماز پڑھنے کیلئے مخصوص جگہ، (نصرا) سُجُوْدٌ سے، اسم ظرف مکان، مَسَاجِدُ جمع۔(١٠٨:٩)، مَسْجِدٍ (٢٩:٧، ٣١)، الْمَسْجِدِ (١٤٤:٢، ١٤٩، ١٥٠، ١٩١، ١٩٦، ٢١٧) (٢:٥) (٣٤:٨) (٧:٩، ١٩) (١:١٧، ١) (٢٥:٢٢) (٢٥:٤٨)، الْمَسْجِدَ (٢٨:٩) (٧:١٧) (٢٧:٤٨)، مَسْجِدًا (١٠٧:٩) (٢١:١٨).

الْمَسْجُوْرِ: بھرا ہوا، گرم کیا ہوا، (نصرا) سَجْرٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(٦:٥٢).

الْمَسْجُوْنِيْنَ: قیدی، قید کیے ہوئے، (نصرا) سَجْنٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مَسْجُوْنٌ واحد۔(٢٩:٢٦).

مَسْحًا: چھونا، ہاتھ پھیرنا، مصدر ہے (باب فتح ا)۔(٣٣:٣٨).

الْمُسَحَّرِيْنَ: جادو زدہ، جادو کیے گئے، (تفعیل ا) تَسْحِيْرٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُسَحَّرٌ واحد۔(١٥٣:٢٦، ١٨٥).

مَسْحُوْرًا: جادو کیا گیا، دھوکے میں پڑا ہوا، (فتح) سِحْرٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(٤٧:١٧، ١٠١) (٨:٢٥).

مَسْحُوْرُوْنَ: جن پر جادو کر دیا گیا ہو، دھوکے میں پڑے ہوئے، (فتح) سِحْرٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت رفع)، مَسْحُوْرٌ واحد۔(١٥:١٥).

الْمُسَخَّرِ: تسخیر کیا گیا، فرمانبردار بنایا ہوا، (تفعیل ا) تَسْخِيْرٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(١٦٤:٢).

مُسَخَّرٰتٌ: تابع اور فرمانبردار بنائے ہوئے، مسخر کیے ہوئے، (تفعیل) تَسْخِيْرٌ سے، اسم مفعول جمع مؤنث (بحالت رفع)، مُسَخَّرٰتٍ (جمع مؤنث بحالت نصب و جر)، مُسَخَّرَةٌ واحد۔ مُسَخَّرٰتٌ (١٢:١٦)، مُسَخَّرٰتٍ (٥٤:٧) (٧٩:١٦).

مَسَخْنٰھُمْ: (مَسَخْنَا.ھُمْ) ہم نے ان کی صورت بگاڑ دی، مَسَخْنَا، (فتح ا) مَسْخٌ (مسخ کرنا، صورت بگاڑنا) سے، ماضی جمع متکلم، ھُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٦٧:٣٦).

مَسَدٍ: مونج، کھجور کی پوست، کھجور کے درخت کی شاخوں کے ریشے۔(٥:١١١).

مُسْرِفٌ: حد سے بڑھنے والا، مراد مشرک، (افعال ا) اِسْرَافٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ اسراف کا معنی ہے کسی کام میں حد اعتدال سے آگے بڑھنا، بے ہودہ یا بے اندازہ صرف کرنا، حرام چیز کھانا۔(٢٨:٤٠، ٣٤).

مُسْرِفُوْنَ: حد سے بڑھنے والے، (افعال) اِسْرَافٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، مُسْرِفٌ واحد۔(٣٢:٥) (٨١:٧) (١٩:٣٦).

مُسْرِفِيْنَ: مُسْرِفٌ کی جمع بحالت نصب و جر۔(٥:٤٣)، الْمُسْرِفِيْنَ (١٤١:٦) (٣١:٧) (١٢:١٠، ٨٣) (٩:٢١) (١٥١:٢٦) (٤٣:٤٠) (٣١:٤٤) (٣٤:٥١).

مَسْرُوْرًا: خوش کیا ہوا، خوش، اترایا ہوا، (نصر٥) سُرُوْرٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(٩:٨٤، ١٣).

مَسْطُوْرٍ: لکھا ہوا، (نصرا) سَطْرٌ (لکھنا) سے، اسم مفعول

واحد مذکر۔(۵۲:۲)، مَسْطُوْرًا (۱۷:۵۸) (۳۳:۶).

مَسْغَبَةٍ: بھوک، بھوکا ہونا، مصدر میمی، (نصر و سمع ا) سَغْبٌ سے۔(۹۰:۱۴).

مُسْفِرَةٌ: روشن، چمکدار/ چمکنے والے، (افعال ا) اِسْفَارٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔(۸۰:۳۸).

مَسْفُوْحًا: بہایا ہوا، بہتا ہوا، (فتح ا) سَفْحٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۶:۱۴۵).

مِسْكٌ: مشک، اسم ہے۔(۸۳:۲۶).

مَسَّكُمْ: (مَسَّ. كُمْ) وہ تم کو پہنچا، (جب) تمہیں پہنچتی ہے، مَسَّ، (نصر ۵؛مَسَّ.يَمُسُّ، سمع ۵:مَسَّ.يَمَسُّ) مَسٌّ (چھونا، پہنچنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(۸:۶۸) (۱۶:۵۳) (۱۷:۶۷) (۲۴:۱۴).

اَلْمَسْكَنَةُ: محتاجی، ذلت، پستی، مفلسی، مصدر میمی، [مادہ؛ سکن]۔(۲:۶۱) (۳:۱۱۲).

مَسْكَنِهِمْ: (مَسْكَنِ. هِمْ) ان کا مسکن، ان کا رہنے کا مقام، مَسْكَنِ (نصرا؛سُكُوْنٌ سے، اسم ظرف مکان) مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۳۴:۱۵).

مَسْكُوْبٍ: بہتا ہوا، جاری، بہایا ہوا، گرایا ہوا، (نصرا) سَكْبٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۵۶:۳۱).

مَسْكُوْنَةٍ: آباد، بسا ہوا، (نصرا) سُكُوْنٌ سے، اسم مفعول واحد مؤنث۔(۲۴:۲۹).

مِسْكِيْنٌ: نادار، محتاج، مَسَاكِيْنُ جمع، [مادہ؛ سکن]۔(۶۸:۲۴)، مِسْكِيْنٍ (۲:۱۸۴)، الْمِسْكِيْنِ (۶۹:۳۴) (۸۹:۱۸) (۱۰۷:۳)، الْمِسْكِيْنَ (۱۷:۲۶) (۳۰:۳۸) (۷۴:۴۴)، مِسْكِيْنًا (۵۸:۴) (۷۶:۸) (۹۰:۱۶).

مُسْلِمًا: مسلمان، فرمانبردار، (افعال ا) اِسْلَامٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(۳:۶۷) (۱۲:۱۰۱).

مُسْلِمٰتٍ: فرمانبردار عورتیں، (افعال) اِسْلَامٌ سے، اسم فاعل جمع مؤنث (بحالت نصب و جر)، مُسْلِمَةٌ واحد۔ (۶۶:۵)، الْمُسْلِمٰتِ (۳۳:۳۵).

مُسْلِمَةً: فرمانبردار، مسلمان، فرمانبرداری کرنے والی، (افعال) اِسْلَامٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔(۲:۱۲۸).

مُسَلَّمَةٌ: سالم، بے داغ، سونپی ہوئی، اعتبار کی ہوئی، سپرد کی ہوئی، (تفعیل ا) تَسْلِيْمٌ سے، اسم مفعول واحد مؤنث۔(۲:۷۱) (۴:۹۲، ۹۲).

مُسْلِمُوْنَ: مسلمان، فرمانبردار، (افعال) اِسْلَامٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، مُسْلِمٌ واحد۔ (۲:۱۳۲، ۱۳۳، ۱۳۶) (۳:۵۲، ۶۴، ۸۰، ۸۴، ۱۰۲) (۵:۱۱۱) (۱۱:۱۴) (۲۱:۱۰۸) (۲۷:۸۱) (۲۹:۴۶) (۳۰:۵۳)، الْمُسْلِمُوْنَ (۷۲:۱۴).

مُسْلِمِيْنَ: مُسْلِمٌ کی جمع بحالت نصب و جر۔(۷:۱۲۶) (۱۰:۸۴) (۱۵:۲) (۲۷:۳۱، ۳۸، ۴۲) (۲۸:۵۳) (۴۳:۶۹)، الْمُسْلِمِيْنَ (۶:۱۶۳) (۱۰:۷۲، ۹۰) (۱۶:۸۹، ۱۰۲) (۲۲:۷۸) (۲۷:۹۱) (۳۳:۳۵) (۳۹:۱۲) (۴۱:۳۳) (۴۶:۱۵) (۵۱:۳۶) (۶۸:۳۵).

مُسْلِمَيْنِ: دو فرمانبرداری کرنے والے، (افعال) اِسْلَامٌ سے، اسم فاعل تثنیہ مذکر (بحالت نصب و جر)، مُسْلِمٌ کا تثنیہ۔ (۲:۱۲۸).

مُسْمِعٍ: سنانے والا، (افعال ا) اِسْمَاعٌ (سنانا) سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(۳۵:۲۲).

مُسْمَعٍ: سنایا ہوا، (افعال) اِسْمَاعٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔

غَيْرَ مُسْمَعٍ: نہ سنایا جائے، یعنی آپ کو آپ کی مرضی کے بغیر کوئی بات نہیں کہی جاسکتی، چونکہ یہ ذو معنی ہے اسلئے اس کا دوسرا مفہوم یہ ہے کہ آپ اس قابل نہیں کہ آپ کو کوئی بات سنائی جائے، ایک معنی ''بہرے ہو جاؤ'' کا بھی ہے۔ یہود حضور ﷺ کی مجلس میں بیٹھتے تو

اس طرح کے ذو معنی الفاظ بولتے، اسی طرح رَاعِنَا کا لفظ بھی ہے جس کی تفصیل پارہ اول میں ہے۔ (٤٦:٤).

مُسَمًّى: نام رکھا ہوا، مقرر، معین، (تفعیل۱۰: سَمّٰی.یُسَمِّیْ) تَسْمِیَۃٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر (اسم مقصور، بحالت رفع ونصب و جر)۔ (٢٨٢:٢) (٢:٦، ٦٠) (٣:١١) (٢:١٣) (١٠:١٤) (٦١:١٦) (١٢٩:٢٠) (٥:٢٢، ٣٣) (٥٣:٢٩) (٨:٣٠) (٢٩:٣١) (١٣:٣٥، ٤٥) (٥:٣٩، ٤٢) (٦٧:٤٠) (١٤:٤٢) (٣:٤٦) (٤:٧١).

مَسَّنَا: (مَسَّ.نَا) ہم کو پہنچا، مَسَّ، (نصر وسمع۵) مَسٌّ سے، ماضی واحد غائب مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔ (٨٨:١٢) (٣٨:٥٠).

مُسَنَّدَةٌ: دیوار کے سہارے سے لگائی ہوئی، کھڑی کی ہوئیں، (تفعیل۱) تَسْنِیْدٌ سے، اسم مفعول واحد مؤنث۔ (٤:٦٣).

مَسْنُوْنٍ: متغیر، سڑا ہوا، گندہ/ بدبودار، (نصر۵: سَنَّ.یَسُنُّ) سَنٌّ (سڑنا) سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (٢٦:١٥، ٢٨، ٣٣).

مَسَّنِيَ: (مَسَّ.نِيَ) وہ مجھے پہنچی، مجھے آ پکڑا ہے، مجھے (نہ) پہنچتی، اس نے مجھے پہنچائی، مَسَّ، (نصر وسمع) مَسٌّ سے، ماضی واحد غائب مذکر، نِیَ میں ن وقایہ اور ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔ (١٨٨:٧) (٥٤:١٥) (٨٣:٢١) (٤١:٣٨).

مُسْوَدًّا: سیاہ، غم کی وجہ سے رنگ بگڑا ہوا، (افعلال۲: اِسْوَدَّ.یَسْوَدُّ) اِسْوِدَادٌ (سیاہ ہونا) سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (٥٨:١٦) (١٧:٤٣).

مُسْوَدَّةٌ: کالی کی ہوئی، سیاہ، (افعلال) اِسْوِدَادٌ سے، اسم مفعول واحد مؤنث۔ (٦٠:٣٩).

مُسَوَّمَةً: نشان دار، ممتاز، (تفعیل۸: سَوَّمَ.یُسَوِّمُ) تَسْوِیْمٌ (نشان لگانا، آزاد چھوڑ دینا) سے، اسم مفعول واحد مؤنث، [مادہ: سوم]۔ (٨٣:١١) (٣٤:٥١)، اَلْمُسَوَّمَةِ (١٤:٣).

مُسَوِّمِیْنَ: نشان لگے ہوئے، اپنے گھوڑوں کا خصوصی نشان بنانے والے، (تفعیل) تَسْوِیْمٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، مُسَوِّمٌ واحد۔ (١٢٥:٣).

مَسَّهٗ: (مَسَّ.هٗ) وہ اسے پہنچی، مَسَّ، (نصر وسمع) مَسٌّ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (١٢:١٠)، مَسَّهُ (٨٣:١٧) (٤٩:٤١، ٥١) (٢٠:٧٠، ٢١).

مَسَّهُمْ: (مَسَّ.هُمْ) وہ ان کو پہنچتا ہے، وہ انہیں مس کرتا ہے، وہ ان کو محسوس ہوتا ہے، مَسَّ، (نصر وسمع) مَسٌّ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (٢٠١:٧).

اَلْمُسِیْٓءُ: بدی کرنے والا، (افعال: اَسَاءَ.یُسِیْءُ) اِسَاءَةٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر، [مادہ: سوا]۔ (٥٨:٤٠).

اَلْمَسِیْحُ: حضرت عیسیٰؑ کا لقب، اسم علم ہے۔ عربی میں مَسِیْحٌ، (فتح۱) مَسْحٌ (مسح کرنا، ہاتھ پھیرنا) سے صیغۂ صفت ہے جس کا معنی ہے مسح کیا ہوا یعنی پاک وصاف یا مسح کرنے والا/ ہاتھ پھیرنے والا یعنی بیماری سے پاک کرنے والا۔ چنانچہ قرآن میں حضرت عیسیٰؑ کو مسیح اس لیے کہا گیا کہ وہ اللہ کے اذن سے بطور معجزہ پیدا ہوئے اور وہ ابنیت یا الوہیت سے پاک صاف تھے، یا اس وجہ سے کہا گیا کہ وہ لوگوں کو ہاتھ پھیر کر شفا یاب کرتے تھے۔ (٤٥:٣) (١٧١:٤، ١٧٢) (١٧:٥، ٧٢، ٧٢، ٧٥) (٣٠:٩)، اَلْمَسِیْحَ (١٥٧:٤) (١٧:٥) (٣١:٩).

مَشَّآءٍ: بہت چلنے والا، چغل خور، (ضرب۹: مَشٰی.یَمْشِیْ) مَشْیٌ سے، صیغۂ مبالغہ مفرد۔ (١١:٦٨).

مَشَارِبُ: گھاٹ، پینے کی جگہیں، چشمے، تھن، پینے کی چیزیں، (سمع۱) شُرْبٌ سے، اسم ظرف مکان یا مصدر میمی جمع، مَشْرَبٌ و مَشْرَبَةٌ واحد۔ (٧٣:٣٦).

اَلْمَشَارِقِ: سورج نکلنے کے مقامات، (نصر۱) شَرْقٌ سے، اسم ظرف جمع، مَشْرِقٌ واحد۔ (٥:٣٧) اَلْمَشْرِقِ (٤٠:٧٠)، مَشَارِقَ (١٣٧:٧).

الْمَشْئَمَةِ: بائیں جانب، بائیں طرف، بدشگونی، نحوست، بدبختی، [مادہ؛شام]۔(٥٦:٩، ٩) (٩٠:١٩).

مُشْتَبِهًا: ہم شکل، صورت اور رنگ میں ملنا، مراد پتوں کا ہم شکل ہونا، (افتعال ا) اِشْتِبَاهٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(٦:٩٩).

مُشْتَرِكُوْنَ: شریک ہونے والے، ساتھ ساتھ عذاب میں رہنے والے، (افتعال ا) اِشْتِرَاكٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، مُشْتَرِكٌ واحد۔(٣٧:٣٣) (٤٣:٣٩).

الْمَشْحُوْنِ: بھرا ہوا، (فتح ا) شَحْنٌ (بھرنا، پر کرنا) سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(٢٦:١١٩) (٣٦:٤١) (٣٧:١٤٠).

مَشْرَبَهُمْ: (مَشْرَبَ.هُمْ) ان کی پانی پینے کی جگہ، ان کا گھاٹ، مَشْرَبَ (سمع؛ شُرْبٌ سے، اسم ظرف مکان) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(٢:٦٠) (٧:١٦٠).

الْمَشْرِقُ: مشرق، جہت شرق، سورج نکلنے کی جگہ، اسم ظرف ہے، (نصرا) شَرْقٌ و شُرُوْقٌ سے جسکے معنی سورج نکلنے اور کسی چیز کے پھٹنے کے ہیں، مَشَارِقُ جمع۔(٢:١١٥، ١٤٢)، الْمَشْرِقِ (٢:١٧٧، ٢٥٨) (٢٦:٢٨) (٧٣:٩).

الْمَشْرِقَيْنِ: سورج نکلنے کی دو جگہیں، دو پورب، مشرق و مغرب (جیسے قَمَرَيْنِ؛ چاند اور سورج)، یعنی جتنا فاصلہ مشرق اور مغرب میں ہے یا جاڑے اور گرمی کے دونوں مشرقوں کی دوری، مَشْرِقٌ کا تثنیہ (بحالت نصب وجر)۔(٤٣:٣٨) (٥٥:١٧).

مُشْرِقِيْنَ: اجالے میں ہونے والے، صبح کرتے کرتے، روشنی ہوتے ہوتے، سورج نکلتے وقت، (افعال ا) اِشْرَاقٌ (روشن ہونا) سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُشْرِقٌ واحد۔(١٥:٧٣) (٢٦:٦٠).

مُشْرِكٌ: مشرک، شرک کرنے والا، (افعال ا) اِشْرَاكٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(٢٤:٣)، مُشْرِكٍ (٢:٢٢١).

الْمُشْرِكٰتِ: مشرک عورتیں، (افعال) اِشْرَاكٌ سے، اسم فاعل جمع مؤنث، مُشْرِكَةٌ واحد۔(٢:٢٢١) (٣٣:٧٣) (٤٨:٦).

مُشْرِكَةٍ: مشرک عورت، (افعال) اِشْرَاكٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔(٢:٢٢١)، مُشْرِكَةً (٢٤:٣).

مُشْرِكُوْنَ: مشرک، شرک کرنے والے، (افعال) اِشْرَاكٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، مُشْرِكٌ واحد۔(٦:١٢١) (١٢:١٠٦) (١٦:١٠٠)، الْمُشْرِكُوْنَ (٩:٢٨، ٣٣) (٦١:٩).

مُشْرِكِيْنَ: مشرک، شرک کرنے والے، (افعال) اِشْرَاكٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُشْرِكٌ واحد۔(٦:٢٣) (٢٢:٣١) (٣٠:٤٢) (٤٠:٨٤)، الْمُشْرِكِيْنَ (٢:١٠٥، ١٣٥، ٢٢١) (٣:٦٧، ٩٥) (٦:١٤، ٧٩، ١٠٦، ١٣٧، ١٦١) (٩:١، ٣، ٤، ٥، ٦، ٧، ١٧، ٣٦، ١١٣) (١٠:١٠٥) (١٢:١٠٨) (١٥:٩٤) (١٦:١٢٠، ١٢٣) (٢٨:٨٧) (٣٠:٣١) (٣٣:٧٣) (٤١:٦) (٤٢:١٣) (٤٨:٦) (٩٨:١، ٦).

الْمَشْعَرِ: علامت، نشان، مراد مزدلفہ کی دونوں پہاڑیوں کا درمیانی رقبہ جو محشر تک پہنچتا ہے، یہ (نصرا) شِعْرٌ سے جسکے معنی باریک بینی سے جاننے اور محسوس کرنے کے ہیں، مصدر میمی یا اسم ظرف ہے۔(٢:١٩٨).

مُشْفِقُوْنَ: ڈرنے والے، (افعال ا) اِشْفَاقٌ (خوف کرنا، رحم کھانا، خوف کے ساتھ مہربانی کرنا) سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، مُشْفِقٌ واحد۔(٢١:٢٨، ٤٩) (٢٣:٥٧) (٤٢:١٨) (٧٠:٢٧).

مُشْفِقِيْنَ: ڈرنے والے، (افعال) اِشْفَاقٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُشْفِقٌ واحد۔(١٨:٤٩) (٤٢:٢٢) (٥٢:٢٦).

مِشْكٰوةٍ: چراغ رکھنے والا طاق، [مادہ؛شکو]۔(٢٤:٣٥).

مَشْکُوْرًا: شکر کا بدلہ دیا ہوا، قدر کیا ہوا، مقبول، (نصر) شُکْرٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (۱۹:۱۷) (۲۲:۷٦)۔

مَشَوْا: وہ چلے چلتے ہیں، (جب) وہ چلتے ہیں، (ضرب ؛ مَشٰی. یَمْشِیْ) مَشْیٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۲۰:۲)۔

مَشْهَدِ: حاضر ہونا، موجود ہونا، حاضر ہونے کی جگہ، گواہی دینے کی جگہ، (سمع ا) شُهُوْدٌ و شَهَادَةٌ سے، اول معنوں کے لحاظ سے مصدر میمی اور آخری معنوں کے لحاظ سے اسم ظرف مکان ہے۔ (۳۷:۱۹)۔

مَشْهُوْدٌ: حاضر کیا گیا، گواہی دیا گیا، (سمع) شُهُوْدٌ و شَهَادَةٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (۱۰۳:۱۱)، مَشْهُوْدٍ (۳:۸۵)، مَشْهُوْدًا (۷۸:۱۷)۔

مَشِيْدٍ: مضبوط یا بلند، (ضرب ۸ ؛ شَادَ. یَشِیْدُ) شَیْدٌ (بلند کرنا، پلستر کرنا) سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (۴۵:۲۲)۔

مُشَيَّدَةٍ: مضبوط کی ہوئی، بلند بنائی ہوئی، (تفعیل ۹ ؛ شَیَّدَ. یُشَیِّدُ) تَشْیِیْدٌ (بلند کرنا، مضبوط بنانا) سے، اسم مفعول واحد مؤنث، [مادہ ؛ شید]۔ (۷۸:٤)۔

مَشْيِكَ: (مَشْیِ. كَ) تیری چال، تیرا چلنا، اپنی چال میں، مَشْیِ (مصدر، ضرب ۹ ؛ مَشٰی. یَمْشِیْ کا) مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۹:۳۱)۔

مَصَابِيْحَ: چراغ، قندیلیں، (سمع، فتح ا) صَبَحٌ (روشن و چمکدار ہونا) سے، اسم آلہ جمع (غیر منصرف ہونے کی وجہ سے محلًا مجرور ہے)، مِصْبَاحٌ مفرد۔ (۱۲:٤۱) (۵:٦۷)۔

مَصَانِعَ: مکانات، اونچے محل، قلعے، بارش کا پانی جمع کرنے کے تالاب، (فتح ا) صَنْعٌ سے، اسم ظرف مکان جمع، مَصْنَعَةٌ یا مَصْنَعٌ واحد۔ (۱۲۹:۲٦)۔

مِصْبَاحٌ: چراغ، قندیل، (فتح، سمع) صَبَحٌ سے، اسم آلہ مفرد۔ (۳۵:۲٤)، الْمِصْبَاحُ (۳۵:۲٤)۔

مُصْبِحِيْنَ: صبح کرنے والے، (افعال ا) اِصْبَاحٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُصْبِحٌ واحد۔ (٦٦:۱۵، ۸۳) (۱۳۷:۳۷) (۱۷:٦۸، ۲۱)۔

مُصَدِّقٌ: سچا کہنے والا، تصدیق کرنے والا، (تفعیل ا) تَصْدِیْقٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (۸۹:۲، ۱۰۱) (۸۱:۳) (۱۲:٤٦)، مُصَدِّقٌ (۹۲:٦)، مُصَدِّقًا (٤۱:۲، ۹۱، ۹۷) (۳:۳، ۳۹، ۵۰) (٤۷:٤) (٤٦:۵، ٤٦، ٤۸) (۳۱:۳۵) (۳۰:٤٦) (٦:٦۱)۔

الْمُصَّدِّقٰتِ: خیرات دینے والیاں، (تفعل ا) تَصَدُّقٌ (صدقہ کرنا) سے، اسم فاعل جمع مؤنث (بحالت نصب و جر)، مُصَّدِّقَةٌ واحد (تاء کو صاد سے بدل کر ادغام کر دیا گیا)۔ (۱۸:۵۷)۔

الْمُصَدِّقِيْنَ: سچا ماننے والے، سچا جاننے والے، سچا کہنے والے، (تفعیل) تَصْدِیْقٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُصَدِّقٌ واحد۔ (۵۲:۳۷)۔

الْمُصَّدِّقِيْنَ: خیرات دینے والے، (تفعل ا) تَصَدُّقٌ (صدقہ کرنا) سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُصَّدِّقٌ واحد، تاء کو صاد سے بدل کر ادغام کر دیا گیا، یعنی اصل میں مُتَصَدِّقِیْنَ تھا۔ (۱۸:۵۷)۔

مِصْرًا: کوئی شہر، ہر محدود شہر کو مِصْر کہتے ہیں۔ (٦۱:۲)، مِصْرَ (۸۷:۱۰) (۲۱:۱۲، ۹۹) (۵۱:٤۳)۔

مُصْرِخِكُمْ: (مُصْرِخِ. كُمْ) تمہارا فریاد رس، مُصْرِخِ (افعال ا ؛ اِصْرَاخٌ (فریاد رسی کرنا، مدد کرنا) سے، اسم فاعل واحد مذکر) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۲۲:۱٤)۔

مُصْرِخِيَّ: (مُصْرِخِیْ. یَ) میری فریاد کو پہنچنے والے، میری فریاد سننے والے، مُصْرِخِیْ (مُصْرِخٌ کی جمع بحالت نصب و جر، اصل میں مُصْرِخِیْنَ تھا، بسبب اضافت نون اعرابی گر گیا) مضاف، یَ (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔ (۲۲:۱٤)۔

مَصْرِفًا: پھرنے کی جگہ، لوٹنے کی جگہ، بچنے کا راستہ، (ضرب) صَرْفٌ سے، اسم ظرف مکان۔(٥٣:١٨).

مَصْرُوْفًا: لوٹایا ہوا، پھیرا ہوا، (ضرب) صَرْفٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(٨:١١).

اَلْمُصْطَفَيْنَ: برگزیدہ اور منتخب لوگ، پسند کیے ہوئے، (افتعال؛ اِصْطَفٰى. يَصْطَفِىْ) اِصْطِفَاءٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُصْطَفًى واحد، [مادہ؛ صفو]۔ (٤٧:٣٨).

مُصْفَرًّا: زرد، پیلا پڑا ہوا، (افعلال ۱) اِصْفِرَارٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(٥١:٣٠) (٢١:٣٩) (٢٠:٥٧).

مَصْفُوْفَةٌ: برابر برابر، قطار میں رکھے ہوئے، صف باندھی ہوئی، (نصر ۵؛ صَفَّ. يَصُفُّ) صَفٌّ سے، اسم مفعول واحد مؤنث۔ (١٥:٨٨)، مَصْفُوْفَةٍ (٢٠:٥٢).

مُصَفًّى: صاف کیا ہوا، جھاگ اتارا ہوا، (تفعیل ۱۰؛ صَفّٰى. يُصَفِّىْ) تَصْفِيَةٌ (کسی چیز کو صاف کرنا) سے، اسم مفعول واحد مذکر (اسم مقصور، جو تمام حالتوں میں یکساں رہتا ہے، یہاں عَسَلٍ کی صفت ہونے کی وجہ سے محلًا مجرور ہے)، [مادہ؛ صفو]۔ (١٥:٤٧).

اَلْمُصْلِحِ: اچھے اعمال کرنے والا، اصلاح کرنے والا، نیکوکار، (افعال ۱) اِصْلَاحٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (٢٢٠:٢).

مُصْلِحُوْنَ: نیک لوگ، اچھے اعمال کرنے والے، اصلاح کرنے والے، نیکوکار، (افعال) اِصْلَاحٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، مُصْلِحٌ واحد۔(١١:٢) (١١٧:١١).

اَلْمُصْلِحِيْنَ: درست اعمال کرنے والے، بگاڑ نہ کرنے والے، نیک لوگ، (افعال) اِصْلَاحٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُصْلِحٌ واحد۔ (١٧٠:٧) (١٩:٢٨).

مُصَلًّى: نماز پڑھنے کی جگہ، (تفعیل ۱۰؛ صَلّٰى. يُصَلِّىْ) تَصْلِيَةٌ سے، اسم ظرف مکان، [مادہ؛ صلو]۔ حالت سکون میں مُصَلّٰى پڑھیں گے۔(١٢٥:٢).

اَلْمُصَلِّيْنَ: نماز پڑھنے والے، (تفعیل) تَصْلِيَةٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُصَلٍّ واحد، [مادہ؛ صلو]۔ (٢٢:٧٠) (٤٣:٧٤) (٤:١٠٧).

اَلْمُصَوِّرُ: صورت بنانے والا، پیدا کرنے والا، تصویر بنانے والا، (تفعیل) تَصْوِيْرٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر، اللہ کا صفاتی نام ہے؛ [مادہ؛ صور]۔(٢٤:٥٩).

مُصِيْبَةٌ: پہنچنے والی، مصیبت، کوئی مشکل/ آفت، (افعال ۸؛ اَصَابَ. يُصِيْبُ) اِصَابَةٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث، [مادہ؛ صوب]۔ (١٥٦:٢) (١٦٥:٣) (٦٢:٤، ٧٢) (٥٠:٩) (٤٧:٢٨)، مُصِيْبَةٍ (٣٠:٤٢) (٢٢:٥٧) (١١:٦٤)، مُصِيْبَةُ (١٠٦:٥).

مُصِيْبُهَا: (مُصِيْبُ. هَا) اسے پالینے والا، اس تک پہنچ جانے والا، مُصِيْبُ (اِصَابَةٌ سے اسم فاعل واحد مذکر) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(٨١:١١).

اَلْمَصِيْرُ: ۱) لوٹنے کی جگہ، ٹھکانہ، (ضرب ۸؛ صَارَ. يَصِيْرُ) صَيْرٌ سے جسکے معنی ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہونے، لوٹنے اور مائل ہونے کے ہیں، اسم ظرف مکان۔ ۲) لوٹ کر جانا، لوٹنا، مصدر میمی۔ (١٢٦:٢، ٢٨٥) (٢٨:٣، ١٦٢) (١٨:٥) (١٦:٨) (٧٣:٩) (٤٨:٢٢، ٧٢) (٤٢:٢٤، ٥٧) (١٤:٣١) (١٨:٣٥) (٣:٤٠) (١٥:٤٢) (٤٣:٥٠) (١٥:٥٧) (٨:٥٨) (٤:٦٠) (٣:٦٤، ١٠) (٩:٦٦) (٦:٦٧)، مَصِيْرًا (٩٧:٤، ١١٥) (١٥:٢٥) (٦:٤٨).

مَصِيْرَكُمْ: (مَصِيْرَ. كُمْ) تمہارا لوٹنا، مَصِيْرَ (مصدر میمی) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(٣٠:١٤).

مُصَيْطِرٍ: (یا مُسَيْطِرٍ) داروغہ، نگہبان، محافظ، (فعللۃ ۳)

سَیْطَرَۃٌ (نگہبانی کرنا، نگہبان ہونا) سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (۸۸:۲۲).

مُصَیْطِرُوْنَ: حاکم، غالب، مسلط، نگہبان لوگ، (فعللہ) صَیْطَرَۃٌ (سَیْطَرَۃٌ) سے،اسم فاعل جمع مذکر،مُصَیْطِرٌ (یامُسَیْطِرٌ) واحد۔(۵۲:۳۷).

الْمَضَاجِعِ: سونے کی جگہیں، بستر، (فتح ا) ضَجْعٌ سے، اسم ظرف جمع،مَضْجَعٌ واحد۔(۳٤:٤) (۱٦:۳۲).

مَضَاجِعِهِمْ: (مَضَاجِعِ.هِمْ) ان کی قتل گاہیں،ان کے لیٹنے کی جگہیں،مَضَاجِعِ(اسم ظرف جمع) مضاف،هِمْ(ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۳: ۱۵٤).

مُضَآرٍّ: نقصان پہنچایا ہوا، نقصان زدہ، نقصان پہنچانے والا، (مفاعلہ۵؛ ضَارَّ.یُضَارُّ) مُضَارَّۃٌ سے، اسم مفعول اور اسم فاعل دونوں معانی میں آتا ہے،واحد مذکر،[مادہ؛ضرر]۔(٤: ۱۲).

مُضٰعَفَةً: دوگنا کرنا، بڑھانا، بڑھائی ہوئی، دوگنی کی ہوئی،مصدر (باب مفاعلہ ا) و اسم مفعول واحد مؤنث (مفاعلہ ا: مُضَاعَفَۃٌ سے)۔یہاں اسم مفعول ہے۔(۳: ۱۳۰).

مَضٰى: وہ گزرا، گزر گیا، (ضرب ۹؛ مَضٰى.یَمْضِىْ) مُضِیٌّ (گزر جانا) سے،ماضی واحد غائب مذکر۔(٤۳ :۸).

مَضَتْ: گزر گئی، گزر چکی، (ضرب) مُضِیٌّ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔(۸:۳۸).

الْمُضْطَرَّ: بےقرار، بے کس، بے بس، (افتعال ۵؛ اِضْطَرَّ. یَضْطَرُّ) اِضْطِرَارٌ سے،اسم فاعل (یا مفعول) واحد مذکر، یہاں تاء کو طاء سے بدل دیا گیا۔(۲۷: ٦۲).

الْمُضْعِفُوْنَ: چند در چند کرنے والے، کئی گنا بڑھانے والے، (افعال ا) اِضْعَافٌ (دوچند کرنا، کئی گنا بڑھانا) سے، اسم فاعل جمع مذکر،مُضْعِفٌ واحد۔(۳۰: ۳۹).

مُضْغَةٍ: گوشت کا ٹکڑا/ بوٹی، [مادہ؛مضغ]۔(۲۲: ۵)، مُضْغَةً (۲۳: ۱٤)، الْمُضْغَةَ (۲۳: ۱٤).

مُضِلٌّ: گمراہ کرنے والا ،گمراہ چھوڑ دینے والا، (افعال ۵؛ اَضَلَّ. یُضِلُّ) اِضْلَالٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (۲۸: ۱۵)، مُضِلٍّ (۳۹:۳۷).

الْمُضِلِّيْنَ: گمراہ کرنے والے، بہکانے والے، (افعال) اِضْلَالٌ سے،اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)،مُضِلٌّ واحد۔ (۱۸: ۵۱).

مُضِيًّا: گزرنا، گزر جانا، چلا جانا، (ضرب ۹؛مَضٰى.یَمْضِىْ کا) مصدر ہے۔(۳٦:٦۷).

مُطَاعٍ: اطاعت کیا ہوا یعنی جسکی اطاعت کی جائے، پیشوا، (افعال ۸؛ اَطَاعَ.یُطِیْعُ) اِطَاعَۃٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (۸۱:۲۱).

مَطَرٍ: بارش، مینہ، بارش برسانا، مصدر (باب نصرا)۔قرآن میں مَطَر اور اِمْطَار کا استعمال عموماً دکھ دینے/ عذاب دینے والی بارش کیلئے ہوا ہے، خیر کی بارش کیلئے غَیْث کالفظ آیا ہے۔(٤: ۱۰۲)، مَطَرَ (۲۵: ٤۰)، مَطَرُ (۲٦:۱۷۳) (۲۷:۵۸)، مَطَرًا (۷: ۸٤) (۲٦: ۱۷۳) (۲۷: ۵۸).

الْمُطَفِّفِيْنَ: کم تولنے والے، ناپ تول میں کمی کرنے والے، (تفعیل ۵؛ طَفَّفَ.یُطَفِّفُ) تَطْفِیْفٌ (ناپ تول میں کمی کرنا) سے،اسم فاعل جمع مذکر(بحالت نصب و جر)،مُطَفِّفٌ واحد،[مادہ؛ طفف]۔(۸۳:۱).

مَطْلَعِ: نکلنا،طلوع ہونا،طلوع،مصدر میمی، (نصرا)طُلُوْعٌ سے۔ (۹۷:۵).

مَطْلِعَ: طلوع ہونے کی جگہ،مشرق، (نصر)طُلُوْعٌ سے، اسم ظرف مکان۔(۱۸: ۹۰).

مُطَّلِعُوْنَ: جھانک کر دیکھنے والے، واقف ہونے والے، (افتعال ا؛ اِطَّلَعَ.یَطَّلِعُ) اِطِّلَاعٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، مُطَّلِعٌ واحد، [مادہ؛طلع]۔(۳۷: ۵٤).

اَلْمُطَلَّقٰتُ: طلاق دی ہوئی عورتیں، (تفعیل ا) تَطْلِيْقٌ سے، اسم مفعول جمع مؤنث، مُطَلَّقَةٌ واحد۔ (۲۲۸:۲)، اَلْمُطَلَّقٰتِ (بحالت نصب وجر) (۲۴۱:۲).

اَلْمَطْلُوْبُ: چاہا ہوا، (نصر) طَلْبٌ و طَلَبٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (۷۳:۲۲).

مُطْمَئِنٌّ: مطمئن، سکون پانے والا، قرار والا، اللہ کی یاد سے سکون پانے والا، (افعلال: اِطْمَئَنَّ. يَطْمَئِنُّ) اِطْمِيْنَانٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر، [مادہ: طمان]۔ (۱۰۶:۱۶).

مُطْمَئِنَّةً: مطمئن، چین والی، مگن، سکون پانے والی/ سکون پانے والا، قرار والی، اللہ کی یاد سے سکون پانے والی (روح اور نفس)، (افعلال) اِطْمِيْنَانٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔ (۱۱۲:۱۶)، اَلْمُطْمَئِنَّةُ (۲۷:۸۹).

مُطْمَئِنِّيْنَ: وطن بنانے والے، قیام کرنے والے، (افعلّال) اِطْمِيْنَانٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، مُطْمَئِنٌّ واحد۔ (۹۵:۱۷).

اَلْمُطَّوِّعِيْنَ: خوشی سے کرنے والے، اللہ کی راہ میں دل کھول کر خیرات کرنے والے، نفل صدقات کرنے والے، (تفعل) تَطَوُّعٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، مُطَّوِّعٌ واحد، [مادہ: طوع]۔ یہاں تاء کو طاء سے بدل کر ادغام کر دیا گیا۔ (۷۹:۹).

مَطْوِيّٰتٌ: لپیٹے گئے، (ضرب ا؛ طَوٰى. يَطْوِىْ) طَيٌّ (لپیٹنا) سے، اسم مفعول جمع مؤنث، مَطْوِيَّةٌ واحد۔ (۶۷:۳۹).

مُطَهَّرَةٌ: پاک کی ہوئی، (تفعیل ا) تَطْهِيْرٌ سے، اسم مفعول واحد مؤنث۔ (۲۵:۲) (۱۵:۳) (۵۷:۴)، مُطَهَّرَةٍ (۱۴:۸۰)، مُطَهَّرَةً (۲:۹۸).

مُطَهِّرُكَ: (مُطَهِّرُ. كَ) تجھے پاک کرنے والا، مُطَهِّرُ (تفعیل؛ تَطْهِيْرٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر) مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۵۵:۳).

اَلْمُطَهَّرُوْنَ: وہ جن کو پاک کر دیا گیا، پاک کیے ہوئے، (تفعیل) تَطْهِيْرٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر، مُطَهَّرٌ واحد۔ (۷۹:۵۶).

اَلْمُطَّهِّرِيْنَ: دیکھو اَلْمُتَطَهِّرِيْنَ۔ یہاں تاء کو طاء سے بدل کر ادغام کر دیا گیا۔ (۱۰۸:۹).

مُظْلِمًا: تاریک ہونے والا، تاریکی میں پڑا ہوا، (افعال ا) اِظْلَامٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (۲۷:۱۰).

مُظْلِمُوْنَ: تاریکی میں پڑے ہوئے، اندھیرے میں داخل ہونے والے، (افعال) اِظْلَامٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، مُظْلِمٌ واحد۔ اِظْلَامٌ کا معنی ہے تاریکی میں ہو جانا، تاریک ہو جانا۔ (۳۷:۳۶).

مَظْلُوْمًا: مظلوم، ظلم کیا گیا، (ضرب) ظُلْمٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (۳۳:۱۷).

مَعَ: ساتھ، ہمراہ، اسم ظرف ہے۔ (۴۳:۲، ۱۵۳، ۱۹۴، ۲۴۹) (۴۳:۳، ۵۳، ۱۹۳) (۶۹:۴، ۱۴۶) (۸۳:۵، ۸۴) (۱۹:۶، ۶۸) (۴۷:۷، ۱۵۰) (۱۹:۸، ۴۶، ۶۶) (۳۶:۹، ۴۶، ۸۳، ۸۶، ۸۶، ۸۷، ۹۳، ۱۱۹، ۱۲۳) (۴۲:۱۱) (۳۱:۱۵، ۳۲، ۹۶) (۱۲۸:۱۶) (۳:۱۷، ۲۲، ۳۹) (۲۸:۱۸) (۵۸:۱۹) (۷۹:۲۱) (۱۱۷:۲۳) (۲۷:۲۵، ۶۸) (۲۱۳:۲۶) (۴۴:۲۷، ۶۰، ۶۱، ۶۲، ۶۳، ۶۴) (۸۸:۲۸) (۱۳:۲۹، ۶۹) (۴:۴۸) (۲۶:۵۰) (۵۱:۵۱) (۱۰:۶۶) (۱۸:۷۲) (۴۵:۷۴) (۵:۹۴، ۶).

مُعٰجِزِيْنَ: ہرانے والے، (مفاعلہ ا) مُعَاجَزَةٌ (مقابلہ کر کے ہرانا/ عاجز کرنا) سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُعَاجِزٌ واحد۔ (۵۱:۲۲) (۵:۳۴، ۳۸).

مَعَادٍ: لوٹ کر آنے کی جگہ، جائے عود، جائے بازگشت، (نصر ۶؛ عَادَ. يَعُوْدُ) عَوْدٌ سے، اسم ظرف مکان۔ (۸۵:۲۸).

مَعَاذَ: پناہ، پناہ پکڑنا، جائے پناہ، (مضاف)، (نصر۶؛ عَاذَ. یَعُوْذُ)عَوْذٌ سے، مصدر میمی (یا اسم ظرف مکان)۔ (۲۳:۱۲، ۷۹).

مَعَاذِیْرَہٗ: (مَعَاذِیْرَ.ہٗ)اس کے عذر، اس کی معذرتیں، اپنے بہانے، مَعَاذِیْرَ (مِعْذَارٌ و مَعْذِرَۃٌ واحد، [مادہ؛عذر])مضاف، ہٗ(ضمیر واحد غائب مذکر)مضاف الیہ۔(۱۵:۷۵).

مَعَارِجَ: سیڑھیاں، درجات، (نصر،ضرب۱)عُرُوْجٌ (سیڑھی پر چڑھنا، اوپر چڑھنا) سے، اسم آلہ جمع، مِعْرَاجٌ واحد۔ (۳۳:۴۳)، اَلْمَعَارِجِ (۳:۷۰).

مَعَاشًا: روزی کمانے کا وقت، روزی کیلئے، زندگی، اسم ظرف و مصدر میمی، (ضرب۸؛عَاشَ.یَعِیْشُ)عَیْشٌ سے۔(۱۱:۷۸).

مَعَایِشَ: سامان زندگی، روزیاں، مَعِیْشَۃٌ واحد، [مادہ؛ عیش]۔(۷:۱۰) (۱۵:۲۰).

اَلْمُعْتَبِیْنَ: منائے ہوئے، خوش کیے ہوئے، مقبول التوبہ، (افعال۱) اِعْتَابٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، مُعْتَبٌ واحد۔(۴۱:۲۴).

مُعْتَدٍ: حد سے بڑھنے والا، ظالم، (افتعال: اِعْتَدٰی.یَعْتَدِیْ) اِعْتِدَاءٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر، (اسم منقوص، بحالت رفع و جر، یہاں مجرور ہے)، [مادہ؛ عدو]۔ (۲۵:۵۰) (۱۲:۶۸) (۱۲:۸۳).

اَلْمُعْتَدُوْنَ: حد سے تجاوز کرنے والے، حق سے ہٹنے والے، (افتعال) اِعْتِدَاءٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، مُعْتَدٍ واحد۔(۹:۱۰).

اَلْمُعْتَدِیْنَ: حد سے تجاوز کرنے والے، حق سے ہٹنے والے، (افتعال) اِعْتِدَاءٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُعْتَدٍ واحد۔ (۲:۱۹۰) (۸۷:۵) (۱۱۹:۶) (۵۵:۷) (۷۴:۱۰).

اَلْمُعْتَرَّ: سائل، مانگنے کے در پے، (افتعال۵؛ اِعْتَرَّ.یَعْتَرُّ) اِعْتِرَارٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر، [مادہ؛عرر]۔(۳۶:۲۲).

مُعْجِزٍ: عاجز بنانے والا، ہرانے والا، تھکانے والا، (افعال۱) اِعْجَازٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(۴۶:۳۲).

مُعْجِزِیْ: عاجز کرنے والے، ہرانے والے، (افعال) اِعْجَازٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر، مضاف)، مُعْجِزٌ واحد۔(بسبب اضافت نون گر گیا)۔(۹:۲، ۳).

مُعْجِزِیْنَ: عاجز کرنے والے، ہرانے والے، (افعال) اِعْجَازٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُعْجِزٌ واحد۔ (۱۳۴:۶) (۵۳:۱۰) (۲۰:۱۱، ۳۳) (۴۶:۱۶) (۵۷:۲۴) (۲۲:۲۹) (۵۱:۳۹) (۳۱:۴۲).

مَعْدُوْدٍ: گنا ہوا، شمار کیا ہوا، معین، (نصر۵؛عَدَّ.یَعُدُّ)عَدٌّ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۱۰۴:۱۱).

مَعْدُوْدٰتٍ: گنے ہوئے، یعنی چند گنتی کے (دن)، (نصر)عَدٌّ سے، اسم مفعول جمع مؤنث (بحالت نصب و جر)، مَعْدُوْدَۃٌ واحد۔ (۱۸۴:۲، ۲۰۳) (۲۴:۳).

مَعْدُوْدَۃٍ: گنی ہوئی، شمار کی ہوئی، معین، (نصر) عَدٌّ سے، اسم مفعول واحد مؤنث۔(۸:۱۱) (۲۰:۱۲)، مَعْدُوْدَۃً (۸۰:۲).

مُعَذِّبُوْهَا: (مُعَذِّبُوْا.هَا)اس کو سخت عذاب دینے والے، مُعَذِّبُوْا (تفعیل: تَعْذِیْبٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر بحالت رفع) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۵۸:۱۷).

مُعَذِّبُهُمْ: (مُعَذِّبُ.هُمْ) ان کو سخت دکھ دینے والا، مُعَذِّبُ (تفعیل؛تَعْذِیْبٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۶۴:۷)، مُعَذِّبَهُمْ (۳۳:۸).

مُعَذِّبِیْنَ: سخت عذاب دینے والے، (تفعیل) تَعْذِیْبٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُعَذِّبٌ واحد۔ (۱۵:۱۷).

مُعَذَّبِیْنَ: عذاب دیے گئے، عذاب یافتہ، (تفعیل) تَعْذِیْبٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُعَذَّبٌ واحد۔ (١٣٨:٢٦) (٣٥:٣٤) (٥٩:٣٧)، الْمُعَذَّبِیْنَ (٢١٣:٢٦).

مَعْذِرَةً: معذرت، عذر، (ضرب) عُذْرٌ سے، مصدر میمی۔ (١٦٤:٧).

مَعْذِرَتُهُمْ: (مَعْذِرَةُ.هُمْ) ان کا عذر، مَعْذِرَةُ (مصدر میمی) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٥٧:٣٠) (٥٢:٤٠).

الْمُعَذِّرُوْنَ: عذر کرنے والے، (تفعیل ا) تَعْذِیْرٌ (عذر کرنا) سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، مُعَذِّرٌ واحد۔ (٩٠:٩).

مَعَرَّةٌ: مضرت، خرابی، شر، ایذا، اسم ہے، [مادہ: عرر]۔ (٢٥:٤٨).

مُعْرِضُوْنَ: منہ موڑنے والے، منہ پھیرنے والے، اجتناب کرنے والے، روگردانی کرنے والے، (افعال) اِعْرَاضٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، مُعْرِضٌ واحد۔ (٨٣:٢) (٢٣:٣) (٢٣:٨) (٧٦:٩) (١٠٥:١٢) (١:٢١، ٢٤، ٣٢، ٤٢) (٣:٢٣، ٧١) (٤٨:٢٤) (٦٨:٣٨) (٣:٤٦).

مُعْرِضِیْنَ: رخ موڑنے والے، منہ موڑنے والے، اجتناب کرنے والے، (افعال) اِعْرَاضٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُعْرِضٌ واحد۔ (٤:٦) (٨١:١٥) (٥:٢٦) (٤٦:٣٦) (٤٩:٧٤).

مَعْرُوْشٰتٍ: اونچی چڑھائی ہوئیں، چھتریوں پر چڑھائی ہوئی بیلیں، (نصر، ضرب ا) عَرْشٌ سے، اسم مفعول جمع مؤنث (بحالت نصب وجر)، مَعْرُوْشَةٌ واحد۔ (١٤١:٦، ١٤١).

مَعْرُوْفٌ: اچھا کام، نیک کام، نیکی، بھلائی، جانا پہچانا، اچھی بات، دستور، مشروع، (ضرب ا) عِرْفَانٌ و مَعْرِفَةٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (٢٦٣:٢) (٢١:٤٧)، مَعْرُوْفٍ (٢٢٩:٢، ٢٣١، ٢٣١، ٢٤٠) (١١٤:٤) (١٢:٦٠) (٢:٦٥، ٢، ٦)، الْمَعْرُوْفِ (١٧٨:٢، ١٨٠، ٢٢٨، ٢٣٢، ٢٣٣، ٢٣٣، ٢٣٤، ٢٣٦، ٢٤١) (١٠٤:٣، ١١٠، ١١٤) (٦:٤، ١٩، ٢٥) (١٥٧:٧) (٦٧:٩، ٧١، ١١٢) (٤١:٢٢) (١٧:٣١)، مَعْرُوْفًا (٢٣٥:٢) (٥:٤، ٨) (١٥:٣١) (٦:٣٣، ٣٢).

مَعْرُوْفَةٌ: پسندیدہ، جانی پہچانی، (ضرب) عِرْفَانٌ سے، اسم مفعول واحد مؤنث۔ (٥٣:٢٤).

الْمَعْزِ: بکرے، بکریاں، اسم جنس (واحد جمع اور مذکر و مؤنث)، اس کا واحد مَاعِزٌ آتا ہے اور کبھی ایک بکری کو مَاعِزَةٌ بھی کہتے ہیں۔ (١٤٣:٦).

مَعْزِلٍ: الگ جگہ، کنارہ، (ضرب ا) عَزْلٌ (علیحدہ کرنا) سے، اسم ظرف مکان۔ (٤٢:١١).

مَعْزُوْلُوْنَ: الگ کیے ہوئے یعنی روکے گئے، (ضرب) عَزْلٌ (جدا کر دینا/علیحدہ کر دینا، معزول کرنا، باز رکھنا) سے، اسم مفعول جمع مذکر، مَعْزُوْلٌ واحد۔ (٢١٢:٢٦).

مِعْشَارَ: دسواں حصہ، اسم ہے، [مادہ: عشر]۔ (٤٥:٣٤).

مَعْشَرَ: بڑا گروہ، جماعت، مَعَاشِرُ جمع، [مادہ: عشر]۔ عَشَر دس کیلئے آتا ہے، چونکہ دس کی تعداد کو کامل مانا جاتا ہے اس لیے اس میں جتھے اور گروہ کا مفہوم پایا جاتا ہے۔ چنانچہ مَعْشَرٌ سے مراد پورا کامل گروہ یعنی بڑا گروہ، اسی طرح عَشِیْرَةٌ سے مراد کامل خاندان اور مُعَاشَرَةٌ: اچھا برتاؤ جیسے خاندان والوں میں ہونا چاہیے۔ (١٢٨:٦، ١٣٠) (٣٣:٥٥).

الْمُعْصِرٰتِ: نچوڑنے والیاں، برسانے والی بدلیاں، (افعال ا) اِعْصَارٌ (نچوڑنا) سے، اسم فاعل جمع مؤنث، مُعْصِرَةٌ واحد۔ (١٤:٧٨).

مَعْصِیَتِ: نافرمانی کرنا، گناہ، نافرمانی، (مضاف)، مصدر میمی (باب ضرب ٩؛ عَصٰی.یَعْصِیْ)۔ (٥٨:٨، ٩).

مُعَطَّلَةٍ: خالی چھوڑے ہوئے، ویران، بیکار، (تفعیل ا) تَعْطِیْلٌ

سے،اسم مفعول واحد مؤنث۔(۴۵:۲۲).

مُعَقِّبَ: رد کرنے والا،لوٹا دینے والا،(تفعیل ا) تَعْقِیْبٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(۴۱:۱۳).

مُعَقِّبٰتٌ: باری باری سے روز وشب میں آنے والے ملائکہ، (تفعیل) تَعْقِیْبٌ سے،اسم فاعل جمع مؤنث، مُعَقِّبَةٌ واحد۔ (۱۱:۱۳).

مَعَكَ: (مَعَ.كَ) تیرے ساتھ،مَعَ مضاف،كَ(ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۰۲:۴، ۱۰۲) (۸۸:۷، ۱۳۴) (۴۸:۱۱، ۱۱۲) (۲۸:۲۳) (۴۷:۲۷) (۵۷:۲۸) (۳۳:۵۰) (۷۳:۲۰).

مَعَكُمْ: (مَعَ.كُمْ) تم سب کے ساتھ،مَعَ مضاف،كُمْ(ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۱۴:۲، ۴۱) (۸۱:۳، ۸۱) (۴۷:۴، ۱۴۱) (۱۲:۵، ۵۳) (۹۴:۶) (۷۱:۷) (۱۲:۸، ۷۵) (۴۲:۹، ۵۲) (۲۰:۱۰، ۱۰۲) (۹۳:۱۱) (۶۶:۱۲) (۱۵:۲۶) (۱۰:۲۹) (۱۹:۳۶) (۵۹:۳۸) (۳۵:۴۷) (۳۱:۵۲) (۴:۵۷، ۱۴) (۱۱:۵۹).

مَعَكُمَا: (مَعَ.كُمَا) تم دونوں کے ساتھ،مَعَ مضاف، كُمَا (ضمیر تثنیہ حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۴۶:۲۰).

مَعْكُوْفًا: بند پڑی ہوئی/ روکی ہوئی، (نصر،ضرب ا) عُكُوْفٌ سے،اسم مفعول واحد مذکر۔(۲۵:۴۸).

الْمُعَلَّقَةِ: لٹکائی گئی،اُدھر میں چھوڑی ہوئی/لٹکی ہوئی،(تفعیل ا) تَعْلِیْقٌ (لٹکانا) سے،اسم مفعول واحد مؤنث۔(۱۲۹:۴).

مُعَلَّمٌ: سکھایا ہوا،تعلیم دیا ہوا،(تفعیل)تَعْلِیْمٌ سے،اسم مفعول واحد مذکر۔(۱۴:۴۴).

مَعْلُوْمٌ: جانا ہوا،معین، مقرر، (سمع ا) عِلْمٌ (جاننا) و (نصر، ضرب ا)عَلْمٌ (نشان لگانا) سے،اسم مفعول واحد مذکر۔(۴:۱۵) (۴۱:۳۷، ۱۶۴) (۲۴:۷۰)، مَعْلُوْمٍ (۲۱:۱۵) (۳۸:۲۶، ۱۵۵) (۵۰:۵۶) (۲۲:۷۷)، الْمَعْلُوْمِ (۳۸:۱۵) (۸۱:۳۸).

مَعْلُوْمٰتٌ: معلوم، جانے ہوئے، (سمع) عِلْمٌ (جاننا) سے، اسم مفعول جمع مؤنث، مَعْلُوْمَةٌ واحد۔ (۱۹۷:۲)، مَعْلُوْمٰتٍ (۲۸:۲۲).

مُعَمَّرٍ: عمر رسیدہ، بڑی عمر والا، (تفعیل ا) تَعْمِیْرٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۱۱:۳۵).

الْمَعْمُوْرِ: آباد کیا ہوا، (نصر ا) عِمَارَةٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ الْبَیْتُ الْمَعْمُوْرِ سے مراد وہ مسجد جو ساتویں آسمان پر ہے اور ہر وقت فرشتوں سے آباد رہتی ہے، روزانہ اس میں ستر ہزار فرشتے آتے ہیں جو واپس جانے کے بعد پھر لوٹ کر واپس نہیں آتے۔اس کا نام صراخ بھی ہے، جس طرح زمین پر کعبہ ہے اسی طرح آسمان پر صراخ کا مرتبہ ہے۔(۴:۵۲).

مَعَنَا: (مَعَ.نَا) ہمارے ساتھ، مَعَ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (۴۰:۹) (۴۲:۱۱) (۱۲:۱۲، ۶۳) (۴۷:۲۰) (۱۷:۲۶).

الْمُعَوِّقِیْنَ: روکنے والے، منع کرنے والے، (تفعیل ۸؛ عَوَّقَ.یُعَوِّقُ)تَعْوِیْقٌ (روکنا، منع کرنا، خیر اور بھلائی کے کاموں سے روکنا) سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)،مُعَوِّقٌ واحد۔(۱۸:۳۳).

مَعَهٗ: (مَعَ.هٗ) اس کے ساتھ، مَعَ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۲۱۴:۲، ۲۴۹) (۱۴۶:۳) (۳۶:۵) (۶۴:۷، ۷۲، ۱۳۱، ۱۵۷) (۸۸:۹) (۷۳:۱۰) (۱۲:۱۱، ۴۰، ۵۸، ۶۶، ۹۴) (۱۸:۱۳) (۴۲:۱۷، ۱۰۳) (۹۱:۲۳) (۶۲:۲۴) (۷:۲۵، ۳۵) (۶۵:۲۶، ۱۱۹) (۱۰:۳۴) (۱۸:۳۸) (۴۷:۳۹) (۲۵:۴۰) (۲۹:۴۸) (۴:۶۰) (۸:۶۶)، مَعَهٗ (۳۶:۱۲) (۱۰۲:۳۷) (۵۳:۴۳).

مَعَهَا: (مَعَ.هَا) اس کے ساتھ، مَعَ مضاف، هَا (ضمیر واحد

غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۲۱:۵۰).

مَعَهُمْ: (مَعَ.هُمْ) ان سب کے ساتھ، مَعَ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۸۹:۲، ۹۱، ۱۰۱، ۲۱۳) (۷۲:۴، ۷۳، ۱۰۸، ۱۴۰) (۱۵۰:۶) (۸۴:۲۱) (۴۳:۳۸) (۲۵:۵۷) (۷:۵۸) (۱۲:۵۹).

مَعِيَ: (مَعِ.يَ) میرے ساتھ، مَعِ مضاف، يَ (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔ (۱۰۵:۷) (۸۳:۹، ۸۳) (۶۷:۱۸، ۷۲، ۷۵) (۲۴:۲۱) (۶۲:۲۶، ۱۱۸) (۳۴:۲۸) (۲۸:۶۷).

مَعِيْشَةً: معیشت، گزران، سامان زندگی، روزی، مَعَايِشُ جمع، [مادہ:عیش]۔(۱۲۴:۲۰).

مَعِيْشَتَهَا: (مَعِيْشَةَ.هَا) اس کا سامان زندگی، مَعِيْشَةَ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۵۸:۲۸).

مَعِيْشَتَهُمْ: (مَعِيْشَةَ.هُمْ) ان کا سامان زندگی، مَعِيْشَةَ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۳۲:۴۳).

مَعِيْنٍ: جاری، رواں، (فتح ا) مَعْنٌ (جاری ہونا، نرم رفتار سے بہنا) سے، صفت مشبہ مفرد۔(۵۰:۲۳) (۴۵:۳۷) (۱۸:۵۶) (۳۰:۶۷).

مَغٰرٰتٍ: گڑھے، غار، مَغَارَةٌ واحد، یہ (نصر ۶؛ غَارَ.يَغُوْرُ) غَوْرٌ سے اسم ظرف ہے۔(۵۷:۹).

الْمَغَارِبِ: مغرب، سورج غروب ہونے کی جگہیں، مَغْرِبٌ کی جمع۔(۴۰:۷۰).

مَغَارِبَهَا: (مَغَارِبَ.هَا) اس کے مغرب، مَغَارِبَ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۱۳۷:۷).

مُغَاضِبًا: غصے والا، غضبناک، ناراض، (مفاعلہ ا) مُغَاضَبَةٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(۸۷:۲۱).

مَغَانِمُ: غنیمتیں، وہ مال و اسباب جو کفار کی لڑائی سے مسلمانوں کو ہاتھ لگے، مَغْنَمٌ واحد، (سمع ا) غَنْمٌ و غَنِيْمَةٌ سے مصدر میمی۔ (۹۴:۴)، مَغَانِمَ (۱۵:۴۸، ۱۹، ۲۰).

مُغْتَسَلٌ: چشمہ، نہانے کی جگہ، وہ چیز جس سے غسل کیا جائے یعنی پانی، (افتعال ا) اِغْتِسَالٌ سے، مصدر میمی یا ظرف مکان۔ (۴۲:۳۸).

الْمَغْرِبُ: مغرب، سورج غروب ہونے کی جگہ، (نصر) غَرُوْبٌ سے، اسم ظرف، مَغَارِبُ جمع۔ (۱۱۵:۲، ۱۴۲)، الْمَغْرِبِ (۱۷۷:۲، ۲۵۸) (۲۸:۲۶) (۹:۷۳)، مَغْرِبَ (۸۶:۱۸).

الْمَغْرِبَيْنِ: غروب ہونے کے دو مقام ایک سردی کا ایک گرمی کا، مَغْرِبٌ کا تثنیہ (بحالت نصب و جر)۔(۱۷:۵۵).

مُغْرَقُوْنَ: ڈبو دیئے گئے، ڈوبے ہوئے، غرق ہونے والے، (افعال ا) اِغْرَاقٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت رفع)، مُغْرَقٌ واحد۔(۳۷:۱۱) (۲۷:۲۳) (۲۴:۴۴).

الْمُغْرَقِيْنَ: ڈبو دیئے گئے، (افعال) اِغْرَاقٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت نصب و جر)۔(۴۳:۱۱).

مَغْرَمٍ: تاوان، جرمانہ/ ڈنڈ جس کا دینا ضروری ہو، (سمع ا) غَرْمٌ (قرض/تاوان وغیرہ ادا کرنا) سے، مصدر میمی، مَغَارِمُ جمع۔ (۴۰:۵۲) (۴۶:۶۸)، مَغْرَمًا (۹۸:۹).

مُغْرَمُوْنَ: قرضدار، تاوان زدہ، (افعال ا) اِغْرَامٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر، مُغْرَمٌ واحد۔(۶۶:۵۶).

الْمَغْشِيِّ: بیہوشی، جس پر بیہوشی طاری ہو، (سمع ا؛ غَشِيَ. يَغْشٰى) غَشْيٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۲۰:۴۷).

الْمَغْضُوْبِ: غصہ کیا گیا، غضب کیا گیا، (سمع) غَضَبٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۷:۱).

مَغْفِرَةٌ: مغفرت، معافی، مغفرت کرنا، گناہ چھپانا، معاف کرنا، مصدر میمی ہے، (ضرب ا) غَفْرٌ سے۔(۲۶۳:۲) (۱۳۶:۳،

(۱۵۷) (۹:۵) (۴:۸، ۷۴) (۱۱:۱۱) (۲۲:۵۰) (۲۶:۲۴) (۴:۳۴) (۷:۳۵) (۱۵:۴۷) (۴۹:۳) (۲۰:۵۷) (۱۲:۶۷)، مَغْفِرَةٍ (۳:۱۳۳) (۶:۱۳) (۱۱:۳۶) (۴۱:۴۳) (۲۱:۵۷)، مَغْفِرَةً (۲:۲۶۸) (۹۶:۴) (۳۳:۳۵) (۴۸:۲۹)، الْمَغْفِرَةِ (۲:۱۷۵، ۲۲۱) (۵۳:۳۲) (۷۴:۵۶).

مَغْلُوْبٌ: دبایا ہوا، عاجز، (ضرب ۱) غَلَبَةٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (۵۴:۱۰).

مَغْلُوْلَةٌ: بندھا ہوا، بند، کامل بخیل، (نصر ۵: غَلَّ۔یَغُلُّ) غَلٌّ (باندھنا، جکڑنا) سے، اسم مفعول واحد مؤنث۔ (۵:۶۴)، مَغْلُوْلَةً (۱۷:۲۹).

مُغْنُوْنَ: دفع کرنے والے، دور کرنے والے، (افعال ۱۱: اَغْنٰی۔یُغْنِیْ) اِغْنَاءٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، مُغْنٍ واحد۔ (۱۴:۲۱) (۴۰:۴۷).

مُغَيِّرًا: بدلنے والا، (تفعیل ۹: غَيَّرَ۔يُغَيِّرُ) تَغْيِيْرٌ (بدلنا، تبدیل کرنا) سے، اسم فاعل واحد مذکر، [مادہ: غیر]۔ (۸:۵۳).

الْمُغِيْرٰتِ: غارت گری کرنے والیاں، چھاپہ مارنے والے، دشمن پر لوٹ ڈالنے والے، (افعال ۸: اَغَارَ۔يُغِيْرُ) اِغَارَةٌ (لوٹ ڈالنا، گھوڑے کا تیز دوڑنا) سے، اسم فاعل جمع مؤنث (بحالت نصب وجر)، مُغِيْرَةٌ واحد، [مادہ: غور]۔ (۱۰۰:۳).

مَفَاتِحُ: کنجیاں، چابیاں، (فتح) فَتْحٌ سے، اسم آلہ جمع، مِفْتَاحٌ واحد۔ (۶:۵۹).

مَفَاتِحَهٗ: (مَفَاتِحَ۔هٗ) اس کی کنجیاں یا خزانے، مَفَاتِحَ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۲۴:۶۱) (۲۸:۷۶).

مَفَازًا: مراد پانا، کامیابی، مقام کامیابی، (نصر ۶: فَازَ۔يَفُوْزُ) فَوْزٌ (کامیاب ہونا، نجات پانا) سے مصدر میمی یا ظرف مکان۔ (۷۸:۳۱).

مَفَازَةٍ: کامیابی، کامیاب ہونا، نجات، چھٹکارا، (نصر) فَوْزٌ سے، مصدر میمی۔ (۳:۱۸۸).

مَفَازَتِهِمْ: (مَفَازَة۔هِمْ) ان کا کامیاب ہونا، ان کی کامیابی، مَفَازَة (مصدر میمی، باب نصر) مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۳۹:۶۱).

مُفَتَّحَةً: کھولے گئے، کھلے ہوئے، (تفعیل ۱) تَفْتِيْحٌ سے، اسم مفعول واحد مؤنث۔ (۳۸:۵۰).

مُفْتَرٍ: اپنی طرف سے بنانے والا، جھوٹ گھڑنے والا، (افتعال: اِفْتَرٰی۔يَفْتَرِیْ) اِفْتِرَاءٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر (منقوص، بحالت رفع وجر، یہاں محلًا مرفوع ہے)، [مادہ: فری]۔ (۱۶:۱۰۱).

مُفْتَرُوْنَ: اپنی طرف سے بنانے والے، جھوٹ گھڑنے والے، بہتان باندھنے والے، (افتعال) اِفْتِرَاءٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، مُفْتَرٍ واحد۔ (۱۱:۵۰).

مُفْتَرًى: خود ساختہ، بنایا ہوا/گھڑا ہوا، (افتعال) اِفْتِرَاءٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر (مقصور، بحالت رفع ونصب وجر، یہاں محلًا مرفوع ہے)۔ (۲۸:۳۶) (۳۴:۴۳).

مُفْتَرَيٰتٍ: خود ساختہ، بنائی ہوئیں/گھڑی ہوئیں، (افتعال) اِفْتِرَاءٌ سے، اسم مفعول جمع مؤنث (بحالت نصب وجر)، مُفْتَرَاةٌ واحد۔ (۱۱:۱۳).

الْمُفْتَرِيْنَ: افترا کرنے والے، جھوٹ باندھنے والے، اپنی طرف سے بنا کر لانے والے، (افتعال) اِفْتِرَاءٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، مُفْتَرٍ واحد۔ (۷:۱۵۲).

الْمَفْتُوْنُ: مجنون، دیوانہ، فتنہ میں پڑا ہوا، (ضرب) فَتْنٌ و فِتْنَةٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (۶۸:۶).

الْمَفَرُّ: بھاگنا، بھاگنے کی جگہ، (ضرب ۵: فَرَّ۔يَفِرُّ) فِرَارٌ سے، مصدر میمی یا اسم ظرف مکان۔ (۷۵:۱۰).

مُفْرَطُوْنَ: آگے بھیجے ہوئے، افراط کیے ہوئے، سرکشی میں ڈالے ہوئے، (افعال ا) اِفْرَاطٌ (حد سے بڑھنا، زیادتی کرنا) سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت رفع)، مُفْرَطٌ واحد۔(۱۶: ۶۲).

مَفْرُوْضًا: فرض کیا گیا، مقرر کیا گیا، (ضرب) فَرْضٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۴: ۷، ۱۱۸).

اَلْمُفْسِدَ: فساد کرنے والا، تباہ کار، بگاڑ پیدا کرنے والا، (افعال) اِفْسَادٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(۲: ۲۲۰).

مُفْسِدُوْنَ: فساد کرنے والے، تباہ کار، بگاڑ پیدا کرنے والے، (افعال) اِفْسَادٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، مُفْسِدٌ واحد۔(۱۸: ۹۴)، اَلْمُفْسِدُوْنَ (۲: ۱۲).

مُفْسِدِيْنَ: مُفْسِدٌ کی جمع بحالت نصب و جر۔ (۲: ۶۰) (۷: ۷۴) (۱۱: ۸۵) (۲۶: ۱۸۳) (۲۹: ۳۶)، اَلْمُفْسِدِيْنَ (۳: ۶۳) (۵: ۶۴) (۷: ۸۶، ۱۰۳، ۱۴۲) (۱۰: ۴۰، ۸۱، ۹۱) (۲۷: ۱۴) (۲۸: ۴، ۷۷) (۲۹: ۳۰) (۳۸: ۲۸).

مُفَصَّلًا: تفصیل وار، الگ الگ بیان کیا گیا، واضح بیان کیا ہوا، (تفعیل ا) تَفْصِيْلٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۶: ۱۱۴).

مُفَصَّلٰتٍ: کھلی، تفصیل وار، واضح بیان کی ہوئیں، (تفعیل) تَفْصِيْلٌ سے، اسم مفعول جمع مؤنث (بحالت نصب و جر)، مُفَصَّلَةٌ واحد۔(۷: ۱۳۳).

مَفْعُوْلًا: کیا ہوا، پورا کیا ہوا، (فتح) فِعْلٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۴: ۴۷) (۸: ۴۲، ۴۴) (۱۷: ۵، ۱۰۸) (۳۳: ۳۷) (۷۳: ۱۸).

اَلْمُفْلِحُوْنَ: فلاح پانے والے، (افعال) اِفْلَاحٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، مُفْلِحٌ واحد۔(۲: ۵) (۳: ۱۰۴) (۷: ۸، ۱۵۷) (۹: ۸۸) (۲۳: ۱۰۲) (۲۴: ۵۱) (۳۰: ۳۸) (۳۱: ۵) (۵۸: ۲۲) (۵۹: ۹) (۶۴: ۱۶).

اَلْمُفْلِحِيْنَ: کامیاب، مراد پانے والے، (افعال) اِفْلَاحٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُفْلِحٌ واحد۔ (۲۸: ۶۷).

اَلْمَقَابِرَ: قبرستان، قبریں، مَقْبَرَةٌ کی جمع، اسم ظرف مکان، (نصر، ضرب ا) قَبْرٌ سے۔(۱۰۲: ۲).

مَقَاعِدَ: بیٹھنے کی جگہیں، ٹھکانے، گھات لگانے کے مقام، (نصر ا) قُعُوْدٌ سے، اسم ظرف مکان جمع، مَقْعَدٌ واحد۔ (۳: ۱۲۱) (۷۲: ۹).

مَقَالِيْدُ: کنجیاں، خزانے، وہ قدرت جو ساری کائنات کو محیط ہے، مِقْلِيْدٌ واحد، [مادہ: قلد]۔(۳۹: ۶۳) (۴۲: ۱۲).

مَقَامٌ: کھڑے ہونے کی جگہ، (نصر ۶: قَامَ. يَقُوْمُ) قِيَامٌ سے، اسم ظرف مکان۔ (۳۷: ۱۶۴)، مَقَامٍ (۲۶: ۵۸) (۴۴: ۲۶، ۵۱)، مَقَامِ (۲: ۱۲۵)، مَقَامَ (۵۵: ۴۶) (۷۹: ۴۰)، مَقَامُ (۳: ۹۷)، مَقَامًا (۱۷: ۷۹) (۱۹: ۷۳).

مُقَامَ: مقام، جگہ، ٹھہرنے کی جگہ، (افعال ۸: اَقَامَ. يُقِيْمُ) اِقَامَةٌ سے، اسم ظرف مکان۔(۳۳: ۱۳)، مُقَامًا (۲۵: ۶۶، ۷۶).

اَلْمُقَامَةِ: قیام دوامی، (بہشت کا) قیام، آباد ہونا، رہنا، جائے قیام، (افعال) اِقَامَةٌ سے، مصدر میمی یا ظرف مکان۔(۳۵: ۳۵).

مَقَامِعُ: گرز، ہتھوڑے، (فتح ا) قَمْعٌ سے، اسم آلہ جمع، مِقْمَعَةٌ واحد۔(۲۲: ۲۱).

مَقَامِكَ: (مَقَامِ. كَ) تیری جگہ، مَقَامِ (اسم ظرف) مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۲۷: ۳۹).

مَقَامَهُمَا: (مَقَامَ. هُمَا) ان دونوں کی جگہ، مَقَامَ (اسم ظرف) مضاف، هُمَا (ضمیر تثنیہ غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۵: ۱۰۷).

مَقَامِيْ: (مَقَامِ. یْ) میرا رہنا، میرا کھڑا ہونا، مَقَامِ (مصدر میمی) مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔ (۱۰: ۷۱) (۱۴: ۱۴).

اَلْمَقْبُوْحِيْنَ: بدحال لوگ، دوزخی، (فتح ا) قَبْحٌ (خیر سے دور

کرنا، بدحال کرنا، برائی کرنا) و (کرم ا) قَبَاحَةٌ (بدنما ہونا، برا ہونا) سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، مَقْبُوحٌ واحد۔ (۲۸:۴۲).

مَقْبُوضَةٌ: قبضہ میں کی ہوئی، باقبضہ، مقبوضہ، (ضرب ا) قَبْضٌ و قَبْضَةٌ سے، اسم مفعول واحد مؤنث۔ (۲۸۳:۲).

مَقْتٌ: سخت ناپسندیدہ، گناہ، غصہ، بیزاری، بغض رکھنا، کسی شخص کو کسی برائی کا مرتکب دیکھ کر اس سے بغض رکھنا، ناخوشی کی بات ہونا، (مضاف)، مصدر ہے (نصرا: مَقَتَ. یَمْقُتُ کا)۔ (۱۰:۴۰)، مَقْتًا (۲۲:۴) (۳۵:۳۹) (۳۵:۴۰) (۳:۶۱).

مُقْتَحِمٌ: ہولناک مقام میں گھس پڑنے والا، دھنسنے والا، درمیان میں آنے والا، (افتعال ا) اِقْتِحَامٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (۵۹:۳۸).

مُقْتَدِرٍ: بااقتدار، ہر طرح کی قدرت رکھنے والا، (افتعال ا) اِقْتِدَارٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (۴۲:۵۴، ۵۵)، مُقْتَدِرًا (۴۵:۱۸).

مُقْتَدِرُوْنَ: قدرت والے، ہر طرح قابو رکھنے والے، (افتعال) اِقْتِدَارٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، مُقْتَدِرٌ واحد۔ (۴۲:۴۳).

مُقْتَدُوْنَ: پیروی کرنے والے، پیچھے پیچھے چلنے والے، نقل کرنے والے، (افتعال ۱۰: اِقْتَدٰی. یَقْتَدِیْ) اِقْتِدَاءٌ (کسی کی پیروی کرنا) سے، اسم فاعل جمع مذکر، مُقْتَدٍ واحد، [مادہ: قدو]۔ (۲۳:۴۳).

الْمُقْتِرِ: نادار، تنگ دست، فقیر و محتاج، (افعال ا) اِقْتَارٌ (مال کا کم ہونا/تھوڑے مال والا ہونا، تنگی کرنا) سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (۲۳۶:۲).

مُقْتَرِفُوْنَ: کمانے والے، بری کمائی کرنے میں اس کا استعمال زیادہ ہے، (افتعال ا) اِقْتِرَافٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، مُقْتَرِفٌ واحد۔ (۱۱۳:۶).

مُقْتَرِنِيْنَ: ملنے والے، ساتھ ساتھ، پرا باندھنے والے، (افتعال ا) اِقْتِرَانٌ (کسی چیز کے ساتھ متصل ہونا) سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، مُقْتَرِنٌ واحد۔ (۵۳:۴۳).

الْمُقْتَسِمِيْنَ: بانٹ لینے والے، تقسیم کرنے والے، (افتعال ا) اِقْتِسَامٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، مُقْتَسِمٌ واحد۔ (۹۰:۱۵).

مُقْتَصِدٌ: سیدھے راستے پر قائم، (افتعال ا) اِقْتِصَادٌ سے جسکے معنی کسی معاملے میں اعتدال و میانہ روی اور استقامت اختیار کرنے کے ہیں، اسم فاعل واحد مذکر۔ (۳۲:۳۱) (۳۲:۳۵).

مُقْتَصِدَةٌ: سیدھی راہ پر قائم، راہ راست پر چلنے والی، معتدل، (افتعال) اِقْتِصَادٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔ (۶۶:۵).

مَقْتِكُمْ: (مَقْتِ. كُمْ) تمہاری بیزاری، مَقْتِ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۰:۴۰).

مِقْدَارٍ: مقررہ اندازہ، ہر چیز کی انتہا، وہ چیز جس کے ذریعے کسی چیز کا وزن یا اس کی تعداد ظاہر ہو، مَقَادِيْرُ جمع۔ آخری معنی کے لحاظ سے (ضرب) قَدْرٌ سے اسم آلہ ہے۔ (۸:۱۳).

مِقْدَارُهٗ: (مِقْدَارُ. هٗ) اس کی مقدار، اس کا حسابی اندازہ، مِقْدَارُ (مَقَادِيْرُ جمع، [مادہ: قدر]) مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۵:۳۲) (۴:۷۰).

الْمُقَدَّسِ: مقدس، پاک صاف، پاک کیا ہوا، (تفعیل ا) تَقْدِيْسٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (۱۲:۲۰) (۱۶:۷۹).

الْمُقَدَّسَةَ: مقدس، پاک صاف، پاک کی ہوئی، (تفعیل) تَقْدِيْسٌ سے، اسم مفعول واحد مؤنث۔ (۲۱:۵).

مَقْدُوْرًا: ٹھہرایا جاچکا، مقرر کردہ، (نصر، ضرب) قَدْرٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (۳۸:۳۳).

مَقْرَبَةٍ: نزدیکی، قرابت، رشتہ، (سمع) قُرْبٌ سے، مصدر میمی،

ذَا مَقْرَبَةٍ: رشتہ دار، قرابت دار۔(۹۰: ۱۵).

اَلْمُقَرَّبُوْنَ: قریب کیے ہوئے، زیادہ عزت والے، (تفعیل ۱) تَقْرِيْبٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت رفع)، مُقَرَّبٌ واحد۔(۴: ۱۷۲) (۵۶: ۱۱) (۸۳: ۲۱، ۲۸).

اَلْمُقَرَّبِيْنَ: قریب کیے ہوئے، زیادہ عزت والے، (تفعیل) تَقْرِيْبٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُقَرَّبٌ واحد۔(۳: ۴۵) (۷: ۱۱۴) (۲۶: ۴۲) (۵۶: ۸۸).

مُقَرَّنِيْنَ: جکڑے ہوئے، کس کر باندھے ہوئے، (تفعیل ۱) تَقْرِيْنٌ (باندھنا، جمع کرنا) سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُقَرَّنٌ واحد۔(۱۴: ۴۹) (۲۵: ۱۳) (۳۸: ۳۸).

مُقْرِنِيْنَ: قابو میں لانے والے، بس میں کرنے والے، (افعال ۱) اِقْرَانٌ (کسی چیز کی طاقت رکھنا، قادر ہونا) سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُقْرِنٌ واحد۔(۴۳: ۱۳).

اَلْمُقْسِطِيْنَ: انصاف کرنے والے، (افعال ۱) اِقْسَاطٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُقْسِطٌ واحد۔(۵: ۴۲) (۴۹: ۹) (۶۰: ۸).

اَلْمُقَسِّمٰتِ: بانٹنے والیاں، (تفعیل ۱) تَقْسِيْمٌ سے، اسم فاعل جمع مؤنث (بحالت نصب و جر)، مُقَسِّمَةٌ واحد۔(۵۱: ۴).

مَقْسُوْمٌ: بانٹا ہوا، بانٹ کر علیحدہ کیا ہوا، (ضرب ۱) قَسْمٌ (تقسیم کرنا) سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۱۵: ۴۴).

مُقَصِّرِيْنَ: کتروانے والے، کم کرنے والے، (تفعیل ۱) تَقْصِيْرٌ (کسی چیز کو چھوٹا کرنا، کتروانا، قدرت رکھنے کے باوجود کسی کام سے رک جانا/ ترک کر دینا) سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُقَصِّرٌ واحد۔(۴۸: ۲۷).

مَقْصُوْرٰتٌ: چھپائی ہوئیں، مستورات، پردہ نشین، مسہریوں کے پردوں کے اندر چھپی ہوئیں، (نصر، ضرب) قَصْرٌ سے، اسم مفعول جمع مؤنث، مَقْصُوْرَةٌ واحد۔(۵۵: ۷۲).

مَقْضِيًّا: فیصل شدہ، مقرر، (ضرب ۹؛ قَضٰى. يَقْضِىْ) قَضَاءٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۱۹: ۲۱، ۷۱).

مَقْطُوْعٌ: کاٹی ہوئی، (فتح) قَطْعٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۱۵: ۶۶).

مَقْطُوْعَةٍ: کاٹی ہوئی، ٹوٹی ہوئی، قطع کردہ جسکا سلسلۂ عطا کاٹ دیا گیا ہو/ ختم کر دیا گیا ہو، (فتح) قَطْعٌ سے، اسم مفعول واحد مؤنث۔(۵۶: ۳۳).

مَقْعَدِ: مقام، جگہ، بیٹھنے کی جگہ، (نصر ۱) قُعُوْدٌ سے، اسم ظرف مکان، مَقَاعِدُ جمع۔(۵۴: ۵۵).

مَقْعَدِهِمْ: (مَقْعَدِ. هِمْ) ان کا بیٹھ رہنا، مَقْعَدِ (مصدر میمی) مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۹: ۸۱).

مُقْمَحُوْنَ: گردن پھنسنے کی وجہ سے سر اوپر کو اٹھے ہوئے، پشت کی طرف سر بندھے ہوئے، سر اُلارے ہوئے، (افعال ۱) اِقْمَاحٌ (سر کا اُٹھا ہوا ہونا) سے، اسم مفعول جمع مذکر، مُقْمَحٌ واحد۔(۳۶: ۸).

اَلْمُقَنْطَرَةِ: ڈھیر کی ہوئی، انبار لگائی ہوئی، اونچے ڈھیر لگائے ہوئے/ جمع کیے ہوئے، (فعللہ ۱) قَنْطَرَةٌ (اونچا ڈھیر لگانا، بلند عمارت بنانا، بہت مال والا ہونا) سے، اسم مفعول واحد مؤنث۔(۳: ۱۴).

مُقْنِعِىْ: اٹھانے والے، (اپنے سروں کو) اٹھائے ہوئے، (افعال ۱) اِقْنَاعٌ (سر یا آواز کو بلند کرنا) سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، یہاں منصوب مضاف ہے (اضافت کے سبب سے نون اعرابی گر گیا، یعنی اصل میں مُقْنِعِيْنَ تھا)، مُقْنِعٌ واحد۔(۱۴: ۴۳).

اَلْمُقْوِيْنَ: مسافر لوگ، محتاج لوگ، (افعال ۱۴؛ اَقْوٰى. يُقْوِىْ) اِقْوَاءٌ (محتاج ہونا) سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُقْوٍ واحد، [مادہ: قوی]۔ یہ اضداد میں سے ہے، مالدار اور غنی کو بھی مُقْوِى کہتے ہیں، اس وقت اس کا ماخذ قُوَّةٌ ہوتا ہے۔ اور جب فقیر یا

محتاج کو کہتے ہیں تو اس وقت اس کا ماخذ قِیٌّ یا قَوَاءٌ ہوتا ہے جس کے معنی گھر کے خالی ہونے یا ویران اور چٹیل میدان کے ہیں، فقیر کا پیٹ بھی خالی، جیب بھی خالی اور گھر بھی خالی۔ (۵۶: ۷۳).

مُقِیْتًا: قادر/ طاقتور، نگران، روزی دینے والا، (افعال۸؛ اَقَاتَ۔یُقِیْتُ) اِقْوَاتٌ و اِقَاتَۃٌ (روزی دینا، حفاظت کرنا، قدرت رکھنا) سے، اسم فاعل واحد مذکر، [مادہ: قوت]۔ (۴: ۸۵).

مَقِیْلًا: خواب گاہ، دوپہر کے آرام کا وقت یا جگہ، قیلولہ کرنا، (ضرب۸؛ قَالَ۔یَقِیْلُ) قَیْلُوْلَۃٌ سے، اسم ظرف اور مصدر میمی۔ (۲۵: ۲۴).

مُقِیْمٌ: ہمیشہ رہنے والا، دوامی، قائم کرنے والا، (افعال۸؛ اَقَامَ۔یُقِیْمُ) اِقَامَۃٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (۵: ۳۷) (۹: ۲۱، ۶۸) (۱۱: ۳۹) (۳۹: ۴۰)، مُقِیْمٍ (۱۵: ۷۶) (۴۲: ۴۵)، مُقِیْمَ (۱۴: ۴۰).

الْمُقِیْمِیْ: پابندی اور تعدیل ارکان کے ساتھ ادا کرنے والے، قائم کرنے والے، (افعال) اِقَامَۃٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، اصل میں الْمُقِیْمِیْنَ تھا، ن اعرابی گر گیا، مُقِیْمٌ واحد۔ (۲۲: ۳۵).

الْمُقِیْمِیْنَ: قائم کرنے والے، سیدھے کھڑے ہونے والے، پابندی اور تعدیل ارکان کے ساتھ ادا کرنے والے، (افعال) اِقَامَۃٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُقِیْمٌ واحد۔ (۴: ۱۶۲).

مُکَآءً: منہ سے سیٹی بجانا، چٹکی بجانا، مَکَا۔یَمْکُوْ کا مصدر (باب نصر۷)، [مادہ: مکو]۔ (۸: ۳۵).

مَکَان: جگہ، گھر، مقام، قیام گاہ، مقام مرتبہ، (نصر۶) کَوْنٌ سے، اسم ظرف مکان، اَمْکِنَۃٌ جمع۔ (۱۰: ۲۲) (۱۴: ۱۷) (۱۶: ۱۱۲) (۲۲: ۳۱) (۲۵: ۱۲) (۳۴: ۵۱، ۵۲، ۵۳) (۴۱: ۴۴) (۵۰: ۴۱)، مَکَانَ (۴: ۲۰) (۷: ۹۵) (۱۶: ۱۰۱) (۲۲: ۲۶)، مَکَانًا (۵: ۶۰) (۱۲: ۷۷) (۱۹: ۱۶، ۲۲، ۵۷، ۷۵) (۲۰: ۵۸) (۲۵: ۱۳، ۳۴).

مَکَانَتِکُمْ: (مَکَانَۃِ۔کُمْ) تمہاری جگہ، تمہارا مقام، مَکَانَۃِ (اسم ظرف کَوْنٌ سے، مَکَانَاتٌ جمع) مضاف، کُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۶: ۱۳۵) (۱۱: ۹۳، ۱۲۱) (۳۹: ۳۹).

مَکَانَتِھِمْ: (مَکَانَۃِ۔ھِمْ) ان کی جگہ، ان کا مقام، مَکَانَۃِ (اسم ظرف) مضاف، ھِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۳۶: ۶۷).

مَکَانَکُمْ: (مَکَانَ۔کُمْ) تمہاری جگہ، تمہارا مقام، مَکَانَ (اسم ظرف) مضاف، کُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۰: ۲۸).

مَکَانَہٗ: (مَکَانَ۔ہٗ) اس کی جگہ، اس کا مقام/ رتبہ، مَکَانَ مضاف، ہٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۷: ۱۴۳) (۱۲: ۷۸) (۲۸: ۸۲).

مُکِبًّا: سرنگوں، اوندھا، (افعال۵؛ اَکَبَّ۔یُکِبُّ) اِکْبَابٌ (اوندھا کرنا) سے، اسم فاعل واحد مذکر، [مادہ: کبب]۔ (۶۷: ۲۲).

مَکَّۃَ: مکہ معظمہ، [مادہ: مکك]۔ یہاں بَطْنِ مَکَّۃَ سے مراد حدیبیہ ہے۔ (۴۸: ۲۴).

مَکْتُوْبًا: لکھا گیا، لکھا ہوا، خط، (نصر۱) کِتَابَۃٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (۷: ۱۵۷).

مَکَثَ: وہ انتظار میں ٹھہرا، (نصر۱) مَکْثٌ (ٹھہرنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۲۷: ۲۲).

مُکْثٍ: انتظار کرتے ہوئے، توقف کر کے، ٹھہرنا، توقف کرنا، مصدر (نصر۱؛ مَکَثَ۔یَمْکُثُ کا)۔ (۱۷: ۱۰۶).

الْمُکَذِّبُوْنَ: جھٹلانے والے، جھوٹا قرار دینے والے، (تفعیل۱) تَکْذِیْبٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، مُکَذِّبٌ واحد۔ (۵۶: ۵۱).

مُکَذِّبِیْنَ: مُکَذِّبٌ کی جمع بحالت نصب و جر۔ (۶۹:۴۹)، اَلْمُکَذِّبِیْنَ (۳:۱۳۷) (۶:۱۱) (۱۶:۳۶) (۴۳:۲۵) (۵۲:۱۱) (۵۶:۹۲) (۶۸:۸) (۷۳:۱۱) (۷۷:۱۵، ۱۹، ۲۴، ۲۸، ۳۴، ۳۷، ۴۰، ۴۵، ۴۷، ۴۹) (۸۳:۱۰)۔

مَکْذُوْب: جھوٹا کیا ہوا، جھوٹ، (ضرب) کَذْبٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر (بمعنی مصدر)۔ (۱۱:۶۵)۔

مَکْرٌ: حیلہ، چال، حیلہ کرنا، داؤ کرنا، خفیہ تدبیر کرنا، مصدر ہے (باب نصرا)۔ (۷:۱۲۳) (۱۰:۲۱)، مَکْرَ (۷:۹۹، ۹۹) (۳۵:۴۳)، مَکْرُ (۳۴:۳۳) (۳۵:۱۰)، اَلْمَکْرُ (۱۳:۴۲) (۳۵:۴۳)، مَکْرًا (۱۰:۲۱) (۲۷:۵۰، ۵۰) (۷۱:۲۲)۔

مَکَرَ: اس نے مکر کیا، اس نے چال چلی، اس نے خفیہ تدبیر کی، (نصر) مَکْرٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۳:۵۴) (۱۳:۴۲) (۱۶:۲۶)۔

مَکَرْتُمُوْهُ: (مَکَرْتُم.هُ) تم نے اس سے چال چلی، مَکَرْتُم، (نصر) مَکْرٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر (مَکَرْتُمُوْ میں واؤ اشباعی ہے)، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۷:۱۲۳)۔

مُکْرِمٍ: عزت دینے والا، (افعال ا) اِکْرَامٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (۲۲:۱۸)۔

مُکَرَّمَةٍ: قابل ادب، عزت دی ہوئی، (تفعیل ا) تَکْرِیْمٌ سے، اسم مفعول واحد مؤنث۔ (۸۰:۱۳)۔

مُکْرَمُوْنَ: بزرگ، معزز، عزت والے، (افعال) اِکْرَامٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت رفع)، مُکْرَمٌ واحد۔ (۲۱:۲۶) (۳۷:۴۲) (۷۰:۳۵)۔

اَلْمُکْرَمِیْنَ: معزز، (افعال) اِکْرَامٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُکْرَمٌ واحد۔ (۳۶:۲۷) (۵۱:۲۴)۔

مَکَرْنَا: ہم نے تدبیر کی، ہم نے چال چلی، (نصر) مَکْرٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (۲۷:۵۰)۔

مَکَرُوْا: انہوں نے تدبیر کی، انہوں نے چال چلی، (نصر) مَکْرٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۳:۵۴) (۱۴:۴۶) (۱۶:۴۵) (۲۷:۵۰) (۴۰:۴۵) (۷۱:۲۲)۔

مَکْرُوْهًا: مکروہ، قابل نفرت، ناپسندیدہ، برا، (سمع) کُرْهٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (۱۷:۳۸)۔

مَکْرُهُمْ: (مَکْرُ.هُمْ) ان کا مکر، ان کی تدبیر، مَکْرُ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۳:۳۳) (۱۴:۴۶، ۴۶)، مَکْرِهِمْ (۲۷:۵۱)، مَکْرَهُمْ (۱۴:۴۶)۔

مَکْرِهِنَّ: (مَکْرِ.هِنَّ) ان کا مکر، ان کی تدبیر، مَکْرِ مضاف، هِنَّ (ضمیر جمع غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۱۲:۳۱)۔

مَکْظُوْمٌ: غم سے بھرا ہوا، غم و غصہ سے گھٹا ہوا، مصیبت زدہ، (ضرب ا) کَظْمٌ (ضبط کرنا) سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (۶۸:۴۸)۔

مُکَلِّبِیْنَ: شکار کی تعلیم دینے والے، شکار پر چھوڑنے والے، (تفعیل ا) تَکْلِیْبٌ (کتے کو سدھانا، شکار کی تعلیم دینا، شکار پر درندے وغیرہ کو چھوڑنا) سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُکَلِّبٌ واحد۔ (۵:۴)۔

مَکَّنَّا: ہم نے جماؤ عطا کیا، (تفعیل ا) تَمْکِیْنٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (۱۲:۲۱، ۵۶) (۱۸:۸۴)۔

مَکَّنّٰکُمْ: (مَکَّنَّا.کُمْ) ہم نے تمہیں جگہ دی، ہم نے تمہیں بااقتدار بنایا، مَکَّنَّا، (تفعیل) تَمْکِیْنٌ سے، ماضی جمع متکلم، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۷:۱۰) (۴۶:۲۶)۔

مَکَّنّٰهُمْ: (مَکَّنَّا.هُمْ) ہم نے ان کو جگہ دی، ہم نے ان کو جماؤ عطا کیا، ہم نے انہیں بااقتدار بنایا، مَکَّنَّا، (تفعیل) تَمْکِیْنٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۶:۶) (۲۲:۴۱) (۴۶:۲۶)۔

مَكْنُوْنٌ: صاف محفوظ، چھپایا ہوا، پوشیدہ، (نصر۵؛ کَنَّ۔یَکُنُّ) کَنٌّ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۳۷:۴۹) (۵۲:۲۴)، مَكْنُوْنٍ (۵۶:۷۸)، الْمَكْنُوْنِ (۵۶:۲۳).

مَكَّنِّيْ: (مَكَّنَ۔نِیْ) اس نے مجھے جگہ دی/ مجھے بااقتدار بنایا/ مجھے اختیار دیا، مَكَّنَ، (تفعیل) تَمْکِیْنٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔(۱۸:۹۵).

الْمِكْيَالَ: غلہ ناپنے کا پیمانہ، (ضرب۸؛ کَالَ۔یَکِیْلُ) کَیْلٌ سے، اسم آلہ مفرد۔(۱۱:۸۴، ۸۵).

الْمَكِيْدُوْنَ: داؤں میں پھنسنے والے، وہ جن کے خلاف خفیہ تدبیر کی گئی ہو، جو مکر کا بدلہ دیے گئے ہوں، مکر کی سزا میں گرفتار، مغلوب اور ہلاک ہونے والے، (ضرب۸؛ کَادَ۔یَکِیْدُ) کَیْدٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر، مَكِیْدٌ واحد۔(۵۲:۴۲).

مَكِيْنٌ: مضبوط، مرتبہ والا، (کرم۱) مَكَانَةٌ (رتبہ و اعتبار والا ہونا) سے، صفت مشبہ مفرد۔(۱۲:۵۴)، مَكِیْنٍ (۲۳:۱۳) (۷۷:۲۱) (۸۱:۲۰).

مَلَأٌ: سرداروں کی اور بڑے لوگوں کی جماعت، اسم جمع ہے، اس کی جمع اَمْلَاءٌ ہے۔(۳۸:۱۱)، الْمَلَاِ (۲:۲۴۶) (۲۶:۳۴) (۳۷:۸) (۳۸:۶۹)، الْمَلَاَ (۲۸:۲۰)، الْمَلَاُ (۷:۶۰، ۶۶، ۷۵، ۸۸، ۹۰، ۱۰۹، ۱۲۷) (۱۱:۲۷) (۱۲:۴۳) (۲۳:۳۳) (۲۸:۳۸) (۳۸:۶)، الْمَلَؤُا (۲۳:۲۴) (۲۷:۲۹، ۳۲، ۳۸).

مِلْءُ: بھراؤ، اتنی مقدار جس سے کوئی چیز بھر جائے، مِلْءُ الْاَرْضِ: جس سے زمین بھر جائے۔(۳:۹۱).

مُلِئْتَ: تو بھر دیا جاتا/ بھر جاتا، (فتح۴) مَلَأٌ سے، ماضی مجہول واحد حاضر مذکر۔(۱۸:۱۸).

مُلِئَتْ: بھر دیا گیا، (فتح) مَلَأٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث۔(۷۲:۸).

مُلٰقِ: ملنے والا، پہنچنے والا، (مفاعلہ۱۱؛ لَاقٰی۔یُلَاقِیْ) مُلَاقَاةٌ (ملاقات کرنا، باہم ملنا) سے، اسم فاعل واحد مذکر (اسم منقوص ہے، بحالت رفع و جر، یہاں محلًا مرفوع ہے)، [مادہ: لقی]۔(۶۹:۲۰).

مُلٰقُوْا: ملنے والے، ملاقات کرنے والے، (مفاعلہ) مُلَاقَاةٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع) مضاف، مُلٰقٍ واحد۔ بسبب اضافت نون اعرابی گر گیا۔(۲:۴۶، ۲۴۹) (۱۱:۲۹).

مُلٰقُوْهُ: (مُلٰقُوْا۔ہُ) اس سے ملنے والے، مُلٰقُوْا (اسم فاعل جمع مذکر) مضاف، ہُ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۲:۲۲۳).

مُلٰقِيْكُمْ: (مُلٰقِیْ۔کُمْ) تم کو پہنچنے والا، تم کو پالینے والا، تمہارا دیدار کرنے والا، مُلٰقِیْ (اسم فاعل واحد مذکر) مضاف، کُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۶۲:۸).

مُلٰقِيْهِ: (مُلٰقِیْ۔ہِ) اس سے ملنے والا، مُلٰقِیْ مضاف، ہِ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۸۴:۶).

مَلٰٓئِكَةٌ: فرشتے، مَلَكٌ کی جمع۔ (۱۷:۹۵) (۶۶:۶)، مَلٰٓئِكَةً (۲۳:۲۴) (۴۱:۱۴) (۴۳:۶۰) (۷۴:۳۱)، الْمَلٰٓئِكَةِ (۲:۳۰، ۳۱، ۳۴، ۱۶۱، ۱۷۷) (۳:۸۷، ۱۲۴، ۱۲۵) (۷:۱۱) (۸:۹، ۱۲) (۱۵:۷، ۲۸) (۱۷:۴۰، ۶۱، ۹۲) (۱۸:۵۰) (۲۰:۱۱۶) (۲۲:۷۵) (۳۴:۴۰) (۳۵:۱) (۳۸:۷۱)، الْمَلٰٓئِكَةَ (۳:۸۰) (۶:۱۱۱) (۱۵:۸) (۱۶:۲) (۲۵:۲۲) (۳۷:۱۵۰) (۳۹:۷۵) (۴۳:۱۹) (۵۳:۲۷)، الْمَلٰٓئِكَةُ (۲:۲۱۰، ۲۴۸) (۳:۱۸، ۳۹، ۴۲، ۴۵) (۴:۹۷، ۱۶۶، ۱۷۲) (۶:۹۳، ۱۵۸) (۸:۵۰) (۱۳:۱۳، ۲۳) (۱۵:۳۰) (۱۶:۲۸، ۳۲، ۳۳، ۴۹) (۲۱:۱۰۳) (۲۵:۲۱، ۲۵) (۳۸:۷۳) (۴۱:۳۰) (۴۲:۵) (۴۳:۵۳) (۴۷:۲۷) (۶۶:۴) (۷۰:۴) (۷۸:۳۸) (۹۷:۴).

مَلٰٓئِكَتُهٗ: (مَلٰٓئِكَةُ۔ہٗ) اس کے فرشتے، مَلٰٓئِكَةُ

مضاف، ہٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۴۳:۳۳)، مَلٰٓئِكَتِهٖ (۹۸:۲، ۲۸۵) (۱۳۶:٤)، مَلٰٓئِكَتَهٗ (۵۶:۳۳).

مَلَاَهٗ: (مَلَاَ.ہٗ) اس کے سردار، مَلَاَ مضاف، ہٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۸۸:۱۰)، مَلَائِهٖ (۱۰۳:۷) (۷۵:۱۰) (۹۷:۱۱) (٤۶:۲۳) (۳۲:۲۸) (٤۶:٤۳).

مَلَائِهِمْ: (مَلَاِ.هِمْ) ان کے سردار، مَلَاِ مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۸۳:۱۰).

مِلَّةِ: دین، عقیدہ، مذہب، رسم، مِلَلٌ جمع، [مادہ: ملل]۔ (۱۳۰:۲)، مِلَّةَ (۱۳۵:۲) (۹۵:۳) (۱۲۵:٤) (۱۶۱:۶) (۳۷:۱۲، ۳۸) (۱۲۳:۱۶) (۷۸:۲۲)، الْمِلَّةِ (۷:۳۸).

مُلْتَحَدًا: پناہ کی جگہ، پناہ، (افتعال ا) اِلْتِحَادٌ (پناہ لینا، مائل ہونا، پھرنا) سے، اسم ظرف یا مصدر میمی۔ (۲۷:۱۸) (۲۲:۷۲).

مِلَّتِكُمْ: (مِلَّةِ.كُمْ) تمہاری ملت، تمہارا دین، مِلَّةِ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۸۹:۷).

مِلَّتِنَا: (مِلَّةِ.نَا) ہماری ملت، ہمارا دین، مِلَّةِ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (۸۸:۷) (۱۳:۱٤).

مِلَّتِهِمْ: (مِلَّةِ.هِمْ) ان کا دین، ان کا مذہب، مِلَّةِ مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۲۰:۱۸)، مِلَّتَهُمْ (۱۲۰:۲).

مَلْجَاٍ: مکان، پناہ کی جگہ، (فتح ۴) لَجْاٌ (پناہ پکڑنا) سے، اسم ظرف مکان۔ (٤۷:٤۲)، مَلْجَاَ (۱۱۸:۹)، مَلْجَـًٔا (۵۷:۹).

مِلْحٌ: نمکین، کھاری، نمک، اسم مفرد (مذکر و مؤنث)۔ (۵۳:۲۵) (۱۲:۳۵).

الْمَلْعُوْنَةَ: پھٹکاری ہوئی، لعنت کیا گیا، (فتح) لَعْنٌ سے، اسم مفعول واحد مؤنث۔ (۶۰:۱۷).

مَلْعُوْنِيْنَ: پھٹکارے ہوئے، ہانکے ہوئے، راندۂ درگاہ، (فتح) لَعْنٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مَلْعُوْنٌ واحد۔ (۶۱:۳۳).

مُلْقُوْنَ: ڈالنے والے، پیش کرنے والے، (افعال: اَلْقٰی.يُلْقِیْ) اِلْقَاءٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، مُلْقٍ واحد، [مادہ: لقی]۔ (۸۰:۱۰) (٤۳:۲۶).

الْمُلْقِيٰتِ: ڈالنے والیاں، القاء کرنے والیاں، (افعال) اِلْقَاءٌ سے، اسم فاعل جمع مؤنث (بحالت نصب و جر)، مُلْقِيَةٌ واحد۔ (۵:۷۷).

الْمُلْقِيْنَ: ڈالنے والے، پیش کرنے والے، (افعال) اِلْقَاءٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُلْقٍ واحد۔ (۱۱۵:۷).

مَلِكٌ: بادشاہ، حاکم اعلیٰ، بااقتدار، اسمائے حسنیٰ میں سے ہے، مُلُوْكٌ جمع۔ یہ اصل میں (ضرب) مُلْكٌ سے صیغۂ صفت واحد مذکر ہے، مَلِكَةٌ مؤنث۔ (۷۹:۱۸)، مَلِكِ (۲:۱۱٤)، الْمَلِكِ (۷۲:۱۲، ۷۶) (۱:۶۲)، الْمَلِكُ (٤۳:۱۲، ۵۰، ۵٤) (۱۱٤:۲۰) (۱۱۶:۲۳) (۲۳:۵۹)، مَلِكًا (۲٤۶:۲، ۲٤۷).

مَلَكٌ: فرشتہ، اسم جنس، مَلَائِكَةٌ جمع۔ (۸:۶، ۵۰) (۱۲:۱۱، ۳۱) (۳۱:۱۲) (۷:۲۵)، مَلَكٍ (۲۶:۵۳)، مَلَكٌ (۱۱:۳۲)، الْمَلَكُ (۱۷:۶۹) (۲۲:۸۹)، مَلَكًا (۸:۶، ۹) (۹۵:۱۷).

مُلْكٍ: بادشاہی، حکومت، اقتدار اعلیٰ، بادشاہ ہونا، اسم اور مصدر (ضرب ا) مَلَكَ.يَمْلِكُ کا۔ (۱۲۰:۲۰)، مُلْكِ (۱۰۲:۲)، مُلْكُ (۱۰۷:۲) (۱۸۹:۳) (۱۷:۵، ۱۸، ٤۰، ۱۲۰) (۱۵۸:۷) (۱۱۶:۹) (٤۲:۲٤) (۲:۲۵) (۱۰:۳۸) (٤٤:۳۹) (٤۹:٤۲) (۵۱:٤۳، ۸۵) (۲۷:٤۵) (۱٤:٤۸) (۲:۵۷، ۵) (۹:۸۵)، الْمُلْكِ (۲٤۷:۲)

(۲۶:۳) (۵۳:٤) (۱۰۱:۱۲) (۱۱۱:۱۷) (۲:۲۵)، اَلْمُلْكَ (۲۵۱:۲، ۲۵۸) (۲۶:۳، ۲۶)، اَلْمُلْكُ (۲٤۷:۲) (۷۳:٦) (۵٦:۲۲) (۲٦:۲۵) (۱۳:۳۵) (٦:۳۹) (۱٦:٤۰، ۲۹) (۱:٦٤) (۱:٦۷)، مُلْكًا (٥٤:٤) (٣٥:٣٨) (٢٠:٧٦).

مَلَكَتْ: وہ مالک ہوئی، (ضرب) مِلْكٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ: جن کے مالک ہوئے تمہارے دائیں ہاتھ، یعنی لونڈیاں جو لڑائی میں قیدی ہو کر تمہیں ملیں۔ (٣:٤، ٢٤، ٢٥، ٣٦) (٧١:١٦) (٦:٢٣) (٣١:٢٤، ٣٣، ٥٨) (٢٨:٣٠) (٣٣:٥٠، ٥٠، ٥٢، ٥٥) (٣٠:٧٠).

مَلَكْتُمْ: تم مالک ہوئے، (ضرب) مِلْكٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (٦١:٢٤).

مَلْكِنَا: (مَلْكِ. نَا) ہمارا اختیار، ہماری قدرت، مَلْكِ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (٨٧:٢٠).

مَلَكُوْتُ: اقتدار کامل، غلبہ تامہ، حکومت حقیقیہ، (مضاف)، مصدر (برائے مبالغہ، اس میں تاء مبالغہ کے لیے ہے) ضرب ا؛ مَلَكَ. يَمْلِكُ کا۔ (٨٨:٢٣) (٨٣:٣٦)، مَلَكُوْتِ (١٨٥:٧)، مَلَكُوْتَ (٧٥:٦).

مُلْكِهٖ: (مُلْكِ. هٖ) اس کا ملک، اس کی بادشاہی، مُلْكِ مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٢٤٨:٢)، مُلْكَهٗ (٢٤٧:٢) (٢٠:٣٨).

مَلَكَيْنِ: دو فرشتے، مَلَكٌ کا تثنیہ۔ (٢٠:٧)، اَلْمَلَكَيْنِ (١٠٢:٢).

اَلْمُلُوْكَ: بادشاہ، یعنی فاتح بادشاہ، مَلِكٌ کی جمع۔ (٣٤:٢٧)، مُلُوْكًا (٢٠:٥).

مَلُوْمٍ: ملامت زدہ، ملامت کیا ہوا، (نصر ۱؛ لَامَ. يَلُوْمُ) لَوْمٌ (ملامت کرنا) سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (٥٤:٥١)، مَلُوْمًا (٢٩:١٧، ٣٩).

مَلُوْمِيْنَ: ملامت کیے گئے، ملامت زدہ، (نصر) لَوْمٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مَلُوْمٌ واحد۔ (٦:٢٣) (٣٠:٧٠).

مَلِيًّا: زمانہ دراز، لمبی مدت کیلئے [مادہ: ملو]۔ (٤٦:١٩).

مَلِيْكٍ: بڑا بادشاہ، شہنشاہ، (ضرب) مِلْكٌ سے، صیغۂ مبالغہ۔ (٥٥:٥٤).

مُلِيْمٌ: ملامت یا لوم کا مستحق، ایسا کام کرنے والا جس پر ملامت کی جائے، بدحال، (افعال ۸؛ اَلَامَ. يُلِيْمُ) اِلَامَةٌ (قابل ملامت فعل کرنا) سے، اسم فاعل واحد مذکر، [مادہ: لوم]۔ (١٤٢:٣٧) (٤٠:٥١).

مِمَّ: (اصل میں مِنْ. مَا) کس چیز سے، مِنْ اور مَا استفہامیہ سے مرکب (دیکھو عَمَّ)۔ (٥:٨٦).

مِمَّا: (مِنْ. مَا) بسبب یہ، اس چیز میں سے، اس میں سے جو، مِنْ (حرف جر) اور مَا سے مرکب۔ (٣:٢، ٢٣، ٣٦، ٦١، ٧٩، ٧٩، ١٦٨، ٢٠٢، ٢٢٩، ٢٤٨، ٢٥١، ٢٥٤، ٢٦٤، ٢٦٧) (٩٢:٣، ١٥٧) (٧:٤، ٧، ٧، ١١، ١٢، ١٢، ١٢، ٣٢، ٣٢، ٣٣، ٣٩، ٦٥، ١٧٦) (٤:٥، ٤، ١٣، ١٤، ١٥، ٨٣، ٨٨) (١٩:٦، ٧٨، ١١٨، ١١٩، ١٢١، ١٣٢، ١٣٦، ١٤٢) (٥٠:٧) (٣:٨، ٦٩، ٧٠) (٢٤:١٠، ٤١، ٤١، ٥٨، ٩٤) (٣٥:١١، ٥٤، ٦٢، ٩١، ١٠٩) (٣٣:١٢، ٣٧، ٤٧، ٤٨) (١٧:١٣، ٢٢) (٩:١٤، ١٨، ٣١) (٥٦:١٦، ٦٦، ٦٨، ٨١، ١١٤، ١٢٧) (٣٩:١٧، ٥١) (٤٩:١٨، ٦٦) (١٨:٢١) (٣٥:٢٢، ٤٧) (٢١:٢٣، ٣٣، ٣٣) (٢٦:٢٤، ٣٣) (٤٩:٢٥) (١٦٩:٢٦، ٢١٦) (٣٦:٢٧، ٧٠) (٥٤:٢٨) (٩:٣٠) (٥:٣٢، ١٦) (٥٠:٣٣، ٦٩) (٢٩:٣٥) (٣٦:٣٦، ٣٦، ٤٧، ٧١) (٤:٣٩) (٣٤:٤٠) (٥:٤١، ٢٢) (٢٢:٤٢، ٣٨) (١٦:٤٣، ٢٤، ٢٦، ٣٢) (١٩:٤٦) (٢٢:٥٢) (٢٠:٥٦، ٢١) (٧:٥٧) (٩:٥٩) (٤:٦٠) (٧:٦٥) (٣٩:٧٠)

(۲۵:۷۱) (۴۲:۷۷).

اَلْمَمَاتِ: موت، مرنا، زمانۂ موت، (نصر۶) مَوْتٌ سے، مصدر میمی۔(۱۷:۷۵).

مَمَاتُهُمْ: (مَمَاتُ. هُمْ) ان کی موت، ان کا مرنا، مَمَاتُ (مصدر میمی) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۲۱:۴۵).

مَمَاتِيْ: (مَمَاتِ. ىْ) میرا مرنا، مَمَاتِ مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔(۶:۱۶۲).

اَلْمُمْتَرِيْنَ: شک کرنے والے، تردّد کرنے والے، (افتعال؛ اِمْتَرٰی. یَمْتَرِیْ) اِمْتِرَاءٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُمْتَرٍ واحد، [مادہ؛ مری]۔ (۲:۱۴۷) (۳:۶۰) (۶:۱۱۴) (۱۰:۹۴).

مُمَدَّدَةٍ: دراز، لمبے، لمبے کیے گئے، (تفعیل۵؛ مَدَّدَ. یُمَدِّدُ تَمْدِیْدٌ (پھیلانا، لمبا کرنا) سے، اسم مفعول واحد مؤنث، [مادہ؛ مدد]۔(۱۰۴:۹).

مُمِدُّكُمْ: (مُمِدُّ. كُمْ) تمہیں مدد دینے والا، مُمِدُّ (افعال۵؛ اِمْدَادٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۸:۹).

مَمْدُوْدٍ: بڑھایا گیا، کثیر، (نصر۵) مَدٌّ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۵۶:۳۰)، مَمْدُوْدًا (۷۴:۱۲).

مُمَرَّدٌ: چکنا، صاف، ہموار، (تفعیل۱) تَمْرِیْدٌ (عمارت کو ہموار و چکنا کرنا) سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۲۷:۴۴).

مُمَزَّقٍ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا، (تفعیل۱) تَمْزِیْقٌ سے، مصدر میمی۔(۳۴:۷، ۱۹).

مُمْسِكَ: روکنے والا، بند کرنے والا، منع کرنے والا، (افعال۱) اِمْسَاكٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(۳۵:۲).

مُمْسِكٰتُ: روکنے والیاں یعنی وہ فرضی دیویاں جن کی پرستش مشرک کرتے تھے، (افعال) اِمْسَاكٌ سے، اسم فاعل جمع مؤنث (مضاف)، مُمْسِكَةٌ واحد۔(۳۹:۳۸).

مُمْطِرُنَا: (مُمْطِرُ. نَا) ہمارے اوپر بارش کرنے والا، ہمارے اوپر مینہ برسانے والا، مُمْطِرُ (افعال۱؛ اِمْطَارٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر) مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔(۴۶:۲۴).

مَمْلُوْكًا: ملک میں لایا ہوا، جو کسی کی ملکیت میں ہو یعنی غلام، (ضرب) مِلْكٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۱۶:۷۵).

مِمَّنْ: (مِنْ. مَنْ) اس شخص سے جو، مِنْ حرف جر اور مَنْ سے مرکب ہے۔ (۲:۱۱۴، ۱۴۰، ۱۴۳، ۲۸۲) (۳:۲۶) (۴:۱۲۵) (۵:۱۸) (۶:۲۱، ۹۳، ۱۴۴، ۱۵۷) (۷:۳۷، ۱۸۱) (۹:۱۰۱) (۱۰:۱۷) (۱۱:۱۸، ۴۸، ۱۱۶) (۱۷:۷۰) (۱۸:۱۵، ۵۷) (۱۹:۵۸، ۵۸) (۲۰:۴) (۲۷:۸۳) (۲۸:۵۰) (۲۹:۶۸) (۳۲:۲۲) (۳۳:۵۱) (۳۴:۲۱) (۳۸:۸۵) (۳۹:۳۲) (۴۱:۳۳، ۵۲) (۴۶:۵) (۶۱:۷).

مَمْنُوْعَةٍ: روکا گیا، منع کی ہوئی، روکی ہوئی، (فتح) مَنْعٌ سے، اسم مفعول واحد مؤنث۔(۵۶:۳۳).

مَمْنُوْنٍ: کم کیا ہوا، قطع کیا ہوا، (نصر۵؛ مَنَّ. یَمُنُّ) مَنٌّ (بمعنی کم کرنا) سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (۴۱:۸) (۶۸:۳) (۸۴:۲۵) (۹۵:۶).

مِنْ: سے، میں سے، بدلا میں، بوجہ، حرف جر ہے۔ کئی طرح مستعمل ہے، تبعیض، تاکید، زائد، عموم، تعلیل وغیرہ۔ (۲:۴، ۵، ۸، ۱۹، ۱۹، ۲۱، ۲۲، ۲۲، ۲۳، ۲۳، ۲۵، ۲۵، ۲۵، ۲۵.....).....

مَنْ: اسم ہے اور کئی طرح استعمال ہوتا ہے، زیادہ تر استعمالات یہ ہیں؛ ۱) جو، جو شخص، جو لوگ، موصولہ۔ ۲) کون، کس نے وغیرہ، استفہامیہ۔ ۳) اگر کوئی، جس کسی نے، شرطیہ۔ یہ عاقل کیلئے اور واحد و جمع، مذکر و مؤنث ہر طرح استعمال ہوتا ہے۔ (۲:۸، ۳۰، ۳۸، ۶۲، ۸۱، ۸۵، ۹۰، ۹۷، ۹۸، ۱۰۲، ۱۰۵، ۱۰۸، .....).....

مَنَّ: اس نے احسان کیا، (نصر۵؛مَنَّ .یَمُنُّ)مَنٌّ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۱٦٤:۳) (٩٤:٤) (٥٣:٦) (٩٠:١٢) (٨٢:٢٨) (٢٧:٥٢).

اَلْمَنِّ: احسان کرنا، احسان جتانا/ احسان رکھنا، نیکی کرتے ہوئے (عوض لیے بغیر قیدیوں کوآزاد کردینا)،مصدر ہے(نصر۵؛مَنَّ .یَمُنُّ کا)۔(۲٦٤:۲)، مَنًّا (٢٦٢:٢) (٤:٤٧).

اَلْمَنَّ: آسمانی غذا جو بنی اسرائیل پر نازل ہوتی تھی، ترنجبین، شبنمی گوند، [مادہ؛ منن]۔ دیکھو السَّلْوٰی۔ (۵٧:۲) (١٦٠:٧) (٨٠:٢٠).

مِنَّا: (مِنْ. نَا) ہم سے، ہم میں سے، مِنْ (حرف جر) اور نَا ضمیر (جمع متکلم)۔ (١٢٧:٢، ١٦٧) (٥٩:٥) (٧٢:٧، ١٢٦، ١٥٥) (٩:١١، ٣٨، ٤٨، ٤٨، ٥٨، ٦٦، ٩٤) (٨:١٢، ٦٣) (٧٥:١٦) (٢١:١٩) (٤٣:٢١، ١٠١) (٦٥:٢٣) (١٠:٣٤) (١٨:٣٦، ٤٤) (١٦٤:٣٧) (٤٣:٣٨) (٤٩:٣٩) (١٥:٤١، ٤٧، ٥٠) (٤٨:٤٢) (٢٤:٥٤) (١١:٧٢، ١١، ١٤، ١٤).

اَلْمُنَادِ: پکارنے والا، بلانے والا، (مفاعلہ ۱۱؛ نَادٰی .یُنَادِیْ) نِدَاءٌ و مُنَادَاةٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر، اصل میں اَلْمُنَادِیُ (جو اسم منقوص ہے بحالت رفع و جر، یہاں محلًا مرفوع ہے اور ی محذوف ہے)، [مادہ؛ندی]۔ (٤١:٥٠).

مُنَادِيًا: پکارنے والا، ندا لگانے والا، بلانے والا، (مفاعلہ) نِدَاءٌ و مُنَادَاةٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (١٩٣:٣).

مَنَازِلَ: اترنے کی جگہیں/ مقامات، مراد چاند کی منزلیں، اسم ظرف جمع (منتہی الجموع)، مَنْزِلٌ واحد، (ضرب ۱) نُزُوْلٌ مصدر سے۔ (٥:١٠) (٣٩:٣٦).

مَنَاسِكَكُمْ: (مَنَاسِكَ. كُمْ) تمہارے عبادت کے طریقے (اوقات اور جگہیں)، تمہارے ارکان حج، مَنَاسِكَ (مَنْسَكٌ کی جمع) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ مَنْسَكٌ؛ (نصر۱) نَسُكٌ (عبادت کرنا، پرستش کرنا) سے، اسم ظرف۔ (٢٠٠:٢).

مَنَاسِكَنَا: (مَنَاسِكَ. نَا) ہمارے حج اور عبادت کے طریقے، مَنَاسِكَ (مَنْسَكٌ کی جمع) مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔(١٢٨:٢).

مَنَاصٍ: پناہ لینا، پناہ گاہ، (نصر٦؛ نَاصَ .يَنُوْصُ) نَوْصٌ (بھاگنا/ بچنا) سے،مصدر میمی یا اسم ظرف۔(٣:٣٨).

مَنَّاعٍ: بڑا منع کرنے والا/ روکنے والا، حد سے زیادہ بخل کرنے والا، (فتح) مَنْعٌ سے، صیغہ مبالغہ مفرد۔(٢٥:٥٠) (١٢:٦٨).

مَنَافِعُ: فائدے، فائدے کی چیزیں، فائدہ کے کام، مَنْفَعَةٌ کی جمع، [مادہ؛ نفع]۔ (٢١٩:٢) (٥:١٦) (٣٣:٢٢) (٢١:٢٣) (٧٣:٣٦) (٨٠:٤٠) (٢٥:٥٧)، مَنَافِعَ (٢٨:٢٢).

اَلْمُنٰفِقٰتُ: منافق عورتیں، (مفاعلہ۱) نِفَاقٌ و مُنَافَقَةٌ سے، اسم فاعل جمع مؤنث (بحالت رفع)، مُنَافِقَةٌ واحد۔(٦٧:٩) (١٣:٥٧)، اَلْمُنٰفِقٰتِ (بحالت نصب و جر) (٦٨:٩) (٧٣:٣٣) (٦:٤٨).

مُنٰفِقُوْنَ: منافق لوگ، دو رخے، (مفاعلہ) نِفَاقٌ و مُنَافَقَةٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، مُنَافِقٌ واحد۔ (١٠١:٩)، اَلْمُنٰفِقُوْنَ (٤٩:٨) (٦٤:٩، ٦٧) (١٢:٣٣، ٦٠) (١٣:٥٧) (١:٦٣).

اَلْمُنٰفِقِيْنَ: منافق، دو رخے، (مفاعلہ) نِفَاقٌ و مُنَافَقَةٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُنَافِقٌ واحد۔ (٦١:٤، ٨٨، ١٣٨، ١٤٠، ١٤٢، ١٤٥) (٦٧:٩، ٦٨، ٧٣) (١١:٢٩) (١:٣٣، ٢٤، ٤٨، ٧٣) (٦:٤٨) (١:٦٣، ٧، ٨) (٩:٦٦).

مَنَاكِبِهَا: (مَنَاكِبِ. هَا) اس کی راہیں، اس کے اطراف و جوانب، اس کے کندھے، مَنَاكِبِ (مَنْكِبٌ کی جمع، [مادہ؛ نکب]) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔

(۱۵:۶۷).

اَلْمَنَامِ: سونا، خواب، (سمع ۸؛ نَامَ. یَنَامُ) نَوْمٌ سے، مصدر میمی۔ (۱۰۲:۳۷).

مَنَامِكَ: (مَنَامِ. كَ) تیری نیند، تیرا خواب، مَنَامِ (مصدر میمی) مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۸:۴۳).

مَنَامُكُمْ: (مَنَام. كُمْ) تمہاری نیند، تمہارا سونا، تمہارا خواب، مَنَامُ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۳۰:۲۳).

مَنَامِهَا: (مَنَامِ. هَا) اس کی نیند کے وقت، ان کے سوتے میں، مَنَامِ (اسم ظرف یا مصدر میمی) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۳۹:۴۲).

مَنٰوةَ: مقام قدید میں قبیلہ خزاعہ کا ایک بت تھا جو عورت کی شکل پر تھا جس کو عرب کے قبائل پوجتے تھے، [مادہ: منو]۔ (۵۳:۲۰).

مُنْۢبَثًّا: پراگندہ، منتشر، (انفعال ۲؛ اِنْۢبَثَّ. یَنْۢبَثُّ) اِنْۢبِثَاثٌ سے، اسم فاعل (یا مفعول) واحد مذکر، [مادہ: بثث]۔ (۵۶:۶).

مُنْتَشِرٌ: پراگندہ، پھیلا ہوا، (افتعال ۱) اِنْتِشَارٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (۵۴:۷).

مُنْتَصِرٌ: بدلہ لینے والا، غالب، (افتعال ۱) اِنْتِصَارٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (۵۴:۴۴)، مُنْتَصِرًا (۱۸:۴۳).

مُنْتَصِرِیْنَ: بدلا لینے والے، (افتعال) اِنْتِصَارٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُنْتَصِرٌ واحد۔ (۵۱:۴۵)، اَلْمُنْتَصِرِیْنَ (۲۸:۸۱).

مُنْتَظِرُوْنَ: انتظار کرنے والے، راہ دیکھنے والے، (افتعال ۱) اِنْتِظَارٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت رفع)، مُنْتَظِرٌ واحد۔ (۶:۱۵۸) (۱۱:۱۲۲) (۳۲:۳۰).

اَلْمُنْتَظِرِیْنَ: انتظار کرنے والے، راہ دیکھنے والے، (افتعال ۱) اِنْتِظَارٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُنْتَظِرٌ واحد۔ (۷:۷۱) (۱۰:۲۰، ۱۰۲).

مُنْتَقِمُوْنَ: بدلہ میں سزا دینے والے، انتقام لینے والے، (افتعال ۱) اِنْتِقَامٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، مُنْتَقِمٌ واحد۔ (۳۲:۲۲) (۴۳:۴۱) (۴۴:۱۶).

اَلْمُنْتَهٰى: آخر پہنچنا، (افتعال ۱۱؛ اِنْتَهٰى. یَنْتَهِیْ) اِنْتِهَاءٌ (نہایت تک پہنچنا) سے، مصدر میمی، [مادہ: نهی]۔ (۵۳:۴۲).

اَلْمُنْتَهٰى: آخری حد، (افتعال) اِنْتِهَاءٌ سے، اسم ظرف مکان۔ (۵۳:۱۴).

مُنْتَهٰهَا: (مُنْتَهٰى. هَا) اس کی آخری حد، اس کا آخری وقت، مُنْتَهٰى (اسم ظرف، افتعال؛ اِنْتِهَاءٌ سے) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۷۹:۴۴).

مُنْتَهُوْنَ: باز رہنے والے، رک جانے والے، (افتعال ۱۱؛ اِنْتَهٰى. یَنْتَهِیْ) اِنْتِهَاءٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، مُنْتَهٍ واحد۔ (۵:۹۱).

مَنْشُوْرًا: بکھیرا ہوا، غیر منظوم، (نصر، ضرب ۱) نَشْرٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (۲۵:۲۳) (۷۶:۱۹).

مُنَجُّوْكَ: (مُنَجُّوْا. كَ) تجھے بچانے والے، تجھے نجات دینے والے، مُنَجُّوْا (تفعیل ۱۰؛ نَجّٰی. یُنَجِّیْ. تَنْجِیَةٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر بحالت رفع، مُنَجٍّ واحد، [مادہ: نجو]) مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۲۹:۳۳).

مُنَجُّوْهُمْ: (مُنَجُّوْا. هُمْ) انہیں بچانے والے، ان کو نجات دینے والے، مُنَجُّوْا (اسم فاعل جمع مذکر) مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۵:۵۹).

اَلْمُنْخَنِقَةُ: گلا گھٹ کر مرجانے والی، (انفعال ۱) اِنْخِنَاقٌ (گلا گھٹنا) سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔ (۵:۳).

مُنْذِرٌ: ڈرانے والا، (افعال ۱) اِنْذَارٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (۱۳:۷) (۳۸:۴، ۶۵) (۵۰:۲)، مُنْذِرُ (۷۹:۴۵).

مُنْذِرُوْنَ: ڈرانے والے، (افعال ۱) اِنْذَارٌ سے، اسم فاعل جمع

مذکر (بحالت رفع)، مُنْذِرٌ واحد۔(۲۶:۲۰۸).

مُنْذِرِیْنَ: ڈرانے والے، (افعال) اِنْذَارٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُنْذِرٌ واحد۔ (۲:۲۱۳) (۴:۱۶۵) (۶:۴۸) (۱۸:۵۶) (۳۷:۷۲) (۴۴:۳) (۴۶:۲۹)، الْمُنْذِرِیْنَ (۲۶:۱۹۴) (۲۷:۹۲).

الْمُنْذَرِیْنَ: وہ لوگ جو ڈرائے گئے، (افعال) اِنْذَارٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُنْذَرٌ واحد۔ (۱۰:۷۳) (۲۶:۱۷۳) (۲۷:۵۸) (۳۷:۷۳، ۱۷۷).

مُنَزَّلٌ: اتارا گیا، بھیجا گیا، (تفعیل ۱) تَنْزِیْلٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۶:۱۱۴).

مُنْزَلًا: اتارا جانا، اترنے کی جگہ، (افعال ۱) اِنْزَالٌ سے، مصدر میمی یا ظرف مکان۔(۲۳:۲۹).

مُنْزِلُوْنَ: نازل کرنے والے، مُنْزِلٌ کی جمع بحالت رفع، دیکھو مُنْزِلِیْنَ۔(۲۹:۳۴)، الْمُنْزِلُوْنَ (۵۶:۶۹).

مُنَزِّلُهَا: (مُنَزِّلُ.هَا) اس کو اتارنے والا، مُنَزِّلُ (تفعیل؛ تَنْزِیْلٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر) مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۵:۱۱۵).

مُنْزِلِیْنَ: نازل کرنے والے، اتارنے والے، اتارنے والے یعنی مہمان کو ٹھہرانے والے، چونکہ عموماً دور سے آنے والے مسافر کو سواری سے اتارا جاتا ہے لہٰذا مُنْزِلٌ (اتارنے والا) میزبان ہو گیا، (افعال) اِنْزَالٌ (اتارنا) سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُنْزِلٌ واحد۔ (۳۶:۲۸)، الْمُنْزِلِیْنَ (۱۲:۵۹) (۲۳:۲۹).

مُنْزَلِیْنَ: اتارے ہوئے، نازل کیے گئے، (افعال) اِنْزَالٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُنْزَلٌ واحد۔(۳:۱۲۴).

مِنْسَاَةَ: لاٹھی، عصا، (چرواہے کا) بڑا ڈنڈا، (فتح ۴) نَسْأٌ سے، اسم آلہ مفرد (مؤنث)۔ **مِنْسَاَتَهٗ:** اس کی لاٹھی، مِنْسَاَةَ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۳۴:۱۴).

مَنْسَكًا: طریق عبادت، شریعت، قربانی کا طریقہ، قربانی کرنا، (نصر) نَسْكٌ سے، اسم ظرف یا مصدر میمی، مَنَاسِكُ جمع۔ (۲۲:۳۴، ۶۷).

مَنْسِیًّا: فراموش کردہ، بھلایا ہوا، بھولی بسری، یاد سے غائب، (سمع؛ نَسِیَ.یَنْسٰی) نَسْیٌ و نِسْیَانٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (۱۹:۲۳).

الْمُنْشَئٰتُ: اونچی بنائی ہوئیں، بادبان کھینچی ہوئیں، (افعال ۴؛ اَنْشَاَ.یُنْشِئُ) اِنْشَاءٌ سے، اسم مفعول جمع مؤنث، مُنْشَاَةٌ واحد، [مادہ: نشا]۔(۵۵:۲۴).

الْمُنْشِئُوْنَ: پیدا کرنے والے، اٹھانے والے، (افعال) اِنْشَاءٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، مُنْشِئٌ واحد۔(۵۶:۷۲).

مُنَشَّرَةً: کھلی ہوئی، پھیلی ہوئی، (تفعیل ۱) تَنْشِیْرٌ سے، اسم مفعول واحد مؤنث۔(۷۴:۵۲).

مُنْشَرِیْنَ: جلائے ہوئے، دوبارہ زندہ کیے ہوئے، (افعال) اِنْشَارٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، مُنْشَرٌ واحد۔ (۴۴:۳۵).

مَنْشُوْرٍ: پھیلا ہوا، نشر کیا ہوا، کشادہ، کھلا ہوا، (نصر) نَشْرٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۵۲:۳)، مَنْشُوْرًا (۱۷:۱۳).

مَنْصُوْرًا: منصور، مدد دیا گیا، نَصْرٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (۱۷:۳۳).

الْمَنْصُوْرُوْنَ: مدد کیے گئے، یعنی غالب، نَصْرٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر، مَنْصُوْرٌ واحد۔(۳۷:۱۷۲).

مَنْضُوْدٍ: تہ بہ تہ، جمایا ہوا، گھنا، (ضرب ۱) نَضْدٌ (ایک دوسرے پر چننا، ڈھیر لگانا) سے، اسم مفعول واحد مذکر۔ (۱۱:۸۲) (۵۶:۲۹).

مَنْطِقَ: بات، بولی، آوازوں کی سمجھ، بولنا، (ضرب ۱) نُطْقٌ سے

مصدر میمی۔(۱۶:۲۷)۔
مُنۡظَرُوۡنَ:مُنۡظَرٌ کی جمع بحالت رفع، دیکھو مُنۡظَرِیۡنَ۔ (۲۰۳:۲۶)۔
مُنۡظَرِیۡنَ: مہلت یافتہ، مہلت دیے ہوئے، ڈھیل دیے ہوئے، (افعال)اِنۡظَارٌ (مہلت دینا) سے، اسم مفعول جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، مُنۡظَرٌ واحد۔ (۸:۱۵) (۲۹:۴٤)، اَلۡمُنۡظَرِیۡنَ (۱۵:۷) (۳۷:۱۵) (۸۰:۳۸)۔
مَنَعَ: اس نے روکا، (فتح) مَنۡعٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۱۱٤:۲) (۹٤:۱۷) (۵۵:۱۸)۔
مُنِعَ: منع کیا گیا، روکا گیا، (فتح) مَنۡعٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔(۶۳:۱۲)۔
مَنَعَكَ:(مَنَعَ.كَ) اس نے تجھے روکا، تجھے منع کیا، مَنَعَ، (فتح) مَنۡعٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (۱۲:۷) (۹۲:۲۰) (۷۵:۳۸)۔
مَنَعَنَا:(مَنَعَ.نَا) اس نے ہمیں روکا، مَنَعَ، (فتح) مَنۡعٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔(۵۹:۱۷)۔
مَنَعَهُمۡ:(مَنَعَ.هُمۡ) اس نے ان کو روکا، مَنَعَ، (فتح) مَنۡعٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمۡ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۵٤:۹)۔
مُنۡفَطِرٌ: پھٹ جانے والا، (انفعال ا) اِنۡفِطَارٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(۱۸:۷۳)۔
اَلۡمُنۡفِقِیۡنَ: خرچ کرنے والے، (افعال ا) اِنۡفَاقٌ (خرچ کرنا) سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، مُنۡفِقٌ واحد۔ (۱۷:۳)۔
مُنۡفَكِّیۡنَ: جدا ہونے والے، باز رہنے والے، کفر سے باز آنے والے، (انفعال ۲: اِنۡفَكَّ.يَنۡفَكُّ) اِنۡفِكَاكٌ (جدا ہونا، آزاد ہونا) سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، مُنۡفَكٌّ واحد، [مادہ: فكك]۔(۱:۹۸)۔

اَلۡمَنۡفُوۡشِ: دھنکی ہوئی، دھنا ہوا، (نصرا) نَفۡشٌ (روئی یا اون دھننا) سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۵:۱۰۱)۔
مُنۡقَعِرٍ: جڑ سے اکھڑا ہوا، (انفعال ا) اِنۡقِعَارٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(۲۰:۵٤)۔
مُنۡقَلَبٍ: لوٹنے کی جگہ، لوٹنا، (انفعال ا) اِنۡقِلَابٌ سے، اسم ظرف یا مصدر میمی۔ (۲۲۷:۲۶)، مُنۡقَلَبًا (۳۶:۱۸)۔
مُنۡقَلِبُوۡنَ: پھر جانے والے، لوٹ جانے والے، (انفعال) اِنۡقِلَابٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، مُنۡقَلِبٌ واحد۔ (۱۲۵:۷) (۵۰:۲۶) (۱٤:٤۳)۔
مَنۡقُوۡصٍ: کم کیا ہوا، (نصرا) نَقۡصٌ (کم ہونا، گھٹنا) سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۱۰۹:۱۱)۔
مِنۡكَ:(مِنۡ.كَ) تجھ سے، تیری طرف سے، مِنۡ حرف جر، كَ ضمیر مجرور (واحد حاضر مذکر)۔ (۱۱٤:۵) (۳٤:۱۸، ۳۹) (۱۸:۱۹) (۷:۳۳) (۸۵:۳۸) (۱۶:۵۹)۔
مُنۡكَرٍ: برا کام، برائی، خلاف شرع، ناآشنا، غیر معلوم، (افعال ا) اِنۡكَارٌ سے، اسم مفعول واحد مذکر۔(۷۹:۵)، اَلۡمُنۡكَرِ (۱۰٤:۳، ۱۱۰، ۱۱٤) (۱۵۷:۷) (۶۷:۹، ۷۱، ۱۱۲) (۹۰:۱۶) (٤۱:۲۲) (۲۱:۲٤) (٤۵:۲۹) (۱۷:۳۱)، اَلۡمُنۡكَرَ (۷۲:۲۲) (۲۹:۲۹)، مُنۡكَرًا (۲:۵۸)۔
مُنۡكِرَةٌ: منکر، انکار کرنے والی، نہ ماننے والے، (افعال) اِنۡكَارٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔(۲۲:۱۶)۔
مُنۡكِرُوۡنَ: انکار کرنے والے، نہ ماننے والے، نہ پہچاننے والے، (افعال) اِنۡكَارٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، مُنۡكِرٌ واحد۔ (۵۸:۱۲) (۵۰:۲۱) (۶۹:۲۳)۔
مُنۡكَرُوۡنَ: ناآشنا، غیر معلوم، نہ پہچانے ہوئے، شناخت میں نہ آئے ہوئے، (افعال) اِنۡكَارٌ سے، اسم مفعول جمع مذکر، مُنۡكَرٌ واحد۔(۶۲:۱۵) (۲۵:۵۱)۔

مِنْكُمْ: (مِنْ. كُمْ) تم سے، تم میں سے، مِنْ حرف جر اور كُمْ ضمیر مجرور (جمع حاضر مذکر)۔ (٢:٦٥، ٨٣، ٨٥، ٨٥، ١٥١، ١٨٤، ١٨٥، ١٩٦، ٢١٧، ٢٣٢، ٢٣٤، ٢٤٠) (٣:١٠٤، ١٢٢، ١٤٠، ١٤٢، ١٥٢، ١٥٢، ١٥٤، ١٥٥، ١٩٥) (٤:١٥، ١٦، ٢١، ٢٥، ٢٥، ٢٩، ٤٣، ٥٩، ٧٢) (٥:٦، ١٢، ٤٨، ٥١، ٥٤، ٩٥، ٩٥، ١٠٦، ١١٥) (٦:٥٤، ١٣٠) (٧:١٨، ٣٥، ٦٣، ٦٩، ٨٧) (٨:٢٥، ٤٢، ٤٨، ٦٥، ٦٥، ٦٦، ٦٦، ٧٠، ٧٥) (٩:١٦، ٢٣، ٥٣، ٥٦، ٥٦، ٦١، ٦٦، ٦٩) (١١:٣٨، ٧٨، ٨١، ٨٩) (١٣:١٠) (١٥:٢٤، ٥٢، ٦٥) (١٦:٥٤، ٧٠) (١٩:٧١) (٢٢:٥، ٥، ٣٧) (٢٤:١١، ٢١، ٢٢، ٣٢، ٥٥، ٥٨، ٥٩، ٦٣) (٢٥:١٩) (٢٦:٢١) (٣٣:١٠، ١٨، ٥٣) (٣٦:٦٢) (٣٩:٧١) (٤٠:٦٧) (٤٣:٦٠) (٤٧:٣١، ٣٨) (٥٦:٨٥) (٥٧:٧، ١٠، ١٥) (٥٨:٢، ١١، ١٤) (٥٩:٧) (٦٠:١، ٤) (٦٤:٢، ٢) (٦٥:٢) (٦٩:١٨، ٤٧، ٤٩) (٧٣:٢٠) (٧٤:٣٧) (٧٦:٩) (٨١:٢٨).

مِنْكُنَّ: (مِنْ. كُنَّ) تم سے، تم میں سے، مِنْ حرف جر اور كُنَّ ضمیر مجرور (جمع حاضر مؤنث)۔ (٣٣:٢٩، ٣٠، ٣١) (٦٦:٥).

مَنَنَّا: ہم نے احسان کیا، ہم نے نعمت دی، (نصر۵: مَنَّ. يَمُنُّ) مَنٌّ سے، ماضی جمع متکلم۔ (٢٠:٣٧) (٣٧:١١٤).

مَنُوْعًا: بڑا روکنے والا، بہت بخیل، (فتح) مَنْعٌ سے، صیغۂ مبالغہ مفرد۔ (٧٠:٢١).

الْمَنُوْنِ: زمانہ، موت، (مؤنث ہے لیکن کبھی مذکر بھی استعمال ہوتا ہے)، [مادہ: منن]۔ رَيْبَ الْمَنُوْنِ: حوادث زمانہ، گردش روزگار، حادثۂ موت۔ (٥٢:٣٠).

مِنْهُ: (مِنْ. هُ) اس میں سے، مِنْ حرف جر اور هُ ضمیر (واحد غائب مذکر)۔ (٢:٦٠، ٧٤، ٧٤، ٢١٧، ٢٤٧، ٢٤٩، ٢٤٩، ٢٦٧، ٢٦٨، ٢٨٢) (٣:٧، ٧، ٤٥، ٨٥) (٤:٤، ٧، ٨، ٢٠، ٩٦، ١٥٧، ١٧١، ١٧٥) (٥:٦، ٩٥) (٦:٩٩، ٩٩) (٧:٢، ١٢، ١٦٠) (٨:١١، ١٧) (٩:٢١، ١١٤) (١٠:٥٠، ٥٩، ٦١) (١١:٢، ٥، ٩، ١٧، ١٧، ٣٨، ٦٣، ٨٨، ١١٠) (١٢:٣٦، ٨٠) (١٤:٤٦) (١٦:١٠، ١٠، ١٤، ١٤، ٦٧، ٧٥) (١٨:١٧، ١٩، ٣٣، ٧٠، ٨١، ٨٣) (١٩:٩٠) (٢٢:٥٥، ٧٣) (٢٣:٣٣) (٢٨:٧٨) (٣٠:٣٣) (٣٢:٢٧) (٣٥:١٨، ٤٠) (٣٦:٣٣، ٣٧، ٨٠) (٣٨:٧٦) (٣٩:٨، ٢٣) (٤١:٤٥) (٤٢:١٤) (٤٣:٥٧) (٤٥:١٣) (٥٠:١٩) (٥١:٥٠، ٥١) (٥٨:٢٢) (٦٢:٨) (٦٩:٤٥، ٤٦) (٧٣:٣، ٢٠) (٧٥:٣٩) (٧٨:٣٧).

مِنْهَا: (مِنْ. هَا) اس میں سے، مِنْ حرف جر اور هَا ضمیر (واحد غائب مؤنث)۔ (٢:٢٥، ٣٥، ٣٨، ٤٨، ٤٨، ٥٨، ٧٤، ٧٤، ١٠٦، ١٢٣) (٣:١٠٣، ١٤٥، ١٤٥) (٤:١، ٨٥، ٨٥، ٨٦) (٥:٢٢، ٢٢، ٣٧، ١١٣) (٦:٦٤، ٧٠، ١٢٢، ١٥١) (٧:١٣، ١٨، ٢٥، ٣٣، ٨٩، ١٢٣، ١٦١، ١٧٥، ١٨٩) (٩:٣٦، ٥٨، ٥٨) (١١:١٠٠) (١٢:٥٦) (١٥:٣٤، ٤٨) (١٦:٥، ٩) (١٧:٧٦) (١٨:٣٦) (٢٠:١٠، ٥٥، ٥٥، ١٢١، ١٢٣) (٢١:١٢) (٢٢:٢٢، ٢٨، ٣٦) (٢٣:١٩، ٢١، ١٠٧) (٢٤:٣١) (٢٥:٨، ١٣) (٢٧:٧، ٣٧، ٦٦، ٦٦، ٨٩) (٢٨:٢١، ٢٩، ٨٤) (٢٩:٣٥) (٣٢:٢٠) (٣٣:٣٧، ٧٢) (٣٤:٢، ٢١) (٣٦:٣٣، ٧٢، ٧٢) (٣٧:٦٦، ٦٦) (٣٨:٧٧) (٣٩:٦) (٤٠:٧٩، ٧٩) (٤٢:١٨، ٢٠) (٤٣:٤٧، ٧٣) (٤٥:٣٥) (٥٦:٥٣) (٥٧:٤) (٦٣:٨) (٦٨:٣٢) (٧١:٢٠) (٧٢:٩) (٧٩:٣١).

مِنْهَاجًا: کھلا ہوا راستہ، (فتح ا) نَهْجٌ سے جسکے معنی ہیں راستے کا کشادہ اور واضح ہونا، اسم آلہ مفرد۔ (٥:٤٨).

مِنْهُمْ: (مِنْ. هُمْ) ان سے، ان کی طرف سے، مِنْ جارہ، هُمْ ضمیر (جمع غائب مذکر)۔ (٢:٧٥، ٧٨، ١٠٠، ١٢٦، ١٢٩، ١٣٦، ١٤٦، ١٥٠، ١٦٧، ٢٠١، ٢٤٦، ٢٤٩، ٢٥٣، ٢٥٣، ٢٥٣) (٣:٢٣، ٢٨، ٥٢، ٧٥، ٧٨، ٨٤، ١١٠،

١٦٧، ١٧٢) (٦:٤، ٥٥، ٥٥، ٦٦، ٧٧، ٨١، ٨٣، ٨٣، ٨٩، ٨٩، ١٠٢، ١١٣، ١٥٢، ١٥٤، ١٦١، ١٦٢) (١٢:٥، ١٣، ١٣، ٣٢، ٣٦، ٥١، ٦٠، ٦٢، ٦٤، ٦٦، ٦٦، ٦٨، ٧١، ٧٣، ٨٠، ٨١، ٨٢، ١١٠) (١٠:٦، ٢٥، ١٥٧، ١٥٩) (١٨:٧، ٧٥، ١٣٦، ١٦٢، ١٦٤، ١٦٨، ١٦٨) (١٢:٨، ٥٦، ٧١) (٤٩:٩، ٥٤، ٥٨، ٦١، ٧٥، ٧٩، ٧٩، ٨٣، ٨٤، ٨٦، ٩٠، ١١٧، ١٢٢، ١٢٤) (٢:١٠، ٤٠، ٤٠، ٤٢، ٤٣) (٧٠:١١، ١٠٥، ١١٦) (١٠:١٢) (٤٠:١٥، ٤٤، ٧٩، ٨٨) (٣٦:١٦، ٣٦، ١١٣) (٦٣:١٧، ٦٤) (١٨:١٨، ١٨، ١٩، ٢٢، ٤٧) (٩٨:١٩) (١٣١:٢٠) (٢٩:٢١، ٤١) (٢٧:٢٣، ٣٢، ١١٠) (١١:٢٤، ١١، ٤٥، ٤٥، ٤٥، ٤٧، ٤٨، ٦٢) (٤:٢٨، ٦، ٣٣) (٤٠:٢٩، ٤٠، ٤٠، ٤٠، ٤٦) (٩:٣٠، ٣٣) (٣٢:٣١) (٢٤:٣٢) (٧:٣٣، ١٣، ١٣، ٢٣، ٢٣) (١٢:٣٤، ٢٢) (٣٢:٣٥، ٣٢، ٣٢، ٤٤) (٥١:٣٧) (٤:٣٨، ٦، ٢٢، ٨٣، ٨٥) (١٦:٤٠، ٢١، ٧٨، ٧٨، ٨٢) (١٥:٤١) (٨:٤٣، ٢٥، ٤١، ٥٥) (٤:٤٧، ١٦) (٢٥:٤٨، ٢٥، ٢٩) (١١:٤٩) (٢:٥٠، ٤، ٣٦) (٢٨:٥١، ٥٧) (١٦:٥٧، ٢٦، ٢٦، ٢٧، ٢٧) (١٤:٥٨) (٦:٥٩) (٧:٦٠) (٢:٦٢، ٣) (٣٨:٧٠، ٤١) (٥٢:٧٤) (٢٤:٧٦) (٣٧:٨٠) (٨:٨٥).

مِنْهُمَا: (مِنْ. هُمَا) ان دونوں سے، ان دونوں کی طرف سے، مِنْ جارہ، هُمَا ضمیر (تثنیہ غائب مذکر)۔ (١٠٢:٢، ٢٣٣) (١:٤، ١١، ١٢) (٤٢:١٢، ٤٥) (٢:٢٤) (٤٩:٢٨) (٢٢:٥٥).

مُنْهَمِرٍ: خوب برسنے والا، موسلا دھار، (انفعال ١) اِنْهِمَارٌ سے جسکے معنی گرنے اور بہنے، اور شکستہ وویران ہونے کے ہیں، اسم فاعل واحد مذکر۔ (١١:٥٤).

مِنْهُنَّ: (مِنْ. هُنَّ) ان سے، ان کی طرف سے، مِنْ جارہ، هُنَّ ضمیر (جمع غائب مؤنث)۔ (٢:٢٦٠) (٤:٢٤) (١٢:٣١) (٤:٣٣، ٣٧، ٥١) (١١:٤٩).

مِنِّيْ: (مِنْ. ن. ی) میری طرف سے، مجھ سے، مِنْ حرف جر، ن وقایہ اور ی ضمیر (واحد متکلم)۔ (٣٨:٢، ٢٤٩، ٢٤٩) (٣:٣٥) (١٤:٣٦) (١٩:٤) (٢٠:٣٩، ١٢٣) (٢٨:٣٤) (٣٢:١٣).

مَنِيٍّ: منی، نطفہ، یعنی وہ چیز جس سے انسانی ساخت کا قوام اور اندازہ بنایا جاتا ہے جسکو جوہر انسانی کہہ سکتے ہیں، (ضرب ۹: مَنٰی. یَمْنِیْ) مَنْیٌ (اندازہ کرنا، آزمانا) سے صیغۂ صفت مفرد۔ (٣٧:٧٥).

مُنِيْبٌ: خلوص سے رجوع کرنے والا، (افعال: اَنَابَ. یُنِیْبُ) اِنَابَةٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر، [مادہ: نوب]۔ (١١:٧٥)، مُنِيْبٍ (٣٤:٩) (٥٠:٨، ٣٣)، مُنِيْبًا (٣٩:٨).

مُنِيْبِيْنَ: رجوع کرنے والے، (افعال) اِنَابَةٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)، مُنِيْبٌ واحد۔ (٣٠:٣١، ٣٣).

مُنِيْرٍ: روشن، روشنی کرنے والا، خود روشن اور دوسروں کو روشن کرنے والا یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی، (افعال ۸: اَنَارَ. یُنِیْرُ) اِنَارَةٌ (روشن ہونا/ روشن کرنا) سے، اسم فاعل واحد مذکر، [مادہ: نور]۔ (٢٢:٨) (٣١:٢٠)، الْمُنِيْرِ (٣:١٨٤) (٣٥:٢٥)، مُنِيْرًا (٢٥:٦١) (٣٣:٤٦).

مَوَاخِرَ: پانی کو چیرنے والی (کشتیاں)، پانی کو پھاڑنے والیاں، (نصر، فتح ا) مَخْرٌ و مُخُوْرٌ (پانی کو آواز کے ساتھ چیرنا) سے، اسم فاعل جمع، مَاخِرٌ و مَاخِرَةٌ واحد۔ (١٦:١٤) (٣٥:١٢).

الْمَوَازِيْنَ: ترازوئیں/ پلڑے، وزن کیے ہوئے، (ضرب ٦: وَزَنَ. یَزِنُ) وَزْنٌ سے، اول معنی کے لحاظ سے مِیْزَانٌ کی جمع (اسم آلہ)، دوسرے معنی کے لحاظ سے مَوْزُوْنٌ کی جمع (اسم مفعول)۔ (٢١:٤٧).

مَوَازِيْنُهٗ: (مَوَازِيْنُ. هٗ) اس کے پلڑے، اس کے وزن، مَوَازِيْنُ (اسم آلہ یا اسم مفعول) مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٧:٨، ٩) (٢٣:١٠٢، ١٠٣) (١٠١:٦،

٨).

مَوَاضِعِهٖ:(مَوَاضِعِ.هٖ)اس کے رکھنے کے مقامات، مَوَاضِعِ مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ مَوَاضِع، مَوْضِعٌ کی جمع ہے جو(فتح٥؛وَضَعَ.یَضَعُ)وَضْعٌ سے اسم ظرف ہے۔(٤:٤٦) (٥:١٣، ٤١).

مَوَاطِنَ: میدان، جنگ کے مقامات اور موقعے، (ضرب٦؛ وَطَنَ.یَطِنُ) وَطْنٌ (جگہ پکڑنا،مقیم ہوجانا) سے،اسم ظرف جمع، مَوْطِنٌ واحد۔(٩:٢٥).

مَوَاقِعِ: گرنے کی جگہیں،غروب ہونے کی جگہیں،فرودگاہیں، مراد ستاروں کے غروب ہونے کے منازل، (مضاف)، (فتح٥؛ وَقَعَ.یَقَعُ) وُقُوْعٌ سے، اسم ظرف جمع، مَوْقِعٌ واحد۔ (٥٦:٧٥).

مُوَاقِعُوْا: گرنے والے، (مفاعلہ٦؛ وَاقَعَ.یُوَاقِعُ) مُوَاقَعَةٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (مرفوع) مضاف، مُوَاقِعٌ واحد، [مادہ؛ وقع]۔**مُوَاقِعُوْهَا**:اس میں گرنے والے،مُوَاقِعُوْا مضاف، هَا(ضمیر واحد غائب مؤنث)مضاف الیہ۔(١٨:٥٣).

مَوَاقِيْتُ: اوقات کی معلومات کے ذرائع/ پیمانے، (ضرب٦؛ وَقَتَ.یَقِتُ) وَقْتٌ (وقت مقرر کرنا) سے،اسم آلہ جمع، مِیْقَاتٌ واحد۔(٢:١٨٩).

مَوْئِلًا: لوٹنے کی جگہ، جائے پناہ، (ضرب٣+٦؛ وَاَلَ.یَئِلُ) وَاْلٌ (پناہ لینا)سے،اسم ظرف مکان۔(١٨:٥٨).

مَوَالِيَ: حمایتی لوگ/ دوست،عزیز و اقارب/ وارث،مَوْلٰی کی جمع،[مادہ؛ولی]۔(٤:٣٣)، الْمَوَالِيَ (١٩:٥).

مَوَالِيْكُمْ:(مَوَالِيْ.كُمْ) تمہارے دوست، مَوَالِيْ (مَوْلٰی کی جمع) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٣٣:٥).

الْمَوْءٗدَةُ: زندہ درگور لڑکی، زندہ دفن کی ہوئی، (ضرب٣+٦؛ وَاَدَ.یَئِدُ) وَاْدٌ (زندہ درگور کرنا) سے، اسم مفعول واحد مؤنث۔ (٨١:٨).

مَوْبِقًا: ہلاکت کی جگہ، مراد جہنم کا خاص درجہ ہے، (ضرب٦؛ وَبَقَ.یَبِقُ) وَبُقٌ (ہلاک ہونا) سے، اسم ظرف مکان۔ (١٨:٥٢).

الْمَوْتُ: موت، مرنا، مصدر (نصر١؛مَاتَ.یَمُوْتُ کا، سمع٨؛ مَاتَ.یَمَاتُ کا)، زیادہ تر باب نصر سے ہی استعمال ہوتا ہے۔ (٢:١٣٣، ١٨٠) (٤:١٥، ١٨، ٧٨، ١٠٠) (٥:١٠٦) (٦:٦١) (١٤:١٧) (٢٣:٩٩) (٦٣:١٠)، الْمَوْتِ (٢:١٩، ٢٤٣) (٣:١٨٥) (٥:١٠٦) (٦:٩٣) (٨:٦) (١١:٧) (٢١:٣٥) (٢٩:٥٧) (٣٢:١١) (٣٣:١٦، ١٩) (٤٧:٢٠) (٥٠:١٩)، الْمَوْتَ (٢:٩٤) (٣:١٤٣، ١٦٨) (٣٤:١٤) (٣٩:٤٢) (٤٤:٥٦) (٥٦:٦٠) (٦٢:٦، ٨) (٦٧:٢)، مَوْتًا (٢٥:٣).

الْمَوْتٰی: مردے، مَیِّتٌ کی جمع۔(٢:٧٣، ٢٦٠) (٣:٤٩) (٥:١١٠) (٦:٣٦، ١١١) (٧:٥٧) (١٣:٣١) (٢٢:٦) (٢٧:٨٠) (٣٠:٥٠، ٥٢) (٣٦:١٢) (٤١:٣٩) (٤٢:٩) (٤٦:٣٣) (٧٥:٤٠).

الْمَوْتَةَ: موت، ایک بار مرنا، (نصر) مَوْتٌ سے، اسم مرة۔ (٤٤:٥٦).

مَوْتَتَنَا: (مَوْتَةُ.نَا) ہماری موت، مَوْتَةُ ([مادہ؛موت]) مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔(٤٤:٣٥)، مَوْتَتَنَا (٣٧:٥٩).

مَوْتِكُمْ: (مَوْتِ. كُمْ) تمہاری موت، مَوْتِ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(٢:٥٦).

مُوْتُوْا: تم مرجاؤ، (نصر١؛مَاتَ.یَمُوْتُ)مَوْتٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔(٢:٢٤٣) (٣:١١٩).

مَوْتِهٖ: (مَوْتِ.هٖ) اس کی موت، مَوْتِ مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(٤:١٥٩) (٣٤:١٤).

مَوْتِهَا: (مَوْتِ.هَا) اس کی موت، مَوْتِ مضاف، هَا (ضمیر

واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (٢:١٦٤، ٢٥٩) (١٦:٦٥) (٢٩:٦٣) (٣٠:١٩، ٢٤، ٥٠) (٣٥:٩) (٣٩:٤٢) (٤٥:٥) (٥٧:١٧).

مَوْثِقًا: پختہ پیمان، مضبوط عہد، (ضرب٦؛ وَثَقَ.يَثِقُ) وَثُوْقٌ (بھروسا کرنا، اعتبار کرنا، مضبوط ہونا) سے، مصدر میمی۔ (١٢:٦٦، ٨٠).

نَنْسٰكُمْ: (نَنْسٰی. كُمْ) ہم تم کو بھول جائیں گے/ تمہیں بھلا دیں گے، یعنی بھولے بسرے کی طرح بالکل چھوڑ دیں گے، نَنْسٰی، (سمع ا؛ نَسِیَ. يَنْسٰی) نِسْيَانٌ سے، مضارع جمع متکلم، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۳۴:۴۵).

نَنْسٰهُمْ: (نَنْسٰی. هُمْ) ہم ان کو بھلا دیں گے، ہم ان کو (بھولے ہوئے کی طرح) چھوڑ دیں گے، نَنْسٰی، (سمع) نِسْيَانٌ سے، مضارع جمع متکلم، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۵۱:۷).

نَنْسَخْ: ہم (آیت/حکم) منسوخ کر دیتے ہیں، ہم موقوف کر دیتے ہیں، (فتح ا) نَسْخٌ (منسوخ کرنا، زائل کرنا، مٹانا) سے، مضارع جمع متکلم۔ تنسیخ حکم کی تین صورتیں ہیں: ۱) الفاظ یا آیات تو موجود ہیں لیکن حکم منسوخ ہے جیسے وصیت کے وجوب کی آیت یا جہاد میں ہزار کے مقابلے میں سو کو مقابلے کا حکم دینے والی آیت، ۲) تلاوت بھی منسوخ کر دی گئی اور حکم بھی جیسے روایات میں بعض سورتوں کے بارے میں آتا ہے کہ وہ صحابہؓ کے سینوں سے اٹھالی گئیں، ۳) تلاوت منسوخ کر دی گئی لیکن حکم موجود ہے جیسے رجم کی سزا۔ (۱۰۶:۲).

نَنْسِفَنَّهٗ: (لَنَنْسِفَنَّ. هٗ) ہم اس کو ضرور بکھیر دیں گے، لَنَنْسِفَنَّ، (ضرب ا) نَسْفٌ (بکھیرنا، اڑانا) سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ جمع متکلم، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۹۷:۲۰).

نُنْسِهَا: (نُنْسِ. هَا) ہم اس کو فراموش کرا دیتے ہیں، اس کو ترک کرنے کا حکم دیتے ہیں، ہم اس کو بھلا دیتے ہیں، نُنْسِ، (افعال ا؛ اَنْسٰی. يُنْسِیْ) اِنْسَاءٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع متکلم، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ دیکھو نَنْسَخْ۔

(۱۰۶:۲).

نُنْشِئَكُمْ: (نُنْشِئَ. كُمْ) ہم تم کو پیدا کر دیں/تمہیں اٹھا دیں/تم کو بنا دیں، نُنْشِئَ، (افعال۴: اَنْشَاَ. یُنْشِئُ) اِنْشَاءٌ سے، مضارع جمع متکلم، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۶۱:۵۶).

نُنْشِزُهَا: (نُنْشِزُ. هَا) ہم اسے اٹھاتے ہیں، ہم اسے جوڑتے ہیں، نُنْشِزُ، (افعال ۱) اِنْشَازٌ (کھڑا کرنا، بلند کرنا، سمٹانا/سمیٹ کر کھڑا کرنا) سے، مضارع جمع متکلم، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۲۵۹:۲).

نَنْصُرُ: ہم یقینی مدد کرتے ہیں، نَصْرٌ سے، مضارع جمع متکلم۔ (۵۱:۴۰).

نَنْصُرَنَّكُمْ: (لَنَنْصُرَنَّ. كُمْ) ہم ضرور تمہاری مدد کریں گے، لَنَنْصُرَنَّ، نَصْرٌ سے، مضارع با نون تاکید ثقیلہ جمع متکلم، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۱۱:۵۹).

نَنْظُرُ: ہم دیکھتے ہیں، ہم دیکھیں گے، (نصر) نَظْرٌ و نَظَرٌ سے، مضارع جمع متکلم۔ (۲۷:۲۷)، نَنْظُرَ (تاکہ ہم دیکھیں) (۱۴:۱۰)، نَنْظُرْ (ہم دیکھیں) (۴۱:۲۷).

نَنْقُصُهَا: (نَنْقُصُ. هَا) ہم اس کو کم کرتے چلے جا رہے ہیں، نَنْقُصُ، (نصر ۱) نَقْصٌ سے جسکے معنی کم ہونے، گھٹنے اور گھٹانے کے ہیں، مضارع جمع متکلم، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۴۱:۱۳) (۴۴:۲۱).

نُنَكِّسْهُ: (نُنَكِّسْ. هُ) ہم اسے الٹا کر دیتے ہیں/ اس کو کبڑا کر دیتے ہیں، نُنَكِّسْ، (تفعیل ۱) تَنْكِيسٌ سے، مضارع جمع متکلم، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۶۸:۳۶).

لَمْ نَنْهَكَ: (لَمْ نَنْهَ. كَ) ہم نے تجھے منع نہیں کیا، لَمْ نَنْهَ، (فتح ۷: نَهٰى. یَنْهٰى) نَهْیٌ (روکنا) سے، مضارع منفی بہ لم جمع متکلم، کَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (۷۰:۱۵).

النَّوَاصِيْ: پیشانیاں، پیشانیوں کے بال، نَاصِيَةٌ کی جمع، [مادہ؛ نصی]۔ (۴۱:۵۵).

النَّوٰى: کھجور کی گٹھلیاں، نَوَاةٌ واحد، [مادہ؛ نوی]۔ (۹۵:۶).

نُوحٌ: حضرت نوحؑ۔ نوحؑ بن لامک نینویٰ کے رہنے والے تھے، آپ اللہ کے جلیل القدر پیغمبر تھے۔ حضرت نوحؑ نے ۹۵۰ برس سے زائد عمر پائی اور تمام عمر اپنی قوم کو اللہ کی طرف بلاتے رہے۔ لیکن قوم نے آپ کی دعوت قبول نہیں کی اور بالآخر غرق کر دی گئی۔ (عراق کے علاقے میں) ایسا طوفان آیا کہ روئے زمین پر کوئی جاندار نہ بچا، صرف آپ کے ساتھ کشتی بھر لوگ جو آپ پر ایمان لائے تھے، بچے۔ پھر انہی کی نسل سے دنیا آباد ہوئی۔ آپ حضرت آدمؑ کی دسویں نسل سے تھے۔ حضرت نوحؑ کا تذکرہ قرآن میں بہت سے مقامات پر آیا ہے، تفصیلی تذکرے کے لیے ملاحظہ ہو سورۃ ہود (آیت ۲۵ تا ۴۹) اور سورۃ نوح۔ (۴۲:۱۱، ۴۵) (۱۰۶:۲۶) (۷۵:۳۷) (۷۱:۲۱، ۲۶)، نُوحٍ (۱۶۳:۴) (۶۹:۷) (۷۰:۹) (۷۱:۱۰) (۳۶:۱۱، ۸۹) (۹:۱۴) (۳:۱۷، ۱۷) (۵۸:۱۹) (۴۲:۲۲) (۳۷:۲۵) (۱۰۵:۲۶) (۷:۳۳) (۷۹:۳۷) (۱۲:۳۸) (۵:۴۰، ۳۱) (۱۲:۵۰) (۴۶:۵۱) (۵۲:۵۳) (۹:۵۴) (۱۰:۶۶)، نُوحُ (۳۲:۱۱، ۴۶، ۴۸) (۱۱۶:۲۶)، نُوحًا (۳۳:۳) (۸۴:۶) (۵۹:۷) (۲۵:۱۱) (۷۶:۲۱) (۲۳:۲۳) (۱۴:۲۹) (۱۳:۴۲) (۲۶:۵۷) (۱:۷۱).

نُوحِيْ: ہم وحی کرتے ہیں، ہم وحی بھیجتے تھے، (افعال؛ اَوْحٰى. یُوْحِیْ) اِیْحَاءٌ سے، مضارع جمع متکلم، [مادہ؛ وحی]۔ (۱۰۹:۱۲) (۴۳:۱۶) (۷:۲۱، ۲۵).

نُوحِيهِ: (نُوحِیْ. هِ) ہم اس کو وحی کرتے ہیں، نُوْحِیْ، (افعال) اِیْحَاءٌ سے، مضارع جمع متکلم، هِ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۴۴:۳) (۱۰۲:۱۲).

نُوحِيهَا: (نُوحِیْ. هَا) ہم اس کو وحی کرتے ہیں، نُوْحِیْ، (افعال) اِیْحَاءٌ سے، مضارع جمع متکلم، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۴۹:۱۱).

نُوْدُوْا: ان کو پکارا گیا/پکارا جائے گا، (مفاعلہ؛ نَادٰی. یُنَادِیْ)

نِدَاءٌ و مُنَادَاةٌ سے، ماضی مجہول جمع غائب مذکر، [مادہ؛ ندی]۔ (۴۳:۷).

نُوْدِیَ: اس کو پکارا گیا، (جب) پکارا جائے، (مفاعلہ) نِدَاءٌ و مُنَادَاةٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔ (۱۱:۲۰) (۸:۲۷) (۳۰:۲۸) (۹:۶۲).

نُوْرٌ: روشنی، نور، ہدایت، روشن کرنے والا، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام، اَنْوَارٌ جمع۔ (۱۵:۵، ۴۴، ۴۶) (۳۵:۲۴)، نُوْرٍ (۳۵:۲۴، ۴۰) (۲۲:۳۹، ۶۹:۳۹)، نُوْرَ (۳۲:۹) (۸:۶۱)، نُوْرُ (۳۵:۲۴)، النُّوْرِ (۲۵۷:۲، ۲۵۷) (۱۶:۵) (۱:۱۴، ۵) (۴۳:۳۳) (۹:۵۷) (۸:۶۴) (۱۱:۶۵)، النُّوْرَ (۱:۶) (۱۵۷:۷)، النُّوْرُ (۱۶:۱۳) (۲۰:۳۵)، نُوْرًا (۱۷۴:۴) (۹۱:۶، ۱۲۲) (۵:۱۰) (۴۰:۲۴) (۵۲:۴۲) (۱۳:۵۷، ۲۸) (۱۶:۷۱).

نُوْرِثُ: ہم وارث بنائیں گے، (افعال) اِیْرَاثٌ سے، مضارع جمع متکلم، [مادہ؛ ورث]۔ (۶۳:۱۹).

نُوْرِكُمْ: (نُوْرِ. كُمْ) تمہارا نور، نُوْرِ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۳:۵۷).

نُوْرَنَا: (نُوْرَ. نَا) ہمارا نور، نُوْرَ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (۸:۶۶).

نُوْرِهٖ: (نُوْرِ. هٖ) اس کا نور، نُوْرِ مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۳۵:۲۴، ۳۵) (۸:۶۱)، نُوْرَهٗ (۳۲:۹).

نُوْرُهُمْ: (نُوْرُ. هُمْ) ان کا نور، نُوْرُ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۲:۵۷، ۱۹) (۸:۶۶)، نُوْرِهِمْ (۱۷:۲).

نُوَفِّ: ہم پورا پورا حق دیں گے، (تفعیل؛ وَفّٰی. یُوَفِّیْ) تَوْفِیَةٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع متکلم، [مادہ؛ وفی]۔ (۱۵:۱۱).

نُوَلِّهٖ: (نُوَلِّ. هٖ) ہم اسے پھیر دیں گے، نُوَلِّ، (تفعیل؛ وَلّٰی. یُوَلِّیْ) تَوْلِیَةٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع متکلم (اصل میں نُوَلِّیْ، شرط کی وجہ سے ی گرگئی)، هٖ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)، [مادہ؛ ولی]۔ (۱۱۵:۴).

نُوَلِّیْ: ہم حاکم بنا دیتے ہیں/مسلط کر دیتے ہیں، ہم ساتھی بنا دیں گے، (تفعیل ۱۲؛ وَلّٰی. یُوَلِّیْ) تَوْلِیَةٌ (متولی بنانا، کسی کے پیچھے کرنا/ دوست بنانا، اعراض کرنا) سے، مضارع جمع متکلم۔ (۱۲۹:۶).

نُوَلِّیَنَّكَ: (لَنُوَلِّیَنَّ. كَ) ہم تجھے ضرور پھیر دیں گے، لَنُوَلِّیَنَّ، (تفعیل) تَوْلِیَةٌ سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ جمع متکلم، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (۱۴۴:۲).

نَوْمٌ: نیند، سونا، مصدر (نصر؛ نَامَ. یَنُوْمُ و سمع؛ نَامَ. یَنَامُ کا)۔ (۲۵۵:۲)، النَّوْمَ (۴۷:۲۵).

نَوْمَكُمْ: (نَوْمَ. كُمْ) تمہاری نیند کو، نَوْمَ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۹:۷۸).

النُّوْنِ: مچھلی، دوات کو بھی کہتے ہیں، اَنْوَانٌ و نِیْنَانٌ جمع۔ (۸۷:۲۱).

نَهَارٌ: دن، کوئی دن، کسی دن، اسم جنس، [مادہ؛ نهر]۔ (۳۵:۴۶)، النَّهَارِ (۱۶۴:۲، ۲۷۴) (۲۷:۳، ۷۲، ۱۹۰) (۱۳:۶، ۶۰) (۶:۱۰، ۴۵) (۱۱۴:۱۱) (۱۰:۱۳) (۱۲:۱۷) (۱۳۰:۲۰) (۴۲:۲۱) (۶۱:۲۲) (۸۰:۲۳) (۲۳:۳۰) (۲۹:۳۱) (۳۳:۳۴) (۱۳:۳۵) (۴۰:۳۶) (۵:۳۹) (۳۸:۴۱) (۵:۴۵) (۶:۵۷) (۷:۷۳) (۳:۹۱) (۲:۹۲)، النَّهَارَ (۲۷:۳) (۵۴:۷) (۶۷:۱۰) (۳:۱۳) (۳۳:۱۴) (۱۲:۱۶) (۱۲:۱۷) (۲۰:۲۱، ۳۳) (۶۱:۲۲) (۴۴:۲۴) (۴۷:۲۵، ۶۲) (۸۶:۲۷) (۷۲:۲۸، ۷۳) (۲۹:۳۱) (۱۳:۳۵) (۳۷:۳۶) (۵:۳۹) (۶۱:۴۰) (۶:۵۷) (۲۰:۷۳) (۱۱:۷۸)، النَّهَارُ (۳۷:۴۱)، نَهَارًا (۲۴:۱۰، ۵۰) (۵:۷۱).

النُّهٰی: بری باتوں سے روکنے والی عقلیں، دانش، احساسات،

نُھَیَۃٌ کی جمع، [مادہ؛نھی]۔ نَھْی کا معنی ہے روکنا، منع کرنا، عقل بھی انسان کو بری اور قبیح باتوں سے روکتی ہے اس لیے عقل کو نُھیَۃ کہا جاتا ہے۔(۲۰: ۵۴، ۱۲۸).

نَھٰی: اس نے منع کیا/ روکا، (فتح: نَھٰی.یَنْھٰی) نَھْیٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۷۹: ۴۰).

نَھٰکُمْ: (نَھٰی. کُمْ) اس نے تمہیں روک دیا/تمہیں منع کر دیا، نَھٰی، (فتح) نَھْیٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(۷: ۵۹).

نَھٰکُمَا: (نَھٰی. کُمَا) اس نے تم دونوں کو (نہیں) منع کیا/تم کو (نہیں) روکا، نَھٰی، (فتح) نَھْیٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، کُمَا ضمیر مفعول (تثنیہ حاضر مذکر)۔(۷: ۲۰).

نَھْتَدِیَ: ہم کبھی ہدایت (نہ) پاتے، (کہ) ہم راستہ پاتے، (افتعال: اِھْتَدٰی.یَھْتَدِیْ) اِھْتِدَاءٌ سے، مضارع جمع متکلم، [مادہ؛ھدی]۔(۷: ۴۳).

نَھْدِیْ: ہم ہدایت کرتے ہیں، ہم راستہ دکھا دیتے ہیں، (ضرب۹: ھَدٰی.یَھْدِیْ) ھِدَایَۃٌ سے، مضارع جمع متکلم۔(۴۲: ۵۲).

نَھْدِیَنَّھُمْ: (لَنَھْدِیَنَّ. ھُمْ) ہم ان کو ضرور ہدایت دیں گے، لَنَھْدِیَنَّ، (ضرب) ھِدَایَۃٌ سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ جمع متکلم، ھُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۲۹: ۶۹).

نَھَرٍ: نہر، ندی، دریا، اَنْھَارٌ جمع۔(۲: ۲۴۹) (۵۴: ۵۴)، نَھَرًا (۱۸: ۳۳).

نُھْلِكَ: (کہ) ہم تباہ کر دیں، (افعال ا) اِھْلَاكٌ سے، مضارع جمع متکلم۔(۱۷: ۱۶).

لَمْ نُھْلِكْ: (کیا) ہم نے ہلاک نہیں کیا، (افعال) اِھْلَاكٌ سے، مضارع منفی بہ لم جمع متکلم۔(۷۷: ۱۶).

نُھْلِکَنَّ: (لَنُھْلِکَنَّ) ہم ضرور ہلاک کر دیں گے، (افعال) اِھْلَاكٌ سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ جمع متکلم۔(۱۴: ۱۳).

نَھَوْا: انہوں نے منع کیا، انہوں نے روکا، وہ منع کریں، (فتح) نَھْیٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(۲۲: ۴۱).

نُھُوْا: ان کو منع کیا گیا، وہ روکے گئے، (فتح) نَھْیٌ سے، ماضی مجہول جمع غائب مذکر۔ (۴: ۱۶۱) (۶: ۲۸) (۷: ۱۶۶) (۵۸: ۸، ۸).

نُھِیْتُ: مجھے روکا گیا ہے/منع کیا گیا، مجھے ممانعت کر دی گئی ہے، (فتح) نَھْیٌ سے، ماضی مجہول واحد متکلم۔(۶: ۵۶) (۴۰: ۶۶).

نُیَسِّرُكَ: (نُیَسِّرُ. كَ) ہم تیرے لیے آسان کر دیں گے، ہم تجھے سہولت پیدا کر دیں گے، نُیَسِّرُ، (تفعیل ۷؛ یَسَّرَ.یُیَسِّرُ) تَیْسِیْرٌ (سہل کر دینا، آسانی کر دینا) سے، مضارع جمع متکلم، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔(۸۷: ۸).

نُیَسِّرُہٗ: (نُیَسِّرُ. ہٗ) ہم اس کے لیے آسان کر دیں گے، نُیَسِّرُ، (تفعیل) تَیْسِیْرٌ سے، مضارع جمع متکلم، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۹۲: ۷، ۱۰).

نَیْلًا: کامیابی، کامیاب ہونا، مطلب پانا، مصدر ہے (سمع۹؛ نَالَ.یَنَالُ کا)۔(۹: ۱۲۰).

'و'

وَ: اور، حالانکہ، حرف عاطفہ اور حالیہ۔ قسم کیلئے بھی آتا ہے اس صورت میں یہ قسمیہ اور جارہ ہوتا ہے۔ تاکید کیلئے بھی آتا ہے۔ (۱: ۵، ۷) (۲: ۳، ۳، ۴، ۴، ۴، ۵، ۷، ۷، ۷، ۸، ۷، ۸، ۸، ۸، ۹، ۹، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۳، .....) .....

وَابِلٌ: موسلا دھار بارش، سخت بارش، بڑے بڑے قطروں والی بارش، [مادہ؛وبل]۔(۲: ۲۶۴، ۲۶۵، ۲۶۵).

وَاثَقَکُمْ: (وَاثَقَ. کُمْ) اس نے تم سے مضبوط عہد لیا، وَاثَقَ، (مفاعلہ ۶؛ وَاثَقَ.یُوَاثِقُ) مُوَاثَقَۃٌ (معاہدہ کرنا) سے، ماضی واحد

غائب مذکر، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)، [مادہ؛ وثق]۔ (٧:٥).

وَاجِفَةٌ: ترساں و لرزاں، کانپنے والی، (ضرب٦؛ وَجَفَ. یَجِفُ) وَجْفٌ (بے قرار ہونا، مضطرب ہونا) سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔ (٨:٧٩).

وَاحِدٌ: ایک، کوئی ایک، اکیلا، یگانہ، اللہ کا ایک صفاتی نام، اسم واحد مذکر ہے، اسم عدد بھی ہے اور (ضرب٦؛ وَحَدَ. یَحِدُ) وَحْدٌ و وَحْدَةٌ (ایک ہونا/ اکیلا ہونا) سے اسم فاعل بھی، [مادہ؛ وحد]۔ (١٦٣:٢) (١٧١:٤) (٧٣:٥) (١٩:٦) (٥٢:١٤) (٢٢:١٦، ٥١) (١١٠:١٨) (١٠٨:٢١) (٣٤:٢٢) (٤٦:٢٩) (٤:٣٧) (٦:٤١)، وَاحِدٍ (٦١:٢) (١١:٤، ١٢) (٦٧:١٢) (٤:١٣) (٢:٢٤)، الْوَاحِدِ (٤٨:١٤) (١٦:٤٠)، الْوَاحِدُ (٣٩:١٢) (١٦:١٣) (٦٥:٣٨) (٤:٣٩)، وَاحِدًا (١٣٣:٢) (٣١:٩) (١٤:٢٥) (٥:٣٨) (٢٤:٥٤).

وَاحِدَةٌ: ایک، اکیلی، (ضرب) وَحْدٌ و وَحْدَةٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔ (١٩:٣٧) (٢٣:٣٨) (٥٠:٥٤) (١٣:٦٩) (١٣:٧٩)، وَاحِدَةٍ (١:٤) (٩٨:٦) (١٨٩:٧) (٣١:١٢) (٢٨:٣١) (٤٦:٣٤) (٦:٣٩)، وَاحِدَةً (٢١٣:٢) (٣:٤، ١١، ١٠٢) (٤٨:٥) (١٩:١٠) (١١٨:١١) (٩٣:١٦) (٩٢:٢١) (٥٢:٢٣) (٣٢:٢٥) (٢٩:٣٦، ٤٩، ٥٣) (١٥:٣٨) (٨:٤٢) (٣٣:٤٣) (٣١:٥٤) (١٤:٦٩).

وَادِ: دو پہاڑوں کے درمیان کا میدان، وادی، درہ، اسم مفرد مجرور (اصل میں اسم منقوص، بحالت رفع وجر، یہاں مجرور ہے)، اَوْدِيَةٌ جمع، [مادہ؛ ودی]۔ یہ اصل میں (ضرب١٠؛ وَدٰی. یَدِیْ) وَدْیٌ سے ہے جسکا معنی ہے بہنا۔ پس وادی وہ جگہ ہے جہاں پانی بہتا ہے اور ایسا بالعموم پہاڑوں کے درمیان میدان میں ہوتا ہے۔ (٣٧:١٤) (٢٢٥:٢٦)، وَادِ (١٨:٢٧)، وَادِيًا (منصوب) (١٢١:٩)، الْوَادِ (اصل میں الْوَادِیْ) (١٢:٢٠) (٣٠:٢٨) (١٦:٧٩) (٩:٨٩).

الْوَارِثُ: وارث، میراث میں حصہ پانے والا، وہ شخص جو کسی کے مرنے کے بعد اس کے چھوڑے ہوئے مال وجائداد میں حصہ دار ہوتا ہے، (حسب٢؛ وَرِثَ. یَرِثُ) وِرَاثَةٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (٢٣٣:٢).

الْوٰرِثُوْنَ: وارث، اسم فاعل جمع مذکر، الْوَارِثُ کی جمع بحالت رفع۔ (٢٣:١٥) (١٠:٢٣).

الْوٰرِثِیْنَ: وارث، اسم فاعل جمع مذکر، الْوَارِثُ کی جمع بحالت نصب وجر۔ (٨٩:٢١) (٥:٢٨، ٥٨).

وَارِدُ: سامنے پہنچ جانے والا یا اترنے والا، (ضرب٦؛ وَرَدَ. یَرِدُ) وُرُوْدٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ **وَارِدُهَا:** اس کا وارد، اس پر اترنے والا، اس پر پہنچنے والا، وَارِدُ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (٧١:١٩).

وَارِدَهُمْ: ان کا وارد، ان کا سقا/ پانی پر اترنے والا، ان کا پہنچنے والا، وَارِدَ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (١٩:١٢).

وٰرِدُوْنَ: اترنے والے، داخل ہونے والے، پہنچنے والے، (ضرب) وُرُوْدٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر، وَارِدٌ واحد۔ (٩٨:٢١).

وَازِرَةٌ: بوجھ اٹھانے والی (جان)، گناہ کا بار اٹھانے والا، (ضرب٦؛ وَزَرَ. یَزِرُ) وِزْرٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔ (١٦٤:٦) (١٥:١٧) (١٨:٣٥) (٧:٣٩) (٣٨:٥٣).

وَاسِعٌ: بخشش والا، ہر چیز پر محیط، بہت دینے والا، کشائش والا، وسیع، اسمائے حسنٰی میں سے ہے، (سمع٦؛ وَسِعَ. یَسَعُ) وَسْعٌ و سَعَةٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (١١٥:٢، ٢٤٧، ٢٦١، ٢٦٨) (٧٣:٣) (٥٤:٥) (٣٢:٢٤)، وَاسِعُ (٣٢:٥٣)، وَاسِعًا (١٣٠:٤).

وَاسِعَةٌ: کشادہ، فراخ، وسیع (رحمت)، بڑی (مہربانی)، (سمع) سَعَةٌ و وَسْعٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔ (٥٦:٢٩) (١٠:٣٩)، وَاسِعَةٍ (١٤٧:٦)، وَاسِعَةً (٩٧:٤).

وَاصِبٌ: ہمیشہ، دوامی، جم جانے والا، قائم رہنے والا، جاودانی، لازوال، (ضرب ۶؛ وَصَبَ. یَصِبُ) وُصُوْبٌ (قائم رہنا، ثابت رہنا) سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(۹:۳۷)، وَاصِبًا (۱۶:۵۲).

وٰعَدْنَا: ہم نے وعدہ کیا، (مفاعلہ) مُوَاعَدَۃٌ سے، ماضی جمع متکلم، [مادہ؛ وعد]۔(۲:۵۱) (۷:۱۴۲).

وٰعَدْنٰکُمْ: (وَاعَدْنَا. کُمْ) ہم نے تمہارے لیے میعاد مقرر کر دی، ہم نے تم سے وعدہ کیا، وَاعَدْنَا، (مفاعلہ) مُوَاعَدَۃٌ سے، ماضی جمع متکلم، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(۲۰:۸۰).

الْوٰعِظِیْنَ: نصیحت کرنے والے، (ضرب ۶؛ وَعَظَ. یَعِظُ) وَعْظٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب و جر)، وَاعِظٌ واحد۔ (۲۶:۱۳۶).

وَاعِیَۃٌ: یاد رکھنے والے (کان)، (ضرب ۱۰؛ وَعٰی. یَعِیْ) وَعْیٌ (حفاظت کرنا، یاد کرنا) سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔(۶۹:۱۲).

وَاقٍ: بچانے والا، حفاظت کرنے والا، (ضرب؛ وَقٰی. یَقِیْ) وَقْیٌ و وِقَایَۃٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر (منقوص، بحالت رفع و جر) یہاں مجرور ہے۔(۱۳:۳۴، ۳۷) (۴۰:۲۱).

وَاقِعٌ: واقع ہونے والا، گرنے والا، اترنے والا، لازمی ہو جانے والا، (فتح ۵؛ وَقَعَ. یَقَعُ) وُقُوْعٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔ (۷:۱۷۱) (۴۲:۲۲) (۵۱:۶) (۵۲:۷) (۷۷:۷)، وَاقِعٍ (۷۰:۲).

الْوَاقِعَۃُ: واقع ہونے والی، ہو پڑنے والی، مراد قیامت، (فتح) وُقُوْعٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔(۵۶:۱) (۶۹:۱۵).

وَالٍ: مددگار، حامی، مدد پر قادر، (ضرب ۱۰؛ وَلِیَ. یَلِیْ) وِلَایَۃٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر (منقوص، بحالت رفع و جر) یہاں مجرور ہے۔(۱۳:۱۱).

وَالِدٌ: جننے والا، باپ، (ضرب ۶؛ وَلَدَ. یَلِدُ) وِلَادَۃٌ (جننا) سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(۳۱:۳۳)، وَالِدٍ (۹۰:۳).

الْوَالِدٰتُ: مائیں، (ضرب) وِلَادَۃٌ سے، اسم فاعل جمع مؤنث، وَالِدَۃٌ واحد۔(۲:۲۳۳).

الْوَالِدٰنِ: والدین، وَالِدٌ کا تثنیہ بحالت رفع۔ (۴:۷، ۷، ۳۳).

وَالِدَۃٌ: جننے والی، ماں، (ضرب) وِلَادَۃٌ سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔(۲:۲۳۳).

وَالِدَتِکَ: (وَالِدَۃِ. کَ) تیری والدہ، وَالِدَۃِ مضاف، کَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۵:۱۱۰).

وَالِدَتِیْ: (وَالِدَۃِ. یْ) میری والدہ، وَالِدَۃِ مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔(۱۹:۳۲).

وَالِدِہٖ: (وَالِدِ. ہٖ) اس کا والد، اس کا باپ، وَالِدِ مضاف، ہٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۳۱:۳۳).

وَالِدَیَّ: (وَالِدَیْ. یَ) میرے والدین، وَالِدَیْ (وَالِدٌ کا تثنیہ بحالت نصب و جر) مضاف، یَ (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔ اضافت کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا۔ (۱۴:۴۱) (۲۷:۱۹) (۴۶:۱۵) (۷۱:۲۸).

وَالِدَیْکَ: (وَالِدَیْ. کَ) تیرے والدین، وَالِدَیْ مضاف، کَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۳۱:۱۴).

الْوَالِدَیْنِ: والدین، وَالِدٌ کا تثنیہ بحالت نصب و جر۔(۲:۸۳، ۱۸۰، ۲۱۵) (۴:۳۶، ۱۳۵) (۶:۱۵۱) (۱۷:۲۳).

وَالِدَیْہِ: (وَالِدَیْ. ہِ) اس کے والدین، وَالِدَیْ مضاف، ہِ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۹:۱۴) (۲۹:۸) (۳۱:۱۴) (۴۶:۱۵، ۱۷).

وَاہِیَۃٌ: کمزور، بوسیدہ، پھٹا ہوا، (ضرب ۱۰؛ وَھٰی. یَھِیْ) وَھْیٌ (بوسیدہ و کمزور ہونا) سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔(۶۹:۱۶).

وَبَالَ: سختی، ناگواری بوجہ گرانی، بداعمالی کی سخت سزا، (مضاف)، مصدر (کرم ۵؛ وَبُلَ. یَوْبُلُ کا)۔ (۵:۹۵) (۵۹:۱۵)

(۵:٦٤) (٩:٦٥).

وَبِيلًا: سخت، ناگوار، بھاری وبال، (کرم۵) وَبْلٌ و وَبَالٌ سے، صیغہ صفت مفرد۔(۱٦:۷۳).

الْوَتْرِ: طاق، اکیلا، وہ حرف جو دو پر پورا پورا تقسیم نہ ہو سکے، شَفْعٌ کی ضد ہے۔ تمام مخلوق 'شفع' یعنی جوڑا جوڑا ہے جیسے کفر و ایمان، ہدایت و گمراہی، سعادت و شقاوت، رات و دن، زمین و آسمان، بحر و بر، شمس و قمر، جن و انس وغیرہ اور 'وتر' تنہا اللہ کی ذات ہے۔ (شفع اور وتر کے بارے میں مزید بھی متعدد اقوال بیان کیے جاتے ہیں)۔ (۳:۸۹).

الْوَتِينَ: زندگی کی رگ، دل کی ڈوری، دل کی رگ، وُتُنٌ اور اَوْتِنَةٌ جمع، [مادہ؛ وتن]۔(٤٦:٦٩).

الْوَثَاقَ: بندھن، بندش، جکڑ، اسم ہے، وُثُقٌ جمع، [مادہ؛ وثق]۔ (٤:٤۷).

وَثَاقَهٗ: (وَثَاقَ.ہٗ) اس کی جیسی بندش/ جکڑ، اس کی زنجیر، اس جیسا باندھنا، وَثَاقَ مضاف، ہٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(٢٦:٨٩).

الْوُثْقٰى: مضبوط، سہارا دینے والی، مستحکم، (کرم۵؛ وَثُقَ.یَوْثُقُ) وَثَاقَةٌ (ثابت و قوی ہونا) سے، افعل التفضیل واحد مؤنث کا صیغہ۔ (٢٥٦:٢) (٢٢:٣١).

وَجَبَتْ: گر پڑیں یعنی نحر کے بعد زمین پر گر پڑیں، (ضرب۲؛ وَجَبَ.یَجِبُ) وَجْبٌ (گرنا) سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔ (٣٦:٢٢).

وَجَدَ: اس نے پایا، (ضرب۲؛ وَجَدَ.یَجِدُ) وَجْدٌ و وُجُوْدٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (٣٧:٣) (٨٦:١٨، ٩٣) (٣٩:٢٤) (١٥:٢٨، ٢٣، ٢٣).

وُجِدَ: وہ پایا گیا، پایا جائے، (ضرب) وُجُوْدٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔(٧٥:١٢).

وَجَدَا: ان دونوں نے پایا، (ضرب) وَجْدٌ و وُجُوْدٌ سے، ماضی تثنیہ غائب مذکر۔(٦٥:١٨، ٧٧).

وَجَدْتُّ: میں نے پایا، (ضرب) وَجْدٌ و وُجُوْدٌ سے، ماضی واحد متکلم۔(٢٣:٢٧).

وَجَدْتُّمْ: تم نے پایا، (ضرب) وَجْدٌ و وُجُوْدٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔(٧:٤٤) (٢٤:٤٣).

وَجَدْتُّمُوْهُمْ: (وَجَدْتُّمُوْ.هُمْ) تم نے ان کو پایا، وَجَدْتُّمُوْ (اصل میں وَجَدْتُّمْ، واؤ اشباعی ہے)، (ضرب) وَجْدٌ و وُجُوْدٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٨٩:٤) (٥:٩).

وَجَدْتُّهَا: (وَجَدْتُّ.هَا) میں نے اسے پایا، وَجَدْتُّ، (ضرب) وَجْدٌ و وُجُوْدٌ سے، ماضی واحد متکلم، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(٢٤:٢٧).

وَجَدَكَ: (وَجَدَ.كَ) اس نے تجھے پایا، وَجَدَ، (ضرب) وَجْدٌ و وُجُوْدٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔(٧:٩٣، ٨).

وُجْدِكُمْ: (وُجْدِ.كُمْ) تمہاری وسعت/ طاقت، وُجْدِ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(٦:٦٥).

وَجَدْنَا: ہم نے پایا، (ضرب) وَجْدٌ و وُجُوْدٌ سے، ماضی جمع متکلم۔(١٠٤:٥) (٢٨:٧، ٤٤، ١٠٢، ١٠٢) (٧٨:١٠) (٧٩:١٢) (٥٣:٢١) (٧٤:٢٦) (٢١:٣١) (٢٢:٤٣، ٢٣) (٣٦:٥١).

وَجَدْنٰهُ: (وَجَدْنَا.هُ) ہم نے اس کو پایا، وَجَدْنَا، (ضرب) وَجْدٌ و وُجُوْدٌ سے، ماضی جمع متکلم، ہُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(٤٤:٣٨).

وَجَدْنٰهَا: (وَجَدْنَا.هَا) ہم نے اسے پایا، وَجَدْنَا، (ضرب) وَجْدٌ و وُجُوْدٌ سے، ماضی جمع متکلم، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(٨:٧٢).

وَجَدُوْا: انہوں نے پایا، (ضرب) وُجُوْدٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (٤:٦٤، ٨٢) (١٢:٦٥) (١٨:٤٩).

وَجَدَهَا: (وَجَدَ.هَا) اس نے اسے پایا، وَجَدَ، (ضرب) وَجْدٌ و وُجُوْدٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (١٨:٨٦، ٩٠).

وَجِلَتْ: وہ ڈری، (انکے دل) ڈرے/ڈر جاتے ہیں، (سمع ٦) وَجَلٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔ (٨:٢) (٢٢:٣٥).

وَجِلَةٌ: خوف زدہ، ڈرنے والے (دل)، (سمع) وَجَلٌ سے، صفت مشبہ واحد مؤنث۔ (٢٣:٦٠).

وَجِلُوْنَ: خوف زدہ، ڈرنے والے، (سمع) وَجَلٌ سے، صفت مشبہ جمع مذکر، وَجِلٌ واحد۔ (١٥:٥٢).

وُجُوْهٌ: چہرے، وَجْهٌ کی جمع۔ (٣:١٠٦، ١٠٦) (٧٥:٢٢، ٢٤) (٨٠:٣٨، ٤٠) (٨٨:٢، ٨)، وُجُوْهِ (٢٢:٧٢)، وُجُوْهُ (٦٧:٢٧)، الْوُجُوْهَ (١٨:٢٩)، الْوُجُوْهُ (٢٠:١١١)، وُجُوْهًا (٤:٤٧).

وُجُوْهِكُمْ: (وُجُوْهِ.كُمْ) تمہارے چہرے، وُجُوْهِ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٤:٤٣) (٥:٦)، وُجُوْهَكُمْ (٢:١٤٤، ١٥٠، ١٧٧) (٥:٦) (٧:٢٩) (١٧:٧).

وُجُوْهُهُمْ: (وُجُوْهُ.هُمْ) ان کے چہرے، وُجُوْهُ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٣:١٠٦، ١٠٧) (١٠:٢٧) (٢٧:٩٠) (٣٣:٦٦) (٣٩:٦٠)، وُجُوْهِهِمْ (١٧:٩٧) (٢١:٣٩) (٢٥:٣٤) (٤٨:٢٩) (٥٤:٤٨) (٨٣:٢٤)، وُجُوْهَهُمْ (٨:٥٠) (١٠:٢٦) (١٤:٥٠) (٢٣:١٠٤) (٤٧:٢٧).

وَجْهُ: چہرہ، منہ، رخ، ذات، خوشنودی، اول حصہ، (مضاف)، وُجُوْهٌ جمع۔ وَجْهَ النَّهَارِ: دن کا پہلا حصہ، صبح۔ (٢:١١٥) (١٢:٩) (٥٥:٢٧)، وَجْهِ (٢:٢٧٢) (١٢:٩٣)

(١٣:٢٢) (٧٦:٩) (٩٢:٢٠)، وَجْهَ (٣:٧٢) (٣٠:٣٨، ٣٩).

وِجْهَةٌ: وہ سمت جس کی طرف منہ کیا جائے، مراد قبلہ، یہ (ضرب ٦) وَجْهٌ سے اسم نوع ہے۔ (٢:١٤٨).

وَجَّهْتُ: میں نے پھیر لیا/رخ کر لیا، میں متوجہ ہوا، (تفعیل ٦؛ وَجَّهَ.يُوَجِّهُ) تَوْجِيْهٌ (کسی کی طرف جانا، متوجہ ہونا) سے، ماضی واحد متکلم، [مادہ: وجه]۔ (٦:٧٩).

وَجْهَكَ: (وَجْهَ.كَ) تیرا منہ، اپنا رخ، وَجْهَ (وُجُوْهٌ جمع) مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٢:١٤٤، ١٤٩، ١٥٠) (١٠:١٠٥) (٣٠:٣٠، ٤٣)، وَجْهِكَ (٢:١٤٤).

وَجْهُهٗ: (وَجْهُ.هٗ) اس کا منہ، اس کا چہرہ، وَجْهُ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (١٦:٥٨) (٤٣:١٧)، وَجْهِهٖ (١٢:٩٦) (٢٢:١١) (٣٩:٢٤) (٦٧:٢٢)، وَجْهَهٗ (٢:١١٢) (٤:١٢٥) (٦:٥٢) (١٨:٢٨) (٢٨:٨٨) (٣١:٢٢).

وَجْهَهَا: (وَجْهَ.هَا) اپنا چہرہ، اپنے منہ پر، اپنے منہ کو، وَجْهَ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (٥١:٢٩)، وَجْهِهَا (اس کا منہ، اس کا رخ) (٥:١٠٨).

وَجْهِيَ: (وَجْهِ.يَ) اپنا رخ، اپنا چہرہ، اپنی عبادت کا رخ، وَجْهِ (منہ، رخ) مضاف، يَ (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔ (٣:٢٠) (٦:٧٩).

وَجِيْهًا: وجاہت والا، قدر و منزلت والا، سردار، (کرم ٥؛ وَجُهَ.يَوْجُهُ) وَجَاهَةٌ (وجاہت والا ہونا، مرتبہ والا ہونا) سے، صفت مشبہ واحد مذکر، وُجَهَاءُ جمع۔ (٣:٤٥) (٣٣:٦٩).

وَحْدَهٗ: (وَحْدَ.هٗ) وہی اکیلا، تنہا، ذات وصفات میں یگانہ وتنہا، وَحْدَ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ وَحْدٌ مصدر ہے (ضرب ٦؛ وَحَدَ.يَحِدُ کا)۔ (٧:٧٠) (١٧:٤٦) (٤٠:١٢، ٨٤) (٦٠:٤)، وَحْدَهٗ (٣٩:٤٥).

الْوُحُوْشُ: صحرائی جانور، پہاڑی/ جنگلی جانور، وَحْشٌ و وَحْشِیٌّ کی جمع۔(٥:٨١).

وَحْیٌ: اشارہ کرنا، القاء قلبی یا تعلیم جبریلی، مصدر ہے (ضرب۱۰؛ وَحٰی.یَحِیُ.حِ کا)۔ (٤:٥٣)، الْوَحْیِ (٤٥:٢١)، وَحْیًا (٥١:٤٢).

وَحِیْدًا: اکیلا، تنہا، (ضرب۶؛ وَحَدَ.یَحِدُ) وَحْدٌ سے، صفت مشبہ مفرد۔(١١:٧٤).

وَحْیِنَا: (وَحْیِ.نَا) ہماری وحی، ہمارا حکم، وَحْیِ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔(٣٧:١١) (٢٧:٢٣).

وَحْیُهٗ: (وَحْیُ.هٗ) اس کی وحی، وَحْیُ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(١١٤:٢٠).

وَدًّا: ایک بت کا نام جسے حضرت نوحؑ کی قوم پوجتی تھی۔ (٢٣:٧١).

وَدَّ: اس نے دل سے چاہا، پسند کیا، تمنا کی، دوست رکھا، (سمع؛ وَدَّ.یَوَدُّ) وُدٌّ و مَوَدَّةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ ودد]۔ (١٠٩:٢) (١٠٢:٤).

وُدًّا: محبت، چاہت، دوستی، محبت کرنا، مصدر (سمع ۵+۶) وَدَّ.یَوَدُّ کا۔(٩٦:١٩).

وَدَّتْ: اس نے پسند کیا، (سمع) وَدٌّ و مَوَدَّةٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔(٦٩:٣).

وَدَّعَكَ: (مَا.وَدَّعَ.كَ) اس نے تجھ کو نہیں چھوڑ دیا، مَاوَدَّعَ، (تفعیل۶؛ وَدَّعَ.یُوَدِّعُ) تَوْدِیْعٌ (چھوڑنا، رخصت کرنا) سے، ماضی منفی واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)، [مادہ؛ ودع]۔(٣:٩٣).

الْوَدْقَ: بارش، سخت بارش۔(٤٣:٢٤) (٤٨:٣٠).

وَدُّوْا: انہوں نے تمنا کی/ دل سے چاہا، (سمع؛ وَدَّ.یَوَدُّ) وَدٌّ و مَوَدَّةٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (١١٨:٣) (٨٩:٤) (٢:٦٠) (٩:٦٨).

وَدُوْدٌ: بہت محبت کرنے والا، (سمع) وَدٌّ و مَوَدَّةٌ سے، صیغۂ مبالغہ مفرد۔(٩٠:١١)، الْوَدُوْدُ (١٤:٨٥).

وَرَآءِ: پیچھے، اس طرف، گرد، سوا، علاوہ، بجائے، اس طرف، اس پار، [مادہ؛ وری]۔ (٧١:١١) (٥٣:٣٣) (٤:٤٩) (١٤:٥٩)، وَرَآءَ (١٠١:٢) (١٨٧:٣) (٢٤:٤) (٩٤:٦) (٧:٢٣) (٣١:٧٠) (١٠:٨٤)، وَرَآئِ (٥١:٤٢).

وَرَآءَكُمْ: (وَرَآءَ.كُمْ) تمہارے پیچھے، تمہارے اس طرف، وَرَآءَ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (٩٢:١١) (١٣:٥٧)، وَرَآئِكُمْ (١٠٢:٤).

وَرَآءَهٗ: (وَرَآءَ.هٗ) اس کے پیچھے، وَرَآءَ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(٩١:٢)، وَرَآئِهٖ (١٦:١٤، ١٧).

وَرَآئِهِمْ: (وَرَآءِ.هِمْ) ان کے پیچھے، ان کے گرد، ان کے اس پار، وَرَآءِ مضاف، هِمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (١٠٠:٢٣) (١٠:٤٥) (٢٠:٨٥)، وَرَآءَهُمْ (٧٩:١٨) (٢٧:٧٦).

وَرَآءِیْ: (وَرَآءِ.یْ) میرے پیچھے، میرے بعد، وَرَآءِ مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔(٥:١٩).

وَرِثَ: وہ وارث ہوا، وہ قائم مقام ہوا، علم ونبوت کا وارث ہوا، (حسب۲؛ وَرِثَ.یَرِثُ) وِرْثٌ و وِرَاثَةٌ (وارث ہونا، میراث پانا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(١٦:٢٧).

وَرَثَةِ: وراثت پانے والے، مالک/ حصہ دار، وَارِثٌ کی جمع۔ (٨٥:٢٦).

وَرِثُوْا: انہوں نے بطور نیابت (کتاب) حاصل کی، (حسب) وِرَاثَةٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔(١٦٩:٧).

وَرِثَهٗ: (وَرِثَ.هٗ) وہ اس کا وارث ہوا، (والدین) اس کے وارث ہوں، وَرِثَ، (حسب) وِرَاثَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر،

ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۱۱:٤).

وَرَدَ: وہ آیا، وہ پہنچا، (ضرب۶؛وَرَدَ.یَرِدُ) وُرُوْدٌ (آنا، اترنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۲۳:۲۸).

الْوِرْدُ: گھاٹ، اترنے کی جگہ، اسم ہے (بمعنی ظرف مکان)۔ (۹۸:۱۱).

وِرْدًا: پیاسے، وَارِدٌ کی جمع (اسم فاعل)۔ اصل میں وَارِد پانی پر پہنچنے والے کو کہتے ہیں، پانی پر پہنچنے والا پیاسا ہوتا ہے اس لیے اس مناسبت سے اس کا معنی ہوا پیاسا۔ (۸۶:۱۹).

وَرْدَةً: گلاب کا پھول یعنی سرخ، گلابی، اسم جنس۔ (۳۷:۵۵).

وَرَدُوْهَا: (وَرَدُوْا.هَا) وہ اس میں اترے/ اس میں داخل ہوئے، وَرَدُوْا، (ضرب) وُرُوْدٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۹۹:۲۱).

وَرَقٍ: ورق، پتے، سکہ، (مضاف)، وَرَقَةٌ واحد، اَوْرَاقٌ جمع۔ (۲۲:۷) (۱۲۱:۲۰).

وَرَقَةٍ: کوئی ایک پتہ، چاندی کا سکہ، کتاب کا ایک ورق، اسم مفرد۔ (۵۹:٦).

وَرِقِكُمْ: (وَرِقِ.كُمْ) تمہارا چاندی کا سکہ، تمہارا درہم/ روپیہ، وَرِقِ (اسم جنس) مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۱۹:۱۸).

الْوَرِيْدِ: گردن کی رگ، شہ رگ، اَوْرِدَةٌ جمع، [مادہ؛ ورد]۔ (۱٦:۵۰).

وِزْرَ: بوجھ اٹھانا، بوجھ، گناہ کا بوجھ، مصدر (ضرب۶؛وَزَرَ.یَزِرُ کا) اور اسم مفرد، اَوْزَارٌ جمع۔ (۱٦٤:٦) (۱۵:۱۷) (۱۸:۳۵) (۷:۳۹) (۳۸:۵۳)، وِزْرًا (۱۰۰:۲۰).

وَزَرَ: پناہ گاہ، نجات، بچاؤ۔ (۱۱:۷۵).

وِزْرَكَ: (وِزْرَ.كَ) تیرا بوجھ، وِزْرَ مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۲:۹٤).

الْوَزْنُ: وزن، قدر و منزلت، تولنا، جانچنا، اندازہ کرنا، مراد اعمال کا وزن کرنا، مصدر ہے (ضرب۶؛وَزَنَ.یَزِنُ کا)۔ (۸:۷)، الْوَزْنَ (۹:۵۵)، وَزْنًا (۱۰۵:۱۸).

وَزَنُوْهُمْ: (وَزَنُوْا.هُمْ) انہوں نے ان کو تول کر دیا، (جب انہیں تول کر دیں)، وَزَنُوْا، (ضرب؛وَزَنَ.یَزِنُ) وَزْنٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۳:۸۳).

وَزِيْرًا: مددگار، ناصر، معاون، (ضرب۶؛وَزَرَ.یَزِرُ) وَزْرٌ و وَزَارَةٌ (بوجھ اٹھانا، وزیر ہونا) سے، صفت مشبہ مفرد۔ (۲۹:۲۰) (۳۵:۲۵).

وَسَطًا: درمیانی، معتدل، بہترین، (ضرب۶) وَسْطٌ سے، صیغۂ صفت۔ یہ مذکر و مؤنث اور واحد و جمع ہر طرح مستعمل ہے۔ (۱٤۳:۲).

الْوُسْطٰی: درمیانی، زیادہ وسط والی، (ضرب) وَسْطٌ سے، اسم تفضیل واحد مؤنث۔ (۲۳۸:۲).

وَسَطْنَ: بیچ میں جا گھسے/ جا گھستے ہیں، (ضرب) وَسْطٌ سے، ماضی جمع غائب مؤنث۔ (۵:۱۰۰).

وَسِعَ: اس نے سما لیا، مراد اس کا علم و اقتدار ہر چیز پر محیط ہے، (سمع۶؛وَسِعَ.یَسَعُ) وَسْعٌ و سَعَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۲۵۵:۲) (۸۰:٦) (۸۹:۷) (۹۸:۲۰).

وَسِعَتْ: اس نے گھیرا، اس نے سما لیا، (سمع) وَسْعٌ و سَعَةٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔ (۱۵٦:۷).

وَسِعْتَ: تو نے سما لیا، یعنی تیری رحمت اور علم ہر چیز کو محیط ہے، (سمع) وَسْعٌ و سَعَةٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر۔ (۷:٤۰).

وُسْعَهَا: (وُسْعَ.هَا) اس کی طاقت، اس کی وسعت، وُسْعَ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۲۳۳:۲، ۲۸٦) (۱۵۲:٦) (٤۲:۷) (٦۲:۲۳).

وَسَقَ: اس نے جمع کیا/ اکٹھا کیا، (ضرب۶؛ وَسَقَ.یَسِقُ)

وَسْقٌ (جمع کرنا، بکھری چیزوں کو یکجا کرنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ یعنی آدمی، جانور، پرندے وغیرہ سب کو رات سمیٹ کر اپنے اپنے ٹھکانے پر پہنچا دیتی ہے۔ (۱۷:۸٤).

اَلْوَسْوَاسِ: شیطان، وسوسہ ڈالنے والا، اندرونی اغوا، کسی بری چیز کا دل میں پیدا کرنا، یہ مصدر ہے باب فعللۃ۲ (رباعی مجرد)۔ (۱۱٤:٤).

وَسْوَسَ: دل میں برا خیال پیدا کیا، اس نے بہکایا، (فعللہ۲) وَسْوَسَۃٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۷:۲۰) (۲۰:۱۲۰).

اَلْوَسِیْلَۃَ: قرب، نزدیکی، قرب کا ذریعہ، [مادہ؛ وسل]۔ وسیلہ سے مراد علم اور تقویٰ ہے جو قرآن و سنت سے حاصل ہوتا ہے۔ علم النافع اور اپنی زندگی کو اس کے مطابق ڈھالنا یہی وہ ذریعہ ہے جس سے اللہ کا تقرب حاصل ہوتا ہے۔ علم النافع کا حصول براہِ راست اچھے انسانوں سے بھی ہوتا ہے اور اچھی کتب سے بھی، اور نیک لوگوں کی دعائیں بھی انسان کو متقی بنانے میں مدد و معاون ثابت ہوتی ہیں۔ نیک و صالح (خاص کر فوت شدہ) لوگوں کو وسیلہ بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ ان کی سیرتوں اور اچھی باتوں کو مشعل راہ بنایا جائے اور ان پر عمل کیا جائے۔ (۵:۳۵) (۱۷:۵۷).

وَصّٰی: اس نے وصیت کی، اس نے حکم دیا، اس نے تاکید کی، (تفعیل۱۲؛ وَصّٰی. یُوَصِّیْ) تَوْصِیَۃٌ (وصیت کرنا، تاکید کرنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، [مادہ؛ وصی]۔ (۲:۱۳۲) (٤۲:۱۳).

وَصّٰکُمْ: (وَصّٰی. کُمْ) اس نے تم کو حکم دیا، اس نے تمہیں نصیحت (تاکید) کی، وَصّٰی، (تفعیل) تَوْصِیَۃٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (٦:۱٤٤، ۱۵۱، ۱۵۲، ۱۵۳).

وَصْفَھُمْ: (وَصْفَ. ھُمْ) ان کے بیان، ان کا ڈھکوسلا، ان کی بکواس، ان کی تخصیص، ان کا بیان کرنا، وَصْفَ (مصدر، ضرب۶؛ وَصَفَ. یَصِفُ کا) مضاف، ھُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٦:۱۳۹).

وَصَّلْنَا: ہم نے پے در پے بھیجا، ہم نے کھول کر بیان کر دیا، (تفعیل۶؛ وَصَّلَ. یُوَصِّلُ) تَوْصِیْلٌ (جوڑنا/ ملانا، پہنچانا) سے، ماضی جمع متکلم۔ (۲۸:۵۱).

وَصِیَّۃً: وصیت، مرتے وقت کی نصیحت/تلقین، [مادہ؛ وصی]۔ (۲:۲٤۰) (٤:۱۲)، وَصِیَّۃٍ (٤:۱۱، ۱۲، ۱۲، ۱۲)، اَلْوَصِیَّۃِ (۵:۱۰٦)، اَلْوَصِیَّۃُ (۲:۱۸۰).

اَلْوَصِیْدِ: دہلیز، صحن، چوکھٹ، دریچہ، [مادہ؛ وصد]۔ (۱۸:۱۸).

وَصِیْلَۃٍ: جوڑنے والی، ساتھ رہنے والی، (ضرب۶؛ وَصَلَ. یَصِلُ) وَصْلٌ (جوڑنا) سے، صیغہ صفت واحد مؤنث۔ وہ اونٹنی جس کے پہلے حمل میں مادہ بچہ ہو اور دوسری دفعہ بھی مادہ بچہ ہو وہ وصیلۃ کہلاتی تھی۔ چونکہ دونوں دفعہ مادہ بچہ ہوتا تھا اور درمیان میں کوئی نر بچہ فاصل نہ ہوتا تھا اس لیے اس کو وصیلہ کہا جاتا تھا۔ ایسی اونٹنی کو مشرکین بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے تھے، اس کا دودھ بھی استعمال نہیں کرتے تھے۔ (۵:۱۰۳).

وَصَّیْنَا: ہم نے وصیت کی/حکم دیا، (تفعیل) تَوْصِیَۃٌ سے، ماضی جمع متکلم، [مادہ؛ وصی]۔ (٤:۱۳۱) (۲۹:۸) (۳۱:۱٤) (٤۲:۱۳) (٤٦:۱۵).

وَضَعَ: اس نے قائم کیا، اس نے رکھا، (فتح؛ وَضَعَ. یَضَعُ) وَضْعٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۵۵:۷).

وُضِعَ: اسے قائم کیا گیا/ بنایا گیا، (فتح) وَضْعٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔ (۳:۹٦) (۱۸:٤۹) (۳۹:٦۹).

وَضَعَتْ: اس نے جنا، اس نے رکھا، (فتح) وَضْعٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔ (۳:۳٦).

وَضَعَتْهُ: (وَضَعَتْ. ہُ) اس نے اس کو جنا، وَضَعَتْ، (فتح) وَضْعٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث، ہُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (٤٦:۱۵).

وَضَعَتْهَا:(وَضَعَتْ.هَا)اس نے اس کو جنا، وَضَعَتْ، (فتح)وَضْعٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث، هَاضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(۳:۳۶).

وَضَعْتُهَا:(وَضَعْتُ.هَا)میں نے اسے جنا، وَضَعْتُ، (فتح) وَضْعٌ سے، ماضی واحد متکلم، هَاضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(۳:۳۶).

وَضَعْنَا: ہم نے اتارا/ دورکیا، (فتح) وَضْعٌ سے، ماضی جمع متکلم۔(۹۴:۲).

وَضَعَهَا:(وَضَعَ.هَا)اس نے اسے رکھا، اس نے اس کو بچھایا، وَضَعَ، (فتح) وَضْعٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هَاضمیر مفعول(واحدغائب مؤنث)۔(۵۵:۱۰).

وَطْئًا: تکلیف، مشقت، روندنا، کچلنا، مصدر (سمع۴+۶؛ وَطِئَ.يَطَأُ کا)۔(۷۳:۶).

وَطَرًا: حاجت،ضرورت، اسم مفرد، اَوْطَارٌ جمع۔ (۳۳:۳۷، ۳۷).

وِعَآءِ:برتن، خرجی، تھیلا، (مضاف)، اَوْعِيَةٌ جمع، [مادہ؛ وعی]۔(۱۲:۷۶، ۷۶).

وَعَدَ:اس نے وعدہ کیا،(ضرب۲؛وَعَدَ.يَعِدُ)وَعْدٌسے،ماضی واحد غائب مذکر۔(۴:۹۵) (۵:۹) (۷:۴۴) (۹:۶۸، ۷۲) (۱۹:۶۱) (۲۴:۵۵) (۳۶:۵۲) (۴۸:۲۹) (۵۷:۱۰).

وُعِدَ:وعدہ کیاگیا،(ضرب)وَعْدٌسے،ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔(۱۳:۳۵) (۲۵:۱۵) (۴۷:۱۵).

وَعْدٌ:وعدہ، وعدہ کرنا،مصدر ہے(ضرب۲؛ وَعَدَ.يَعِدُ کا)۔ (۱۱:۶۵)، وَعْدَ (۴:۱۲۲) (۱۰:۴، ۵۵) (۱۴:۲۲) (۱۸:۲۱) (۲۸:۱۳) (۳۰:۶، ۶۰) (۳۱:۹، ۳۳) (۳۵:۵) (۳۹:۲۰) (۴۰:۵۵، ۷۷) (۴۵:۳۲) (۴۶:۱۶، ۱۷)، وَعْدُ (۱۳:۳۱) (۱۷:۵، ۷، ۱۰۴، ۱۰۸) (۱۸:۹۸، ۹۸)، الْوَعْدِ (۱۹:۵۴)، الْوَعْدَ (۲۱:۹)، الْوَعْدُ (۱۰:۴۸) (۲۱:۳۸، ۹۷) (۲۷:۷۱) (۳۴:۲۹) (۳۶:۴۸) (۶۷:۲۵)، وَعْدًا (۹:۱۱۱) (۱۶:۳۸) (۱۷:۵) (۲۰:۸۶) (۲۱:۱۰۴) (۲۵:۱۶) (۲۸:۶۱).

وَعَدْتَّكُمْ:(وَعَدْتُّ.كُمْ)میں نے تم سے وعدہ کیا، وَعَدْتُّ، (ضرب)وَعْدٌ سے، ماضی واحد متکلم، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضرمذکر)۔(۱۴:۲۲).

وَعَدْتَّنَا:(وَعَدْتَّ.نَا)تو نے ہم سے وعدہ کیا، وَعَدْتَّ، (ضرب)وَعْدٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر، نَاضمیرمفعول (جمع متکلم)۔(۳:۱۹۴).

وَعَدْتَّهُمْ:(وَعَدْتَّ.هُمْ)تو نے ان سے وعدہ کیا، وَعَدْتَّ، (ضرب)وَعْدٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر، هُمْ ضمیر مفعول(جمع غائب مذکر)۔(۴۰:۸).

وَعْدَكَ:(وَعْدَ.كَ) تیرا وعدہ، وَعْدَ مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضرمذکر) مضاف الیہ۔(۱۱:۴۵).

وَعَدَكُمْ:(وَعَدَ.كُمْ)اس نے تم سے وعدہ کیا، وَعَدَ، (ضرب)وَعْدٌسے، ماضی واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضرمذکر)۔(۱۴:۲۲) (۴۸:۲۰).

وَعَدَنَا:(وَعَدَ.نَا)اس نے ہم سے وعدہ کیا، وَعَدَ، (ضرب)وَعْدٌسے، ماضی واحد غائب مذکر، نَاضمیر مفعول (جمع متکلم)۔(۷:۴۴) (۳۳:۱۲، ۲۲).

وُعِدْنَا: ہم سے وعدہ کیاگیا،(ضرب)وَعْدٌسے، ماضی مجہول جمع متکلم۔(۲۳:۸۳) (۲۷:۶۸).

وَعَدْنٰهُ:(وَعَدْنَا.هُ) ہم نے اس سے وعدہ کیا، وَعَدْنَا، (ضرب)وَعْدٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۲۸:۶۱).

وَعَدْنٰهُمْ:(وَعَدْنَا.هُمْ) ہم نے ان سے وعدہ کیا، وَعَدْنَا، (ضرب)وَعْدٌ سے، ماضی جمع متکلم، هُمْ ضمیر مفعول (جمع

غائب مذکر)۔(۴۲:۴۳)۔

وَعَدُوْهُ:(وَعَدُوْا.هُ) انہوں نے اس سے وعدہ کیا، وَعَدُوْا، (ضرب) وَعْدٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، ہُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۷۷:۹)۔

وَعْدُهٗ:(وَعْدُ.هٗ) اس کا وعدہ، وَعْدُ مضاف، ہٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۶۱:۱۹) (۱۸:۷۳)، وَعْدِہٖ (۴۷:۱۴)، وَعْدَہٗ (۱۵۲:۳) (۴۷:۲۲) (۶:۳۰) (۷۴:۳۹)۔

وَعَدَهَا:(وَعَدَ.هَا) اس نے اس کا وعدہ کیا، اس نے اس (وعدے) کو کیا، وَعَدَ، (ضرب) وَعْدٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۱۱۴:۹) (۷۲:۲۲)۔

وَعَظْتَ:(خواہ) تو نصیحت کرے، (ضرب۶؛ وَعَظَ.یَعِظُ) وَعْظٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر۔(۱۳۶:۲۶)۔

الْوَعِیْدِ: وعدۂ عذاب، ڈراوا، دھمکی دینا، مصدر ہے (ضرب۶؛ وَعَدَ.یَعِدُ کا)۔(۱۱۳:۲۰) (۲۰:۵۰، ۲۸)۔

وَعِیْدِ:(وَعِیْدِ.یْ) میرا وعدۂ عذاب، میری طرف سے ڈراوا، وَعِیْد (مصدر) مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ محذوف۔(۱۴:۱۴) (۱۴:۵۰، ۴۵)۔

وِفَاقًا: موافق، پورا، کامل، جتنا جرم اتنی سزا، مصدر (مفاعلہ۶؛ وَافَقَ.یُوَافِقُ کا)۔(۲۶:۷۸)۔

وَفّٰی: اس نے پورا کیا، اس نے پورا اتارا، وفا کیا، پورا پورا دیا، حق ادا کر دیا، (تفعیل۱۲؛ وَفّٰی.یُوَفِّیْ) تَوْفِیَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۳۷:۵۳)۔

وَفّٰهُ:(وَفّٰی.هُ) اس نے اس کو پورا دے دیا، وَفّٰی، (تفعیل) تَوْفِیَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ہُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۳۹:۲۴)۔

وَفْدًا: مہمان، وَافِدٌ (سفیر یا ایلچی بن کر آنے والا) کی جمع جو (ضرب۶؛ وَفَدَ.یَفِدُ) وَفْدٌ سے اسم فاعل واحد مذکر کا صیغہ ہے۔ یہ مصدر بھی ہے باب ضرب سے بمعنی مہمان ہونا، قاصد بن کر آنا۔ (۸۵:۱۹)۔

وُفِّیَتْ: پورا پورا دیا جائے گا، (تفعیل) تَوْفِیَةٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث۔(۲۵:۳) (۷۰:۳۹)۔

وَقَارًا: عظمت، عزت، بڑائی، بزرگی، اسم اور مصدر (ضرب۶؛ وَقَرَ.یَقِرُ و کرم۵؛ وَقُرَ.یَوْقُرُ کا)۔(۱۳:۷۱)۔

وَقٰنَا:(وَقٰی.نَا) اس نے ہم کو بچا لیا، وَقٰی، (ضرب۱۰؛ وَقٰی.یَقِیْ) وِقَایَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔(۲۷:۵۲)۔

وَقٰهُ:(وَقٰی.هُ) اس نے اس کو محفوظ رکھا، وَقٰی، (ضرب) وِقَایَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، ہُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۴۵:۴۰)۔

وَقٰهُمْ:(وَقٰی.هُمْ) وہ ان کو بچا لے گا/ ان کو محفوظ رکھے گا، وَقٰی، (ضرب) وِقَایَةٌ سے، ماضی (بمعنی مستقبل) واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۵۶:۴۴) (۱۸:۵۲) (۱۱:۷۶)۔

وَقَبَ: وہ چھا گیا، سمٹ گیا، غروب ہوا، (ضرب۶؛ وَقَبَ.یَقِبُ) وَقْبٌ و وُقُوْبٌ (تاریک ہو جانا، غائب ہونا/ غروب ہونا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۳:۱۱۳)۔

الْوَقْتِ: وقت، زمانے کا اندازہ، اَوْقَاتٌ جمع، وقت مقرر کرنا، مصدر (ضرب۶؛ وَقَتَ.یَقِتُ کا)۔(۳۸:۱۵) (۸۱:۳۸)۔

وَقْتِهَا:(وَقْتِ.هَا) اس کا وقت، وَقْتِ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۱۸۷:۷)۔

وَقْرٌ: ثقل، بوجھ، گرانی، بہرہ پن، اونچا سننا، مصدر (ضرب۶؛ وَقَرَ.یَقِرُ کا)۔ (۴۱:۵، ۴۴)، وَقْرًا (۲۵:۶) (۴۶:۱۷)

(۵۷:۱۸) (۷:۳۱).

وِقْرًا: بوجھ یعنی پانی کا، اَوْقَارٌ جمع۔(۵۱:۲).

وَقَعَ: واجب ہوگیا، لازم ہوگیا، (فتح۵؛ وَقَعَ۔یَقَعُ) وُقُوْعٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۱۰۰:۴) (۷۱:۷، ۱۱۸، ۱۳۴) (۵۱:۱۰) (۸۲:۲۷، ۸۵).

وَقَعَتْ: (جب) برپا ہو جائے گی، قائم ہو جائے گی، (فتح) وُقُوْعٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔(۱:۵۶) (۱۵:۶۹).

وَقْعَةِ: ہو پڑنا، واقع ہونا، (مضاف) مصدر مرۃ ہے (باب فتح)۔

وَقْعَتِهَا: اس کا ہو پڑنا/ پیش آجانا، اس کے واقع ہونے میں، وَقْعَةِ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۲:۵۶).

وُقِفُوْا: (جب) ان کو روک کر کھڑا کیا جائے گا، (ضرب۶؛ وَقَفَ۔یَقِفُ) وَقْفٌ و وُقُوْفٌ سے، ماضی مجہول جمع غائب مذکر۔ (۲۷:۶، ۳۰).

وَقُوْدُ: ایندھن، وہ جس سے آگ جلائی جائے، [مادہ؛ وقد]۔ (۱۰:۳)، الْوَقُوْدِ (۵:۸۵).

وَقُوْدُهَا: (وَقُوْدُ۔هَا) اس کا ایندھن، وَقُوْدُ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(۲۴:۲) (۶:۶۶).

وَكَزَهٗ: (وَكَزَ۔هٗ) اس نے اسے گھونسا مارا، وَكَزَ، (ضرب۶؛ وَكَزَ۔يَكِزُ) وَكْزٌ (مکا مارنا، دور کرنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۱۵:۲۸).

وُكِّلَ: مقرر کر دیا گیا، ذمہ دار بنا دیا گیا، (تفعیل۶؛ وَكَّلَ۔يُوَكِّلُ) تَوْكِيْلٌ (وکیل بنانا) سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر، [مادہ؛ وکل]۔(۱۱:۳۲).

وَكَّلْنَا: ہم نے مقرر کر دیئے، (تفعیل) تَوْكِيْلٌ سے، ماضی جمع متکلم۔(۸۹:۶).

وَكِيْلٌ: کارساز، حمایتی، نگہبان، وہ جسے عاجز آدمی اپنا کام سپرد کر دے، جس پر بھروسا کیا جائے، اسمائے حسنیٰ میں سے ہے، (ضرب۶؛ وَكَلَ۔يَكِلُ) وَكْلٌ (کوئی کام سپرد کرنا، سونپنا) سے، صفت مشبہ مفرد۔ (۱۰۲:۶) (۱۲:۱۱) (۶۶:۱۲) (۲۸:۲۸) (۶۲:۳۹)، وَكِيْلٍ (۶۶:۶، ۱۰۷) (۱۰۸:۱۰) (۴۱:۳۹) (۶:۴۲)، الْوَكِيْلُ (۱۷۳:۳)، وَكِيْلًا (۸۱:۴، ۱۰۹، ۱۳۲، ۱۷۱) (۲:۱۷، ۵۴، ۶۵، ۶۸، ۸۶) (۲۵:۴۳) (۳:۳۳، ۴۸) (۹:۷۳).

وَلِّ: تو موڑ، تو پھیر، (تفعیل۱۲؛ وَلّٰى۔يُوَلِّيْ) تَوْلِيَةٌ (کسی کے پیچھے کرنا، پھیرنا) سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (۱۴۴:۲، ۱۴۹، ۱۵۰).

وَلّٰى: منہ موڑ کر پیٹھ دے کر بھاگا، اس نے پھیر لیا، (تفعیل) تَوْلِيَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۱۰:۲۷) (۳۱:۲۸) (۷:۳۱).

الْوَلَايَةُ: اختیار، حکومت، نصرت، مدد، حاکمیت، حکم چلانا، حاکم مقرر ہونا، مدد دینا، مصدر (سمع۱۲؛ وَلِيَ۔يَوْلٰى کا اور ضرب۱۰؛ وَلِيَ۔يَلِيْ کا)۔(۴۴:۱۸).

وَلَايَتِهِمْ: (وَلَايَةِ۔هِمْ) ان کی نصرت، ان کی مدد، ان کی رفاقت، ان کی دوستی، وَلَايَةِ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔(۷۲:۸).

وَلّٰىهُمْ: (وَلّٰى۔هُمْ) اس نے ان کو پھیر دیا، وَلّٰى، (تفعیل) تَوْلِيَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۱۴۲:۲).

وَلَدَ: اس نے جنا، وہ باپ ہوا، (ضرب۶؛ وَلَدَ۔يَلِدُ) وِلَادَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔(۱۵۲:۳۷) (۳:۹۰).

وُلِدَ: وہ جنا گیا، وہ پیدا ہوا، (ضرب) وِلَادَةٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔(۱۵:۱۹).

وَلَدٌ: کوئی بچہ لڑکا یا لڑکی، اسم جنس (مذکر و مؤنث دونوں کیلئے)، اَوْلَادٌ جمع۔(۴۷:۳) (۱۱:۴، ۱۱، ۱۲، ۱۲، ۱۲، ۱۲، ۱۷۱، ۱۷۶، ۱۷۶) (۱۰۱:۶) (۸۱:۴۳)، وَلَدٍ

(۳۵:۱۹) (۹۱:۲۳)، وَلَدًا (۱۱۶:۲) (۶۸:۱۰) (۲۱:۱۲) (۱۱۱:۱۷) (۴:۱۸، ۳۹) (۷۷:۱۹، ۸۸، ۹۱، ۹۲) (۲۶:۲۱) (۲:۲۵) (۹:۲۸) (۴:۳۹) (۳:۷۲).

وِلْدَانٌ: بچے، لڑکے، لڑکیاں، وَلِيْدٌ کی جمع۔ (۱۷:۵۶) (۱۹:۷۶)، الْوِلْدَانِ (۷۵:۴، ۹۸، ۱۲۷)، الْوِلْدَانَ (۱۷:۷۳).

وُلِدْتُّ: مجھے جنا گیا، میں پیدا ہوا، (ضرب) وِلَادَةٌ سے، ماضی مجہول واحد متکلم۔ (۳۳:۱۹).

وَلَدْنَهُمْ: (وَلَدْنَ. هُمْ) انہوں نے ان کو جنا، وَلَدْنَ، (ضرب) وِلَادَةٌ سے، ماضی جمع غائب مؤنث، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۲:۵۸).

وَلَدُهٗ: (وَلَدُ. هٗ) اس کا بچہ، اس کی اولاد، وَلَدُ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۲۱:۷۱)، وَلَدِهٖ (۲۳۳:۲) (۳۳:۳۱).

وَلَدِهَا: (وَلَدِ. هَا) اس کا بچہ، وَلَدِ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۲:۲۳۳).

وَلَّوْا: انہوں نے رخ کیا، وہ لوٹے، منہ پھیرا، وہ پیٹھ پھیر کر چل دیتے ہیں، (تفعیل؛ وَلّٰى. يُوَلِّيْ) تَوْلِيَةٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر، [مادہ؛ ولی]۔ (۵۷:۹) (۴۶:۱۷) (۸۰:۲۷) (۵۲:۳۰) (۲۹:۴۶) (۲۲:۴۸).

وَلُّوْا: تم منہ پھیر لیا کرو، تم رخ کرلو، (تفعیل) تَوْلِيَةٌ سے، امر جمع حاضر مذکر۔ (۲:۱۴۴، ۱۵۰).

وَلِيٌّ: مددگار، دوست، کارساز، (ضرب۱۰؛ وَلِيَ. يَلِيْ) وَلْيٌ و وِلَايَةٌ سے، صفت مشبہ مفرد، اَوْلِيَاءُ جمع۔ (۶:۵۱، ۷۰) (۱۱۱:۱۷) (۳۴:۴۱)، وَلِيٍّ (۲:۱۰۷، ۱۲۰) (۹:۷۴، ۱۱۶) (۳۷:۱۳) (۲۶:۱۸) (۲۲:۲۹) (۴:۳۲) (۸:۴۲، ۳۱، ۴۴)، وَلِيُّ (۲:۲۵۷) (۶۸:۳) (۱۹:۴۵)، الْوَلِيُّ (۹:۴۲، ۲۸)، وَلِيًّا (۴:۴۵، ۷۵، ۸۹، ۱۱۹، ۱۲۳، ۱۷۳) (۱۴:۶) (۱۷:۱۸) (۵:۱۹، ۴۵) (۱۷:۳۳، ۶۵) (۲۲:۴۸).

وَلَّيْتَ: تو منہ پھیر کر بھاگتا، (تفعیل) تَوْلِيَةٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر۔ (۱۸:۱۸).

وَلَّيْتُمْ: تم منہ پھیر کر بھاگ گئے، تم پھر گئے، (تفعیل) تَوْلِيَةٌ سے، ماضی جمع حاضر مذکر۔ (۹:۲۵).

وَلِيْجَةً: گہرا دوست، بھیدی، راز دار، یہ (ضرب۶؛ وَلَجَ. يَلِجُ) وُلُوْجٌ سے ہے جسکے معنی داخل ہونے کے ہیں۔ (۱۶:۹).

وَلِيْدًا: نوزائیدہ بچہ یا بچہ، (ضرب۶؛ وَلَدَ. يَلِدُ) وِلَادَةٌ سے، صیغہ صفت مفرد، وِلْدَانٌ جمع۔ (۱۸:۲۶).

وَلِيُّكُمْ: (وَلِيُّ. كُمْ) تمہارا دوست، وَلِيُّ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۵:۵۵).

وَلِيُّنَا: (وَلِيُّ. نَا) ہمارا ولی، ہمارا دوست، وَلِيُّ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (۷:۱۵۵) (۳۴:۴۱).

وَلِيُّهٗ: (وَلِيُّ. هٗ) اس کا دوست، اس کا کارساز، وَلِيُّ مضاف، هٗ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۲:۲۸۲)، وَلِيِّهٖ (۱۷:۳۳) (۲۷:۴۹).

وَلِيُّهُمْ: (وَلِيُّ. هُمْ) ان کا دوست، وَلِيُّ مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۶:۱۲۷) (۱۶:۶۳).

وَلِيُّهُمَا: (وَلِيُّ. هُمَا) ان دونوں کا دوست، وَلِيُّ مضاف، هُمَا (ضمیر تثنیہ غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (۳:۱۲۲).

وَلِيِّ: (وَلِيِّ. ی) میرا دوست، میرا ولی، وَلِيِّ مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔ (۱۲:۱۰۱)، وَلِيِّيَ (۷:۱۹۶).

وُرِيَ: وہ چھپایا گیا، ڈھانکا گیا، (مفاعلة؛ وَارٰى. يُوَارِيْ) مُوَارَاةٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر، [مادہ؛ وری]۔

(۷: ۲۰).

الْوَهَّابُ: زیادہ دینے والا، بہت عطا فرمانے والا، اسمائے حسنٰی میں سے ہے، (فتح۵؛ وَهَبَ. یَهَبُ) وَهْبٌ و هِبَةٌ سے، صیغۂ مبالغہ مفرد۔ (۳: ۸) (۳۸: ۳۵)، الْوَهَّابِ (۳۸: ۹).

وَهَّاجًا: بہت روشن، (ضرب۶؛ وَهَجَ. یَهِجُ) وَهْجٌ (روشن ہونا) سے، صیغۂ مبالغہ۔ (۷۸: ۱۳).

وَهَبَ: اس نے بخشا، اس نے عطا کیا، (فتح۵؛ وَهَبَ. یَهَبُ) وَهْبٌ و هِبَةٌ (بخشنا، عطا کرنا، ہبہ کرنا) سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۱۴: ۳۹) (۲۶: ۲۱).

وَهَبَتْ: اس عورت نے بخشا/ سونپ دیا، (فتح) وَهْبٌ و هِبَةٌ سے، ماضی واحد غائب مؤنث۔ (۳۳: ۵۰).

وَهَبْنَا: ہم نے بخشا، ہم نے دیئے، (فتح) وَهْبٌ و هِبَةٌ سے، ماضی جمع متکلم۔ (۶: ۸۴) (۱۹: ۴۹، ۵۰، ۵۳) (۲۱: ۷۲، ۹۰) (۲۹: ۲۷) (۳۸: ۳۰، ۴۳).

وَهْنٍ: کمزوری، کمزور ہونا، مصدر (ضرب۶؛ وَهَنَ. یَهِنُ کا)۔ (۳۱: ۱۴)، وَهْنًا (۳۱: ۱۴).

وَهَنَ: کمزور ہو گئی، (ہڈیاں) کمزور ہو گئیں، (ضرب۶؛ وَهَنَ. یَهِنُ) وَهْنٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (۱۹: ۴).

وَهَنُوْا: وہ کمزور ہوئے/ سست پڑے، (ضرب) وَهْنٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (۳: ۱۴۶).

وَيْكَاَنَّ: تعجب ہے کہ، افسوس ہے کہ، ہائے شامت۔ یہ مرکب ہے وَیْ (اسم تعجبی)، كَ (ضمیر خطاب) اور اَنَّ (حرف مشبہ بالفعل) سے۔ بعض کے نزدیک یہ وَیْ اور كَاَنَّ سے مرکب ہے اور بعض وَیْكَ اور اَنَّ سے مرکب بتاتے ہیں جہاں وَیْكَ، وَیْلَكَ کا مخفف ہے۔ دیگر علماء کے نزدیک یہ ایک مستقل کلمہ ہے جس کا معنی ہے، کیا وہ نہیں جانتا یا کیا انہوں نے نہیں دیکھا۔ (۲۸: ۸۲).

وَيْكَاَنَّهٗ: (وَیْكَ. اَنَّ. هٗ) ہائے خرابی کہ وہ، ہائے شامت حقیقت یہ ہے کہ، اس میں هٗ ضمیر (واحد غائب مذکر) ہے۔ (۲۸: ۸۲).

وَيْلٌ: خرابی، شامت، بربادی، افسوس، جہنم کی ایک وادی کا نام۔ (۲: ۷۹، ۷۹، ۷۹) (۱۴: ۲) (۱۹: ۳۷) (۳۸: ۲۷) (۳۹: ۲۲) (۴۱: ۶) (۴۳: ۶۵) (۴۵: ۷) (۵۱: ۶۰) (۵۲: ۱۱) (۷۷: ۱۵، ۱۹، ۲۴، ۲۸، ۳۴، ۳۷، ۴۰، ۴۵، ۴۷، ۴۹) (۸۳: ۱، ۱۰) (۱۰۴: ۱) (۱۰۷: ۴)، الْوَيْلُ (۲۱: ۱۸).

وَيْلَةٌ: خرابی، شامت، افسوس، ہلاکت، یہ کلمۂ حسرت و ندامت ہے۔ **وَيْلَتٰى**: ہائے افسوس مجھ پر، ہائے میری ہلاکت، وَيْلَة مضاف، ی (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔ (۵: ۳۱) (۱۱: ۷۲) (۲۵: ۲۸).

وَيْلَتَنَا: (وَيْلَةَ. نَا) ہائے ہماری خرابی/ ہلاکت، وَيْلَة مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (۱۸: ۴۹).

وَيْلَكَ: (وَيْلَ. كَ) تو مرے، تیری خرابی/ بربادی، وَيْلَ مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۴۶: ۱۷).

وَيْلَكُمْ: (وَيْلَ. كُمْ) تمہاری خرابی/ بربادی، وَيْلَ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۲۰: ۶۱) (۲۸: ۸۰).

وَيْلَنَا: (وَيْلَ. نَا) ہماری خرابی/ بربادی، وَيْلَ مضاف، نَا (ضمیر جمع متکلم) مضاف الیہ۔ (۲۱: ۱۴، ۴۶، ۹۷) (۳۶: ۵۲) (۳۷: ۲۰) (۶۸: ۳۱).

'ہ'

هَا: سن لو، خبردار ہو، حرف تنبیہ۔ یہ اسم اشارہ قریب میں جیسے هٰذَا، هٰٓؤُلَآءِ، ضمیر مرفوع منفصل کے ساتھ جیسے هَآاَنْتُمْ، اور حرف ندا میں جیسے اَيُّهَا، میں استعمال ہوتی ہے۔ **هَآاَنْتُمْ**: آگاہ ہو جاؤ، تم خبردار رہو، هَا حرف تنبیہ ہے اور اَنْتُمْ ضمیر منفصل مخاطب جمع مذکر۔ (۳: ۶۶، ۱۱۹) (۴: ۱۰۹) (۴۷: ۳۸).

هٰٓؤُلَآءِ: یہ/وہ سب، اسم اشارہ قریب جمع مذکر ومؤنث کیلئے۔ (٣١:٢، ٨٥) (٦٦:٣) (٤١:٤، ٥١، ٧٨، ١٠٩، ١٤٣، ١٤٣) (٥٣:٥) (٥٣:٦، ٨٩) (٣٨:٧، ٤٩، ١٣٩) (٤٩:٨) (١٨:١٠) (١٨:١١، ٧٨، ١٠٩) (٦٦:١٥، ٦٨، ٧١) (٨٦:١٦، ٨٩) (٢٠:١٧، ٢٠، ١٠٢) (١٥:١٨) (٤٤:٢١، ٦٥، ٩٩) (١٧:٢٥) (٥٤:٢٦) (٦٣:٢٨) (٤٧:٢٩) (٤٠:٣٤) (١٥:٣٨) (٥١:٣٩) (٢٩:٤٣، ٨٨) (٢٢:٤٤، ٣٤) (٣٨:٤٧) (٢٧:٧٦) (٣٢:٨٣).

هَآؤُمُ: لو، تم پکڑ لو، اسم فعل جمع حاضر مذکر، هَاءَ واحد۔ (١٩:٦٩).

هَاتُوْا: لاؤ، تم دو، تم لے آؤ، اسم بمعنی فعل امر جمع حاضر مذکر۔ (١١١:٢) (٢٤:٢١) (٦٤:٢٧) (٧٥:٢٨).

هٰتَيْنِ: یہ دو، اسم اشارہ قریب، تثنیہ مؤنث کیلئے (بحالت نصب وجر، بحالت رفع هَاتَانِ ہوگا)۔ (٢٧:٢٨).

هَاجَرَ: اس نے ہجرت کی، وطن چھوڑا، ترک کیا، (مفاعلہ ا) مُهَاجَرَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (٩:٥٩).

هَاجَرْنَ: ان عورتوں نے ہجرت کی، (مفاعلہ) مُهَاجَرَةٌ سے، ماضی جمع غائب مؤنث۔ (٥٠:٣٣).

هَاجَرُوْا: انہوں نے (اللہ کی خوشنودی کے لیے) وطن چھوڑا، انہوں نے (دارالکفر سے) ہجرت کی، (مفاعلہ) مُهَاجَرَةٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ (٢١٨:٢) (١٩٥:٣) (٧٢:٨، ٧٤، ٧٥) (٢٠:٩) (٤١:١٦، ١١٠) (٥٨:٢٢).

هَادٍ: راستہ بتانے والا، ہدایت کرنے والا، پیغمبر، (ضرب ٩؛ هَدٰی.يَهْدِیْ) هِدَايَةٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر (اسم منقوص، بحالت رفع وجر) یہاں آیت (۷:۱۳) اور (۵۴:۲۲) میں محلًا مرفوع ہے اور باقی جگہ مجرور ہے۔ (٧:١٣، ٣٣) (٢٣:٣٩، ٣٦) (٣٣:٤٠)، هَادِ (اصل میں هَادِیْ، مضاف ہے) (٥٤:٢٢) هٰدِ (٥٣:٣٠).

هَادُوْا: وہ یہودی ہوئے، (نصر ٦؛ هَادَ.يَهُوْدُ) هَوْدٌ سے، ماضی جمع غائب مذکر۔ هَوْدٌ کے اصل میں معنی ہیں حق کی طرف لوٹنا اور توبہ کرنا، اہل یہود بچھڑے کی پوجا سے تائب ہوئے اس لیے یہودی کہلائے۔ (٦٢:٢) (٤٦:٤، ١٦٠) (٤١:٥، ٤٤، ٦٩) (١٤٦:٦) (١١٨:١٦) (١٧:٢٢) (٦:٦٢).

هَادِیَ: ہدایت یاب کرنے والا، سیدھا راستہ دکھانے والا، (ضرب) هِدَايَةٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر (اسم منقوص، منصوب مضاف)۔ (١٨٦:٧)، هَادِيًا (منصوب نکرہ) (٣١:٢٥)، هٰدِیْ (مجرور مضاف) (٨١:٢٧).

هٰذَا: یہ، اسم اشارہ قریب واحد مذکر ہے، (هَا حرف تنبیہ اور ذَا اسم اشارہ)۔ (٢٥:٢، ٢٦، ٧٩، ١٢٦) (٣٧:٣، ٥١، ٦٢، ٦٨، ١٢٥، ١٣٨، ١٦٥، ١٩١) (٣١:٥، ٤١، ١١٠، ١١٩) (٧:٦، ١٩، ٢٥، ٣٠، ٧٦، ٧٧، ٧٨، ٧٨، ٩٢، ١٢٦، ١٣٠، ١٣٦، ١٣٦، ١٤٤، ١٥٠، ١٥٣، ١٥٥) (٤٣:٧، ٥١، ١٠٩، ١٢٣، ١٦٩، ١٧٢، ٢٠٣) (٣١:٨، ٣١، ٣٢) (٢٨:٩، ٣٥) (٢:١٠، ١٥، ٣٧، ٤٨، ٦٨، ٧٦، ٧٧) (٧:١١، ٤٩، ٦٢، ٧٢، ٧٢، ٧٦، ٧٧) (٣:١٢، ١٥، ١٩، ٢٩، ٣١، ٣١، ٩٠، ٩٣، ١٠٠) (٣٥:١٤، ٥٢) (٤١:١٥) (١٠٣:١٦، ١١٦، ١١٦) (٩:١٧، ٤١، ٦٢، ٨٨، ٨٩) (٦:١٨، ٢٤، ٤٩، ٥٤، ٦٢، ٧٨، ٩٨) (٢٣:١٩، ٣٦) (٨٨:٢٠، ١١٧) (٣:٢١، ٢٤، ٣٦، ٣٨، ٥٠، ٥٩، ٦٢، ٦٣، ٩٧، ١٠٣، ١٠٦) (٧٨:٢٢) (٢٤:٢٣، ٢٤، ٣٣، ٦٣، ٨٣، ٨٣) (١٢:٢٤، ١٦، ١٦) (٤:٢٥، ٧، ٣٠، ٤١، ٥٣، ٥٣) (٣٤:٢٦، ١٣٧) (١٣:٢٧، ١٦، ٢٨، ٤٠، ٦٨، ٦٨، ٧١، ٧٦) (١٥:٢٨، ١٥، ١٥، ٣٦، ٣٦) (٥٦:٣٠، ٥٨) (١١:٣١) (١٤:٣٢، ٢٨) (٢٢:٣٣) (٢٩:٣٤، ٣١، ٤٣، ٤٣، ٤٣) (١٢:٣٥، ١٢) (٤٨:٣٦، ٥٢، ٦١) (١٥:٣٧، ٢٠، ٢١، ٦٠، ٦١، ١٠٦) (٤:٣٨، ٥، ٦، ٧، ٧، ٢٣، ٣٩، ٤٢، ٤٩، ٥٣، ٥٤، ٥٥، ٥٧، ٥٩، ٦١) (٢٧:٣٩، ٧١) (٢٦:٤١،

٥٠) (١٣:٤٣، ٣٠، ٣١، ٥٢، ٦١، ٦٤) (١١:٤٤، ٥٠) (١١:٤٥، ٢٠، ٢٩، ٣٤) (٤:٤٦، ٧، ١١، ١٢، ١٧، ٢٤، ٣٤) (٢:٥٠، ٢٢، ٢٣، ٣٢) (١٤:٥١) (١٥:٥٢، ٣٢) (٥٦:٥٣، ٥٩) (٨:٥٤) (٥٦:٥٦، ٨١، ٩٥) (٢١:٥٩) (٦:٦١) (٣:٦٦) (٢٠:٦٧، ٢١، ٢٥، ٢٧) (٤٤:٦٨) (٢٤:٧٤، ٢٥، ٣١) (٢٢:٧٦) (٣٥:٧٧، ٣٨) (١٧:٨٣) (١٨:٨٧) (١:٩٠، ٢) (٣:٩٥) (٣:١٠٦).

هٰـذٰنِ: یہ دونوں، اسم اشارہ قریب تثنیہ مذکر۔ (١٩:٢٢) هٰذٰنِ (٦٣:٢٠).

هٰـذِهٖ: یہ، اسم اشارہ قریب واحد مؤنث ہے۔ (٣٥:٢، ٥٨، ٢٥٩) (١١٧:٣) (٧٥:٤) (١٣٩:٦) (١٩:٧، ٢٠، ١٦١) (٦٠:١١، ١٢٠) (٧٢:٢٠) (٥٢:٢١) (٩١:٢٧) (٤٢:٢٨) (٣١:٢٩، ٣٤، ٦٤) (١٠:٣٩) (٣٩:٤٠) (٥١:٤٣) (١٤:٥٢)، هٰذِهٖ (٧٨:٤، ٧٨) (٦٣:٦، ١٣٨) (٧٣:٧، ١٣١، ١٥٦) (١٢٤:٩) (٢٢:١٠) (٦٤:١١، ٩٩) (٦٥:١٢، ١٠٨) (٣٠:١٦) (٧٢:١٧) (١٩:١٨، ٣٥) (٩٢:٢١) (٥٢:٢٣) (١٥٥:٢٦) (٦٣:٣٦) (٢٠:٤٨) (٤٣:٥٥) (١٩:٧٣) (٢٩:٧٦).

هَارٍ: گرنے والا، گرکر بہہ جانے والا، (نصر٦؛هَارَ.يَهُوْرُ)هَوْرٌ (عمارت کا گرنا، پچھاڑنا، دھوکا دینا) سے، اسم فاعل واحد مذکر، یہ اصل میں هَاوِرٌ (یاهَائِرٌ) تھا۔(١٠٩:٩).

هَارُوْتَ: فرشتہ کا نام، (دیکھو مَارُوْتَ)۔(١٠٢:٢).

هٰـرُوْنُ: حضرت موسیٰؑ کے بڑے بھائی جو حضرت موسیٰؑ کی دعا سے آپ کی مدد کیلئے پیغمبر بنائے گئے۔ سورۃ مریم، آیت (٢٨:١٩) میں ھارون کے بارے میں تین اقوال مشہور ہیں: ۱) کہ وہ یہی حضرت ھارونؑ ہی تھے اور حضرت مریم کو یَآاُخْتَ هَارُوْنَ کہنے کی وجہ یہ تھی کہ آپ حضرت ہارونؑ کی نسل سے تھیں اور اس سے خاندانی نسبت کا اظہار کرنا مقصود تھا، ۲) یہ ان کے ایک علاتی بھائی کا نام تھا اور وہ بڑا نیک آدمی تھا، ۳) بنی اسرائیل میں ایک نیک آدمی ھارون تھا جو نیکی میں ضرب المثل تھا۔ حضرت مریم چونکہ نیکی اور پاکدامنی میں مشہور تھیں اس لیے ان کو ان کی قوم نے ہارون کی بہن یعنی نیکی میں ہارون کی طرح قرار دیا۔ (٩٠:٢٠، ٩٢) (٣٤:٢٨)، هٰـرُوْنَ (٢٤٨:٢) (١٦٣:٤) (٨٤:٦) (١٢٢:٧، ١٤٢) (٧٥:١٠) (٢٨:١٩، ٥٣) (٣٠:٢٠، ٧٠) (٤٨:٢١) (٤٥:٢٣) (٣٥:٢٥) (١٣:٢٦، ٤٨) (١١٤:٣٧، ١٢٠).

هٰكَذَا: ایسا ہی، اس کی طرح ہی، اس میں هَا حرف تنبیہ، كَ حرف تشبیہ، ذَا اسم اشارہ قریب مذکر ہے۔(٤٢:٢٧).

هَالِكٌ: ہلاک ہونے والا، فنا ہونے والا، (ضرب۱)هَلَاكٌ سے، اسم فاعل واحد مذکر۔(٨٨:٢٨).

الْهٰـلِكِيْنَ: ہلاک ہونے والے، فنا ہونے والے، (ضرب) هَلَاكٌ سے، اسم فاعل جمع مذکر (بحالت نصب وجر)۔(٨٥:١٢).

هَامٰـنُ: حضرت موسیٰؑ کے زمانہ کے فرعون مصر کا وزیراعظم جو حضرت موسیٰؑ کا سخت ترین دشمن تھا اور فرعون کا بڑا معتمد۔ (٣٨:٢٨) (٣٦:٤٠)، هَامٰـنَ (٦:٢٨، ٨) (٣٩:٢٩) (٢٤:٤٠).

هَامِدَةً: خشک جس میں سبزہ نہ ہو، (نصر۱)هَمْدٌ (زمین کا بنجر ہونا، بےآب وگیاہ ہونا) سے، اسم فاعل واحد مؤنث۔(٥:٢٢).

هَاوِيَـةٌ: گڑھا، دوزخ کا نیچے کا طبقہ، [مادہ؛ هوى]۔ (٩:١٠١).

هٰـهُنَا: یہاں، اس جگہ، اسی جگہ، هَا حرف تنبیہ اور هُنَا اسم اشارہ یا اسم ظرف۔(١٥٤:٣) (٢٤:٥) (١٤٦:٢٦) (٣٥:٦٩).

هَبْ: تو عطا کر، تو بخشش کر/تو دے، (فتح؛وَهَبَ.يَهَبُ)وَهْبٌ و هِبَةٌ سے، امر واحد حاضر مذکر۔ (٨:٣، ٣٨) (٥:١٩) (٧٤:٢٥) (٨٣:٢٦) (١٠٠:٣٧) (٣٥:٣٨).

هَبَـآءً: باریک خاک، گرد، غبار، وہ باریک ذرات جو سوراخ میں

سے آنے والی تیز روشنی میں دکھتے ہیں، اَھْبَاءٌ جمع، [مادہ؛ھبو]۔ (٢٣:٢٥) (٦:٥٦).

هَجْرًا: چھوڑنا، قطع تعلق کرنا، کنارہ کش ہونا، مصدر ہے (باب نصرا)۔ (١٠:٧٣).

هَدًّا: منہدم، ڈھیا ہوا، مصدر (نصر٥؛ هَدَّ.يَهُدُّ کا) بمعنی اسم مفعول، [مادہ؛ھدد]۔ (١٩:٩٠).

هَدٰى: اس نے ہدایت کی/ ہدایت یافتہ کیا، (ضرب٩؛ هَدٰى.يَهْدِىْ) هِدَايَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر۔ (٢:١٤٣، ٢١٣) (٦:٩٠) (٧:٣٠) (١٣:٣١) (١٦:٣٦) (٢٠:٥٠، ٧٩، ١٢٢) (٨٧:٣) (٩٣:٧).

هُدٰى، هُدًى: ہدایت، اللہ تعالٰی کی کتب، صحیفے، راستہ، رہنمائی، ہدایت کرنا، اسم اور مصدر (ضرب٩؛ هَدٰى.يَهْدِىْ کا)۔ هُدٰى (٢:١٢٠) (٣:٧٣) (٦:٧١، ٨٨) (٣٩:٢٣)، اَلْهُدٰى (٢:١٦، ١٢٠، ١٥٩، ١٧٥، ١٨٥) (٣:٧٣) (٤:١١٥) (٦:٣٥، ٧١، ٧١) (٧:١٩٣، ١٩٨) (٩:٣٣) (١٧:٩٤) (١٨:٥٥، ٥٧) (٢٠:٤٧) (٢٨:٣٧، ٥٧، ٨٥) (٣٤:٣٢) (٤٠:٥٣) (٤١:١٧) (٤٧:٢٥، ٣٢) (٤٨:٢٨) (٥٣:٢٣) (٦١:٩) (٧٢:١٣) (٩٢:١٢) (٩٦:١١)، هُدًى (٢:٢، ٥، ٣٨، ٩٧، ١٨٥) (٣:٤، ٩٦، ١٣٨) (٥:٤٤، ٤٦، ٤٦) (٦:٩١، ١٥٤، ١٥٧) (٧:٥٢، ١٥٤، ٢٠٣) (١٠:٥٧) (١٢:١١١) (١٦:٦٤، ٨٩، ١٠٢) (١٧:٢) (١٨:١٣) (١٩:٧٦) (٢٠:١٠، ١٢٣) (٢٢:٨، ٦٧) (٢٧:٢، ٧٧) (٢٨:٤٣، ٥٠) (٣١:٣، ٥، ٢٠) (٣٢:٢٣) (٣٤:٢٤) (٤٠:٥٤) (٤١:٤٤) (٤٥:١١، ٢٠) (٤٧:١٧).

هُدَاىَ: (هُدَا.ىَ) میری ہدایت، هُدَا مضاف، ى (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔ (٢:٣٨) (٢٠:١٢٣).

هَدٰىكُمْ: (هَدٰى.كُمْ) اس نے تمہیں ہدایت کی، اس نے تم کو راستہ بتا دیا، وہ تمہیں ہدایت یافتہ بنا دیتا، هَدٰى، (ضرب٩؛ هَدٰى.يَهْدِىْ) هِدَايَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (٢:١٨٥، ١٩٨) (٦:١٤٩) (١٦:٩) (٢٢:٣٧) (٤٩:١٧).

هَدٰىنِ: (هَدٰى.نِ) اس نے مجھے ہدایت کی/ مجھے ہدایت یافتہ کیا، هَدٰى، (ضرب) هِدَايَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، نِ (اصل میں نِىْ) میں ن وقایہ، ى ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف۔ (٦:٨٠).

هَدٰىنَا: (هَدٰى.نَا) اس نے ہمیں ہدایت کی، (اگر) وہ ہمیں ہدایت (نہ) دیتا/ وہ ہمیں ہدایت دے دیتا، هَدٰى، (ضرب) هِدَايَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔ (٦:٧١) (٧:٤٣، ٤٣) (١٤:١٢، ٢١).

هَدٰىنِىْ: (هَدٰى.نِىْ) اس نے مجھے سیدھا راستہ دکھایا، (اگر) وہ مجھے ہدایت دے دیتا، هَدٰى، (ضرب) هِدَايَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، نِىْ میں ن وقایہ، ى ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔ (٦:١٦١) (٣٩:٥٧).

هَدٰىهُ: (هَدٰى.هُ) اس نے اس کو راستہ بتا دیا، هَدٰى، (ضرب) هِدَايَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (١٦:١٢١).

هُدٰىهَا: (هُدٰى.هَا) اس کی ہدایت یابی، هُدٰى مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔ (٣٢:١٣).

هَدٰىهُمْ: (هَدٰى.هُمْ) اس نے ان کو ہدایت یاب کیا، هَدٰى، (ضرب) هِدَايَةٌ سے، ماضی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (٩:١١٥) (٣٩:١٨).

هُدٰىهُمْ: (هُدٰى.هُمْ) ان کی ہدایت یابی، هُدٰى مضاف، هُمْ (ضمیر جمع غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٢:٢٧٢) (٦:٩٠) (١٦:٣٧).

هُدِّمَتْ: منہدم کر دیئے جاتے، (تفعیل ا) تَهْدِيْمٌ (ڈھے جانا، ویران ہونا) سے، ماضی مجہول واحد غائب مؤنث۔ (٢٢:٤٠).

هُدْنَا: ہم نے توبہ کی، ہم نے (تیری طرف) رجوع کیا، (نصر؛ هَادَ.يَهُوْدُ) هَوْدٌ سے، ماضی جمع متکلم۔(۱۵۶:۷).

هُدُوْا: ان کو ہدایت کی گئی/ راستہ بتایا گیا، (ضرب؛ هَدٰى.يَهْدِىْ) هِدَايَةٌ سے، ماضی مجہول جمع غائب مذکر۔ (۲۲:۲۴، ۲۴).

الْهُدْهُدَ: مشہور پرندہ، اہل تفسیر کہتے ہیں کہ حضرت سلیمانؑ کا قاصد تھا، [مادہ؛هدهد]۔(۲۷:۲۰).

هُدِىَ: اس کو رہنمائی دی گئی، اسے ہدایت دی گئی، (ضرب) هِدَايَةٌ سے، ماضی مجہول واحد غائب مذکر۔(۳:۱۰۱).

الْهَدْىُ: قربانی کا جانور جو حرم کے اندر ذبح ہونے کیلئے بھیجا جاتا ہے، هَدْيَةٌ واحد۔ (۲:۱۹۶)، الْهَدْىِ (۲:۱۹۶، ۱۹۶)، الْهَدْىَ (۵:۲، ۹۷) (۴۸:۲۵)، هَدْيًا (۵:۹۵).

هَدِيَّةٍ: بھیجا ہوا، ہدیہ، تحفہ، (ضرب۹؛ هَدٰى.يَهْدِىْ) هَدْىٌ (راہ بتانا، بھیجنا) سے، صفت مشبہ مفرد، هَدَايَا جمع۔(۲۷:۳۵).

هَدِيَّتِكُمْ: (هَدِيَّةِ.كُمْ) تمہارا تحفہ، هَدِيَّةِ مضاف، كُمْ (ضمیر جمع حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(۲۷:۳۶).

هَدَيْتَنَا: (هَدَيْتَ.نَا) تو نے ہم کو ہدایت دی، ہمیں صحیح راستہ دکھایا، هَدَيْتَ، (ضرب) هِدَايَةٌ سے، ماضی واحد حاضر مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔(۳:۸).

یَتَّخِذُوْنَ: وہ بناتے ہیں، (افتعال) اِتِّخَاذٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۱۳۹:۴).

یَتَّخِذُوْنَكَ: (یَتَّخِذُوْنَ.كَ) وہ تجھے پکڑتے ہیں/ تجھے بناتے ہیں، یَتَّخِذُوْنَ، (افتعال) اِتِّخَاذٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔(۳۶:۲۱) (۴۱:۲۵).

یَتَّخِذُوْهُ: (یَتَّخِذُوْا.هُ) وہ اسے بنالیں، اسے اختیار کرلیں، یَتَّخِذُوْا، (افتعال) اِتِّخَاذٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۱۴۶:۷، ۱۴۶).

یَتَّخِذَهَا: (یَتَّخِذَ.هَا) وہ اس کو پکڑ لے، اس سے بنالے، یَتَّخِذَ، (افتعال) اِتِّخَاذٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(۶:۳۱).

یُتَخَطَّفُ: جھپٹ لیے جاتے ہیں، اچک لیے جاتے ہیں، (تفعل ا) تَخَطُّفٌ سے، مضارع مجہول واحد غائب مذکر۔(۶۷:۲۹).

یَتَخَطَّفَكُمْ: (یَتَخَطَّفَ.كُمْ) (کہ) تمہیں اچک لے جائیں/تمہیں جھپٹ لیں، یَتَخَطَّفَ، (تفعل) تَخَطُّفٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(۲۶:۸).

یَتَخَلَّفُوْا: (کہ) وہ پیچھے رہ جاتے/ پیچھے رہ جائیں، وہ خلاف کریں، (تفعل ا) تَخَلُّفٌ (پیچھے رہ جانا، خلاف کرنا) سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر۔(۱۲۰:۹).

یَتَخَیَّرُوْنَ: وہ پسند کریں گے/ پسند کرتے ہیں، اختیار کرتے ہیں، (تفعل) تَخَیُّرٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، [مادہ: خیر]۔(۲۰:۵۶).

یَتَدَبَّرُوْنَ: (کیا) وہ غور و فکر (نہیں) کرتے ہیں، (تفعل ا) تَدَبُّرٌ (غور و فکر کرنا) سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۸۲:۴) (۲۴:۴۷).

یَتَذَكَّرُ: نصیحت پکڑتا ہے، (اہل عقل) نصیحت پکڑتے ہیں، وہ یاد کرے گا، (تفعل ا) تَذَكُّرٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(۱۹:۱۳) (۴۴:۲۰) (۳۷:۳۵) (۹:۳۹) (۱۳:۴۰) (۳۵:۷۹) (۲۳:۸۹)، یَتَذَكَّرَ (تاکہ اہل عقل) نصیحت پکڑیں (۲۹:۳۸).

یَتَذَكَّرُوْنَ: وہ نصیحت پکڑتے ہیں، وہ نصیحت پکڑیں، (تفعل) تَذَكُّرٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۲۲۱:۲) (۲۵:۱۴) (۴۳:۲۸، ۴۶، ۵۱) (۲۷:۳۹) (۵۸:۴۴).

یَتَرَاجَعَا: (نکاح کی طرف عدت کے بعد) وہ دونوں لوٹ آئیں، (تفاعل ا) تَرَاجُعٌ (واپس لوٹنا) سے، مضارع (منصوب) تثنیہ غائب مذکر، (عامل یعنی ناصب مضارع کی وجہ سے آخر سے نون اعرابی گرگیا)۔(۲۳۰:۲).

یَتَرَبَّصُ: وہ انتظار کرتا ہے، وہ راہ دیکھتا ہے، (تفعل ا) تَرَبُّصٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(۹۸:۹).

یَتَرَبَّصْنَ: (نکاح سے) روکے رہیں، منتظر رہیں، (تفعل) تَرَبُّصٌ (انتظار کرنا، کسی امر سے رک جانا) سے، مضارع جمع غائب مؤنث۔(۲۲۸:۲، ۲۳۴).

یَتَرَبَّصُوْنَ: وہ انتظار کرتے ہیں، (تفعل) تَرَبُّصٌ سے،

مضارع جمع غائب مذکر۔(۱۴۱:۴).

یَتَرَدَّدُوْنَ: وہ ڈانواں ڈول ہوتے ہیں، (تفعل۵؛ تَرَدَّدَ. یَتَرَدَّدُ)تَرَدُّدٌ (متردد ہونا، شک وشبہ میں پڑنا) سے، مضارع جمع غائب مذکر، [مادہ؛ ردد]۔(۴۵:۹).

یَتَرَقَّبُ: خفیہ ٹوہ لگاتا ہوا، خطرہ بھانپتا ہوا، (تفعل۱) تَرَقُّبٌ (راہ دیکھنا، نظر رکھنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۱۸:۲۸، ۲۱).

یُتْرَكَ: (کہ) وہ چھوڑ دیا جائے گا، (نصر) تَرْكٌ سے، مضارع مجہول واحد غائب مذکر۔(۳۶:۷۵).

لَنْ یَّتِرَكُمْ: (لَنْ یَّتِرَ. كُمْ) وہ تمہارے ہرگز کم نہیں کرے گا/تمہارے نہیں کاٹے گا، لَنْ یَّتِرَ، (ضرب۲؛ وَتَرَ. یَتِرُ) وَتْرٌ (مال یا حق کو کم کرنا، بدلا لینے یا دینے میں ظلم کرنا، تکلیف پہنچانا) سے، مضارع منفی بہ لن واحد غائب مذکر، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(۳۵:۴۷).

یُتْرَكُوْا: وہ چھوڑ دیئے جائیں گے، (نصر) تَرْكٌ سے، مضارع مجہول (منصوب) جمع غائب مذکر۔(۲:۲۹).

یَتَزَكّٰی: وہ پاک ہوتا ہے، وہ پاکی حاصل کرتا ہے، (تفعل) تَزَكِّیْ سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ؛ زکو]۔ (۱۸:۳۵) (۱۸:۹۲).

یَتَسَآءَلُوْا: باہم ایک دوسرے سے پوچھیں، وہ ایک دوسرے سے سوال کریں، (تفاعل) تَسَاءُلٌ (باہم پوچھنا) سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر، [مادہ؛ سال]۔(۱۹:۱۸).

یَتَسَآءَلُوْنَ: وہ باہم سوال کریں گے، باہم ایک دوسرے سے پوچھتے ہیں، وہ ایک دوسرے سے سوال کریں گے، (تفاعل) تَسَاءُلٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۱۰۱:۲۳) (۶۶:۲۸) (۲۷:۳۷، ۵۰) (۲۵:۵۲) (۴۰:۷۴) (۱:۷۸).

یَتَسَلَّلُوْنَ: وہ کھسک جاتے ہیں، (تفعل۵؛ تَسَلَّلَ. یَتَسَلَّلُ) تَسَلُّلٌ (چپکے سے کھسک جانا) سے، مضارع جمع غائب مذکر، [مادہ؛ سلل]۔(۶۳:۲۴).

لَمْ یَتَسَنَّهْ: وہ سڑا بسا نہیں، وہ خراب نہیں ہوا، (تفعل۱) تَسَنُّهٌ (سڑنا بسنا، بہت برسوں والا ہونا) سے، مضارع منفی بہ لم واحد غائب مذکر۔(۲۵۹:۲).

یَتَضَرَّعُوْنَ: وہ عاجزی کرتے ہیں، وہ گڑگڑاتے ہیں، (تفعل۱) تَضَرُّعٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۴۲:۶) (۷۶:۲۳).

یَتَطَهَّرُوْا: کہ پاکباز ہوں، (تفعل۱) تَطَهُّرٌ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر۔(۱۰۸:۹).

یَتَطَهَّرُوْنَ: پاک صاف بنتے ہیں، (تفعل) تَطَهُّرٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۸۲:۷) (۵۶:۲۷).

یَتَعَارَفُوْنَ: باہم ایک دوسرے کو پہچانیں گے، (تفاعل۱) تَعَارُفٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۴۵:۱۰).

یَتَعَدَّ: تجاوز کرے گا، نکل جائے گا، حد سے نکل جائے گا، (تفعل۱۰؛ تَعَدّٰی. یَتَعَدّٰی) تَعَدٍّ (زیادتی کرنا) سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مذکر، [مادہ؛ عدو]۔(۲۲۹:۲) (۱۴:۴) (۱:۶۵).

یَتَعَلَّمُوْنَ: وہ سیکھتے ہیں/سیکھتے تھے، (تفعل۱) تَعَلُّمٌ (سیکھنا) سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۱۰۲:۲، ۱۰۲).

یَتَغَامَزُوْنَ: آنکھ سے اشارے کرتے، آپس میں اشارے کرتے، (تفاعل۱) تَغَامُزٌ (ایک دوسرے کی طرف آنکھوں سے اشارہ کرنا) سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۳۰:۸۳).

لَمْ یَتَغَیَّرْ: وہ متغیر نہیں ہوا، وہ بدلا ہوا نہیں ہوگا، (تفعل۹؛ تَغَیَّرَ. یَتَغَیَّرُ) تَغَیُّرٌ (بدل جانا) سے، مضارع منفی بہ لم واحد غائب مذکر، [مادہ؛ غیر]۔(۱۵:۴۷).

یَتَفَجَّرُ: پھوٹ نکلتا ہے، (نہریں) پھوٹ نکلتی ہیں، (تفعل۱) تَفَجُّرٌ (پانی کا جاری ہونا، پھوٹ نکلنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(۷۴:۲).

یَتَفَرَّقَا: (اگر) وہ دونوں الگ الگ ہوجائیں، (تفعل۱) تَفَرُّقٌ سے، مضارع (مجزوم) تثنیہ غائب مذکر۔(۱۳۰:۴).

یَتَفَرَّقُوْنَ: وہ الگ الگ ہو جائیں گے، (تفعل) تَفَرُّقٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۱۴:۳۰).

یَتَفَضَّلَ: (کہ) وہ بڑا ہو، بڑائی حاصل کرے، اسے فضیلت حاصل ہو جائے، (تفعل ا) تَفَضُّلٌ (بڑا بننا، فضیلت کا مدعی ہونا) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(۲۴:۲۳).

یَتَفَطَّرْنَ: پھٹ جائیں، ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں، (تفعل ا) تَفَطُّرٌ (پھٹ جانا) سے، مضارع جمع غائب مؤنث۔(۹۰:۱۹) (۵:۴۲).

یَتَفَقَّهُوْا: (تاکہ) سمجھ پیدا کریں/ (دین کے مسائل) سیکھیں، (تفعل ا) تَفَقُّهٌ (سیکھنا، علم فقہ حاصل کرنا) سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر۔(۱۲۲:۹).

لَمْ یَتَفَكَّرُوْا: انہوں نے غور نہیں کیا، (تفعل ا) تَفَكُّرٌ سے، مضارع منفی بہ لم جمع غائب مذکر۔(۱۸۴:۷) (۸:۳۰).

یَتَفَكَّرُوْنَ: وہ غور و فکر کرتے ہیں، وہ غور کریں، (تفعل) تَفَكُّرٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۱۹۱:۳) (۱۷۶:۷) (۲۴:۱۰) (۳:۱۳) (۱۱:۱۶، ۴۴، ۶۹) (۲۱:۳۰) (۴۲:۳۹) (۱۳:۴۵) (۲۱:۵۹).

یَتَفَیَّؤُا: وہ ڈھلتا ہے/ جھکتا ہے، (سائے) جھکے جاتے ہیں، (تفعل۴+۹: تَفَیَّءَ. یَتَفَیَّءُ) تَفَیُّءٌ (سائے کا پلٹنا/ جھکنا، سایہ حاصل کرنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ: فیا]۔ (۴۸:۱۶).

یَتَّقِ: (جو) ڈرے گا، پرہیزگاری کرے/ پرہیزگاری کرے گا، (افتعال: اِتَّقٰی. یَتَّقِیْ) اِتِّقَاءٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مذکر، [مادہ: وقی]۔(۹۰:۱۲) (۲:۶۵، ۴، ۵).

یَتَّقِ: (لِیَتَّقِ) چاہیے کہ وہ ڈرے، پرہیزگاری اختیار کرے، (افتعال) اِتِّقَاءٌ سے، امر واحد غائب مذکر۔(۲۸۲:۲، ۲۸۳).

یَتَقَبَّلُ: قبول کرتا ہے، (تفعل ا) تَقَبُّلٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(۲۷:۵).

لَمْ یُتَقَبَّلْ: قبول نہ کی گئی، (تفعل) تَقَبُّلٌ سے، مضارع مجہول منفی بہ لم واحد غائب مذکر۔(۲۷:۵).

لَنْ یُّتَقَبَّلَ: ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا، (تفعل) تَقَبُّلٌ سے، مضارع مجہول منفی بہ لن واحد غائب مذکر۔(۵۳:۹).

یَتَقَدَّمَ: آگے بڑھے، (تفعل ا) تَقَدُّمٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(۳۷:۷۴).

یَتَّقُوْا: (لِیَتَّقُوْا) چاہیے کہ وہ ڈریں، پرہیزگاری اختیار کریں، (افتعال) اِتِّقَاءٌ سے، امر جمع غائب مذکر، [مادہ: وقی]۔ (۹:۴).

یَتَّقُوْنَ: وہ ڈرتے ہیں، وہ پرہیزگاری اختیار کرتے ہیں، وہ بچتے ہیں، وہ بچیں گے، وہ ڈریں، وہ بچیں، (افتعال) اِتِّقَاءٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۱۸۷:۲) (۶:۳۲، ۵۱، ۶۹، ۶۹) (۱۵۶:۷، ۱۶۴، ۱۶۹) (۵۶:۸) (۱۱۵:۹) (۶:۱۰، ۶۳) (۵۷:۱۲) (۱۱۳:۲۰) (۱۱:۲۶) (۵۳:۲۷) (۲۸:۳۹) (۱۸:۴۱).

یَتَّقْهِ: (یَتَّقِ. هِ) (جو) اللہ سے ڈرے گا، اس کی پرہیزگاری کرے/ اس کی پرہیزگاری کرے گا، یَتَّقِ، (افتعال) اِتِّقَاءٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مذکر، هِ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۵۲:۲۴).

یَتَّقِیْ: (کیا جو) کفر و معصیت سے بچتا ہے، وہ پرہیز کرتا ہے/ بچتا ہے/ بچے گا، (افتعال) اِتِّقَاءٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۲۴:۳۹).

یَتَّكِـُٔوْنَ: وہ تکیہ لگائیں گے، وہ ٹیک لگائیں گے، (افتعال: اِتَّكَاَ. یَتَّكِئُ) اِتِّكَاءٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، [مادہ: وکا]۔ (۳۴:۴۳).

یَتَكَبَّرُوْنَ: وہ تکبر کرتے ہیں، (تفعل ا) تَكَبُّرٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۱۴۶:۷).

یَتَكَلَّمُ: وہ بولتا ہے یعنی تعلیم دیتا ہے، (دلیل) کہہ رہی ہے، (تفعل ا) تَكَلُّمٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(۳۵:۳۰).

یَتَكَلَّمُوْنَ: وہ بات کریں گے، (تفعل) تَكَلُّمٌ سے،

مضارع جمع غائب مذکر۔(۳۸:۷۸).

یَتَلَاوَمُوْنَ: وہ ایک دوسرے کو ملامت کرنے لگے، (تفاعل۸: تَلَاوَمَ.یَتَلَاوَمُ) تَلَاوُمٌ (باہم ملامت کرنا) سے، مضارع جمع غائب مذکر،[مادہ:لوم]۔(۳۰:۶۸).

یُتْلٰی: اس کی تلاوت کی جاتی ہے، پڑھی جاتی ہے، (نصر۷: تَلَا.یَتْلُوْ) تِلَاوَةٌ سے، مضارع مجہول واحد غائب مذکر۔ (۱۲۷:۴) (۱:۵) (۱۰۷:۱۷) (۳۰:۲۲) (۵۳:۲۸) (۵۱:۲۹) (۳۴:۳۳).

یَتَلَطَّفْ: (لِیَتَلَطَّفْ) چاہیے کہ حسن تدبیر سے کام کرے، مخفی دانش سے کام کرے، (تفعل۱) تَلَطُّفٌ (تدبیر سے کچھ کرنا، نرمی برتنا) سے، امر واحد غائب مذکر۔(۱۹:۱۸).

یَتَلَقّٰی: وہ لے جاتا ہے، لے لیتے ہیں، (تفعل: تَلَقّٰی.یَتَلَقّٰی) تَلَقِّیْ سے، مضارع واحد غائب مذکر،[مادہ:لقی]۔(۱۷:۵۰).

یَتْلُوْا: پڑھے، تلاوت کرے، تلاوت کرے گا، پڑھتا ہے، (نصر۷) تِلَاوَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۱۲۹:۲، ۱۵۱) (۱۶۴:۳) (۵۹:۲۸) (۲:۶۲) (۱۱:۶۵) (۲:۹۸).

یَتْلُوْنَ: وہ تلاوت کرتے ہیں، (نصر) تِلَاوَةٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۱۱۳:۲) (۱۱۳:۳) (۷۲:۲۲) (۲۹:۳۵) (۷۱:۳۹).

یَتْلُوْنَهٗ: (یَتْلُوْنَ.هٗ) وہ اس کی تلاوت کرتے ہیں، یَتْلُوْنَ، (نصر) تِلَاوَةٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۱۲۱:۲).

یَتْلُوْهُ: (یَتْلُوْا.هُ)۱) وہ اس کی تلاوت کرتا ہے، وہ اسے پڑھتا ہے، یَتْلُوْا، (نصر۷) تِلَاوَةٌ (تلاوت کرنا، پڑھنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔۲) وہ اس کے پیچھے چلتا ہے، اس کے ساتھ ساتھ رہے، یَتْلُوْا، (نصر۷: تَلَا.یَتْلُوْ) تِلُوٌّ سے جسکے معنی پیچھے چلنے اور ساتھ ساتھ رہنے کے ہیں، مضارع واحد غائب مذکر۔ هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ اس آیت میں شاہد سے مراد بعض نے حضرت جبریلؑ کو لیا ہے اور بعض کے نزدیک خود قرآن ہے، ان دونوں صورتوں میں نمبر (۲) ترجمہ کیا جائے گا۔ جبکہ نمبر (۱) ترجمے کی رو سے اکثر مفسرین نے شاہد سے مراد خود حضورﷺ کی ذات مبارک کو لیا ہے۔(۱۷:۱۱).

یُتِمُّ: پوری کرتا ہے، (افعال: اَتَمَّ.یُتِمُّ) اِتْمَامٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر،[مادہ:تمم]۔(۶:۱۲) (۸۱:۱۶)، یُتِمَّ (پورا کرے، انتہا کو پہنچائے) (۲۳۳:۲) (۶:۵) (۳۲:۹) (۲:۴۸).

یَتَمَآسَّا: (کہ) وہ دونوں ایک دوسرے کو چھوئیں، وہ دونوں جماع کریں، (تفاعل۵: تَمَاسَّ.یَتَمَاسُّ) تَمَاسٌّ (باہم چھونا) سے، مضارع (منصوب) تثنیہ غائب مذکر، [مادہ: مسس]۔ (۳:۵۸، ۴).

یَتَمَتَّعُوْا: وہ مزہ اڑالیں، فائدہ حاصل کرلیں، (تفعل۱) تَمَتُّعٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع غائب مذکر۔ (۳:۱۵) (منصوب) (۶۶:۲۹).

یَتَمَتَّعُوْنَ: وہ فائدہ لیتے ہیں، فائدہ حاصل کرتے ہیں، (دنیا میں) مزہ اڑاتے ہیں، (تفعل) تَمَتُّعٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۱۲:۴۷).

یَتَمَطّٰی: غرور سے اکڑتا ہوا، ناز سے مٹکتا ہوا، (تفعل۱۰: تَمَطّٰی.یَتَمَطّٰی) تَمَطِّیْ (اکڑنا، چلنے میں گھمنڈ سے بازو پھیلانا) سے، مضارع واحد غائب مذکر،[مادہ:مطو]۔(۳۳:۷۵).

لَایَتَمَنَّوْنَهٗ: (لَایَتَمَنَّوْنَ.هٗ) وہ اس کی تمنا نہیں کریں گے، وہ اس کو دل سے نہیں چاہیں گے، لَایَتَمَنَّوْنَ، (تفعل: تَمَنّٰی. یَتَمَنّٰی) تَمَنِّیْ سے، مضارع منفی جمع غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)،[مادہ:منی]۔(۷:۶۲).

لَنْ یَّتَمَنَّوْهُ: (لَنْ یَّتَمَنَّوْا.هُ) وہ اس کی ہرگز تمنا نہیں کریں گے، لَنْ یَّتَمَنَّوْا، (تفعل) تَمَنِّیْ سے، مضارع منفی بہ لن جمع غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۹۵:۲).

یَتَنَاجَوْنَ: وہ آپس میں سرگوشی کرتے ہیں، (تفاعل؛

تَنَاجٰی.یَتَنَاجٰی) تَنَاجٍ سے، مضارع جمع غائب مذکر، [مادہ؛ نجو]۔(٨:٥٨).

یَتَنَازَعُوْنَ: باہم اختلاف کر رہے تھے، (تفاعل١) تَنَازُعٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(١٨:٢١) (٥٢:٢٣).

یَتَنَافَسِ: (لِ.یَتَنَافَسْ) چاہیے کہ وہ رغبت کرے، (تفاعل١) تَنَافُسٌ سے، امر واحد غائب مذکر۔(٨٣:٢٦).

یَتَنَاهَوْنَ: وہ آپس میں ایک دوسرے کو(نہیں) روکتے تھے/منع کرتے تھے، (تفاعل١١؛ تَنَاهٰی.یَتَنَاهٰی) تَنَاهٍ (باہم روکنا/منع کرنا) سے، مضارع جمع غائب مذکر، [مادہ؛نهی]۔(٥:٧٩).

یَتَنَزَّلُ: وہ اترتا ہے، نازل ہوتا ہے، وارد ہوتا ہے، (تفعل١) تَنَزُّلٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(٦٥:١٢).

یَتَوَارٰی: وہ چھپتا ہے، چھپا جاتا ہے، (تفاعل١٢؛ تَوَارٰی. یَتَوَارٰی) تَوَارٍ (چھپنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ؛ وری]۔(١٦:٥٩).

یَتُوْبُ: توبہ قبول کرتا ہے، رحمت کے ساتھ لوٹتا ہے، (نصر٦) تَوْبَةٌ (عَلٰی) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ دیکھو تَابَ۔ (١٧:٤) (٥:٣٩) (٩:١٥، ٢٧، ١٠٦)، یَتُوْبَ (توبہ قبول فرمائے، معاف کر دے) (١٢٨:٣) (٢٦:٤، ٢٧) (٩:١٠٢) (٢٤:٣٣، ٧٣).

یَتُوْبُ: توبہ کرتا ہے، لوٹتا ہے، رجوع کرتا ہے، (نصر٦) تَوْبَةٌ (اِلٰی) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ دیکھو تَابَ۔(٢٥:٧١).

یَتُوْبُوْا: وہ توبہ کرلیں، (نصر) تَوْبَةٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔اول مجزوم، دوم منصوب(٩:٧٤، ١١٨).

لَمْ یَتُوْبُوْا: انہوں نے توبہ نہیں کی، (نصر) تَوْبَةٌ سے، مضارع منفی بہ لم جمع غائب مذکر۔(٨٥:١٠).

یَتُوْبُوْنَ: وہ توبہ کرتے ہیں، وہ توبہ (نہیں) کرتے، (نصر) تَوْبَةٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(١٧:٤) (٥:٧٤) (٩:١٢٦).

یَتَوَفّٰی: وہ وفات دیتا ہے، وہ جان لے لیتا ہے، (فرشتے) جان نکالتے ہیں، (تفعل؛ تَوَفّٰی.یَتَوَفّٰی) تَوَفٍّ سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ؛وفی]۔(٨:٥٠) (٣٩:٤٢).

یُتَوَفّٰی: اسے موت دی جاتی ہے، مرجاتا ہے یعنی جوانی سے پہلے وفات پاجاتا ہے، (تفعل) تَوَفٍّ سے، مضارع مجہول واحد غائب مذکر۔(٢٢:٥) (٤٠:٦٧).

یَتَوَفّٰکُمْ: (یَتَوَفّٰی. کُمْ) وہ تمہاری روح کو قبض کرتا ہے/ تمہاری روح کو لے لیتا ہے، یَتَوَفّٰی، (تفعل) تَوَفٍّ سے، مضارع واحد غائب مذکر، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(٦:٦٠) (١٠:١٠٤) (١٦:٧٠) (٣٢:١١).

یَتَوَفّٰهُنَّ: (یَتَوَفّٰی.هُنَّ) (یہاں تک کہ) وہ انہیں وفات دے دے، وہ ان کو پورا لے لے، یَتَوَفّٰی، (تفعل) تَوَفٍّ سے، مضارع (منصوب) واحد غائب مذکر، هُنَّ ضمیر مفعول (جمع غائب مؤنث)۔(٤:١٥).

یُتَوَفَّوْنَ: مرجائیں، وفات پاجائیں، (تفعل) تَوَفٍّ سے، مضارع مجہول جمع غائب مذکر۔(٢:٢٣٤، ٢٤٠).

یَتَوَفَّوْنَهُمْ: (یَتَوَفَّوْنَ.هُمْ) وہ ان کی جان نکالتے ہیں، یَتَوَفَّوْنَ، (تفعل١٢؛ تَوَفّٰی.یَتَوَفّٰی) تَوَفٍّ (پورا پورا لینا/ جان نکالنا) سے، مضارع جمع غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)، [مادہ؛وفی]۔(٧:٣٧).

یَتَوَکَّلُ: بھروسا کرتا ہے، (توکل کرنے والے) توکل کرتے ہیں، (تفعل) تَوَکُّلٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ؛ وکل]۔(٣٩:٣٨).

یَتَوَکَّلْ: بھروسا کرے گا، بھروسا کرتا ہے، (تفعل) تَوَکُّلٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(٨:٤٩) (٦٥:٣).

یَتَوَکَّلْ: (لِیَتَوَکَّلْ) چاہیے کہ بھروسا کریں، (تفعل) تَوَکُّلٌ سے، امر واحد غائب مذکر۔ (٣:١٢٢، ١٦٠) (٥:١١) (٩:٥١) (١٢:٦٧) (١٤:١١، ١٢) (٥٨:١٠) (٦٤:١٣).

یَتَوَکَّلُوْنَ: بھروسا کرتے ہیں، توکل کرتے ہیں، (تفعل) تَوَکُّلٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(٨:٢) (١٦:٤٢، ٩٩)

(۵۹:۲۹) (۳۶:۴۲).

یَتَوَلَّ: جو منہ موڑے گا/ اعراض کرے گا، پیٹھ پھیرے گا، (تفعل: تَوَلّٰی.یَتَوَلّٰی) تَوَلٍّ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مذکر، [مادہ: ولی]۔ (۵۶:۵) (۱۷:۴۸) (۲۴:۵۷) (۶:۶۰).

یَتَوَلّٰی: وہ منہ پھیر لیتا ہے، وہ پسند کرتا ہے، وہ دوست رکھتا ہے، (تفعل) تَوَلٍّ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۲۳:۳) (۱۹۶:۷) (۴۷:۲۴).

یَتَوَلَّوْا: وہ لوٹ جاتے ہیں، وہ پھر جاتے ہیں، (اگر) وہ پھر جائیں، (تفعل) تَوَلٍّ سے، مضارع (مجزوم) جمع غائب مذکر۔ (۹: ۵۰، ۷۴).

یَتَوَلَّوْنَ: وہ منہ موڑ لیتے ہیں، پھر جاتے ہیں، وہ دوست رکھتے ہیں، (تفعل) تَوَلٍّ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۵:۴۳، ۸۰).

یَتَوَلَّوْنَهٗ: (یَتَوَلَّوْنَ.هٗ) وہ اس سے دوستی رکھتے ہیں، یَتَوَلَّوْنَ، (تفعل) تَوَلٍّ سے، مضارع جمع غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۱۶: ۱۰۰).

یَتَوَلَّهُمْ: (یَتَوَلَّ.هُمْ) جو ان سے دوستی رکھے گا، ان کو دوست بنائے گا، یَتَوَلَّ، (تفعل) تَوَلٍّ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۵۱:۵) (۲۳:۹) (۹:۶۰).

اَلْیَتِیْمِ: یتیم، نابالغ جس کا باپ مرجائے، یَتَامٰی جمع، [مادہ: یتم]۔ دیکھو یَتَامٰی۔ (۱۵۲:۶) (۳۴:۱۷)، اَلْیَتِیْمَ (۱۷:۸۹) (۹:۹۳) (۲:۱۰۷)، یَتِیْمًا (۸:۷۶) (۱۵:۹۰) (۶:۹۳).

یَتِیْمَیْنِ: دو یتیم لڑکے، یَتِیْمٌ کا تثنیہ۔ (۸۲:۱۸).

یَتِیْهُوْنَ: سرگرداں گھومتے رہیں گے، (ضرب۸: تَاهَ. یَتِیْهُ) تَیْهٌ (راستہ بھول جانا، سرگرداں گھومنا) سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۲۶:۵).

یُثْبِتُ: وہ قائم رکھتا ہے، باقی رکھتا ہے، برقرار رکھتا ہے، (افعال ۱) اِثْبَاتٌ (قائم رکھنا، ثابت کرنا، باندھنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۳۹:۱۳).

یُثَبِّتُ: جما کر رکھتا ہے، مضبوط رکھتا ہے، (تفعیل ۱) تَثْبِیْتٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۲۷:۱۴)، یُثَبِّتْ (جمائے رکھے گا) (۷:۴۷)، یُثَبِّتَ (وہ جما دے، ثابت قدم رکھے) (۱۱:۸) (۱۰۲:۱۶).

یُثْبِتُوْكَ: (یُثْبِتُوْا.كَ) (تا کہ) وہ تجھے قید کرلیں/ تجھے باندھ لیں، یُثْبِتُوْا، (افعال) اِثْبَاتٌ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (۸: ۳۰).

یُثْخِنَ: (یہاں تک کہ) وہ کثرت سے خون بہا دے، (افعال ۱) اِثْخَانٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۶۷:۸).

یَثْرِبَ: یثرب، مدینہ منورہ کا پرانا نام۔ (۱۳:۳۳).

یَثْقَفُوْكُمْ: (یَثْقَفُوْا.كُمْ) (اگر) وہ تم پر کامیاب ہوجائیں/ تم پر قابو پالیں، یَثْقَفُوْا، (سمع ۱) ثَقْفٌ (فتح مندو کامیاب ہونا، کسی کو جا پکڑنا) سے، مضارع (مجزوم) جمع غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۲:۶۰).

یَثْنُوْنَ: وہ دوہرا کیے دیتے ہیں، (ضرب۹: ثَنٰی.یَثْنِیْ) ثَنْیٌ (دوہرا کرنا، موڑنا، لپیٹنا، تہہ کرنا) سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۵:۱۱).

یُجَادِلُ: وہ جھگڑا کرتا ہے، وہ جھگڑے گا، (مفاعلہ ۱) مُجَادَلَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۱۰۹:۴) (۵۶:۱۸) (۸،۳:۲۲) (۲۰:۳۱) (۴:۴۰).

یُجَادِلُنَا: (یُجَادِلُ.نَا) وہ جھگڑا کرنے لگا ہم سے، وہ ہم سے بحث و جدل کرنے لگا، یُجَادِلُ، (مفاعلہ) مُجَادَلَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔ (۷۴:۱۱).

یُجَادِلُوْكُمْ: (یُجَادِلُوْا.كُمْ) (تا کہ) وہ تم سے جھگڑا کریں، یُجَادِلُوْا، (مفاعلہ) مُجَادَلَةٌ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۱۲۱:۶).

یُجَادِلُوْنَ: وہ جھگڑتے ہیں، (مفاعلہ) مُجَادَلَۃٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۱۳:۱۳) (۳۵:۴۰، ۵۶، ۶۹) (۳۵:۴۲).

یُجَادِلُوْنَكَ: (یُجَادِلُوْنَ. كَ) وہ تجھ سے جھگڑتے ہیں، یُجَادِلُوْنَ، (مفاعلہ) مُجَادَلَۃٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (۲۵:۶) (۶:۸).

یُجَارُ: (اس کے خلاف) پناہ (نہیں) دی جاسکتی ہے، اس کی حفاظت کی جاتی ہے/ بچایا جاتا ہے، (افعال: اَجَارَ. یُجِیْرُ) اِجَارَۃٌ سے، مضارع مجہول واحد غائب مذکر، [مادہ: جور]۔ (۸۸:۲۳).

یَجْئَرُوْنَ: وہ چلائیں گے، وہ بے قرار ہو کر فریاد کریں گے، (فتح ۳) جَئْرٌ و جُؤَارٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۶۴:۲۳).

یُجَاوِرُوْنَكَ: (یُجَاوِرُوْنَ. كَ) وہ تمہارے پڑوس میں (یعنی مدینہ میں نہ) رہ سکیں گے، یُجَاوِرُوْنَ، (مفاعلہ ۸) مُجَاوَرَۃٌ (پڑوس میں رہنا) سے، مضارع جمع غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)، [مادہ: جور]۔ (۶۰:۳۳).

یُـجَاهِدُ: وہ کوشش کرتا ہے، (مفاعلہ ۱) مُجَاهَدَۃٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۶:۲۹).

یُجَاهِدُوْا: کہ وہ جہاد کریں، جہاد کرنے سے، (مفاعلہ) مُجَاهَدَۃٌ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر۔ (۴۴:۹، ۸۱).

یُجَاهِدُوْنَ: وہ جہاد کرتے ہیں، (مفاعلہ) مُجَاهَدَۃٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۵۴:۵).

یُجِبْ: (جو دعوت) قبول (نہیں) کرے گا، (نہیں) مانے گا، (افعال: اَجَابَ. یُجِیْبُ) اِجَابَۃٌ سے، مضارع (مجزوم بالشرط) واحد غائب مذکر، [مادہ: جوب]۔ (۳۲:۴۶).

یُجْبٰی: کھینچ کر لائے جاتے ہیں، کھنچے چلے آتے ہیں، (ضرب ۹: جَبَا. یَجْبِیْ) جَبْیٌ (جمع کرنا، حوض میں پانی اکٹھا کرنا) سے، مضارع مجہول واحد غائب مذکر۔ اس کا مصدر باب نصر سے بھی آتا ہے۔ (۵۷:۲۸).

یَجْتَبِیْ: چن لیتا ہے، وہ انتخاب کر لیتا ہے، وہ برگزیدہ کرتا ہے، (افتعال: اِجْتَبٰی. یَجْتَبِیْ) اِجْتِبَاءٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ: جبی]۔ (۱۷۹:۳) (۱۳:۴۲).

یَجْتَبِیْكَ: (یَجْتَبِیْ. كَ) وہ تجھے منتخب کرے گا/ تجھے منتخب کر رہا ہے، یَجْتَبِیْ، (افتعال) اِجْتِبَاءٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (۶:۱۲).

یَجْتَنِبُوْنَ: وہ بچتے ہیں، پرہیز رکھتے ہیں، وہ اجتناب کرتے ہیں، (افتعال) اِجْتِنَابٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، [مادہ: جنب]۔ (۳۷:۴۲) (۳۲:۵۳).

یَجْحَدُ: وہ انکار کرتا ہے، انکار کرتے ہیں، (فتح ۱) جَحْدٌ و جُحُوْدٌ (کفر کرنا، جھٹلانا) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۴۷:۲۹، ۴۹) (۳۲:۳۱).

یَجْحَدُوْنَ: وہ انکار کرتے ہیں، (فتح) جَحْدٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۳۳:۶) (۵۱:۷) (۷۱:۱۶) (۶۳:۴۰) (۱۵:۴۱، ۲۸) (۲۶:۴۶).

یَجِدْ: وہ پائے گا، وہ پاتا ہے، (ضرب ۶: وَجَدَ. یَجِدُ) وَجْدٌ و وُجُوْدٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مذکر۔ (۱۰۰:۴، ۱۱۰، ۱۲۳) (۹:۷۲).

لَمْ یَجِدْ: اس نے نہیں پایا، (جو) نہ پائے، (ضرب) وَجْدٌ و وُجُوْدٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد غائب مذکر۔ (۱۹۶:۲) (۹۲:۴) (۸۹:۵) (۴:۵۸).

لَمْ یَجِدْكَ: (لَمْ یَجِدْ. كَ) اس نے تجھے نہیں پایا، لَمْ یَجِدْ، (ضرب) وَجْدٌ و وُجُوْدٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (۶:۹۳).

یَجِدُوْا: وہ (نہ) پائیں، وہ (نہیں) پاتے، (ضرب) وَجْدٌ و وُجُوْدٌ سے، مضارع (منصوب منفی) جمع غائب مذکر۔ (۶۵:۴) (۹۲:۹).

یَجِدُوْا: (لِـیَجِدُوْا) چاہیے کہ وہ پائیں، (ضرب) وَجْدٌ و

وُجُوْدٌ سے، امر جمع غائب مذکر۔(۹:۱۲۳).

لَمْ يَجِدُوْا: انہوں نے نہیں پایا، (ضرب)وَجْدٌ و وُجُوْدٌ سے، مضارع منفی بہ لم جمع غائب مذکر۔ (بمعنی مستقبل) (۱۸:۵۳)، (۷۱:۲۵).

لَنْ يَّجِدُوْا: وہ ہرگز نہیں پائیں گے، (ضرب)وَجْدٌ و وُجُوْدٌ سے، مضارع منفی بہ لن جمع غائب مذکر۔(۱۸:۵۸).

لَايَجِدُوْنَ: وہ نہیں پائیں گے، وہ نہیں پاتے ہیں، (ضرب) وَجْدٌ و وُجُوْدٌ سے، مضارع منفی جمع غائب مذکر۔(۴:۱۲۱، ۱۷۳) (۹:۷۹، ۹۱) (۲۴:۳۳) (۳۳:۱۷، ۶۵) (۴۸:۲۲) (۵۹:۹)، (اگر وہ پائیں)(۹:۵۷).

يَجِدُوْنَهٗ: (يَجِدُوْنَ.هٗ)وہ اس کو پاتے ہیں، يَجِدُوْنَ، (ضرب)وَجْدٌ و وُجُوْدٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول(واحد غائب مذکر)۔(۷:۱۵۷).

لَمْ يَجِدْهُ: (لَمْ يَجِدْ.هُ)اس نے اسے نہیں پایا، وہ اسے نہیں پاتا، لَمْ يَجِدْ، (ضرب)وَجْدٌ و وُجُوْدٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۲۴:۳۹).

يُجِرْكُمْ: (يُجِرْ.كُمْ)وہ تم کو بچائے گا/تمہیں پناہ دے گا، يُجِرْ، (افعال) اِجَارَةٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول(جمع حاضر مذکر)، [مادہ: جور]۔(۴۶:۳۱).

لَايَجْرِمَنَّكُمْ: (لَايَجْرِمَنَّ.كُمْ)وہ ہرگز باعث نہ بن جائے تمہارے لیے، وہ تمہیں ہرگز آمادہ نہ کرے، لَايَجْرِمَنَّ، (ضرب۱) جَرْمٌ و جَرِيْمَةٌ (گناہ کرنا، برانگیختہ کرنا) سے، نہی بانون تاکید ثقیلہ واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(۵:۲، ۸) (۱۱:۸۹).

يَجُرُّهٗ: (يَجُرُّ.هٗ)وہ اسے کھینچتا ہے، وہ اس کو کھینچنے لگا، يَجُرُّ، (نصر۵: جَرَّ.يَجُرُّ) جَرٌّ (کھینچنا، گھسیٹنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۷:۱۵۰).

يَجْرِيْ: وہ چلتا ہے، وہ چل رہا ہے، (ضرب۹: جَرٰى.يَجْرِيْ) جَرْيٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۱۳:۲) (۳۱:۲۹) (۳۵:۱۳) (۳۹:۵).

يُجْزَ: اس کو سزا دی جائے گی، (ضرب۹: جَزٰى.يَجْزِيْ)جَزَاءٌ (بدلہ دینا) سے، مضارع مجہول (بالشرط مجزوم) واحد غائب مذکر۔(۴:۱۲۳).

يُجْزٰى: بدلا دیا جائے گا، (ضرب)جَزَاءٌ سے، مضارع مجہول واحد غائب مذکر۔(۶:۱۶۰) (۲۸:۸۴) (۴۰:۴۰).

يُجْزٰىهُ: (يُجْزٰى.هُ)اسے اس کا بدلا دیا جائے گا، يُجْزٰى، (ضرب)جَزَاءٌ سے، مضارع مجہول واحد غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۵۳:۴۱).

يُجْزَوْنَ: ان کو بدلا دیا جائے گا، انہیں بدلا دیا جاتا ہے، (ضرب)جَزَاءٌ سے، مضارع مجہول جمع غائب مذکر۔(۶:۱۲۰) (۷:۱۴۷، ۱۸۰) (۲۵:۷۵) (۳۴:۳۳).

يَجْزِيْ: وہ بدلا دے گا، وہ بدلا دیتا ہے، (ضرب)جَزَاءٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(۳:۱۴۴) (۱۲:۸۸) (۱۶:۳۱) (۳۱:۳۳)، يَجْزِيَ (تاکہ وہ بدلا دے)(۱۰:۴) (۱۴:۵۱) (۳۰:۴۵) (۳۳:۲۴) (۳۴:۴) (۴۵:۱۴) (۵۳:۳۱، ۳۱).

يَجْزِيَكَ: (يَجْزِيَ.كَ)(تاکہ) وہ تجھے بدلا دے، يَجْزِيَ، (ضرب) جَزَاءٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔(۲۸:۲۵).

يَجْزِيْهِمْ: (يَجْزِيْ.هِمْ)وہ ان کو جزا دے گا، وہ ان کو بدلا دے گا، يَجْزِيْ، (ضرب)جَزَاءٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هِمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۶:۱۳۸، ۱۳۹)، يَجْزِيَهُمْ (تاکہ وہ ان کو بدلا دے) (۹:۱۲۱) (۲۴:۳۸) (۳۹:۳۵).

يَجْعَلُ: وہ مقرر کرتا ہے، وہ بناتا ہے، وہ کر دیتا ہے، وہ رکھتا ہے، وہ مقرر کرے گا، وہ کر دے گا، (فتح) جَعْلٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۶:۱۲۴، ۱۲۵) (۱۰:۱۰۰) (۱۹:۹۶) (۴۲:۵۰) (۶۵:۷) (۷۲:۲۵) (۷۳:۱۷)، يَجْعَلَ (تاکہ کر

دے، وہ بنادے، وہ رکھے)(۱۵۶:۳، ۱۷۶) (۱۵:٤، ۱۹) (٦:٥) (۳۷:۸) (۵۳:۲۲) (۷:٦۰)، یَجْعَلُ (کردے، بنا دے، کردے گا، بنادے گا) (۱۲۵:٦) (۲۹:۸) (۱۰:۲۵) (۲۸:۵۷) (٤،۲:٦۵) (۱۲،۱۲:۷۱).

لَمْ يَجْعَلْ: اس نے نہیں بنایا، اس نے نہیں رکھی، (فتح) جَعْلٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد غائب مذکر۔ (۱:۱۸) (٤۰:۲٤) (۲:۱۰۵).

لَنْ يَّجْعَلَ: وہ ہرگز نہیں بنائے گا، (فتح) جَعْلٌ سے، مضارع منفی بہ لن واحد غائب مذکر۔(۱٤۱:٤)

يَجْعَلُكُمْ: (يَجْعَلُ. كُمْ) وہ تمہیں بناتا ہے، يَجْعَلُ، (فتح) جَعْلٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(٦۲:۲۷).

لَمْ يَجْعَلْنِيْ: (لَمْ يَجْعَلْ. نِيْ) اس نے مجھے نہیں بنایا، لَمْ يَجْعَلْ، (فتح) جَعْلٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد غائب مذکر، نِیْ میں ن وقایہ اور ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔(۳۲:۱۹).

يَجْعَلُوْنَ: وہ کرتے ہیں، وہ بناتے ہیں، ٹھہراتے ہیں، قرار دیتے ہیں، تراشتے ہیں، (فتح) جَعْلٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۱۹:۲) (۹٦:۱۵) (۵٦:۱٦، ۵۷، ٦۲).

يَجْعَلُوْهُ: (يَجْعَلُوْا. هُ) وہ اسے رکھ دیں، اس کو ڈال دیں، يَجْعَلُوْا، (فتح) جَعْلٌ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر، ہُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۱۵:۱۲).

يَجْعَلُهٗ: (يَجْعَلُ. هٗ) وہ اس کو کردیتا ہے، وہ اسے بناتا ہے، يَجْعَلُ، (فتح) جَعْلٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (٤۳:۲٤) (٤۸:۳۰) (۲۱:۳۹)، يَجْعَلَهٗ (اس کو ڈال دے) (۳۷:۸)، يَجْعَلْهُ (اس کو کر دے)(۳۹:٦).

يُجَلِّيْهَا: (يُجَلِّيْ. هَا) وہ اسے (نہیں) کھولے گا/ اس کو ظاہر کرے گا، يُجَلِّيْ، (تفعیل؛ جَلّٰى. يُجَلِّيْ) تَجْلِيَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، ھَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)، [مادہ؛ جلو]۔(۱۸۷:۷).

يَجْمَحُوْنَ: وہ سرکشی کرتے ہیں، وہ سرپٹ دوڑتے ہیں/ بھاگتے ہیں، (فتح ا) جَمْحٌ و جَمَاحٌ (سرکشی کرنا، سرپٹ دوڑنا) سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۵۷:۹).

يَجْمَعُ: وہ جمع کرے گا/ اکٹھا کرے گا، (فتح) جَمْعٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(۱۰۹:۵) (۲٦:۳٤) (۱۵:٤۲).

يَجْمَعُكُمْ: (يَجْمَعُ. كُمْ) وہ تمہیں جمع کرے گا، يَجْمَعُ، (فتح) جَمْعٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(۲٦:٤۵) (۹:٦٤).

يَجْمَعَنَّكُمْ: (لَيَجْمَعَنَّ. كُمْ) وہ تمہیں ضرور جمع کرے گا، لَيَجْمَعَنَّ، (فتح) جَمْعٌ سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ واحد غائب مذکر، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(۸۷:٤) (۱۲:٦).

يَجْمَعُوْنَ: وہ جمع کرتے ہیں، (فتح) جَمْعٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۱۵۷:۳) (۵۸:۱۰) (۳۲:٤۳).

يُجَنَّبُهَا: (يُجَنَّبُ. هَا) وہ اس سے دور رکھا جائے گا/ اس سے بچالیا جائے گا، يُجَنَّبُ، (تفعیل ا) تَجْنِيْبٌ (دور کرنا/ دور رکھنا، بچانا) سے، مضارع مجہول واحد غائب مذکر، ھَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(۱۷:۹۲).

يَجْهَلُوْنَ: وہ جاہل ہیں، وہ جہالت کرتے ہیں، (سمع) جَهْلٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۱۱۱:٦).

يُجِيْبُ: دعا قبول کرتا ہے، وہ قبول کرے گا، وہ جواب دیتا ہے، (افعال؛ اَجَابَ. يُجِيْبُ) اِجَابَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ؛ جوب]۔(٦۲:۲۷).

يُجِيْرُ: وہ پناہ دیتا ہے، وہ حفاظت کرتا ہے/ بچاتا ہے، پناہ دے گا، (افعال) اِجَارَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ؛ جور]۔ (۸۸:۲۳) (۲۸:٦۷).

لَنْ يُّجِيْرَنِيْ: (لَنْ يُّجِيْرَ. نِيْ) ہرگز نہ مجھے بچائے گا، لَنْ يُّجِيْرَ، (افعال) اِجَارَةٌ (پناہ دینا، حفاظت کرنا، بچانا) سے، مضارع منفی بہ لن واحد غائب مذکر، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول

(واحد متکلم)۔(۲۲:۷۲).

یُحَآجُّوْکُمْ: (یُحَآجُّوْا. کُمْ) وہ تم سے جھگڑا کریں، وہ تم سے بحث کریں، یُحَآجُّوْا، (مفاعلہ) مُحَاجَّۃٌ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)، [مادہ؛حجج]۔(۷۶:۲) (۷۳:۳).

یُحَآجُّوْنَ: وہ جھگڑا کرتے ہیں، وہ حجت کرتے ہیں، (مفاعلہ) مُحَاجَّۃٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۱٦:٤۲).

یُحَادِدْ: مخالفت کرتا ہے/ مخالفت کرے گا، (مفاعلہ) مُحَادَّۃٌ (دشمنی کرنا/ دشمنی رکھنا) سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مذکر، [مادہ؛حدد]۔(٦۳:۹).

یُحَآدُّوْنَ: وہ مخالفت کرتے ہیں، دشمنی کرتے ہیں، مخالف بنتے ہیں، (مفاعلہ) مُحَادَّۃٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۵۸:۵، ۲۰).

یُحَارِبُوْنَ: جو لڑتے ہیں، (مفاعلہ ا) مُحَارَبَۃٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۵:۳۳).

یُحَاسَبُ: اس سے حساب لیا جائے گا، (مفاعلہ ا) مُحَاسَبَۃٌ سے، مضارع مجہول واحد غائب مذکر۔(۸:۸٤).

یُحَاسِبْکُمْ: (یُحَاسِبْ. کُمْ) وہ تم سے حساب لے گا، یُحَاسِبْ، (مفاعلہ) مُحَاسَبَۃٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(۲:۲۸٤).

یُحَاطَ: گھیر لیا جائے، احاطہ کر لیا جائے، (تمہیں) بے بس کر دیا جائے، (افعال؛ اَحَاطَ. یُحِیْطُ) اِحَاطَۃٌ سے، مضارع مجہول واحد غائب مذکر، [مادہ؛حوط]۔(٦٦:۱۲).

یُحَافِظُوْنَ: نگرانی کرتے ہیں، پابندی کرتے ہیں، (مفاعلہ ا) مُحَافَظَۃٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۹۲:٦) (۹:۲۳) (۳٤:۷۰).

یُحَاوِرُہٗ: (یُحَاوِرُ. ہٗ) وہ اس سے گفتگو کرتا ہے، وہ اس سے بات چیت کر رہا تھا، یُحَاوِرُ، (مفاعلہ ۸؛ حَاوَرَ. یُحَاوِرُ) مُحَاوَرَۃٌ (گفتگو کرنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)، [مادہ؛حور]۔(۱۸:۳٤، ۳۷).

یُحِبُّ: پسند کرتا ہے، دوست رکھتا ہے، محبت کرے گا، پسند کرے گا، (افعال ۵؛ اَحَبَّ. یُحِبُّ) اِحْبَابٌ (محبت کرنا، دوست رکھنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۲:۱۹۰، ۱۹۵، ۲۰۵، ۲۲۲، ۲۲۲، ۲۷٦) (۳:۳۲، ۵۷، ۷٦، ۱۳٤، ۱٤۰، ۱٤٦، ۱٤۸، ۱۵۹) (٤:۳٦، ۱۰۷، ۱٤۸) (۵:۱۳، ٤۲، ٦٤، ۸۷، ۹۳) (٦:۱٤۱) (۷:۳۱، ۵۵) (۸:۵۸) (۹:٤، ۷، ۱۰۸) (۱٦:۲۳) (۲۲:۳۸) (۲۸:۷٦، ۷۷) (۳۰:٤۵) (۳۱:۱۸) (٤۲:٤۰) (٤۹:۹، ۱۲) (۵۷:۲۳) (٦۰:۸) (٦۱:٤).

یُحْبِبْکُمْ: (یُحْبِبْ. کُمْ) وہ تم سے محبت کرے گا، یُحْبِبْ، (افعال) اِحْبَابٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مذکر، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(۳:۳۱).

یُحْبَرُوْنَ: ان کو خوش کیا جائے گا، ان کی عزت کی جائے گی، (نصر ا) حَبْرٌ (خوش کرنا) سے، مضارع مجہول جمع غائب مذکر۔ (۳۰:۱۵).

یَحْبِسُہٗ: (یَحْبِسُ. ہٗ) وہ اسے روکتا ہے، وہ اسے منع کرتا ہے/ اس کو بند کرتا ہے، یَحْبِسُ، (ضرب) حَبْسٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۱۱:۸).

یُحْبِطُ: وہ ناچیز کر دے گا، ضائع کر دے گا، اکارت کر دے گا، بیکار کر دے گا، (افعال ا) اِحْبَاطٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (٤۷:۳۲).

یَحْبَطَنَّ: (لَیَحْبَطَنَّ) ضرور بے کار جائے گا/ ضائع ہو جائے گا، (سمع) حَبْطٌ سے، مضارع با نون تاکید ثقیلہ واحد غائب مذکر۔ (۳۹:٦۵).

یُحِبُّوْنَ: وہ چاہتے ہیں، وہ محبت کرتے ہیں، (افعال؛ اَحَبَّ. یُحِبُّ) اِحْبَابٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، [مادہ؛ حبب]۔ (۳:۱۸۸) (۹:۱۰۸) (۲٤:۱۹) (۵۹:۹) (۷٦:۲۷).

یُحِبُّوْنَکُمْ: (یُحِبُّوْنَ. کُمْ) وہ تمہیں پسند (نہیں) کرتے

ہیں، وہ تمہیں دوست (نہیں) رکھتے ہیں، یُحِبُّوْنَ، (افعال) اِحْبَابٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(۳:۱۱۹).

یُحِبُّوْنَهٗ: (یُحِبُّوْنَ.هٗ) وہ اس سے محبت کرتے ہیں، یُحِبُّوْنَ، (افعال) اِحْبَابٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۵:۵٤).

یُحِبُّوْنَهُمْ: (یُحِبُّوْنَ.هُمْ) وہ ان سے محبت کرتے ہیں، یُحِبُّوْنَ، (افعال) اِحْبَابٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، ھُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۲:۱٦۵).

یُحِبُّهُمْ: (یُحِبُّ.هُمْ) وہ ان سے محبت کرتا ہے، یُحِبُّ، (افعال) اِحْبَابٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، ھُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۵:۵٤).

لَایَحْتَسِبُ: وہ گمان بھی نہیں کرتا، وہ امید بھی نہیں رکھتا، (افتعال ا) اِحْتِسَابٌ (گمان کرنا، شمار کرنا، امید لگانا) سے، مضارع منفی واحد غائب مذکر۔(۶۵:۳).

لَمْ یَحْتَسِبُوْا: انہوں نے گمان بھی نہیں کیا تھا، امید نہیں ہوئی، (افتعال) اِحْتِسَابٌ سے، مضارع منفی بہ لم جمع غائب مذکر۔(۵۹:۲).

یَحْتَسِبُوْنَ: وہ امید رکھتے ہیں، (افتعال) اِحْتِسَابٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، لَمْ یَکُوْنُوْا یَحْتَسِبُوْنَ: وہ گمان بھی نہیں رکھتے تھے، ماضی استمراری منفی۔(۳۹:۴۷).

یُحْدِثُ: وہ پیدا کر دے، (افعال ا) اِحْدَاثٌ (ایجاد کرنا، پیدا کرنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(۲۰:۱۱۳) (۶۵:۱).

یَحْذَرُ: ڈرتے ہیں، ڈرتا ہے، (سمع) حَذَرٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(۹:٦٤) (۳۹:۹).

لِیَحْذَرْ: چاہیے کہ وہ ڈرے، ان کو ڈرنا چاہیے، (سمع) حَذَرٌ سے، امر واحد غائب مذکر۔(۲٤:٦۳).

یُحَذِّرُکُمْ: (یُحَذِّرُ.کُمْ) وہ ڈراتا ہے تمہیں، یُحَذِّرُ، (تفعیل ا) تَحْذِیْرٌ (ڈرانا، متنبہ کرنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(۳:۲۸، ۳۰).

یَحْذَرُوْنَ: وہ ڈرتے ہیں، وہ ڈریں، وہ ڈرتے تھے، (سمع) حَذَرٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۹:۱۲۲) (۲۸:٦).

یُحَرِّفُوْنَ: وہ تحریف کر دیتے ہیں، وہ بگاڑ دیتے ہیں، (تفعیل ا) تَحْرِیْفٌ (تحریف کرنا، بدل ڈالنا) سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(٤:٤٦) (۵:۱۳، ٤۱).

یُحَرِّفُوْنَهٗ: (یُحَرِّفُوْنَ.هٗ) وہ اس کو بدل ڈالتے ہیں، یُحَرِّفُوْنَ، (تفعیل) تَحْرِیْفٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۲:۷۵).

یُحَرِّمُ: وہ حرام کرتا ہے، (تفعیل) تَحْرِیْمٌ (حرام ٹھہرانا) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(۷:۱۵۷).

لَایُحَرِّمُوْنَ: وہ حرام نہیں قرار دیتے، (تفعیل) تَحْرِیْمٌ سے، مضارع منفی جمع غائب مذکر۔(۹:۲۹).

یُحَرِّمُوْنَهٗ: (یُحَرِّمُوْنَ.هٗ) وہ اسے حرام بنا دیتے ہیں، یُحَرِّمُوْنَ، (تفعیل) تَحْرِیْمٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۹:۳۷).

یَحْزُنَ: (تاکہ) وہ غمگین کرے، رنج میں ڈال دے، (نصر ا) حُزْنٌ (غمگین کرنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ باب نصر سے یہ متعدی آتا ہے۔(۵۸:۱۰).

لَایَحْزَنَّ: وہ عورتیں غمگین نہ ہوں، (سمع ا) حُزْنٌ (غمگین ہونا) سے، مضارع منفی جمع غائب مؤنث۔ باب سمع سے یہ لازم آتا ہے۔(۳۳:۵۱).

یَحْزُنُكَ: (یَحْزُنُ.كَ) وہ تجھے غمگین کرتا ہے، وہ (باتیں) تجھے دکھ پہنچاتی ہیں، یَحْزُنُ، (نصر) حُزْنٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔(٦:۳۳).

لَایَحْزُنْكَ: (لَایَحْزُنْ.كَ) وہ (منکرین، منافق اور یہودی) تجھے غمناک نہ کریں، لَایَحْزُنْ، (نصر) حُزْنٌ سے، نہی واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔(۳:۱۷٦) (۵:٤۱) (۱۰:٦۵) (۳۱:۲۳) (۳٦:۷٦).

یَحْزُنُنِیْ: (یَحْزُنُ.نِیْ) مجھے غمگین کرتا ہے، یَحْزُنُ، (نصر) حُزْنٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، نِیْ میں ن وقایہ ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔(١٢:١٣).

یَحْزَنُوْنَ: وہ غمگین ہوں گے، رنج اٹھائیں گے، (سمع) حُزْنٌ و حَزَنٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (٢:٣٨، ٦٢، ١١٢، ٢٦٢، ٢٧٤، ٢٧٧) (٣:١٧٠) (٥:٦٩) (٦:٤٨) (٧:٣٥) (١٠:٦٢) (٣٩:٦١) (٤٦:١٣).

لَایَحْزُنُهُمْ: (لَایَحْزُنُ.هُمْ) وہ ان کو غمگین نہیں کرے گا، لَایَحْزُنُ، (نصر) حُزْنٌ سے، مضارع منفی واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٢١:١٠٣).

یَحْسَبُ: وہ گمان کرتا ہے/ خیال کرتا ہے، (سمع ا) حِسْبَانٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (٧٥:٣، ٣٦) (٩٠:٥، ٧) (١٠٤:٣).

لَایَحْسَبَنَّ: وہ ہرگز خیال نہ کرے، (سمع) حِسْبَانٌ سے، نہی بانون تاکید ثقیلہ واحد غائب مذکر۔(٣:١٧٨، ١٨٠) (٨:٥٩).

یَحْسَبُوْنَ: وہ گمان کرتے ہیں/ خیال کرتے ہیں، (سمع) حِسْبَانٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (٧:٣٠) (١٨:١٠٤) (٢٣:٥٥) (٣٣:٢٠) (٤٣:٣٧، ٨٠) (٥٨:١٨) (٦٣:٤).

یَحْسَبُهُ: (یَحْسَبُ.هُ) وہ اس کو گمان کرتا ہے، یَحْسَبُ، (سمع) حِسْبَانٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(٢٤:٣٩).

یَحْسَبُهُمْ: (یَحْسَبُ.هُمْ) وہ ان کو گمان کرتا ہے، یَحْسَبُ، (سمع) حِسْبَانٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٢:٢٧٣).

یَحْسُدُوْنَ: وہ حسد کرتے ہیں، وہ جلتے ہیں، (نصر) حَسَدٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(٤:٥٤).

یُحْسِنُوْنَ: اچھا کرتے ہیں، (افعال ا) اِحْسَانٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(١٨:١٠٤).

یُحْشَرُ: جمع کیے جائیں گے، (نصر) حَشْرٌ سے، مضارع مجہول واحد غائب مذکر۔ (٤١:١٩)، یُحْشَرَ (جمع کیے جائیں) (٢٠:٥٩).

یُحْشَرُوْا: ان کو سمیٹ کر لے جایا جائے گا، وہ اکٹھے کیے جائیں گے، (نصر) حَشْرٌ سے، مضارع مجہول (منصوب) جمع غائب مذکر۔(٦:٥١).

یُحْشَرُوْنَ: وہ جمع کیے جائیں گے، وہ اکٹھے کیے جائیں گے، (نصر) حَشْرٌ سے، مضارع مجہول جمع غائب مذکر۔ (٦:٣٨) (٨:٣٦) (٢٥:٣٤).

یَحْشُرُهُمْ: (یَحْشُرُ.هُمْ) وہ ان کو جمع کرے گا، یَحْشُرُ، (نصر) حَشْرٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(٤:١٧٢) (٦:١٢٨) (١٠:٤٥) (١٥:٢٥) (٢٥:١٧) (٣٤:٤٠).

لَایَحُضُّ: وہ آمادہ نہیں کرتا، وہ ترغیب نہیں دیتا، وہ نہیں ابھارتا، (نصر۵: حَضَّ.یَحُضُّ) حَضٌّ (اکسانا، ترغیب دینا) سے، مضارع منفی واحد غائب مذکر۔(٦٩:٣٤) (١٠٧:٣).

یَحْضُرُوْنِ: (یَحْضُرُوْا.نِ) وہ میرے پاس آئیں/ میرے پاس حاضر ہوں، میرے پاس آ کر میرے کاموں میں دخل دیں، یَحْضُرُوْا، (نصر ا) حُضُوْرٌ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر، ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف، نِ اصل میں نِیْ۔(٢٣:٩٨).

لَمْ یَحِضْنَ: وہ حیض والی نہیں ہوئیں، جن کو حیض شروع نہ ہوا ہو، (ضرب۸: حَاضَ.یَحِیْضُ) حَیْضٌ (حیض ہونا) سے، مضارع منفی بہ لم جمع غائب مؤنث۔(٦٥:٤).

لَایَحْطِمَنَّكُمْ: (لَایَحْطِمَنَّ.كُمْ) وہ ہرگز تمہارا چورا نہ کر دے/ تم کو روند نہ دے، لَایَحْطِمَنَّ، (ضرب) حَطْمٌ سے، نہی بانون تاکید ثقیلہ واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(٢٧:١٨).

یَحْفَظْنَ: (وہ حرام سے) بچائے رکھیں، نگہداشت رکھیں،

(سمع) حِفْظٌ سے، مضارع (بمعنی امر) جمع غائب مؤنث۔ (۲۴:۳۱).

یَحْفَظُوْا: وہ حفاظت کریں، وہ بچائیں، (سمع) حِفْظٌ سے، مضارع (مجزوم، اصل میں امر) جمع غائب مذکر۔ (۲۴: ۳۰).

یَحْفَظُوْنَهٗ: (یَحْفَظُوْنَ. هٗ) وہ اس کی حفاظت کرتے ہیں، یَحْفَظُوْنَ، (سمع) حِفْظٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۱۳: ۱۱).

یُحْفِكُمْ: (یُحْفِ. كُمْ) وہ تمہیں تنگ کرے، تم سے مانگنے میں زیادتی کرے، یُحْفِ، (افعال۱۰: اَحْفٰی. یُحْفِیْ) اِحْفَاءٌ (سوال کو بار بار دہرانا، اصرار کرنا) سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)، [مادہ: حفو]۔ (۴۷:۳۷).

یَحِقَّ: واجب ہو جائے، ثابت ہو جائے، (ضرب۵: حَقَّ. یَحِقُّ) حَقٌّ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۳۶: ۷۰).

یُحِقُّ: حق کو ظاہر کر دے گا/ ثابت کر دے گا، (افعال۵: اَحَقَّ. یُحِقُّ) اِحْقَاقٌ (حق کو واجب و ثابت کرنا، درست اور سچ کر دینا) سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ: حقق]۔ (۱۰: ۸۲) (۴۲: ۲۴).

یُحِقَّ: (کہ) وہ درست اور سچا کر دے، وہ ثابت کر دے، وہ قائم کر دے، (افعال) اِحْقَاقٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۸: ۷، ۸).

یَحْكُمُ: وہ حکم دیتا ہے، وہ حکم دے گا، فیصلہ کرے گا، (نصر) حُكْمٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۲: ۱۱۳) (۴: ۱۴۱) (۵: ۱، ۴۴، ۹۵) (۱۳: ۴۱) (۱۶: ۱۲۴) (۲۲: ۵۶، ۶۹) (۳۹: ۳) (۶۰: ۱۰)، یَحْكُمَ (کہ فیصلہ کرے/حکم کرے) (۲: ۲۱۳) (۳: ۲۳) (۷: ۸۷) (۱۰: ۱۰۹) (۱۲: ۸۰) (۲۴: ۴۸، ۵۱).

یَحْكُمْ: (لِیَحْكُمْ) چاہیے کہ وہ حکم کریں، وہ فیصلے کریں، (نصر) حُكْمٌ سے، امر واحد غائب مذکر۔ (۵: ۴۷).

لَمْ یَحْكُمْ: اس نے حکم نہیں کیا، (جو) فیصلے نہ کرے، (نصر) حُكْمٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد غائب مذکر۔ (۵: ۴۴، ۴۵، ۴۷).

یُحْكِمُ: ثابت رکھتا ہے، مضبوط کر دیتا ہے، (افعال۱) اِحْكَامٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۲۲: ۵۲).

یَحْكُمٰنِ: وہ دونوں فیصلہ کرتے ہیں، (جب) وہ فیصلہ کر رہے تھے، (نصر) حُكْمٌ سے، مضارع تثنیہ غائب مذکر۔ (۲۱: ۷۸).

یُحَكِّمُوْكَ: (یُحَكِّمُوْا. كَ) (حتیٰ کہ) تجھے منصف بنائیں، تجھے فیصلہ کرنے والا ٹھہرائیں، یُحَكِّمُوْا، (تفعیل۱) تَحْكِیْمٌ (منصف بنانا) سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (۴: ۶۵).

یَحْكُمُوْنَ: وہ حکم کرتے ہیں، وہ فیصلے کرتے ہیں، (نصر) حُكْمٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۶: ۱۳۶) (۱۶: ۵۹) (۲۹: ۴) (۴۵: ۲۱).

یُحَكِّمُوْنَكَ: (یُحَكِّمُوْنَ. كَ) وہ تجھے منصف بناتے ہیں/ تجھے منصف بنائیں گے، وہ آپ سے فیصلے کرائیں گے، یُحَكِّمُوْنَ، (تفعیل) تَحْكِیْمٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (۵: ۴۳).

یَحِلُّ: وہ نازل ہوتا ہے، وہ اترتا ہے، (ضرب۵: حَلَّ. یَحِلُّ) حَلٌّ و حُلُوْلٌ (اترنا، واجب ہونا) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۱۱: ۳۹) (۳۹: ۴۰)، یَحِلَّ (وہ اترے گا، نازل ہوگا) (۲۰: ۸۱، ۸۶).

لَا یَحِلُّ: وہ جائز نہیں ہے، وہ حلال نہیں ہوتا ہے، (ضرب۵: حَلَّ. یَحِلُّ) حِلٌّ سے جس کے معنی حلال ہونے کے ہیں، مضارع منفی واحد غائب مذکر۔ (۲: ۲۲۸، ۲۲۹) (۴: ۱۹) (۳۳: ۵۲).

یُحِلُّ: وہ حلال کرتا ہے، جائز بتاتا ہے، (افعال۵: اَحَلَّ. یُحِلُّ) اِحْلَالٌ (حلال کرنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۷: ۱۵۷).

یَحْلِفُنَّ: (لَیَحْلِفُنَّ) وہ یقیناً قسمیں کھائیں گے، (ضرب) حَلْفٌ سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ جمع غائب مذکر۔

(٩:١٠٧).

یَحْلِفُوْنَ: وہ قسمیں کھاتے ہیں/قسمیں کھائیں گے، (ضرب) حَلْفٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (٤:٦٢) (٩:٤٢، ٥٦، ٦٢، ٧٤، ٩٥، ٩٦) (٥٨:١٤، ١٨، ١٨).

یَحْلِلْ: وہ اترے، نازل ہو، (ضرب۵) حَلٌّ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مذکر۔ (٢٠:٨١).

یُحِلُّوْا: وہ حلال کرتے ہیں، جائز کر لیتے ہیں، (افعال۵) اِحْلَالٌ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر۔ (٩:٣٧).

یَحِلُّوْنَ: وہ حلال (نہیں) ہیں، وہ حلال (نہیں) ہوتے ہیں، (ضرب) حِلٌّ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (٦٠:١٠).

یُحَلَّوْنَ: وہ پہنائے جائیں گے، انہیں آراستہ کیا جائے گا، (تفعیل؛ حَلّٰی. یُحَلِّیْ) تَحْلِیَۃٌ (زیور پہنانا/ آراستہ کرنا) سے، مضارع مجہول جمع غائب مذکر، [مادہ؛ حلی]۔ (١٨:٣١) (٢٢:٢٣) (٣٥:٣٣).

یُحِلُّوْنَهٗ: (یُحِلُّوْنَ. هٗ) وہ اسے حلال کرتے ہیں، اس کو جائز کر لیتے ہیں، یُحِلُّوْنَ، (افعال۵) اِحْلَالٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (٩:٣٧).

یُحْمٰی: اسے دہکایا جائے گا، تپایا جائے گا، (افعال۱۱؛ اَحْمٰی. یُحْمِیْ) اِحْمَاءٌ (گرم کرنا، تپانا) سے، مضارع مجہول واحد غائب مذکر، [مادہ؛حمی]۔ (٩:٣٥).

یُحْمَدُوْا: ان کی تعریف کی جائے، (سمع) حَمْدٌ سے، مضارع مجہول (منصوب) جمع غائب مذکر۔ (٣:١٨٨).

یَحْمِلُ: وہ اٹھاتا ہے، وہ اٹھائے گا، (فرشتے) اٹھائے ہوں گے، (ضرب) حَمْلٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (٢٠:١٠٠) (٦٢:٥) (٦٩:١٧).

لَایُحْمَلُ: نہ اٹھایا جائے گا، (ضرب) حَمْلٌ سے، مضارع مجہول منفی واحد غائب مذکر۔ (٣٥:١٨).

یَحْمِلُنَّ: (لَیَحْمِلُنَّ) وہ ضرور اٹھائیں گے، (ضرب) حَمْلٌ سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ جمع غائب مذکر۔ (٢٩:١٣).

یَحْمِلْنَهَا: (یَحْمِلْنَ. هَا) وہ اس کو اٹھائیں، یَحْمِلْنَ، (ضرب) حَمْلٌ سے، مضارع جمع غائب مؤنث، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (٣٣:٧٢).

یَحْمِلُوْا: (تاکہ) وہ اٹھائیں، (ضرب) حَمْلٌ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر۔ (١٦:٢٥).

یَحْمِلُوْنَ: وہ اٹھائے ہوں گے، وہ اٹھاتے ہیں، (ضرب) حَمْلٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (٦:٣١) (٤٠:٧).

لَمْ یَحْمِلُوْهَا: (لَمْ یَحْمِلُوْا. هَا) انہوں نے اسے نہیں اٹھایا، لَمْ یَحْمِلُوْا، (ضرب) حَمْلٌ سے، مضارع منفی بہ لم جمع غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (٦٢:٥).

یَحْمُوْمٍ: سیاہ دھواں، بے حد کالا دھواں، [مادہ؛ حمم]۔ (٥٦:٤٣).

یَحُوْرَ: (لَنْ یَّحُوْرَ) وہ ہرگز نہیں پھرے گا/ لوٹے گا، (نصر۶؛ حَارَ. یَحُوْرُ) حَوْرٌ (واپس لوٹنا) سے، مضارع منفی بہ لن واحد غائب مذکر۔ (٨٤:١٤).

یَحُوْلُ: وہ حائل ہو جاتا ہے/ درمیان میں آجاتا ہے، (نصر۶؛ حَالَ. یَحُوْلُ) حَوْلٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (٨:٢٤).

یَحْیٰی: حضرت زکریاؑ کے بیٹے اور مشہور پیغمبر جو حضرت زکریاؑ کے بڑھاپے میں محض اللہ کی عنایت سے بغیر ظاہری اسباب کے پیدا ہوئے۔ (٣:٣٩) (٦:٨٥) (٨:٤٢) (١٩:٧، ١٢) (٢٠:٧٤) (٢١:٩٠) (٨٧:١٣).

لَمْ یُحِیْطُوْا: انہوں نے نہیں گھیرا/ نہیں احاطہ کیا، (افعال؛ اَحَاطَ. یُحِیْطُ) اِحَاطَۃٌ سے، مضارع منفی بہ لم جمع غائب مذکر، [مادہ؛حوط]۔ (١٠:٣٩).

لَایُحِیْطُوْنَ: وہ نہیں گھیرتے/ نہیں گھیر سکتے، وہ (اس کا علمی) احاطہ نہیں کر سکتے، (افعال) اِحَاطَۃٌ سے، مضارع منفی جمع غائب مذکر۔ (٢:٢٥٥) (٢٠:١١٠).

یَحِیْفَ: ظلم کرے گا، (ضرب۸؛ حَافَ. یَحِیْفُ) حَیْفٌ (ظلم وزیادتی کرنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (٢٤:٥٠).

لَايَحِيْقُ: نہیں گھیرتا ہے، نہیں پڑتا ہے، (ضرب۸؛ حَاقَ. يَحِيْقُ) حَيْقٌ و حُيُوْقٌ سے، مضارع منفی واحد غائب مذکر۔ (٣٥:٤٣).

لَمْ يُحَيِّكَ: (لَمْ يُحَيِّ. كَ) اس نے تجھے دعا نہیں دی/ تجھ کو سلام نہیں کیا، لَمْ يُحَيِّ، (تفعیل؛ حَيّٰى. يُحَيِّيْ) تَحِيَّةٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)، [مادہ؛ حیی]۔ (٥٨:٨).

يُحْيِيْ: وہ جلاتا ہے/ جان ڈال دیتا ہے، زندگی دیتا ہے/ زندگی دے گا، (افعال؛ اَحْيٰى. يُحْيِيْ) اِحْيَاءٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ؛ حیی]۔ يُحْيِيْ (٢:٧٣) (٨:٤٤)، يُحْيِ (٢:٢٥٨، ٢٥٩) (٣:١٥٦) (٧:١٥٨) (٩:١١٦) (١٠:٥٦) (٢٢:٦) (٢٣:٨٠) (٣٠:١٩، ٢٤، ٥٠) (٣٦:٧٨) (٤٠:٦٨) (٤٢:٩) (٥٧:٢، ١٧)،

يُحْيِيَ: کہ زندہ کردے۔ (٧٥:٤٠)، يُحْيِيَ (٤٦:٣٣).

يُحْيِيْكُمْ: (يُحْيِيْ. كُمْ) وہ تمہیں زندہ کرے گا، وہ تمہیں زندہ کرتا ہے، وہ تمہیں زندگی دیتا ہے، يُحْيِيْ، (افعال) اِحْيَاءٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (٢:٢٨) (٨:٢٤) (٢٢:٦٦) (٣٠:٤٠) (٤٥:٢٦).

يُحْيِيْنِ: (يُحْيِيْ. نِ) وہ مجھے زندگی دے گا/ مجھے زندہ کرے گا، يُحْيِيْ، (افعال) اِحْيَاءٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، نِ (اصل میں نِيْ) میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف۔ (٢٦:٨١).

يُحْيِيْهَا: (يُحْيِيْ. هَا) وہ اسے زندہ کر دے گا، يُحْيِيْ، (افعال) اِحْيَاءٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (٣٦:٧٩).

يُخٰدِعُوْنَ: وہ دھوکا دیتے ہیں، (مفاعلہ۱) مُخَادَعَةٌ (دھوکا دینا) سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (٢:٩) (٤:١٤٢).

يَخَافُ: وہ ڈرتا ہے، وہ ڈرے گا، اس کو ڈر (نہیں) ہوگا، (سمع۸؛ خَافَ. يَخَافُ) خَوْفٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (١٠:٢٧) (٤٥:٥٠) (١٣:٧٢) (١٥:٩١) يَخَفُ (٢٠:١١٢).

يَخَافَا: ان دونوں کو اندیشہ ہو، وہ دونوں ڈرتے ہوں، (سمع) خَوْفٌ سے، مضارع (منصوب) تثنیہ غائب مذکر۔ (٢:٢٢٩).

يَخَافُوْا: وہ ڈر جائیں، (سمع) خَوْفٌ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر۔ (٥:١٠٨).

يَخَافُوْنَ: وہ ڈرتے ہیں، وہ ڈر رکھتے ہیں/ ڈرتے تھے، (سمع) خَوْفٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (٥:٢٣، ٥٤) (٦:٥١) (١٣:٢١) (١٦:٥٠) (١٧:٥٧) (٢٤:٣٧، ٥٠) (٥١:٣٧) (٧٤:٥٣) (٧٦:٧).

يَخَافُهٗ: (يَخَافُ. هٗ) وہ اس سے ڈرتا ہے، يَخَافُ، (سمع) خَوْفٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (٥:٩٤).

يُخَالِفُوْنَ: جو مخالفت کرتے ہیں، (مفاعلہ۱) مُخَالَفَةٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (٢٤:٦٣).

يَخْتَارُ: پسند کرتا ہے، انتخاب کرتا ہے، اختیار رکھتا ہے، (افتعال؛ اِخْتَارَ. يَخْتَارُ) اِخْتِيَارٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ؛ خیر]۔ (٢٨:٦٨).

يَخْتَانُوْنَ: وہ خیانت کرتے ہیں، (افتعال؛ اِخْتَانَ. يَخْتَانُ) اِخْتِيَانٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، [مادہ؛ خون]۔ (٤:١٠٧).

يَخْتَصُّ: وہ خاص کرتا ہے، وہ مخصوص کرتا ہے، (افتعال۵؛ اِخْتَصَّ. يَخْتَصُّ) اِخْتِصَاصٌ (مخصوص کرنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ؛ خصص]۔ (٢:١٠٥) (٣:٧٤).

يَخْتَصِمُوْنَ: وہ جھگڑیں گے، وہ جھگڑتے ہیں، وہ جھگڑا کرتے تھے، (افتعال۱) اِخْتِصَامٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (٣:٤٤) (٢٦:٩٦) (٢٧:٤٥) (٣٨:٦٩).

يَخْتَلِفُوْنَ: وہ اختلاف کرتے ہیں، (افتعال۱) اِخْتِلَافٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (٢:١١٣) (١٠:١٩، ٩٣)

(۱۶:۳۹، ۱۲٤) (۲۷:۷٦) (۳۲:۲۵) (۳۹:۳، ٤٦) (٤٥:۱۷).

یَخْتِمْ: وہ مہر بند کر دے گا، مہر لگا دیتا ہے، مہر بند کر دے، مہر لگا دے، (ضرب) خَتْمٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (٤٢:٢٤).

یَخْدَعُوْكَ: (یَخْدَعُوْا. كَ) وہ تجھے دھوکا دیں، تجھ سے فریب کریں، یَخْدَعُوْا، (فتح ا) خَدْعٌ (دھوکا دینا) سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (٨:٦٢).

یَخْدَعُوْنَ: وہ دھوکا دیتے ہیں، (فتح) خَدْعٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (٢:٩).

یَخْذُلْكُمْ: (یَخْذُلْ. كُمْ) (اگر) وہ تمہیں بے مدد چھوڑ دے/تمہاری مدد نہ کرے، یَخْذُلْ، (نصر ا) خَذْلَانٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (٣:١٦٠).

یُخْرِبُوْنَ: وہ اجاڑنے لگے، وہ خراب کرتے تھے، (افعال ا) اِخْرَابٌ (ویران کرنا، اجاڑنا) سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (٥٩:٢).

یَخْرُجُ: وہ نکلتا ہے، وہ پیدا ہوتا ہے، (نصر ا) خُرُوْجٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (٢:٧٤) (٧:٥٨، ٥٨) (١٦:٦٩) (٢٤:٤٣) (٣٠:٤٨) (٣٤:٢) (٥٥:٢٢) (٥٧:٤) (٨٦:٧)، یَخْرُجُ (جو نکلے) (٤:١٠٠).

یُخْرِجُ: وہ نکالتا ہے، وہ پیدا کرتا ہے، (افعال ا) اِخْرَاجٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (٦:٩٥) (١٠:٣١، ٣١) (٢٧:٢٥) (٣٠:١٩، ١٩) (٣٩:٢١)، یُخْرِجَ (کہ نکالے) (٦٥:١١)، یُخْرِجُ (وہ پیدا کرے، نکالے، ظاہر کردے) (٢:٦١) (٤٧:٣٧).

لَنْ یُّخْرِجَ: وہ ہرگز نہیں نکالے گا، وہ ہرگز ظاہر نہیں کرے گا، (افعال) اِخْرَاجٌ سے، مضارع منفی بہ لن واحد غائب مذکر۔ (٤٧:٢٩).

یُخْرِجٰـکُمْ: (یُخْرِجَا. كُمْ) (کہ) وہ دونوں تمہیں نکال دیں، یُخْرِجَا، (افعال) اِخْرَاجٌ سے، مضارع (منصوب) تثنیہ غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (٢٠:٦٣).

یُخْرِجُکُمْ: (یُخْرِجُ. كُمْ) تم کو پیدا کرتا ہے، تم کو نکال کھڑا کرے گا، یُخْرِجُ، (افعال) اِخْرَاجٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (٤٠:٦٧) (٧١:١٨)، یُخْرِجَکُمْ (کہ نکالے تمہیں) (٧:١١٠) (٢٦:٣٥) (٣٣:٤٣) (٥٧:٩).

لَایَخْرُجْنَ: وہ (عورتیں) نہ نکلیں، باہر نہ جائیں، (نصر) خُرُوْجٌ سے، نہی جمع غائب مؤنث۔ (٦٥:١).

یَخْرُجُنَّ: (لَیَخْرُجُنَّ) وہ ضرور نکلیں گے، (نصر) خُرُوْجٌ سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ جمع غائب مذکر۔ (٢٤:٥٣).

یُخْرِجَنَّ: (لَیُخْرِجَنَّ) وہ ضرور نکال دے گا، (افعال) اِخْرَاجٌ سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ واحد غائب مذکر۔ (٦٣:٨).

یُخْرِجَنَّـکُمَا: (لَایُخْرِجَنَّ. كُمَا) وہ تم دونوں کو ہرگز باہر نہ نکلوا دے، لَایُخْرِجَنَّ، (افعال) اِخْرَاجٌ سے، نہی بانون تاکید ثقیلہ واحد غائب مذکر، كُمَا ضمیر مفعول (تثنیہ حاضر مذکر)۔ (٢٠:١١٧).

یَخْرُجُوْا: (کہ) وہ نکلیں، (یہاں تک کہ) وہ نکل جائیں، (جب تک کہ) وہ باہر (نہ) نکلیں، وہ نکل جائیں گے، (نصر) خُرُوْجٌ سے، مضارع (منصوب و مجزوم) جمع غائب مذکر۔ (٥:٢٢، ٢٢، ٣٧) (٢٢:٢٢) (٣٢:٢٠) (٥٩:٢).

یُخْرِجُوْكَ: (یُخْرِجُوْا. كَ) وہ تجھے نکال دیں، یُخْرِجُوْا، (افعال) اِخْرَاجٌ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (٨:٣٠) (١٧:٧٦).

لَمْ یُخْرِجُوْکُمْ: (لَمْ یُخْرِجُوْا. كُمْ) انہوں نے تمہیں نہیں نکالا، لَمْ یُخْرِجُوْا، (افعال) اِخْرَاجٌ سے، مضارع منفی بہ لم جمع غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (٦٠:٨).

یَخْرُجُوْنَ: وہ نکلیں گے، (نصر) خُرُوْجٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۷:۵٤) (۱۲:۵۹) (٤۳:۷۰).

یُخْرِجُوْنَ: وہ نکالتے ہیں/ جلا وطن کرتے ہیں، (افعال) اِخْرَاجٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۱:٦۰).

لَایُخْرَجُوْنَ: وہ نہیں نکالے جائیں گے، (افعال) اِخْرَاجٌ سے، مضارع مجہول منفی جمع غائب مذکر۔(۳۵:٤۵).

یُخْرِجُوْنَهُمْ: (یُخْرِجُوْنَ.هُمْ) وہ ان کو نکالتے ہیں، وہ انہیں لے جاتے ہیں، یُخْرِجُوْنَ، (افعال) اِخْرَاجٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۲۵۷:۲).

یُخْرِجُهُمْ: (یُخْرِجُ.هُمْ) وہ ان کو نکالتا ہے، وہ انہیں لے جاتا ہے، یُخْرِجُ، (افعال) اِخْرَاجٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۲۵۷:۲) (۱٦:۵).

یَخْرُصُوْنَ: وہ قیاسی باتیں کرتے ہیں، وہ اٹکل دوڑاتے ہیں، (نصر) خَرْصٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۱۱٦:٦) (٦٦:۱۰) (۲۰:٤۳).

لَمْ یَخِرُّوْا: وہ نہیں گر پڑتے، (ضرب۵؛ خَرَّ.یَخِرُّ) خَرٌّ و خُرُوْرٌ سے، مضارع منفی بہ لم جمع غائب مذکر۔(۷۳:۲۵).

یَخِرُّوْنَ: وہ گر پڑتے ہیں، (ضرب) خَرٌّ و خُرُوْرٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۱۰۷:۱۷، ۱۰۹).

یُخْزِهِمْ: (یُخْزِ.هِمْ) وہ انہیں ذلیل کرے گا، ان کو رسوا کرے گا، یُخْزِ، (افعال؛ اَخْزٰی.یُخْزِیْ) اِخْزَاءٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مذکر، هِمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)، [مادہ:خزی]۔(۱٤:۹).

لَایُخْزِیْ: وہ رسوا نہیں کرے گا، (افعال) اِخْزَاءٌ سے، مضارع منفی واحد غائب مذکر۔(۸:٦٦).

یُخْزِیَ: وہ رسوا کرے، (افعال) اِخْزَاءٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(۵:۵۹).

یُخْزِیْهِ: (یُخْزِیْ.هِ) وہ اس کو رسوا کرے گا/ اسے رسوا کرتا ہو گا، یُخْزِیْ، (افعال) اِخْزَاءٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هِ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۱۱:۳۹، ۹۳) (٤۰:۳۹).

یُخْزِیْهِمْ: (یُخْزِیْ.هِمْ) وہ ان کو رسوا اور ذلیل کرے گا، یُخْزِیْ، (افعال) اِخْزَاءٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هِمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۲۷:۱٦).

یَخْسَرُ: وہ ناکام ہوں گے، نقصان اٹھائیں گے، گھاٹا پائیں گے، (سمع ا) خُسْرَانٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۲۷:٤۵).

یُخْسِرُوْنَ: وہ کم دیتے ہیں، (افعال ا) اِخْسَارٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۳:۸۳).

یَخْسِفَ: (کہ) دھنسا دے، (ضرب) خَسْفٌ و خُسُوْفٌ (دھنسانا، دھنس جانا) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(٤۵:۱٦) (٦۸:۱۷) (۱٦:٦۷).

یَخْشَ: وہ ڈرے گا/ ڈرتا رہے گا، (سمع ا؛ خَشِیَ.یَخْشٰی) خَشْیَةٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مذکر۔(۵۲:۲٤).

یَخْشَ: (لِیَخْشَ) وہ ڈرے، (سمع) خَشْیَةٌ سے، امر واحد غائب مذکر۔(۹:٤).

لَمْ یَخْشَ: وہ نہیں ڈرا، (سمع) خَشْیَةٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد غائب مذکر۔(۱۸:۹).

یَخْشٰی: وہ ڈرتا ہے، وہ ڈرے گا، (سمع) خَشْیَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۳:۲۰، ٤٤) (۲۸:۳۵) (۲٦:۷۹) (۹:۸۰) (۱۰:۸۷).

یَخْشٰهَا: (یَخْشٰی.هَا) وہ اس سے ڈر رکھتا ہے، یَخْشٰی، (سمع) خَشْیَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(٤۵:۷۹).

یَخْشَوْنَ: وہ ڈرتے ہیں، (سمع) خَشْیَةٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۷۷:٤) (۱۳:۲۱) (٤۹:۲۱) (۳۹:۳۳) (۱۸:۳۵) (۲۳:۳۹) (۱۲:٦۷).

یَخْشَوْنَهٗ: (یَخْشَوْنَ.هٗ) وہ اس سے ڈرتے ہیں، یَخْشَوْنَ، (سمع) خَشْیَةٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، هٗ ضمیر

مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۳۹:۳۳).

یَخْصِفٰنِ: وہ دونوں چپکاتے ہیں/ جوڑتے ہیں، (ضرب ۱) خَصْفٌ (چپکانا) سے، مضارع تثنیہ غائب مذکر۔ (۲۲:۷) (۱۲۱:۲۰).

یَخِصِّمُوْنَ: وہ (اپنے معاملات میں) جھگڑ رہے ہوں گے، (افتعال ۱) اِخْتِصَامٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، اصل میں یَخْتَصِمُوْنَ تھا، تاء کو صاد میں مدغم کردیا گیا۔(۴۹:۳۶).

یَخْطَفُ: اچک لے جائے، (سمع) خَطْفٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(۲۰:۲).

یَخْفٰی: وہ پوشیدہ ہے، (سمع ۱۱؛ خَفِیَ. یَخْفٰی) خَفَاءٌ و خُفْیَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(۵:۳) (۳۸:۱۴) (۱۶:۴۰) (۷:۸۷).

یُخَفِّفَ: (کہ) وہ آسانی کرے، وہ ہلکا کرے/تخفیف کرے، شدت میں کمی کر دے، (تفعیل) تَخْفِیْفٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ: خفف]۔(۲۸:۴)، یُخَفِّفُ (۴۹:۴۰).

یُخَفَّفُ: (لَا. یُخَفَّفُ) وہ ہلکا نہیں کیا جائے گا، (عذاب میں) کمی نہیں کی جائیگی، (تفعیل) تَخْفِیْفٌ سے، مضارع مجہول منفی واحد غائب مذکر۔(۸۶:۲، ۱۶۲) (۸۸:۳) (۸۵:۱۶) (۳۶:۳۵).

لَایَخْفَوْنَ: پوشیدہ نہیں رہیں گے، (سمع: خَفِیَ. یَخْفٰی) خَفَاءٌ و خُفْیَةٌ سے، مضارع منفی جمع غائب مذکر۔(۴۰:۴۱).

یُخْفُوْنَ: وہ چھپاتے ہیں/ چھپاتے تھے، (افعال: اَخْفٰی. یُخْفِیْ) اِخْفَاءٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، [مادہ: خفی]۔ (۱۵۴:۳) (۲۸:۶).

یُخْفِیْنَ: وہ پوشیدہ رکھتی ہیں، (افعال) اِخْفَاءٌ سے، مضارع جمع غائب مؤنث۔(۳۱:۲۴).

یَخْلُ: تنہا رہ جائے، وہ خالی ہوجائے، خالص رہ جائے یعنی صرف تمہارے لیے ہو جائے، (نصر۷: خَلَا. یَخْلُوْ) خَلَاءٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مذکر۔(۹:۱۲).

یَخْلُدُ: وہ ہمیشہ رہے گا، (نصر ۱) خُلُوْدٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(۶۹:۲۵).

لَایُخْلِفُ: وہ نہیں خلاف کرتا ہے، وہ خلاف نہیں کرے گا، (افعال ۱) اِخْلَافٌ سے، مضارع منفی واحد غائب مذکر۔(۹:۳) (۳۱:۱۳) (۶:۳۰) (۲۰:۳۹).

لَنْ یُّخْلِفَ: وہ ہرگز خلاف نہیں کرے گا، (افعال) اِخْلَافٌ سے، مضارع منفی بہ لن واحد غائب مذکر۔(۸۰:۲) (۴۷:۲۲).

یَخْلُفُوْنَ: وہ نائب ہوتے ہیں، وہ جانشین بنتے رہتے ہیں، یکے بعد دیگرے رہا کرتے، تمہاری بجائے رہتے، (نصر) خَلْفٌ و خِلَافَةٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۶۰:۴۳).

یُخْلِفُهٗ: (یُخْلِفُ. هٗ) وہ اس کو (اچھا) بدل دے گا، یُخْلِفُ، (افعال) اِخْلَافٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۳۹:۳۴).

یَخْلُقُ: وہ پیدا کرتا ہے، وہ پیدا کرے گا، (نصر) خَلْقٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۴۷:۳) (۱۷:۵) (۱۹۱:۷) (۸:۱۶، ۱۷، ۱۷) (۴۵:۲۴) (۶۸:۲۸) (۵۴:۳۰) (۴:۳۹) (۴۹:۴۲) (۱۶:۴۳)، یَخْلُقَ (کہ وہ پیدا کرے) (۹۹:۱۷) (۸۱:۳۶).

یُخْلَقُ: (لَمْ. یُخْلَقْ) نہیں پیدا کیا گیا، نہیں پیدا کیے گئے، (نصر) خَلْقٌ سے، مضارع مجہول منفی بہ لم واحد غائب مذکر۔(۸:۸۹).

یَخْلُقُکُمْ: (یَخْلُقُ. کُمْ) وہ تمہیں پیدا کرتا ہے، وہ تمہیں بناتا ہے، یَخْلُقُ، (نصر) خَلْقٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(۶:۳۹).

لَنْ یَّخْلُقُوْا: وہ ہرگز پیدا نہیں کریں گے، نہیں بنا سکیں گے، (نصر) خَلْقٌ سے، مضارع منفی بہ لن جمع غائب مذکر۔(۷۳:۲۲).

لَایَخْلُقُوْنَ: وہ نہیں پیدا کرتے ہیں، (نصر) خَلْقٌ سے، مضارع منفی جمع غائب مذکر۔(۲۰:۱۶) (۳:۲۵).

یُخْلَقُوْنَ: وہ پیدا کیے جاتے ہیں، (نصر) خَلْقٌ سے، مضارع

مجہول جمع غائب مذکر۔(۷:۱۹۱) (۱٦:۲۰) (۲٥:۳).

یَخُوْضُوْا: وہ مشغول ہو جائیں، وہ مشغول رہیں، (نصر۲؛ خَاضَ.یَخُوْضُ) خَوْضٌ (گھسنا/ مشغول ہونا) سے، مضارع (منصوب و مجزوم) جمع غائب مذکر۔ (٤:١٤٠) (٦:٦٨) (٤٣:٨٣) (٧٠:٤٢).

یَخُوْضُوْنَ: وہ مشغول ہوتے ہیں (دل لگی اور بحث کیلئے)، (نصر)خَوْضٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(٦:٦٨).

یُخَوِّفُ: وہ ڈراتا ہے، خوف دلاتا ہے، (تفعیل) تَخْوِیْفٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ؛ خوف]۔ (٣:١٧٥) (٣٩:١٦).

یُخَوِّفُوْنَكَ: (یُخَوِّفُوْنَ.كَ)وہ تجھے ڈراتے ہیں، یُخَوِّفُوْنَ، (تفعیل) تَخْوِیْفٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔(٣٩:٣٦).

یُخَیَّلُ: وہ خیال کیا جاتا ہے، اس کو محسوس ہوتا تھا، اس کے خیال میں ڈالا جاتا تھا، (تفعیل۹؛ خَیَّلَ.یُخَیِّلُ) تَخْیِیْلٌ (کسی چیز کا تصور ہونا) سے، مضارع مجہول واحد غائب مذکر، [مادہ؛ خیل]۔ (٢٠:٦٦).

یَدٍ: ہاتھ، اَیْدٍ جمع، [مادہ؛ یدی]۔ (٩:٢٩)، یَدِ (٣:٧٣) (٥٧:٢٩)، یَدُ (٥:٦٤) (٤٨:١٠).

یَدَا: دونوں ہاتھ، یَدٌ کا تثنیہ بحالت رفع مضاف۔ اضافت کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا۔(١١١:١).

یُدٰفِعُ: وہ دور کرتا ہے، ہٹاتا ہے، (مفاعلہ۱) مُدَافَعَةٌ (مدافعت کرنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(٢٢:٣٨).

یَدٰكَ: (یَدَا.كَ) تیرے دونوں ہاتھ، یَدَا مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔(٢٢:١٠).

یَدٰهُ: (یَدَا.هُ) اس کے دونوں ہاتھ، یَدَا مضاف، هُ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔(٥:٦٤) (١٨:٥٧) (٧٨:٤٠).

یُدَبِّرُ: وہ انتظام کرتا ہے، (تفعیل۱) تَدْبِیْرٌ (تدبیر کرنا، انتظام کرنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(١٠:٣، ٣١) (١٣:٢)

(٣٢:٥).

یَدَّبَّرُوْا: وہ غور کریں، (تفعل۱) تَدَبُّرٌ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر۔ اصل میں یَتَدَبَّرُوْا، تاء کو دال سے بدل کر ادغام کر دیا گیا۔(٣٨:٢٩).

لَمْ یَدَّبَّرُوْا: (کیا) انہوں نے غور نہیں کیا، (تفعل) تَدَبُّرٌ سے، مضارع منفی بہ لم جمع غائب مذکر۔(٢٣:٦٨).

یُدْحِضُوْا: (تاکہ) باطل کر دیں/ زائل کر دیں، ڈگمگا دیں/ ہٹا دیں، (افعال۱) اِدْحَاضٌ (پھسلانا، زائل کرنا) سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر۔(١٨:٥٦) (٤٠:٥).

لَمَّا یَدْخُلْ: ابھی تک نہیں داخل ہوا، (نصر۱) دُخُوْلٌ سے، مضارع منفی بہ لما واحد غائب مذکر۔(٤٩:١٤).

لَنْ یَّدْخُلَ: ہرگز نہیں داخل ہوگا، (نصر) دُخُوْلٌ سے، مضارع منفی بہ لن واحد غائب مذکر۔(٢:١١١).

یُدْخِلُ: وہ داخل کرے گا/ داخل کرتا ہے، لے آتا ہے، (افعال۱) اِدْخَالٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (٢٢:١٤، ٢٣) (٤٢:٨) (٤٧:١٢) (٧٦:٣١)، یُدْخِلَ (تاکہ داخل کرے) (٤٨:٥، ٢٥).

یُدْخَلَ: کہ وہ داخل کیا جائے، (افعال) اِدْخَالٌ سے، مضارع مجہول واحد غائب مذکر۔(٧٠:٣٨).

یُدْخِلَكُمْ: (یُدْخِلَ.كُمْ) وہ تمہیں داخل کر دے، یُدْخِلَ، (افعال) اِدْخَالٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(٦٦:٨)، یُدْخِلْكُمْ (وہ تمہیں داخل کر دے گا)(٦١:١٢).

یُدْخِلَنَا: (یُدْخِلَ.نَا) (کہ) وہ ہمیں داخل کرے، ہمیں داخل کرے گا، یُدْخِلَ، (افعال) اِدْخَالٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔(٥:٨٤).

لَایَدْخُلَنَّهَا: (لَایَدْخُلَنَّ.هَا) اس میں نہ داخل ہو، لَایَدْخُلَنَّ، (نصر) دُخُوْلٌ سے، نہی بانون تاکید ثقیلہ واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(٦٨:٢٤).

يُدْخِلَنَّهُمْ: (لَيُدْخِلَنَّ. هُمْ) وہ انہیں ضرور داخل کرے گا، لَيُدْخِلَنَّ، (افعال) اِدْخَالٌ سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۵۹:۲۲).

يَدْخُلُوْا: تاکہ داخل ہوں، (نصر) دُخُوْلٌ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر۔ (۷:۱۷).

يَدْخُلُوْنَ: وہ داخل ہوتے ہیں، وہ داخل ہوں گے، (نصر) دُخُوْلٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۱۲٤:٤) (٤۰:۷) (۲۳:۱۳) (۶۰:۱۹) (٤۰:٤۰، ۶۰) (۲:۱۱۰).

يَدْخُلُوْنَهَا: (يَدْخُلُوْنَ. هَا) وہ اس میں داخل ہوں گے، يَدْخُلُوْنَ، (نصر) دُخُوْلٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۲۳:۱۳) (۳۱:۱۶) (۳۳:۳۵).

يَدْخُلُوْهَا: (يَدْخُلُوْا. هَا) (کہ) وہ اس میں داخل ہوں، يَدْخُلُوْا، (نصر) دُخُوْلٌ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۲:۱۱٤).

لَمْ يَدْخُلُوْهَا: (لَمْ يَدْخُلُوْا. هَا) وہ اس میں نہیں داخل ہوئے، لَمْ يَدْخُلُوْا، (نصر) دُخُوْلٌ سے، مضارع منفی بہ لم جمع غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۷:٤۶).

يُدْخِلْهُ: (يُدْخِلْ. هُ) وہ اسے داخل کرے گا، يُدْخِلُ، (افعال) اِدْخَالٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (٤:۱۳، ۱٤) (٤۸:۱۷) (٦٤:۹) (٦٥:۱۱).

يُدْخِلْهُمْ: (يُدْخِلُ. هُمْ) وہ ان کو داخل کرے گا، يُدْخِلُ، (افعال) اِدْخَالٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (٤:۱۷۵) (۹:۹۹) (٤٥:۳۰) (٤۷:٦) (٥۸:۲۲).

يَدْرَؤُا: دور کرتا ہے/ دور کر دے گا، (فتح ۴) دَرْءٌ (دھکیلنا، ہٹانا) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۲٤:۸).

يَدْرَءُوْنَ: دور کرتے ہیں، دفع کرتے ہیں، (فتح) دَرْءٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۱۳:۲۲) (۲۸:٥٤).

يَدْرُسُوْنَهَا: (يَدْرُسُوْنَ. هَا) وہ اس کو پڑھتے پڑھاتے ہیں، وہ انہیں پڑھتے ہوں، يَدْرُسُوْنَ، (نصر) دَرْسٌ و دِرَاسَةٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۳٤:٤٤).

يُدْرِكُ: وہ پاتا ہے، وہ دیکھتا ہے، (افعال ا) اِدْرَاكٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (دیکھو تُدْرِكُهُ)۔ (٦:۱۰۳).

يُدْرِكْكُمْ: (يُدْرِكْ. كُمْ) وہ تمہیں پالے/ تم کو آ پکڑے، يُدْرِكْ، (افعال) اِدْرَاكٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (٤:۷۸).

يُدْرِكْهُ: (يُدْرِكْ. هُ) اس کو آ پکڑے، يُدْرِكْ، (افعال) اِدْرَاكٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (٤:۱۰۰).

يُدْرِيْكَ: (يُدْرِيْ. كَ) تجھے واقف کرے/ تجھ کو خبردار کرے، تجھے (کیا) معلوم ہے، يُدْرِيْ، (افعال) اِدْرَاءٌ (باخبر کرنا، جتانا) سے، مضارع واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)، [مادہ: دری]۔ (۳۳:٦۳) (٤۲:۱۷) (۸۰:۳).

يَدُسُّهُ: (يَدُسُّ. هُ) وہ اسے چھپاتا ہے، وہ اس کو دبا دیتا ہے، وہ اسے دبا دے، يَدُسُّ، (نصر ۵؛ دَسَّ. يَدُسُّ) دَسٌّ (نیچے چھپانا، خفیہ حیلہ کرنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۱٦:٥۹).

يَدْعُ: وہ پکارتا ہے، وہ پکارے گا، بلائے گا، (نصر ۷؛ دَعَا. يَدْعُوْ) دُعَاءٌ و دَعْوَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۱۷:۱۱) (٥٤:٦)، مجزوم (۲۳:۱۱۷).

يَدْعُ: (لِيَدْعُ) چاہیے کہ بلائے، (نصر) دُعَاءٌ و دَعْوَةٌ سے، امر واحد غائب مذکر۔ (٤۰:۲٦) (۹٦:۱۷).

يَدُعُّ: وہ زور سے دھکا دیتا ہے، (نصر ۵؛ دَعَّ. يَدُعُّ) دَعٌّ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۱۰۷:۲).

يُدْعٰى: اس کو بلایا جاتا ہے، اس کو دعوت دی جاتی ہے، (نصر؛ دَعَا. يَدْعُوْ) دَعْوَةٌ سے، مضارع مجہول واحد غائب مذکر۔ (٦۱:۷).

لَمْ یَدْعُنَا: (لَمْ یَدْعُ.نَا) اس نے ہم سے دعا نہیں کی، لَمْ یَدْعُ، (نصر) دُعَاءٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد غائب مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔ (۱۲:۱۰).

یَدْعُوْا: وہ بلاتا ہے، وہ پکارتا ہے، وہ دعا کرتا ہے، وہ پکارے گا، (نصر) دُعَاءٌ و دَعْوَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۲۲۱:۲) (۲۵:۱۰) (۱۲:۲۲، ۱۳) (۶:۳۵) (۸:۳۹) (۵:۴۶) (۱۱:۸۴).

یَدْعُوْكَ: (یَدْعُوْا.كَ) وہ تجھے بلاتا ہے، یَدْعُوْا، (نصر) دَعْوَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (۲۵:۲۸).

یَدْعُوْكُمْ: (یَدْعُوْا.كُمْ) وہ تمہیں بلاتا ہے، وہ تمہیں بلائے گا/ تمہیں پکارے گا، یَدْعُوْا، (نصر) دَعْوَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۱۵۳:۳) (۱۰:۱۴) (۵۲:۱۷) (۸:۵۷).

یَدْعُوْنَ: وہ دعا کرتے ہیں، وہ پکارتے ہیں، وہ بلاتے ہیں، وہ پکاریں گے، دعا کریں گے، (نصر) دُعَاءٌ و دَعْوَةٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۲۲۱:۲) (۱۰۴:۳) (۱۱۷:۴، ۱۱۷) (۵۲:۶، ۱۰۸) (۶۶:۱۰) (۱۰۱:۱۱) (۱۴:۱۳) (۲۰:۱۶) (۵۷:۱۷) (۲۸:۱۸) (۶۲:۲۲) (۶۸:۲۵) (۴۱:۲۸) (۴۲:۲۹) (۳۰:۳۱) (۱۶:۳۲) (۵۱:۳۸) (۲۰:۴۰) (۴۸:۴۱) (۸۶:۴۳) (۵۵:۴۴).

یُدْعَوْنَ: وہ بلائے جاتے ہیں، وہ بلائے جائیں گے، (نصر) دَعْوَةٌ سے، مضارع مجہول جمع غائب مذکر۔ (۲۳:۳) (۴۲:۶۸، ۴۳).

یَدَّعُوْنَ: وہ طلب کریں گے/ خواہش کریں گے، (افتعال؛ اِدَّعٰی.یَدَّعِیْ) اِدِّعَاءٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، [مادہ؛ دعو]۔ (۵۷:۳۶).

یُدَعُّوْنَ: وہ دھکیلے جائیں گے، ان کو دھکے دے کر ہنکایا جائے گا، (نصر۵؛ دَعَّ.یَدُعُّ) دَعٌّ سے، مضارع مجہول جمع غائب مذکر۔ (۱۳:۵۲).

یَدْعُوْنَنَا: (یَدْعُوْنَ.نَا) وہ ہم سے دعا کرتے ہیں، وہ ہمیں پکارتے ہیں، یَدْعُوْنَ، (نصر) دُعَاءٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔ (۹۰:۲۱).

یَدْعُوْنَنِیْ: (یَدْعُوْنَ.نِیْ) وہ مجھے بلاتی ہیں، یَدْعُوْنَ، (نصر) دَعْوَةٌ سے، مضارع جمع غائب مؤنث، نِیْ میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔ (۳۳:۱۲).

یَدْعُوْنَهٗ: (یَدْعُوْنَ.هٗ) وہ اسے بلاتے ہیں، یَدْعُوْنَ، (نصر) دَعْوَةٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۷۱:۶).

یَدْعُوْهُ: (یَدْعُوْا.هُ) وہ اس کو پکارتا ہے، وہ اسے پکارے/ اس سے دعا کرے، یَدْعُوْا، (نصر) دُعَاءٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۱۹:۷۲).

یَدْعُوْهُمْ: (یَدْعُوْا.هُمْ) وہ ان کو بلاتا ہے، وہ انہیں دعوت دیتا ہے، یَدْعُوْا، (نصر) دَعْوَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۲۱:۳۱).

یَدِكَ: (یَدِ.كَ) تیرا ہاتھ، یَدِ (اَیْدٍ جمع، [مادہ؛ یدی]) مضاف، كَ (ضمیر واحد حاضر مذکر) مضاف الیہ۔ (۲۶:۳) (۴۴:۳۸)، یَدَكَ (۲۸:۵) (۲۹:۱۷) (۲۲:۲۰) (۱۲:۲۷) (۳۲:۲۸).

یَدْمَغُهٗ: (یَدْمَغُ.هٗ) وہ اس کے دماغ پر مارتا ہے، دماغ کی چوٹ بے ہوش کرتی ہے، یَدْمَغُ، (فتح۱) دَمْغٌ (دماغ تک زخمی کرنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۱۸:۲۱).

یُدْنِیْنَ: وہ نیچے کر لیا کریں/ گھونگھٹ نکال لیں، (افعال۱۰؛ اَدْنٰی.یُدْنِیْ) اِدْنَاءٌ (قریب کرنا، پردہ لٹکانا) سے، مضارع جمع غائب مؤنث، [مادہ؛ دنو]۔ (۵۹:۳۳).

یَدِهٖ: (یَدِ.هٖ) اس کا ہاتھ، یَدِ مضاف، هٖ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (۲۳۷:۲، ۲۴۹) (۸۸:۲۳) (۸۳:۳۶)، یَدِهٖ

(۱:٦٧)، يَدَهٗ (١٠٨:٧) (٤٠:٢٤) (٣٣:٢٦).

يُدْهِنُوْنَ: وہ نرمی کریں/ ڈھیلے پڑ جائیں، (افعال ۱) اِدْهَانٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(٩:٦٨).

يَدِيَ: (يَدِ. ىَ) میرا ہاتھ، يَدِ مضاف، ىَ (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔(٢٨:٥).

يَدَيْ: دونوں ہاتھ، يَدٌ کا تثنیہ مضاف (بحالت نصب وجر، یہاں مجرور ہے)، اضافت کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا۔ (٥٧:٧) (٤٨:٢٥) (٦٣:٢٧) (٤٦:٣٤) (١:٤٩) (١٢:٥٨، ١٣).

يَدَيَّ: (يَدَيْ. ىَ) میرے دونوں ہاتھ/ اپنے دونوں ہاتھ، يَدَيْ مضاف، ىَ (ضمیر واحد متکلم) مضاف الیہ۔ (٥٠:٣) (٧٥:٣٨) (٦:٦١).

لَا يَدِيْنُوْنَ: وہ دین نہیں اختیار کرتے ہیں، وہ فرمانبرداری نہیں کرتے ہیں، وہ حکم نہیں مانتے ہیں، (ضرب ۸؛ دَانَ. يَدِيْنُ) دِيْنٌ سے، مضارع منفی جمع غائب مذکر۔(٢٩:٩).

يَدَيْهِ: (يَدَيْ. هِ) اس کے دونوں ہاتھ، يَدَيْ مضاف، هِ (ضمیر واحد غائب مذکر) مضاف الیہ۔ (٩٧:٢) (٣:٣) (٤٦:٥، ٤٨، ٤٦) (٩٢:٦) (٣٧:١٠) (١١١:١٢) (١١:١٣) (٢٧:٢٥) (١٢:٣٤، ٣١) (٣١:٣٥) (٤٢:٤١) (٢١:٤٦، ٣٠) (٢٧:٧٢).

يَدَيْهَا: (يَدَيْ. هَا) اس کے دونوں ہاتھ، يَدَيْ مضاف، هَا (ضمیر واحد غائب مؤنث) مضاف الیہ۔(٦٦:٢).

يُذَبِّحُ: وہ بہت ذبح کیا کرتا تھا، (تفعیل ۱) تَذْبِيْحٌ (ذبح کرنے میں مبالغہ کرنا یعنی بہت ذبح کرنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (٤:٢٨).

يُذَبِّحُوْنَ: وہ ذبح کرتے ہیں/ ذبح کرتے تھے، (تفعیل) تَذْبِيْحٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(٤٩:٢) (٦:١٤).

يَذَرَ: وہ چھوڑ دے/ رہنے دے، (فتح ۵؛ وَذَرَ. يَذَرُ) وَذْرٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(١٧٩:٣).

يَذْرَؤُكُمْ: (يَذْرَؤُا. كُمْ) وہ تمہیں پیدا کرتا ہے، وہ تمہیں بکھیرتا ہے، وہ تم کو پھیلاتا ہے، يَذْرَؤُا، (فتح ۴) ذَرْءٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(١١:٤٢).

يَذَرَكَ: (يَذَرَ. كَ) (کہ) وہ تجھے چھوڑ دے، يَذَرَ، (فتح) وَذْرٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (١٢٧:٧).

يَذَرُوْنَ: وہ چھوڑ دیتے ہیں، وہ چھوڑ دیں، (فتح) وَذْرٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(٢:٢٣٤، ٢٤٠) (٢٧:٧٦).

يَذَرُهَا: (يَذَرُ. هَا) وہ اسے چھوڑے گا یعنی کر دے گا، يَذَرُ، (فتح) وَذْرٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔(١٠٦:٢٠).

يَذَرُهُمْ: (يَذَرُ. هُمْ) وہ انہیں چھوڑ دیتا ہے، يَذَرُ، (فتح) وَذْرٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (١٨٦:٧).

يَذْكُرُ: ذکر کرتا ہے، وہ نصیحت (نہیں) حاصل کرتا ہے، (نصر) ذِكْرٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(٦٧:١٩) (٣٦:٢١).

يُذْكَرُ: ذکر کیا جاتا ہے، یاد کیا جاتا ہے، (نصر) ذِكْرٌ سے، مضارع مجہول واحد غائب مذکر۔ (٤٠:٢٢)، يُذْكَرَ (ذکر کیا جائے) (١١٤:٢) (٣٦:٢٤).

لَمْ يُذْكَرْ: نہیں یاد کیا گیا/ نہیں لیا گیا، (نصر) ذِكْرٌ سے، مضارع مجہول منفی بہ لم واحد غائب مذکر۔(١٢١:٦).

يَذَّكَّرُ: نصیحت حاصل کرتا ہے، وہ نصیحت پکڑے گا، (تفعل ۱) تَذَكُّرٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، (یہ اصل میں يَتَذَكَّرُ تھا)۔ (٢٦٩:٢) (٧:٣) (٤:٨٠) (١٠:٨٧)، يَذَّكَّرَ (وہ نصیحت پکڑے) (٥٢:١٤) (٦٢:٢٥).

يَذْكُرُوْا: ذکر کریں، یاد کریں، (نصر) ذِكْرٌ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر۔(٢٨:٢٢، ٣٤).

يَذَّكَّرُوْا: کہ وہ نصیحت حاصل کریں، (تفعل) تَذَكُّرٌ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر، (یہ اصل میں يَتَذَكَّرُوْا تھا)۔

(۴۱:۱۷) (۲۵:۵۰).

یَذْکُرُوْنَ: وہ ذکر کرتے ہیں، وہ یاد کرتے ہیں، (نصر) ذِکْرٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۳:۱۹۱) (۴:۱۴۲) (۶:۱۳۸) (۳۷:۱۳) (۷۴:۵۶).

یَذَّکَّرُوْنَ: وہ نصیحت پکڑتے ہیں، وہ نصیحت حاصل کریں، (تفعل) تَذَکُّرٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۶:۱۲۶) (۷:۲۶، ۱۳۰) (۸:۵۷) (۹:۱۲۶) (۱۶:۱۳).

یَذْکُرُھُمْ: (یَذْکُرُ.ھُمْ) وہ ان کا ذکر کرتا تھا، یَذْکُرُ، (نصر) ذِکْرٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، ھُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۲۱:۶۰).

یَذُوْقَ: (تاکہ) وہ چکھے، (نصر۶: ذَاقَ.یَذُوْقُ) ذَوْقٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۵:۹۵).

یَذُوْقُوْا: (تاکہ) وہ چکھیں، (نصر) ذَوْقٌ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر۔ (۴:۵۶).

لَمَّا یَذُوْقُوْا: انہوں نے ابھی تک نہیں چکھا، (نصر) ذَوْقٌ سے، مضارع منفی بہ لما جمع غائب مذکر۔ (۳۸:۸).

لَا یَذُوْقُوْنَ: وہ نہیں چکھیں گے، (نصر) ذَوْقٌ سے، مضارع منفی جمع غائب مذکر۔ (۴۴:۵۶) (۷۸:۲۴).

یَذُوْقُوْہُ: (لِیَذُوْقُوْا.ہُ) چاہیے کہ وہ اسے چکھیں، لِیَذُوْقُوْا، (نصر) ذَوْقٌ سے، امر جمع غائب مذکر، ہُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۳۸:۵۷).

یَذْھَبُ: وہ جاتا رہتا ہے، وہ لے جائے، (فتح۱) ذَھَابٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۱۳:۱۷) (۲۴:۴۳).

یُذْھِبُ: وہ لے جائے، دور کر دے، (افعال۱) اِذْھَابٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۸:۱۱) (۳۳:۳۳)، یُذْھِبُ (وہ دور کرے گا) (۹:۱۵).

یَذْھَبَا: وہ دونوں لے جائیں/ زائل کر دیں (متعدی بالباء)، (فتح) ذَھَابٌ بِ سے، مضارع (منصوب) تثنیہ غائب مذکر۔ (۲۰:۶۳).

یُذْھِبْکُمْ: (یُذْھِبْ.کُمْ) تم کو لے جائے/تمہیں ہلاک کر دے، یُذْھِبْ، (افعال) اِذْھَابٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۴:۱۳۳) (۶:۱۳۳) (۱۴:۱۹) (۳۵:۱۶).

یُذْھِبَنَّ: (کیا) واقعی دور کر دے گا/ زائل کر دے گا، (افعال) اِذْھَابٌ سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ واحد غائب مذکر۔ (۲۲:۱۵).

یُذْھِبْنَ: دور کر دیتی ہیں، دور کر دیں گی، (افعال) اِذْھَابٌ سے، مضارع جمع غائب مؤنث۔ (۱۱:۱۱۴).

لَمْ یَذْھَبُوْا: وہ نہیں گئے، وہ نہیں جاتے ہیں، (فتح) ذَھَابٌ سے، مضارع منفی بہ لم جمع غائب مذکر۔ (۲۴:۶۲) (۳۳:۲۰).

یُذِیْقَ: وہ چکھائے، (افعال) اِذَاقَۃٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ: ذوق]۔ (۶:۶۵).

یُذِیْقَکُمْ: (یُذِیْقَ.کُمْ) وہ تمہیں چکھائے، یُذِیْقَ، (افعال) اِذَاقَۃٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۳۰:۴۶).

یُذِیْقَھُمْ: (یُذِیْقَ.ھُمْ) وہ انہیں چکھائے، یُذِیْقَ، (افعال) اِذَاقَۃٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، ھُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۳۰:۴۱).

لَمْ یَرَ: اس نے نہیں دیکھا، (فتح: رَاٰی.یَرٰی) رُؤْیَۃٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد غائب مذکر، [مادہ: رای]۔ (۲۱:۳۰) (۳۶:۷۷).

یُرَآءُوْنَ: وہ دکھاوا کرتے ہیں، وہ ریاکاری کرتے ہیں، (مفاعلہ۳+۱۱: رٰای.یُرٰءِی) مُرَاءَاۃٌ و رِئَاءٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، [مادہ: رای]۔ (۴:۱۴۲) (۱۰۷:۶).

یُرَادُ: مقصود ہے، ارادہ کی جاتی ہے، (افعال: اَرَادَ.یُرِیْدُ) اِرَادَۃٌ سے، مضارع مجہول واحد غائب مذکر، [مادہ: رود]۔ (۳۸:۶).

یَرٰی: وہ دیکھتا ہے، وہ دیکھتے ہیں/ جانتے ہیں، وہ دیکھے گا، (فتح: رَاٰی.یَرٰی) رُؤْیَۃٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۲:۱۶۵)

(٩٤:٩، ١٠٥) (٦:٣٤) (٣٥، ١٢:٥٣) (٣٦:٧٩) (١٤:٩٦).

يُرٰى: (نہ) دکھائی دیتا تھا، وہ دیکھی جائے گی، (فتح) رُؤْيَةٌ سے، مضارع مجہول واحد غائب مذکر۔ (٢٥:٤٦) (٥٣:٤٠).

يَرٰىكَ: (يَرٰى. كَ) وہ تجھے دیکھتا ہے/ تجھے دیکھ رہا ہوتا ہے، يَرٰى، (فتح) رُؤْيَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (٢١٨:٢٦).

يَرٰىكُمْ: (يَرٰى. كُمْ) وہ تمہیں دیکھتا ہے، يَرٰى، (فتح) رُؤْيَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (٢٧:٧) (١٢٧:٩).

يَرٰىهَا: (يَرٰى. هَا) وہ اسے دیکھے، يَرٰى، (فتح) رُؤْيَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (٤٠:٢٤).

يَرْبِطَ: وہ مضبوط کر دے، (ضرب ا) رَبْطٌ (مضبوط باندھنا، دل کو قوت بخشنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (١١:٨).

يَرْبُوَا: کہ بڑھ جائے، (نصر ۷؛ رَبَا. يَرْبُوْ) رَبْوٌ و رِبَاءٌ سے، مضارع (منصوب) واحد غائب مذکر۔ (٣٩:٣٠).

لَا يَرْبُوْا: نہیں بڑھتا ہے، (نصر) رَبْوٌ و رِبَاءٌ سے، مضارع منفی واحد غائب مذکر۔ (٣٩:٣٠).

يُرْبِيْ: وہ بڑھاتا ہے، (افعال ۱۰؛ اَرْبٰى. يُرْبِيْ) اِرْبَاءٌ سے جس کے معنی زیادہ کرنے کے ہیں، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ؛ ربو]۔ (٢٧٦:٢).

يَرْتَابَ: (تاکہ اہل کتاب اور مومن) شک میں (نہ) پڑیں، (افتعال؛ اِرْتَابَ. يَرْتَابُ) اِرْتِيَابٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ؛ ریب]۔ (٣١:٧٤).

لَمْ يَرْتَابُوْا: وہ شک میں نہیں پڑے، شبہ دل میں نہ لائے، (افتعال) اِرْتِيَابٌ سے، مضارع منفی بہ لم جمع غائب مذکر۔ (١٥:٤٩).

يَرْتَدُّ: وہ لوٹے گا، (نگاہیں نہیں) لوٹیں گی، (افتعال؛ اِرْتَدَّ. يَرْتَدُّ) اِرْتِدَادٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ؛ ردد]۔ (٤٣:١٤).

يَرْتَدَّ: لوٹ جائے گا، مرتد ہو جائے گا، کہ لوٹے، (افتعال) اِرْتِدَادٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (مجزوم) (٥٤:٥) (منصوب)(٤٠:٢٧)، يَرْتَدِدْ (مجزوم)(٢١٧:٢).

يَرْتَعْ: پھل کھائے، مزہ اڑائے، (فتح ا) رَتْعٌ (آسودہ حال رہنا، خوب مزے میں رہنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (١٢:١٢).

يَرْتَقُوْا: (لِيَرْتَقُوْا) ان کو چڑھ جانا چاہیے، (افتعال ۱۱؛ اِرْتَقٰى. يَرْتَقِيْ) اِرْتِقَاءٌ (اوپر چڑھنا، کسی کام کی انتہا کو پہنچنا) سے، امر جمع غائب مذکر، [مادہ؛ رقی]۔ (١٠:٣٨).

يَرِثُ: وارث ہوگا، حامل ہو، مالک ہو، (حسب ۲؛ وَرِثَ. يَرِثُ) وِرَاثَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (٦:١٩).

يَرِثُنِيْ: (يَرِثُ. نِيْ) وہ میرا وارث ہو گا، يَرِثُ، (حسب) وِرَاثَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، نِيْ میں ن وقایہ اور ی ضمیر مفعول (واحد متکلم)۔ (٦:١٩).

يَرِثُوْنَ: وارث ہوتے ہیں، وارث (مالک) ہوں گے، (حسب) وِرَاثَةٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (١٠٠:٧) (١١:٢٣).

يَرِثُهَا: (يَرِثُ. هَا) وہ اس کا وارث ہو گا، يَرِثُ، (حسب) وِرَاثَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (١٧٦:٤) (١٠٥:٢١).

يَرْجِعُ: وہ لوٹتا ہے، وہ لوٹے گا، وہ رجوع کرتا ہے/ رجوع کرے گا، لوٹتے ہیں/ لوٹیں گے، (ضرب ا) رُجُوْعٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (٨٩:٢٠) (٣٥:٢٧) (٣١:٣٤)، يَرْجِعَ (وہ لوٹ آئے)(٩١:٢٠).

يُرْجَعُ: لوٹایا جاتا ہے، (ضرب ا) رَجْعٌ (لوٹانا) سے، مضارع مجہول واحد غائب مذکر۔ (١٢٣:١١).

يَرْجِعُوْنَ: لوٹیں گے، وہ لوٹتے ہیں، وہ رجوع کرتے ہیں/

رجوع کریں گے، وہ رجوع کریں، وہ لوٹاتے ہیں/ جواب دیتے ہیں، (ضرب) رَجْعٌ و رُجُوْعٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (١٨:٢) (٧٢:٣) (١٦٨:٧، ١٧٤) (٦٢:١٢) (٥٨:٢١، ٩٥) (٢٨:٢٧) (٤١:٣٠) (٢١:٣٢) (٣١:٣٦، ٥٠، ٦٧) (٢٨:٤٣، ٤٨) (٢٧:٤٦).

يُرْجَعُوْنَ: وہ لوٹائے جائیں گے، (ضرب) رَجْعٌ سے، مضارع مجہول جمع غائب مذکر۔ (٨٣:٣) (٣٦:٦) (٤٠:١٩) (٦٤:٢٤) (٣٩:٢٨) (٧٧:٤٠).

يَرْجُمُوْكُمْ: (يَرْجُمُوْا. كُمْ) تم کو پتھر مار کر ہلاک کر دیں گے، يَرْجُمُوْا، (نصر) رَجْمٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (٢٠:١٨).

يَرْجُوْا: وہ امید رکھتا ہے، ڈرتا ہے/ اندیشہ رکھتا ہے، (نصر ٧: رَجَا. يَرْجُوْ) رَجَاءٌ (امیدوار رہنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (١١٠:١٨) (٥:٢٩) (٢١:٣٣) (٩:٣٩) (٦:٦٠).

يَرْجُوْنَ: وہ امید رکھتے ہیں، (نصر) رَجَاءٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (٢١٨:٢) (١٠٤:٤) (٧:١٠، ١١، ١٥) (٥٧:١٧) (٢١:٢٥، ٤٠) (٢٩:٣٥) (١٤:٤٥) (٢٧:٧٨).

لَايَرْجُوْنَ: وہ امید نہیں رکھتی ہیں، (نصر) رَجَاءٌ سے، مضارع جمع غائب مؤنث۔ (٦٠:٢٤).

يَرْحَمُ: وہ رحم کرے گا، وہ بخش دے گا، وہ رحم کرے، (سمع ا) رَحْمَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (٢١:٢٩).

يَرْحَمَكُمْ: (يَرْحَمَ. كُمْ) وہ تم پر رحم کرے، يَرْحَمَ، (سمع) رَحْمَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (٨:١٧)، يَرْحَمْكُمْ (٥٤:١٧).

لَمْ يَرْحَمْنَا: (لَمْ يَرْحَمْ. نَا) (اگر) وہ ہم پر رحم نہیں کرے گا، لَمْ يَرْحَمْ، (سمع) رَحْمَةٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد غائب مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔ (١٤٩:٧).

يَرْحَمُهُمْ: (يَرْحَمُ. هُمْ) وہ ان پر رحم کرے گا، ان کو بخش دے گا، يَرْحَمُ، (سمع) رَحْمَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (٧١:٩).

يُرِدْ: وہ ارادہ کرے، چاہے، (افعال: اَرَادَ. يُرِيْدُ) اِرَادَةٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مذکر، [مادہ: رود]۔ (١٤٥:٣، ١٤٥) (٤١:٥) (١٢٥:٦، ١٢٥) (٢٥:٢٢).

لَمْ يُرِدْ: اس نے نہیں ارادہ کیا، نہ چاہے، (افعال) اِرَادَةٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد غائب مذکر۔ (٤١:٥) (٢٩:٥٣).

يُرَدُّ: وہ لوٹایا جاتا ہے، لوٹایا جائے گا، (نصر ٥: رَدَّ. يَرُدُّ) رَدٌّ (لوٹانا) سے، مضارع مجہول واحد غائب مذکر۔ (١٤٧:٦) (١١٠:١٢) (٧٠:١٦) (٨٧:١٨) (٥:٢٢) (٤٧:٤١).

يُرِدْكَ: (يُرِدْ. كَ) وہ ارادہ کرے تیرے بارے میں، وہ تیرے لیے چاہے، يُرِدْ، (افعال) اِرَادَةٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (١٠٧:١٠).

يُرِدْنِ: (يُرِدْ. نِ) (اگر) وہ مجھے (دکھ پہنچانا) چاہے، يُرِدْ، (افعال) اِرَادَةٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مذکر، نِ (اصل میں نِيْ) میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف۔ (٢٣:٣٦).

يَرُدُّوْكُمْ: (يَرُدُّوْا. كُمْ) وہ تمہیں لوٹا دیں/ تم کو پھیر دیں، يَرُدُّوْا، (نصر: رَدَّ. يَرُدُّ) رَدٌّ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (٢١٧:٢).

يَرُدُّوْكُمْ: (يَرُدُّوْا. كُمْ) وہ تم کو پھیر دیں گے، يَرُدُّوْا، (نصر) رَدٌّ سے، مضارع (مجزوم) جمع غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (١٠٠:٣، ١٤٩).

يُرَدُّوْنَ: وہ لوٹائے جائیں گے، (نصر) رَدٌّ سے، مضارع مجہول جمع غائب مذکر۔ (٨٥:٢) (١٠١:٩).

يَرُدُّوْنَكُمْ: (يَرُدُّوْنَ. كُمْ) (کہ) وہ تم کو لوٹا دیں/ تمہیں پھیر دیں/ تمہیں مرتد بنا دیں، يَرُدُّوْنَ، (نصر) رَدٌّ سے، مضارع جمع غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (١٠٩:٢).

یُرْدُوْهُمْ: (یُرْدُوْا. هُمْ) وہ ان کو ہلاکت میں ڈال دیں/ ان کو ہلاک کر دیں، یُرْدُوْا، (افعال؛ اَرْدٰی. یُرْدِیْ) اِرْدَاءٌ (ہلاک کرنا) سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)، [مادہ: ردی]۔ (۱۳۷:۶).

یَرْزُقُ: وہ رزق دیتا ہے، (نصر) رِزْقٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۲۱۲:۲) (۳۷:۳) (۳۸:۲۴) (۱۹:۴۲).

یَرْزُقُكُمْ: (یَرْزُقُ. كُمْ) وہ تمہیں رزق دیتا ہے، تمہیں رزق دے گا، یَرْزُقُ، (نصر) رِزْقٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۳۱:۱۰) (۶۴:۲۷) (۲۴:۳۴) (۳:۳۵) (۲۱:۶۷).

یَرْزُقَنَّهُمْ: (لَیَرْزُقَنَّ. هُمْ) وہ ان کو ضرور رزق دے گا، لَیَرْزُقَنَّ، (نصر) رِزْقٌ سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (۵۸:۲۲).

یُرْزَقُوْنَ: ان کو رزق دیا جاتا ہے، ان کو رزق دیا جائے گا، (نصر) رِزْقٌ سے، مضارع مجہول جمع غائب مذکر۔ (۱۶۹:۳) (۴۰:۴۰).

یَرْزُقْهُ: (یَرْزُقْ. هُ) وہ اسے رزق دے گا، یَرْزُقْ، (نصر) رِزْقٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۳:۶۵).

یَرْزُقُهَا: (یَرْزُقُ. هَا) وہ اسے رزق دیتا ہے، یَرْزُقُ، (نصر) رِزْقٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۶۰:۲۹).

یُرْسِلُ: بھیجتا ہے، وہ بھیجے گا، (افعال ا) اِرْسَالٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۶۱:۶) (۵۷:۷) (۱۳:۱۳) (۶۳:۲۷) (۴۸:۳۰) (۴۲:۳۹)، یُرْسِلُ (۵۲:۱۱) (۱۱:۷۱)، یُرْسِلَ (وہ بھیجے، بھیج دے) (۶۸:۱۷، ۶۹) (۴۰:۱۸) (۴۶:۳۰) (۵۱:۴۲) (۱۷:۶۷).

یُرْسَلُ: بھیجا جائے گا، چھوڑا جائے گا، (افعال) اِرْسَالٌ سے، مضارع مجہول واحد غائب مذکر۔ (۳۵:۵۵).

یَرْشُدُوْنَ: ہدایت پا جائیں، (نصرا) رُشْدٌ و رَشَادٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۱۸۶:۲).

یَرْضٰی: وہ پسند (نہیں) کرتا، وہ راضی (نہیں) ہوتا، وہ خوش ہو/ پسند کرے، وہ راضی ہو جائے گا، (سمع ا؛ رَضِیَ. یَرْضٰی) رِضًی و رِضْوَانٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۱۰۸:۴) (۹۶:۹) (۷:۳۹) (۲۶:۵۳) (۲۱:۹۲).

یُرْضِعْنَ: وہ دودھ پلائیں، (افعال ا) اِرْضَاعٌ سے، مضارع (بمعنی امر) جمع غائب مؤنث۔ (۲۳۳:۲).

یُرْضُوْكُمْ: (یُرْضُوْا. كُمْ) وہ تمہیں راضی کر لیں/ تمہیں خوش کریں، یُرْضُوْا، (افعال ا؛ اَرْضٰی. یُرْضِیْ) اِرْضَاءٌ (راضی کرنا، خوش کرنا) سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)، [مادہ: رضی]۔ (۶۲:۹).

یُرْضُوْنَكُمْ: (یُرْضُوْنَ. كُمْ) وہ تمہیں راضی کرتے ہیں/ تمہیں خوش کرتے ہیں، یُرْضُوْنَ، (افعال) اِرْضَاءٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۸:۹).

یَرْضَوْنَهٗ: (یَرْضَوْنَ. هٗ) وہ اس کو پسند کرتے ہیں/ اس کو پسند کریں گے، یَرْضَوْنَ، (سمع) رِضًی و رِضْوَانٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۵۹:۲۲).

یَرْضَوْهُ: (یَرْضَوْا. هُ) (تا کہ) وہ اس کو پسند کر لیں، یَرْضَوْا، (سمع) رِضًی و رِضْوَانٌ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۱۱۳:۶).

یُرْضُوْهُ: (یُرْضُوْا. هُ) وہ اس کو راضی کریں/ اسے خوش کریں، یُرْضُوْا، (افعال) اِرْضَاءٌ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۶۲:۹).

یَرْضَهُ: (یَرْضَ. هُ) وہ اس کو پسند کرتا ہے، یَرْضَ، (سمع) رِضًی و رِضْوَانٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۷:۳۹).

یَرْضَیْنَ: وہ راضی رہیں گی، وہ خوش رہیں، (سمع) رِضًی و رِضْوَانٌ سے، مضارع جمع غائب مؤنث۔ (۵۱:۳۳).

یَرْغَبُ: (یَرْغَبُ عَنْ) روگردانی کرتا ہے/ روگردانی کرے گا، منہ موڑے گا، (سمع ا) رَغْبٌ و رَغْبَۃٌ سے جسکے معنی چاہنے، خواہش کرنے اور رغبت کرنے کے ہیں، جب اسکے صلہ میں عَنْ آتا ہے تو اسکے معنی الٹ ہوجاتے ہیں یعنی رَغْبَۃٌ عَنْ: روگردانی کرنا، اعراض کرنا، یَرْغَبُ صیغہ مضارع واحد غائب مذکر۔ (۲: ۱۳۰).

لَایَرْغَبُوْا: (کہ) نہ عزیز سمجھیں، (سمع) رَغْبٌ سے، مضارع منفی (منصوب) جمع غائب مذکر، چاہیے کہ وہ نہ عزیز رکھیں، اس معنی کے لحاظ سے یہ نہی غائب ہے۔ (۹: ۱۲۰).

یَرْفَعُ: (جب) اونچا کر رہا تھا/ اٹھا رہا تھا، وہ اٹھاتا ہے، وہ بلند کرتا ہے/ بلند کرے گا، (فتح) رَفْعٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۲: ۱۲۷)، یَرْفَعُ (وہ بلند کرے گا، اونچا کرے گا) (۵۸: ۱۱).

یَرْفَعُهٗ: (یَرْفَعُ.ہٗ) وہ اس کو بلند کرتا ہے، یَرْفَعُ، (فتح) رَفْعٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۳۵: ۱۰).

لَایَرْقُبُوْا: پاس نہیں کریں گے/ لحاظ نہیں کریں گے، رعایت نہیں کریں گے، (نصر) رَقْبٌ سے، مضارع منفی (مجزوم) جمع غائب مذکر۔ (۹: ۸).

یَرْقُبُوْنَ: وہ رعایت (نہیں) کرتے ہیں، (نصر) رَقْبٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۹: ۱۰).

یَرْكَبُوْنَ: وہ سوار ہوتے ہیں، (سمع ا) رُكُوْبٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۳۶: ۴۲).

یَرْكُضُوْنَ: وہ تیزی کے ساتھ بھاگنے لگتے ہیں، وہ بھاگ کھڑے ہوتے ہیں، (نصر ا) رَكْضٌ (دوڑنا، پاؤں ہلانا) سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۲۱: ۱۲).

لَایَرْكَعُوْنَ: وہ جھکتے نہیں، وہ (روز جزا کو بقول ابن عباسؓ) جھک نہیں سکیں گے، (فتح ا) رُكُوْعٌ سے، مضارع منفی جمع غائب مذکر۔ (۷۷: ۴۸).

یَرْكُمَهٗ: (یَرْكُمَ.ہٗ) تہ بہ تہ کر کے اس کا ڈھیر لگادے، یَرْكُمَ، (نصر ا) رَكْمٌ (ڈھیر لگانا) سے، مضارع واحد غائب مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۸: ۳۷).

یَرْمِ: تہمت لگا دے، وہ الزام دے دے، (ضرب ۹؛ رَمٰی. یَرْمِیْ) رَمْیٌ (پھینکنا، عیب لگانا) سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مذکر (شرط کی وجہ سے ی گرگئی)۔ (۴: ۱۱۲).

یَرْمُوْنَ: تہمت لگاتے ہیں، (ضرب) رَمْیٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۲۴: ۴، ۶، ۲۳).

یَرَوْا: وہ دیکھ لیں، (فتح؛ رَاٰی.یَرٰی) رُؤْیَۃٌ سے، مضارع (منصوب و مجزوم) جمع غائب مذکر، [مادہ؛ رای]۔ (۶: ۲۵) (۷: ۱۴۶، ۱۴۶، ۱۴۶) (۱۰: ۸۸، ۹۷) (۲۶: ۲۰۱) (۵۲: ۴۴) (۵۴: ۲).

لَمْ یَرَوْا: انہوں نے نہیں دیکھا، (کیا) ان کو نہیں معلوم، (فتح) رُؤْیَۃٌ سے، مضارع منفی بہ لم جمع غائب مذکر۔ (۶: ۶) (۷: ۱۴۸) (۱۳: ۴۱) (۱۶: ۴۸، ۷۹) (۱۷: ۹۹) (۲۶: ۷) (۲۷: ۸۶) (۲۹: ۱۹، ۶۷) (۳۰: ۳۷) (۳۲: ۲۷) (۳۴: ۹) (۳۶: ۳۱، ۷۱) (۴۱: ۱۵) (۴۶: ۳۳) (۶۷: ۱۹).

یُرَوْا: (لِ.یُرَوْا) تاکہ ان کو دکھلائے جائیں، (افعال؛ اَرٰی. یُرِیْ) اِرَاءَۃٌ (دکھانا) سے، مضارع مجہول جمع غائب مذکر، اس میں لِ لام کی ہے اور یُرَوْا مضارع مجہول منصوب، [مادہ؛ رای]۔ (۹۹: ۶).

یَرَوْنَ: وہ دیکھیں گے، وہ دیکھتے ہیں، (فتح) رُؤْیَۃٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۲: ۱۶۵) (۹: ۱۲۶) (۲۰: ۸۹) (۲۱: ۴۴) (۲۵: ۲۲، ۴۲) (۴۶: ۳۵) (۷۶: ۱۳).

یَرَوْنَهٗ: (یَرَوْنَ.ہٗ) وہ اسے دیکھتے ہیں، یَرَوْنَ، (فتح) رُؤْیَۃٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، ہٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۷۰: ۶).

یَرَوْنَهَا: (یَرَوْنَ.هَا) وہ اسے دیکھتے ہیں، وہ اسے دیکھیں گے، یَرَوْنَ، (فتح) رُؤْیَۃٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (۲۵: ۴۰) (۷۹: ۴۶).

یَرَوْنَهُمْ: (یَرَوْنَ. هُمْ) وہ ان کو دیکھتے ہیں/ ان کو دیکھتے تھے، یَرَوْنَ، (فتح) رُؤْيَةٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۳:۱۳).

یَرَهُ: (یَرَ. هُ) وہ اس کو دیکھے گا، وہ اسے دیکھ لے گا، یَرَ، (فتح) رُؤْيَةٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۹۹:۷، ۸).

لَمْ يَرَهُ: (لَمْ يَرَ. هُ) اس نے اس کو نہیں دیکھا، لَمْ يَرَ، (فتح) رُؤْيَةٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۹۰:۷).

يَرْهَبُوْنَ: وہ ڈرتے ہیں، (سمع) رَهَبٌ و رَهْبَةٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۷:۱۵۴).

لَا يَرْهَقُ: نہیں چھپائے گی، (سمع) رَهْقٌ (ڈھانکنا، چھانا) سے، مضارع منفی واحد غائب مذکر۔(۱۰:۲۶).

يُرْهِقَهُمَا: (يُرْهِقَ. هُمَا) (کہ) وہ ان دونوں پر اثر ڈال دے/ ان پر چڑھا دے، ان دونوں کو مبتلا کر دے، يُرْهِقَ، (افعال) اِرْهَاقٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هُمَا ضمیر مفعول (تثنیہ غائب مذکر)۔(۱۸:۸۰).

يُرِيْدُ: وہ ارادہ کرتا ہے، چاہتا ہے، وہ ارادہ کرے گا، (افعال: اَرَادَ. يُرِيْدُ) اِرَادَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ: رود]۔ (۲:۱۸۵، ۱۸۵، ۲۵۳) (۳:۱۰۸، ۱۵۲، ۱۵۲، ۱۷۶) (۴:۲۶، ۲۷، ۲۷، ۲۸، ۶۰، ۱۳۴) (۵:۱، ۶، ۶، ۴۹، ۹۱) (۷:۱۱۰) (۸:۷، ۶۷) (۹:۵۵، ۸۵) (۱۱:۱۵، ۳۴، ۱۰۷) (۱۷:۱۸) (۱۸:۷۷) (۲۲:۱۴، ۱۶) (۲۳:۲۴) (۲۶:۳۵) (۳۳:۳۳) (۳۴:۴۳) (۳۵:۱۰) (۴۰:۳۱) (۴۲:۲۰، ۲۰) (۷۴:۵۲) (۷۵:۵) (۸۵:۱۶).

يُرِيْدَا: وہ دونوں چاہیں گے، (افعال) اِرَادَةٌ سے، مضارع (مجزوم) تثنیہ غائب مذکر۔(۴:۳۵).

يُرِيْدَنِ: وہ دونوں چاہتے ہیں، (افعال) اِرَادَةٌ سے، مضارع تثنیہ غائب مذکر۔(۲۰:۶۳).

يُرِيْدُوْا: وہ چاہیں، (افعال) اِرَادَةٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع غائب مذکر۔(۸:۶۲، ۷۱).

يُرِيْدُوْنَ: وہ چاہتے ہیں، وہ چاہیں گے، (افعال) اِرَادَةٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۴:۴۴، ۶۰، ۹۱، ۱۵۰، ۱۵۰) (۵:۳۷) (۶:۵۲) (۹:۳۲) (۱۸:۲۸) (۲۸:۷۹، ۸۳) (۳۰:۳۸) (۳۳:۱۳) (۴۸:۱۵) (۵۲:۴۲) (۶۱:۸).

يُرِيْكُمْ: (يُرِیْ. كُمْ) وہ تم کو دکھاتا ہے، وہ تمہیں دکھائے گا، يُرِیْ، (افعال: اَرٰی. يُرِیْ) اِرَاءَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)، [مادہ: رای]۔ (۲:۷۳) (۱۳:۱۲) (۲۷:۹۳) (۳۰:۲۴) (۴۰:۱۳، ۸۱).

يُرِيَكُمْ: (يُرِیَ. كُمْ) (تاکہ) وہ تم کو دکھائے، يُرِیَ، (افعال) اِرَاءَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(۳۱:۳۱).

يُرِيْكُمُوْهُمْ: (يُرِیْ. كُمْ. هُمْ) وہ انہیں تم کو دکھاتا ہے، وہ تمہاری نظروں میں ان کو دکھا رہا تھا، يُرِیْ، (افعال) اِرَاءَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول اول (جمع حاضر مذکر)، هُمْ ضمیر مفعول دوم (جمع غائب مذکر)۔(۸:۴۴).

يُرِيْكَهُمْ: (يُرِیْ. كَ. هُمْ) (جب) اس نے تجھے دکھایا ان کو، اس نے انہیں تجھ کو دکھایا، يُرِیْ، (افعال) اِرَاءَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول اول (واحد حاضر مذکر)، هُمْ ضمیر مفعول دوم (جمع غائب مذکر)۔(۸:۴۳).

يُرِيَهُ: (يُرِیَ. هُ) وہ اسے دکھائے، يُرِیَ، (افعال) اِرَاءَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۵:۳۱).

يُرِيْهِمْ: (يُرِیْ. هِمْ) وہ ان کو دکھائے گا، يُرِیْ، (افعال) اِرَاءَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هِمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۲:۱۶۷).

يُرِيَهُمَا: (يُرِیَ. هُمَا) وہ ان دونوں کو دکھائے، يُرِیَ،

(افعال) إِرَاءَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هُمَا ضمیر مفعول (تثنیہ غائب مذکر)۔ (٢٧:٧).

لَايَزَالُ: ہمیشہ رہے گا، (سمع٩؛ زَالَ.يَزَالُ) زَيْلٌ سے، مضارع منفی واحد غائب مذکر، فعل ناقص ہے۔ (١١٠:٩) (٣١:١٣) (٥٥:٢٢).

يَزَالُوْنَ: وہ باقی نہ رہیں گے، زائل ہو جائیں گے، (سمع) زَيْلٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ **لَايَزَالُوْنَ**: وہ ہمیشہ رہیں گے، مضارع منفی ہے، افعال ناقصہ میں سے ہے، اس کا استعمال کسی شے کے مسلسل اور دائمی حالت میں رہنے کے لیے ہوتا ہے۔ (٢١٧:٢) (١١٨:١١).

يُزْجِيْ: وہ چلاتا ہے، وہ اٹھاتا ہے، وہ ہانکتا ہے، (افعال؛ اَزْجٰی. يُزْجِيْ) اِزْجَاءٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ؛ زجو]۔ (٦٦:١٧) (٤٣:٢٤).

يَزْدَادَ: (تاکہ) بڑھ جائے/ زیادہ ہو جائے، (افتعال؛ اِزْدَادَ.يَزْدَادُ) اِزْدِيَادٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ یہاں تاء کو دال سے بدلا گیا ہے، [مادہ؛ زید]۔ (٣١:٧٤).

يَزْدَادُوْا: (تاکہ) بڑھ جائیں/ ترقی کریں، (افتعال) اِزْدِيَادٌ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر (یہاں بھی تاء کو دال سے بدل دیا گیا ہے)۔ (١٧٨:٣) (٤:٤٨).

يَزِدْكُمْ: (يَزِدْ. كُمْ) وہ تمہاری (قوت) بڑھا دے گا، يَزِدْ، (ضرب) زِيَادَةٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)، [مادہ؛ زید]۔ (٥٢:١١).

لَمْ يَزِدْهُ: (لَمْ يَزِدْ. هُ) اس نے اسے نہیں بڑھایا، لَمْ يَزِدْ، (ضرب) زِيَادَةٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (٢١:٧١).

لَمْ يَزِدْهُمْ: (لَمْ يَزِدْ. هُمْ) اس نے انہیں نہیں بڑھایا، نہیں زیادہ کیا ان کو، لَمْ يَزِدْ، (ضرب) زِيَادَةٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (٦:٧١).

يَزِرُوْنَ: وہ بوجھ اٹھائیں گے، اپنے اوپر لادیں گے، (ضرب٦؛ وَزَرَ.يَزِرُ) وِزْرٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (٣١:٦) (٢٥:١٦).

يَزْعُمُوْنَ: وہ گمان کرتے ہیں، وہ دعویٰ کرتے ہیں، (نصر) زَعْمٌ و زُعْمٌ (کوئی سچی یا جھوٹی بات کہنا، شکی یا جھوٹی باتوں میں اس کا استعمال زیادہ ہوتا ہے) سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (٦٠:٤).

يَزِغْ: مڑ جائے گا، پھر جائے گا، عدول کرے گا، (ضرب٨؛ زَاغَ.يَزِيْغُ) زَيْغٌ سے، مضارع (مجزوم) واحد غائب مذکر۔ (١٢:٣٤).

يَزِفُّوْنَ: دوڑتے ہوئے، گھبرائے ہوئے، وہ گھبراتے ہیں، (ضرب٥؛ زَفَّ.يَزِفُّ) زُفُوْفٌ (تیز دوڑنا) سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (٩٤:٣٧).

يَــزَّكّٰى: وہ پاک ہوتا، وہ سنورے، (تفعل؛ تَزَكّٰى.يَتَزَكّٰى) تَزَكِّيْ سے، مضارع واحد غائب مذکر، (اصل میں يَتَزَكّٰى تھا)، [مادہ؛ زکو]۔ (٣:٨٠، ٧).

يُزَكُّوْنَ: وہ پاکیزہ قرار دیتے ہیں، (تفعیل؛ زَكّٰى.يُزَكِّيْ) تَزْكِيَةٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، [مادہ؛ زکو]۔ (٤٩:٤).

يُزَكِّيْ: وہ پاک کرتا ہے، پاکیزہ کرتا ہے، پاکیزہ قرار دیتا ہے، (تفعیل) تَزْكِيَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (٤٩:٤) (٢١:٢٤).

يُزَكِّيْكُمْ: (يُزَكِّيْ. كُمْ) تم کو پاکیزہ کرتا ہے/ تمہیں پاک بناتا ہے، يُزَكِّيْ، (تفعیل) تَزْكِيَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (١٥١:٢).

يُزَكِّيْهِمْ: (يُزَكِّيْ. هِمْ) ان کا تزکیہ کرے، ان کو پاک کر دے/ انہیں پاک بنا دے، وہ ان کو پاک (نہیں) کرے گا، ان کو پاکیزہ کرتا ہے، يُزَكِّيْ، (تفعیل) تَزْكِيَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هِمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (١٢٩:٢، ١٧٤) (٧٧:٣، ١٦٤) (٢:٦٢).

يُزْلِقُوْنَكَ: (يُزْلِقُوْنَ. كَ) وہ تجھے پھسلا دیں گے/ تجھے گرا

دیں گے، یُزْلِقُوْنَ، (افعال۱) اِزْلَاقٌ (پھسلانا، غضبناک نظروں سے گھورنا) سے، مضارع جمع غائب مذکر، کَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (۵۱:٦٨).

یَزْنُوْنَ: وہ زنا (نہیں) کرتے ہیں، (ضرب۹؛ زَنٰی۔یَزْنِیْ) زِنًا و زِنَاءٌ (زنا کرنا) سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (٦٨:٢٥).

لَایَزْنِیْنَ: وہ زنا نہیں کریں گی، (ضرب) زِنَاءٌ سے، مضارع منفی جمع غائب مؤنث۔ (١٢:٦٠).

یُزَوِّجُھُمْ: (یُزَوِّجُ۔ھُمْ) ان کو جمع کر دیتا ہے، ان کو جوڑا جوڑا بناتا ہے، یُزَوِّجُ، (تفعیل) تَزْوِیْجٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، ھُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)، [مادہ؛ زوج]۔ (٤٢:٥٠).

یَزِیْدُ: وہ بڑھاتا ہے، وہ بڑھادے گا، (ضرب؛ زَادَ۔یَزِیْدُ) زِیَادَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ؛ زید]۔ (١٧:٨٢) (١٩:٧٦) (٣٥:١، ٣٩، ٣٩).

یَزِیْدَنَّ: (لَیَزِیْدَنَّ) وہ ضرور بڑھائے گا/ زیادہ ہوگا، (ضرب) زِیَادَةٌ سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ واحد غائب مذکر۔ (٥:٦٤، ٦٨).

یَزِیْدُوْنَ: وہ بڑھتے ہیں، بڑھاتے ہیں، زیادہ ہوں گے، (ضرب) زِیَادَةٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (٣٧:١٤٧).

یَزِیْدُھُمْ: (یَزِیْدُ۔ھُمْ) وہ بڑھا دیتا ہے ان میں، ان کو زیادہ کر دیتا ہے، یَزِیْدُ، (ضرب) زِیَادَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، ھُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (٤:١٧٣) (١٧:٤١، ٦٠، ١٠٩) (٤٢:٢٦)، یَزِیْدَھُمْ (وہ بڑھا دے ان کو، ان کو زیادہ دے) (٢٤:٣٨) (٣٥:٣٠).

یَزِیْغُ: وہ کجی اختیار کرے، وہ (دل) سرتابی کرتے/ پھر جاتے/ پھرنے لگے تھے، (ضرب۸؛ زَاغَ۔یَزِیْغُ) زَیْغٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (٩:١١٧).

یُسَارِعُوْنَ: وہ دوڑتے ہیں/ لپکتے ہیں، (مفاعلہ۱) مُسَارَعَةٌ سے جسکے معنی جلدی کرنے کے ہیں، مضارع جمع غائب مذکر۔ (٣:١١٤، ١٧٦) (٥:٤١، ٥٢، ٦٢) یُسْرِعُوْنَ (٢١:٩٠) (٢٣:٦١).

یُسَاقُوْنَ: وہ ہنکائے جاتے ہیں، وہ دھکیلے جا رہے ہیں، (نصر٦؛ سَاقَ۔یَسُوْقُ) سَوْقٌ (ہانکنا) سے، مضارع مجہول جمع غائب مذکر۔ (٨:٦).

یَسْئَلُ: وہ پوچھتا ہے، وہ سوال (نہیں) کرے گا، (فتح) سُؤَالٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ؛ سال]۔ (٧٠:١٠) (٧٥:٦)، یَسْئَلَ (وہ پوچھے) (٣٣:٨).

لَایُسْئَلُ: نہیں پوچھا جاتا، اس سے نہیں پوچھا جائے گا، (فتح) سُؤَالٌ سے، مضارع مجہول منفی واحد غائب مذکر۔ (٢١:٢٣) (٢٨:٧٨) (٥٥:٣٩).

یَسْئَلُكَ: (یَسْئَلُ۔كَ) وہ تجھ سے پوچھتے ہیں، یَسْئَلُ، (فتح) سُؤَالٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (٤:١٥٣) (٣٣:٦٣).

لَایَسْئَلُكُمْ: (لَایَسْئَلُ۔كُمْ) وہ تم سے نہیں مانگتا، لَایَسْئَلُ، (فتح) سُؤَالٌ سے، مضارع منفی واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (٣٦:٢١)، لَایَسْئَلْكُمْ (وہ تم سے نہیں مانگے گا) (٤٧:٣٦).

یَسْئَلْكُمُوْھَا: (یَسْئَلْ۔كُمْ۔ھَا) وہ تم سے اس کو طلب کرے، یَسْئَلْ، (فتح) سُؤَالٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول اول (جمع حاضر مذکر، كُمُوْ اصل میں كُمْ، واؤ اشباعی ہے)، ھَا ضمیر مفعول دوم (واحد غائب مؤنث)۔ (٤٧:٣٧).

یُسْئَلُنَّ: (لَیُسْئَلُنَّ) ان سے ضرور پوچھا جائے گا، (فتح) سُؤَالٌ سے، مضارع مجہول بانون تاکید ثقیلہ جمع غائب مذکر۔ (٢٩:١٣).

یَسْئَلُوْا: (لِیَسْئَلُوْا) ان کو طلب کرنا چاہیے، وہ طلب کرلیں، (فتح) سُؤَالٌ سے، امر جمع غائب مذکر۔ (٦٠:١٠).

یَسْئَلُوْنَ: وہ پوچھتے ہیں، وہ سوال کرتے ہیں، وہ پوچھیں گے، (فتح) سُؤَالٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (٢:٢٧٣)

(۱۲:۵۱) یَسْاَلُوْنَ (۲۰:۳۳).

یُسْـَٔلُوْنَ: ان سے باز پرس کی جائے گی، ان سے پوچھا جاتا ہے، (فتح) سُؤَالٌ سے، مضارع مجہول جمع غائب مذکر۔(۲۳:۲۱) (۱۹:۴۳).

یَسْـَٔلُوْنَكَ: (یَسْاَلُوْنَ. كَ) وہ تجھ سے سوال کرتے ہیں، یَسْاَلُوْنَ، (فتح) سُؤَالٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔(۲:۱۸۹، ۲۱۵، ۲۱۷، ۲۱۹، ۲۱۹، ۲۲۰، ۲۲۲) (۵:۴) (۷:۱۸۷، ۱۸۷) (۸:۱) (۱۷:۸۵) (۱۸:۸۳) (۲۰:۱۰۵) (۷۹:۴۲).

یَسْـَٔلُهٗ: (یَسْـَٔلُ. هٗ) وہ اس سے مانگتا ہے، یَسْـَٔلُ، (فتح) سُؤَالٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۵۵:۲۹).

لَایَسْـَٔمُ: وہ نہیں اکتاتا ہے، کبیدہ خاطر نہیں ہوتا، (سمع ۴: سَئِمَ. یَسْئَمُ) سَاٰمَةٌ (اکتا جانا، ملول ہونا) سے، مضارع منفی واحد غائب مذکر۔(۴۱:۴۹).

لَایَسْـَٔمُوْنَ: وہ نہیں اکتاتے ہیں، (سمع) سَاٰمَةٌ سے، مضارع منفی جمع غائب مذکر۔(۴۱:۳۸).

لَایَسْبِتُوْنَ: وہ سنیچر نہیں کرتے، وہ ہفتہ نہیں مناتے، (ضرب) سَبْتٌ سے، مضارع منفی جمع غائب مذکر۔(۷:۱۶۳).

یُسَبِّحُ: وہ تسبیح بیان کرتا ہے، پاکی بیان کرتا ہے، (تفعیل ۱) تَسْبِیْحٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(۱۳:۱۳) (۱۷:۴۴) (۲۴:۳۶، ۴۱) (۵۹:۲۴) (۶۲:۱) (۶۴:۱).

یُسَبِّحْنَ: وہ پاکی بیان کرتی ہیں، وہ تسبیح بیان کرتے ہیں/ تسبیح کرتے تھے، (تفعیل) تَسْبِیْحٌ سے، مضارع جمع غائب مؤنث۔ (۲۱:۷۹) (۳۸:۱۸).

یَسْبَحُوْنَ: وہ تیرتے ہیں، تیزی اور مستقل رفتار سے چلتے ہیں، (فتح) سَبْحٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۲۱:۳۳) (۳۶:۴۰).

یُسَبِّحُوْنَ: وہ تسبیح کرتے ہیں، وہ پاکی بیان کرتے ہیں، (تفعیل) تَسْبِیْحٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۲۱:۲۰) (۳۹:۷۵) (۴۰:۷) (۴۱:۳۸) (۴۲:۵).

یُسَبِّحُوْنَهٗ: (یُسَبِّحُوْنَ. هٗ) وہ اس کی تسبیح کرتے ہیں/ اس کی پاکی بیان کرتے ہیں، یُسَبِّحُوْنَ، (تفعیل) تَسْبِیْحٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۷:۲۰۶).

یَسْبِقُوْنَا: (یَسْبِقُوْا. نَا) (کہ) وہ ہم سے سبقت کر جائیں گے/ ہمارے قابو سے نکل جائیں گے، یَسْبِقُوْا، (ضرب) سَبْقٌ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر، نَا ضمیر مفعول (جمع متکلم)۔(۲۹:۴).

لَایَسْبِقُوْنَهٗ: (لَایَسْبِقُوْنَ. هٗ) وہ اس سے سبقت نہیں کرتے ہیں، لَایَسْبِقُوْنَ، (ضرب) سَبْقٌ سے، مضارع منفی جمع غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(۲۱:۲۷).

یَسُبُّوْا: وہ گالی دیں گے، برا کہیں، (نصر ۵: سَبَّ. یَسُبُّ) سَبٌّ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر۔(۶:۱۰۸).

یَسْتَاْخِرُوْنَ: وہ دیر (نہیں) کر سکتے ہیں، (استفعال؛ اِسْتَاْخَرَ. یَسْتَاْخِرُ) اِسْتِیْخَارٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، [مادہ: اخر]۔ (۷:۳۴) (۱۰:۴۹) (۱۵:۵) (۱۶:۶۱) (۲۳:۴۳).

یَسْتَاْذِنُ: اجازت مانگتا ہے، اجازت مانگنے لگا، (استفعال؛ اِسْتَاْذَنَ. یَسْتَاْذِنُ) اِسْتِیْذَانٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ: اذن]۔(۳۳:۱۳).

یَسْتَاْذِنُكَ: (یَسْتَاْذِنُ. كَ) تجھ سے اجازت مانگتا ہے/ تجھ سے اجازت مانگتے ہیں، یَسْتَاْذِنُ، (استفعال) اِسْتِیْذَانٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (۹:۴۴، ۴۵).

یَسْتَاْذِنْكُمْ: (لِیَسْتَاْذِنْ. كُمْ) چاہیے کہ وہ تم سے اجازت لے لیا کریں، لِیَسْتَاْذِنْ، (استفعال) اِسْتِیْذَانٌ سے، امر واحد غائب مذکر، كُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔ (۲۴:۵۸).

یَسْتَاْذِنُوْا: (لِیَسْتَاْذِنُوْا) وہ اجازت مانگیں، (استفعال) اِسْتِیْذَانٌ سے، امر جمع غائب مذکر۔ فَلْیَسْتَاْذِنُوْا اصل میں ف.لِ.یَسْتَاْذِنُوْا۔(٥٩:٢٤).

یَسْتَاْذِنُوْنَکَ: (یَسْتَاْذِنُوْنَ.کَ) وہ تجھ سے اجازت طلب کرتے ہیں، یَسْتَاْذِنُوْنَ، (استفعال) اِسْتِئْذَانٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، کَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (٩٣:٩) (٦٢:٢٤).

یَسْتَاْذِنُوْهُ: (یَسْتَاْذِنُوْا.هُ) وہ اس سے اجازت طلب کر لیں، یَسْتَاْذِنُوْا، (استفعال) اِسْتِئْذَانٌ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر، هُ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(٦٢:٢٤).

یَسْتَبْدِلْ: وہ تبدیل کر دے گا، وہ بدلے میں لے آئے گا، (استفعال) اِسْتِبْدَالٌ (بدلا میں لینا/ بدلے میں لانا) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(٣٩:٩) (٣٨:٤٧).

یَسْتَبْشِرُوْنَ: وہ خوش ہوتے ہیں، خوشیاں منا رہے ہیں، (استفعال) اِسْتِبْشَارٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(٣: ١٧٠، ١٧١) (١٢٤:٩) (٦٧:١٥) (٤٨:٣٠) (٤٥:٣٩).

یَسْتَثْنُوْنَ: وہ اللہ کی تعریف بیان کرتے ہیں، وہ انشاء اللہ (نہیں) کہتے تھے، (استفعال ا: اِسْتَثْنٰی.یَسْتَثْنِیْ) اِسْتِثْنَاءٌ (چھانٹ لینا، باہر نکال لینا) سے، مضارع جمع غائب مذکر، [مادہ؛ ثنی]۔ وہ استثناء نہیں کرتے تھے یعنی قسم کھاتے تھے لیکن اللہ کا نام نہیں لیتے تھے اور نہ ہی انشاء اللہ کہتے تھے۔(١٨:٦٨).

یَسْتَجِیْبُ: وہ قبول کرتا ہے، وہ جواب دیتا ہے، وہ قبول کرتے ہیں، جواب (نہ) دے سکے، (استفعال: اِسْتَجَابَ.یَسْتَجِیْبُ) اِسْتِجَابَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ؛ جوب]۔ (٣٦:٦) (٢٦:٤٢) (٥:٤٦).

یَسْتَجِیْبُوْا: (لِیَسْتَجِیْبُوْا) چاہیے کہ وہ جواب دیں، وہ قبول کریں، (استفعال) اِسْتِجَابَةٌ سے، امر جمع غائب مذکر۔ (١٨٦:٢) (١٩٤:٧).

لَمْ یَسْتَجِیْبُوْا: انہوں نے قبول نہیں کیا، وہ جواب نہ دیں گے، (استفعال) اِسْتِجَابَةٌ سے، مضارع منفی بہ لم جمع غائب مذکر۔ (١٤:١١) (١٨:١٣) (٥٢:١٨) (٢٨:٥٠، ٦٤).

یَسْتَجِیْبُوْنَ: وہ (نہیں) قبول کریں گے، (استفعال) اِسْتِجَابَةٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(١٤:١٣).

یَسْتَحِبُّوْنَ: وہ ترجیح دیتے ہیں، پسند کرتے ہیں، (استفعال) اِسْتِحْبَابٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، [مادہ؛ حبب]۔ (٣:١٤).

لَایَسْتَحْسِرُوْنَ: وہ نہیں تھکتے ہیں، (استفعال ا) اِسْتِحْسَارٌ (تھکنا) سے، مضارع منفی جمع غائب مذکر۔(١٩:٢١).

یَسْتَحْیٖ: وہ (نہیں) جھجکتا ہے، وہ شرماتا ہے، وہ زندہ رکھتا ہے/ زندہ رکھتا تھا، (استفعال: اِسْتَحْیٰی.یَسْتَحْیِیْ) اِسْتِحْیَاءٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ؛ حیی]۔(٢٦:٢) (٤:٢٨) (٥٣:٣٣، ٥٣).

یَسْتَحْیُوْنَ: وہ زندہ رکھتے تھے، وہ جیتا رہنے دیتے تھے، (استفعال) اِسْتِحْیَاءٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(٤٩:٢) (١٤١:٧) (٦:١٤).

یَسْتَخْرِجَا: وہ دونوں نکال لیں، (استفعال ا) اِسْتِخْرَاجٌ سے، مضارع (منصوب) تثنیہ غائب مذکر۔(٨٢:١٨).

لَایَسْتَخِفَّنَّکَ: (لَایَسْتَخِفَّنَّ.کَ) (یقین نہ رکھنے والے لوگ) تم کو ہرگز اوچھا نہ بنا دیں/ تجھے سریع الغضب نہ کر دیں/ تجھے ہلکا نہ پائیں، لَایَسْتَخِفَّنَّ، (استفعال: اِسْتَخَفَّ.یَسْتَخِفُّ) اِسْتِخْفَافٌ سے، نہی با نون تاکید ثقیلہ واحد غائب مذکر، کَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)، [مادہ؛ خفف]۔(٣٠: ٦٠).

یَسْتَخْفُوْا: (کہ) وہ پردہ کر لیں/ آڑ کر لیں/ پوشیدہ ہو جائیں، (استفعال ا: اِسْتَخْفٰی.یَسْتَخْفِیْ) اِسْتِخْفَاءٌ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر، [مادہ؛ خفی]۔(٥:١١).

یَسْتَخْفُوْنَ: وہ چھپتے ہیں، وہ چھپاتے ہیں، وہ پوشیدہ رکھتے ہیں، (استفعال) اِسْتِخْفَاءٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (١٠٨:٤، ١٠٨).

یَسْتَخْلِفُ: جانشین بنا دے گا، (استفعال ا) اِسْتِخْلَافٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۱۱:۵۷)، یَسْتَخْلِفُ (جانشین بنادے)(۶:۱۳۳)۔

یَسْتَخْلِفَکُمْ: (یَسْتَخْلِفَ. کُمْ) تم کو خلیفہ بنا دے، یَسْتَخْلِفَ، (استفعال) اِسْتِخْلَافٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، کُمْ ضمیر مفعول (جمع حاضر مذکر)۔(۷:۱۲۹)۔

یَسْتَخْلِفَنَّهُمْ: (لَیَسْتَخْلِفَنَّ. هُمْ) وہ ضرور ان کو خلیفہ بنا دے گا، لَیَسْتَخْلِفَنَّ، (استفعال) اِسْتِخْلَافٌ سے، مضارع بانون تاکید ثقیلہ واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔(۲۴:۵۵)۔

یَسْتَسْخِرُوْنَ: وہ ہنسی کرتے ہیں، وہ مذاق اڑاتے ہیں، (استفعال ا) اِسْتِسْخَارٌ (مذاق اڑانا، ٹھٹھا کرنا) سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(۳۷:۱۴)۔

یَسْتَصْرِخُهٗ: (یَسْتَصْرِخُ. هٗ) وہ اس کو چیخ کر بلا رہا تھا، اس کو زور سے آواز دے رہا تھا، اس سے پکار کر فریاد کر رہا تھا، یَسْتَصْرِخُ، (استفعال ا) اِسْتِصْرَاخٌ (پکار کر مدد طلب کرنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (۲۸:۱۸)۔

یَسْتَضْعِفُ: اس نے کمزور کر رکھا تھا/ زور گھٹا رکھا تھا، (استفعال ا) اِسْتِضْعَافٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۲۸:۴)۔

یُسْتَضْعَفُوْنَ: وہ کمزور بنائے جا رہے تھے، وہ کمزور سمجھے جاتے تھے، (استفعال) اِسْتِضْعَافٌ سے، مضارع مجہول جمع غائب مذکر۔(۷:۱۳۷)۔

لَمْ یَسْتَطِعْ: (جو) استطاعت نہ رکھے/ نہ کر سکے، (استفعال؛ اِسْتَطَاعَ. یَسْتَطِیْعُ) اِسْتِطَاعَةٌ سے، مضارع منفی بہ لم واحد غائب مذکر، [مادہ: طوع]۔(۴:۲۵) (۵۸:۴)۔

یَسْتَطِیْعُ: وہ طاقت رکھتا ہے، وہ کر سکے گا، استطاعت (نہ) رکھتا ہو، (استفعال) اِسْتِطَاعَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۲:۲۸۲) (۵:۱۱۲)۔

یَسْتَطِیْعُوْنَ: وہ طاقت (نہیں) رکھتے ہیں، وہ قدرت (نہیں) رکھتے ہیں، (استفعال) اِسْتِطَاعَةٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۲:۲۷۳) (۴:۹۸) (۷:۱۹۲، ۱۹۷) (۱۱:۲۰) (۱۶:۷۳) (۱۷:۴۸) (۱۸:۱۰۱) (۲۱:۴۰، ۴۳) (۲۵:۹) (۲۶:۲۱۱) (۳۶:۵۰، ۷۵) (۶۸:۴۲)۔

یَسْتَعْتِبُوْا: اگر وہ منانے کی خواہش کریں گے، اگر وہ (اللہ کو) رضا مند بنانے کی استدعاء کریں گے، (استفعال ا) اِسْتِعْتَابٌ (خوشنودی چاہنا، رضا مند کرنا، رضامندی طلب کرنا) سے، مضارع (مجزوم) جمع غائب مذکر۔(۴۱:۲۴)۔

یُسْتَعْتَبُوْنَ: ان کے عذر قبول (نہیں) کیے جائیں گے، ان سے (اللہ کو) رضا مند کرنے کی خواہش (نہیں) کی جائے گی، ان سے صلح کی جائے گی، (استفعال) اِسْتِعْتَابٌ سے، مضارع مجہول جمع غائب مذکر۔(۱۶:۸۴) (۳۰:۵۷) (۴۵:۳۵)۔

یَسْتَعْجِلُ: وہ جلدی کرتا ہے، (مجرم) جلدی مانگ رہے ہیں، (استفعال ا) اِسْتِعْجَالٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (۱۰:۵۰) (۴۲:۱۸)۔

یَسْتَعْجِلُوْنَ: وہ جلدی طلب کر رہے ہیں، (استفعال) اِسْتِعْجَالٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (۲۶:۲۰۴) (۳۷:۱۷۶)۔

لَایَسْتَعْجِلُوْنِ: (لَایَسْتَعْجِلُوْا. نِ) وہ مجھ سے جلدی نہ مانگیں، لَایَسْتَعْجِلُوْا، (استفعال) اِسْتِعْجَالٌ سے، نہی جمع غائب مذکر، نِ (اصل میں نِیْ) میں ن وقایہ، ی ضمیر مفعول (واحد متکلم) محذوف۔(۵۱:۵۹)۔

یَسْتَعْجِلُوْنَكَ: (یَسْتَعْجِلُوْنَ. كَ) وہ تجھ سے جلدی طلب کرتے ہیں، وہ تجھ سے جلدی مانگ رہے ہیں، یَسْتَعْجِلُوْنَ، (استفعال) اِسْتِعْجَالٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)۔ (۱۳:۶) (۲۲:۴۷) (۲۹:۵۳، ۵۴)۔

یَسْتَعْفِفْ: (لِیَسْتَعْفِفْ) وہ بچتا رہے، (یتیم کے مال سے) وہ پرہیز کرے، (استفعال ٥: اِسْتَعَفَّ. یَسْتَعِفُّ) اِسْتِعْفَافٌ (رکنا/ بچنا) سے، امر واحد غائب مذکر، [مادہ: عفف]۔ (٦:٤) (٣٣:٢٤).

یَسْتَعْفِفْنَ: وہ بچیں، انکا بچا رہنا، (استفعال) اِسْتِعْفَافٌ سے، مضارع جمع غائب مؤنث۔ (٦٠:٢٤).

یَسْتَغْشُوْنَ: وہ اوڑھے ہوتے ہیں، وہ کپڑے لپیٹتے ہیں، وہ ڈھکتے ہیں/ چھپاتے ہیں، (استفعال: اِسْتَغْشٰی. یَسْتَغْشِیْ) اِسْتِغْشَاءٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، [مادہ: غشی]۔ (٥:١١).

یَسْتَغْفِرْ: وہ معافی مانگے، (استفعال ١) اِسْتِغْفَارٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (١١٠:٤) (٥:٦٣).

یَسْتَغْفِرُوْا: وہ استغفار کریں/ معافی مانگیں، (استفعال ١) اِسْتِغْفَارٌ سے، مضارع (منصوب) جمع غائب مذکر۔ (١١٣:٩) (٥٥:١٨).

یَسْتَغْفِرُوْنَ: وہ معافی مانگتے ہیں، وہ استغفار کرتے ہیں، (استفعال) اِسْتِغْفَارٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (٣٣:٨) (٧:٤٠) (٥:٤٢) (١٨:٥١).

یَسْتَغْفِرُوْنَهٗ: (یَسْتَغْفِرُوْنَ. هٗ) وہ اس سے استغفار کرتے ہیں، یَسْتَغْفِرُوْنَ، (استفعال) اِسْتِغْفَارٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ (٧٤:٥).

یَسْتَغِیْثٰنِ: وہ دونوں فریاد کرتے ہیں/ دعا کرتے ہیں، وہ دونوں (اللہ سے) فریاد کررہے تھے، (استفعال ٨: اِسْتَغَاثَ. یَسْتَغِیْثُ) اِسْتِغَاثَةٌ (مدد چاہنا) سے، مضارع تثنیہ غائب مذکر، [مادہ: غوث]۔ (١٧:٤٦).

یَسْتَغِیْثُوْا: (اگر) وہ فریاد کریں گے، (استفعال) اِسْتِغَاثَةٌ سے، مضارع (مجزوم) جمع غائب مذکر۔ (٢٩:١٨).

یَسْتَفْتِحُوْنَ: وہ فتح چاہتے ہیں، وہ فتح کی دعا مانگتے تھے، (استفعال ١) اِسْتِفْتَاحٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (٨٩:٢).

یَسْتَفْتُوْنَكَ: (یَسْتَفْتُوْنَ. كَ) وہ تجھ سے حکم پوچھتے ہیں، وہ تجھ سے مسئلہ معلوم کرتے ہیں، یَسْتَفْتُوْنَ، (استفعال: اِسْتَفْتٰی. یَسْتَفْتِیْ) اِسْتِفْتَاءٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)، [مادہ: فتی]۔ (١٢٧:٤، ١٧٦).

یَسْتَفِزُّوْنَكَ: (یَسْتَفِزُّوْنَ. كَ) وہ تیرے قدم اکھاڑ دیں، وہ آپ کو پھسلا دیں/ آپ کو باہر کر دیں، یَسْتَفِزُّوْنَ، (استفعال: اِسْتَفَزَّ. یَسْتَفِزُّ) اِسْتِفْزَازٌ (نکالنا، ہلکا جاننا، غالب آنا) سے، مضارع جمع غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)، [مادہ: فزز]۔ (٧٦:١٧).

یَسْتَفِزَّهُمْ: (یَسْتَفِزَّ. هُمْ) وہ ان کے قدم اکھاڑ دے، یَسْتَفِزَّ، (استفعال) اِسْتِفْزَازٌ سے، مضارع (منصوب) واحد غائب مذکر، هُمْ ضمیر مفعول (جمع غائب مذکر)۔ (١٠٣:١٧).

لَایَسْتَقْدِمُوْنَ: وہ اول نہیں ہو سکتے/ آگے نہیں بڑھ سکتے، (استفعال ١) اِسْتِقْدَامٌ سے، مضارع منفی جمع غائب مذکر۔ (٣٤:٧) (٤٩:١٠) (٦١:١٦).

یَسْتَقِیْمَ: سیدھا چلنا، (کہ) سیدھا چلے، (استفعال: اِسْتَقَامَ. یَسْتَقِیْمُ) اِسْتِقَامَةٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر، [مادہ: قوم]۔ (٢٨:٨١).

یَسْتَكْبِرْ: وہ تکبر کرے گا، اپنے کو بڑا سمجھ کر سرکشی کرے گا، (استفعال ١) اِسْتِكْبَارٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (١٧٢:٤).

یَسْتَكْبِرُوْنَ: وہ بندگی سے سرتابی (نہیں) کرتے ہیں، وہ تکبر کرتے ہیں، (استفعال) اِسْتِكْبَارٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (٨٢:٥) (٢٠٦:٧) (٤٩:١٦) (١٩:٢١) (١٥:٣٢) (٣٥:٣٧) (٦٠:٤٠).

یَسْتَمِعُ: وہ سنتا ہے، (افتعال ١) اِسْتِمَاعٌ (سننا) سے، مضارع واحد غائب مذکر۔ (٢٥:٦) (١٦:٤٧)، یَسْتَمِعْ (٩:٧٢).

یَسْتَمِعُوْنَ: وہ سنتے ہیں، وہ کان لگاتے ہیں، (افتعال)

اِسْتِمَاعٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔(٤٢:١٠) (٤٧:١٧، ٤٧) (١٨:٣٩) (٢٩:٤٦) (٣٨:٥٢).

یَسْتَنْبِئُوْنَكَ: (یَسْتَنْبِئُوْنَ.كَ) وہ تجھ سے دریافت کرتے ہیں، وہ آپ سے خبر پوچھتے ہیں، وہ آپ سے آگاہی چاہتے ہیں، یَسْتَنْبِئُوْنَ، (استفعال۴: اِسْتَنْبَاَ.یَسْتَنْبِئُ) اِسْتِنْبَاءٌ (خبر دریافت کرنا) سے، مضارع جمع غائب مذکر، كَ ضمیر مفعول (واحد حاضر مذکر)، [مادہ؛نبا]۔(٥٣:١٠).

یَسْتَنْبِطُوْنَهٗ: (یَسْتَنْبِطُوْنَ.هٗ) وہ اس سے استخراج کرتے ہیں/ اس کا مخفی معنی نکالتے ہیں/ اس کا نتیجہ اخذ کرتے ہیں، یَسْتَنْبِطُوْنَ، (استفعال ا) اِسْتِنْبَاطٌ (کسی چیز کو کاوش کے بعد برآمد کرنا، کسی مسئلہ یا امر سے استخراج کرنا) سے، مضارع جمع غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔ نَبْط کا اصل میں معنی ہے کنویں کی گہرائی سے پانی نکالنا، اور اِسْتِنْبَاطٌ کا معنی ہے کنواں کھود کر پانی نکالنا، توسیع استعمال سے اس کا معنی ہوا کسی بات کا پوشیدہ اور مخفی معنی برآمد کرنا۔(٨٣:٤).

یَسْتَنْقِذُوْهُ: (یَسْتَنْقِذُوْا.هُ) وہ اسے (نہیں) چھڑا سکتے/ اسے (نہیں) واپس لے سکتے، یَسْتَنْقِذُوْا، (استفعال ا) اِسْتِنْقَاذٌ (چھڑانا، نجات دلانا) سے، مضارع (مجزوم، منفی) جمع غائب مذکر، هٗ ضمیر مفعول (واحد غائب مذکر)۔(٧٣:٢٢).

یَسْتَنْكِحَهَا: (یَسْتَنْكِحَ.هَا) (کہ) اس سے نکاح کرے، یَسْتَنْكِحَ، (استفعال ا) اِسْتِنْكَاحٌ (نکاح کرنا) سے، مضارع واحد غائب مذکر، هَا ضمیر مفعول (واحد غائب مؤنث)۔ (٥٠:٣٣).

یَسْتَنْكِفُ: وہ عار رکھے گا، حقیر سمجھ کر سرتابی کرے گا، وہ برا سمجھے گا، انکار کرے گا، (استفعال ا) اِسْتِنْكَافٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر (یہاں مضارع منصوب منفی بہ لن اور مجزوم بالشرط آیا ہے)۔ یَسْتَنْكِفَ (١٧٢:٤)، یَسْتَنْكِفْ (١٧٢:٤).

یَسْتَوْفُوْنَ: پورا پورا لیتے ہیں، وہ پورا کرتے ہیں، (استفعال۱۲: اِسْتَوْفٰی.یَسْتَوْفِیْ) اِسْتِیْفَاءٌ (پورا پورا لینا) سے، مضارع جمع غائب مذکر، [مادہ؛وفی]۔(٢:٨٣).

یَسْتَوٗنَ: وہ برابر (نہیں) ہیں، وہ برابر ہوتے ہیں، (کیا) وہ برابر ہیں، (افتعال: اِسْتَوٰی.یَسْتَوِیْ) اِسْتِوَاءٌ سے، مضارع منفی جمع غائب مذکر، [مادہ؛ سوی]۔ (١٩:٩) (٧٥:١٦) (١٨:٣٢).

یَسْتَوِیْ: وہ برابر ہوتا ہے، وہ (بیٹھ رہنے والے) برابر (نہیں) ہوتے ہیں، وہ برابر (نہیں) ہیں، (افتعال) اِسْتِوَاءٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(٩٥:٤) (١٠٠:٥) (٥٠:٦) (١٦:١٣) (٧٦:١٦) (١٢:٣٥، ١٩، ٢٢) (٩:٣٩) (٥٨:٤٠) (١٠:٥٧) (٢٠:٥٩).

یَسْتَوِیٰنِ: (کیا) وہ دونوں برابر ہیں، (افتعال) اِسْتِوَاءٌ سے، مضارع تثنیہ غائب مذکر۔(٢٤:١١) (٢٩:٣٩).

یُسْتَهْزَاُ: مذاق اڑایا جا رہا ہو، (استفعال) اِسْتِهْزَاءٌ سے، مضارع مجہول واحد غائب مذکر، [مادہ؛هزا]۔(١٤٠:٤).

یَسْتَهْزِءُوْنَ: وہ مذاق اڑاتے ہیں، وہ استہزا کرتے ہیں/ استہزا کرتے تھے، (استفعال) اِسْتِهْزَاءٌ سے، مضارع جمع غائب مذکر۔ (٥:٦، ١٠) (٨:١١) (١١:١٥) (٣٤:١٦) (٤١:٢١) (٦:٢٦) (١٠:٣٠) (٣٠:٣٦) (٤٨:٣٩) (٨٣:٤٠) (٧:٤٣) (٣٣:٤٥) (٢٦:٤٦).

یَسْتَهْزِئُ: وہ ہنسی کرتا ہے/ مذاق کرتا ہے، یعنی اللہ ان کو مذاق کرنے کی سزا دے گا، (استفعال) اِسْتِهْزَاءٌ سے، مضارع واحد غائب مذکر۔(١٥:٢).

